*Simla, 31st October* 1887.

To

MUNSHI NEWUL KISHORE,

LUCKNOW.

My Dear Sir,

I have to acknowledge the receipt of your letter in which you enquire whether I desire to write a preface to the Urdu translation of "Egypt and the Egyptian Question," which you propose to publish. I do not think it is necessary to write a formal preface, but I may tell you, briefly, how the book came to be written.

During the period of political agitation which culminated in the insurrection associated with the name of Arabi Pasha I was living in Constantinople and following as closely as I could the course of events in Cairo. As *Times* Correspondent in the Turkish Capital I was not called upon to describe or discuss these events in themselves, but it was my duty to watch very closely not only the attitude of the Sublime Porte with regard to Egypt and to the Great Powers specially interested in the Egyptian Question, but also to unveil the clandestine relations between the Arabi party and certain very influential personages in Constantinople. This naturally led me to take a keen interest in current Egyptian affairs and induced me to study them as thoroughly as it was possible to do without actually being on the spot. I thus continued to be a spectator at a distance until after the battle of Tel-el-Kebir, which abruptly terminated at once the military insurrection and the political agitation. Never, perhaps, had a so-called national movement collapsed so suddenly and so completely, but the suppression of the armed resistance to legitimate authority was merely the prelude to a more diffi-

cult task. The whole country had to be re-organized, and the duty of determining how this work of re-organization should be carried out was entrusted to Lord Dufferin, who was then Her Majesty's Ambassador in Constantinople. As soon as I heard of His Lordship's appointment I suggested to *The Times* that I might go to Egypt and endeavour to explain to the English people the problem to be solved and the mode of solving it. My suggestion was approved, and I at once started for Cairo.

Though a great deal had been written about the motives and aims of Arabi and his associates, I felt that I was very far from having a full and clear conception of the origin and nature of the movement, and my efforts to arrive at such a conception were not at first very successful. Those who might fairly be regarded as the best authorities were much divided in opinion, and even among those who had taken no active part in the struggle I perceived a certain amount of party feeling not at all conducive to sound judgment and impartiality. It was necessary therefore to collate very carefully the conflicting statements of the various witnesses, and to verify the results by descussing my conclusions with representatives of the various currents of opinion. But it was not enough to understand the real origin and gradual development of the movement. I had to ascertain, if possible, how far it was justified by the state of the administration and the economic condition of the country, as also in what way existing abuses might be removed and existing public wants supplied. For this purpose I had to visit the provincial towns and rural districts, and to get into direct touch with various classes of the people. This was a difficult matter, because my knowledge of Arabic was much too elementary to enable me to converse freely with pea-

cult task. The whole country had to be re-organized, and the duty of determining how this work of re-organization should be carried out was entrusted to Lord Dufferin, who was then Her Majesty's Ambassador in Constantinople. As soon as I heard of His Lordship's appointment I suggested to *The Times* that I might go to Egypt and endeavour to explain to the English people the problem to be solved and the mode of solving it. My suggestion was approved, and I at once started for Cairo.

Though a great deal had been written about the motives and aims of Arabi and his associates, I felt that I was very far from having a full and clear conception of the origin and nature of the movement, and my efforts to arrive at such a conception were not at first very successful. Those who might fairly be regarded as the best authorities were much divided in opinion, and even among those who had taken no active part in the struggle I perceived a certain amount of party feeling not at all conducive to sound judgment and impartiality. It was necessary therefore to collate very carefully the conflicting statements of the various witnesses, and to verify the results by descussing my conclusions with representatives of the various currents of opinion. But it was not enough to understand the real origin and gradual development of the movement. I had to ascertain, if possible, how far it was justified by the state of the administration and the economic condition of the country, as also in what way existing abuses might be removed and existing public wants supplied. For this purpose I had to visit the provincial towns and rural districts, and to get into direct touch with various classes of the people. This was a difficult matter, because my knowledge of Arabic was much too elementary to enable me to converse freely with pea-

sants, landed proprietors, and merchants, knowing no language but their own; and I knew too much of the incompetency and carelessness of ordinary interpreters to employ them in such delicate work. Happily for me a friend, Daninos Bey, who spoke Arabic and French with equal facility, who was already intimately acquainted with the daily life and economic condition of the Fellaheen, and who was as deeply interested in the subjects to be investigated as I was myself, kindly volunteered to assist me, and proposed that we should make a tour together. The proposal, I need scarcely say, was gratefully accepted, and I had daily and hourly reason to congratulate myself on having found such an invaluable travelling companion. His quickness in seizing what I wished to know was as remarkable as the skill he displayed in extracting the required information and his perseverance in getting to the bottom of the subject. The information obtained he supplemented from his own rich stores of knowledge and experience, and at the end of a few weeks I felt that I had made more progress in my studies than I could have done by months of reading in Cairo. When he was obliged to leave me and return to his own professional duties I continued my studies under the direction of the late Mr. Rowsell, and of a well qualified official belonging to the administration of the Khedivial Domains. Two or three months were spent in this kind of investigation, and I then returned to Cairo to work up the collected data with the aid of such books and living authorities as I could find there.

I cannot pretend to have studied Egypt in the sense in which I studied Russia, because I could not devote to the Valley of the Nile a tenth of the time I spent in the great forests, the fertile plains, and the trackless steppes of North-Eastern Europe; but I en-

deavoured to compensate in some measure for the shortness of the time by restricting the area of my researches. It was not so much Egypt in general as Egypt in its relation to the Egyptian Question which I endeavoured to describe, as the reader will perceive for himself in perusing the volume. If I succeeded in throwing some light on this intricate subject, the merit is to be attributed chiefly to those who kindly aided me in my task. Besides those already cited, I have to confess my obligations to Lord Dufferin, who is now Viceroy of India; to Sir Edward Malet, whose sound judgment and diplomatic ability, signally displayed all through the crisis, were shortly afterwards rewarded by his appointment to the important post of British Ambassador in Berlin; to Sir Auckland Colvin, who co-operated energetically with Sir Edward Malet during the crsis, and who has since returned to his brilliant Indian career; to Nubar Pasha, at present Egyptian Prime Minister; to Yussuf Artin Pasha, now minister of Public Instruction; to Blum Pasha, Under Secretary in the Ministry of Finance; to Mr. Moberly Bell, whose long experience and keen interest in Egyptian affairs made him a most valuable authority ; to Mr. Beaman, who was in intimate relations with the leaders of the insurrection, and to many others too numerous to mention.

To make the work complete, I ought now to add a chapter on the result of the reforms conceived and inaugurated by Lord Dufferin, but my knowledge of the history of Egypt during the last four years is too fragmentary to admit of my doing justice to such a subject, nor have I sufficient leisure to make the attempt. I know enough, however, to justify me in asserting confidently that on the whole the reforms have been remarkably successful, and only a few weeks ago I received unexpectedly a curious proof of Lord Dufferin's

political perspicacity in conceiving and elaborating the scheme. Nearly all his proposals met with the warm approval of the most competent authorities, but there was one about which grave doubts were expressed—the creation of a Legislative Council which should act as a focus for enlightened native opinion. At the very mention of such an institution many experienced Pashas and other influential personages gravely shook their heads and maintained that it must be either purely ornamental or extremely dangerous. To this opposition Lord Dufferin stoutly refused to yield, and now one of the Pashas who was strongly opposed to the creation of representative institutions in any shape or form has spontaneously admitted that the Legislative Council is the most successful part of the whole scheme.

I have written this letter merely for your own information; but you are at liberty to make any use of it which you may think proper.

Yours faithfully,

DONALD MACKENZIE WALLACE.

*P. S.*—In my recent letter to you about "Russia" I forgot to mention that the French translation was "crowned" by the Academy and received the prize of the year for books of that description.

ترجمہ

مقام شملہ ۱۳- اکتوبر سنہ ۱۸۹۵ء

بخدمت منشی نول کشور صاحب مالک مطبع اودھ اخبار لکھنؤ-

جناب من

آپ کی چٹھی متضمن استفسار اس امر کے کہ آیا مجھکو دیباچہ لکھنا تاریخ مصر کا جسکا اردو ترجمہ کرا کے آپ نے چھاپا ہے منظور ہے یا نہین موصول ہوئی میرے نزدیک اس کتاب کا باقاعدہ دیباچہ لکھنا کچھ ضرور نہین ہے لیکن مین آپ سے مجملاً گذارش کرتا ہون کہ تاریخ مذکور کیونکر تالیف ہوئی-

جس زمانہ مین وہ ملکی جوش و خروش مصر مین پیدا ہوا جسکا انجام وہ بغاوت ہوئی جو عربی پاشا کی بغاوت کے نام سے مشہور ہے اُس زمانہ مین مین دار الخلافت قسطنطنیہ مین مقیم تھا اور اُدھر مصر مین جو واقعات گذر رہے تھے انکو حتی الامکان بہت غور سے دیکھ رہا تھا- مین اخبار ٹائمس کا کارسپانڈنٹ یعنی نامہ نگار دولت عثمانیہ کے پایہ تخت مین تھا اور اگرچہ بحیثیت ایسے کارسپانڈنٹ کے مجھکو ایسے واقعات کو فی نفسہ بیان کرنا یا بحث کرنا لازم نہ تھا تاہم مجھپر فرض تھا کہ نہ صرف اس امر کی بخوبی نگرانی کرتا رہون کہ باب العالی (سلطان روم) نے مصر کی نسبت اور یورپ کی اُن سلطنتون کی نسبت جو توجہ خاص مصر کے مسئلہ پر رکھتی ہین کیا روش اختیار کی ہے بلکہ مجھپر یہ بھی فرض تھا کہ اُن پوشیدہ تعلقات کو ظاہر کرون جو عربی پاشا و قسطنطنیہ کے بعض نہایت معزز و موقر اشخاص کے درمیان قائم ہوئے تھے- اسوجہ سے مجھکو مصر کے معاملات پر نہایت درجہ توجہ ہوئی اور جہانتک میرے امکان مین تھا مینے اُن معاملات مین

عذر و تامل بسیار کیا حالانکہ مین زمین مصر مین اسوقت موجود نہ تھا۔ الغرض مین دور سے بیٹھا ہوا
مصر کا تماشا دیکھ رہا تھا یہان تک کہ طل الکبیر کی لڑائی کے اختتام پر مصر کی فوجی بغاوت
اور اُسکی جوش و خروش دونون کا خاتمہ بالخیر ہوا۔ شاید کبھی کسی بغاوت کا استیصال
تام ایسا فوری نہین ہوا جیسا اُس بغاوت کا ہوا جو قومی تحریک کے لقب سے مشہور ہے
مگر حاکم وقت سے فوجی بغاوت کا موقوف ہونا گویا مقدمہ اُس کام کا ہوا جو اُس سے
بھی زیادہ مشکل تھا۔ یعنے سارے ملک کا انتظام از سر نو کرنا پڑا اور انتظام جدید کو جاری
کرنے کا کام دشوار لارڈ ڈفرن کے سپرد ہوا جو اُس زمانہ مین حضرت ملکہ معظمہ کے
سفیر دار الخلافت قسطنطنیہ مین تھے۔ جوہین مین نے لارڈ صاحب موصوف کے تقرر
کی خبر سُنی مین نے اخبار ٹائمس کو لکھا کہ مین مصر کو جاتا ہون اور وہان پہونچکر اس بات کی
کوشش کرونگا کہ انگلستان کے لوگون سے مصر کا مسئلہ اور اُسکو حل کرنے کی ترکیب
بیان کرون۔ اخبار مذکور نے میری اس تجویز کو پسند کیا اور مین فوراً مصر کو روانہ ہوا۔

اگرچہ عربی پاشا اور اُسکے شرکاء کے مقاصد و اغراض کی نسبت بہت کچھ تحریر
ہو چکا تھا تاہم مجھے یہ گمان ہوا کہ قومی تحریک کی اصل حقیقت اور نفس ماہیت مجھکو کما حقہ
معلوم نہین ہے اور ابتدا مین جو مین نے اسکو سمجھنے کی کوشش کی تو بہت کامیابی مجھکو
نہین حاصل ہوئی کیونکہ جو لوگ اس مقدمہ مین مستند القول تصور ہو سکتے تھے انکی آرا مین اختلاف
عظیم تھا اور جو لوگ اس معرکہ مین شریک نہین ہوتے تھے اُنمین بھی مین نے فریقی تعصب
و نفسانیت کو غالب پایا جو عقل سلیم اور انصاف پسندی کے سراسر خلاف ہے لہذا
مختلف گواہون کے متناقض بیانات کو جانچنا اور جو نتیجہ اُنسے نکلتا تھا اسکی تصدیق
مختلف اہل الرائے سے بالشافہ بحث کر کے کرنا ضرور تھا مگر قومی تحریک کی اصل حقیقت
اور اُسکی تدریجی ترقی کو سمجھنا ہی صرف کافی نہ تھا بلکہ مجھکو یہ بھی تحقیق کرنا پڑا کہ مصر کی موجودہ
انتظامی حالت سے اور اہل مصر کے اسباب معیشت پر نظر کر کے اس بغاوت کا جواز کہان تک

ثابت ہوتا ہی اور موجودہ خرابیون کی اصلاح کی اور رعایا کے حوائج موجودہ کو رفع کرنے
کی کیا سبیل ہے - اس غرض سے مجھکو مصر کے بڑے بڑے شہرون اور قصبات و دیہات مین
خود جانا پڑا اور رعایا کے مختلف فرقون سے مین نے خود واقفیت پیدا کی - یہ امر اسوجہ سے
مشکل تھا کہ عربی زبان سے مین اسقدر واقف نہ تھا کہ ان کسانون اور زمینداروں اور
سوداگرون سے خود بات چیت کرتا جو سوا اپنی مادری زبان کے اور کوئی زبان نہ
جانتے تھے اور معمولی قسم کے ترجمانون کی نالائقی اور بے احتیاطی سے مین ایسا واقف تھا
کہ ایسے نازک کام مین اُنسے مدد لینا مناسب نہین سمجھا حسن اتفاق سے ایک دوست مجھکو ملگئے
جنکا نام موفی نوبس بے تھا اور جو عربی اور فرانسیسی دونون زبانون مین عبور رکھتے تھے
اور فلاحین کے طرز معاشرت اور حالت معیشت سے خوب واقف تھے اور جن امور کی تحقیق
مجھکو منظور تھی اُنکے شائق اُسی درجہ تھے جس درجہ مین تھا پس اُنھون نے بطیب خاطر مجھکو مدد
دی اور مجھ سے فرمایا کہ ہم اور آپ یکجا دورہ کرین - یہ لکھنا کیا ضرور ہی کہ مین نے اُنکے اس
ارشاد کو شکر گزاری کے ساتھ قبول کیا اور ہر روز بلکہ ہر لحظہ مین اپنے دل مین خوش ہوتا تھا
کہ الحمدللہ ایسا لائق آدمی میرا رفیق اور ہمسفر ہوا - اُنکی ذہانت کی یہ کیفیت تھی کہ جو امر
مجھکو دریافت کرنا منظور ہوتا تھا اُسکو فوراً سمجھ جاتے تھے اور جس امر کی اطلاع مجھکو مطلوب ہوتی
تھی اُسکو کس عمدگی سے دریافت کر لیتے تھے اور جبتک بات کی تہ تک نہ پہونچ جاتے تھے
اُسکی تحقیق سے باز نہ آتے تھے - اور جن واقعات پر اطلاع حاصل کرتے تھے اپنے ذاتی
علم اور تجربہ کے ذخیرہ سے اُسکو اور زیادہ رونق بخشتے تھے - آخر مجھکو معلوم ہوا کہ جو امور مجھکو
القاہرہ مین کتابون کے مطالعہ سے کئی مہینے مین دریافت ہوتے وہ صاحب موصوف
کے فیض صحبت سے چند ہفتہ کی مدت مین معلوم ہوگئے جب صاحب موصوف مجھکو
چھوڑ کر اپنے پیشہ کے کام پر واپس جاتے تھے تو مین ڈوفل صاحب مرحوم اور ایک لائق
اہلکار منتظم محکمہ علاقجات خدیوی کی ہدایت و امداد سے علم عربی تحصیل کرتا رہا الغرض تین مہینے

اس تحقیق تفتیش مین بسر ہوے بعد ازان مین نے القاہرہ کو مراجعت کر کے جتنی کتابین
اور جو معتبر اشخاص وہان مل سکے انکی مدد سے اُن واقعات کو مرتب کیا جو ہنگام دورہ
مجھکو دریافت ہوے تھے۔

مین یہ دعوی نہین کرتا کہ مین نے مصر کی حالت کو ایسا نظر تعمق سے دیکھا ہے جیسا
روس کی حالت کو معائنہ کیا ہے اسواسطے کہ وادی رود نیل مین مین دسوان حصہ بھی
اسوقت کا نہین صرف کر سکتا تھا جو مین نے یورپ کے شمال و شرق کے لق و دق صحراون
اور معسر میدانون اور ناگزیر جنگلون مین گذارا تھا مگر اس قلت فرصت کی مکافات مین مین نے
اسی قدر اس طور سے کی ہے کہ اپنے تحقیق کے دائرہ کو محدود کر دیا ہے۔ مین نے مصر کی
عام حالت کو بیان کرنے کی چندان کوشش نہین کی ہے بلکہ مصر کو جو تعلق مصر کے
استقلال سے ہو سکے بیان کرنے کی کوشش کی ہے جیسا کہ ناظرین کو اس کتاب کے
مطالعہ سے خود معلوم ہو جائیگا۔ اگر مین اس پیچیدہ مضمون کو بیان کرنے مین
کامیاب ہوا ہون تو اسکا ثواب اُن صاحبون کے نامہ عمل مین لکھا جائیگا جنہون نے
اس کام مین مجھے مدد دی ہے علاوہ اُن حضرات کے جنکا ذکر مین کر چکا ہون مین
لارڈ ڈوفرن کا ممنون و شکر گزار ہون جو فی الحال ہندوستان کے وائسرائے ہین اور
سر ایڈورڈ مالٹ صاحب کا ممنون منت ہون جنکی عقل سلیم اور لیاقت عہدہ سفارت
عرابی پاشا کی بغاوت کے معرکہ مین اس درجہ عیان ہوئی کہ چند عرصہ کے بعد بجلدوے حسن
کارگزاری برلن دار السلطنت جرمنی مین سفیر انگلستان کے عہدہ جلیلہ پر فائز ہوے اور سر
اکلینڈ کالون صاحب کا شکر گزار ہون جنہون نے اس معرکہ مین سر ایڈورڈ مالٹ صاحب کی
شرکت اور اعانت قرار واقعی کی اور بعد ازان ہندوستان مین منصب منیع پر مامور ہوے اور
نوبر پاشا کا بھی شکریہ ادا کرتا ہون جو بالفعل مصر مین وزیر اعظم ہین اور یوسف ارتن پاشا جو
فی الحال مہتمم صیغہ تعلیم مصر مین ہین اور ریلم پاشا جو وزارت صیغہ مال کے انڈر سکرٹری ہین اور

مسٹر موبرلی بل صاحب جو مصر کے معاملات مین تجربہ کامل اور توجہ تام رکھنے کی وجہ سے
نہایت معتبر اور مستند القول ہین - اور بیکمٹن صاحب جو سرگروہ باغیان سے تعلق تام
رکھتے تھے - اور بہت سے حضرات کا ممنون و مشکور ہون جنکے نام لکھنا باعث طول کلام ہوگا

اس کتاب کی تکمیل کے لیے مجھکو لازم تھا کہ ایک اور باب زیادہ کر کے اُسمین نتیجہ
اُن اصلاحات کا بیان کرتا جنکے بانی مبانی لارڈ ڈفرن ہوے تھے مگر اس چار سال کے
عرصہ مین جو واقعات مصر مین گذرے ہین اُنکا علم کامل مجھکو نہین حاصل ہوا ہو کہ ایسے
امر عظیم پر جسارت کرون اور نہ مجھکو اتنی فرصت ہو کہ اُسکو معرض تحریر مین لاؤن لیکن اتنا
علم مجھکو ہو کہ مین حتماً یہ کہہ سکتا ہون کہ بالمجموع اصلاحات مذکورہ مین نمایان کامیابی حاصل
ہوتی ہو چنانچہ چند ہی ہفتہ کا عرصہ گذرا ہو کہ مجھکو لارڈ ڈفرن کی حذاقت اور سیاست دانی کا
ایسا ثبوت کامل ہم پہنچا ہو جسکی توقع نہ تھی - تقریباً اُنکی جملہ تجویزات کو اہل خبرت اور ارباب
بصیرت نے دل سے پسند کیا ہو لیکن ایک تجویز ایسی تھی جسکی نسبت لوگون نے بڑا شک ظاہر
کیا تھا یعنی یہ تجویز کہ مصر مین ایک ایسی کونسل واضع قوانین مقرر کی جاے جو روشن ضمیر
مصریون کی رایون کا آئینہ ہو - ایسی کونسل کا نام سنکر اکثر عمائد اور رؤساے مصر نے اپنا سر
ہلایا کہ توبہ کیجیے یہ کونسل نہ چلیگی اور یہ فرمایا کہ ایسی کونسل یا تو محض نمایشی ہوگی اور یا
نہایت خطرناک ہوگی - مگر لارڈ ڈفرن نے اس قول کو ہرگز نہین تسلیم کیا جسکا نتیجہ اب
یہ ہوا ہو کہ ایک پاشا نے جسکی راے مین کسی قسم اور کسی صورت کی کونسل واضع قوانین
جسمین رعایا کو دخل ہو مصر مین قائم ہونا محال تھا اب خود اقرار کیا ہو کہ کل انتظام جدید مین
کونسل مذکور ہی کو سب سے زیادہ کامیابی حاصل ہوئی ہو -

مین نے یہ چٹھی صرف آپ کی ذاتی اطلاع کے لیے لکھی ہو مگر آپ کو اختیار ہو کہ
جس طرح مناسب سمجھیے اُسکو استعمال مین لائیے - نیازمند -

ڈانلڈ میکنزی والیس

گذارش یہ ہے کہ سابق میں جو چٹھی میں نے آپ کو درباب تاریخ روسیہ
لکھی تھی اس میں یہ لکھنا بھول گیا تھا کہ اس کتاب کے ترجمہ کی تہذیب کا معاوضہ
کے سوسائٹی سے دیا جاوے اور اسی بنا پر جو انعام اس قسم کی کتابوں کے ترجمہ
ہوا تھا وہ دیا جاوے فقط۔

سوسائٹی اُس جماعت یا کمیٹی کا نام ہے جو ترقی علوم و فنون میں ہمہ تن مصروف رہتی ہے ۱۲

# فہرست مضامین تحفۂ مصریہ

صفحہ

## باب اول

### دوآبہ اور وادی نیل کے بیان مین

مصر کی مضحک صورت - دوآبہ مصر کو پنکھہ سے تشبیہ دی گئی ہے۔

بیرونی ریگستانی منطقہ کی کیفیت - برباد اور آباد شہرون کا احوال - دوسرے منطقہ یعنی ترائی کے ملک کی کیفیت - صوبۂ براری کے چھوٹے چھوٹے بادشاہ یعنی شیوخ البلد - اندرونی منطقہ یعنی گلستان مصر کی کیفیت - مصر شمالی کی ریل کی کیفیت - مصر کی کھیتون کی شدت - قبطیون کا دارالسلطنت - اہل اسلام اور عیسائیون مین مقابلہ باعتبار تمول و افتخار کے - مصر کے عیسائیون کا تدریجاً مرتد ہو جانا یعنی اپنے آبائی دین کو ترک کر کے اسلام قبول کر لینا - اسیوط کے قبطی سوداگرون کی کیفیت - بحیرۂ روم اور بحر قلزم کے درمیان جدید خشکی کا راستہ - تھیبس کا میدان مصر خاص اور مصر اعظم - بدویون یعنی قبائل صحرائی کی کیفیت - عرب اور ترک مین فرق و امتیاز - عرابی پاشا کی بغاوت کے باب مین متناقض اور مبالغہ آمیز اقوال۔ لغایت ۹۳

## باب دوم

### بغاوت مصر اور قومی فریق کے بیان مین

اہل فوج کی سرکشی - باغیون کا اپنے نفس کی حفاظت کے لیے انقلاب سلطنت کی کوشش کرنا - شریف پاشا کی کیفیت - آتش فتنہ و فساد کا افروختہ ہونا - یورپ کی

| مضامین | صفحہ |
|---|---|
| سلطنتون کی روش - سر ولیم گریگری صاحب اور مسٹر بلنٹ صاحب - [illegible] | |
| خدیو مصر ایک قومی وزارت کا مقرر ہونا - سرکار کے افسران فوج کا [illegible] | |
| ہونا - فوج بحری کے ذریعہ سے باغیون کی تخویف - [illegible] | |
| کسان قومی فریق مین کیونکر شریک کر لیے گئے - اسکندریہ مین قتل عام ہونا - | |
| کانفرنس یعنی سفیران یورپ کی کونسل کا دار الخلافت قسطنطنیہ مین منعقد ہونا - | |
| کانفرنس مذکور کی روش - سلطان روم کو اسوقت کیا کیفیت تھی - [illegible] | |
| مصر مین فوج بھیجنے کے لیے کہا گیا - اسکندریہ پر گولہ باری ہونا - گورنمنٹ انگلشیہ | |
| اور دولت عثمانیہ مین فوجی معاہدہ کی گفتگو ہونا - انگریزی فوج کا [illegible] | |
| لے لینا - بغاوت مصر نے کیا کیا رنگ بدلے - بغاوت کا خاتمہ - | لغایت ۸۷ |
| **باب سوم** | |
| اہل مشرق کی مطلق العنانی اور اہل یورپ کی دست اندازی کے بیان مین | |
| بغاوت مصر کے اسباب اصلی - خدیو کی زبردست حکومت کی جگہ پر ایک | |
| کمزور سلطنت وزراء کا قائم ہونا اور اسمین اغیار یعنی غیر ملک والون کا دخیل ہونا | |
| انگریز اور فرانسیس کی نظارت کا مقرر ہونا اور جو اصلاحین نظار انگریز و فرانسیس | |
| عمل مین لائے انکی کیفیت - نظارت مذکور کے عیوب - قومی فریق کی شکایتین | |
| مصر کے انتظام یعنی نظم و نسق پر من حیث المجموع نظر کرنے کی ضرورت - | لغایت ۱۱۳ |
| **باب چہارم** | |
| مصر کے انتظام کے بیان مین | |
| اہل کاران مصر کی کثرت اور انکی تنخواہون کی قلت - محررون کی کیفیت | |
| کتاب قبطی لوا اہل اسلام و اہل شام - حساب کتاب اور ضابطہ انتظام کی پیچیدگی - | |

| مضامین | صفحہ |
| --- | --- |
| حکام و منتظمان مصر کی کیفیت۔ مدیرون یعنی ناظمون کا احوال القاہرہ کے پاشاؤن اور بیٹون کی کیفیت۔ ریاض پاشا شریف پاشا نوبر پاشا۔ مشرقی انتظام کا یوروپی پیرایہ مین ظاہر ہونا۔ مصری عہدہ دارون کی کیفیت۔ انگریز اور فرنسیس کی نظارت نے انتظام ملک مین کیا اصلاحین کین۔ مصر کے کسانون کے طرز معاشرت کو تحقیق کرنے کی ضرورت۔ | ۱۱۴ لغایت ۱۴۴ |
| **باب پنجم** | |
| **فلاحین کے مکانات وغیرہ کی کیفیت کے بیان مین** | |
| مصر کے ایک گاؤن کی حیثیت ظاہری۔ ایک غریب فلاح کی خانہ داری کی کیفیت۔ اسکے خاندان کا احوال عمدہ یعنی رئیس دیہ کی کیفیت عمدہ اوسط درجہ کا فلاح ہوتا ہے۔ عمدہ کے مکان پر ضیافت کی کیفیت۔ مصریون کا علم محفل گاؤن کے قاضی کی کیفیت۔ ابطال اس علم نجوم کا جسکا بانی کوپرنکس منجم جرمنی تھا۔ مصر کے انتظام دیہی کو تحقیق کرنے کے وجوہ و دلائل۔ | ۱۴۵ لغایت ۱۷۳ |
| **باب ششم** | |
| **مصر کے انتظام دیہی کے بیان مین** | |
| مصر کے انتظام دیہی مین عمدہ یعنی رئیس دیہ کیا رتبہ رکھتا ہے۔ ایک اعلیٰ درجہ کے عمدہ کی کیفیت۔ عمدگان اور غیر حاضر مالکان اراضی مین رقابت۔ شیوخ البلد یعنی مقدمان دیہ کی کیفیت۔ صراف یعنی گاؤن کے خزانچی کی کیفیت۔ گاؤن کے چوکیدارون کا حال۔ مصر کے انتظام دیہی کا مقابلہ روس کے انتظام دیہی سے۔ مصر کے انتظام دیہی کی کیفیت عقلاً اور عملاً۔ ایک ظالم رئیس دیہ کی کیفیت۔ قومی فریق جب برسر حکومت تھا تب اُسنے کیا حکمت عملی اختیار کی تھی۔ موجودہ خرابیون کو | |

| مضامین | صفحہ |
|---|---|
| رفع کرنے کی تدبیرین۔ خدیوان مصر کے عہد مین انتظام دیہی مین تدریجاً ترقی ہونا۔ غریب کسانون کی ملکیتون کا زائل ہوجانا۔ ارضیات دیہی کی حالت موجودہ | ۱۸۴ لغایت ۱۹۵ |
| **باب ہفتم** | |
| **فلاح برسرکار** | |
| مصر کی آب وہوا کی کیفیت۔ دریاے نیل کی سالانہ طغیانی۔ قدیم طریقۂ زراعت مصر شمالی مین اب تک جاری ہے۔ طریقۂ مذکورہ کے عیوب۔ زیادہ تر نافع طریقہ سال بھر علی الاتصال آب پاشی کا جو مصر کے اضلاع متوسطہ اور اضلاع جنوبی مین اب جاری ہوا ہے۔ سال بھر مین تین بار مبادلۂ فصول۔ آب پاشی کے مختلف فوائد۔ صیغہ تعمیرات سرکاری کا اُس طریقۂ آب پاشی کی تعمیل سے قاصر رہنا جو زیادہ تر نافع ہے۔ بیگار کام کی کیفیت۔ آیا فلاحین کی حالت روز بروز بہتر ہورہی ہے یا بدتر۔ | ۱۹۶ لغایت ۲۱۴ |
| **باب ہشتم** | |
| **ایک فلاح کہن سال کے تجربون کی کیفیت کے بیان مین** | |
| ایک بوڑھے اور اندھے فقیر کی کیفیت۔ عمدہ نے جو حکایتین بیان کین اُن سے کیونکر استفادہ ہوسکتا ہے۔ محمد علی پاشا کا ایک گاؤن مین آنا۔ قفر سلیمان کے ایک عمدہ کی جگہہ پر ایک ترک کرنیل کا مقرر ہونا۔ ابراہیم پاشا اور عباس پاشا کے عہد کا احوال۔ فوج مین زبردستی بھرتی ہونے کا قاعدہ اور نہر سویز کھودنے کے لیے بیگار کا قاعدہ۔ غیر معمولی آسودگی کا زمانہ۔ عثمان اور اُسکی گرجن ہرم کی کیفیت عثمان کے زمانہ کا عود کرنا۔ اراضی دیہی کا ضبط ہونا۔ غایت درجہ کا ظلم۔ رعایا پر امور مالی مین۔ سزاے قرباش یعنی کوڑے بازی کی حکمت۔ ایک یونانی سود خورے کی کیفیت۔ بہبود کا | ۲۱۵ |

| مضامین | صفحہ |
| --- | --- |
| سامان پھر نظر آنا۔ جو لوگ انقلاب سلطنت کی کوشش کرتے تھے انکی کیفیت۔ جس مسیحا کا انتظار تھا اُسکا نمودار ہونا۔ خواب غفلت سے بیدار ہونا۔ اُسکے بعد کیا ہوا۔ | ۲۱۵ لغایت ۲۴۸ |
| **باب نہم**<br>مذکورۂ بالا حکایتون کی شرح کے بیان مین<br>محمد علی پاشا کی حکمت عملی کا فلاحین کی حالت پر کیا اثر ہوا۔ عباس پاشا کے عہد مین رعایا کا خوشنود اور آسودہ حال ہونا۔ سعید پاشا کا عہد حکومت۔ وہ سپاہگری کا عاشق اور غیر ملک کے لوگون کے حال پر مہربان تھا۔ نہر سویز کھودنے کے لیے رعایا سے بیگار کام لیا گیا۔ مالگزاری اراضی کے پرتہ مین اصلاح ہونا۔ جنگ کریمیا کی وجہ سے اشیاء خوردنی کی طلب کا زیادہ ہو جانا اور امریکا کی لڑائی کے سبب سے روئی کی کاشت کو فروغ حاصل ہونا۔ اسمعیل پاشا کا مسند نشین ہونا۔ فلاحین کی تاریخ مین قرن جدید پیدا ہونا۔ روئی اور گنے کی کاشت لڑکون کا کھیل یا بھان متی کا تماشا ہو گیا۔ روز حساب کا آنا۔ قرضخواہون کو دھوکا دینے کی کوشش۔ باقاعدہ سلطنت۔ اسمعیل پاشا کی مطلق العنانی۔ اسکے عہد مین فلاحین کی کیا کیفیت رہی۔ مصر کے کسانون کی بالفعل کیا حالت ہے۔ | ۲۴۹ لغایت ۲۹۲ |
| **باب دہم**<br>خدیو کی زمینداری یعنی دائرۂ سنیہ<br>اور علاقجات خاندانی کے بیان مین<br>اس باب کو داخل کتاب کرنے کی وجہ۔ علاقجات مذکورہ عنوان کی وسعت وہ خدیو کا مال کیونکر ہو گیا اور اغیار قرضخواہون پاس کیونکر رہن ہوا۔ | |

| مضامین | صفحہ |
|---|---|
| اہل یورپ کو مصر کے انتظام مین کس قسم کا دخل حاصل ہوا۔ اس سے کیا نتائج عملی نکل سکتے ہین۔ قرضخواہون کی بیجا امیدین۔ وہ امیدین کیون نہین برائین انتظام کے عیوب اور اُسکے عملدرآمد مین بدعتین۔ یہ عیوب کیونکر رفع ہوسکتے ہین اور یہ بدعتین کیونکر کم ہوسکتی ہین۔ سب قسم کا گھاٹا مصر کی گورنمنٹ پر عائد ہوا۔ ادائے قرضہ کی تجویز اور اُسکے نتائج۔ | ۳۰۹ لغایت ۳۱۷ |


## باب یازدہم

### جس اہم مسئلہ کو حل کرنا منظور ہے
### اُسکو حل کرنے کی ترکیب کے بیان مین


| مضامین | صفحہ |
|---|---|
| کیا ہمارا (انگریزون) کا قیام مصر مین جائز ہے ہم اُس ملک مین کب تک قیام کرنے کے مستحق ہین۔ گورنمنٹ انگلشیہ کے وعدون کی کیفیت۔ اُنمین سے کون وعدہ زیادہ اہم ہے۔ انگریزی فوج کا عرصہ تک مصر مین رہنا کیون ضرور ہے فوج مذکور کو جزیرہ سائپرس مین منتقل کرلینے کی تجویز۔ بعض لوگ فوج انگریزی کو مصر سے برخاست کرلینے مین اتنی عجلت کیون کرتے ہین۔ مصر کے انتظام کو درست کرنے کا مسئلہ۔ فوج جدید اور نئے پولیس کی کیفیت۔ رعایا مین جب بد ملکی افسردگی پیدا ہونے کے انسداد کی تدبیر۔ عربی پاشا کی بغاوت کی نسبت حکام کے غلط خیالات۔ بغاوت مذکور کی اصل حقیقت اور اُس سے کیا نتائج عملی نکل سکتے ہین۔ انتظام ملک مین اصلاح۔ مسائل متعلقہ اسباب معیشت۔ مصر کی زمین کی قوت پیداوار کا سلب ہوجانا۔ آب پاشی کے طریقہ کے عیوب۔ رعایا پر ٹیکس کا بار اور قومی قرضہ کا انبار۔ فلاحین کا مقروض ہونا۔ مصر مین غیر ملک کے باشندون کے اغراض۔ اس مسئلہ کی تعریف۔ | ۳۱۸ لغایت ۳۶۰ |

| مضامین | صفحہ |
|---|---|


## باب دوازدہم ^۱۲

### مصر کا مسئلہ حل کیا گیا

جنگ زرگری اور جنگ حقیقی مین کامیابی حاصل ہونے کے بعد بے ثباتی اور بیکاری کا زمانہ آنا۔ لارڈ ڈفرن صاحب کا سفیر خاص گورنمنٹ انگلشیہ مقرر ہوکر قاہرہ مین بھیجا جانا۔ اُنکے داخلہ کے وقت اس مقدمہ کی کیا کیفیت تھی سرداران باغی جو گرفتار ہوے تھے اُنکی کیفیت۔ لارڈ ڈفرن نے اس تجویز کو جو اہل مصر نے اصلاح انتظام کے باب مین پیش کی تھی نامنظور کیا۔ لارڈ صاحب موصوف نے جو تجویز خود قرار دی تھی اُسکی کیفیت اصلی۔ اُس تجویز کے لیے جو مادہ درکار تھا اُسکا خام ہونا۔ فلاحین کا زمانہ سلف سے فوجی ملازمت سے متنفر ہونا۔ سر ایولن وڈ صاحب کی تجویز۔ جدید پولیس اور افسران پولیس کی کیفیت — عدالتون مین اصلاحین ہونا۔ انتظام ملک کی اصلاح مین جدید عدالتون کو کیا دخل ہے۔ وہ مسائل متعلقۂ اسباب معیشت جنکو حل کرنا واجب ہے۔ فلاحین کا مقروض ہونا۔ آب پاشی کا طریقہ۔ مالگزاری اراضی کا دوبارہ تشخیص ہونا۔ اراضی کی زرخیزی کا کم ہو جانا۔ قومی قرضہ۔ سرمایہ ادائے قرضہ مین ترمیم کرنے کی مصلحت۔ رعایا کی ملکی کمیٹیان — ۳۶۱ لغایت ۴۲۹

## باب سیزدہم ^۱۳

### اس بیان مین کہ گورنمنٹ انگلشیہ کے کیا اغراض مصر سے متعلق ہین

وہ حکمت عملی جسکا مقتضی یہ ہے کہ انگلستان کی شاہی ذمہ داریان کم کیجاوین مصر کے معاملہ مین نہین جاری ہو سکتی۔ انگلستان کے عظیم ترین اغراض

| صفحہ | مضامین |
|---|---|
| ۳۰۴ لغایت ۳۴۲ | مصر سے متعلق ہین - وہ مریض (دولت عثمانیہ) اور اُسکے طبیب (اہل یورپ) مصر کے مقدمہ مین گورنمنٹ انگلشیہ کو دستور قدیم کی پابندی کرنی لازم ہے اس ملک مین فوج انگریزی کے زائد قیام کی ضرورت - گورنمنٹ انگلشیہ کے آیندہ کے تعلقات مصر سے - لارڈ پامرسٹن صاحب کی وہ پیشین گوئی جو مشہور نہین ہوئی ہے ایک نامطبوع شق نہر سویز - انگلستان اور فرانس کے اغراض کا متحد ہونا - ایم ڈی لیسپس کے ساتھ جو شرطیہ قول و قرار ہوا تھا وہ نہین چل سکا - اُسکے اوصاف اور عیوب - نہر سویز کے باب مین گورنمنٹ انگلشیہ کی بہترین حکمت عملی کیا ہے - اور ترکیبین اس مسئلہ کو حل کرنے کی جو بیان کی گئی ہین - ایم ڈی لیسپس کا دعوے نسبت اجارہ خاص کے - اس کشمکش مین انگلستان کے پاس اچھے پتے ہین - نہر سویز - کی ضرورت لڑائی کے زمانہ مین - خاتمہ - |

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# تاریخ مصر

## باب اول

### دو آبہ اور وادی نیل کے بیان مین

ایک روز سہ پہر کو میرا گذر دشت لیبیا مین ہوا جو اُس تختۂ سرسبز و شاداب کے
جنوب و مغرب مین واقع ہے جو مصر مین فیوم کے نام سے مشہور ہے۔ حالانکہ مین طلوع
آفتاب کے وقت ایک بلند قامت سفید تیز گام قاتر پر سوار ہو کر چلا تھا تاہم ہنوز منزل مقصود
بہت دور تھا اور جیسا مسافرون کا دستور ہے کہ شام کے وقت آنکھین پھاڑ پھاڑ کے ادھر
اُدھر دیکھتے ہین اسیطرح مین بھی ہر سمت نظر حسرت سے دیکھ رہا تھا کہ خدایا کہین کسی عرب
صحرا نشین کا کوئی تنبو دکھائی دے تو دن بھر کے تھکے ماندے مسافر اُسمین اتر کر ذرا دم لین مگر
مین خوب جانتا تھا کہ اُس جنگل بیابان مین ایسا مقام استراحت پانا محال ہے۔ اگرچہ مین فی الواقع
سوتا تو نہ تھا مگر گویا خواب دیکھ رہا تھا کہ اتنے مین آنکھ اٹھا کر جو دیکھتا ہون تو معاذ اللہ ایک عجیب
مضحک صورت نظر آئی جسکے سامنے کیسی ہی کاواک اور مضحک شکل ہو وہ بھی شرما جائے۔ پہلے تو مین اسکو
دیکھکر ذرا جھجکا پھر جو ذرا غور سے دیکھا تو واہ واہ وہ خود میرا عکس اور میرے غریب اور مصیبت زدہ قاتر کا
کا سایہ تھا جو قریب شام آفتاب کی دھیمی شعاع مین اُس زرد زرد ریگستان مصر پر دور تک پھیلا ہوا
تھا۔ الغرض وہ ایک خواب خیال تھا اور ایک تصویر خیالی تھی کیونکہ جب مین مجھکو دیکھکر بیساختہ

منشے لگا اور منھ پھیر کر چلا کہ اُس مضحک تصویر کے ذی کمال مصور سے سلام علیک کرون تو اسکو
اپنے بد اسلوب بنائی ہوئی تصویر سے ایسی غیرت و ننگ ہوئی کہ آسمان پر غائب ہو گیا لیکن
مضحک تصویر میرے دل پہ کالنقش فی الحجر ہو گئی تھی جسطرح نغمہ بے لذت مغنی بے شعور کے
گانے کی صدا مدت تک کانون مین آیا کرتی ہے مجھ کو اتفاق کہ جب مین شفق کی روشنی مین اپنے خانہ پر
تخت پر فرار ہو مصر کے حال عبرت مآل کو اپنے دل مین سوچتا ہوا آگے بڑھتا تھا تو وہی تصویر
خیال میرے دل مین سما رہا تھا یہانتک کہ مین نے اُس سے یہ وعدہ کر لیا کہ جب کبھی مین وطن واپس جاؤنگا
پورا کرونگا کہ مصر کے حالات مین ایک کتاب تالیف کرون تو اُس تصویر مضحک کا ذکر بھی
اُسمین جا بجا کرونگا شاید اُس زمانہ مین فاقہ کشی اور صعوبت سفر کی وجہ سے میرا دماغ بھی
ہو گیا تھا مگر جو وعدہ عالم ضعف و نقاہت مین کیا ہو اُسکا ایفا بھی انسان کو لازم ہے اب
تمہید سے میری غرض یہ امر بیان کرنا ہے کہ جسطرح وہ مضحک تصویر جسکا ذکر سابق مین کیا گیا ہے
بد قوارہ آدمی کا سایہ تھا جو دور تک اُترا چھپا پھیلا ہوا تھا اُسیطرح مصر بھی ایک عجیب بے ہودہ
لمبا سا ملک ہے جسمین جغرافیہ کا کہین ذرا سا بھی لگاؤ نہین ہے۔ اور تناسب طول و عرض کا نام
بھی نہین ہے۔ واہ رے ملک جسکا طول ہزار میل ہے مگر عرض اسقدر کم کہ دو تین گھنٹہ مین
آدمی اس پار سے اُس پار پیدل بآسانی جا سکتا ہے اور بعض مقامات پر تو چند ساعت مین
کل مسافت طے کر سکتا ہے۔

الغرض۔ ہم جیسے ناخواندون کے نزدیک تو مصر ایک مضحک کرشمہ قدرت خدا کا
ہے مگر جغرافیہ دانون نے اُسکے مضحک ہونے کی علت بھی بیان کر دی ہے جسے
افریقہ کے مشرقی حصہ مین ہند اور گرم ملکون کے فصل برشکال یعنی برسات ہر سال ہوتی ہے
اُسکے چارون طرف پہاڑ اور بڑے بڑے ٹیلے اسقدر کثرت سے ہین کہ پانی کے نکلنے کی راہ نہین ہے
پہلے تو برسات کا پانی زور کرکے بڑی بڑی جھیلون اور ترائیون وغیرہ مین جمع ہو جاتا ہے
جسسے بحیرات عظیم پیدا ہوتے ہین مگر جب اُنمین قید رہکر تنگ ہو جاتا ہے تو اپنی جان توڑ کر سیدھا

جنگل بیابان کی راہ لیتا ہے اور شمال کی سمت بہتا ہوا بحیرۂ روم مین جا گرتا ہے۔ چونکہ جو رستے بند آب ہوگیا ہے مین اُس پانی کا گند رہتا ہے مدت سے ہوا پہ لہذا اُسمین ایک بڑا سا غار بنگیا ہے اگر دریا اور پھیلا ہے کہ سال مین پانی اس غار سے بھی گندہ جاتا ہے اور گرد و نواح کی زمین کو ہر سال سیراب کردیتا ہے اور دریا کی مٹی کو اُس ریگستان مین بہا لاتا ہے جس سے ایک لمبی سی پٹی قابل الزراعت زمین کی نکلی ہے یہی پٹ زمین کی نہایت سرسبز و شاداب ہے جو دہ پہونچتی ہوئی گئی ہے یہان تک کہ اس سے شمال کی جانب ایک دوآبہ بنگیا ہے اسی کا نام مصر خاص ہے اور یہ ملک وسیع جہان سے یہ پانی آتا ہے سودان اور صوبجات خط استوائی کے نام سے مشہور ہے اس ملک کی شکل بعینہ ایسی ہے جیسے ایک لمبا سا سیدھا اور بے شاخ کھجور کا درخت جسکی جڑین دور تک پھیلتی ہوئی وسط افریقہ مین چلی گئی ہین اور جسکے چوٹی پر کے پتے ساحل بحیرۂ روم پر سایہ افگن ہین یا اس سے بھی بہتر مثال مصر خاص کی یہی ہے جیسے ایک جریب جسکے سرے پر ایک چھوٹی سی پنکھیا یا سورج مکھی جڑی ہوئی ہو اسکو دوآبہ مصر سمجھیے شمالی حصے کی قطع ایسی ہے جیسے کھلا ہوا پنکھا اور اگرچہ یہ حصہ یورپ سے قریب تر ہے مگر دور سب حصون سے زیادہ مجہول الحقیقت ہے یعنی اسکی کیفیت کچھ نہین معلوم رہتا ہون کا یہ طریقہ ہے کہ اسکندریہ اور بندر سعید مین پہونچتے ہی ریل پر سوار ہوکر القاہرہ کی راہ لیتے ہین اور یہ سمجھ لیتے ہین کہ دوآبہ کے ملک مین کوئی دلچسپ چیز دیکھنے کے قابل نہین ہے اور سچی بات بھی یہی ہے کہ جن سیاحون کو کوئی غرض خاص سفر مصر کے داعی نہین ہوتی ہے اور جنکو صرف منظور ہوتا ہے اچھا اچھا سیر کرتے پھرین اور پھر اپنے آرام و آسایش مین بھی چندان خلل نہ واقع ہو انکو ضرورت دیکھنا نہین ضرور ہے کہ دوآبہ کے اندر جا کر سیر کر آئین۔ جو سیاح دوآبہ کی سیر کرنا چاہے اسکو گھوڑے یا قاطر پر جانا پڑیگا اور چونکہ اور مکان متمول کسان آپکے لیے مہیا کردینگے اسی پر قناعت کرنی پڑیگی اور مصائب و صعوبات سفر جو اسکو اُٹھانے پڑینگے اُسکے مکافات بہت قلیل ہونگے۔ کیونکہ دوآبہ کی سرزمین مین کوئی عجیب غریب قدرتی چیز لائق دید نہین ہے۔ اور جو ذرا ذرا سی نئی چیزین

کے دیکھنے سے کچھ جوش وخروش اُسکے دل مین پہلے پیدا بھی ہوگا جب کُل آثار کی یکرنگی پر بغور
نظر کریگا تو اثنا و بو بھی جاتا رہیگا - نہ تو وہان وہ قدیم منارہاے عالیشان ہین جنکو اہرام مصر
کہتے ہین نہ کوئی تعجب انگیز لبت یا تصویر سنگی اگلے زمانہ کی بنی ہوئی ہے جیسے القاہرہ مین ہے
نہ قدیم عبادت گاہون کے کھنڈر دکھائی دیتے ہین البتہ اونچے اونچے ٹیلے عمارات منہدمہ کے
نظر آتے ہین جنسے معلوم ہوتا ہے کہ کسی زمانہ مین یہان بڑے بڑے عالیشان شہر آباد تھے
اور جنکے دیکھنے سے اگر تفریح ہوتی بھی ہے تو صرف اُسی شخص کو جو مصر کے آثار قدیمہ کے تحقیق
کرنے کا کمال شوق رکھتا ہے تاہم دوآبہ مصر مین کچھ خاص صفتین ایسی ہین جو اُسی سے مخصوص
ہین بلکہ جو حضرات مصر کو من حیث المجموع دیکھنا چاہین اُنکو لازم ہے کہ دوآبہ کے نیچے کے
حصہ کو بھی فروگذاشت نکرین حالانکہ وہ ایک گمنام ملک ہے - یہ دوآبہ دو باتون مین
پنکھے سے مشابہت رکھتا ہے ایک تو اسکی قطع بالکل پنکھے کی سی ہے دوسرے اُسمین پہاڑون
کے سلسلون نے ایک مرکز پر تقاطع کیا ہے - بیرونی سلسلہ مین تو چھوٹی چھوٹی پہاڑیان یا ٹیلے
ریگ کے ہین جو بعض مقامات پر اتنے بلند بھی نہین ہین کہ اُن سنگین کف آمیز موجون کو روک
سکین جنکو باد تند موسم سرما مین بحیرہ روم کے ساحل جنوبی سے بہا لاتی ہے - اِن ریگ کے
ٹیلون کے جنوب مین ایک سلسلہ پایاب اور کھاری جھیلون کا چلا گیا ہے اُسکے بعد ایک سلسلہ
تلائیون کا ہے جسکو براری کہتے ہین اور جو ایک ریگستان سے دوسرے ریگستان تک برابر چلا
گیا ہے اور جسکا عرض تقریباً بیس میل کا ہے - اس پنکھے کا اندرونی حصہ جسکے بیچوبیچ مین القاہرہ
دارالسلطنت مصر واقع ہے سب سے زیادہ سرسبز وشاداب حصہ ملک مصر کا ہے -

جو ٹیلے ریگ کے قریب ساحل دریا ہین اگرچہ وہ بھی ویران ہین مگر ایسے خراب برباد
نہین ہین جیسے آدمی کو دور سے دکھائی دیتے ہین بلکہ جھیلون کے کنارے کنارے اور ساحل
دریا پر ماہی گیرون کے جھونپڑے تھوڑی تھوڑی دور پر بنے ہوے ہین اور زمین گو وہین
علی الخصوص اُن مقامات پر جہان اُن ریگستانی ٹیلون کو نہر یا دریاے نیل کی کسی شاخ نے

قطع کیا ہے بڑی بڑی بستیان آباد ہین اور کچھ سبزہ بھی دکھائی دیتا ہے۔ سیاح ایک مسافت عظیم
اس ریگستان زرم مین قطع کرکے کسی گانون تک پہونچتا ہے جو کھجور کے درختون کے سایہ مین
چھپا ہوا ہوتا ہے اور وہان کے باغات دیکھکر اسکو تعجب ہوتا ہے کہ ایسی کور دہ مین تربوزا اور
انجیر اور انگور اور اور قسم کے میوے ایسے عمدہ اور اس افراط سے۔ مگر اسکو یہ معلوم ہو جائیگا
کہ وہان زراعت کا ایک خاص طریقہ ہے جسمین مشقت شاقہ کرنی پڑتی ہے۔ اس ملک مین کوئی
درخت معمولی طور سے بونا بیکار ہے کیونکہ یہان کی زمین ایسی خشک بنجر ہے جیسے افریقہ کا
صحراے پرخطر۔ اگر میوے یا ترکاری کے درخت بونے منظور ہون تو ایک بڑی گہری خندق
کھودکر اسکے گرد پشتون کی دیوار بنا دینی چاہیے تاکہ باد تند کے جھونکون سے بالو اڑ اڑ کر اس
خندق کو پاٹ نہ دے۔ اس خندق کی تہ حتی الامکان جھیلون کے سطح کے برابر رکھنی
چاہیے کیونکہ جب اتنی گہری خندق کھودی جائیگی تب ہی وہ رطوبت پیدا ہوگی جو زراعت
کے لیے درکار ہے۔ مگر اسکے عمق کو مشخص کرنا ذرا نازک کام ہے کیونکہ اگر وہ خندق خوب
عمیق نہین ہے تو درخت بے آبی کی وجہ سے خشک ہو جائینگے اور اگر وہ بہت گہری
ہے تو درختون کی جڑین کثرت رطوبت سے سڑ جائینگی۔ اگر درخت ٹھیک ٹھیک گہرائی
مین بوئے جائین اور انمین کبوترون کے بیٹ کی کھاد ڈالی جائے (جو ہر سال بمقدار کثیر
مصر شمالی سے آتی ہے) تو تربوزا اور لکھوٹ اور دیگر قسم کے میوے بافراط پیدا ہوتے
ہین۔ سنا ہے کہ اور ملکون کے میوون سے زیادہ خوشبو اور خوش ذائقہ ہوتے ہین
مگر باشندگان مصر کو اگر رزق ملتا ہے تو سمندر اور جھیلون سے ملتا ہے سمندر اور جھیلون
مین ہزارہا عمدہ قسم کی مچھلیان لائق خورد و نوش ہوتی۔ انکو خشک کرکے نمک
ملا دیتے ہین مگر ایسے بیہودہ طور سے ملاتے ہین کہ اسکے زہر سے ہوا مین رداءت
سمیت پیدا ہو جاتی ہے اور امراض وبائی سے لوگ ہلاک ہوتے ہین۔ یہ خشک اور
نمکین مچھلی بمقدار کثیر بڑے بڑے قصبون مین بھیجی جاتی ہے اور غربا کے لیے نعمت عظمی ہے

جو خراج مکھین مچھلی کی تجارت سے ملتا ہے اُسکے جزو اعظم کو تو گورنمنٹ مصر نوش جان کرجاتی ہے اور جو کچھ اسمین سے بچ رہتا ہے وہ ماہی فروشون کو ملتا ہے پس بیچارے ماہی گیرون کو اپنی مشقت و جانکاہی کا ثمرہ بہت کم حاصل ہوتا ہے۔ بعض مورخین کا قول ہے کہ ماہی گیر اُن خانہ بدوش قومون کی نسل سے ہین جو اس زمانہ مین مصر پر حکمران تھین جبکہ بنی اسرائیل ارض بیت المقدس مین سکونت پذیر تھے۔ خدا معلوم یہ روایت صحیح ہے یا غلط۔ مگر خود وہ ماہی گیر اس راز سے واقف نہین ہین کہ ہم ایسے عالی نسب اور والا حسب ہین۔ اور مجھسے جو پوچھے تو حالانکہ مین نے اُنکے حالات مین بہت تفتیش کی مگر اُنکے خال وخط سے کوئی بات ایسی نہین پائی کہ اُنمین اور فلاحین مین کچھ فرق و امتیاز ہو سکے۔

اس ریگستانی منطقہ یا پارۂ زمین کی عظمت و بزرگی کے باعث قدرتی اسباب نہین ہین بلکہ جس مقام پر یہ واقع ہے وہ عجیب مقام ہے۔ چونکہ یہ ٹکڑا سلطنت مصر کے زیادہ تر سرسبز و شاداب حصون اور بیرونی مہذب ملکون کے مابین واقع ہے لہذا خود مصر کے تجار اور غیر ملکون کے سوداگر اسمین اکثر آیا جایا کرتے ہین اور اسمین چار عظیم الشان شہر ہین یعنے اسکندریہ۔ رسوطا۔ دمیاط۔ اور بندر سعید۔ چونکہ رسوطا اور دمیاط رود نیل کے اُن شعبون پر واقع ہین جو لائق جہاز رانی ہین لہذا مدتہائے مدید تک یہ بڑی بھاری منڈیان اور تجارت گاہین تھین اور انمین بڑے بڑے متمول سوداگر رہتے تھے مگر اس زمانہ مین اسکندریہ کی تجارت نے اِن شہرون کی تجارت کو بھی مات کر دیا ہے اور انکا زوال اسوقت سے شروع ہوا جبکہ نہر محمودیہ جو لائق جہاز رانی اور جسنے اسکندریہ کو دریائے نیل سے ملا دیا ہے بنکر طیار ہو گئی۔ اور انکی انحطاط کا باعث یہ بھی ہوا کہ ریلین جاری ہو گئین اور بندر سعید وسیع کر دیا گیا اور بڑے بڑے دخانی جہاز استعمال مین آئے جو دریائے نیل کی شاخون مین نہین گذر سکتے۔ الغرض۔ اب شہر رسوطا و دمیاط کو دیکھکر سیاح کو ویسی ہی عبرت ہوتی ہے جیسے ملک فرانس مین صوبہ فلینڈرس کے بڑے بڑے شہرون کو دیکھکر افسوس

ہوتا

ہوتا ہے کہ کسی زمانہ مین کیسی آبادی تھی اور کیسی تجارت ہوتی تھی اور اب کیسی تباہ اور برباد پڑے
ہوے ہین۔ اکثر وہ عالیشان مکانات جنمین کسی زمانہ مین مال تجارت ساختہ مصر اور ممالک
غیر مخزون رہتا تھا اب ویرانے ہوگئے ہین مگر اب بھی لائق دید ہین یا وہ مکانات قابل سکونت ہین
سکنہ کا قحط ہے بالکل ویران پڑے ہوے ہین۔ غیر ملکون کے متمول سوداگر اب یہان نہین دکھائی دیتے
بلکہ اُنکے بدلے اب چھوٹے چھوٹے کم مایہ یونانی اور شامی سوداگر آکر یہان بسے ہین جو تھوڑی چیزین
چھوٹی چھوٹی دکانون مین بیچتے ہین یا چاول خرید خرید کر اور ملکون مین بھیجتے ہین۔ ان شہرون کے
باشندے جو اپنے وطن کے عاشق اور رسوم و عادات قدیم کے سخت پابند ہین اُن قدرتی
اسباب کی مزاحمت بیجا کرتے ہین جنکو اُنکے حال زار پر کچھ بھی ترس نہین آتا ترقی ملک کے خواہان
اور تہذیب و شایستگی جدید کے جو باہر گز نہین ہین بلکہ باطن مین اہل یورپ کے عدو جان
ہین اور اُنکی عداوت قلبی اسی غدر مین ظاہر ہوگئی جسکو ابھی چند ہی مدت گذری ہے۔ چونکہ
آب خوشگوار اُنکو کم میسر آتا ہے لہذا اُنکے مزاج مین صفراویت نہایت درجہ ہے اور غلبہ صفراویت
سے حرارت مذہبی اور جوش ملکی اُنمین پیدا ہوتا ہے جس زمانہ مین رود نیل مین مد ہوتا ہے
تو سمندر کے زور سے آب شیرین بہجاتا ہے اور آب شور رہجاتا ہے اور جب اُس دریا مین
جزر کا زمانہ ہوتا ہے تو حوضون مین میٹھا پانی بھر رکھتے ہین مگر اُن حوضون کے پانی کی
عمدگی سے روشنضمیر کمشنران صفائی کو کبھی اطمینان نہین ہوتا۔ اس منطقہ ریگستانی مین اکثر
دیہات کی حالت اس سے بھی بدتر ہے یعنی چونکہ وہان آب شیرین کے حوض نہین ہین لہذا
لوگ بہی دور جاکر پانی لاتے ہین۔ مین نے سنا ہے کہ کبھی کبھی اُن بیچارون کو دس بارہ
میل کے فاصلہ پر جاکر پانی لانا پڑتا ہے۔

منجملہ بلاد مصر کے اسکندریہ رسوط و دمیاط کا رقیب ہے بلکہ ان شہرون پر گوے سبقت
لیگیا ہے اور اٹھارہ مہینہ کا عرصہ گذرا ہے جبکہ اسکندریہ ایک نہایت آباد و سرسبز اور عالی
شہر ساحل بحیرہ روم پر تھا اُسکی عالیشان بندرگاہ اور پختہ مکانات اور پختہ [illegible]

گردہ تھا یہ چیزین لائق دید تھین اور دیگر بلاد مصر واقع ساحل بحیرۂ روم کو جہان سلطان روم کی
عملداری ہے سکندریہ سے کچھ نسبت نہ تھی - سابق مین جو عمارات لطیف اس شہر مین تھین اب
انکے کھنڈر باقی رہگئے ہین اور اکثر آدمیون نے یہ پیشین گوئی کی ہے کہ اسکندریہ مین جو رونق
اگلے زمانہ مین تھی وہ اسکو کبھی نہ نصیب ہوگی - ان پیشین گویون کا یہ قول ہے کہ جب اس شہر پر
گولہ باری نہین ہوئی تھی تب ہی سے اسمین زوال شروع ہوگیا تھا اور جسطرح یہ شہر رشید و دمیاط پر
کو سبقت لیگیا تھا اسیطرح اب اسپر ایک اور چھوٹا سا شہر فروغ پکڑ رہا ہے وہ چھوٹا سا شہر
بندر سعید ہے - حالانکہ یہ شہر بہت کم حقیقت ہے مگر اسمین بہت بڑی صفت یہ ہے کہ یورپ
اور ایشیا کے مابین شاہراہ پر واقع ہے یعنی جتنے دخانی جہاز ہندوستان یا اسٹریلیا یا چین
یا جاپان کو جاتے ہین یا وہان سے واپس آتے ہین انکا گذر بندر سعید سے ضرور ہوتا ہے
مگر اسکندریہ سے بہت کم جہازون کا گذر ہوتا ہے یہی وجہ ہے کہ اہل اسکندریہ چاہتے ہین
کہ ایک آب شیرین کی نہر نکالی جائے جو اسکندریہ کو بحر قلزم سے ملا دے تا کہ نہر سویز کی تجارت
کا ایک حصہ اسکندریہ مین چلا جائے - اور اسیوجہ سے انکی رائے یہ بھی ہے کہ دیگر بلاد مصر مین
جو اسکندریہ کے رقیب ہین ریل نہ جاری کیجائے - جو تجویزین آب شیرین کی نہر جاری
کرنے کی نسبت قائم ہوئی ہین انکی کیفیت آئندہ بیان کیجائیگی -

اب اس ریگستانی منطقہ اور اسکے تجارتی شہرون کو جنمین سے بعض خراب و ویران
اور بعض سرسبز و آباد ہین بالاے طاق رکھکر دوآبہ مصر کی کچھ کیفیت عرض کیجاتی ہے جو
برارہی کے نام سے مشہور ہے - اسکندریہ سے ریل پر سوار ہوکر کفر الدوار کی راہ سے
جائیے یا دودی جہاز پر سوار ہوکر دریاے نیل کی ایک شاخ کی سیر کیجیے یا اگر بہت بکھیڑے
جانا منظور ہو تو ایک ٹوٹی پھوٹی کشتی پر سوار ہوکر کسی جھیل کی راہ سے جائیے یا گھوڑے پر سوار
ہوکر ان خطرناک ترائیون مین سے جائیے جو جھیلون کے درمیان ہین - الغرض - ان
راہون مین سے چاہے جس راہ سے جائیے رستہ خراب ملیگا اور شکستہ برخاست کی جگہ

بھی کم ملیگی پس مناسب ہے کہ خوب موٹے موٹے بوٹ پہنکر چلیے اور سادی اور موم جامہ کی
چھتریان بھی ساتھ رکھیے کیونکہ مصر کے اس حصہ جنوبی مین بخلاف باران ویسا نہین ہے جیسا
حصہ شمالی مین ہے اور نہ یہان کی زمین ویسی خشک ہے۔ لفظ براری کے معنی ریگستان ہے
گر جس ملک کا یہ نام مشہور ہے وہ اس معنی سے ریگستان ہرگز نہین ہے جو معنی اس لفظ کے
عموماً سمجھے جاتے ہین۔ بلکہ تقریباً سال بھر اس ملک کا اکثر حصہ مرطوب رہتا ہے یعنی یا تو
غرق آب رہتا ہے یا کیچڑ مین اٹا رہتا ہے جسمین نرکل اور تپا اور اسی قسم کا اور بیکار گھاس
پھوس بافراط پیدا ہوتا ہے اور کہین کہین کچھ زراعت بھی ہوتی ہے اور ایک دو گانون بھی
دکھائی دیتا ہے جسمین چھ سو چوبیس تک مکانات ہین۔ بڑے بڑے گانون تو شاذ ونادر ہین
ایک گانون سے دوسرے گانون کو آڑا ترچھا راستہ جھیلون کے کنارے چلا گیا ہے
اور اونچا نیچا اور پھیلن اسقدر ہے کہ لغظہ مقدس والے برحال اس مسافر کے جو بوجہ اپنی
ناتجربہ کاری کے اثناگزر راہ مین تیز گامی کو دخل دے۔ ظاہر مین تو سطح زمین خشک اور
سخت معلوم ہوتی ہے اور مسافر اپنے دل مین کہتا ہے کہ وہ سامنے والا گانون صرف کئی سو
گز کے فاصلہ پر ہے پس اتنی مسافت کو قطع کرنا کیا بات ہے۔ یہ سوچکر وہ کمبخت اس ملک کے
باشندون کی تنبیہ کو نہین مانتا اور کہا رہتا ہے کہ ناک کی سیدھ پر چلا جاؤن۔ اگر وہ طمع
مین آکر آگے بڑھگیا تو اپنی حماقت پر روئیگا کیونکہ لمحہ بھر مین وہ دیکھیگا کہ کس کھائی مین
جسپر ایک تہ خشک مٹی کی جمی ہوئی ہے دھنسا چلا جاتا ہے اور اگر وہ خود اور گھوڑا کیچڑ مین
لت پت ہوکر اس کھائی سے بھیگی مرغی کی طرح نکل آئے تو بھی بڑی خیر گذرے کہ اس سے
بھی بدتر اور اقعہ پڑی۔ بگر دو تین دفعہ ایسی ٹھوکرین اٹھا کر وہ چیت جائیگا اور تجربہ کی
راہ سے چلیگا ایسے راستہ مین ناتجربہ کار آدمی خواہ مخواہ قدم بدداشتہ چلتا ہے اور
منہ کی کھاتا ہے کیونکہ جس مقام تک اسکو جانا منظور ہے وہ مقام ایسا قریب معلوم ہوتا ہے
کہ اگر اسکو کوئی دوسرا راستہ بتایئے جسمین کئی گھنٹہ چلنا پڑیگا تو جھڑک دیتا ہے اگر ایسا وہ

تر چھا راستہ اختیار کرلے اور راہبرون کے مشورہ پر عمل کرے تو بھی قطع مسافت مین اُسکو چند
در چند دقتین پیش آئینگی۔ اس قول کی تائید مین مین اپنی یاد سے ایک حادثہ کی کیفیت تمثیلاً
لکھتا ہون۔ ایک دفعہ میرا جی چاہا کہ ایک قبطی خانقاہ کی زیارت کو جاؤن جسمین ایک ایسی
مقدس بی بی کا مزار ہے جنکے کشف و کرامات کو عیسائی اور مسلمان دونون مانتے ہین۔
الغرض۔ بہت راہ تو پیدل مجھکو چلنا پڑا اور کبھی زبردست مصری قاترون پر۔ آخر الامر
ایک مسطح کشتی پر سوار ہوا جسکو وہ برہنہ کسان جو کیچڑ مین غسل کرنے کے عادی تھے اُس عمیق
دلدل مین کھینچے لیے جاتے تھے اگر کہین دو تین گھنٹہ بارش ہوگئی کہ مصر جنوبی مین اکثر بارش ہوتی ہے
تو آمد و رفت محال ہو جاتی ہے کیونکہ جھیلون کے کنارے کنارے انسان کو چلنا پڑتا ہے اور ایسی
پھسلن اس غضب کی ہوتی ہے جیسے برفستان مین ہوتی ہے اور جب چارپائے یا دوپائے جانور اُسپر
چلتے ہین تو قدم قدم پر اُنکا پانون پھسلتا ہے اور اوندھے مُنھ زمین پر گرتے ہین پس جب
زیادہ مینھ برسنے کا اندیشہ ہو تو مسافر کو چاہیے کہ سب سے قریب جو گانون دیکھے اُسمین بہت جلد
چلا جائے اور کسی کسان کے جھونپڑہ مین گھسکر بیٹھ رہے یہانتک کہ مینھ موقوف ہو جاے بلکہ
اُسوقت تک باہر نہ نکلے جب تک کہ پھر دھوپ نکلکر جھیلون کے کنارے کی دلدل کو خشک
نہ کر دے۔ معاذ اللہ دن بھر اُس جھونپڑے مین قید رہنا اور ہر لحظہ آنکھین پھاڑ پھاڑ کر
اُس گھنگھور گھٹا کو دیکھنا کہ کہین تو آسمان کی صورت دکھائی دے انسان کو ایک قیامت
کبریٰ کا سامنا ہو اور اُسوقت عنان صبر ہاتھ مین رہنا بہت دشوار ہے۔

اِس دریائی ملک مین جسکے ایک طرف پانی اور دوسری سمت زمین ہے باشندون
کی حالت ایسی ابتر نہین ہے جیسا گمان ہو سکتا ہے بھیڑون اور مواشی کے لیے موٹا جھوٹا
چارہ قریب ہی ملجاتا ہے اور جب کبھی زمین مین اچھی طرح آب پاشی کیجاتی ہے اور خوب سینچی
جاتی ہے تو اُسمین اشیاے خوردنی اور روئی بافراط پیدا ہوتی ہے سادہ جن قطعات
اراضی مین شوریت اس درجہ ہے کہ ایسی چیزین نہین پیدا ہو سکتین اُنمین دھان بافراط

پیدا ہوتا ہے البتہ مصر کے اس حصہ مین ایک بڑی صفت یہ ہے کہ وہان بہت ہوتا ہے اور
اگر مختلف اقسام اراضی کی حیثیت کے موافق مالگذاری وغیرہ تشخیص کیجائے تو وہان کے
باشندون کے لیے چاول ایک ذریعہ کافی رزق کا موجود ہے۔ مگر افسوس ہے جو جنس یہان
مین وہان بہت پیدا ہوتی ہے اُنسے بیجا ٹیکس لیا جاتا ہے لہذا ہمکو امید ہے کہ جب اس
اراضی کی مالگذاری دوبارہ تشخیص کیجائیگی تو اس باب مین خوب غور کرلیا جائیگا کہ ان
بیچارون کو ٹیکس کے بار عظیم سے کچھ تو سبکدوش کرنا چاہیے۔

جب آدمی مصر کے اُس حصہ مین سیاحت کرے جسکا نام براری ہے تو اُسکو بڑے
بڑے ٹیلے ٹوٹے ہوے مٹی کے برتنون کے جابجا ملینگے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اگلے
زمانہ مین آج کل کے بنسبت وہان زیادہ آبادی تھی۔ چنانچہ ایک کبیر السن شیخ نے جو اُس ملک
مین بڑا تاریخ دان مشہور ہے اور جسنے علامہ مقرظی سے علم حاصل کیا تھا مجھسے بیان کیا کہ سابق مین
یہ ملک بہت سرسبز و شاداب تھا مگر جب دیقلیدس قیصر روم کے عہد مین سمندر کا پانی کاٹ کر
اسمین لایا گیا تب سے یہ تباہ و برباد ہوگیا ہے لیکن میرے نزدیک یہ قول شیخ موصوف کا کسیقدر
مشکوک ہے کیونکہ اگرچہ شیخ صاحب ایک مرد بزرگ تھے اور بڑے زور و شور سے تقریر کرتے
تھے اور دیگر اوصاف ظاہری بھی رکھتے تھے جو مشرقی ملکون مین کمال عقل و دانش اور علم
و فضل پر دلالت کرتے ہین تاہم اگر مغربی معیار فضیلت کی رو سے دیکھا جائے تو جو تاریخی
حالات اُنھون نے بیان کیے وہ کسیقدر مبہم و مشکوک ہین کیونکہ اُنھون نے ہمیشہ یہی حجت کی
کہ دیوقلیدس قیصر کا عہد غزوات صلیبی سے مؤخر تھا پس اُنکی اس غلطی سے مجھکو اس باب مین
بڑا شک پیدا ہوا کہ آیا علامہ مقرظی کی تصنیفات سے ایسی وقفیت تامہ رکھتے تھے جیسا اُنکا
بیان تھا اور آیا علامہ موصوف نے اپنی تاریخ مین یہ لکھا ہے کہ سمندر کا پانی آنے سے اس
ملک کی سرسبزی و شادابی خاک مین ملگئی۔ اگر سب مورخین عرب نے اس سیلاب کے قول کو
قبول کرلیا ہے تو بھی مجھکو اُسکے تسلیم کرنے مین تامل ہے کیونکہ یہ قول اس امر واقعی کے خلاف ہے

کہ بارہ میں جتنی اراضی غیر مزروعہ ہے اگر وہ سب نہیں تو ایک جزو اعظم اسکا سمندر سے کسیقدر
بلندی پر واقع ہے۔ اسکی وجہ نفس الامر میں یہ معلوم ہوتی ہے کہ اس ملک میں صدہا برس
آب پاشی وغیرہ نہیں ہوئی ہے۔ اسمین جو بڑے بڑے مسطح ٹکڑے نمکین شورہ کے
مانند شعاع آفتاب سے چمکتے نظر آتے ہین وہ سمندر کے پانی سے نہیں پیدا ہوئے
ہین بلکہ تہ زمین سے بخارات غلیظ نکلکر اوپر کے سطح پر جم گئے ہین اور چونکہ پانی کا نکاس
کہین سے نہین ہے لہذا جسقدر فاضل بچ رہتا ہے اس سے تغیر ہوا کرتی ہے مصر کے
مین اور ہندوستان کے اکثر حصون مین بھی یہی کیفیت ہے کہ جب مین سیچی جاتی ہے اور پانی کی
نکاسی کسی نہری وغیرہ سے نہین ہوتی تو ایسی ہی تغیر ہو کر پانی اوپر کے سطح پر جمجاتا ہے
اسباب اور اسکے انسداد کی تدبیرین اس مقام پر بیان کرونگا جہان پر مصر کی آبپاشی کی
حالت موجودہ کا ذکر کیا جائیگا۔ اس مقام پر اتنا ہی لکھنا کافی ہے کہ بارہ میں اسکی تغیر
کے اور اراضی کی ترقی کی بہت کم کوشش کی گئی ہے بلکہ موجودہ خرابیون کو بڑھانے
کی کوشش ہو رہی ہے کسانون کی کیفیت ہے کہ انکو صرف اپنی روزمرہ کی ضرورتون کا خیال
رہتا ہے اور آیندہ کی نسلون کی بہبود کا ذرہ بھی خیال نہین ہے۔ لہذا وہ اکثر ایک نہر یا جھیل بنا
لیتے ہین کہ جب پانی بخارات بنکر فنا ہو جائے تو انکے مواشی کو چارہ میسر آئے جھیلون سے یہ بھی
فائدہ ہے کہ جس ہنگام مین تغیر ہوتی ہے تو جھیلون کے غول بطون اور مرغابیون کے وہان آتے ہین
اور انکے بابت بھی زائد محصول لیا جاتا ہے۔ اکثر طیور تو معمولی طور سے جال مین پکڑے جاتے ہین
اور اکثر ایسی تدبیرون سے گرفتار کیے جاتے ہین جو اور کسی ملک مین میری نظر سے نہین گذرین
ایک تدبیر یہ ہے کہ جھیل کے کنارے جہان طیور بکثرت جمع ہوتے ہین گھوڑے کے بالون کی ایک
کمند بنا کر اور ایک کھونٹی زمین مین گاڑ کر اسمین اسکو باندھ دیتے ہین۔ بڑی بڑی جھیلون مین
چونکہ پانی بہت عمیق ہوتا ہے لہذا ایک اس سے بھی عجیب تر تدبیر کیجاتی ہے یعنی اسمین کسان گردن تک
اتر جاتے ہین اور تربوز کے اوپر کے چھلکے مین چھید کر کے اسکو اپنے سر پر رکھ لیتے ہین کہ سر چھپا

اور ماش بھی اچھی طرح اُسکتی ہین اور وہ سب کو دیکھ لیتی ہین مگر انکو کوئی نہ دیکھے۔ جب اسطرح سے کسان آہستہ آہستہ اس مرغابی یا بط تک پہونچ جاتا ہے جو شتری کا کام دیتی ہے تو اُسکا پانون پکڑ کر پانی کے اندر کھینچ لیتا ہے قبل اسکے کہ وہ چونکے اور جب اس فریب سے شتری کو گرفتار کر لیا تو اوروں کو اسیطرح پکڑ لینا کیا بات ہے۔ اس قسم کا شکار اس کثرت سے ہوتا ہے کہ بازارون مین جنگلی بطین پیسے پیسے بکتی ہین۔ مرغابیان بھی اسی افراط سے ہوتی ہین مگر ایسی آسانی سے نہین پکڑی جاتین اور جن شکاریون کو بڑے جانور کے شکار کا شوق ہے اُنکے لیے تیندوا سو موجود ہے جو ادھر مین نہایت زبردست ہوتا ہے۔

اس قسم کے ملک مین جہان ذرایع آمد و رفت اور پولیس کے سپاہی بہت ہی کم دکھائی دیتے ہین اکثر جیلخانون سے قیدی اور دیگر اشخاص جنکو حکام پکڑنا چاہتے ہین بھاگ بھاگ کر چلے آتے ہین۔ مگر باوجودیکہ ایسے ایسے مفسد اُس ملک مین موجود ہین تاہم امن و عافیت رعایا کسیقدر لائق اطمینان ہے کیونکہ ہر گانون مین ایک شیخ حاکم ہوتا ہے اور اُسکی حکومت ایسی قوی ہوتی ہے جسمین کمزوری کا نام بھی نہین۔ چنانچہ صوبہ براری مین جانے سے میری ایک غرض یہ بھی تھی کہ اُن شیوخ سے شناسائی پیدا کرون جو چھوٹے بادشاہ اپنے اپنے گانون کے کہلاتے ہین اور اُنکے ابتدائی طرز حکومت کو نظر تعمق سے دیکھون پس مین نے ایک بڑے گانون مین جسمین تین شیخ رہتے تھے چندروز قیام کیا اور اُنکی کیفیت دریافت کرنے کی کوشش کی جس شیخ کی ملاقات کو مین پہلے گیا وہ ایک دراز قد اور فراخ سینہ اور ادھیڑ آدمی تھا اور اُسکی آنکھین بڑی بڑی اور نشیلی اور پلکین بہت گھنی تھین اور بڑا بھاری چہرہ تھا جسپر کہ ہنسی کا نام نہ تھا۔ ہر چند مین نے اُسکو اپنی طرف متوجہ کرنا چاہا مگر وہ ہرگز نہ متوجہ ہوا البتہ جب وہ اپنے ملازمون سے اپنے معاملات کی باتین چپکے چپکے کرنے لگا اسوقت اُسکا چہرہ بہت ہشاش بشاش ہو گیا۔ اُسکے خال و خط سے معلوم ہوتا تھا کہ ترک ہے فلاح یعنی مصری نہین ہے اور اُسکے سر پر معمولی مصری عمامہ نہین تھا بلکہ سرخ ترکی ٹوپی تھی جسکو مصر مین صرف حکام پہنتے ہین

مگر جو لوگ اُسکے حسب و نسب سے واقف تھے اُنھوں نے مجھسے کہا کہ یہ شخص فی الواقع قوم کا
دہقانی ہے اور بڑا پکا شیخ ہے ۔ اُسکا مکان جو بازار کے قریب تھا اور جسکے کرایہ سے اُسکو معقول آمدنی
تھی دہقان دیہ کے مکانات کے مانند تھا صرف اتنا فرق تھا کہ اُسکا مکان زیادہ وسیع تھا اور اُسکے گرد
چاکر دوست احباب کا مجمع تھا اور جب یہ لوگ اُسکے سامنے جاتے تھے تو جھک کر سلام علیک
کرتے تھے اور بڑے ادب سے اُسکے ہاتھ چومتے تھے ۔ دوسرا شیخ بھی ایک گاؤں میں رہتا تھا
مگر وہ مسن رسیدہ تھا اور دبلا پتلا آدمی تھا اور اُسکی آنکھیں چھوٹی چھوٹی چمکدار تھیں جنسے عقلمندی اور
استقلال ٹپکتا تھا ۔ اگر استنبول میں مجھسے اور اُس سے ملاقات ہوتی تو میں یہی سمجھتا کہ یہ
کوئی ترک پاشا ہے مگر اُسکی ماں کوئی یونانی عورت ہے لیکن اُسکی نسبت بھی اہل دیہ یہی
کہتے تھے کہ اُسکے نسب میں یونانی وغیرہ کا نام بھی نہیں ہے ۔ یہ شیخ اور وہ پہلا شیخ باہم دور کے چچا زاد
بھائی تھے اور اُنمیں ایسی عداوت قلبی تھی جیسے اقربا میں باہم ہوا کرتی ہے اور اس عداوت کا
سبب زمین تھی ۔ انمیں سے ہر ایک کے پاس قریب تین ہزار ایکڑ کے عمدہ زمین تھی اور
قصبہ جات ایک پشت سے انکے زیر حکومت تھی اور ایک دوسرے پر گوئے سبقت لیجانا چاہتا تھا اور
ہر صورت سے اُسکے ضرر رسانی کے درپے رہتا تھا ۔ اسوجہ سے ہمیشہ سازشیں اور نالشیں ہوا
ہوا کرتی تھی اور ایسی گتھیاں پڑ گئی تھیں جنکا سلجھانا مشکل تھا ۔ فی الحال جو غدر مصر میں ہوا
تو یہ فسادات اور زیادہ بڑھ گئے ۔ جب تک قومی تحریک میں کامیابی مشکوک رہی اُس وقت تک
تو یہ دونوں شیخ الگ تھلگ رہے اور کسی لڑائی جھگڑے میں نہیں پھنسے مگر جب خدیو کی حکومت
جاتی رہی اور باغی افسران فوج سارے ملک کے مالک بن بیٹھے تو یہ دونوں شخص بڑی گرمجوشی
سے اُس فریق کے شریک ہو گئے جو قومی حکومت کا خواہاں تھا اور ایک نے دوسرے کو دیہ کا
دیہ کا روباغی ٹھہرایا ۔ شر و فساد کی ابتدا اُس دوسرے شیخ کی جانب سے ہوئی جسکا حلیہ سابق میں
لکھا گیا کہ ایک دبلا پتلا سا تیز چشم آدمی تھا ۔ ایک روز وہ وسیاط میں گیا جو اُسکے گاؤں سے صرف
چند گھنٹہ کی راہ ہے ۔ اور عربی پاشا کے رفیق و ندیم کرنیل عبد العلی سے جو فوج محافظ قلعہ کا

افسر اعلیٰ تھا یہ شکایت کی کہ ہمارا رقیب اپنے ملک اور اپنی قوم کا ایسا دشمن ہے کہ لوگون کو باغی
فوج مین شریک و بھرتی ہونے دیتا اور ہماری فوج کی رسد رسانی سے بھی پہلو تہی کرتا ہے کہ نظر
تقریر ہے جب اُس پہلے شیخ نے سنا کہ میرے رقیب نے مجھپر ایسا سخت الزام لگایا ہے تو عرابی
پاشا کے لشکرگاہ مین جو مقام کفر الدوار مین تھا دوڑا گیا اور عربی پاشا سے وہی قصہ بیان کیا
جس سے معلوم ہوتا تھا کہ اُسنے قومی فریق کی اعانت وحمایت مین کوئی دقیقہ فروگذاشت نہین کیا
اور اگر اسکا رقیب جو کسی ناجائز اور شقاوت آمیز کام کے لیے دمیاط کو گیا تھا اسکا مانع ومزاحم ہوتا
تو وہ اس قومی معاملہ مین اور زیادہ مدد دیتا۔ اُس وطن دوست شیخ کے اس کلام محبت التیام کا بڑا اثر عربی
پاشا کے دل پر ہوا اور اُسنے اُسکو فوراً ایک قلعہ کی فوج کا افسر مقرر کر دیا جو اُسکے گانون سے چند
گھنٹہ کی راہ پر ساحل دریا پر واقع تھا۔ حالانکہ عربی پاشا نے تو یہ عہدہ اُسکو بجلدوی حب الوطنی
دیا تھا مگر اُسکے حق مین یہ ایک عذاب الٰہی تھا کیونکہ وہ ایک مرد مکار و ریاکار تھا اور فوجی معاملات
سے نفرت کلی رکھتا تھا اور یہ سمجھتا تھا کہ میری حب الوطن کا مقتضی یہی ہے کہ اپنے ملک اور اپنی
قوم کی حمایت مین آلام واضرار جسمانی گوارا کرون لیکن اگر وہ اس معزز عہدہ سے انکار کرتا تو
مورد عتاب ہوتا لہٰذا وہ اُس مقام پر چلا گیا جس مقام پر تعینات ہوا تھا مگر پھر ازراہ دوراندیشی
یہ سوچا کہ مبادا کوئی انگریزی جہاز اس ساحل سے گذر کرتے وقت ایک بم کا گولا اس قلعہ مین بھی
پھینکا دے اس خیال سے اُسنے اپنے خیمہ کو ایک سایہ دار مقام پر ریگستانی ٹیلون مین نصب کیا اور
جو نہین عربی پاشا کی ہزیمت کی خبر سُنی کہ مقام تل الکبیر مین اُسکو شکست فاش ہوئی گھوڑا اُڑاتا ہوا
بعجلت تمام اپنے گانون پہونچا اور خدیو کا خیرخواہ و جان نثار بنگیا۔ اب جو کوئی شخص اُس سے ذکر کرتا
کہ آپنے غدر مین کیا خوب حکمت کی تو وہ کہتا ہے کہ لاحول ولاقوۃ یہ سب افواہ جو میری نسبت مشہور
محض غلط ہے بلکہ لیبل کرتا ہے کہ باغیون کے ساتھ مین نے اصلی ہمدردی ہرگز نہین کی تھا بلکہ مین نے جبراً
و قہراً قلعہ کی فوج کی افسری قبول کر لی تھی اور اپنے رقیب مین اُس سے بھی زیادہ عداوت رکھتا
ہون جتنی سابق مین رکھتا تھا کہ اُسی نے مجھکو اس آفت مین پھنسایا تھا اب مین اسکا منتظر

ہون کہ موقع ملے تو اُس سے انتقام لون۔

تیسرا شیخ بھی اُنھین دونون شیخون کا عزیز قریب ہے اور اُسیقدر زمینداری اور اُسی درجہ رسوخ و اقتدار اپنے گانؤن مین رکھتا ہے۔ مگر وہ اور ہی نقش کا آدمی ہے اُسکے چہرہ سے فلاحیت اور ایمانداری عیان ہے اور غیر ملک کے لوگون سے بے تکلف کلام کرتا ہے اور اپنی طماع عزیزون کی رقابتون اور جھگڑون اور سازشون سے عذر مانگتا ہے اور سرکاری خطابون کی کچھ پروا نہین رکھتا اور اپنی عقل و دانش کو اپنی مالکیت زمینداری کے انتظام اور اپنے مال و دولت کے بڑھانے مین صرف کرتا ہے۔ جب اُسکے گھر کے اندر جائیے تو ایک ہی نگاہ سے آپ کو معلوم ہو جائیگا کہ اِس شخص کے مزاج مین آرائش و نمایش نہین ہے بلکہ اپنے گھر کے انتظام اور اپنے آرام کی فکر رکھتا ہے۔ اور آپ کی اس رائے کی تصدیق اُسوقت ہوگی جب آپ اُسکے ساتھ کچھ بات چیت کرینگے۔ اپنے معاملات کا انتظام اور اپنے اثاث البیت کی ترتیب اُسنے اس نہج پر کر رکھی ہے جس صاف معلوم ہوتا ہے کہ ایسے عمدہ طور سے مکان سجنے مین اُسنے اہل یورپ کی تقلید کی ہے مگر اُسنے اپنا قومی لباس نہین ترک کیا یعنی وہی سیاہ جبہ و دستار اُسکی پوشاک ہے اور انھین خصائل و عادات قدیم کا پابند ہے اور ازرو دانشمندی اُسنے اُن چالون اور اُن خندقون سے احتراز کیا ہے جو اُن افسران صیغہ مال اور دیگر اہل یورپ نے مصر مین پھیلایا کھود رکھے ہین جنکو یہ دعوی ہے کہ ہم تہذیب و شائستگی اور ترقی و کفایت شعاری کے اصول کو اس ملک مین جاری کر رہے ہین یقین غالب ہے کہ بغیر جعلسازی و فتنہ پردازی کے وہ چند ہی سال کے عرصہ مین اپنے بے ایمان و ناعاقبت اندیش رقیبون کو نکال باہر کریگا اور اپنے ضلع مین سب سے زیادہ مالدار و ذی اقتدار ہوجائیگا۔ بالفعل اِن تینون شیخون کو بدرجہ مساوی اقتدار حاصل ہے اور ہر ایک کے پاس بہت سی زمین گانؤن کے قریب ہے اور مزید بران چند مزرعے یا کشتزار اراضیون مین بھی اُنھین کے ہین۔ اِنھین بیرونی پردون مین اِن شیخون کی حکومت سب سے زیادہ ہے

کیونکہ وہان کے کسان اپنی ذات خاص کی کچھ ہستی نہین گنتے ہین بلکہ کاشتکاران محض ملازم اور
بالکل شیخ ذی اقتدار کے اختیار مین ہین جب وہ بازار کے دن اس کے گانون مین آتے ہین تو
تمام حصہ دار سیدھے شیخ کی خدمت مین حاضر ہوکر آداب بجالاتے ہین اور اپنے خلوص عقیدت اور
جان نثاری کا اظہار کرنے کے لیے اسکی دست بوسی کرتے ہین۔ جو مجرم اور قیدی وغیرہ جیلخانہ
سے بھاگ کر ادھر ادھر مارے مارے پھرتے ہین اُنپر ان شیخون کا اختیار زیادہ ہے اور
وہ انکی اطاعت بھی بہت کرتے ہین اور اگر وہ کسی کی ایذا رسانی کرتے ہین تو انکو پکڑ کر
حکام کے حوالہ کردیتے ہین یا خود دوسری طور سے اُنکی گوشمالی کرتے ہین۔ ایکمرتبہ ایسا
اتفاق ہوا کہ چند آدمی جو اسی گانون کے رہنے والے تھے اور چند بیرونی اشخاص اپنی
بدکرداری کی وجہ سے مورد عتاب ایک شیخ کے ہوے اور انکی سزایابی کی افواہ مشہور
ہوئی مگر وہ غائب ہوگئے اور اس نواح کے لوگون کا قول ہے کہ ہمکو یقین کلی ہے کہ یہی
شیخ خود قاضی بن بیٹھا اور ان بدمعاشون کو سزاے موت کا حکم بے تکلف دیدیا بعض
اوقات مخفی جلادون کو بھی لوگ جان جاتے ہین مگر اراضی ایسا وحشی ملک ہے کہ ایسے
حادثون کو خفیف سمجھکر سرکار کچھ تعرض نہین کرتی بلکہ اگر انکا ذکر بھی کسی شیخ کے سامنے
کیا جائے تو کمال سوء ادب اور گستاخی سمجھی جاتی ہے۔

شاید ناظرین کو یہ گمان ہو کہ یہ شیوخ جو اپنے گانون مین بجاے خود چھوٹے
چھوٹے بادشاہ ہین اور ایسے خودسر اور مطلق العنان ہین اُنسے بغاوت اور ملک گیری کا
اندیشہ ہے مگر یہ گمان بالکل غلط ہے۔ اگرچہ یہ شیوخ اپنی حدود اختیار کے اندر خودمختار ہین
اور اپنے متعلقین پر ظلم کرنے کو آندھی ہین مگر حکام سے اُنکی روح سلب ہوتی ہے اور حاکم وقت
یا صوبہ دار یا ناظم سے مقابلہ کرنا کبھی اُنکے ذہن مین خطور بھی نہین کرتا۔ بلکہ جب کبھی کوئی ادنے
عہدہ دار سرکاری قاتر پر سوار اور بالکل تنہا کسی مقدمہ مین تحقیقات کرنے کے لیے آتا ہے
تو اُسکے خوف سے بڑے بڑے جری آدمیون کا زہرہ آب ہوجاتا ہے اور سب اپنی باہمی خصومتون

اور نااتفاقیون کو بالاے طاق رکھکر باہم شیروشکر ہو جاتے ہین اور سب ملکر بھی اس عہدہ دار سرکاری کا مقابلہ نہین کرتے بلکہ تنگ آمد و سخت آمد سمجھکر اوسکو کچھ دے کر چلتا کرتے ہین - چنانچہ میرے جانے کے چند روز پیشتر ایسا ہی ایک سانحہ ہوا جسکا چرچا سارے گانون مین اسوقت تک ہو رہا تھا - ایک عہدہ دار سرکاری اسلیے آیا کہ رجسٹر کے مال کو جانچکر سرکاری مالگزاری جو بقیہ کل امرین واجب الادا ہو اسکو وصول کر لیجائے - چونکہ اس گانون کے سربرآوردہ لوگ خوب جانتے تھے کہ جتنی اراضی درج رجسٹر ہے اس سے کہین زیادہ ہمارے زیر کاشت ہے لہذا اُنھون نے یہ قرار دیا کہ ایک حکمت سے ہم جانچ پڑتال ہونے دینگے مگر بعد مباحثہ بسیار یہ طی ہوا کہ ہر شیخ پچاس پچاس پونڈ یعنی تقریباً پانصد روپیہ اپنے پاس سے دے اور پانچ پونڈ یعنی تقریباً پ - دیگر ارکان اراضی سے لیا جائے - پس بطور سے اس عہدہ دار کو سات پونڈ یعنی تقریباً ... بطور بخشش کے ملے اور اُسنے حکام اعلیٰ کو رپورٹ کر دی کہ قصبہ مذکور مین کوئی فروگذاشت نہین ہوئی ہے اور رجسٹر ہاے موجودہ اگرچہ صحیح نہین ہین تاہم سرکار کے مطالبے کے موافق اور مالگزاری کے خلاف نہین ہین - پھر مجھکو نہین دریافت ہوا کہ آیا اس عہدہ دار نے حسب رواج ملک اُس بخشش مین اپنے حکام اعلیٰ کو بھی شریک کر لیا جنھون نے اُسکو اس کام پر مقرر کرکے بھیجا تھا -

علاوہ ان تین بڑے شیخون کے جنکا ذکر سابق مین کیا گیا اُس گانون کی خوش نصیبی سے دس چھوٹے چھوٹے شیخ بھی وہان موجود ہین اور انہین سے ہر شیخ چند گانون کا افسر سمجھا جاتا ہے - تمام تعجب یہ ہے کہ شیوخ الشیوخ یعنی بزرگان دیہ کی کونسل کا صدر نشین بھی انہین چھوٹے چھوٹے شیخون کے زمرہ سے منتخب کیا جاتا ہے - اس بے قاعدہ بات کی وجہ یہ ہے کہ صدر نشین مذکور چونکہ رعایا اور حکام کے درمیان واسطہ ہوتا ہے لہذا اُسکو اکثر بروقت مہمات مین نظام و عمال سے مشورہ کرنے کے لیے جانا پڑتا ہے اور معمولی کام مین بھی دماغ خراشی کرنی پڑتی ہے جسکو بڑے بڑے شیخ جو بجاے خود بادشاہ ہوتے ہین اپنی کسر شان اور مخل آسایش سمجھتے ہین -

صوبہ براری کی آیندہ کی رفاہ وبہبود مصر مین آب پاشی کی ترقی پر موقوف ہے اگر کوئی عمدہ طریقہ آب پاشی کا اور پانی کی نکاسی کا عموماً مصر کے لیے اختراع کیا جائے تھوڑے دنوں مین سے روپیہ اور مشقت سے اس خارزار کی صورت بدلکر گلزار بنجائیگی اور یہان بھی غلہ وغیرہ اسی افراط سے پیدا ہو جیسا دوآبہ مصر مین ہوتا ہے۔

اس دوآبہ کی شکل مثلث ہے جسکا قاعدہ صوبہ براری اور راس القاہرہ ہے۔ اسکو گلزار مصر کہہ سکتے ہین۔ اور اسکا مشرقی حصہ جسمین قدیم زمانہ ایک بارونق شہر زقازیق واقع ہے اور جسکے قریب قدیم شہر بوباسٹس کے کھنڈر دکھائی دیتے ہین وہ ملک ہے جسکا ذکر کتب سماویہ مین جا بجا ارض مقدس گوشین کے لقب سے آیا ہے۔ اور اسکا مغربی حصہ جسکے بیچ بیچ مین وہ آباد اور متمول اور متعصب شہر واقع ہے جسکا نام طنطہ ہے اور جسمین ایک مشہور مسجد سید البدوی کی ہے جو ایک بہت بڑے بزرگ ولی اولیاء مصر مین تھے واقعات تاریخی اور عہد فراعنہ مصر کے عجائب غرائب کے لحاظ سے تو کم رتبہ ہے مگر سرسبزی و شادابی مین کچھ کم نہین ہے۔ اس ضلع مین جس طرف جائیے ہرے بھرے کھیت ح۵
اور سبزہ چراگاہین اور انہار و اشجار بکثرت نظر آتے ہین۔ اگرچہ اس ضلع کی زمین مسطح ہے مگر اسکی قدرتی چیزین لائق تماشا ہین۔ سڑکون اور نہرون کے کنارے بڑے بڑے درخت بشکیبا کے ہین اور کہین کہین کوئی سایہ دار درخت انجیر کا بھی ہے۔ اور درختہاے خرما کو دو تین گانون دور سے دکھائی دیتے ہین جنمین سے ہر گانون مین ایک چھوٹی سی مسجد اور کسی ولی کا مزار بنا ہوا ہے اور اسکا بنا خشت خام کا دور سے شہد کی مکھی کا چھتہ سا معلوم ہوتا ہے۔ اس ضلع مین دولت روئی کی کاشت سے پیدا ہوتی ہے اور جب روئی کے درختون مین پھول نکلتے ہین تو دور سے ایک تختہ زرد زرد پھولون کا معلوم ہوتا ہے۔ جن کھیتون مین روئی پیدا ہو چکتی ہے چند روز کے بعد انہین کھیتون مین شاید خوردنی اور فصل پیدا ہوتی ہے اس ضلع مین بڑے بڑے قطعات اراضی افتادہ کے کہین کہین دکھائی دیتے ہین جو عموماً

مشرقی ملکون مین نظر آتے ہین اور جا بجا پانی کی گلیین نہرون کے کنارے چل رہی ہین اور بڑے بڑے گانون مین جھو کی شراب کے کارخانے ہین اور سارے ملک مین ریلین جاری ہین اور بہت سے آثار و علامات مغربی جودت اور ہمت کے موجود ہین اور باوجودیکہ آسمان پر کہین ابر کا نام بھی نہین ہے اور مطلع بالکل صاف پڑا ہوا ہے تاہم ایسی ایسی صنعتون کو دیکھکر ہمین حیرت ہوتی ہے کہ آیا ہم ایسے مشرقی ملک مین ہین جسمین کوئی تغیر و تبدل کبھی نہین ہوتا بلکہ ہربات پتھر کی لکیر ہے اور جو خواب غفلت سے کبھی بیدار نہین ہوتا البتہ اسی ملک مصر مین یہ کیفیت خوب معلوم ہوسکتی ہے کہ اہل یورپ کی ہمت و عالی حوصلگی کا اثر نیک و بد مشرقی ملکون کے باشندون کے طرز معاشرت اور اخلاق اور عادات پر کس درجہ ہوتا ہے۔ مگر افسوس ہے کہ اس تحقیق و تفتیش کی زحمت کسی نے نہین گوارا کی اور اس کتاب مین جو کوائف و حالات آیندہ کے ابواب مین درج ہین جہان مین نے فلاحین کی عسرت و فلاکت کو بیان کیا ہے وہ مکمل تحقیقات کر کے نہین لکھے گئے ہین۔ بالفعل تو مجھے مصر کے حصۂ جنوبی کی کیفیت لکھنی ضرور ہے تاکہ اس ملک کا مختصر احوال جو مین بیان کر رہا ہون پورا ہو جاے۔

**شہر القاہرہ** سے جسکی نسبت مین نے سابق مین بیان کیا کہ مثلث نما دوآبۂ مصر کی راس یعنی چوٹی پر واقع ہے وادی رود نیل شروع ہوا ہے جسکو سیاحون کا مصر کہنا بجا ہے۔ شاید ناظرین کو یہ خوف ہو کہ مین اُنکو مصر کے بازارون اور مسجدون اور مقبرون اور عبادت گاہون مین پھر گھسیٹ لیجاؤنگا اور وہ تماشے دکھاؤنگا جنکو وہ اسی چشم ظاہری سے دیکھ چکے ہین یا چشم باطنی سے اُنکی کیفیت صدہا کتابون اور اخبارون مین ملاحظہ کر چکے ہین۔ اگر ناظرین کو یہ خوف ہے تو اُنکو اپنے دل سے دور کرین کہ مین اُنسے ایسی بدسلوکی نہین کرنا چاہتا ہون۔ میرا مقصد متقدمین کی تواریخ کو مٹا دینا نہین ہے بلکہ اُسکو فروغ دینا ہے اور چونکہ میرا ارادہ یہ ہے کہ صرف اہل مصر کے ملکی اور تمدنی

حالت کو بیان کرون لہذا مین القاہرہ کی خوبصورتی اور دریاے نیل کے سیر و تماشا اور عمارات عرب کے فضائل اور فرعون اور بطلیموس کے وقت کی عمارات قدیم کا احوال مجھے نہین لکھنا چاہتا تھا شاید بعض مقامات پر مین اپنے اصل مطلب سے تجاوز کر کے کچھ ادھر ادھر کی باتین بھی بطور جملہ معترضہ کے لکھون مگر ایسا فقط اسوقت کرونگا جبکہ یہ سمجھونگا کہ حالات موجودہ سمجھنا اسپر موقوف ہے کہ حالات ماضیہ سے واقفیت بہم پہونچائی جائے۔

مجھسے پیشتر جن سیاحون نے مصر مین سیاحت کی ہے انھون نے اپنی کتابون مین اس ملک کی عمارات قدیمہ کی کیفیت بھر دی ہے اور اس باب مین اپنی علمیت بہت خرچ کی ہے مگر مین اس طمع سے بچنا چاہتا ہون اور فرہابیہ و دخانی جہازون کو بالاے طاق رکھکر مصر کے جنوبی حصہ مین ریل پر سوار ہوکر جہانتک ممکن ہو سیر کرتا ہوا چلا جاؤنگا۔ ہرچند گاڑی کے دروازے سے جو دیکھیے تو سب اہرام مصریہ یعنی وہ عالیشان مینار جنمین فراعنہ مصر کی لاشین ہزارہا برس سے یونہی مسلم رکھی ہوئی ہین سامنے دکھائی دیتی ہین اور انکی قطار کی قطار مغربی ریگستان کے کنارے کنارے تقریباً چالیس میل تک چلی گئی ہے مگر وہ ریل سے اسقدر دور ہین کہ انکی کیفیت پوست کندہ بیان کرنا مشکل ہے۔ اور اگرچہ ہماری گاڑی اس شہر قدیم و عجیب کے ویرانہ کے قریب ہو کے گذری جسکا نام ممفوس ہے مگر ہمکو اسکی کیفیت بھی اچھی طرح نہین معلوم ہوئی کیونکہ اس قدیم شہر کے آثار و علامات مین سے جو کسی زمانہ مین شہرہ آفاق تھا اب صرف کچھ ٹوٹے پھوٹے کھنڈر اور ایک بڑی گران ڈیل تصویر حجری باقی رگئی ہے اور وہ ایک نخلستان اور ایک گانؤن بدرشین نامے کے پیچھے چھپی ہوئی ہے۔ اس وادی کے اسطرف کبھی کبھی کچھ جھلک القاہرہ کے قلعہ کی دکھائی دیتی ہے جسمین ایک مسجد محمد علی پاشا کی بنوائی ہوئی ہے اور اس سمت جو پہاڑیان ہین وہ بھی کچھ کچھ نظر آتی ہین لیکن چونکہ ریل صبح کو روانہ ہوتی ہے لہذا یہ عجائب و غرائب جو ریل سے بہت دور تھے اسقدر دلکش و ہوشربا نہین معلوم ہوے جیسے شام کو غروب آفتاب کے وقت آفتاب کی شعاع مین معلوم ہوتے کہ دیکھنے والے

کے دل سے بے اختیار واہ واہ سبحان اللہ کی صدا نکلتی - اس ملک مین ریل پر سفر کرنے
سے ایک فائدہ یہ بھی ہے کہ مسافر کو صعوبت سفر کا ایسا مزا ملتا ہے کہ دنیا مین اور کہین نہ ملتا ہوگا
اور مجھکو معلوم ہوتا ہے کہ جس ملک مین قدرتی چیزین ریل کے خلاف ہون اور ڈائرکٹران
ریل کی شرارت پر طرہ ہو اسمین ریل پر سفر کرنا گویا سولی پر چڑھنا ہے - وہ قدرتی چیزین
جو ریل کے خلاف ہین یہ ہین کہ آب و ہوا بہت گرم اور بارش کا کہین نام بھی نہین اور جو
ایک آدھ چھینٹا کبھی پڑ گیا تو وہ آبہ مین پڑتا ہے القاہرہ اور اسکے نواح مین شیخہ کا کیا ذکر
پھر اسپر طرہ یہ کہ مٹی ایسی سبک و نرم کہ دم بھر مین خاک بنکر آسمان پر مثل ابر غلیظ کے
چھا جاتی ہے اور ڈائرکٹران ریل کی شرارت گاڑیون کی ساخت سے ظاہر ہے کہ انگریزی قطع
کی تو بنائی ہین مگر کوئی تدبیر حدت و تمازت آفتاب کو کم کرنے کی نہین کی ہے لہذا وہ
گاڑیان دم بھر مین مثل تنور دہکنے لگتی ہین اور جون ہی ٹرین اسٹیشن سے چلتی ہے تو گرد مین چار
طرف سے گھر جاتی ہے - ناتجربہ کار مسافر تشنگی کے مارے جان بلب ہو کر چاہتا ہے کہ گرمی
چاہے کیسی ہی شدت کی ہو وہ گوارا ہے مگر آنکھون اور حلق مین خاک کے بقے کے بقے گھسنا
نہین گوارا لہذا وہ سب دروازون اور منافذ ہوا کو بند کر دیتا ہے مگر پھر دیکھتا ہے کہ گاڑیان ایسی شکستہ
حال ہین کہ انکو بند کرنا نکرنا برابر ہے کیونکہ بند کرنے پر بھی خاک برابر چلی آتی ہے - اسٹیشن پر ٹرین چند ہی
منٹ ٹھہرتی ہے لیکن اگر گارڈ و انجن ڈرایور و اسٹیشن ماسٹر سے بے تکلفی کی ملاقات ہے وگارڈ اسٹیشن ماسٹر
سے کچھ گپ شپ اڑانا چاہتا ہے تو ٹرین دیر تک اسٹیشن پر کھڑی رہتی ہے - اور مسافرون کے منھ اور
نتھنون مین اتنی خاک چلی جاتی ہے کہ ان بیچارون کا دم بند ہو جاتا ہے اور یہ بھی نہین نصیب ہوتا
اور اگر کوئی مفرح چیز میسر آتی ہے تو دریاے نیل کا پانی اور جب گرد سے انکی جان بچتی ہے تو مکھیان
مارے ڈالتی ہین - حالانکہ مصر کے تخت سلطنت پر اب وہ سنگدل فرعون متمکن نہین ہے جسکی
شقاوت کی وجہ سے یہ عذاب الٰہی نازل ہوا تھا کہ مچھر و مکھیون کی افراط سے لوگون کا ناک
مین دم ہو گیا تھا اور زندگی تلخ ہو گئی تھی مگر اب بھی مکھیون کی وہ شدت ہے کہ الامان والحفیظ

البتہ جن انگریزون نے سفر نہین کیا ہے وہ ان مکھیون کی قدر و عافیت کیا سمجھینگے
انگلستان کی مکھی بھی ہوشیار اور تمیزدار ہوتی ہے کہ ہنکانے سے ہنک جاتی ہے اور کبھین اڑ
جا کے بھنبھناتی ہے لیکن اسکی بہن مصر کی مکھی شکل مین تو ویسی ہی ہے مگر خصائل مین اور ہی
چیز ہے - ہزار جھٹکی جائے جھڑکی جائے رومال سے ہٹائی جائے مگر جہان بیٹھی تھی
ہر پھر کر وہین آکر بیٹھے گی اور جب اسکی اس ضد اور بیحیائی سے آدمی کو غصہ آتا ہے اسے
مار ڈالتا ہے تو اور مکھیان اسکی جگہ پر آجاتی ہین اور بیچارے مسافر کو ستاتی ہین - الغرض
جب غیر ملک کے آدمی کو مصر کی یادگار مکھیون کا کچھ تجربہ ہو جاتا ہے تو انسے انتقام لینے
سے باز رہتا ہے اور اپنی جان بچانے کی یہ تدبیر کرتا ہے کہ سخت اور خشک گھاس کی ایک
کوچی سی بنا لیتا ہے اُس سے مکھیان ہنکایا کرتا ہے - اب رہے اُس ملک کے باشندے
سو وہ پشتہا پشت سے مکھیون کے ڈنک کے عادی ہوئے ہین بس اب انکے بدن کو کچھ ایذا
نہین محسوس ہوتی اور اس قدیم وبا سے جو ابتک باقی ہے وہ لوگ ایسی بے پروائی ظاہر
کرتے ہین کہ غیر ملک والون کو رشک آتا ہے - اکثر لڑکون کی آنکھون پر اوپر نیچے دو
کالے حلقے دکھائی دیتے ہین اور جب قریب سے دیکھا جاتا ہے تو معلوم ہوتا ہے کہ بہت سی
مکھیان چمٹی ہوئی ہین اور انکی آنکھون کی سفیدی کو کھائے جاتی ہین - معاذ اللہ اس
سے بڑھکے کیا آفت ہوگی - یہی وجہ ہے کہ مصر مین نیچ قوم کے لوگون کو امراض عینی یعنی
آنکھ کی بیماری اکثر لاحق ہوتی ہے - الحاصل آمدم بر سر مطلب - مصر کے اس حصہ مین جو تکلیفین
مسافرون کو ریل مین ہوتی ہین اُنکی کیفیت میرے ایک دوست نے جو القاہرہ
سے اسیوط کو کبھی کبھی جاتا ہے یہ بیان کی ہے کہ اگرچہ میری طبیعت مین مرض صرع کی
استعداد نہین ہے مگر مین بغیر [illegible] سبز رومال ساتھ لیے ہوے کبھی نہین سفر کرتا
اور باوجود اس احتیاط کے بھی اکثر ایسا ہوتا ہے کہ نصف راہ مین اُترکر کسی دوست کے
مکان مین شب باش ہوتا ہون تاکہ اتنی قوت مجھکو آجائے کہ دوسرے روز اپنے سفر کو پورا

کرین - یہ کیفیت ڈائرکٹران ریل کو ضرور معلوم ہے مگر جب اُنسے شکایت کیجاتی ہے تو
وہ یہی جواب دیتے ہین کہ ہم مجبور اور معذور ہین - یہ ہمارے پیشتر گئے ڈائرکٹرون کا قصہ
ہے جسکا الزام ہمکو دیا جاتا ہے - ہمارے پاس اتنا روپیہ نہین ہے کہ راہ کو درست
کرین اور ریل مین اصلاح کرین - جب مین اُس انتظام کو بیان کرونگا جو مصر کے قومی قرض
کو کم کرنے کے لیے کیا گیا ہے تو اُسکی وجہ بھی عرض کرونگا کہ ڈائرکٹران ریل پاس اتنا
روپیہ کیون نہین ہے کہ ضروری اصلاحین عمل مین لائین۔

جس ضلع مین ہوکر ریل نکلی ہے سرسبزی و شادابی کے اعتبار سے اگر وہ کم
ہے تو صرف دوآبہ کے شمالی حصہ سے کچھ کم ہے - کسان کی نظرون مین تو اس ضلع کی
سرسبزی و شادابی ایسی نہین ہے جیسے زقازق اور طنطہ اور قلیوب کے سبزہ زار خوش آیند
اور دلربا ہین - کیونکہ اس ضلع مین جو کھیت ہین وہ ایسے صاف اور شفاف نہین ہین اور
بہت سی اراضیات افتادہ ایسی ہین جو آب پاشی وغیرہ سے درست اور قابل زراعت
ہوسکتی ہین - مگر یہ ضلع دوآبہ کے دیگر اضلاع پر یہ شرف رکھتا ہے کہ یہان بہت عمدہ
اوکھ یعنی گنّا پیدا ہوتا ہے القاہرہ کے قریب جو گنّا ہوتا ہے وہ وہین کے لوگون کے ہاتھ
بیچا جاتا ہے کہ وہ لوگ گنّے کے عاشق ہین مگر وادی نیل مین جو اوکھ ہوتی ہے اُس سے
شکر اور گڑ بنایا جاتا ہے جس شخص نے گنّے کی کاشت بافراط کرائی وہ خدیو معزول اسمعیل
پاشا تھا اور اس غرض سے اُسکو طریقہ موجودہ زراعت مین انقلاب عظیم کرنا پڑا - اُسکے عہد حکومت
کے پیشتر جو ملک مابین القاہرہ اور اسیوط تھا اُسمین کوئی نہر آب پاشی کے لیے نہ تھی
بلکہ ہرسال جو دریاے نیل مین سیلاب آتا ہے اُس سے زراعت کیجاتی تھی لہذا
وادی نیل کے شمالی حصہ کی طرح اس حصہ مین بھی صرف جوار اور گیہون اور مٹر اور اسی
قسم کے اور غلّے پیدا ہوتے تھے مگر اسمعیل پاشا کی حسن سعی سے اب اتنا غنیمت ہے کہ نہر
ابراہیمیہ سے سال بھر آب پاشی ہوسکتی ہے اور یہ نہر ریل کی سڑک کے متوازی تقریباً

ص ۳۱ سہیل نام چلائی ہے اور اس حصہ مین علاوہ مذکورۂ بالا غلون کی اور کھاد اور روئی دونون چیزین پیدا ہوتی ہین۔ اگر روئی کی کاشت کم اور گنے کی زیادہ ہوتی ہے تو اسکی وجہ یہ ہے کہ گنے سے بہت منافع حاصل ہوتا ہے۔ ص

اسمعیل پاشا نے یہ عظیم الشان نہر کھدوانے اور رعایا کو طریقۂ جدید زراعت سکھانے پر اکتفا نہین کی۔ بلکہ اُسنے اس اصول پر عمل کیا کہ اگر یہ چاہو کہ کوئی کام اچھی طرح ہو تو اُسکو خود کرو۔ یہ اصول تو درست ہے مگر اسمعیل پاشا نے اسکی عمل درآمد مین یہ ظلم کیا کہ کسانون کی چھوٹی چھوٹی زمینداریان لے لین اور اُنکے بڑے بڑے تعلقے بنا کر علاقجات خاندانی انکا نام رکھا اور ہر ایک تعلقہ مین ایک ریل جاری کی اور ایک شکر کا کارخانہ قائم کیا اور اس کثرت سے شکر بنائی کہ دنیا مین سب سے بڑا شکر بنانے والا مشہور ہو گیا۔ اسی وجہ سے مصر مین جابجا چھوٹی چھوٹی ریلین بڑی ریل کے محاذات مین یا اُسپر تقاطع کرکے جاری ہین اور بڑے بڑے عالیشان مکانات جو ہر اسٹیشن پر دکھائی دیتے ہین اور جنمین بڑی بڑی لوہے کی چمنیان بنی ہوئی ہین وہ شکر کے کارخانے ہین یہ سب عمارات عالیشان اور کارخانے مع اپنے متعلقات کے اب سرکار کا مال ہے مگر وہ قرضخواہون کے پاس رہن ہین ص ۳ اور انکا انتظام کئی قومون کی ایک کونسل کرتی ہے جسمین ایک انگریز اور ایک فرانسیسی اور ایک مصری ممبر ہے۔ ص ۳۲

جو ریل اس غرض سے بنائی گئی تھی کہ ان بڑے بڑے تعلقون کو القاہرہ اور اسکندریہ سے ملحق کردے اُسکا خاتمہ جنوب مین اسیوط پر ہوا ہے جو سب سے بڑا اور سب سے زیادہ سرسبز و آباد شہر مصر شمالی مین ہے۔ اسیوط کو بعض لوگ قبطیون کا دار السلطنت کہتے ہین اور اسکی دلیل یہ ہے کہ اس شہر کے باشندے اکثر قبطی ہین اور نہایت متمول ہین۔ جتنے بڑے بڑے عمدہ مکانات پر سیاح کی نگاہ پڑتی ہے جب پوچھا جاتا ہے کہ یہ مکانات کسکے ہین تو یہی جواب ملتا ہے کہ دولتمند قبطی سوداگرون کے ہین

اور اُن سب مین باہم قرابت نسبی یا قرابت نسبتی ہے - اسمین شک نہین ہے کہ عیسائی مذہب اور روپیہ کمانے مین کچھ عجب طرح کا تعلق ہے - دولت حاصل کرنے مین یہودی کبھی کبھی عیسائیون پر گوے سبقت لیجاتے ہین مگر مسلمان عیسائی کا مقابلہ اس امر مین نہین کر سکتے مثلاً دولت عثمانیہ کے اُن ضلاع کو دیکھیے جنمین مسلمان اور یہودا و عیسائی رعایا ملی جلی ہوئی ہے - جو حصہ سلطنت روم کا یورپ مین ہے اُسمین یونانی اور بلگیریا والے اور ایشیاے کوچک مین ارامنہ اور شام مین مرونیہ فرقہ کے لوگ جلد جلد دولتمند ہوتے جاتے ہین مگر مسلمان خواہ ترک ہون خواہ عرب باوجودیکہ سلطنت انھین کی ہے اور اونکے ساتھ بہت کچھ رعایت کی جاتی ہے جلد جلد مفلس اور قرضدار ہوتے جاتے ہین اگرچہ چند اشخاص اس سے مستثنیٰ بھی ہین - جبتک مسلمانون کا فرقہ اس ملک مین ایک معظم و مکرم فرقہ رہیگا اور ہر درجہ اور سب قسم کے اہل کاران شاہی بے تکلف رشوت لینگے اور غربا پر ظلم و جور کرینگے اُسوقت تک تو کچھ تدرے قلیل مساوات اسلام اور نصرانیت مین ہوگی مگر جب ان دونون مذہبون مین ملکی اور تمدنی مساوات اُس معنی سے ہو جائیگی جو معنی اس لفظ کے ہم لوگ (انگریز) سمجھتے ہین یا یہ کہیے کہ جو ہین روپیہ کو وہ قدرت مشرقی ملکون مین ہو جائیگی جو طاقت اُسکو یورپ مین ہے بس اُسوقت سے مسلمانون پر زوال آجائیگا اور عیسائیون کے سامنے ذلیل و خوار ہو جائینگے - پہ ظاہر ہے کہ سلطنت اسلام کے مغربی صوبون مین عیسائی مذہب اسلام پر غالب پایا جاتا ہے اور یہ غلبہ اُسکو پادریون کی جد و جہد یا مذہبی مناظرون یا خداترسی اُنکے اصول کی خود بخود پیدا ہونے سے نہین حاصل ہوا ہے بلکہ غیر متغیر قوانین قدرت کے اثر سے حاصل ہوا ہے اور ان قوانین کی نصرت و حمایت پادشاہان یورپ کی جنگ زرگری اور افواج حقیقی سے بھی ہوئی ہے -

جن لوگون نے اس عجیب مسئلہ مین غور کیا ہے اُنھون نے یہ فرض کر لیا ہے کہ عیسائی رعایا کی فضیلت یہ ہے کہ عیسائی ملکون سے زیادہ تر تعلق رکھتی ہے اور اُنمین

تجارت کی خصلت یورپ کی قومون کے طفیل سے پیدا ہوئی ہے - اور بعض صاحبون کو یہ گمان ہے کہ اس معمے کی کنہ یہ ہے کہ دولت عثمانیہ کی اکثر رعایاے نصرانی قوم یورپین سے ہے اور جو فرقہ برسر حکومت ہے یعنی ترک وہ اون تورانی قومون سے ہے - ان دونون قولون کی تائید مین بہت سے دلائل پیش ہو سکتے ہین مگر انمین سے کسی قول سے اسکی وجہ کافی نہین معلوم ہوتی کہ مصر شمالی مین قبطی لوگ امور تجارت مین مسلمانون سے کیون شرف رکھتے ہین - اس مقام پر چونکہ قبطیون کا ذکر آگیا ہے لہذا حالات موجودہ اور کیفیات ماضیہ اس قوم کے بیان کرنا لازم ہے -

پس واضح ہو کہ قبطی لوگ قدیم اہل مصر کی نسل سے ہین اور چونکہ انھون نے دیگر اہل مذاہب مین شادی بیاہ کرنے سے ہمیشہ احتراز کیا ہے لہذا انکا خال و خط اب تک ویسا ہی ہے جیسے قدیم عمارات مصر پر جو تصویرین بنی ہوئی ہین انکا خال و خط ہے حالانکہ قبطیون کے مسلک اور کلیساے یونان مین چند ہی مسائل دینی مین اختلاف ہے تاہم مصر کے عیسائی یونانیون کے ساتھ اُس زمانہ مین بھی مخلوط نہین ہوے جبکہ دوآبہ مصر سلطنت رومۃ الکبریٰ کا ایک صوبہ تھا اور وہان یونانیون کا ہجوم تھا - بلکہ برخلاف اسکے قبطیون نے یونانیون کو اپنے پاس کبھی نہین پھٹکنے دیا اور اپنی قدیم زبان کو قائم رکھا اور یونانیون کی حکومت سے ایسے جلتے تھے کہ جب ۶۳۹ع مین عرب نے قسطنطنیہ کو یونانیون سے چھین لیا اُسوقت قبطیون نے خلیفۂ ثانی کے نایبکو اپنا محسن و منجی سمجھکر اُسکے آنے کی بڑی خوشی منائی - اکثر قبطیون نے تو قوم فاتح کا دین قبول کر لیا اور رفتہ رفتہ اُن عربون کے ساتھ خلط ملط ہو گئے جو اُس ملک مین بطور فاتحان آکر بسے تھے - مگر قبطی اپنے آبائی دین سے ایسی جلد اور علی العموم نہین مرتد ہوے جیسا بعض لوگون نے گمان کیا ہے - بلکہ عوام الناس چند مدت تک اپنے مذہب قدیم پر قائم رہے اور جب انکو یہ معلوم ہوا کہ مسلمانون کا ظلم امور تعلیمی اور امور مالی مین یونانیون

کے جو دے کچھ کم نہین ہے تو اُنھون نے مسلمانون کی قید حکومت سے نکل جانے کی متواتر کوشش کی۔ اگرچہ اُس زمانہ کے تاریخی حالات بخوبی تحقیق نہین ہوے ہین تاہم کتب تواریخ سے ثابت ہوتا ہے کہ ۷۲۵ء اور ۸۳۲ء کے درمیان چھ دفعہ بغاوت عظیم اس ملک مین ہوئی اور ہر دفعہ سختیان کی گئین اور بڑے بڑے ظلم ہوے تب غدر دفع ہوا۔ اور جب رعایا مقابلہ سے باز آئی تب بھی ظلم و جور کا سلسلہ بدستور جاری رہا حالانکہ اس عرصہ مین کوئی فعل رعایا سے ایسا نہین ہوا تھا جو باعث اشتعال طبع حکام ہوتا۔ الغرض اُسی زمانہ مین عیسائی بکثرت مسلمان ہو گئے اور اپنے آبائی دین کو ترک کیا۔ اس ملک کی تواریخ مین کچھ مسلسل کیفیت اُس انقلاب مذہبی کی نہین لکھی ہے جسکے باعث سے عیسائیون کی وقعت جاتی رہی اور انکا ایک گروہ قلیل رہگیا مگر اُس تواریخ مین کہین کہین ایسے قرائن موجود ہین جنسے اُس مورخ کو حقیقت حال معلوم ہوگئی ہے جسنے اس مسئلہ مین غور کامل کیا ہے کہ اسلام اور ملکون مین کیونکر شائع ہوا۔

قانون اسلام کے اصول مسلمہ مین سے ایک اصول یہ ہے کہ جو عیسائی رعایا سلطنت اسلام کی اطاعت اختیار کرے وہ اسکی مستحق ہے کہ اُسکے جان و مال کی حفاظت کیجائے بلکہ ملکی عہدے بھی اُسکو مل سکتے ہین مگر اس حفاظت کے عوض مین اُسکو جزیہ دینا پڑیگا۔ علاوہ برین عیسائی رعایا کا ایک علیحدہ فرقہ سمجھا جائیگا جسکو مسلمانون کا محکوم رہنا پڑیگا۔ اور اُنکے برابر اُس فرقہ کو ملکی حقوق کبھی نہ حاصل ہونگے نہ ویسی عزت و آبرو اُسکی ہوگی۔ چنانچہ تھوڑا ہی عرصہ گذرا ہے کہ عیسائیون کو حکم ہوا تھا کہ ایک خاص قسم کی پوشاک پہنا کرین اور مسلمانون کو اپنا بزرگ سمجھکر مجمع عام مین اُنکی تعظیم و توقیر کیا کرین۔ یہ گویا ایک علامت ظاہری عیسائیون کی تحقیر کی قرار دی گئی ہے تاکہ مسلمان کبھی سہواً بھی اُنکو اپنے برابر سمجھکر اُنکی توقیر نکرین۔ مگر باوجودیکہ ایسی ایسی قیدین عیسائی رعایا پر لگا دی ہین جو باعث اُسکے توہین کا امور ملکی اور امور تمدنی مین ہے تاہم رعایاے مذکور نے اپنے حسن

تدبیر سے اپنے تئین مرفہ الحال کر دیا ہے اور اُنکے تمول و استغنا سے مسلمان رعایا کو حرص ص۳
اور حسد دامنگیر ہوا ہے اور جب آتش حرص و ہوا تعصب مذہبی کے پردہ مین افروختہ ہوتی ہے
تو ظلم و جور کا مادہ تیار ہو جاتا ہے اور اس مادۂ آتشین کے مشتعل ہونے کا سبب کبھی
یہ ہوتا ہے کہ عیسائیون سے کچھ نافرمانی ہو جاتی ہے خواہ وہ واقعی ہو خواہ فرضی یا کچھ شر و
فساد اُنکی طرف منسوب کیا جاتا ہے یا اُنکا قصور صرف اتنا ہوتا ہے کہ جو قوم حاکم ہے اسکے
کسی معزز یا ذلیل آدمی کی تعظیم و توقیر سے قاصر رہے ہین ان سب باتون کی مثالین مصر کی تاریخ
مین موجود ہین قبطیون کا ذلیل و خوار ہونا اور اپنی رفاہ و بہبود کے لیے صلح آمیز اور
جائز ذریعون سے کوشش کرنا اس واقعہ سے بخوبی ظاہر ہے کہ متواتر فرامین شاہی اس
مضمون کے صادر ہوے ہین کہ اُنسے جزیہ لیا جاے اور ایک خاص لباس وہ پہنا کرین
اور بہت قیمتی پوشاک فلان فلان قطع اور فلان فلان رنگ کی نہ پہنا کرین اور سب
غیر مسلم ملازمان سرکاری فوراً برطرف کیے جائین اور کفار سرکاری نوکری کبھی نہ پائین چنانچہ
چند حوادث جنکو مورخین نے لکھا ہے اور جنسے یہ ثابت ہوتا ہے کہ باطنی تعصب مذہبی
یا یہ کہیے کہ آتش حرص و حسد یکبارگی افروختہ ہو کر عیسائیون پر ظلم و جور کا باعث ہوئی
اس مقام پر مثیلاً بیان کیے جاتے ہین سنہ ۱۳۰۱ع مین ایک امیر مصر کے ایک عیسائی
سکرٹری نے ایک مسلمان جو کسیکا مقروض تھا گرفتار کرا دیا۔ بس یہ سنتے ہی مسلمان
رعایا آگ ہو گئی کہ اسلام کی توہین ہوئی اور جب امیر موصوف نے اپنے ماتحت
کی جان بچانی چاہی تو مسلمانون نے حکام سے استغاثہ کیا جسکا نتیجہ یہ ہوا کہ فرمان
شاہی بایں مضمون صادر ہوا کہ سب عیسائی سکرٹری امیر موصوف کے فوراً مسلمان
ہو جائین ورنہ اُنکے سر کاٹ ڈالے جائین جب مسلمان رعایا اس مقدمہ مین اپنے
حاکم پر ظفریاب ہوئی تو فتحیابی کی خوشی یہ منائی کہ عیسائیون کے گھرون کو لوٹنا شروع
کیا۔ اسکے بیس برس کے بعد ایسے ہی ایک خفیف حادثہ کے سبب سے عیسائیون پر

پھر ظلم و ستم ہونے لگا۔ ایک روز ایسا اتفاق ہوا کہ ایک عیسائی زرق برق پوشاک پہنے اور سفید عمامہ باندھے ہوئے القاہرہ کی ایک شاہراہ سے چلا جاتا تھا اور اکثر راہگیر اُسکو جھک جھک کر سلام کر رہے تھے کہ قضائے کار صوبہ بربر شینیا کا سفیر بھی اُدھر سے گذرا اور یہ کیفیت اُسکو بہت ناگوار معلوم ہوئی علی الخصوص جب اُسنے یہ دیکھا کہ اِس متمول و مغرور نصرانی کے حشم و خدم مسلمان سائلون کو دھکے دے دے کر ہٹا رہے ہین اور وہ اُسکو جھک جھک کر سلام کر رہے ہین اور اُسکے قدمون کے بوسے لے رہے ہین تو اُسکی آنکھون مین خون اُتر آیا اور اُس کافر کی گستاخی کی شکایت حکام سے متواتر کی جسکا نتیجہ یہ ہوا کہ عیسائیون پر تازہ ظلم و جور ہوا اور اکثر کو اپنے آبائی مذہب سے دست بردار ہونا پڑا۔ تیسرا حادثہ اس سے بھی عظیم تر تھا۔ سنہ ۱۳۲۱ء مین القاہرہ اور دیگر بلاد مصر مین جا بجا آگ لگ گئی اور کسی نے یہ کہدیا کہ یہ عیسائیون کی شرارت ہے۔ اِس شبہ کی تصدیق دو راہبون کے قول سے ہوئی جنپر زد و کوب اسقدر ہوئی کہ مارے خوف کے اُنھون نے اقرار کر دیا کہ ہم ہی نے القاہرہ کو جلا دینا چاہا تھا اور ہم اُس مفسدہ پرداز گروہ کے شریک ہین جسکا یہ ارادہ ہے کہ جو ظلم و جفا اُنکے ہم مذہبون پر ہوئی ہے اُسکا انتقام مسلمانون سے لین۔ اسکا نتیجہ یہ ہوا کہ عیسائیون پر بڑی بدعت ہوئی اور صدہا عیسائی لوٹ لیے گئے اور قتل کیے گئے اور لونڈی غلام کیطرح بیچ ڈالے گئے مگر سب سے اشد ظلم و جفا نصاریٰ پر سنہ ۱۳۵۴ء مین ہوئی اُنپر پھر یہی الزام لگایا گیا کہ مغرور اور گستاخ ہو گئے ہین اور قیمتی پوشاکین پہن پہنکر بازارون مین نکلتے ہین جب سرکار نے عوام الناس کے اس تعصب مذہبی سے کچھ تعرض نہ کیا تو بد نصیب عایا پر سخت خوف و ہراس طاری ہوا۔ اکثر عیسائیون کو پکڑ پکڑ کے زندہ جلا دیا اور جو لوگ زندہ رہگئے وہ مارے خوف کے باہر نہ نکل سکتے تھے۔ القاہرہ کے اندر اور اُسکے نواح مین گرجے اور خانقاہین کھود ڈالین اور سارے ملک مین علی الخصوص

مصر شمالی مین گرجے کھود کھود کر اُنکی مسجدین بنا ڈالین - چنانچہ علامہ مقریزی جو مورخین عرب مین سے ہین اپنی تاریخ مین لکھتے ہین کہ ہمارے زمانہ مین جتنے مسلمان مصر مین ہین اُنکے آبا و اجداد نے اُسی زمانہ مین اسلام قبول کیا تھا -

الغرض - عیسائیون پر ظلم و جور کا سلسلہ جسمین کبھی شدت اور کبھی خفت ہو جاتی تھی آخر صدی گذشتہ تک جاری رہا جبکہ اُنکی تعداد فیصدی پانچ نفر رہگئی - اس ظلم و ستم کے زمانہ مین جو عیسائی اپنے دین پر قائم رہے وہ بھی اپنی زبان کو بھول گئے اور مسلمانون کی زبان عربی اختیار کرلی اور مصر جنوبی مین چونکہ حکام صدر کا زور زیادہ تھا لہذا عیسائی مذہب وہان سے بالکل زائل ہوگیا - پہلے جن اشخاص نے رعایاے مصر مین مذہبی مساوات قائم کی وہ نپولین شہنشاہ فرانس اور اُسکے افسران فوج تھے اور اُنکی تقلید محمد علی پاشا اور اُسکے بعد کے خدیوان مصر نے کی محمد علی کے خاندان کی حکومت کے زمانہ مین انتظام سلطنت بیرونی لوگون یعنی ترکون اور سرکاشیا والون سے متعلق کیا گیا جنھون نے سب رعایا پر بلا امتیاز مذہب و ملت ظلم کرنا شروع کیا اور یہ تغیر جو حکومت مین ہوا تو اس سے رعایا مین عداوت مذہبی بہت کم ہوگئی اور جب مسلمان اور عیسائی دونون قومین ایک غیر قوم کی محکوم ہوگئین تب وہ باہم صلح اور آشتی کے ساتھ رہنے لگین اور دو برس ہوے کہ جو لوگ مصر کے حالات سے خوب واقف تھے اُنکا یہ قول تھا کہ اب قدیم مذہبی تعصبات بالکل دفع ہوگئے ہین - لیکن افسوس ہے کہ بالفعل کچھ وقعات ایسے ہوے ہین کہ عداوت مذہبی پھر پیدا ہوگئی ہے - جب وہ بغاوت جسکا نام لوگون نے قومی تحریک رکھا ہے اس پیرایہ مین ظاہر کی گئی کہ مسلمان محبان وطن نصاریٰ کے مقابل مین جہاد دفاعی پر ہین تو مصر شمالی کے فلاحین نے جو اکثر مسلمان ہین اور قبطیون کے قرضدار رہین یہ تدبیر سوچی کہ عیسائیون کی بیخ کنی کرین تاکہ اُنکو قرضہ ادا کرنا پڑے اور یقین کلی ہے کہ اگر اس لڑائی مین طول ہوجاتا تو عیسائی تہ تیغ بیدریغ کیے جاتے - بلکہ اب بھی یہ ہرگز

نہین یقین ہے کہ یہ خوف نہین ہے۔ جتنے عیسائیون سے اور مجھسے گفتگو ہوئی خواہ وہ مصری تھے خواہ غیر مصری اُن سب نے یہی کہا کہ ہماری جان و مال اس ملک مین صرف اُسوقت تک محفوظ ہے جب تک انگریزی فوج یہان ہے۔۔۔

جن لوگون کو یہ کیفیت دیکھنے کا اتفاق ہوا ہے کہ قبطی کیسے سخت جان اور ضدی لوگ ہین کہ کیسی ہی سختی اُنپر کیجاے مگر کبھی چون نہین کرتے اُنکو یہ سنکر تعجب ہوگا کہ اُنہین سے ہزارہا آدمیون نے اپنے قدیم مذہب کو ترک کر دیا اور اس مقدمہ مین وہ استقلال نہین ظاہر کیا جو سلطان روم کی عیسائی رعایا سے ظاہر ہوا ہے اس تعجب انگیز

نوٹ امر کا سبب بعض محققین نے یہ بیان کیا ہے کہ رسول عربی کے دین کو سام بن نوح کی اولاد اور تورانیون نے ہمیشہ آسانی سے قبول کرلیا ہے اور ایرین قومون کو اس مذہب سے ہمیشہ احتراز رہا ہے اور اسمین شک نہین ہے کہ اہل مصر کی قومیت ابتدا مین چاہے جو کچھ رہی ہو مگر اُنمین سام بن نوح کی نسل بہت شریک ہوگئی ہے۔ اس قول کی صحت مین مین کچھ کلام نہین کرتا مگر البتہ یہ ضرور گزارش کرونگا کہ اُسکے اسباب دیگر ہین اور آسانی سمجھ مین آسکتے ہین۔ قاعدہ یہ ہے کہ جبتک ایک قوم دوسری قوم کی محکوم رہتی ہے اور اُسکو یہ یقین رہتا ہے کہ آیندہ کسیوقت مین ہماری گلوخلاصی ہوجائیگی تو وہ اپنے مذہب کو اپنی قومیت کی بقا کا باعث سمجھکر اُس سے چمٹی رہتی ہے اور ارتداد یعنی اپنے مذہب کے ترک کرنے کو نہایت قبیح جانتی ہے اور اُسکے اس خیال مین حب الوطن اور خداشناسی دونون باتین شریک ہوتی ہین۔ لیکن اگر ایسی قوم کو ملکی آزادی یعنی حکمرانی کی امید اور حوصلہ باقی نرہے اور اُسکو یہ توقع نرہے کہ ایک روز ایسا آئیگا کہ جن ظالمون نے ہمپر ظلم و جور کیا ہے اور ہمکو ذلیل و خوار کردیا ہے اُنسے ہم انتقام لینگے تو وہ شکستہ خاطر ہوکر ہمت ہارجاتی ہے اور ارتداد یعنی ترک دین قدیم کو شہادت راہ خدا پر ترجیح دیکر اختیار کرلیتی ہے۔ چنانچہ جب لڑائی مین یہ یقین ہوجاتا ہے کہ یہ مورچہ اب کسیطرح نہین بچ سکتا تو بڑے بڑے

ستم ہو رہا ہے۔ جو موت کو کچھ چیز نہین سمجھتے اور جب تک فتح کی امید رہتی ہے اپنی جان پر کھیلکر لڑے جاتے ہین دور اندیشی کو راہ دیکر فرار اختیار کرتے ہین۔ اب ملاحظہ کیجیے کہ سلطان روم کی عیسائی رعایا کو تو ہمیشہ یورپ کی عیسائی سلطنتون سے مدد ملنے کی امید رہی ہے۔ صرف چند مدت تک یعنی جنگ لپانٹو سے پیٹر اعظم زار روس کے بادشاہ ہونے تک تو البتہ اُنکو یہ یقین رہا کہ عیسائی سلطنتون نے ہمکو بالکل چھوڑ دیا ہے اور اب اُنسے اعانت و حمایت کی امید نہین ہے لہذا اس زمانہ مین صدہا عیسائی مسلمان ہوگئے۔ مگر برخلاف اسکے جب مصر کے عیسائیون نے سنہ ۱۳۵ھ مین سلطنت اسلام سے اپنی گلوخلاصی کرنے کی کوشش کی اور وہ کوشش کارگر نہوئی تو اُنکو بالکل قطع امید ہوگئی کہ اب ہماری کچھ نہ چلے گی اور نہ ہمارے ہم مذہب ہماری نصرت و حمایت کرین گے۔ الغرض۔ اُنکو بالکل قطع امید ہوگئی کہ ہماری تیرہ بختی کبھی نہ دفع ہوگی اور مسلمانون کے پنجہ سے ہماری گلوخلاصی کبھی نہوگی۔ ہان اگر اُنکو کچھ امید اپنے فروغ کی ہوئی تو غزوات صلیبی[1] کے مدت قلیل مین ہوئی۔ بس کیا تعجب ہے کہ اُنپر جو ایسا دباؤ پڑا کیا اور ایسا ظلم و ستم ہوا کیا کہ اُنمین سے اکثر لوگون نے اپنے اسلاف کے مذہب کو ترک کرکے دین اسلام قبول کر لیا بلکہ مقام تعجب یہ ہے کہ اُنمین سے بعض مین کچھ ایمان کی قوت اتنی باقی رہی کہ ارتداد سے باز رہے۔ اب شاید یہ لوگ قبطی مصر مین ہین اور اُنکا اُس ملک مین اب تک باقی رہنا دلیل قطعی اس امر کی ہے کہ فلاحین مصر نے ہمیشہ سختیان اُٹھائین اور ظلم و جور سہا مگر کبھی چون نہین کی اور یہی کیفیت اُنکی اب تک ہے۔

اب ہم اس جملہ معترضہ کو ختم کرکے السیوط کے متمول قبطی سوداگرون پر پھر توجہ کرتے ہین

[1] یہ لفظ کروسیڈ کا لفظی ترجمہ ہے اور اسکا مفاد وہ جہاد یعنی مذہبی لڑائیان ہین جو زمانہ سلف مین یورپ کے عیسائی بادشاہون اور شام و مصر کے سلاطین اسلام مین ہوئین۔ ان یادگار لڑائیون مین محاصرہ بیت المقدس مشہور ہے اور سلطان نور الدین مصری و سلطان صلاح الدین مصری نے بڑا نام ان لڑائیون مین حاصل کیا۔ انکی کیفیت مفصل گبن صاحب کی تاریخ زوال سلطنت رومۃ الکبریٰ اور کلی صاحب کی تواریخ عرب اور واقدی کی فتوح الشام و فتوح المصرین ملاحظہ ہو۔ مترجم

ہین جنکے دلچسپ حالات کو اسلیے قلمبند کرنا ضرور ہے کہ بیتا ہون نے انکا حال بے نظیر تحریر کیا ہے اور نہ کتابون مین انکی کیفیت لکھی ہے۔ یہ جملہ معترضہ شاید کچھ طولانی ہوگیا ہے مگر اسمین وہ مادہ موجود ہے جس سے یہ مسئلہ حل ہوسکتا ہے کہ مصر شمالی مین قبطی لوگ مسلمانون سے تجارت مین کیونکر سبقت لیگئے ہین۔ جب یہ مادہ ہمارے پاس موجود ہے تو پھر ان دونون قولون کو رد کردیا گیا بات ہے جنکا ذکر سابق مین کیا گیا۔ ایک قول تو یہ ہے کہ مصر کی عیسائی رعایا قوم کی نہایت شریف ہے اور چونکہ عیسائی ملکون سے تعلق تام رکھتی ہے لہذا یورپ کی قومون کی عالی ہمتی اسنے بہت کچھ اخذ کرلی ہے سابق مین بیان کیا گیا کہ مصر شمالی کے مسلمان اور عیسائی دونون ایک ہی قوم سے ہین اور اگر مسلمانون مین سام ابن نوح کی نسل بھی شریک ہے تو انمین تجارت کی لیاقت اور زیادہ ہونی چاہیے تھی نہ کہ اور کم ہو۔ اسواسطے کہ جو قومین سام بن نوح کی نسل سے ہین جیسے مثلاً اہل فنیشیہ اور عرب اور یہود وہ تجارت مین ہمیشہ مشہور و معروف رہی ہین۔ اور یہ بھی ہم نہین تسلیم کرتے کہ قبطیون کو عیسائی ملکون سے زیادہ تر تعلقات رہے ہین کیونکہ اول تو انکے اعتقادات مذہبی اور عیسائیون کے معتقدات سے مختلف ہین دوسرے وہ لوگ اور سب عیسائیون سے گریز کرتے ہین اور علیحدہ رہتے ہین تیسرے مصر کے جس حصہ مین وہ رہتے ہین وہ یورپ سے کالے کوسون ہے چوتھے امور سلطنت مین انکو کچھ دخل نہین ہے۔ پانچوین انھون نے عربی زبان بھی اختیار کرلی ہے۔ ان سب وجوہ سے وہ عیسائی ملکون سے علیحدہ ہوگئے ہین اور رومن کیتھولک اور پروٹسٹنٹ پادریون نے جو انکو دین حق تلقین کرنیکی کوشش کی ہے وہ انکے گروہ پر من حیث المجموع نہین موثر ہوئی ہے بلکہ چند خاص اشخاص پر اسکا اثر پہونچا ہے اور ذرا ذرا سے مذہبی تفرقے انسے پیدا ہوگئے ہین۔ البتہ یہ مسئلہ اس ملک کے حالات مخصوصہ پر نظر کرکے حل ہوسکتا ہے۔ ہمنے فرض کیا کہ مصر کے باشندگان عیسائی اس قوم سے ہین جسکو خدا نے اخلاقی قوت اور استقلال مزاج اور ثبات قدم اسقدر عنایت کیا ہے جو ہر حال

اور ہر مرحلہ مین انسان کے کام آتا ہے اور جب ہم مسلمانون اور قبطیون کے اسکولون
مین جاتے ہین تو ہمکو فوراً معلوم ہوجاتا ہے کہ قبطیون مین تجارت کی لیاقت مسلمانون
سے کیون زیادہ ہے - اسکی علت یہ ہے کہ اور ملکون کیطرح مصر مین بھی اہل اسلام کی ابتدائی
تعلیم کا حصر قرآن شریف اور نحو وصرف پڑھنے پر ہے مگر قبطیون مین حساب وسیاق بہت
سکھایا جاتا ہے۔ علاوہ اسکے جب کوئی مسلمان تجارت کرتا ہے تو سود نہ لے سکتا ہے نہ
دے سکتا ہے اور نہ اپنے اعتقاد مین پیش خدا گنہگار ہو - مگر قبطی سوداگرون کو ایسی کوئی قید
مذہبی مانع نہین ہے اور مصر مین تمول کا دار و مدار بالکل سودخوری پر ہے - مجھکو جس قدر
کیفیت اسیوط اور دیگر بلاد مصر کے قبطی سوداگرون کی معلوم ہوئی ہے اُس سے یہی ثابت
ہوتا ہے کہ اُنکو دولت جو حاصل ہوئی تو سودخوری سے حاصل ہوئی ہے اور کسی تجارت سے
نہین ہوئی - اب اگر وہ مسلمانون کے ظلم و جور کی شکایت کرین تو بالکل بیجا ہے اقل مراتب
یہ ہے کہ امن امان کے زمانہ مین تو اُنکو مسلمانون سے کوئی آزار نہین پہونچتا ہے اُنکو دولتمند
اور معزز سمجھکر قضات بھی اُنکی دادرسی کرتے ہین اور حاکم بھی اُنکی فریاد سُن لیتا ہے بلکہ اکثر وہ
غریب مسلمانون اور عیسائیون پر ظلم کرتے ہین اور کچھ بازپرس اُنسے نہین کیجاتی - اگر حاکم کوئی
ایماندار اور ذی علم آدمی ہوتا ہے اور اُنسے حدود و احکام شرع کی پابندی کرانا چاہتا ہے تو
وہ فتنہ پردازی کرتے ہین اور اُس بیچارے کو بدنام کرکے معزول کرا دیتے ہین - چنانچہ
جب میرا گذر اسیوط سے ہوا تو مین نے ایسا ہی ایک قصہ سنا کہ نیا حاکم یا عامل جو خدیو کیطرف
سے مقرر ہوکر وہان آیا تھا اُسکو یہ عادت تھی کہ جو کاغذات اُسکی منظوری کے لیے پیش
ہوتے تھے اُنکو وہ اول تا آخر پڑھ لیتا تھا - اتفاقاً ایک روز اُسنے اپنے دو قبطی منشیون
کو دیکھا کہ اپنے ایک ہمقوم سوداگر کی ناحق پیچ کر رہے ہین - اُسنے اُن دونون بے ایمانون کو
اُسیوقت خوب کوڑے لگوائے - بس اُسیوقت سے سوداگر مذکور اور اُسکے دوست برابر کوشش
کر رہے ہین کہ اس عامل کی تبدیلی ہوجاوے اور اب کوئی ایسا حاکم آئے جو ہمارے حال پر

حصہ بائن ہے۔ الغرض۔ اعلی درجہ کے قبطیون کو اس واقعہ سے بڑا اندیشہ اس بات کا
ہوا کہ یہ پاشا تو خود کہہ چکا ہے کہ جو ایسا فریب باپ سے ابافی کریگا ایسی ہی سزا پائیگا۔
مبادا ہم مین سے کیسکو اسی طرح کوڑے لگوادے اور اگرچہ چند ارزال اور بدوضع آدمیون نے
پاشا سے موصوف کی اس بدمزاجی کی تعریف کی مگر اکثر اشراف اور معزز لوگون نے
اسکی بڑی مذمت کی۔

القاہرہ اور اسیوط کا بین جو قصبے ہین انمین سوداگر اور کاریگر اور جتنا
اور چھوٹے چھوٹے اہل کاران سرکاری اکثر قبطی ہین۔ اور اسیوط کے اس طرف قصبات
پر کیا منحصر ہے دیہات مین بھی قبطیون کی افراط ہے۔ اور ہم نے سنا ہے کہ بعض اضلاع
کی آبادی مین بھی اکثر قبطی ہی قبطی ہین لیکن چونکہ ایسے نقشے وغیرہ نہین چھپے ہین جنسے
مصر کے سب اہل مذاہب کی تعداد معلوم ہو سکے لہذا قبطیون کی تعداد کے باب مین
جتنے اقوال ہین انکی صحت مین تامل ہے۔ خیر انکی تعداد جتنی ہو اسمین شک نہین ہے
کہ ایک انبوہ کثیر انکا مصر شمالی مین رہتا ہے۔ یہ امر اسوجہ سے لائق غور ہے کہ
اس سے ثابت ہوتا ہے کہ حکام مصر کی حکومت زیادہ تر وادی نیل کے جنوبی حصہ مین
ہمیشہ زیادہ رہی ہے اور اسی حکومت کی بدولت اسلام اس ملک مین شائع ہوا اور وہان کی
رعایا کو عوام کی طرف سے نقصان سے اسقدر خوف نہ تھا جسقدر حکام کے ظلم و تعدی کا اندیشہ تھا
یا اسکو یون سمجھیے کہ مصر کے پادشاہان اسلام نے القاہرہ کو اپنا دار السلطنت قرار دیکر اپنی
عیسائی رعایا کی حفاظت و حراست کے بدلے ہمیشہ انپر ظلم و جور کیا۔ اب جو اس ملک کی
رعایا کو کسیقدر مذہبی آزادی حاصل ہو گئی ہے لہذا اب قبطی لوگ شمال کیطرف بے کھٹکے جاسکتے
ہین اور ہم نے سنا ہے کہ اسطرف برابر چلے جاتے ہین۔ بعض بزرگان قوم قبطی تو
ابتک ہی نیلا یا سیاہ عمامہ باندھتے ہین جو کسی زمانہ مین انکی محکومیت اور غلامی کی خاص
علامت تھی مگر اب اکثر قبطی مسلمانون کے سے سفید عمامے باندھنے لگے ہین اور انکی شکل و شمائل

سے کوئی فرق نہین اور مسلمانون مین نہین معلوم ہوتا ۔ بعض اذکیا فرماتے ہین کہ ہم آدمی کے
خال و خط اور طرز تقریر اور ان کلمات سے جنکو صرف عیسائی استعمال کرتے ہین پہچان جاتے
ہین کہ یہ شخص قبطی ہے مگر مین اپنی نسبت کہتا ہون کہ جن قبطیون مین قدیم باتین
بہت موجود ہین خیر انکو تو مین نے پہچان لیا کہ یہ قبطی ہین مسلمان نہین ہین ورنہ میری
ذکاوت اور میری زبان دانی قبطیون اور مسلمانون مین عموماً تمیز کرنے سے قاصر رہی ہین
اتنی لیاقت نہین رکھتا کہ قبطیون کی قومی عادات و خصائل کو اپنی رائے سے بیان کرون
لہذا مین مسٹر لین کے قول کو نقل کرتا ہون جو ایک بڑے محقق تھے اور مصر مین بہت
رہے تھے ۔ صاحب موصوف لکھتے ہین کہ قبطی اکثر چڑچڑے اور بڑے حریص و طماع
ہوتے ہین اور روپیہ پر جان دیتے ہین اور ساتھ ہی اسکے دروغ گو اور خوشامدی ہوتے
ہین اور لجاجت بھی بہت کرتے ہین اور جب یہ سمجھ لیتے ہین کہ ہمارا کوئی کچھ نہین
کر سکتا تو ڈینگ بہت ہانکتے ہین اور گستاخی بھی کرتے ہین چونکہ وہ کتابت مین
براق ہوتے ہین لہذا سرکاری دفترون مین اکثر نوکر رکھے جاتے ہین مگر بے انتہا رشوت
لیتے ہین اور فتنہ پردازی اور فریب مین تنہا وہی ہین ۔ بعض صاحب قبطی بھی ہین انکے
حال پر نظر کر کے مین کہتا ہون کہ یہ تعریف سب قبطیون پر علی العموم نہین صادق آتی ہے

اسیوط سے شمال کی جانب دریا سے جانا پڑتا ہے کیونکہ خشکی کی راہ سے
سفر کرنے کے آسان ذریعے نہین ہین اور اگر کوئی معمولی دخانی جہاز یا ذہبیہ
جائے تو عمارات قدیم دیکھنے کو ٹھیرنا پڑتا ہے اور ناحق مسافر کا حرج ہوتا ہے لہذا
اسکو مناسب ہے کہ چھوٹے چھوٹے ڈاک کے جہازون پر سفر کرے جو منزل پر مسافر کو چند
مدت کے واسطہ نہین ٹھیرنے دیتے اثناے راہ مین عجیب تماشا دکھائی دیتا ہے ۔ دریاے نیل کے
نہر اور شکستہ کنارے سفید سفید برہنہ اور سیاہ فام فلاحین پانی کھینچ رہے ہین ۔ گانون ایسے
جنمین خشت خام کے مکانات بنے ہوے اور جنمین آفتاب کی تیز شعاع درختہاے خرما کے

سایہ کو توڑکر چلی آتی ہے۔ وہ فضائے سبزا کی چھدری چھدری شاخین اور تیبے بد قطع اور بڑے بڑے کبوتروں کے ڈربے جنہین انکی بیٹ کہاد کے لئے تیار کی جاتی ہے۔ وہ لمبا چوڑا سلسلہ سفید کہریا کی پہاڑیوں کا اوپر نیلگون آسمان کا سایہ جس کو بین یہ کانام بھی نہین۔ ان سب چیزون سے تو وہ ناظرین جنہون نے سفرنامون کی سیر کی ہے خوب واقف ہونگے پھر انکی کیفیت اس مقام پر پوست کندہ لکھنا فضول ہے۔ الغرض بجلے دن شام کو ہمارا ورود مقام غرغہ مین ہوا جو چاندنی مین لائق دید ہے دوسرے روز مقام قنہ مین پہونچے۔ اس مقام پر وہ اہل قافلہ جو بطلیموس کے عہد کی عمارات کے شائق تھے قیام کرکے ایک مشہور معبد قدیم کی وسیع بارہ دریون اور تہ خانون کو شمع کی روشنی سے دیکھتے پھرتے تھے اسکا نام معبد دندرہ ہے اور نیل کے دوسرے کنارہ سے ذرا سے فاصلہ پر ہے مگر ہمارے قافلہ مین جو لوگ اس ملک کی حالت موجودہ کے مشتاق تھے وہ عمارات قدیم کو بالائے طاق رکھکر قصبہ جدید کو دیکھنے گئے جو ہماری منزلگاہ سے تقریباً میل بھر تھا ایک قبطی رئیس سے ہمنے سنا کہ اس قصبہ مین تجارت وغیرہ کا چرچا نہین ہے لیکن خیر انتظام ملکی سے کچھ شکایت نہین ہے چند سال کا عرصہ گذرا ہے کہ اس قصبہ اور اس ضلع مین ڈاکوون اور بدمعاشون کا ایسا یورش تھا کہ جان و مال کا خطرہ رہتا تھا مگر جب ایک کرارا آدمی یہان مدیر یعنی ناظم مقرر ہوکر آیا تو تھوڑی مدت مین لوٹ مار موقوف ہو گئی عربی پاشا کے بغاوت کے زمانہ مین اس قصبہ کے مسلمان بھی آمادہ فساد ہوئے اور کہنے لگے کہ کفار کو نکال باہر کرینگے اور انکا مال و اسباب ضبط کر لینگے مگر جو لوگ انمین عقیل اور بردبار تھے وہ سمجھے کہ جبتک عربی پاشا کو فتح مبین نہ حاصل ہو اُسوقت تک سکوت ہی کرنا بہتر ہے اور قبطیون نے غدر کے انسداد کی یہ تدبیر کی کہ عربی پاشا کے ساتھ ہمدردی کا حیلہ کیا۔ جو نہین یہ خبر پہونچی کہ عربی کو مقام تل الکبیر مین شکست ہوئی اور انگریزون نے انکا شہر پر تسلط کر لیا تہلکہ کچھ کم ہوا اور فریقین یعنی مسلمان اور عیسائیون مین بظاہر مصالحت ہو گئی مگر باطنا اب تک

مخاصمت موجود ہے بعض صاف گو مسلمان کہتے ہین کہ ہمنے بڑی غلطی کی کہ عیسائیون کا
مال و اسباب فورًا نہ ضبط کرلیا اور اب جو موقع ملیگا تو ایسا ہی کیا جائیگا۔ خیر بالفعل تو
خیر و عافیت ہے اور اِس چھوٹے سے قصبہ کی لیاقت کے موافق انتظام بھی اچھا ہے
اور یہان کا حاکم قوم سرکاشین سے ہے اور اُسکا رعب سب بدمعاشون پر چھایا ہوا ہے
قنہ وہ مقام ہے جہان پر دریاے نیل بحر قلزم سے ملگیا ہے اور اُس پرانے
خشکی کے راستہ کے منتہی پر واقع ہے جو درمیان وادی نیل اور ساحل بحر قلزم
اب کم مستعمل ہے۔ تعجب کا مقام ہے کہ آج کل مصر کے خیر اندیش اُسکے حال پر اسقدر
توجہ فرما رہے ہین اور سب قسم کی تجویزین اسلیے پیش کر رہے ہین کہ بحیرہ روم اور ایشیائی
ملکون مین ذرائع آمد و رفت مین ترقی ہو مگر کسی کو یہ خیال نہین آیا کہ قنہ اور قصیر کا قدیم
راستہ پھر جاری کیا جائے اور اُسمین اصلاح کیجائے۔ چنانچہ سال گذشتہ موسم سرما مین
سرکاری کچہریون مین اور جابجا اس مقدمہ مین بحث ہوتی تھی کہ اسکندریہ سے نہر سویز
تک لایق جہاز رانی نہرین آب شیرین کی جاری ہوسکتی ہین اور مابین بحیرہ روم
اور وادی دریاے یردن دریا کا راستہ جاری کرنا مناسب ہے جس سے
بیت المقدس مین سیلاب آجائے اور حزقیل نبی کی پیشین گوئی پوری ہوجائے
کہ اورشلیم ایک بندرگاہ ہوجائیگی اور بحر المیت خلیج عقبہ سے ملجائیگا اور بڑے بڑے
دخانی اور آہنی جہازون کو ریل پر رکھکر جہاکتا سے سویز کے اُس پار لیجانا ممکن ہے اور
مصر شمالی مین ایک بڑی بھاری جھیل بنانا ضرور ہے تاکہ رود نیل مین جو بے ٹھکانے سیلاب
آیا کرتا ہے اُسکی ایک صحیح حد مقرر ہے۔ اور سواکیم اور بربر کے درمیان جو ریگستان ہے
اُسمین ریل جاری کیجائے تاکہ ملک سودان کی مفسد قومین مفسدہ پردازی سے
باز رہین اور اُس ملک کے قدرتی اسباب معیشت مین ترقی ہو۔ انمین سے ہر ایک
تجویز کی تائید کو چند فصیح البیان اور کم و بیش بے لوث آدمی موجود تھے مگر جہانتک مین

واقف ہوں انمین سے کسی صاحب کو یہ خیال نہین آیا کہ اسکے بوطسے قنہ اور قصیر تک
ریل جاری کیجائے حالانکہ اس تجویز کی تائید مین بہت سے دلائل پیش ہوسکتے ہین۔
لہذا مین اس مثل پر عمل کرکے کہ دیر آید درست آید مصر کے عالی حوصلہ ترقی دینے والون
کی جناب مین اور ان حضرات کی خدمت مین جنہون نے اپنا لاکھہا روپیہ اس ملک کی
اصلاح کی تدابیر مین لگا دیا ہے التماس کرتا ہون کہ جو تجویز مین عرض کرتا ہون اسپر
غور فرما کر اور کسی انجنیر وغیرہ سے مشورہ لیکر ایک نقشہ بنا لین اور اسکے موافق عمل کرین
وہ تجویز یہ ہے کہ سب سے قریب اور آسان راستہ درمیان بحیرۂ روم اور ایشیا کے ختیار
کیا جائے اور اسمین ریل جاری کیجائے جس سے اسکندریہ کی وسیع بندرگاہ اس قدیم
اور بارونق شہر سے ملجائے جسکا نام قصیر ہے اور جو ساحل بحر قلزم پر واقع ہے۔ اس
ریل سے یہ فائدہ ہے کہ انگلستان اور ہندوستان کے درمیان جو ڈاک آتی جاتی ہے اسکی
آمد و رفت مین گھنٹون کا تفاوت ہوجائیگا اور یہ بھی فائدہ ہے کہ جب لڑائی وغیرہ کی
ضرورت درپیش ہو تو اس ریل کے ذریعہ سے ہماری فوج (انگریزی) بعجلت تمام ہندستان
مین پہونچ سکتی ہے بغیر اسکے کہ ایم ڈی لیسپس سے (جو اررروس کا سکرٹری دولت
فرانسیسیہ ہے) اجازت لینی پڑے۔ مابین قنہ اور قصیر اس ریل کے دونون طرف کے
ملک مین ہزارہا یہودی اور اور قومون کے لوگ بسا دیے جائین جنپر ظلم و جور ہو رہا ہے
اور جو مذہبی اور ملکی تعصبات کے مارے ہوے ہین۔ جب یہ قومین اس ملک مین آباد
ہوکر ترقی کرینگی اور انکے وسائل معاش مین افزونی ہوگی تو وہان ہماری قوم (انگریز) کو
ہمیشہ کے لیے غلبہ اور اقتدار حاصل ہوجائیگا اور ریل کی کمپنی کی سالانہ آمدنی بھی زیادہ
ہوجائیگی۔ اگر قصیر مین ایک بڑی سی بندرگاہ بنائی جائے اور وسیع مال خانے اور ایک اول
درجہ کی ہوٹل بنالی جائے تو اس قدیم شہر کو دوبارہ رونق ہوجائے اور وہ مشرقی تجارت
کی بڑی بھاری منڈی ہوجائے جیسے سابق مین شہر برنیس تھا جو اسکے قریب واقع

ہے۔ اور وسیع و دلکش جہازون کی لاین جنمین مسافرون کے لیے وافر جگہ ہو قصیر اور
سواقیم کے درمیان قائم کیجاے۔ سواقیم کے جوار مین ایک بلند پہاڑی مسافرون کی
صحت اور آسائش کے لیے موجود ہے اور وہین پر سودان کی ریل ختم ہوتی ہے
جب اس طور سے سودان اور القاہرہ مین کم فاصلہ رہجائے گا تو وسط افریقہ کی
بردہ فروشی کو موقوف کرنا آسان ہوجائیگا اور جن قدیم شہرون کا ذکر توریت داخیل
مین ہے انکی تحقیق و تفتیش سہل ہوجائیگی اور بلقیس ملکہ شیبا کی عملداری مین جو قدیم
شہر تھے انکی کیفیت بآسانی معلوم ہوسکے گی۔ اگر ایسی طمع انگیز تجویز کو وہ شخص جو ترقی
دینے کے فن مین محض ایک طفل کتب ہے ایک چشم زدن مین جاری کرسکتا ہے تو تجربہ کار اور
پیشہ ور آدمی سے کیا کچھ امید ہوسکتی ہے مین کبھی آیندہ سے بنظر خیرخواہی گزارش کرتا ہون کہ
مین اس ریگستان کی کیفیت سے مطلق واقف نہین ہون جسمین سے یہ ریل معجزہ گذریگی اور جسمین
وہ کمبخت مظلوم و مقہور یہودی لبائے جائینگے مگر اس معاملہ سے مین بھی ویسا ہی ناواقف
ہون جیسے وہ لوگ ہین جو چاہتے ہین کہ بحرالموت اور خلیج عقبہ کے درمیان جو ملک ہے
جسکی کیفیت اب تک کسیکو نہین معلوم ہے اسمین ایک نہر کھودی جاے اور میرے
نزدیک قیاس اسکا مقتضی نہین ہے کہ اس تجویز مین اس سے زیادہ دقتین ہین جتنی
دقتین اسمین واقع ہونگی کہ اول درجہ کے آہنی جہازون کو صدہا میل تک ایک
ریگ کے دریا مین سیر کرنا کنارے سویز کو طے کرنا پڑیگا۔

الغرض ہم قنہ سے قریب طلوع آفتاب کے روانہ ہوے اور قریب دوپہر کے
اس مشہور میدان مین پہونچے جہان کسی زمانہ مین شہر تھیبس واقع تھا۔ داہنی جانب
جو ہمنے آنکھ اٹھا کر دیکھا تو اللہ اکبر کتنی کتنی بڑی سنگی تصویرین نظر آئین کہ اثنا ملتہ
اور انکی پشت پر بلند پہاڑیان تھین اور صدہا مقبرے بنے ہوے تھے اور بائین جانب جو آنکے
کے بعض کھڑے ہوکر دیکھا تو شبہ قزاق کے بڑے لمبے چوڑے ستونون کی چوٹیون

کی جھلک دکھائی دی - چند ہی منٹ مین ہم منزل لکسر پر پہونچ گئے جہان سے معبد کرنک
سامنے بلندی پر دکھائی دیتا ہے اور اُسی مقام پر مصطفی آغا صاحب سفیر انگریزی کا مکان
تھا جو اپنی جگہ پر ایسا چمٹ گیا تھا کہ ہمنے ہزار چاہا کہ وہان سے اُٹھکر ہمکو عمارات قدیم
کی سیر کرالائے مگر وہ بندۂ خدا نہ اُٹھنا تھا نہ اُٹھا - اگر ہم یہان پر مقام کرتے تو ایک
عمدہ ہوٹل ہمکو ملتی جو مسٹر کوک کی اختراع کی ہوئی ہے - یہ صاحب [illegible]
اور ترجمانون اور اسی قسم کے اور لوگون کے بڑے دشمن ہین جو بخشش مانگتے
مانگتے مسافرون کا ناک مین دم کر دیتے ہین - مگر چند وجوہ سے جنکا اعلان کرنا
ضرور نہین ہے ہم ارمنت کو روانہ ہوے - ارمنت ایک گانون دریاے نیل کے
شمال مین دو گھنٹہ کی راہ پر ہے اور اُسمین کچھ عمارات قدیم بھی ہین - اس گانون
مین مین نے دو ہفتہ تک اسلیے قیام کیا کہ مصر شمالی کے حالات دریافت کرنا منظور تھا
مگر مین ناظرین سے یہ نہین کہہ سکتا کہ اُس گانون مین میرے ساتھ رہکر اوقات ضائع کرین کیونکہ
اول تو جس مکان مین مین اترا تھا وہ اچھا نہ تھا اور اگرچہ میرے دوستون نے مجھے عمدہ عمدہ کھانے
کھلائے اور رنڈیون کے ناچ بھی خوب کھائے مگر میرا جی نہین لگا اور مجھپر کیا موقوف ہے
جب ایک اجنبی ملک مین آدمی کو کوئی کام نہو اور کوئی غرض خاص نہ لاحق ہو تو ناچ رنگ کیا
کوئی فعل اُسکو اچھا نہین معلوم ہوتا - جس کمرہ مین مین اُترا تھا اُسمین دروازے تو
تھے مگر دروازون کے شیشے ندارد اور جب شیشے نہو - ہے تو مکھیان اور مچھر اور چھپکلیان
اور بچھو ہے اور ہواے گرم اور ایسی اور ایذارسان چیزون کا ہجوم ہوا - ایسے مقام پر
آدمی کو معاوضہ کافی کی توقع ہو تو رہ سکتا ہے مگر اُس گانون (ارمنت) مین سو مین سے
ننانوے آدمیون کو تو کسی معاوضہ کی امید نہین ہو سکتی - الغرض اس گانون مین
دو ہفتہ تک لوگون سے مین نے خوب پوچھ پاچھ کی اور جو باتین مین نے پوچھین انکو
مین آیندہ مسلسل بیان کرونگا - بعد اُسکے ایک اور ترجمان سے وہان کے عجائب و غرائب

کی کیفیت پوچھتا ہوا آگے بڑھا اور معبد عمدقو کی سیر کرکے جو معبد دندرہ کا ہمزاد معلوم ہوتا ہے
چند روز آبشار اول کے قرب و نواح مین باسایش تمام بسر کی۔

آبشار مذکور ارمنت سے دن بھر کی راہ پر ہے اور مصر خاص یہین پر ختم ہوا
ہے اور آگے اس طرف صوبۂ نیوبیہ اور سوڈان اور دیگر صوبجات تحت خط استوا واقع ہین
جنکے رقبہ کی وسعت سے مصر خاص کچھ نسبت ہی نہین رکھتا۔ اگرچہ مملکت مصر کا رقبہ
سلطنت روس کے حصۂ واقعہ یورپ کے دو ثلث کے برابر ہے مگر جو رقبہ مزروعہ ہین
آبشار اول اور دریا کے واقع ہے اور جسمین صوبۂ فیوم داخل ہے جو وادی نیل کے
باہر واقع ہے لیکن دریاے نیل کے پانی سے سیراب ہوتا رہتا ہے وہ رقبہ ملک بلجیم
سے زیادہ نہین ہے۔

سرسبز و شاداب وادی نیل کے دونون جانب ایک وسیع ریگستان ہے۔
اُسکے مغربی حصہ مین جسکو دشت لیبیا کہتے ہین ایک لمبا وادی وادی نیل کے محاذات
مین چلا گیا ہے۔ غالباً زمانہ سلف مین سابق الذکر وادی مین خوب زراعت اور آبپاشی
ہوتی تھی اُسکی تہ مین جو ریگ ہے اُسمین سے ایک چشمہ نکلا ہے جسکا پانی کبھی کبھی اوپر
کی سطح پر بہ آتا ہے اور اُس سے ایک سلسلہ سبزہ زارون کا پیدا ہوا ہے۔ مشرقی ریگستان
مین جو وادی نیل سے بحر قلزم تک چلا گیا ہے سبزہ زار کا کہین نام بھی نہین ہے
البتہ کہین کہین اُتنا پانی میسر آتا ہے کہ چند صحرانشین عربون اور قبطی راہبون کی
ایک چھوٹی سی بستی کے بسر کے لیے کافی ہے۔ جو خانہ بدوش قومین اس جنگل بیابان
مین قدرے قلیل رزق پاتی ہین اُنکو عموماً بدوئین یعنی صحرانشین کہتے ہین مگر اُنمین سے
بہت کم لوگ خالص عرب ہین البتہ صرف وہ قبائل جو خاکناے سویز اور قنا اور
قصیر کے راستہ مین رہتے ہین خالص عرب ہین۔ قنا اور قصیر کے اُس طرف جو قبائل ہین
وہ سب حبشی ہین اور اُنمین سے جنپر عرب کا پرچھاوان نہین پڑا ہے وہ اب تک حبشی زبان

بولتے ہین۔ البتہ قبائل مغربی جو دشت لبیا مین رہتے ہین عربی زبان کم وبیش صاف
بولتے ہین مگر اکثر انمین اہل بربر کی نسل کی آمیزش ہے۔ کُل تعداد مصر کے قبائل
صحرانشین کی باشندہ نوبیہ والون کے تخمیناً ایک لاکھ ہے مگر شاید اُسکے نصف
یا دہ چند ہو کیونکہ اُس ملک کی مردم شماری کبھی نہین ہوئی ہے اگرچہ یہ قبائل صحرانشین
باقاعدہ حکومت کے نام سے بیزار ہین اور لوٹ مار پر تُلے رہتے ہین مگر گورنمنٹ اُنکو
آسانی سے دبائے رہتی ہے اور رعایا کو اُنسے کچھ خوف کا مقام نہین ہے سنہ ۱۸۸۳ع
مین قبائل مغربی نے اسوجہ سے بغاوت کی تھی کہ حاکم نے اُنکو پکڑ کر زبردستی
فوج مین بھرتی کرنا چاہا تھا مگر وہ غدر بآسانی دفع ہوگیا اور باغیون کو بہت
سخت سزائین ناحق دی گئین۔ شکر کا مقام ہے کہ ان قبائل مین سلف سے باہم
نفاق چلا آتا ہے اور آپس مین لڑا بھڑا کرتے ہین اور کوئی کام باہم متفق ہوکر نہین
کر سکتے اس سے بھی زیادہ آسانی گورنمنٹ کو انتظام جاری رکھنے مین اس سبب سے
ہے کہ اکثر قبائل صحرانشین صحرانشینی اور دشت پیمائی سے باز آکر اور کسی مقام پر جمکر
زراعت کرنے لگتے ہین۔ اس ریگستان کے کنارے کنارے اور دوآبہ کے بعض
اندرونی صوبجات مین بھی دیہات کی آبادی کا ایک بہت بڑا حصہ قبائل صحرانشین کی
نسل سے ہے اور مالکان اراضی مین بھی چند بدوی رئیس ایسے ہین جنکی حکومت اکثر
اُن قبائل پر بھی ہے جو ابتک صحرانوردی کر رہے ہین۔ چونکہ یہ بدوی زمیندار
قانون کی حکومت کے دائرہ کے اندر رہتے ہین لہذا اپنے اعزا و متعلقین کی
نیک چلنی کے ذمہ دار رہتے ہین۔ بعض زمینداران بدوی قصبات مین بھی رہتے
ہین اور کبھی کبھی حسن انتظام مین حکام کو مدد دیتے ہین چنانچہ سال گذشتہ موسم سرما مین ایک
یادگار نمونہ امیران بدوی کی اعانت سرکار کا یہ دیکھنے مین آیا کہ جن بدویون نے
پروفیسر پامر صاحب اور اُنکے رفقا کو مار ڈالا تھا اُنکو اُنھون نے گرفتار کرادیا۔ کوہ سینا

کے قرب وجوار مین جو امرا بدوی رہتے ہین انھین مین سے ایک معزز اور معمول امیر نے
جو در اصل القاہرہ کا باشندہ تھا پامر صاحب کے قاتلون کو سزا دلوائی۔ مگر برخلاف
اسکے کسیقدر اس فرقہ کے لوگون کی وساطت اور سفارش سے عربی پاشا اور اسکے
فریق باغی کو بدویون سے کمک ملی چنانچہ بعض بدوی قومی فریق سے اپنی ہمدردی
اور جو غیر ملک کے لوگ اُنکے ملک پر حملہ آور ہوے تھے اُنسے اپنا تنفر اب تک ظاہر
کرتے ہین مین یہ نہین کہہ سکتا کہ آیا اس ہمدردی کا باعث خالص درد ہے یا حب الوطن
ہے یا حرارت مذہبی ہے یا یہ خواہش ہے کہ لوٹ مار کا موقع ہمکو اکثر ملیگا مگر اس
ہمدردی کے موجود ہونے مین کچھ شک نہین ہے اور اسکا نمونہ ایک دفعہ مین نے
بچشم خود دیکھا ہے۔ یعنی ایک مرتبہ ایسا اتفاق ہوا کہ مین قصر قارون کو دیکھنے گیا
یہ ایک معبد قدیم ہے اور ضلع فیوم کے جنوب و مغرب صحرا مین واقع ہے اور جب وہان سے
واپس آیا تو بمجبوری ایک امیر بدوی کے مقبرہ مین جو میرا دوست تھا شب باش ہوا۔ چونکہ
وہ امیر ایک ذی اختیار سردار تھا اور ہم اسکی حفاظت و حراست مین تھے لہذا ہماری خاطر
مدارات بہت ہوئی لیکن جب دوسرے روز صبح کو مین وہان سے روانہ ہونے لگا تو میرے
دوست نے ایک بدوی کو نماز صبح کے بعد یہ دعا مانگتے سُنا کہ یا اللہ ان سب کفار کو جہنم
واصل کر اور انکو انکے منزل مقصود تک نہ پہونچا۔ جب ہمنے یہ ماجرا سُنا تو ہمارے ذہن مین
آیا کہ مبادا یہ پاک اعتقاد مسلمان کسی گوشہ مین چھپا بیٹھا ہے اور کفار کو مار ڈالنا کار
ثواب سمجھکر ہماری جان کو عزرائیل ہوجائے۔ الغرض۔ ہمنے یہ واقعہ اپنے میزبان سے
بیان کیا جو اس امیر کی جان نثاری کا دم بھرتا تھا جسکے زیر حفاظت ہم لوگ تھے
اور ہمسے بھی رضی و خوشنود تھا اُسنے ہمسے وعدہ کیا کہ تمھاری حفاظت کی قرار واقعی
تدبیر کیجاویگی اور بڑے اخلاق سے اور کسیقدر تبسم ملیح کے ساتھ ہمسے بیان کیا کہ یہ شخص جسنے
آپکے حق مین بددعا کی ہے بڑی دور کا رہنے والا ہے اور ایک جنگلی آدمی ہے یہ

غیر ملک کے لوگون کی قدر کیا جانے خیر۔ یہ تو اُسنے کہا مگر اس واقعہ پر کچھ تعجب یا غصہ نہین ظاہر کیا۔

ہمین کچھ شک نہین ہے کہ صدہا سال کی مدت مین جو قبائل بدوی اس ملک مین آکر بسے ہین اُنکے باعث سے دیہات کی آبادی مین عرب کی نسل بہت شریک ہوگئی ہے مگر ان دونون قومون کی باہمی آمیزش کے لیے ایک مدت دراز درکار ہے بدویون کی یہ کیفیت ہے کہ جب وہ کاشتکاری اختیار کرتے ہین تب بھی اُنکو کوئی زبردستی فوج مین بھرتی نہین کرسکتا لہذا وہ فلاحین کو کمینہ اور ذلیل سمجھتے ہین جو تکلیف سے بری نہین ہین شاذ و نادر ان بدوی فلاحین کی دختران حسینہ سے بیاہ شادی کرلین مگر یہ ذلت ہرگز گوارا نکرینگے کہ انکی بیٹیان فلاحین کی بیاہی جائین لیکن بڑے بڑے شہرون مین جہان ان دونون قومون مین کوئی بدیہی فرق دکھائی نہین دیتا اور جہان سب مصری مسلمان بمقابلہ ترکون اور سرکاشیا والون کے عرب کہلاتے ہین ان دونون قومون مین باہمی آمیزش بآسانی ہوجاتی ہے۔

عربون اور ترکون مین یہ امتیاز اسوجہ سے یاد رکھنا چاہیے کہ امور تمدنی اور معاملات ملکی مین اسکا بہت لحاظ کیا جاتا ہے اور فی الحال جو فسادات مصر مین ہوئے انکی ابتدا مین اسکا بڑا اثر ظاہر ہوا جب اس اُنیسوین صدی کی ابتدا مین محمد علی پاشا سلطان روم کیطرف سے اسکا والی عہدہ دار مقرر ہوکر مصر مین داخل ہوا اور اپنے عالی حوصلون کے نکالنے کی فکر کرنے لگا تو اُسنے کل ملکی اور انتظامی امور مین مملوکون کو دخیل پایا۔ مملوک ایک گروہ باشندگان صوبہ سرکاشیا واقع حوالی کوہ قاف کا نام ہے ان لوگون (مملوکون) کو غلام بنا بنا کر اپنے ملک سے مصر مین لڑنے کے لیے بھیجا تھا مگر رفتہ رفتہ یہ غلام سارے ملک کے مالک بنگئے۔ پشتہا پشت سے یہی کیفیت چلی آتی تھی جسکے سننے سے تعجب ہوتا ہے مگر چونکہ مصر کی آب و ہوا کے اثر سے سرکاشیا والے جو وہان آتے ہین ضعیف و نحیف ہوجاتے ہین لہذا ہمیشہ نئی کھیپین اہل سرکاشیا کی لاکر پرانے گروہ مین

شریک کیجاتی تھیں اور نتیجہ یہ ہوتا تھا کہ جب کوئی مملوک عہدہ دار جسکو بے کہتے ہیں مرجاتا تھا تو اُسکا عہدہ اُسکی اولاد کو نہ ملتا تھا بلکہ اُسکے ملازمین اور متعلقین میں سے کسی شخص کو ملتا تھا جو سب سے زیادہ لیاقت جنگ آزمائی اور فتنہ پردازی کی رکھتا تھا نتیجہ یہ تھا کہ گروہ مملوک کے چوبیس آدمیوں نے جو سب سے زیادہ ذی لیاقت تھے سارے ملک کو آپس میں تقسیم کرلیا اور ایک قومی کونسل مقرر کی جو کل امور رفاہ عام کا انتظام کرتی تھی اس کونسل کا ہم رتبہ ایک ترک پاشا سلطان روم کیطرف سے رہتا تھا مگر اُسکی حکومت صرف برائے نام تھی کیونکہ اُسکے پاس اتنی فوج نہ ہوتی تھی کہ مملوکوں کو اپنے اختیار میں رکھتا اُس بدنظمی اور طوائف الملوکی کے عالم میں محمد علی نے یہ حکیمانہ روش اختیار کی کہ سب ملکی فریقوں سے سازش کرلی آخرکار خود مالک الملک بنگیا جب اُسکو یقین ہوگیا کہ البینیا کی فوج جو سلطان روم کی حکومت کو قائم رکھنے کے لیے آئی ہے میرے کہنے میں ہے تو اُسنے اُس فوج سے یہ کام لیا کہ پانچسو مملوک عہدہ داروں کو بفریب مروا ڈالا تب اُنکی جگہ پر ایک مصریوں کی فوج مرتب کرکے ترکوں اور سرکاشیا والوں کو اُسکا افسر مقرر کیا جنکی وفاداری اور جان نثاری پر اُسکو پورا بھروسا تھا۔ مگر اُسنے مصریوں کو اس انتظام جدید میں نہیں دخل دینے دیا جو مملوکوں کی بدنظمی کا نعم البدل سمجھکر اُسنے جاری کیا تھا۔ خدا معلوم اُسکی یہ رائے صحیح تھی یا غلط کہ عرب بڑے بڑے عہدوں کی لیاقت نہیں رکھتے ہیں اور عرب سے مراد مصری لوگ ہیں خواہ عربی الاصل ہوں خواہ فلاحین وہ عرب سے چھوٹی چھوٹی خدمتیں مجبوری لیتا تھا مگر بڑے بڑے فوجی اور ملکی عہدے صوبوں کی نظامت سے لیکر معمولی پولیس کے عہدہ تک اُسنے ترکوں اور سرکاشیا والوں کو عنایت کیے تھے اور انمیں ارامنہ اور اہل یورپ کو بھی تھوڑا بہت شریک کردیا تھا۔ محمد علی پاشا کے جانشینوں نے اُسکی حکمت عملی کو بحال رکھا اور اُنکے عہد میں بھی ترک اور اہل سرکاشیا بر سر حکومت رہے اور باقیماندہ رعایا کو خواہ مسلمان تھی خواہ عیسائی اُنکا

محکوم بنا پڑا۔ ان دونون فرقون کے باہمی تعلقات ان تعلقات سے بہت مشابہ تھے جو انگریزون اور ہندوستانیون مین ہندوستان مین ہین مگر فرق یہ ہے کہ ہندوستان مین انگریزی حکومت رفتہ رفتہ عمدہ اور پاک و پاکیزہ ہوگئی ہے لیکن مصر مین ترکون اور سرکاشیا والون کے انتظام کی قوت اصلی تدریجاً زائل ہوگئی ہے اور رشوت ستانی کی شدت ہے۔

تھوڑی ہی مدت گذری ہے کہ غیر ملک کے لوگون کا طوق اطاعت اہل مصر کا گلو گیر تھا مگر وہ دم نہ مارتے تھے اور اپنی گلو خلاصی کی ذرا بھی فکر نہ رکھتے تھے کیونکہ صدہا برس سے ظلم و جور سہتے سہتے وہ غیر قومون کی حکومت کے شدائد کے عادی ہو گئے تھے اور اپنی ذلت و خواری کو گوارا کر کے توکل بر خدا بیٹھے ہوے تھے اگر محمد علی یا ابراہیم یا عباس بلکہ سعید پاشا بھی جو ایک کریم النفس اور رحم دل حاکم تھا اور جسکے بعد اسمعیل پاشا خدیو مصر ہوا دوبارہ زندہ ہو کر فلاحین کے حوصلۂ حکومت و فرمانروائی کی کیفیت سنین تو بے ساختہ ہنسنے لگین اور انکی اس حماقت اور بیہودگی کا علاج غالباً یہ تجویز کرین کہ مارتے مارتے انکی کھال اُڑا دی جائے اگرچہ اسمعیل کو کبھی کبھی مصریون کی بغاوت کا خوف ہوتا تھا اور اسکے عہد مین ایکدفعہ القاہرہ کی رعایا نے کچھ تھوڑا سا فساد کیا تھا مگر عام بغاوت جسکا نام ہے اسکا اندیشہ اسکو کبھی نہین ہوا اور اسکو اس امر کا وہم و گمان بھی نہ تھا کہ مصر کی رعایا ہوس ملک گیری رکھتی ہے اسکے عہد کے آخر تک مصر مین بغاوت کا اندیشہ مطلق نہ تھا اور جب بغاوت فی الواقع ہو گئی تو چند روز تک تو کسی حاکم کو یہ یقین نہین آیا کہ ہماری رعایا ہمسے بگڑ گئی ہے اور بڑے بڑے اراکین سلطنت نے اپنے کارندون کی رپورٹون کو سند قرار دیکر یہی بیان کیا کہ صرف تھوڑی سی فوج نے بلوہ کر دیا ہے اور رعایا اسکی شریک ہرگز نہین ہے اور اکثر ان اشخاص کی بھی یہی راے ہوئی جو مصر کے حالات گذشتہ سے واقف تھے

انسان جو غلطیان اور مبالغے کرتا ہے انکا دفعیہ خود بخود پیدا ہو جاتا ہے مگر افسوس ہے کہ اکثر لوگ بے اعتدالی اور نا عاقبت اندیشی کی راہ سے صرف اسیقدر تریاق کو نہین کام مین لاتے جسقدر زہر کے اثر کو دفع کرنے کے لیے ضرور ہوتا ہے۔ باوجودیکہ غدر کے آثار ہر سمت عیان تھے تاہم اکثر لوگون کو یہی خیال خام رہا کہ اس فساد مین رعایا نہین شریک ہے یہان تک کہ بعض صحبتون مین یہ ذکر ہوتا تھا کہ یہ فساد نہین ہے بلکہ رعایا نے اپنے حب الوطن کا جوش ظاہر کیا ہے۔ مثلاً جو اہل یورپ مصر کے معاملات پر توجہ رکھتے تھے انکے دو فرقے ہوگئے جنمین کمال مخالفت تھی اور ایک فرقہ کو دوسرے سے مصالحہ نہ منظور تھا۔ ایک فرقہ تو عربی پاشا اور اسکے شرکا کو ایک گروہ کمینہ سپاہیون کا کہتا تھا جسنے اپنی چندروزہ حکومت کو اسطور سے قائم کیا تھا کہ خدیو کی رعایا کو خوف و دہشت دلاتا تھا اور جسکا مقصد صرف یہ تھا کہ اپنے فائدہ کے لیے ایک قسم کی مطلق العنان فوجی حکومت قائم کرے۔ اور دوسرا فرقہ اس غدر کے بانیون کو خالص اور بے لوث محبان وطن کہتا تھا جنکی خالص اور بے ریا حب الوطن حد اعتدال سے تجاوز کر گئی تھی اور ایک مظلوم و مقہور قوم یہ لائق تعریف کوشش کر رہی تھی کہ وہ ملکی آزادی اور خوش انتظامی اور بلا رو و رعایت عدل و انصاف اپنے لیے حاصل کرے جس سے اسکو نا خدا ترس ظالمون نے مدت مدید سے بے بہرہ کر رکھا تھا۔

مگر اب وہ زمانہ آگیا ہے کہ اس متعصبانہ رائے سے درگذر کر کے اس مقدمہ کو اطمینان تمام اور بلا رو و رعایت دیکھنا چاہیے۔ چنانچہ مین نے اسی نہج سے اسکی تحقیق کرنے کی کوشش کی ہے اور اب مین اپنی تحقیق کے نتائج ضروری کو مختصر طور سے بیان کیا چاہتا ہون۔ چونکہ ہم لوگون (انگریزون) نے مصر کے انتظام کو درست کرنے کا مشکل کام اپنے ذمہ کر لیا ہے لہذا ہمکو عربی پاشا کی بغاوت کی اصل حقیقت بخوبی سمجھ لینا لازم ہے تاکہ حتی الامکان ایسی بغاوت دوبارہ نہ وقوع مین آئے۔

# باب دوم

## بغاوت مصر اور قومی فریق کے بیان مین

فی الحال جو بغاوت مصر مین ہوئی اور جس سے اس ملک کی کل حالت بدل گئی ہے ابتدا مین اسکی صرف اتنی حقیقت تھی کہ افسران فوج کے دو فرقون مین ایک جھگڑا ہوا تھا مصر کی فوج مین اکثر سپاہی اور باقاعدہ وبے قاعدہ افسران فوج کرنیل کے درجہ تک مصر کے باشندے تھے اور فلاحین کے زمرے سے تھے ان حینون افسران فوج کا عہدہ کرنیل کے عہدہ سے زیادہ تھا وہ اصل مین ترک اور سرکاشیا کے باشندہ تھے جیسے خدیو کا خاندان اور آسکے اہل دربار اصل مین ترک ہین۔ محمد علی پاشا کے عہد سے یہ گروہ قلیل ترک اور اہل سرکاشیا کا جسکی زبان ترکی ہے اور جو مصریون کے ساتھ مشابہت ومماثلت پیدا کرنا نہین چاہتا ہے برسر حکومت رہا جیسا سابق مین عرض کیا گیا اور جمہور رعایا یا عوام الناس چونکہ کسی نہ کسی غیر قوم کے لوگون کے محکوم رہنے کے صدہا برس سے عادی ہوگئے ہین لہذا اپنا ذلیل وحقیر رہنا انکو گوارا ہوگیا ہے اور گو وہ کبھی کبھی اسکی شکایت کرتے ہین مگر حکام سے مقابلہ کی کوشش انھون نے کبھی نہین کی اور ان لوگون مین آزادی کی کوشش کی ابتدا خود انسے نہین ہوئی بلکہ آنکے خود سر حکام سے ہوئی سعید پاشا نے جسکے بعد اسمعیل پاشا خدیو مصر ہوا کچھ تو اپنے اغراض ذاتی کو دخل دیکر جنکا ذکر اسی کتاب مین کرنا جو خاص وعام کے ملاحظہ مین گذرے گی مناسب نہین ہے اور کچھ اپنی نیک نہادی اور فیاضی کی راہ سے اپنی فوج مین فلاحین کو ترقی دی اور انکے ساتھ ہر قسم کی حمایت کی

اور اسمٰعیل پاشا نے بھی بعض ملکی وجوہ سے اسی حکمت عملی کو جاری رکھا یہان تک کہ جب خدیو حال یعنے توفیق پاشا مسند حکومت پر پہنچا اسوقت بعض افسران جلیل القدر ایسے جلیل القدر قوم سے تھے جنکو کبھی لفٹنٹ کے عہدہ تک بھی ترقی کرنا نصیب نہ تھا انھون نے اپنے باعث خود خدیو سے خانگی تعلقات رکھتے تھے کیونکہ اسمٰعیل پاشا نے انکے ساتھ ایک خصوصیت ذاتی پیدا کرنے کے لیے اور انھین اور اس قوم مین جو برسر حکومت تھی مولفت و اتحاد قائم رکھنے کی غرض سے انکی شادیان اپنی حریم یعنے محلسرا کی کنیزون سے کردی تھی۔

الغرض جب خدیو کے منھ چڑھون نے یہ عزت و آبرو پائی تو اپنی آبرو افزائی اور ترقی کی فکر کرنے لگے اور رکاب مین پاؤن رکھتے کے ساتھ ہی انھون نے چاہا کہ اچک کر جھٹ گھوڑے کی پیٹھ پر سوار ہوں اور شہزادان ترکی اور سرکاشیا کے ہم پلہ و ہم عنان ہو جائین اس تمرد اور گستاخی کی برداشت وہ لوگ کیونکر کر سکتے تھے جنکے زعم ناقص مین یہ امر ازبس مسلم تھا کہ خداوند عالم نے ترکون اور سرکاشیا کے لوگون کو فلاحین پر حکومت کرنے کیلیے پیدا کیا ہے اور فلاحین کی قوم بڑی بزدل اور ذلیل و خوار ہے اور اسکی تقدیر مین یہی لکھا ہے کہ ہمیشہ مشقت شاقہ کرے مگر کبھی منھ سے اف نکرے اور اسپر خدا نے یہی فرض کر دیا ہے کہ اپنے مالک کی تابعداری اور خدمتگزاری کیا کرے۔ اگر اس ذلیل فرقہ کے چند اشخاص مورد تفضلات سلطانی ہوکر زمرہ حکام عالی مقام مین شامل کیے گئے تو خیر اسقدر تک کچھ مضائقہ نہین ہے جبتک کہ وہ اپنے تئین ذلیل و حقیر سمجھتے رہین اور اس قول پر عمل کرین کہ ایاس قدر خود بشناس مگر جب وہ اپنے مالکون سے برابری کا دعوی کرنے لگے اور اپنے فرضی حقوق کا ذکر کرنے لگے تو انکی گوشمالی اور چشم نمائی کرنی لازم ہوگئی مگر غلط اندیش افسران فوج نے حکیم مطلق کی حکمت بالغہ مین اور ہی کچھ تاویل کی اور قرآن مجید کی اس آیت سے سند لائے جسکا مضمون یہ ہے کہ سب مسلمان خدا کے نزدیک برابر ہین مگر یہ مضمون مشرقی ارباب سیاست کے اس اصول قدیم کے منافی نہین سمجھا جاتا ہے کہ جب مظلوم ظالم پر غالب آجائے

لاؤ اُسپر خوب جی کھولکر ظلم کرے -

جب تک عثمان مہات سلطنت اسمعیل پاشا جیسے بیدار مغز اور مضبوط حاکم کے دست زبردست مین رہی سوقت تک تو ان دونون فرقون کی باہمی عداوت اور خصومت ظاہر نہین ہونے پائی اور کل فوج مین ادب قاعدہ کا لحاظ رہا سوائے اسکے کہ ایک مرتبہ خود اسمعیل نے ایک مصلحت سے القاہرہ کی فوج سے فساد کرا دیا اور اُس معرکہ مین اُن دونون فریب فرقون نے یکدل ہوکر غیر ملک والون کو دھمکایا جو اُنپر امور مالی مین ظلم عظیم کر رہے تھے یہ سچ ہے کہ آخر عمر مین اسمعیل کی حکومت اور رونق مین غیر ملک کے لوگون کی دست اندازی سے بہت فرق آگیا تھا مگر جس دن تک وہ معزول کیا گیا اُس وقت تک اسکو اتنا اختیار و اقتدار حاصل رہا کہ رعایا کے سب فرقے اسکے مطیع و منقاد رہے اور کہین فساد نہین ہونے پایا اور کیا مجال تھی کہ سرکش ترک یا حریص فلاحین اپنے واقعی یا فرضی شکایتون کا اعلان علی رؤس الاشہاد کرتے مگر جہانتک ایسا تردد نا قرانی افندیا کے پوشیدہ اغراض کی تائید مین واقع ہوتی تھی خیر وہان تک کچھ مضائقہ نہ تھا -

اسمعیل کے بعد توفیق پاشا خدیو مصر ہوا چونکہ وہ کم سن اور ضعیف العقل اور ناتجربکار تھا اور دو غیر سلطنتون نے جو آپس مین حسن تعلق رکھتی تھین اور جنھون نے توفیق کو اپنے سفیرون کے قابو مین رکھا تھا اسکو نامزد کیا تھا لہذا اُسکی تخت نشینی سے مصر کی حکومت مین تغیر عظیم واقع ہوا اور خدیو کا قدیم و لعنت دو قار رفتہ رفتہ بالکل زائل ہوگیا اسپر طرہ یہ کہ توفیق پاشا مین وہ اوصاف ذاتی بھی نہ تھے جو اسمعیل پاشا سے اُسکی آخر عہد حکومت مین ظاہر ہوے یعنے نہ تو توفیق ویسا عقلمند تھا اور نہ اُسکی طبیعت مین ویسی جودت و ہمت کی تھی پس ایسے اوصاف کے نہونے کی وجہ سے اُن نتائج بد کی مکافات نہو سکی جو اسکی حکومت کے ضعیف ہوجانے سے پیدا ہوے تھے کیفیت یہ تھی کہ ایک زبردست اور مطلق العنان حکومت جاتی رہی تھی مگر اُسکی جگہہ پر اور کسی قسم کی مضبوط اور خود دسر حکومت نہین قائم ہوئی تھی پس منجملہ دیگر نتائج کے ایک نتیجہ بد اس سے یہ پیدا ہوا کہ

اہل فوج فرعون بے سامان ہو گئے تھے اور کسیکو خطرہ مین نہ لاتے تھے اور اُن فوجیون سے قریب فرعونون نے جنکا ذکر سابق مین کیا گیا حکومت کی طمع سے باہم زور آزمائی کرنی شروع کی پہلے تو لوگون کو یہ یقین ہوا کہ خدیو افسران فلاحین کو فروغ دینا چاہتا ہے اور اُنکی حرص طمع اور بلند پروازی کی تائید کرتا ہے۔ افسران مذکورین مین سے ایک نوجوان اور شوخ طبع شخص جسکا نام علی فہمی تھا اور جو اصل مین فلاح تھا خدیو کا بڑا مقرب تھا۔ اُسکی شادی اسمعیل کے محل مین ایک سرکاشیا کی عورت یعنی گرجن سے ہو گئی تھی اور وہ کمانیر اُس رسالہ کا تھا جسکا پہرا محل السراے عابدین پر مقرر ہوا تھا۔ چونکہ علی فہمی بوجہ کار سرکاری کے خدیو کے حضور مین اکثر حاضر رہا کرتا تھا لہذا بہت جلد اُسنے خدیو سے موافقت اور بے تکلفی پیدا کر لی تھی اور ہر روز خدیو کے دستر خوان پر کھانا کھاتا تھا اور اُسکا معتمد خاص بنگیا تھا یہان تک کہ کبھی کبھی خدیو کے احکام عثمان رفقی وزیر صیغہ جنگ پاس لیجاتا تھا عثمان رفقی پکا سرکاشین تھا یعنی حوالی کوہ قاف مین صوبہ سرکاشیا کا باشندہ تھا لہذا اُسکو یہ امر سخت ناگوار تھا کہ خدیو کے احکام میرے پاس وہ شخص لاتا ہے جو ایک کمینہ نو دولت فلاح ہے اور اُسنے علی فہمی کیطرف سے خدیو کے کان بھرنے شروع کیے۔ آخر الامر علی فہمی کا تقرب خدیو کی سرکار سے جاتا رہا اور اُسنے اپنے دوستون سے بہت شکایت کی کہ خدیو مجھسے ناحق خفا رہتے ہین اور اُسنے دیگر افسران فوج سے جو خدیو سے ناراض تھے بے تکلفی بڑھانی شروع کی۔ اُن افسران فوج مین سے ایک شخص کرنیل عبد العلی بڑا چالاک اور آتش مزاج اور کڑا سپاہی تھا اور اُسکے چہرہ سے جودت اور تنک مزاجی ظاہر تھی۔ ایک اور شخص عبید نامی بھی اسی زمرہ سے تھا مین نے اُسکو کبھی نہین دیکھا ہے مگر مین نے سنا ہے کہ وہ ایک سودائی سا آدمی تھا۔ اگر باغیون کے گروہ مین صرف اسی قسم کے آدمی ہوتے تو جس بغاوت کا سامان ہو رہا تھا غالبًا وہ ایک خفیف فوجی سازش کی حد سے تجاوز نکرنے پاتی مگر غضب یہ ہوا کہ ذی وقعت افسران فوج اسمین شریک ہو گئے جنکے راس الرئیس عربی پاشا اور محمد سمیع پاشا تھے۔ عربی پاشا تو چند روز کے بعد خود ہی

حاکم بنگیا اور محمد سمیع پاشا باغی وزرا کی کونسل کا پریسیڈنٹ یعنی میر مجلس ہوا۔

عربی کی شکل قابل دید ہے۔ وہ ایک بڑا تنا ور اور زبردست جوان ہے مگر بنیاد

آدمی ہے اور قوم کا فلاح ہے۔ وہ ترکی ٹوپی پہنتا ہے جسکو فیض کہتے ہین اور اسکی پیشانی

بہت کشادہ ہے اور اُسکی بڑی بڑی نشیلی آنکھون سے شفقت و مروت ٹپکتی ہے۔ اور اسمین ایک

بات ایسی ہے جسکی کیفیت نہین بیان ہوسکتی اور جسکو سب لوگ پسند کرتے ہین۔ جو

لوگ عربی زبان سمجھتے ہین جو اسکی مادری زبان ہے اُنسے اسکی شیرین کلامی کی کیفیت پوچھیے

مگر افسوس ہے جو ذخیرۂ علم اُسنے جمع کیا ہے اتنی قوت گویائی نہین تھا کہ اُسکو کما حقہ بیان

کرسکے لہذا کبھی وہ ایسی باتین کرنے لگتا ہے جنسے معلوم ہوتا ہے کہ یہ ایک جاہل آدمی ہے

جب وہ غیر ملک کے لوگون سے کلام کرتا ہے تو اُسکا قاعدہ ہے کہ فقط کچھ اصول اخلاق کا

یا اور پیش پا افتادہ مضامین کا ذکر کرتا ہے مگر جب اپنے ہم وطنون سے بات چیت کرتا ہے تو

نہایت فصیح و بلیغ عربی بولتا ہے اور جا بجا آیات قرآنی سند اً پڑھتا جاتا ہے جس سے اُسکی

بی علمی کا پردہ فاش نہین ہونے پاتا۔ یہ کمال اُسنے جوانی مین اسی زمانہ مین حاصل کرلیا تھا

جب وہ ازہر یونیورسٹی مین عربی نحو و صرف اور علم فقہ و حدیث تحصیل کرتا تھا۔ اسکو سعید پاشا

نے اسوجہ سے برطرف کردیا تھا کہ اُسنے سعید کے اُس حکم عام کی سخت مخالفت اور تردید کی

تھی جسکی رو سے اہل فوج اُن قیود اور تکلیفات سے بری کردیے گئے تھے جو ماہ رمضان کے

روزون کی نسبت قرآن مجید مین لکھے ہین اور اگرچہ اسمعیل پاشا نے اُسکے عہدہ پر اُسکو بحال کردیا

مگر اسکو ترقی نہین دی بلکہ منقول ہے کہ جب اسمعیل پاشا معزول ہونے لگا اسوقت یہ کلمات

اُسکی زبان پر جاری ہوے کہ اُس خوش تقریر آدمی کے شر سے بچنے کی تدبیر یہ ہے کہ یہ کالے

پانی بھیجدیا جاے۔ اُس زمانہ مین عربی اپنی تقریر بانی کو ہمین ختم کرتا تھا کہ احکام دینی اور فرائض

اخلاقی کی سخت پابندی کرنی چاہیے اور سب اقوام اور کل اہل مذاہب کو لازم ہے کہ باہم لڑائی

بڑائی نہ رکھین اور مشرقی تصوف کے اصول بیان کرتا تھا کیونکہ مین نے سُنا ہے کہ کسی زمانہ

مین اُسکو عربی کو ہم اہل باطن یعنی مشائخ سے بھی ارادت تھی یہانتک کہ جب وہ اِس
قومی بغاوت مین سرغنہ بنا جسکا مقصود و مآل یہ تھا کہ غیر ملک کے لوگ مصر سے نکال دیے
جائین اور اُنکا اقتدار مٹا ڈالا جاوے اسوقت بھی وہی قدیم تصوف کا رنگ اُسمین باقی رہا
کیونکہ جب وہ اُن فساد انگیز تقریرون کو بیان کرنے سے فارغ ہوتا تھا جنکے اثر سے قومون کے
باہم برادرانہ برتاؤ اور مذہبی آزادی مین ترقی کے عوض تنزل کا گمان تھا تو بڑے زور و شور سے
بیان کرتا تھا کہ بھائیو مردم دوستی اختیار کرو اور سب کا بھلا چاہو کہ تمھارا بھلا ہو۔ اُسے
جوش مین اسکو یہ تمیز نہ باقی رہتی تھی کہ میری تقریر کا پہلا جزو دوسرے جزو کے سراسر مخالف ہے
جیسا سب لوگون کا دستور ہے کہ اپنی طراری اور خوش بیانی کے نشہ مین چور ہو کر جو منھ مین
آتا ہے کہنے لگتے ہین ویسی ہی کیفیت عربی کی بھی تھی کہ کبھی زمین کی کہتا تھا اور کبھی
آسمان کی مگر جو کچھ کہتا تھا بے ریا کہتا تھا۔ وہ اپنے والدین کا مطیع اور اپنی زوجہ کا عاشق
اور اپنی اولاد کا بڑا شفیق تھا اور ایک دیانتدار اور باوقار آدمی تھا اور اُسکے مزاج مین ویسی خشونت
اور تعصب بھی ہرگز نہ تھا جیسا لوگون نے بیان کیا ہے۔ اگر اُسنے آخر کو اتنی ضد کی جو
دور اندیشی کے خلاف تھی تو اُسکا باعث یہ نہین تھا کہ وہ بڑا ضدی آدمی تھا اور جن
خیالات کا وہ مظہر ہوا تھا اُنمین کامیابی کا یقین واثق اُسکو تھا بلکہ اسکا سبب کچھ تو یہ تھا کہ
وہ امور سلطنت اور رموز سیاست سے ناواقف تھا اور کچھ یہ تھا کہ اُسکے بد دماغ شرکا نے اُسکو
مصالحہ نہین کرنے دیا پہلی ہی شکست مین اُسکی بلند پروازی خاک مین ملگئی اور باقاعدہ سلطنت
اور فلاحین کی حکومت کی جو تدبیرین اُسنے سوچی تھین وہ سب نقش بر آب نظر آئین چنانچہ
جب وہ گرفتار ہوا تو قیدخانہ مین کہا کرتا تھا کہ ہمارے ملک کا رفاہ و بہبود اُس قومی سلطنت
سے نہین متصور ہے جسکا حامی و مددگار مین ناحق بنگیا تھا بلکہ اس امر پر موقوف ہے کہ ہم لوگ
انگریزی حکومت کو دل سے منظور و قبول کرین شاید بعض ناظرین کو یہ خیال ہو کہ اگر تفحص و تجسس کیا جاوے
تو جس قسم کا آدمی عربی ہے ویسا آدمی ہمارے انگلستان کے ارباب سیاست مین

بھی مل سکتا ہے مگر بالفعل مجھکو یہ امر تحقیق کرنا منظور نہین ہے لہذا مین اس مضمون کو دیگر مورخین پر موقوف رکھتا ہون جو واقعات تاریخی کو مجھسے بہتر بیان کر سکتے ہین -

دوسرا معزز و موقر شخص جو افسران باغی کی حمایت کو تیار تھا گو وہ اُنسے ملحق نہین ہوا تھا محمد سمیع پاشا تھا یہ ایک دوسری قسم کا آدمی تھا اور اسکو فلاحین کی نسل خالص سے ہونے کا دعوی نہ تھا بلکہ اگر شاید کچھ فلاحین کی نسل کی اسمین شرکت تھی تو اسکو اس امر کے تصور سے شرم آتی تھی اور وہ اس بات کا مقر تھا کہ مین ایک قدیم خاندان مملوک سے ہون اور وہ ترکی زبان خوب بولتا تھا اور سول سروس یعنی ملازمت سرکاری مین اُسنے ایسے ذریعون سے ترقی کی تھی جو قابل بیان نہین ہین اور خدیو کے خاندان کی ایک عورت سے شادی کر لی تھی اور وہ عموماً زمرۂ حکام سے سمجھا جاتا تھا۔ وہ اُن خیالات خام اور اُس بے اصل بنیاد ولولہ اور جوش سے بری تھا جو عربی پاشا کو دامنگیر تھا مگر امور سیاست کا علم اور جنگ آوری کا سلیقہ اور خود بینی اور حرص عربی سے زیادہ رکھتا تھا۔ اسکی صورت دیکھکر مجھکو تنفر ہوا مگر چونکہ مین نے اُسکو قید خانہ مین دیکھا تھا اور یہ سنا تھا کہ اب اسکی شکل بالکل بدل گئی ہے لہذا مین اسکا حلیہ بیان کرونگا کہ مبادا کوئی امر خلاف انصاف اسکی نسبت میرے قلم سے نکل جاوے حشمت و ثروت کے زمانہ مین چاہیے جو انداز اسکا رہا ہو مگر جس کیفیت سے مین نے اُسکو دیکھا تھا اس سے کچھ شک و شبہ اُسکے واقعی چال و چلن کی نسبت میرے دل مین نہین باقی رہا۔ کبھی تو وہ آگ بھبوکا ہو جاتا تھا اور کبھی گڑگڑانے لگتا تھا اور اسکی حرکات سے ثابت ہوتا تھا کہ اُن جھوٹے اور چالاک مفسدہ پردازون کے زمرہ سے ہے جو ایشیا کے ارباب سیاست مین اکثر پائے جاتے ہین جو عداوت اُس سے توفیق پاشا کی نسبت الزام بغاوت مین ظاہر ہوئی اُسکے مختلف وجوہ بیان کیے جاتے ہین بعض لوگون کا یہ قول ہے کہ اسمعیل پاشا نے اسکو ایسا ذلیل و خوار کیا تھا کہ اسنے محمد علی کے سارے خاندان سے انتقام لینے کی قسم کھائی تھی اور اس خواہش انتقام کے ثبوت مین وہ لوگ یہ واقعہ نقل کرتے ہین کہ اُسنے اپنی پہلی بی بی کے باپ کو اور اسکی ماں کو بھی یہ سمجھکر

کہ اس فساد مین شریک تھے اپنے ہاتھ سے مار ڈالا۔ لیکن اگر مجھسے پوچھیے تو میری راے یہ ہے کہ اُسکو حرص طمع آیندہ دامنگیر تھی انتقام گذشتہ پر اُسکی نظر نہ تھی اور خدیو سے جو وہ عداوت رکھتا تھا تو اُس سے زیادہ نہ رکھتا تھا جتنی عداوت اُسکے شرکا خدیو سے رکھتے تھے اور وہ عداوت صرف ایک جزو اُس تدبیر کی تھی جو اُسنے خوب سوچ بچار کر اسلیے قرار دی تھی کہ خود خدیو مصر بنجاے مگر یہ راے میری پختہ نہین ہے کیونکہ جب علی فہمی کو خدیو کی تلون مزاجی اور نا انصافی کا خیال کر کے سخت ملال ہوا تو اُسنے عبد العال اور عربی پاشا سے اس باب مین مشورہ کیا کہ افسران فلاحین کی نصرت و حمایت کی سب سے عمدہ کیا تدبیر ہے اُسوقت تک محمد سمیع اس کمیٹی وزرا کا ممبر تھا جسکا صدر نشین ریاض پاشا تھا اور ظاہرا خدیو کا خیر خواہ تھا۔ لیکن یہ خیال اُسکے دل مین آچکا تھا کہ باغیون سے اپنا ذاتی مطلب نکالون اور اس امر کا منتظر تھا کہ موقع ملے تو اُنکی اعانت خفیہ طور سے کرون۔ آخر ایک عمدہ موقع اسکو جلد ملگیا۔

علی فہمی اور اُسکے شرکا یہ سوچے کہ ہماری مطلب براری کی تدبیر اس سے بہتر نہین ہے کہ اپنے ہمجنس افسران کو ورغلا کر خدیو کو عرضیان دلوائین عثمان رفقی وزیر صیغہ جنگ اور ریاض پاشا وزیر اعظم نے اپنے دل مین ٹھان لیا کہ اس قسم کے تمرد نافرمانی کے انسداد کی تدبیر ضرور کرینگے اسلیے اُنھون نے کمیٹی وزرا مین یہ تجویز پیش کی کہ وہ تینون سرغنہ باغیون کے گرفتار کیے جائین اور بعد مباحثہ بسیار یہ امر قرار پایا کہ تینون شخص یعنی علی فہمی اور عبد العال اور عربی پاشا کل صبح کو قید کر لیے جائین لیکن چونکہ یہ خوف تھا کہ مبادا وہ فساد پر آمادہ ہوجائین اور ہاتھ نہ لگین لہذا کمیٹی وزرا نے یہ تدبیر قرار دی کہ ان تینون کو قصر النیل کی بارک مین اس بہانے سے بلائین کہ خدیو کے خاندان مین جو عنقریب تقریب شادی ہونے والی ہے اُسکی نسبت کچھ احکام اُنکو دینے ہین اور جیسے ہی وہ اپنے ماتحتون کے سپاہیون سے جدا ہوجائین تو اُنکو گرفتار کر کے کورٹ مارشل کے سپرد کر دین محمد سمیع

بحیثیت مہتمم اوقاف مذہبی و خیرات خانہ وغیرہ اُس کمیٹی وزرا میں موجود تھا اور بظاہر اُسنے اِس رائے سے اپنا اتفاق ظاہر کیا مگر جو ہین وہ دارالندوہ یعنی کمیٹی کے مکان سے باہر آیا اُسنے افسران باغی کو فوراً اطلاع دی کہ تمہارے پھنسانے کے لیے جال بن رہا ہے شام کو اُن سبنے جمع ہو کر مشورہ کیا کہ اب کیا کرنا چاہیے۔ آخر الامر اُنھون نے علی فہمی کے نائب عبید کی اِس صلاح کو قبول کر لیا کہ تم سب قصر النیل کی بارک مین چلے جاؤ مین اپنی پلٹن کے لوگون کو ہمراہ لاکر تمکو رہا کر لیجاؤنگا دوسرے روز صبح کو وہ سب ہوا جو پیشتر طے ہو چکا تھا جب افسران باغی کو گرفتار کر کے اُنسے سوالات کرنے لگے تو عبید اپنی پلٹن کو لیکر چڑھ آیا اور کمیٹی وزرا کے مکان مین دَراتا گھسکر وزرا کی خوب گت بنائی اور قیدیون کو رہا کر کے بڑے کروفر سے در دولت پر لیگیا اور وہان پہونچکر اُن سبنے خدیو سے کہا کہ وزیر صیغہ جنگ کو معزول کر دیجیے اور ہماری شکایتون کو رفع کیجیے اور بڑی شکایت ہماری یہ ہے کہ افسران ترک اور اہل سرکاشیا کو سرکار نے اتنی ترقی ناحق دی ہے۔ خدیو پاس چونکہ اِس غدر کے دفع کرنے کے اسباب نہین جمع تھے لہذا اُسے اُن امور کو قبول کرنا پڑا جنکی استدعا باغیون نے کی تھی۔ الغرض۔ خدیو نے افسران باغی سے وعدہ کیا کہ تمہاری شکایتین رفع کر دی جائینگی اور عثمان رفقی کو جو اہل سرکاشیا سے تھا معزول کر کے محمد سمیع کو جو در پردہ باغیون کا شریک تھا وزیر صیغہ جنگ مقرر کیا۔ مزید بران دو اور حکم خدیو نے صادر کیے ایک یہ کہ فوج کی تنخواہ بڑھا دی جائے دوسرے یہ کہ ایک کمیشن زیر نگرانی وزیر جدید صیغہ جنگ یعنے محمد سمیع اسلیے مقرر کیا جائے کہ انتظام موجودہ فوج کو جانچکر اُسکی نسبت رپورٹ پیش کرے اس کمیشن کے اغراض جسکا ایک ممبر عرابی بھی تھا بہت جلد عیان ہوگئے اُسنے یہ تجویز کیا کہ اپنے اپنے رجمنٹون کے ممبرون کو کونسل نامزد کیا کرین اور فوج کی تعداد بڑھا کر ۱۸۰۰۰ کر دیجائے تاکہ افسران فوج کو نصف تنخواہ پر عہدے سے الگ کر سکین اور ترقی امتحان پر موقوف کی جائے تاکہ ترک اور سرکاشیا والون کے ساتھ کچھ رعایت و مروت نہو سکے۔ بظاہر باغیون کو یہ منظور تھا کہ فوج کو اپنے قابو مین کر لین

اور چند روز مین اُنکو پوری کامیابی حاصل ہوئی - اب سارے ملک مین مشہور ہو گیا کہ فوج کی تنخواہ مین اضافہ اور اہل فوج کی ترقی خدیو کی بدولت نہین ہوئی ہے بلکہ انھین تینون کرنیلون کے طفیل سے ہوئی ہے حالانکہ خود محمد سمیع نے خدیو سے درپردہ عرض کیا تھا کہ فوج کو راضی رکھنے کی تدبیر اِس سے بہتر نہین ہے کہ اُنکی تنخواہ مین اضافہ کیا جاے اور اہل فوج کو اکثر ترقی دی جاے - بس اسی وقت سے افسران باغی کو یقین ہو گیا کہ ساری فوج ہماری مدد کریگی سواے ترک اور سرکاشیا والون کے جنکی تعداد بہت قلیل ہے -

پہلے تو اِن تغیرات کے لیے جو انتظام فوج مین کرنے منظور تھے فقط اتنا ہی امر کافی معلوم ہوا کہ اکثر اہل فوج باغیون سے مل گئے اور وہ شخص وزیر صیغۂ فوج مقرر ہوا جو درپردہ باغیون کا شریک تھا مگر محمد سمیع کے کہنے سُننے سے باغی کرنیلون کے خیال مین یہ آیا کہ جتنی بات ہم سوچے تھے اُس سے بھی زیادہ کرنا چاہیے - اور جب ہم باغی بن چکے اور بغاوت مین کامیاب ہو کر اُس قوم کو جو ہماری حاکم ہے اور زیادہ افروختہ کر دیا تو اب بمقتضاے دوراندیشی ہمکو اپنی حفاظت کی تدبیر کرنی لازم - وہ اپنے مخالفین کو خوب جانتے تھے کہ ہمارے گذشتہ قصورون کو ہرگز نہ فراموش کرینگے اور نہ اُنکو یہ امید تھی کہ جو شکست ان لوگون نے جو ملک کے حاکم و فرمانروا ہین ہمارے ہاتھ سے کھائی ہے اسکا انتقام وہ ہمسے نہ لینگے -

گورنمنٹ (مصر) سے علانیہ ایسے افعال صادر ہوے اور محمد سمیع اور اور غمخوارون سے افسران باغی کو ایسے امور کی اطلاع پوشیدہ طور سے برابر حاصل ہوتی رہی جنسے یہ ظاہر ہو گیا کہ انتظام قدیم کو از سرنو باستحکام تمام قائم کرنے کے لیے سامان ہو رہا ہے اور جن لوگون کے مقابلہ کا گمان ہے اُنکو عہدون سے معزول کرنے کی فکر ہو رہی ہے البتہ وہ باغی کرنیل اور اُنکے شرکا خوب واقف تھے کہ سب سے پہلے ہمین پر وار چلیگا لہذا وہ اپنی حفاظت کا سامان مہیا کرنے لگے وہ خوب جانتے تھے کہ اب اگر خدیو اور زیادہ رعایتون کا اقرار کرے تو بھی کچھ نہوگا اور ہمارا مطلب نہ نکلیگا اور اب شر اعدا سے بچنے کی تدبیر یہی ہے کہ

ترک اور سرکاشیا والون سے حکومت نکالکر ایسے لوگون سے متعلق کرین جو بالکل ہمارے
اختیار مین ہین۔ اگر خدیو ہمارے شرائط کو قبول کریگا اور یقین ہے کہ وہ ہمارا شریک
حال بنا امید ہو جاے کہ ریاض پاشا اور نظار انگریزی و فرانسیسی کی قید اختیار
سے انکی گلو خلاصی ہو تو خیر اُسی کو ہم لوگ نام بادشاہ رہنے دینگے لیکن اگر وہ ہمارے شرائط کو
نہ منظور کریگا اور مصالحہ کیسیطرح نہ راضی ہوگا تو اُسکو معزول کرکے اور کیسیکو مسند حکومت پہ
بٹھا دینگے بہر تقدیر ریاض پاشا وزیر اعظم سے پیچھا چھڑانا واجب ہے کہ ہمارا دشمن قوی اور
ہمارے فریق مخالف کا بڑا معین و مددگار ہے۔ پس اس غرض سے فوج باغی نے
در دولت کے سامنے کھڑے ہو کر بہت کچھ اظہار اپنے غیرت کا کیا۔ اسوقت خدیو نے
ایسی بے ثباتی اور پست ہمتی ظاہر کی کہ بہت لوگون کو شبہہ ہوا کہ باغی کرنیلون سے
خفیہ سازش رکھتا ہے مگر سر آکلینڈ کالون صاحب جو اس معرکہ مین شریک رہے تھے
اور جنکو خدیو کی نگرانی کرنے کا بہت عمدہ موقع حاصل تھا یقین کرتے ہین کہ خدیو کی
ایسی بدگمانی محض بے اصل تھی۔ خیر۔ فوج باغی کے غل و شور کا نتیجہ یہ ہوا کہ وہ زبردست
اور مطلق العنان وزیر اعظم یعنی ریاض پاشا معزول ہوا اور اُسکے مقام پر شریف پاشا
وزیر اعظم مقرر ہوا جو ایک خلیق اور فرزانہ مزاج اور کامل الوجود آدمی تھا اور جسکی نسبت
گمان غالب تھا کہ باغیون کے ساتھ بہت سی رعایتین کریگا اور جو کسیطرح دشمن قوی نہین
متصور ہو سکتا تھا پس جسطرح سے مصر مین ہر قسم کے نباتات کو بہت جلد نشو و نما ہوتا ہے
اسیطرح سے یہ بغاوت بھی جو پیشتر اہل فوج کی خفیف سی نافرمانی اور روگردانی تھی بڑھتے
بڑھتے سات ہی مہینے کی مدت مین انقلاب سلطنت کی حد تک پہونچ گئی اور جب چند مہینے
اور گذر گئے تو ان چند افسران باغی نے پہلے تو اتنا ہی غل مچایا تھا کہ وزیر اعظم معزول کردیا
جاے اب خود سلطان روم اور تمام بادشاہان یورپ کو علانیہ خبر کہنے لگے۔

شریف پاشا کا وزیر اعظم مقرر ہونا افسران باغی اور اُنکے شرکا کے حق مین اکسیر اعظم

ہو گیا۔ اور اب اُنھون نے اپنی کارروائی کے دائرہ کو وسیع کرنا چاہا اور اُنکے ذہن مین
یہ امر خطور کر چکا تھا کہ جو تدبیر اسمٰعیل پاشا نے اپنے مخالف وزرا کو معزول کرنے کے لیے
کی تھی وہی تدبیر ہم بھی کرین کہ حب الوطن اور قومی ہمدردی کو حیلہ گردان کر اپنا مطلب
نکالین لیکن اگر انکو انھین کی عقل پر چھوڑ دیتے تو جو تدبیرین اُنھون نے کی تھین اُنکو فی
یورپ کی سلطنت ہرگز نہ پسند کرتی اور قومی سلطنت کے منصوبہ کو ایسے عملی پیرایہ مین ظاہر کرنا
جسکو سب پسند کرین اُنکو بہت مشکل ہو جاتا۔ چونکہ شریف پاشا ہمیشہ سے عقیل و دوراندیش
اور نمک حلال اور وطن دوست مشہور تھا اور سب کو اُسپر اعتبار تھا اور اُس سے الفت
رکھتے تھے لہذا اُسکی شرکت سے اس قومی تحریک کو گونہ عزت و وقار حاصل ہو گیا اور اہل
یورپ اُسکے ساتھ کچھ ہمدردی کرنے لگے اور انگریزون اور فرانسیسون کو یہ جرأت نہوئی کہ
بغاوت کے انسداد اور رفع فساد کی تدابیر فوری عمل مین لائین۔ ساتھ ہی اُسکے
شریف پاشا نے فریق کارکن کی اعانت اسطور سے کی کہ اصلاحات ملکی کا گویا ایک نقشہ
بنا کر اُسکو فوراً دکھا دیا۔ اس نقشہ مین یہ لکھا تھا کہ ایک قومی مجلس شوریٰ قائم کیجاے
اور اُسکو شریف نے خدیو سابق کے عہد مین یہ سمجھکر تیار کیا تھا کہ اس سے کچھ تو اصلاح
اُن خرابیون کی ہو جائیگی جو انتظام ملک مین ہو رہی ہین اور اب اُسنے اس نقشہ اصلاحات
ملکی کو از سر نو اور فیاضانہ طور سے ترتیب دیا ہاین امید کہ آیندہ جو لوگ رعایا کے وکیل
امور سلطنت مین بنینگے اُنکو اس امر کی ترغیب ہوگی کہ مجلس وزرا مین جو لوگ معتمل الراے
ہین اُنکے شریک ہو کر فوج باغی کی مزاحمت و مقاومت کرین۔

ایسی ایسی ملکی بحثون کے پیدا ہونے سے اس تحریک یعنی بغاوت کی اور ہی
کیفیت ہو گئی اور اُسکی بنیاد اور زیادہ وسیع ہو گئی کیونکہ اس سے اُس مادہ آتشین
مین آگ لگ گئی جو اسمٰعیل پاشا کے عہد مین رفتہ رفتہ جمع ہوا تھا۔

اسمٰعیل کا مالی انتظام محض لغو تھا اور رعایا پر بہت ظلم اور زیادہ ستانی ہوتی تھی

اسیطرح یہ کہ غیر ملک کے لوگ افسران صیغہ مال مقرر ہوے تھے اور وہ زیادہ رعایا کو پیسے ڈالتے تھے۔ اور ان وجوہ سے مصر کے تعلیم یافتہ فرقون مین سخت ناراضی پیدا ہوئی تھی اور انکے دل مین یہ خیال آیا تھا کہ خدیو کی مطلق العنانی کو محدود و مقید کردینا چاہیے اور انگریز و فرانسیس کے پنجے سے مصر کو نکال لینا لازم ہے جو اس ملک پر محض بحیلۂ نفع رسانی اپنے ہم وطنون کی حکمرانی کر رہے ہین۔ اس عالمگیر بغاوت مین جو خدیو کی سلطنت اور غیر ملک والون یعنے اہل یورپ کی حکومت سے ہوے چند امور لائق غور ہین۔ اول تو جن نوجوان مصریون نے یورپ کے علوم حاصل کیے تھے اُنکی طبیعت مین غیر ملک والون کی تقلید سے بیہودہ آزادی پیدا ہوگئی تھی اور اُنکو یہ معلوم ہوگیا تھا کہ مصر کی سلطنت اُس معیار حکومت سے بہت بعید ہے جو اُنھون نے یورپ کے فلسفہ سیاست اور باقاعدہ حکومت کی کتابون کو پڑھکر اپنے ذہن مین قرار دے لیا تھا اور خدیو کے ہواخواہون کو اخوان الشیاطین سمجھتے تھے جنکو خودسری اور مطلق العنانی کا ڈھنگ بھی نہین معلوم تھا اور اُنکو یقین ہوگیا تھا کہ ان خرابیون کے انسداد و ملک کو تباہی سے بچانے کی صرف یہی تدبیر ہے کہ رعایا کو امور سلطنت مین مداخلت تامہ بخشی جاے اور قائم مقامی رعایا کا اصول جاری کرکے خدیو کی خودسری و مطلق العنانی مقید کردی جاے اور گورنمنٹ کی قانون سازی اور عاملانہ اور عدالتانہ کارروائیان علٰحدہ علٰحدہ کردی جائین۔ دوم یہ کہ انگریز اور فرانسیس کے اختیار کی نسبت لوگون کو سخت مخالفت تھی کہ اب اُنکا اختیار خود خدیو توفیق پاشا پر حاوی ہوگیا تھا۔ اس مخالفت کے مختلف وجوہ ہوے تھے تعلیم یافتہ لوگ تو انگریزون اور فرانسیسون کی یہ مذمت کرتے تھے کہ اُنکو صرف ٹیکس وصول کرنے سے کام ہے اور امور مالی و ملکی و انتظامی کی اصلاح پر خاک توجہ نہین کرتے۔ اور مالکان اراضی اُنسے اسلیے بیزار تھے کہ قانون ازالے قرضہ جو اُنھون نے جاری کیا اُسمین یہ عیب تھا کہ اُسکے روسے قرضہ جبریہ جو مقابلہ کے نام سے مشہور ہے

مسنوخ ہوگیا تھا اور غیر ملک کے باشندے تنخواہون کی خاطر سے اُنکے (مالکان اراضی کے) منصفانہ حقوق نسبت معاوضہ پانیکے ضائع کردیے گئے تھے۔

مصری اہل کاران سلطنت اور اُس فرقہ کے لوگ جو اسمٰعیل پاشا کی فضول خرچی سے موٹے ہوگئے تھے انگریز اور فرانسیس کی مداخلت سے اسوجہ سے جلتے تھے کہ انکو رشوت ستانی کا موقع کم ملتا تھا اور اکثر بڑی بڑی تنخواہون کے عہدے غیر ملک کے لوگون کو دیے جاتے تھے اور سرکاری روپیہ بیہودہ باتون مین نہ اُڑنے پاتا تھا اور عوام الناس کو اُنسے اس سبب سے نفرت تھی کہ وہ سمجھتے تھے کہ انھین کی وجہ سے غیر ملک والے ہمارے ملک کا روپیہ ناحق کھائے جاتے ہین۔ الغرض انگریز و فرانسیس کی مداخلت کے وہ سب لوگ دشمن تھے جنکو حب الوطن اور اسلام کی محبت دامنگیر تھی کیونکہ وہ اسکو ایک خطرناک ملکی آلہ و فتنہ پرداز عیسائی سلطنتون کے ہاتھ مین سمجھتے تھے جیسے انگریزی عملداری جزیرہ سائپرس (صنوبر) مین ہوگئی تھی اور صوبہ تیونس فرانسیسون کے اختیار مین آگیا تھا اسوقت سے اکثر لوگون کو یقین ہوگیا تھا کہ یہ دونو سلطنتین یا انمین سے ایک چندہی روز مین مصر کو بالکل لے لینے کی کوشش کریگی۔

یہ مادہ فتنہ افروختہ ہو رہا تھا کہ ۲۲ دسمبر ۱۸۸۱ء کو مجلس وزرا منعقد ہوئی جو شخص مصر کی کیفیت سے بخوبی آگاہ تھا وہ یہ دور اندیشی کرسکتا تھا کہ جس فرقہ کو رعایا کی مشارکت منظور ہے وہ صرف اسپر اکتفا نکریگا کہ خدیو کی مطلق العنانی قانونی قیود سے مقید کردی جاے بلکہ یہ بھی استدعا کریگا کہ غیر ملک والے ہمارے امور مین بالکل مداخلت نہ کرنے پائین۔ پس اگر انکی یہ استدعا قبول کرلی جاے تو یورپ کی سلطنتون سے خواہ مخواہ فساد پیدا ہوگا مگر یقین کرنے کی وجہ موجود تھی کہ یورپ کی سلطنتون کے باہمی حسد و نفاق سے جدال و قتال کی نوبت نہ آنے پائیگی۔ جب جواب اُس خواہش کے جو خدیو نے ابتداے بغاوت مین کی تھی سلطان روم نے اپنی فوج ترک کو اسکندریہ

مین بھیجنے کا سامان کیا اُسوقت انگریز اور فرانسیس مانع ہوے تب سلطان روم
نے علی نظامی پاشا اور علی فؤاد بے کو کمشنران سلطانی مقرر کرکے القاہرہ
مین بھیجا اُسوقت بھی وزرائے انگلستان و فرانسیس نے دو جنگی جہاز بحر مصر مین بھیجکر
خدیو سے کہلا بھیجا کہ اگر سلطان روم کے سفیر مداخلت بیجا آپ کے امور مین کرینگے
تو ہم آپ کی کمک کرینگے تھوڑی ہی مدت کے بعد ان دونون سلطنتون نے اہل مصر
کی تخویف شروع کی اور اپنے سفیرون کی معرفت یہ کہلا بھیجا کہ ہم دونون بالاتفاق
یہ بات قرار دے چکے ہین کہ تمام اُن اندرونی اور بیرونی فسادات کا انسداد کرینگے
جو انتظام موجودہ مین مخل ہین اور جو بلا خدیو کی حکومت پر نازل ہوگی اُسکو ہم دونون
ملکر دفع کرینگے مگر اس مردانہ کلام سے وہ اثر نہ پیدا ہوا جسکا گمان تھا اور اُسکی وجہ
ظاہر ہے کہ انگلستان اور فرانس دونون ملکون کے وزرا نے یہ دھمکی تو دے دی مگر قصد
مصمم اُنکا نہ تھا کہ اگر ضرورت ہوگی تو زبردستی بھی کرینگے اور جب اُنکو یہ معلوم ہوا کہ ہماری
تخویف فوج باغی کے اشتعال طبع کا باعث ہوئی ہے تو اُنھون نے چاہا کہ اُسکے اثر کو
کم کرین تاکہ مصالحہ کی گنجایش باقی رہے۔ سرداران فوج باغی نے اپنی مشرقی ذہانت
و فطانت کو کام فرماکر اُن واقعات کو ضعف کی دلیل قرار دیا اور اُنکی اس
راے کی تائید اُنکے صلاح کارون نے کی اور اُنکو اس بات کا یقین دلایا کہ انگلستان
اور فرانس نے جو دھمکی دی ہے اُسکو گیدڑ بھبکی سمجھے اور ان دونون سلطنتون کے
وزرا مین کبھی اتفاق نہین ہوا بلکہ ہمیشہ ایک دوسرے پر خار کھاتے ہین اور اس
قومی تحریک سے جو مصر مین ہوئی ہے انگلستان کی رعایا ہمدردی رکھتی ہے اور
آخر کو گورنمنٹ فرانس بھی اسکی تائید کریگی اور اگر یہ دونون سلطنتین باتفاق یکدیگر
کارروائی کرنے کا قصد کرینگی تو یورپ کی مشرقی سلطنتین انکو دست اندازی
کرنے سے مانع ہونگی۔ اس قول کی تائید اس امر سے ہوئی کہ جرمنی اور آسٹریا اور روس

اور اطالیہ نے ممانعت کی کہ کوئی غیر قوم مصر کے معاملات مین بے ہماری اجازت کے دست اندازی نہ کرے لہذا سلطان روم کو یہ کہنے کا موقع ملا کہ ہمنے یورپ کی سلطنتون کو اپنے موافق اور اپنی حفاظت پر آمادہ کرلیا ہے اور فرانس و انگلستان کے مخالف بنا دیا ہے —

جن لوگون نے سرداران فوج باغی کو یہ سمجھایا کہ غیر ملک والون کی دست اندازی کا کچھ اندیشہ نکرو انمین سے دو انگریز بھی ہین جو اتفاقاً اُس زمانہ مین القاہرہ مین تھے یعنے سر ولیم گریگری اور مسٹر ولفرڈ بلنٹ - سر ولیم گریگری کو تو مصر کی رعایا کے ساتھ صرف اسوجہ سے ہمدردی تھی کہ وہ سمجھے تھے کہ یہ لوگ ملکی آزادی اور عمدہ حکومت قائم کرنے کے لیے دل سے کوشش کر رہے ہین - مگر مسٹر بلنٹ کو اور ہی قسم کے باریک مضامین فوج باغی کی حمایت کا باعث ہوے تھے - اُنھون نے اسلام کے حالات ماضیہ اور کوائف موجودہ سے یہ نتیجہ نکالا تھا کہ اسلام مین بہت بڑی اصلاح ہونے والی ہے اور اُس اصلاح کا مرکز مصر ہوگا اور اُنکے ان خیالات کی تصدیق اس امر سے ہوئی کہ ایک ایسا قومی فریق مصر مین پیدا ہوا جسکو یہ بات ثابت کردینی منظور تھی کہ اصول دین اسلام ظاہراً و باطناً دنیاوی ترقی اور ملکی اصلاح کے منافی ہرگز نہین ہین اور چونکہ بلنٹ صاحب کو اپنے مسلمان دوستون کی لیاقت سے یقین تھا کہ جو بات وہ سوچے ہین اُسکو کر دکھائینگے لہذا اُنھون نے اُنکو تاکید کی کہ خبردار اسی راہ پر چلے جانا اور زلت یعنے لغزش قدم نہ گوارا کرنا

القصہ جب عربی پاشا کو کسیقدر اطمینان ہوگیا کہ غیر ملک والے ہمارے معاملات مین دخل نہ دینگے تو اُسنے اور اُسکے دوستون نے چاہا کہ باقاعدہ حکومت کا حیلہ کرکے اس ملک پر حکمرانی کرین اور غیر ملک والون کی نگرانی کو اُن تدابیر سے محدود کردین جنکو وہ موجب اس معاہدہ قومی کے جو ہمارے اور اُنکے درمیان ہوچکا ہے مصر کے قرضخواہون کے حفظ حقوق کے لیے عمل مین لائین اُنھون نے شریف پاشا سے جب یہ عہد کرلیا

تھا کہ ہم مصر کے امور سلطنت مین دست اندازی نہ کرینگے اور ملکی امور کا تصفیہ مجلس صنادید
کی راے پر موقوف رکھینگے تب اُسنے وزارت قبول کی تھی مگر فی الواقع مجلس صنادید جو اُسکے
قابو مین تھی کہ جس کل چاہتے تھے اُسکو بٹھا دیتے تھے اور اُسکو اپنی خواہشون کے اظہار کا
آلہ گردانا تھا سب سے زیادہ اہم خواہشین اُنکی یہ تھین کہ وزرا مجلس صنادید کے
تابع فرمان اور اُسکے جواب دہ کُل امور مین رہین اور سفیران انگریز و فرانسیس کا اختیار
آیندہ سے صرف اُس خراج ملکی پر محدود رہے جو بطور زر رہن بمعاوضہ قرضہ سرکاری معین
کر دیا گیا ہے۔ یہ بمنزلہ اسکے تھا کہ اُنھون نے فرانس اور انگلستان سے یہ کہا کہ اگر کچھ دعوے
ہو تو بسم اللہ ہمسے لڑلو پس سر ایڈورڈ مالٹ صاحب سفیر انگریزی نے لڑائی کی تیاری
کر دی صاحب موصوف اس معرکہ کی ابتدا سے خدیو کے مشیر و معتمد علیہ رہے تھے اور
خدیو کو یہ مشورہ دیتے رہے تھے کہ باغیون کے ساتھ واجبی رعایتین کیجیے اور مصالحہ مین
دریغ نہ کیجیے۔ مگر اب اُنکو بھی سر آکلینڈ کالون صاحب کیطرح جو انگلستان کی طرف سے
مصر مین ناظر تھے اس امر کا یقین ہو گیا کہ گروہ باغی کا مقصود اصلی یہ ہے کہ غیر ملک والون کا
دخل ہمارے ملک مین مطلق نہ رہے لہذا اب اُنکے ساتھ اور رعایتین یا مصالحہ کی
تدبیرین کرنا بیکار ہے اور اب بے لڑے کچھ چارہ نہین ہے اور اسمین تاخیر کرنا مناسب
نہین ہے حتی الامکان عجلت کرنی چاہیے تاکہ بدنظمی اور طوائف الملوکی کو بہت طول
نہ کھینچ جاے۔ شریف پاشا کی بھی یہی راے ہوئی اور اُسنے آزردہ خاطر ہو کر استعفا دیدیا
اور اُسکی جگہ پر محمود سمیع وزیر اعظم ہوا جسنے اخفا کو بالاے طاق رکھدیا اور قومی گروہ سے
علانیہ مل گیا اور وزیر صیغہ جنگ کا عہدہ عرابی پاشا کو دیا گیا اور دیگر عہدہاے وزارت
اور اشخاص کو دیے گئے جو گروہ مذکور کے ساتھ ہمدردی رکھتے تھے پس یہ اول مرتبہ
ایسی مجلس وزرا مقرر ہوئی جسمین سب لوگ ہم جنس اور ہم مشرب اور فریق باغی سے تھے
الغرض سرداران گروہ قومی نے پالا مار لیا مگر وہ چھوٹے چھوٹے جبر کے

سرکاشیا کے رہنے والے افسرون کے جو در اصل اُن سرداران فلاحین کے دشمن تھے سیر و نجات مین اسوقت موجود تھے اور کچھ ضرر اُنکو نہ تھی گو وہ باعتبار تعداد کے یا اور کسی اعتبار سے ایسے نہ تھے جنسے کچھ اندیشہ کا مقام تھا تاہم اُنسے یکبارگی اور ہمیشہ کے لیے پیچھا چھڑانا مناسب سمجھا گیا لہذا اُنکو گرفتار کرکے یہ الزام اُنپر لگایا کہ عرابی پاشا کے قتل پر آمادہ تھے اور اب عرابی امارت بلکہ پادشاہت کی لینے لگا اُنکی تحقیقات سرسری بذریعہ کورٹ مارشل کی گئی اور یہ بھی منقول ہے کہ اُنکو سخت اذیت دی گئی اور اُنکے دشمنون نے اُنکو سرکاری نوکری سے برطرف کرکے کالے پانی بھیجدیا جہان سے مثل مشہور ہے کہ کوئی زندہ پھر کر نہین آتا۔ اس خودرایانہ حرکت کی شکایت کرنا سفیران انگلستان و فرانس اپنا فرض سمجھے جیسا اُنھون نے پہلی بغاوت کے بعد عرابی اور اُسکے شرکا کے باب مین بھی ایسی ہی شکایت کی تھی پس اب تو خدیو اور اُسکے وزرا مین علانیہ جنگ ہونے لگی جسکا نتیجہ یہ ہوا کہ انگریزی اور فرانسیسی فوج بحری نے جنگی جہاز تیار کرکے عزم رزم ظاہر کیا۔

یہ اظہار عزمیت جنگ جو ان دونون سلطنتون کی طرف سے ہوا ایک قسم کا مصالحہ درمیان گورنمنٹ انگلشیہ اور گورنمنٹ فرانس کے تھا کیونکہ گورنمنٹ انگلشیہ یہ نہ چاہتی تھی کہ ترکون کی فوج آکر اس عقدہ کو حل اور اس مہم کو سر کرے اور گورنمنٹ فرانس کو یہ منظور نہ تھا کہ ترکون کی فوج مصر کی زمین پر قدم رکھے کہ مبادا صوبہ ٹیونس مین آتش فساد افروختہ ہو جاے شاید لمحہ بھر کے لیے تو اس اظہار عزمیت جنگ سے کچھ مطلب برآری ہوئی اور اسکی وجہ سے سرداران گروہ قومی مین ہلچل پڑ گیا اور وہ خدیو سے مصالحت اور عفو قصور کے ملتجی ہوے مگر یہ اثر لحظہ ہی بھر باقی رہا اور فوراً معلوم ہو گیا کہ بیس جہازون سے زیادہ نہین ہین اور انپر بھی فوج نہین ہے اور سلطان روم اس حملہ مین شریک نہین ہوے ہین بلکہ اسکی شکایت کی ہے پس اب تو گروہ قومی پھر شیر ہوگیے

بھی زیادہ قوی و توانا ہوگیا اور یورپ والون کی کچھ ہستی نہ سمجھتا تھا یہانتک کہ جب سفیران انگلستان و فرانس نے باصرار کہا کہ وزرا سے استعفا لو اور تینون کو بنایا ان کو القاہرہ سے نکالدو ورنہ تمہارے حق مین برا ہوگا تو اُنکو صاف جواب دیا کہ یہ ہرگز نہوگا - اسمین شک نہین کہ وزرا نے فوراً استعفا دیدیا مگر اس دھمکی مین آکر استعفا نہین دیا بلکہ اس حیلہ سے دیا کہ خدیو نے انگریز اور فرانسیس کی تجویز آخری کو بے ہماری منظوری کے خلاف قاعدہ کیون قبول کرلیا اور چند روز کے بعد خدیو کو دھمکا کر عربی پاشا کو اپنے عہدہ پر بحال کرالیا - اب وہ برائے نام وزیر صیغہ جنگ تھا مگر فی الحقیقت مالک الملک تھا تجویز آخری متذکرہ بالا مین انگلستان اور فرانس نے یہ ظاہر کیا تھا کہ ہم اپنی درخواست کو بے منظور کرائے نہ چھوڑینگے مگر اُنکی درخواست نہین منظور ہوئی یا اقل مراتب یہ کہ لیت و لعل مین پڑی رہی - یہ بات تو ایسی تھی کہ فوراً بزور شمشیر قبول کرالی جاتی مگر نہ گورنمنٹ انگلشیہ اسوقت جنگ آزمائی پر تیار تھی اور نہ گورنمنٹ فرانس - فرانس مین ایم گیمبٹا جو لڑائی کی تاکید کیا کرتا تھا اب مدار المہام سلطنت جمہوری نہ باقی رہا تھا اور اُسکا جانشین ایم ڈی فرسیٹی ڈرتا تھا کہ مبادا اس معرکہ مین قدم رکھنے کا وہی انجام ہو جو ٹیونس مین ہوا اور انگلستان بھی ابتک اس بات پر تیار نہ تھا کہ مصر مین جنگ حقیقی یا جنگ زرگری اختیار کرے - لہذا انگلستان اور فرانس دونون سلطنتون کے وزرا نے یہ امر قرار دیا کہ سلطان روم سے کہا جائے کہ ایک خاص کمیشن القاہرہ مین اس غرض سے بھیجین کہ حتی الامکان فریق باغی کو روکے رہے اور یورپ کی سب بڑی بڑی سلطنتون کو یہ پیام بھیجا گیا کہ مصر کے معاملہ مین غور کرنے کے لیے ایک یورپین کانفرنس یعنے سفیران یورپ کی مجلس شوری منعقد کیجاے -

سلطان روم نے جو کمیشن مقرر کی وہ بھی ویسی ہی بیکار ہوئی جیسی انگلستان اور فرانس نے اظہار عزمیت جنگ کیا تا کچھ بھی نہوا - بلکہ فی الواقع ایک تدبیر دوسرے کے

زور کو روکے رہی - کیونکہ حضرت سلطان المعظم کو انگریزوں اور فرانسیس کی حکومت کو مصر مین قوت بخشنا نہین منظور تھا بلکہ یہ منظور تھا کہ پہلے اُسکی روک کی کچھ تدبیر کیجائے بعد اُسکے اُسکا استیصال کلی کر کے اپنی حکومت اس ملک مین قائم کرین انگلستان اور فرانس نے سلطان کی مداخلت کو کیا قبول کیا کہ گویا اپنی شکست کھانے کا اقرار کر لیا اور گویا صدہا فسادات کا دروازہ کھول دیا سلطان نے اس موقع کو ہاتھ سے نہین جانے دیا اور دوہری چال چلے گویا اس مثل پر عمل کیا کہ میرے دونون میٹھے کمشنر اول درویش پاشا کو باب العالی سے یہ ہدایت ہوئی کہ خدیو کی حمایت کرنا اور اگر ممکن ہو تو سرداران فوج باغی کو تنبیہ و تخویف کرنا اور کمشنر دوم احمد سعید پاشا کو یہ ہدایت ہوئی کہ عربی اور اُسکے شرکا کی دلجوئی کرنا اور اُنکو یہ سمجھانا کہ سلطان تمھارے بڑے دوست صادق ہین اور کمشنر سوم سے ارشاد ہوا کہ تم ان دونون کمشنرون کی حرکات و سکنات کی گوئندہ گری کرنا اور خود کمشنر سوم کے افعال کی نگرانی کے لیے ایک سکرٹری مقرر ہوا جو دار الخلافت قسطنطنیہ مین برابر پوشیدہ خبرین بھیجتا تھا الغرض یہ کمیشن سلطان عبد الحمید کی مخصوص حکمت عملی کا ایک عجب کرشمہ تھا اور باوجودیکہ اس کمیشن کی ترتیب مین مشرقی جودت و فطانت بہت ظاہر کی تھی تاہم یہ بالکل ناکام رہی - کتر سرکاری کاغذات ایسے مضحک ہین جیسے وہ اخبارات ہین جو ممبران کمیشن سلطان کو پوشیدہ طور سے بھیجا کرتے تھے - وہ سب ایک دوسرے کے خلاف کارروائی کرتے تھے اور ایک دوسرے کی شکایت کر رہا تھا جس شخص کو اس کمیشن سے کچھ فائدہ ہوا وہ منجملہ کمشنران کے ایک چیف کمشنر تھا جو قریب چار لاکھ روپیہ کے بخشش کے نام سے صاف اُڑا لیگیا اور حالانکہ اپنے شرکا سے قسم کھا چکا تھا کہ تم سب کو اسمین برابر حصہ دونگا مگر ساری رقم آپ ہی ہضم کر گیا اور چیف کمشنر کے ماتحت دو دو کمشنر تھے اُنھون نے استاربرقی کی کنجیان جسکے ذریعہ سے سلطان

اور کمشنران مین نامہ و پیام ہوا کرتا تھا دو ہزار اور چار ہزار روپیہ کو بیچ ڈالین۔

اس کمیشن کے افعال سے یہ ثابت ہوگیا کہ سلطان اس بات کو ہرگز نہ منظور کرینگے کہ انگلستان اور فرانس مصر کے معاملات مین بذریعہ فوج دست اندازی کرین مگر اب یہ اندیشہ تھا کہ شاید سلطان انکو ایسی مداخلت سے باز نہ رکھ سکین یا یہ کہ انکو باز رکھنے کے لیے وہ خود اپنی فوج بھیجدین - یہ دونون احتمال سرداران گروہ قومی کو بدرجہ مساوی ناگوار تھے پس ان دونون کے انسداد کی تدبیر کرنی لازم ہوئی اور فوج کشی برابر ہونے لگی اور عوام کالانعام کو جو اسوقت تک اس تحریک سے علٰحدہ رہے تھے شریک کر لینے کی کوشش ہونے لگی تاکہ انگلستان اور فرانس خوف زدہ ہوکر مداخلت سے باز آئین جو وسائل اس مقصد کے لیے قرار دیے گئے تھے انمین بخوبی صلاحیت نتیجہ مطلوبہ پیدا کرنے کی تھی - کل دوآبہ مصر مین اور اکثر حصہ وسط مصر مین بھی فلاحین یونانی اور شامی مہاجنون کے نہایت مقروض تھے لہذا ان غیر ملک والون سے دیہات کے دیہات کو فروخت کر دینا پڑا تھا - صد ہا قاصد سارے ملک مین ہر سمت دوڑا دیے گئے کہ کسانون سے کہتے پھرین کہ عربی پاشا نے تمھارے قرضہ کو منسوخ کر دیا ہے اور وہ تمکو ظالمون کے شر سے بچا لینگے - ان ہی قاصدون نے عوام الناس کے مذہبی خیالات کو برانگیختہ کیا اور ہر طرف یہ صدا بلند ہوئی کہ اسلام پر بلا نازل ہوئی ہے اے مسلمانو حامی دین بنو حضرت سلطان المعظم کی مدد کرو اور اپنے ملک کو کفار ناہنجار کے حملے سے بچاؤ جو تمھین لوٹے لیتے ہین اس استغاثہ سے کسانون کی حرص اور حرارت مذہبی کو ایسا برافروختہ کر کے گروہ قومی نے اپنے شرکا کی تعداد بہت زیادہ کر لی۔

عوام الناس کی حرارت مذہبی جو اس طور سے افروختہ کی گئی تھی اُسکا ظہور گیارہ جون کو اسکندریہ کے قتل عام مین ہوا - بس اسوقت سے فوج کے ذریعہ سے دست اندازی کرنی ضرور ہو گئی مگر یورپ کے بعض ارباب سیاست کو اب تک یہ امید باقی تھی کہ شاید

نامہ و پیام سے لڑائی رک جائے اور اس غرض سے ایک مجلس مشورے سفیران یورپ کی دار الخلافت قسطنطنیہ میں منعقد ہوئی۔ ہر چند یہ مجلس بھی لڑائی کو نہ روک سکی مگر اس سے اتنا فائدہ تو ضرور ہوا کہ یورپ کی سلطنتوں کا کردار اور حکمت عملی مصر کے جھگڑے کی نسبت بخوبی عیاں ہو گئی لہذا اسکی کارروائی جو قلمبند ہوئی ہے اگرچہ وہ قلیل ہے تاہم لائق غور ہے کیونکہ اسمیں بعض چیدہ باتیں ایسی لکھی ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ آئندہ مصر کے معاملہ میں کیا کرنا چاہیے۔ اس مختصر تاریخ مصر میں اس سے زیادہ گنجایش نہیں ہے کہ کچھ کیفیت ضروری مجلس مذکور کی بیان کیا ہے۔

جب یہ کانفرنس یعنے مجلس مشورے منعقد ہوئی تھی اسوقت گورنمنٹ انگلشیہ کو یہ گمان نہ تھا کہ ہم اس معرکہ میں بجاے خود کچھ کارروائی کرنے پاوینگے لہذا گورنمنٹ موصوف نے ان گتھیوں کے سلجھانے کے لیے جو انگریزوں اور فرانسیس کی بالمشارکت فوج کشی کرنے سے پیدا ہوتیں یہ عاقلانہ فعل کیا کہ سلطان سے استدعا کی کہ اپنی ترکی فوج کو بھیجکر مصر کے فساد کو دفع کیجیے۔ چنانچہ لارڈ ڈفرن سفیر انگریزی نے پہلے ہی جلسہ میں اس مضمون کی تحریک پیش کی اور اسکے اصول کو سب نے بالاتفاق قبول کر لیا کہ اسمیں کچھ قباحت نہیں ہے مگر اس باب میں کچھ اختلاف پیدا ہوا کہ کن الفاظ سے سلطان کو لکھا جاے کہ اپنی فوج مصر میں بھیجدیجیے۔ آسٹریا کا سفیر چونکہ سلطان عظم کی دست اندازی کو انگریز و فرانسیس کی مداخلت سے اولی و افضل سمجھتا تھا اور قطع نظر مصر کے جھگڑے کے دیگر مصالح سے بھی سلطان عظم کو راضی رکھنا چاہتا تھا لہذا اس بات پر مصر ہوا کہ جہان تک ممکن ہو کوئی ایسا امر وقوع میں آئے جو سلطان کو ناگوار گذرے فرانسیس کے سفیر نے برخلاف اسکے یہ کوشش کی کہ سلطان کو جو خط لکھا جاے اسمیں ایسے شرائط اور قیود درج کیے جائیں کہ یا تو سلطان اسکو منظور ہی نہ کریں یا یہ ثابت ہو جاے کہ وہ خود شہنشاہ نہیں ہیں بلکہ صرف بادشاہان یورپ کے ایلچی ہیں سفیر

فرانسیسی کا یہ کردار گورنمنٹ فرانس کی قدیم حکمت عملی کے بالکل موافق تھا جسکا مآل
یہ تھا کہ شمالی افریقیہ مین سلطان کی حکومت نہ جمنے پائے تاکہ فرانس کو وہان اپنا اقتدار
بڑھانے اور بستیان بسانے کا موقع ملے اور جسوقت اس حکمت عملی کو بحال رکھنے
کے خاص وجوہ موجود تھے کیونکہ اگر ترکون کی فوج مصر مین چلی آتی تو فرانس کی آبرو مین
بٹہ لگتا بلکہ مزید برآن یہ ہوتا کہ فرانس کی عملداری مین وہ بغاوت ہوتی جو ٹونس کے صح
ایک حادثہ سے اُن قبائل عرب مین پیدا ہوئی تھی جو فرانس سے بیزار تھے لاکن چونکہ انگلستان
سے اتفاق ظاہری اور یورپ کی او سلطنتون کو رضی و خوشنود رکھنا ضرور تھا
لہذا سفیر فرانسیسی کو کچھ باتین قبول کرلینی پڑین اور آخر الامر اطالیہ کے سفیر کی کوشش سے
جو پریسیڈنٹ یعنے میر مجلس اور دلال دونون کا کام کرتا تھا مصالحہ ہوگیا بعض اور قیود قو
لگائے گئے مگر انکو بہت رنگ کے بیان کیا تاکہ کسی کو ناگوار نہ معلوم ہون۔

جب نامہ حضرت سلطان روم کو پہونچا تو انکو بڑی حیرت ہوئی کہ اب کیا کرین۔
ہم اُس سلطنت عثمانیہ کے شاہنشاہ ہین جو جابجا پھیلی ہوئی ہے پس ہمکو لازم ہے
کہ مصر مین بلا تاخیر فوج بھیجین کیونکہ اگر اس بغاوت سے کچھ تعرض نکرینگے تو شاید آتش
فتنہ و فساد ساحل دریائے نیل سے گذر کر حجاز و عراق و شام تک پہونچ جائے اور جن
مین جہان کے باشندے عرب ہین اور ترکون کی حکومت سے بیزار ہین یہ آگ لگ جائیگی
لکن اگر ہم فوج کے ذریعہ سے مصر پر فوراً قبضہ کرلین تو یہ غدر معاً رفع ہوجائیگا اور کیا عجب
ہے کہ ہماری سلطنت جو اس ملک مین صرف برائے نام ہے بدلکر واقعی حکومت ہوجاے
اور وہان کے انتظام مین ہمکو دخل کامل ہوجاے۔ مگر سلطان عبدالحمید دولت عثمانیہ کے
صرف بادشاہ مجازی ہی نہین ہین بلکہ اُنھون نے اپنے اسلاف سے خلیفہ کا خطاب پایا
اور اُنکو یہ حوصلہ ہے کہ اس خالی خولی خطاب کو سچا بنا کر دکھا دین۔ جو وقار ظاہری انکو
دیگر بلاد اسلام مین حاصل ہے اُسکو وہ اسقدر عزیز رکھتے ہین جیسی اپنی عملداری کے انتظ

اپنی حکومت دنیاوی کو دوست رکھتے ہین اور حکومت دینی و دنیوی دونون کو بڑھانے اور مستحکم کرنے کی کوشش بلیغ وہ کیا کرتے ہین - الغرض - چونکہ انکو اس درویہ حکمت عملی کا تتبع کرنا پڑتا تھا لہذا وہ مصر مین انقلاب سلطنت کو دیکھکر سخت حیران و پریشان ہوئے ممکن تھا کہ وہ سر باغی یعنے عربی پاشا گرفتار ہوکر قتل کیا جاتا اور سوائے اُسکے دوست آشناؤن کے کوئی اُسکا پرسان حال ہوتا کیونکہ بحیثیت سردار گروہ قومی کے عربی کو صرف مصر مین یا قبائل عرب مین رسوخ و اقتدار حاصل تھا مگر بحیثیت مجاہد فی سبیل اللہ سب مومنین چاہے کسی قوم و قبیلے سے ہون اسکا احترام کرتے تھے پس کیونکر ہوسکتا تھا کہ سلطان روم خلیفہ وقت ہوکر کفار نابکار کے ہاتھ سے ایسے مجاہد اور محب وطن کو حاکرتے اور اسکو نصاری کے ہاتھ اور ذلت بیجا سے نہ بچاتے - اگر سلطان ایسی بیدینی اختیار کرتے تو کل گروہ علمائے اسلام از صوبہ مراقش تا مملکت بخارا انکو کافر بنا دیتا اور اُنکے فتاوائے تکفیر کی تصدیق خود شریف مکہ کرتا جسکی نسبت یہ شبہہ تھا کہ سرداران گروہ قومی سے درپردہ سازش رکھتا ہے - اقل مراتب چند علمائے ثقات کو تو یہی گمان تھا اور سلطان کو ایسے حملہ مین شرکا منظور نہ تھا - ہنوز سلطان کی کوئی رائے اس مقدمہ مین نہ قائم ہوئی تھی کہ گورنمنٹ مصر اور انگریزی امیر البحر مین لڑائی ہو گئی جس سے زمانہ کا رنگ بدل گیا اور جسکا نتیجہ یہ ہوا کہ اسکندریہ پر گولہ باری ہوئی اور وہ شہر تباہ و برباد ہوگیا -

اس واقعہ عجیب کو دیکھکر لارڈ ڈفرن نے اپنے ہم منصب ممبران کانفرنس کو اس امر سے مطلع کیا کہ اب ہماری گورنمنٹ کو مصر سے بغاوت دفع کرنے مین اس سے زیادہ دخل دینا پڑیگا جتنا اُسکا ارادہ پیشتر تھا اور لارڈ گرانول نے جو انگلستان مین وزیر صیغہ دول خارجیہ تھے موافق اس قاعدہ کے جو اسوقت تک مرعی ملحوظ رہا تھا گورنمنٹ فرانس کو لکھا کہ ہمارے ساتھ شریک ہوکر مصر مین کارروائی کرو جیسا ابتک ہمارا تمھارا دستور رہا ہے مگر فرانس نے اسمین تامل کیا اور اُسکے پس و پیش

کرنے سے نا واقف آدمیون کو بڑا تعجب ہوا - اگرچہ چند مہینے پیشتر فرانس کو یہ پیام بھیجا جاتا
تو اسکو بسر و چشم منظور کر لیتا مگر اس عرصہ مین فرانس کے ارباب سیاست کے خیالات
مین تغیر عظیم واقع ہوا تھا کیونکہ ٹیونس پر جو فرانسیسی فوج نے چڑھائی کی تھی اُسکے حالات
کچھ ایسے منکشف ہوے تھے کہ اہل فرانس کو سب قسم کے ملکی مخمصون سے نفرت
کلی ہو گئی تھی اور اب وہ نفرت اسوجہ سے اور زیادہ ہو گئی کہ اُنکو ہر وقت یہ وسوسہ
رہتا تھا کہ بسمارک فرانس کو غیر ملکون سے اسلیے لڑوا رہا ہے کہ اُسکو غافل پاکر مشرقی
سرحد پر حملہ کرے اور اب فرانس کا مدار المہام کوئی ایسا زبردست آدمی نہ تھا جو اُسکے
اقتدار کو شمالی افریقہ مین قائم رکھتا اور وزراے فرانس کو اپنی مرضی کا تابع بنا لیتا
نہایت معتبر ذریعون سے یہ خبر ملی تھی کہ ساٹھ ہزار آدمی کی فوج سے کم لیکر مصر پر چڑھائی
نہ کرنی چاہیے اور ایم ڈی فریسنی مدار المہام سلطنت جمہوری فرانس خوب جانتا تھا کہ
ایسا صعب مہم سر کرنے کی اجازت مجھکو نہ ملیگی - لہذا اُسنے کونسل وزراے فرانس سے
صرف ایک رقم قلیل کی منظوری طلب کی جو اسلیے کافی ہو کہ نہر سویز کی حفاظت کرنے
مین انگلستان کی شرکت براے نام ہو جاے - یہانتک کہ اُسنے اقرار بھی کر لیا کہ ہماری فوج
جہاز سے نہ اُتریگی مگر اسکی اس معتدل درخواست کی بھی فریق مخالف نے تردید کی اور
آخر الامر کونسل وزرا کے غلبہ آرا سے یہ درخواست نامنظور ہوئی جب فرانس خود اُس
منصب سے باز آیا جو مصر مین اُسکو حاصل تھا تو امداد کا پیام اطالیہ کو بھیجا گیا اور اطالیہ کا　سنہ ۸۱
انکار بھی دیکھنے والون کو ویسا ہی تعجب ہوا جیسا فرانس کی کیفیت ملاحظہ کرکے
ہوا تھا اُنکو یہ گمان تھا کہ اطالیہ کی سلطنت چونکہ چند سال کے عرصہ سے افریقہ شمالی مین
فرانس کی رقابت پر مصر رہی ہے اور ٹیونس سے نکال دیے جانے کا اُسکو اب تک صدمہ
ہے لہذا وہ اس موقع کو غنیمت سمجھکر فرانس کو مصر سے نکال باہر کریگی کیونکہ جب انگریز
و فرانسیس کی نظارت مصر مین قائم ہوئی تھی تو ان دونون نے اطالیہ کو اس ملک سے خارج

کر دیا تھا یہ قیاس بظاہر صحیح معلوم ہوتا تھا مگر واقعات سے اسکی تصدیق نہیں ہوئی
اس عرصہ میں نئی نئی باتیں وقوع میں آتی تھیں مصر میں جو یہ قومی تحریک ہوئی تھی یعنے
رعایا بگڑ گئی تھی تو اہل اطالیہ کو اسکے ساتھ بڑی ہمدردی پیدا ہوئی تھی اور جب انکو یہ
معلوم ہوا کہ جو قوم (فرانسیس) افریقہ شمالی میں ہمارے (اطالیہ والون کے) رقیب ہے
وہ بھی منجملہ اُن ظالمون کے ہے جنھون نے بیچاری مصر کی رعایا کو ستایا ہے تو انکو اور
زیادہ جوش ہمدردی پیدا ہوا اگرچہ جب فرانس اہل مصر کا ظالم بننے سے باز آیا تو اطالیہ
اسکی جگہ پر ظالم بننا مناسب نہ تھا۔ اس امر کا تصفیہ کرنا لازم تھا قبل اسکے کہ رائے جمہور
اس مقدمہ میں بدل جاے۔ اور رائے جمہور یہ تھی کہ اطالیہ کی گورنمنٹ کے لیے ایک وجہ معقول
اس بات کی موجود ہے کہ امداد کے پیام کو نا منظور کرے نہ یہ کہ اسکو قبول کرے اور علاوہ
اسکے اور قسم کے وجوہ بھی اسکے موجود ہیں کہ اطالیہ کی گورنمنٹ مصر کے معاملات میں دخل
نہ دے۔ انھین ایام میں گورنمنٹ موصوف کو بڑی فکر اس بات کی تھی کہ فرانس کے ساتھ
ربط و اتحاد دوبارہ پیدا کرے اور ایک مالی تدبیر کو عمل میں لا کر نوٹ کے کاغذ کی
جگہ پر جسمین صورت بٹہ لگتا تھا چاندی یا سونے کا سکہ جاری کرے لیکن سامان انکا بہم
کرنے سے ان دونون تجویزون میں حرج عظیم واقع ہوتا قطع نظر اسکے اطالیہ کے
وزرا آسٹریا اور جرمنی کے ساتھ مشارکت کا پیام بھیج چکے تھے اور شاہزادہ بسمارک
کی خاص منظوری کے بغیر غیر ملک کے معاملات میں دخل دینا نہ چاہتے تھے اور مصر کی
نسبت شاہزادہ بسمارک کی یہ کیفیت جب بھی تھی اور اب بھی ہے کہ گویا بُت بنا ہوا
ہے یعنے بالکل عالم سکوت میں ہے چنانچہ جب اس سے پوچھا گیا کہ مصر کے معاملہ میں
اطالیہ کو کیا کرنا چاہیے تو اسنے صاف جواب دیا کہ جسمین اسکا فائدہ ہو وہ بات
کرے پس ان جملہ امور پر نظر کر کے اطالیہ کے وزرا نے یہی مناسب سمجھا کہ انگلستان کا
شریک ہو کر مصر کے معاملات میں دست اندازی نہ کرنی چاہیے مگر اسکی شرکت بہ نام کرنا

ضرور ہے اسلیے اُنھون نے یہ غیر ممکن العمل تجویز پیش کی کہ ایک عجیب و غریب قسم کا بحری پولیس جسمین سب قومون کے لوگ ہون نہر سویز پر مقرر کیا جاے اس تجویز کا ذکر دو تین مرتبہ کانفرنس مین ہوا مگر پھر کوئی اُس سے خبر بھی نہین ہوا اور یونہین ٹھنڈھی ہو کے رہگئی۔

القصہ۔ جب فرانس اور اطالیہ نے پیام مشارکت کو قبول نکیا تب سب سلطنتون کو عموماً یہ پیام بھیجا گیا مگر یورپ کی کسی سلطنت نے اسکو نہین قبول کیا۔ لهذا انگلستان کو مصر کے معاملہ مین مجبوری تنہا دخل دینا پڑا مگر اتبک انگلستان کے پانون مین ایک بڑی بیڑی پڑی ہوئی تھی۔ وہ بیڑی یہ تھی کہ اس عرصہ مین سلطان روم نے یورپ کی سلطنتون کے مجموعی پیام مشارکت کو قبول کر لیا تھا لهذا ضرور ہوا کہ باب العالی کے ساتھ ایک فوجی معاہدہ کر کے مشارکت مطلوبہ کے شرائط طے کر لیے جائین۔ یہ استدلال ہوسکتی تھی کہ یہ معاہدہ کانفرنس کے اتفاق رائے سے یا اقل مراتب اسکی منظوری سے ہونا چاہیے تا کہ یورپ کی ہر سلطنت کو اس بات مین کوشش کرنے کا موقع ملے کہ گورنمنٹ انگلشیہ کے آیندہ کی کارروائی بادشاہان یورپ کے اختیار مین رہے۔ اس موقع کو سفیر روس نے ہاتھ سے نہ جانے دیا۔ حـ ٩

گورنمنٹ روس کی حکمت عملی پر کچھ تو روس کی رائے عوام کا اثر پڑا تھا اور کچھ روس کے وزیر صیغۂ دول خارجیہ کی قدیم حکمت عملی کا اثر پڑا تھا۔ روس کے تعلیم یافتہ فرقون کو برلن کانگرس (وہ مجلس شوریٰ جو برلن پایۂ تخت پرشیا مین منعقد ہوئی تھی) کی کیفیت اتبک خوب یاد تھی کہ اس کانگرس مین روس کو بادشاہان یورپ دیگر اکثر اُن فوائد سے دست بردار ہونا پڑا تھا جو اُسکی فوج جرار نے حاصل کیے تھے لهذا روس کی یہ آرزو بیجا نہ تھی کہ انگلستان جو برلن کانگرس کا بانی ہوا تھا اور جسنے یہ اصرار کیا تھا کہ کل صلحنامہ جو سین سٹفینو مین تحریر ہوا تھا برلن کانگرس کی منظوری کے لیے پیش کیا جاے (١٠

اب اسی طرح سے کل یورپ کے زیر نگرانی رکھا جاے - واضح ہو کہ اگرچہ روسی مدبر خانگی
مین ناعاقبت اندیش ہین مگر معاملات ملکی مین بڑی دوراندیشی کرتے ہین اور انکی
نظر اپنے ہی ملک کے فائدہ پر رہتی ہے دوسرے ملک کے نفع و ضرر سے
انکو کچھ غرض نہین ہے - علاوہ اس خواہش انتقام کے روس کے دوراندیش ارباب
سیاست کو یہ امر محض نامناسب معلوم ہوا کہ نہر سویز کسی زبردست سلطنت کے ہاتھ لگے
کیونکہ نہر مذکور مین سے ہوکر دریا کا راستہ بحر اسود سے سامی بیریا کے ساحل شرقی تک
چلا گیا ہے اور شاید ایک وقت ایسا آئے کہ روس کو بھی اپنے دور و دراز صوبون سے آمد و رفت
رکھنے کی ضرورت انھین وجوہ سے پیش آئے جس وجوہ سے انگلستان کو ہندوستان سے
آمد و رفت رکھنے کی ضرورت ہے - ممکن ہے کہ انگلستان اور روس مین عنقریب جنگ ہو
پس ایسی حالت مین یہ مناسب نہین ہے کہ انگلستان کی آمد و رفت ہندوستان سے
کسی نہج پر آسان کر دی جاے - الغرض - یہ راے تو روس کے عوام الناس کی تھی اب
روس کے ارباب سیاست و ارکان دولت کی راے سُنیے کہ روس کے محکمہ دول خارجیہ
مین یہ اصول عموماً تسلیم کر لیا گیا ہے کہ مشرقی یعنے ایشیائی ملکون مین روس کی
قسمت آزمائی کا سب سے عمدہ طریقہ یہ ہے کہ انگلستان کے ساتھ صلح و آشتی رکھے -
زار نکولاس کی یہ تجویز مشہور و معروف ہے کہ سلطنت روم کو بادشاہان یورپ آپس مین
تقسیم کر لین یہی تجویز زار موصوف نے سر ولیم ہمیلٹن سیمور سفیر انگریزی کو لکھی تھی گو اُس
زمانہ مین اسکا موقع نہ تھا اور یہی تجویز روس مین ابتک موجود ہے صرف یہ انتظار ہے کہ
موقع ملے تو پھر پیش کر دیجاے - اس تجویز کے موافق روس کو آبنائے باسفورس اور
آبنائے ڈارڈونلز ملنی چاہیے اور انگلستان کو مصر ملنا چاہیے لیکن اگر انگلستان اپنے
رقیب (روس) کے ساتھ کوئی عہد و پیمان نکرے خواہ وہ اصول اخلاق کے موافق ہو
خواہ مخالف اور چپکے سے مصر پر قبضہ کر لے اور ایسے وقت مین قبضہ کرے جبکہ روس

اپنا حصہ لینے کے لیے تیار ہو تو کل تجویز متذکرہ بالا باطل ہو جائیگی اور جو سرمایہ اسلیے رکھا گیا ہے کہ انگلستان کو روپیہ دیکر راضی کرلینگے وہ ضائع ہو جائیگا جسکا نتیجہ یہ ہوگا کہ پھر روس کو قسمت ازمائی کا موقع ممالک ایشیا مین خدا جانے کب ملے۔

**الغرض** عوام کی راے ناقص اور ریختہ کار ارباب سیاست کی راے رزین دونون کا اثر ایم نلیڈاف پر ہوا جو روس کیطرف سے کانفرنس مین شریک ہوا تھا چونکہ سفیر موصوف اس زمانہ کے رنگ کا آدمی تھا اور غناتیف جیسے مدبر کا مرید تھا لہذا اسکی راے یہ تھی کہ ہمارا شیوہ جنگ رکرہی ہے مگر ہمکو قوم کی راے کی تقلید کرنی لازم ہے علی الخصوص جبکہ قوم کی راے ایک خودسر اور مطلق العنان گورنمنٹ کی راے کے خلاف نہین ہے چنانچہ یہ مصر کا معاملہ اسی قسم کا تھا کہ روس کی رعایا نے ارکان دولت کی راے کے ساتھ اتفاق کیا تھا کہ گورنمنٹ انگلشیہ جو کارروائی مصر مین کرے یورپ کی زیر نگرانی کرے اور یہ مقصد حاصل کرنے کا کوئی طریقہ اس سے بہتر نہ تھا کہ یہ اصرار کیا جاے کہ وزراے انگلستان اور سلطان روم نے جو تجویز فوجی معاہدہ کی نسبت قرار دی ہے وہ کانفرنس مین پیش کیجاے سفیر مذکور نے پہلے تو یہ راے اپنے چند ہم منصب سفیرون سے بیان کی مگر کسی نے اسکی تائید نہین کی تب وہ سفیر انگلستان پاس گیا اور اُس سے یہ مضمون بیان کیا۔

**لارڈ ڈفرن** سفیر انگلستان تھے اُنھون نے فرمایا کہ انگلستان سے یہ توقع کرنا فضول ہے کہ جو تدبیرین وہ اپنی فوج کی حفاظت کے لیے ضروری سمجھکر عمل مین لائے اُنکو غیر سلطنتون کی منظوری کے لیے پیش کرے اور آخر کو صاف صاف کہدیا کہ اگر کانفرنس مین کوئی اس مضمون کی تجویز پیش کیجائیگی تو ہم مجبوری وہان سے چلے آئینگے۔ چونکہ کانفرنس کی شکست ہو جانے سے عمدہ آلہ انگلستان کی کارروائی کی نگرانی کا فنا ہو جاتا لہذا لارڈ ڈفرن کا یہ جواب ایم نلیڈاف سفیر روس کی تجویز کے حق مین سم قاتل ہوگیا اور اسکے بعد انھون نے فوجی معاہدہ کے مقدمہ مین سفیر انگریزی سے دو بدو گفتگو کی۔

ص ۹۶ اس گفتگو مین گورمنٹ انگلشیہ کو نہایت عاقلانہ اور بہت سخت تدارک بدخواہون
اور بے ایمانون کی شر سے بچنے کے لیے کرنا پڑا کیونکہ گورمنٹ موصوف کو باہیں ثبوت
اس بات کا بہم پہونچا تھا کہ سلطان روم ظاہر مین تو اس بغاوت سے ناراض ہین
مگر افسران باغی سے پوشیدہ طور سے برابر نامہ و پیام رکھتے ہین بلکہ اُنکو ترغیب دیتے ہین
اور گورمنٹ انگلشیہ یہ بھی خوب جانتی تھی کہ سلطان کے اس مشکوک و مشتبہ کردار سے
جسمین وہ ہمدردی رعایا بھی شریک تھی جو اتحاد مذہب سے خواہ مخواہ پیدا ہوتی ہے
مسلمانان ترک کے دلون مین عربی اور اُسکے شرکا کے ساتھ ہمدردی پیدا ہو گئی ہے
لہذا اس بات کا اندیشہ تھا کہ ترکون کی فوج بغاوت کو دفع کرنے کی عوض باغیون کو مدد دیگی
یا یہ کہ اہل فوج فرداً فرداً اپنے ہم مذہبون کے شریک ہو جائینگے اور اُنسے لڑنے سے انکار کرینگے —
ایسے اتفاقات کے انسداد کے لیے یہ امر ضروری تصور کیا گیا کہ ترکون کی فوج انگریزی
سپہ سالار کے زیر حکم رہے اور قبل اسکے کہ کوئی ترک سپاہی مصر کی زمین پر قدم رکھے
سلطان روم ایک اشتہار اس مضمون کا جاری کرین کہ عربی اور اُسکے شرکا باغی ہین —

— جب سلطان کو یہ پیام قبول کرنا دشوار معلوم ہوا کہ مصر کی بغاوت کو اپنی خاص
فوج کے ذریعہ سے دفع کرین تو اس بات کے دریافت ہونے سے اُنکو اور بھی زیادہ رنج
ہوا کہ ہمکو دو باتون مین سے ایک بات ضرور کرنی پڑیگی یا تو چپ چاپ بیٹھا رہنا پڑیگا یا ایک عیسائی
ص ۹۷ سلطنت کا محکوم بنکر کام کرنا پڑیگا اگر سلطان اپنی راے سے کام کرنے پاتے تو شاید وہ
کوئی نہ کوئی تدبیر کرکے علانیہ جنگ کرنے سے احتراز کرتے کیونکہ یہ گمان تھا کہ صرف
ترکون کی فوج کی صورت ہی دیکھکر باغیون پر رعب چھا جائیگا یا یہ کہ خود اہل مصر کو پوشیدہ
قاصدون اور وعظ و نصیحت کے ذریعہ سے اس امر کی ترغیب ہو سکتی ہے کہ اپنے دین
کی حمایت پر آمادہ ہون اور اپنے پیغمبر کے عَلم سبز کے گرد اپنی جانین فدا کرکے درجہ شہادت
پر فائز ہون — یا یہ کہ سرداران باغی کی خوشامد یا تخویف کیجاتی — الغرض اس قسم کی صدہا تدبیرین

اور حکمتین اُن مشرقی فتنہ پردازون کے ذہن مین آئین جنکا ہجوم سلطان [illegible]
ہمیشہ رہتا ہے۔ اور وہ یہ سوچے کہ اگر بالفرض کوئی تدبیر صلح کی نہ چلی تو کسی تدبیر تحقیق
کرنے سے مطلب نکل آئیگا بے اسکے کہ کچھ نتائج بد پیدا ہون بہرکیف جب [illegible] وقت
مدت سے صدہا آفات مین مبتلا ہو تو اسکو جائز ہے کہ اگر مسلمان اپنے اعتقاد [illegible]
کرین تو انکو بھی تعزیر دے اور اس صورت مین اُسپر کفر و زندقہ کا الزام ہمیشہ جا[illegible]۔ اگر
اگر بالفرض مفسدون کی سزادہی سے کچھ بدنامی بھی ہوتی تو کسیقدر [illegible] آفات اُسکے اسطرح رہے
ہوجاتیگے کہ افواج سلطانی کی سب پر دھاک بیٹھ جاتی۔ مگر معاذ اللہ [illegible] نے بڑی
ہتک عار کی بات تھی کہ ایک عیسائی سلطنت کی حمایت سے اور ایسی اہانت آمیز شرائط کے
ساتھ جیسی گورنمنٹ انگلشیہ نے قرار دی تھین دفع بغاوت مین مصروف ہو۔ اگر عرابی کے
باغی ہونے کا اشتہار سلطان کی جانب سے جاری کیا جاتا تو مصالحہ کی سب امیدین
خاک مین ملجاتین اور اگر انگریزی فوج طلب کیجاتی تو اُسکی موجودگی مین کوئی تدبیر مصالحہ کی
نہ چلتی اور خود خلیفہ کو کفار کا محکوم اور زیردست بنا پڑتا اور بندگان خدا کے پامال کرنے ص ۹۹
کی بدنامی اُٹھانی پڑتی فتح کی نیکنامی تو کچھ بھی نہوتی۔ پس ان جملہ امور پر نظر کرکے کچھ مقام
تعجب نہین ہے کہ سلطان اور انکے مشیران خاص نہایت شگفتہ خاطر تھے اور سلطان کے [illegible] ہمہ تن
اس فکر مین تھے کہ فوجی معاہدہ جو تجویز ہوا ہے اُسمین رخنہ اندازی کرین مگر اُنکی کچھ نہ چلی
کیونکہ انکو ایسے رقیب سے مقابلہ کرنا پڑا جو ویسا ہی ذہین اور چالاک تھا جیسے وہ خود تھے اور
جو انکے باطنی ارادون کو ایک نگاہ مین تاڑ جاتا تھا اور اُنکے وار کو بڑی پھرتی سے رد کرتا تھا۔
یہ بات لوگون مین غلط مشہور ہے کہ لارڈ ڈفرن نے اپنی گورنمنٹ کی بڑی خیرخواہی یہ کی
کہ مصالحہ کی گفتگو مین طول ڈالدیا۔ ایسی خیرخواہی سے وہ ایسی نیکنامی کے مستحق نہوتے کیونکہ
ادنی درجہ کا ہوشیار آدمی بھی صلح کی گفتگو مین جتنا چاہے طول دیسکتا ہے دران حالیکہ
فریق مخالف اس قابل نہو کہ جنگ کی تجویز آخری پیش کرکے اُسکو دبالے۔ لارڈ ڈفرن نے

جو عمل کیا جسکے باعث سے وہ اول درجہ کے ارباب سیاست کے درجہ پر فائز ہوئے ہیں کہ اپنی عقل سلیم استقلال مزاج اور غایت درجہ کی دانائی کو کام مین لاکر انھون نے کانفرنس مین اپنی گورنمنٹ کے لیے پوری آزادی کام کرنے کی بھی حاصل کرلی کہ جو اُسکے دل مین آئے کرے اور کسی غیر سلطنت کو آزردہ بھی نہین کیا اور اپنی بیدار مغزی اور ذکاوت اور چالاکی سے اُنھون نے ترکون کو اُن شرائط اور اُن قیود سے منحرف ہونے دیا جنکو قائم کرنا انگلش گورنمنٹ نے ضروری تصور کیا تھا اگرچہ لارڈ ڈفرن نے دیگر سفیران یورپ سے مجبوری اکثر اختلاف رائے کیا مگر اُنسے عداوت ذاتی کبھی نہین پیدا کی اور اگرچہ اُنکو مشرقی لوگون مین کام کرنا پڑا اور مشرقی دشمنون سے سابقہ پڑا مگر مکاری یا بے ایمانی کا الزام تھوڑا بھی اپنے اوپر کبھی نہین عائد ہونے دیا ایک طرف تو سلطان کو یہ خیال تھا کہ کوئی ایسا فعل ہماری طرف سے نہو کہ مسلمانون کی نظرون سے گرجائین اور دوسری طرف سفیر انگریزی کو یہ ضد تھی کہ فوجی معاہدہ مین کوئی رخنہ نہ پڑجائے پس اس قال وقیل سے معاہدہ کی گفتگو مین اسقدر طول ہوگیا کہ ہنوز عہدنامہ پر کسی فریق کے دستخط نہونے پائے تھے کہ تل الکبیر کی لڑائی فتح ہوئی اور فوج انگریزی بلامزاحمت القاہرہ مین داخل ہوئی تب گورنمنٹ انگلشیہ نے باب العالی کو اطلاع دی کہ اب ترکون کی فوج کی کچھ ضرورت نہین ہے اور فوجی معاہدہ کی گفتگو موقوف ہوگئی۔

جب فوج انگریزی نے جنگ تل الکبیر کو فتح کرکے القاہرہ پر چڑھائی کی تو ایک چشم زدن مین بغاوت دفع ہوگئی اور قومی تحریک اور مذہبی اشتعال کے سب آثار و علامات دم بھر مین زائل ہوگئے۔ سرداران باغی نے خودبخود حکام انگریزی کی اطاعت قبول کرلی اور اہل فوج اپنے ہتھیار پھینک پھینک کر بے تحاشا اپنے گھرون کی طرف بھاگ گئے اور اپنی لمبی لمبی نیلی قمیصین اور چھوٹی چھوٹی اونی ٹوپیان پہنکر اپنے معمولی کاروبار مین مصروف ہوئے اور قسم کھانے پر تیار ہوگئے کہ کئی مہینے سے ہم اپنے گانوون سے

باہر نہین نکلے ہین اور ازہر یونیورسٹی کے پروفسر جو عوام الناس کی حرارت مذہبی کو افروختہ کرتے تھے عربی نحو و صرف کے اصول اور فقہ اسلام کے دقیق مسائل کا درس پھر دینے لگے اور نظام و عمال جنھون نے حب الوطن کے جوش سے اس قومی تحریک کے لیے فوج اور روپیہ جمع کر کے بھیجا تھا اب اُسی سرگرمی سے خدیو کی گورنمنٹ کے احکام کی تعمیل مین مصروف ہوے اور وہ صنادید مصر جنھون نے مجمع عام مین خدیو کی معزولی کا حکم صادر کیا تھا اب کمال خیر خواہی اور وفاداری ظاہر کر کے خدیو کے استقبال کے لیے دوڑے گئے اور اُسکو خوشی خوشی القاہرہ مین لائے۔ ماہ نومبر مین مین اکثر اوقات القاہرہ کے محلون مین جا کر مسجدون کو دیکھتا تھا مگر مین نے کبھی کوئی ذراسی بھی علامت بغاوت یا جوش مذہبی کی نہین دیکھی۔ شہر طنطہ کے کوچون اور بازارون مین بھی مین نے سیر کی مگر کسی نے مجھکو نہین ستایا حالانکہ یہ وہ غدار اور متعصب شہر ہے جسمین اسکندریہ کی آتش زنی کے دوسرے روز عیسائیون کو قتل و قمع کیا تھا اور مجھسے اور اس مشہور مسجد کے متولی سے جسمین سید بیضاوی کا مزار ہے دیر تک دوستانہ باتین ہوا کین۔ اگرچہ القاہرہ اور اسکندریہ کے قرب وجوار کے سواے انگریزی فوج کہین نتھی تاہم مین نے دوآبہ اور مصر شمالی کے بعض ناگزیر مقامات کی سیر بغیر پہرے چوکی کی اور ہر مقام پر مین نے لوگون کو اپنے حال پر بہت مہربان اور متواضع و خلیق پایا مین چھ سات مہینے اس ملک مین رہا اور از شرق تا غرب و از جنوب تا شمال سیر کی مگر وہان کے باشندون کو غیر ملک کے آدمیون سے عداوت کرتے نہین دیکھا سواے اسکے کہ ایک دفعہ بدویون نے کچھ پرخاش کی تھی جسکا ذکر سابق مین کیا گیا

جب مین بغاوت مصر کے اہم واقعات کو مسلسل اور مختصر طور سے بیان کر چکا تو اب اُس بغاوت پر من حیث المجموع نظر کرتا ہون تاکہ اُسکی اصل حقیقت اور اسکے عروج کی مختلف صورتین اچھی طرح سے سمجھ مین آجائین اور یہ معلوم ہوجاے کہ کہانتک

وہ قومی تحریک کے لقب کی مستحق ہے اور آسکے دوبارہ وقوع مین آنے کے کیا موانع ہین

- اس بغاوت کی مختلف صورتون کی توضیح اسطرح ہوسکتی ہے کہ اسکی ابتدا فوج کی عدول حکمی ونافرمانی سے ہوئی اُسکے بعد ملکی جوش وخروش پیدا ہوا پھر اُس سے جو ترقی کی تو قومی حفاظت یا جنگ دفاعی کے درجہ تک پہونچی اور چوتھے درجہ مین اسلام اور نصر کا مقابلہ ہوا یعنے مسلمانون نے عیسائیون کے شر سے اپنے تئین بچانا چاہا- اس بغاوت کی ان چار صورتون یا درجون مین عربی پاشا نے بھی چار رنگ بدلے یعنے پہلے تو وہ ایک باغی کرنیل تھا اور اُسکی بغاوت کی وجہ یہ ہوئی تھی کہ وہ کہتا تھا کہ ترک اور اہل سرکاشیا کے ساتھ سلوک اور رعایت نہ کیجاے- پھر وہ ایک فصیح اللسان حامی رعایا ہوگیا اور ملکی آزادی یعنے باقاعدہ قومی سلطنت کی کوشش کرنے لگا- بعد اسکے محب وطن بنگیا اور اپنے ملک کو شر اعدا سے بچانے لگا- اُسکے بعد مجاہد بنکر اسلام کی حمایت مین کفار سے لڑنے لگا-

امعان نظر سے ملاحظہ کیجیے تو ان چارون صورتون مین عقلاً ایک ربط پائیے گا تفصیل اس اجمال کی یہ ہے کہ جب فوج نے عدول حکمی اور نافرمانی کی اور تھوڑی سی کامیابی بھی اُسکو حاصل ہوئی تو افسران فوج کو اپنی جان کا خوف ہوا اور فریق مخالف کے انتقام سے اپنی حفاظت کی تدبیر کرنی پڑی اور یہ ممکن نہ تھا بغیر اسکے کہ وہ گورنمنٹ کو اپنے قابو مین کرلین لہذا اُنھون نے ایسا ہی کیا- اس مقصد کے حصول کے وسائل اُنھون نے یہ اختیار کیے کہ خلائق کی طبیعت مین ملکی جوش وخروش پیدا کیا اور رعایا کی ایسی کمیٹیان قائم کین جنمین اُنکو یقیناً غلبہ حاصل رہے مگر جن حکام سول اور مالکان اراضی کی بہت کثرت مجلس صنادید مین تھی اُنسے امانت دلی حاصل کرنا اسپر موقوف تھا کہ انگریز اور فرانسیس کے اختیارات کو کم کرنے بلکہ اُنکی حکومت کو

مشاورت دینے کی ایک تجویز قرار دی جاوے۔ اس تجویز کو لفظاً انگلینڈ و فرانس نے
نامنظور کیا اور انکے اس فعل کو انکی گورنمنٹون نے جائز رکھا مگر عربی پاشا اور اسکے
دوستون کو یہ یقین تھا کہ انگلستان اور فرانس کی یہ مجال نہین ہے کہ اپنے
مقاصد کی تائید بزور شمشیر کرین اور اگر وہ ایسا کرنا چاہین تو سلطان انکو کب
ایسا کرنے دینگے۔ پس اس خیال سے عربی اور اسکے شرکا نے اپنی تجویز مین ترمیم
کرنے سے انکار کیا اور ملکی آزادی کے لیے جوش و خروش جو خلائق کے دل مین پیدا
ہوا تھا اسکو ایسی جلد ترقی ہوئی کہ گویا ساری قوم غیر ملک کے لوگون کی حکومت کے مقابلہ
آمادہ ہوگئی جب بلاد اسلام مین کسی نصاریٰ کی سلطنت کا غلبہ ہوتا ہے تو وہان کی رعایا
کے دل مین جو کچھ حب الوطن ہوتی ہے وہ منقلب و متغیر ہوکر حرارت مذہبی کی صورت پکڑ لیتی ہے
چنانچہ مصر مین یہی ہوا کہ سرداران باغی نے حب الوطن کو بہت جلد منقلب کرکے مذہبی جوش
و خروش بنادیا تاکہ ترکون کی فوج کچھ دست اندازی نکر سکے۔ انکو یہ گمان تھا کہ وہ سلطان روم
جسنے اسلام کے اصول کو ایسی سرگرمی سے شائع کیا ہے اور جو خلیفہ وقت ہونے کا دعوے
رکھتا ہے ایسی حرکت نہ کریگا کہ اس فساد کو دفع کرنے مین جو اسلام کی نصرت و حمایت
کے لیے برپا کیا تھا کفار کو مدد دیکر اسلام کو بدنام اور مسلمانون کو ذلیل و خوار کرے۔

پس اب ہم اس مسئلہ کو جسپر اکثر بحث ہوئی ہے بآسانی حل کرسکتے ہین کہ آیا یہ
بغاوت قومی تحریک کے لقب کی مستحق ہے یا نہین ہے۔ اس مبہم لفظ سے اگر صرف
وہ تحریک مراد ہے جسمین اکثر رعایا شریک تھی تو جو قصہ مین بیان کررہا ہون وہ اس لقب کا
مستحق ہے۔ یہ ہم خود تسلیم کرتے ہین کہ اگر سرداران باغی کامیاب ہوتے تو مصر کے
لوگون کو قدر عافیت معلوم ہوجاتی اور اگر اس فساد کو غیر ملک کی فوج نہ دفع کرتی تو
اسکا انجام یہ ہوتا کہ ایک ظالم امیر فوج حاکم وقت بن بیٹھتا اور رعایا بہت ناراض
ہوجاتی تاہم یہ بات ہم یقیناً کہ سکتے ہین کہ عربی پاشا اور اسکے مقاصد سے ہر درجہ

اور ہر فرقہ کی رعایاے مصر ہمدردی رکھتی تھی خواہ اسکو اُسکی دانشمندی سمجھیے خواہ بیوقوفی اور فوج تو خواہ مخواہ ایسے شخص کے ساتھ ہمدردی رکھتی تھی جسنے اُسکی تنخواہ زیادہ کردی تھی اور اُسکی ترقی کا سامان مہیّا کردیا تھا۔ ہر درجہ کے اہل کاران سرکاری اور وزرا اور حکام جو دار السلطنت (القاہرہ) مین تھے حتیٰ کہ شیوخ یعنے مقدمان اور تحصیلداران دیہات تک عربی کی اس کوشش مین ضرور شریک تھے کہ غیر ملک والون کی حکومت کا استیصال ہوجاے جسکے باعث سے رشوت ستانی کا بازار سرد ہوگیا تھا اور غیر ملک کے آدمیون کو عہدہاے جلیلہ ملتے تھے۔ چند آدمی جو ایماندار اور ملکی عزت و وقار کے خواہان تھے وہ بھی اصلاح حکومت کی تدبیر مین عربی کے شریک تھے اور اظہر یونیورسٹی بھی اس کوشش مین کہ عیسائی سلطنتون کی حکومت مصر سے دفع ہو اور فلاحین بھی جنکا بال بال عیسائیون کا قرضدار تھا اس فریق کے خواہ مخواہ شریک حال تھے جسنے اُسکے قرضہ کو منسوخ کرکے سودخورے مہاجنون کے پنجہ سے اُنکو چھڑانے کا وعدہ کیا تھا۔ الغرض جس شخص کے دل مین ذرا بھی حب الوطن اور حمیت اسلام تھی وہ اس کوشش مین خواہ مخواہ شریک تھا کہ ایک غیر سلطنت عیسائی مصر مین نہ رہنے پاوے مگر واضح ہو کہ شرقی معاملات مین مغربی قواعد نہین جاری ہوسکتے اور مصر کی بغاوت مین وہ اوصاف نہین نظر آسکتے جنکی امید یورپ کی کسی نہایت مہذب و شایستہ ملک کی قومی تحریک سے ہوسکتی ہے سچ تو یہ ہے کہ مصر کی بغاوت مین ایسے لوگ بہت کم تھے جو ایماندار و جری و بے لوث ہون اور ذراسی بات پر اپنے فریق کے فائدہ کے لیے اپنی جان دینے کو تیار ہوجائین۔ البتہ ایسے خود غرض لوگ بہت کثرت سے تھے جو اس انتظار مین رہتے تھے کہ دیکھین اونٹ کس کل بیٹھتا ہے اور جو فریق غالب آتا تھا اسی کے شریک ہوجاتے تھے امرا و ارکان دولت کی یہ کیفیت تھی کہ جب اس بغاوت کے عین عروج کا وقت آیا تو کبھی عربی پاس دوڑے گئے اور کبھی خدیو کے در دولت پر حاضر ہوے۔ چنانچہ جس روز

یہ ظن غالب ہوا کہ انگلستان اور فرانس اس فساد مین دخل دینگے اُس دن خدیو کے
در دولت پر لوگون کا ہجوم تھا اور عربی کے مکان پر کوئی بھی نہین گیا اور جس روز تار برقی
پر یہ خبر آئی تھی کہ انگلستان اور فرانس دخل دینگے اُس دن عربی کے مکان پر انبوہ عام
ہوتا تھا اور خدیو کی ملاقات کو صرف غیر ملک والے جاتے تھے بمجرد اسکے کہ عربی پاشا
سلطنت مصر کا مالک بنگیا تمام اطراف و جوانب سے ہمدردی اور امداد کے خطوط
اُسکے پاس آنے لگے بعض صاحبون نے اُسکی تائید مین یہ فرمایا ہے کہ لوگون کو ڈرا دھمکا
اور دھمکی دے دے کر اُسنے اپنی حکومت کو نہین قائم کیا ہم کہتے ہین کہ اُسکو اسکی ضرورت ہی
کیا تھی مگر جس سرسری طور سے اُسنے سرکشین اہل کارون سے اپنا پیچھا چھڑایا اُس سے
اتنا بھی ثابت ہوتا ہے کہ جب تخویف کی ضرورت سمجھتا تھا تو دھمکا دھمکا کر اپنا مطلب
نکال لیتا تھا جب یہ قدیم دشمن نکال دیے گئے تو پھر کسی سے مقابلہ کا خوف نہ تھا اور
پوشیدہ طور سے عربی کا کوئی دشمن نہ تھا سوائے قبطیون کے جنکو یہ اندیشہ تھا کہ مسلمان
ہم سب کو قتل کر ڈالینگے مگر یہ خیال کرنا چاہیے کہ رعایا اُسکے ساتھ اس درجہ ہمدردی
رکھتی تھی کہ جان دینے کو تیار تھی یا اُسکی نصرت و حمایت مین نقصان کثیر اٹھانے پر
آمادہ تھی اُسنے جو فوج کثیر جمع کر لی تو اسکا سبب یہ ہوا کہ لوگون کو زبردستی فوج مین
بھرتی کرنے کا سامان اُسکے پاس موجود تھا اور جب سپاہی ایک مرتبہ بھرتی ہو جاتے تھے
تو پھر اُسکی اطاعت مین دریغ نکرتے تھے مگر کوئی شخص برضا و رغبت اُسکی فوج مین اُسوقت تک
نہین بھرتی ہوا جب تک کہ اس لڑائی کو جہاد نہین سمجھ لیا اور اُسوقت بھی ایسے پکے
مسلمان بہت کم تھے البتہ مصر شمالی سے کچھ لوگ آئے تھے اور بطور ہدیہ یا نذر کے حب الوطن
کے نام سے کچھ لوگون نے روپیہ وغیرہ سے بھی امداد کی تھی مگر سچی بات یہ ہے کہ لوگون سے
زبردستی روپیہ لیا گیا۔ اکثر مالکان اراضی اور علماء مین نے اپنی حب الوطنی کو صرف تقریرون مین
اور ایڈیٹرون نے بیان کرنا پسند کیا مگر حکام نے بڑی مشکل سے اُنکو سمجھایا کہ اگر غلہ و

گھوڑے اپنے دین کی حمایت مین نذر دوگے تو ہم بہت شکر گزار ہونگے۔ چنانچہ یہ واقعہ میرے علم مین گذرا ہے کہ ایک تحصیلدار کو کچھ غلہ لینا منظور تھا اُسنے اپنے ضلع کے سب شیوخ کو جمع کرکے ملکی آزادی کی ترغیب اُنکو اس طرح سے دی کہ خوب کوڑے لگوائے اس لائق اہلکار کی تعریف مین مجھکو یہ بھی بیان کرنا لازم ہے کہ جب خدیو کی حکومت دوبارہ قائم ہوئی تو اُسنے اُسی گانوون کے شیوخ کو دوبارہ جمع کرکے اُنکو کوڑے لگوائے اور وجہ یہ بیان کی کہ اُنھون نے روپیہ وغیرہ سے باغیون کی اعانت کی تھی۔ راقم کو یہ نہین معلوم کہ آیا وہ بیچارے عربی پاشا کے نام سے کوڑے کھانے کو توفیق پاشا کے نام سے کوڑے کھانے پر ترجیح دیتے تھے یا نہین۔ لیکن اگر اُنمین کوئی مراقبہ پسند آدمی تھا تو اُسنے اپنے دل مین یہ ضرور خیال کیا ہوگا کہ ہزارہا برس کے عرصہ مین بہت سے ملکی انقلابات اور تمدنی تغیرات مصر مین ہوئے اور سب چیزین وہانکی بدل گئین مگر تعجب ہے کہ ایک چیز اب تک نہین بدلی یعنی قرباش (کوڑا)

خدا کی قدرت دیکھیے کہ زمرۂ فلاحین سے ایک کرنیل نے خدیو تو درکنار خود سلطان روم اور سلطنت انگلستان اور سلطنت فرانس بلکہ یورپ کی سب سلطنتون کو بالاے طاق رکھکر جو چاہا سو کیا۔ آخر اسکی کیا وجہ ہوئی اسکا سبب یہ ہوا کہ دو ملاؤن مین مرغی حرام۔ یا ساجھے کی ہانڈی خراب۔ جو حضرات مصر کی خوش انتظامی اور امن امان کے محافظ تھے اُنکی کثرت اسقدر تھی کہ اُنمین سے کوئی خاص صاحب ذمہ دار نہ تھے اور اُن سب مین باہمی حسد اور نفاق اسدرجہ تھا اور بے پروائی اسقدر تھی کہ کوئی سانس نہ لیتا تھا اور سب کا متفق ہوکر کوئی کارروائی کرنا محال تھا فقط

# باب سوم

## اہل مشرق کی خودسری و مطلق العنانی
## اور اہل یورپ کی دست اندازی کے بیان مین

اس سے پیشتر کے باب مین بغاوت مصر کے اسباب اور اسکی اصل حقیقت
بیان کی گئی اور اب یہ بیان کیا جاتا ہے کہ عربی اس قسم کا افسر باغی نہ تھا جیسے
مشرقی ملکون مین اکثر ہوا کرتے ہین اور جسنے ایک فوجی حکومت مطلق العنان
اتفاقاً قائم کر لی تھی جیسا گورنمنٹ انگلشیہ مدت تک اسکو سمجھا کی لیکن جو بدانتظامی مصر مین
تھی اور اب تک ہو رہی ہے اگر وہ نظر تحقیق سے دیکھی جائے اور اسکے انسداد کے اسباب مین
غور کیا جاوے تو پیشتر اس خراب حالت کو نظر تعمق سے دیکھنا چاہیے جس حالت مین بغاوت
کا تخم مصر کی زمین مین پیدا ہوا۔ اس بغاوت کی ابتدا مین خدیو کا اسکو دفع
کرنے پر قادر نہونا اسکے عیوب ذاتی کی طرف منسوب کیا گیا ہے مگر یہ قول ناقص
ہے البتہ یہ بات تو صحیح ہے کہ توفیق پاشا خدیو مصر ایسا عقلمند اور ہوشیار اور
بے احتیاط آدمی نہین ہے جیسے اسکے اسلاف تھے مگر یہ بھی صحیح ہے کہ جو وقعت رفاہ
اور آزادی فعل اسکے اسلاف کو حاصل تھی وہ اسکو نصیب نہین ہوئی۔

خدیوی سلطنت کا بانی محمد علی پاشا ہوا اور اسکے اخلاف یعنی ابراہیم پاشا
اور عباس پاشا کے عہد حکومت مین خدیوی سلطنت ایک قوی اور معقول اور مطلق العنان ص ۱۰۹
سلطنت شخصی اس قسم کی رہی جیسی مشرقی ملکون مین ہوا کرتی ہے اور جسمین اہل یورپ کے
خیالات حرام و حلال کو کچھہ دخل نہ تھا۔ اگر کوئی شخص اپنے حاکم کے حکم کو نہ مانتا تھا

یا اسکی نسبت عدول حکمی و نافرمانی کا شبہہ ہوتا تھا تو اسکو سرسری طور سے سزا ے سخت دی جاتی تھی اور وہ وقتین نہ اٹھانی پڑتی تھین جو یورپ کی جوڈیشل یعنے عدالت نہ کارروائی مین اٹھانی پڑتی ہین۔ سعید پاشا کے عہد حکومت مین (۱۸۵۴ لغایت ۱۸۶۳ع) مصر کے طرز حکومت مین کچھ رنگ خدیو (سعید) کے اوصاف ذاتی یعنی انسانیت و مروت کا آگیا تھا۔ حالانکہ سعید ایسا خوش مزاج آدمی تھا کہ لوگون نے اسکا نام دل لگی باز اور ظریف فرنسیسی رکھا تھا مگر کسی کے مقابلہ کی تاب اسکو بھی نہ تھی اور جو اسکی عدول حکمی کرتا تھا اسکو ایسی بیرحمی سے سزا دیتا تھا جیسی اُسکے اسلاف دیتے تھے چنانچہ جب بعض قبائل بدوی نے بلوہ کرکے اُسکی فوج سے جنگ کی تو اُسکے حکم سے وہ بالکل نیست و نابود کردیے گئے اور جب اُسکو ایک روز یہ خبر پہونچی کہ ازہر یونیورسٹی کے بعض مدرسین طالب علمون کو یہ کہکر بہکاتے اور آمادہ فساد کرتے ہین کہ سعید پاشا پکا مسلمان نہین ہے تو وہ خود بگھی پر سوار ہوکر یونیورسٹی مذکور مین گیا اور اُن متعصب مدرسین کو اپنے ایک ترکی خواص سے اپنے سامنے علانیہ خوب کوڑے لگوائے اُسکی وفات کے وقت تک خدیوی سلطنت کی مطلق العنانی اور اقبال مندی مین کچھ فرق نہ آیا تھا۔ اُسکے جانشین اسمعیل پاشا کے عہد حکومت مین رنگ بدلنے لگا اسمعیل اپنی ناعاقبت اندیشی اور فضول خرچی کی وجہ سے مالی دقتون مین پڑگیا جسکا انجام یہ ہوا کہ خدیو کی خودسری اور حکومت و ثروت غیر ملک کے لوگون کی دست اندازی سے بہت جلد زائل ہونے لگی اور آخر کو اُنکے قابو مین آکر بالکل ستیاناس ہوگئی۔ وہ حکام اور حریص اور دلیر آدمی جنکے باپ دادا محمد علی اور ابراہیم اور عباس کا نام سنکر لرز جاتے تھے اب یہ دیکھکر بہت متعجب و مسرور ہوے کہ حکام عدالت خود خدیو کو تنگ کرسکتے ہین اور اُسکی عدول حکمی کرسکتے ہین اور اُسکی یہ مجال نہین کہ اُنکو سزا دیسکے اور جب وہ بہت تنگ ہوکر اپنے دشمنون سے بازپرس کرنا چاہے تو وہی سفیران یورپ

جنکے پاس کوئی ہتھیار بھی نہین ہے اُسکو چپکے سے معزول کرکے جلاوطن کر سکتے ہین مصر کی سلطنت پہلے بالکل مطلق العنان اور بہت قوی تھی مگر اب اُسکی جگہہ پر ایک عجیب قسم کی کمزور اور دوغلی حکومت قائم ہوئی تھی جسکی تعریف لکھنے مین بڑے بڑے ہر بیت قانون دانون کو دانتون پسینہ آجاے۔ وہ سلطنت مطلق العنان اُس معنی سے نہ تھی جو لفظ مطلق العنان سے عموماً مفہوم ہوتے ہین اسواسطے کہ جو شخص براے نام بادشاہ تھا وہ ایک نوجوان اور خلیق شاہزادہ تھا جسکو تعلیم و تربیت رعایا کی جانب توجہ خاص تھی اور جو اُن احکام اور ڈگریون پر جو اُسکے نام سے صادر ہوتی تھین صرف اپنا نام دستخط کر دیتا تھا بغیر اسکے کہ اُسکی کسی قسم کی شرکت اُن مقدمات کے فیصلہ مین ہوئی ہو۔ وہ سلطنت اُمرا بھی نہ تھی کیونکہ جو معزز لوگ کونسل وزرا کے ممبر تھے اُنکو انتظام اُمور سلطنت مین کچھ دخل نہ تھا اور کونسل وزرا کے اندر بھی سواے پریسیڈنٹ اور سفیران یورپ کے کوئی ممبر عام اُمور سلطنت مین دخل نہ دیتا تھا البتہ جس صیغہ کا افسر ہوتا تھا اُسکے معاملات مین دخل دیتا تھا۔ وہ سلطنت جمہوری بھی ہرگز نہ تھی کیونکہ مجلس صنادید جو اسمعیل پاشا نے مقرر کی تھی کم کبھی منعقد نہین ہوئی اور راے عوام کو دریافت کرنے کا اور کوئی باقاعدہ ذریعہ نہ تھا۔ الغرض ان اقسام حکومت مین سے کسی قسم حکومت کی تعریف سلطنت مصر پر نہین صادق آتی۔ پھر آخر وہ حکومت کیسی تھی۔ حاشا للہ مین علمیت کا مدعی نہین ہون کہ کوئی علمی تعریف سلطنت مصر کی گڑھ کر بیان کرون۔ مگر میری راے ناقص مین اُسکی تعریف یہ ہو سکتی ہے کہ ایک مطلق العنان حکومت وزرا تھی جسکو سفیران یورپ حد اعتدال سے تجاوز نکرنے دیتے تھے اور جسکو اُنکی خود غرضانہ نگرانی نے کمزور کر دیا تھا۔ اس مختلف الاجزا حکومت مین جہان تک باشندگان مصر کی شرکت تھی وہان تک نوبار پاشا وزیر اعظم بادشاہ تھا اور اسمین شک نہین کہ وہ خود سرانہ اور جابرانہ حکومت کرتا تھا مگر باقاعدہ حکومت کے اکثر

تکلفات کی بھی پابندی کی جاتی تھی - وزرا من حیث المجموع جملہ انتظامات کے ذمہ دار سمجھے جاتے تھے اور اُن انتظامات کو خدیو کے دستخط سے قوت قانونی حاصل ہوجاتی تھی - جب خدیو کے حضور مین عرضیان یا شکایتین گذرتی تھین تو وہ اُنکو وزرا کے حوالہ کردیتا تھا جیسا باقاعدہ پادشاہ کا دستور ہے اور وزراء کے فیصلون مین دست اندازی کرنے سے اجتناب کیا کرتا تھا - اس انتظام سے باقاعدہ حکومت کے اصول مین تو فرق نہ پڑنے پاتا تھا مگر خدیو کا وقعت و وقار رعایا کی نظرون مین بہت کم ہوگیا تھا -

مصر کی رعایا مدتہاے مدید سے اس خیال کی عادی تھی کہ تمام ملکی اور انتظامی قوت کا منبع خدیو ہے اور اگر اُسکو دادرسی اور انصاف کوش سمجھتی تھی تو یہ ضرور جانتی تھی کہ تفضلات شاہانہ و مراحم خسروانہ اسی کے اختیار مین ہین اور کوئی اُسکے باز پرس نہین کرسکتا - محمد علی نے عرائض نویسی کو ایک جزو اعظم اپنی حکومت کا قرار دیا تھا اور اُسکو اپنے غیر معتبر اہلکارون کی غفلت اور ناانصافی دریافت کرنے کا آلہ گردانا تھا - جو عرضی اُسکو دی جاتی تھی اُسکو وہ خود بغور دیکھتا تھا اور شکایتون کو رفع کرنے مین اسکی اوقات بہت صرف ہوتی تھی - اگر خدیو عرضی کو چاک کرکے سائل کو واپس کردیتا تھا کہ یہ لائق توجہ نہین ہے تو سائل کو بہت جلد معلوم ہوجاتا تھا کہ ہمارے پادشاہ نے ہمکو حق تلفی و ناانصافی سے بچانے کی کچھ تدبیر ضرور کی ہے محمد علی کی وفات کے بعد عرضیون پر کم توجہی ہونے لگی مگر چند مدت تک لوگون کو یہ یقین رہا کہ خدیو ہماری عرضی کو بغور ملاحظہ کرتے ہین اور اگر اُنکی مرضی مبارک مین آتا ہے تو ہماری عرضی کو قبول فرماتے ہین - پس جب لوگون کو خود توفیق پاشا کے کلام سے معلوم ہوگیا کہ بے ریاض پاشا وزیر اعظم سے مشورہ کیے وہ کسی استدعا کو منظور نہین کرسکتا تو انکو خواہ مخواہ یہ خیال ہوا کہ خدیو بے اختیار اور ریاض با اختیار ہے - غربا کی تو یہ کیفیت تھی - اب رہے امرا سودہ عرضیان تو نہ دیتے تھے مگر اور وجوہ سے اُنکو بھی یہی خیال تھا

کہ خدیو تو کوئی چیز ہی نہین جو کچھ ہے ریاض ہے - کیونکہ جملہ اُمور اہم کا تصفیہ ریاض
اور سفیران یورپ کرتے ہین اور خدیو کی منظوری صرف برائے نام لیجاتی ہے
پس سفیران یورپ کی دست اندازی سے سلطنت مصر کی خودسری و مطلق العنانی
کم تو ہوگئی تھی مگر بالکل فنا نہین ہوگئی تھی کیونکہ ریاض اگرچہ یورپ کی راے عوام کی
عظمت ظاہر مین کرتا تھا اور حتی الامکان ناانصافی نہونے دیتا تھا اور انتظام ملک کی
ترقی مین کوشش کرتا تھا تاہم ویسی ہی خودرایانہ اور بیباکانہ حکمرانی کرتا تھا جیسی
اگلے زمانہ کے خدیو کرتے تھے - اور اگر ریاض اور خدیوان قدیم کی حکمرانی مین ۱۱ سہ
کچھ فرق تھا تو درجہ کے اعتبار سے تھا قسم یا نوعیت کے اعتبار سے کچھ فرق نہ تھا
کمیشن اداے قرضہ اور سفیران یورپ کی کوشش سے وہ مالی دقتین جو
اسمعیل پاشا کی فضول خرچی سے پیدا ہوتی تھین رفع ہوگئی تھین اور مالی انتظام
مین کسیقدر اصلاح ہوگئی تھی - لہذا فلاحین کو اب اپنی کوڑی کوڑی ٹیکس کی علت
مین نہ دے دینی پڑتی تھی نہ انکو یہ خوف تھا کہ ایک حاکم جابر کی حرص مٹانے کے لیے جسکو
زمین سے کسی طرح سیری ہی نہین ہوتی تھی ہمکو اپنی اراضی مے سے دینی پڑیگی - کیونکہ ریاض
پاشا اگرچہ مطلق العنان تھا مگر روپیہ کے معاملات مین ایماندار تھا اور اسمعیل
پاشا کی طرح یہ نہ چاہتا تھا کہ مصر کو لوٹ کر اپنی ایک ذاتی ریاست بنا لیجیے اور اگر
وہ کسب حرام پر راغب بھی ہوتا تو سفیران یورپ اُسکو کب حرام خوری کرنے دیتے
مگر عموماً انتظام ملک مین اب تک وہی خودسری و مطلق العنانی اور ظلم و ناانصافی موجود
تھی جو سابق مین ہوتی تھی اور اسکا الزام کسیقدر ریاض پر ضرور عائد ہوتا ہے -
وہ ایک زبردست منتظم اور مشرقی چال ڈھال کا آدمی تھا اہل یورپ کی خو بو اُسمین کہان
تھی - اُسکو داب و آداب کا زیادہ خیال تھا عدل و انصاف کا چندان لحاظ نہ تھا
اور اُسکو یقین ہوگیا تھا کہ اگر اہلکاران سلطنت کی خودرایانہ حکومت کم کردی جاے
بیا

یا رعایا کی اِس قدیم عادت مین خلل اندازی کی جاے کہ جو حاکم نے کہا اُسکو بلا عذر و حجت
مان لیا تو خوش انتظامی کو قائم رکھنا اور ٹیکس کو وصول کرنا محال ہوجائیگا۔ لہذا وہ
اپنے ماتحتون کی نسبت کوئی شکایت نہ سُنتا تھا اور چونکہ ان ماتحتون کو یقین تھا
کہ ہم جو چاہین سو کرڈالین کوئی ہمسے بازپرس نہین کرسکتا لہذا جو اُنکے جی مین آتا تھا
کرتے تھے جیسا خودراے مشرقی اہلکارون کا دستور ہے مگر سچ تو یہ ہے کہ اسمین ریاض کا
کچھ قصور نہ تھا کیونکہ اگر وہ اپنی خودسری سے باز رہنا چاہتا اور کوئی خودرایانہ
اور جابرانہ کارروائی نکرتا تو کیونکر نہ کرتا درانحالیکہ مصر مین مجرمون کی سزا دہی کے لیے
کوئی باضابطہ عدالت نہ تھی اور اب تک نہین ہے مثلاً جب اُسنے دیکھا کہ بعض
اضلاع مین ایسے بدمعاش ہین جو باقاعدہ طور سے سزایاب نہین ہوسکتے تو اُسنے
بعض بدمعاشون کو بغیر تحقیقات جرم جلاوطن کرکے ملک سوڈان مین بھیجدیا۔ اور چونکہ
وہ خود جاکر تحقیقات برسرموقع نہ کرسکتا تھا لہذا وہ مجبوری حکام مختص المقام کی رپورٹون
پر عمل کرتا تھا پس یہ بات خلاف قیاس نہین ہے کہ ان آوارہ وطنون مین بعض آدمی
ایسے بھی ہوتے تھے جو اہلکاران سرکاری کی حرص یا عداوت کے کشتہ ہوتے تھے۔ مگر
یہ قیاس ہوسکتا ہے کہ اِس ظالمانہ کارروائی کے جواز کی کچھ وجہ بھی تھی کیونکہ ریاض
پاشا کے معزول ہونے کے بعد جب سرداران فوج باغی نے جو ریاض کے اِس
فعل کو بُرا کہتے تھے اُن آوارہ وطنون کو ملک سوڈان سے واپس بلوایا تو پھر
مجبوری اُنکو بھی وہی کرنا پڑا جو ریاض کرتا تھا۔

اگرچہ ریاض کی حکومت مین اُس قدر ظلم نہوتا تھا جس قدر اسمعیل کے عہد
فرمانروائی مین ہوتا تھا تاہم ریاض کے عہد حکومت مین رعایا بہت ناراض تھی
اہل مصر کی خاصیت جو ہے کی سی ہے کہ اگر شیر اُسکو کوئی چیز دیتا ہے تو چپکے سے
لے لیتا ہے اور اگر اسکا کوئی ہمقوم کوئی چیز اُسکو دیتا ہے تو اسکو وہ غصہ سے جھڑک دیتا ہے

اسمٰعیل کو اہل مصر کی نظرون مین وہ عظمت حاصل تھی جو اُسکا جد امجد محمد علی اپنے جانشینون کے لیے چھوڑ گیا تھا اور اگرچہ وہ قرضخواہون کے تقاضے سے تنگ آ گیا تھا اور بسبب غیران یورپ کی فنبگ زرگری سے ذلیل ہو گیا تھا تاہم کچھ نہ کچھ شان بادشاہت اسمین ہمیشہ باقی رہی۔ اور عوام الناس اُسکے حکم کو وحی آسمانی سمجھا کرتے تھے اور نوشتۂ تقدیر جانتے تھے جسکو کوئی مٹا نہین سکتا اور اُسکے آخر عہد مین جو چند آدمی پوشیدہ طور سے اُسکے مقابلہ پر آمادہ ہوے تھے وہ بھی مُفتش[۱] کے انجام کو یاد کر کے خاموش رہے جو کسی زمانہ مین کیسی قوت پکڑ گیا تھا اور پھر کس ذلت و خواری سے جلاوطن کیا گیا اب یہ دیکھنا چاہیے کہ ریاض کون تھا جو اُنپر حکومت کر رہا تھا۔ وہ قوم کا یہودی تھا اور خود مرتد تھا یا مرتد کا پسر تھا اور اکثر بزرگون کو اب تک یاد تھا کہ وہ لڑکپن مین بھاری کپڑے پہنکر سعید پاشا کی مجلس سے نکلا کرتا تھا اور نوجوان اُسکی یہ قدر جانتے تھے کہ ادنی درجہ کا اہلکار سرکاری تھا۔ لومڑی اور شیر کی نقل مشہور ہے کہ لومڑی نے شیر کا سر اپنے سر پر لگا کر دکارنا شروع کیا مگر اہل محفل خوب جانتے تھے کہ یہ کسکی آواز ہے شیر کی للکار ہے یا لومڑی کی جنگھاڑ۔ ریاض کو اختیارات حکومت چاہے کیسے ہی حاصل تھے مگر خدیو کی شان و شوکت اُسکو کیونکر نصیب ہوتی۔ اُسکو وہ آزادی فعل حاصل نہ تھی جو اسمٰعیل جیسے حاکم جابر کو حاصل تھی اور جسکے باعث سے وہ بغاوت کو

[۱] جس زمانہ مین مین مصر مین مقیم تھا تو ایک عجیب و غریب سلسلۂ شہادت میرے ہاتھ لگا جس سے ثابت ہوتا تھا کہ اسمٰعیل صادق نے جو مفتش کے لقب سے مشہور ہے اور جسنے اسمٰعیل پاشا کی شرکت اور حمایت اُسکی مالی ظلم مین اور ان بیہودہ مالی تدابیر مین کی تھی جو اُس بے ایمان خدیو کے عہد حکومت کی ذلت و رسوائی کا باعث ہوئی تھیں مرض سرسام سے اُسمی وودی جہاز پر جسمین سوار کر کے اسکو آبشار اول کی طرف لے گئے تھے تھین انتقال کیا نہ ضرب شدید اُسکی موت کا باعث ہوئی بلکہ اُسکو بلک بدر کر کے مقام ڈنگولا مین بھیجا گیا تھا اور جب وہ وہان پہونچ گیا تب تھوڑے عرصہ کے بعد اُسکا گلا گھونٹ کر مار ڈالا ۱۲ منہ

اشتداد ہی مین منع کرسکتا جبکہ وہ صرف اہل فوج کی نافرمانی کے درجہ تک پہونچی تھی۔
اسکو اپنے اہم منصب وزرا سے مشورہ لینا پڑا اور اُنمین ایک صاحب ایسے واقف حقیقت ص ۱۱
تھے جنھون نے تینون باغی کرنیلون کو آگاہ کردیا کہ خبردار رہنا تمھاری گرفتاری کی تدبیر
ہورہی ہے۔ ریاض کے پانون مین سفیران انگلستان و فرانس کی نگرانی کی بیڑی بھی پڑی
ہوئی تھی۔ اُنھون نے یہ اصرار کیا کہ باغیون کے ساتھ یورپ کے قواعد عدل و انصاف
کے موافق سلوک کرو مگر اُسکے مخالفین کو اُن قواعد کی تعمیل پر مجبور نہ کرسکے اور نہ یورپ
کے قوانین کو عموماً اسطور سے جاری کرسکے جیسا یورپ مین ہے کہ گورنمنٹ بد معاشون
سے سمجھ لیتی ہے بلا اسکے کہ اُنکے حربون کو اپنے استعمال مین لائے۔ بالآخر ریاض کو
بڑا خوف یہ تھا کہ میری حکومت ذاتی نہین ہے بلکہ خدیو سے حاصل ہوئی ہے
جسکو اختیار تھا کہ جب چاہتا اُس سے حکومت سلب کرلیتا۔ اگر خدیو کو لوگ سمجھا
بجھا کر یا دھمکی دیکر ریاض کو برطرف کرادیتے تو اسکو خواہ مخواہ نوکری چھوڑ کر گوشہ نشینی اختیار
کرنی پڑتی اور اسکی گوشہ نشینی سے بغاوت کا مانع کوئی نہ باقی رہتا۔ یہ اندیشہ خود
باغیون کو پیشتر ہی سے ہو چکا تھا اور عربی بھی اس بات کو خود بخود سمجھ گیا اور اُسنے کوئی
دقیقہ فروگذاشت نہین کیا کہ جو عظمت و وقعت خدیو کی باقی رہی ہے وہ رعایا
کی نظرون مین مجھکو حاصل ہوجاے۔ لہذا اُسنے محمد علی کی تقلید کرکے عرضیان
لینی شروع کین اور ادب قاعدہ کو بالاے طاق رکھکر فوراً اُنکی تعمیل سیدھے
سادے بزرگانہ طور سے کی۔ توفیق پاشا تو رعایا کی عرضیون پر خود کچھ حکم نہ دے سکتا تھا
بلکہ وزرا کے حوالہ کرتا تھا مگر عربی پاشا ہر قسم کی شکایت کو خود فوراً رفع کرتا تھا لہذا
اہل مصر کی منطق کے موافق حاکم حقیقی عربی تھا توفیق نہ تھا۔

**الغرض** اُسوقت سے عربی مالک الملک بنگیا کیونکہ اہل مصر دیگر مشرقی ص ۱۱
قومون کی طرح حکومت واقعی اور حکومت ظاہری مین فرق کا ادراک بہت جلد

کر لیتے ہین اور وہ اس مثل کی حکمت کے دل سے قائل ہین کہ جسکی تیغ اُسکی ریغ
جسکا کھانا اسکا گانا - وہ گران ڈیل اور گندم گون فلاح کرنیل (عربی) محمد علی کی
نسل اور خدیوی کے خاندان سے تو نہ تھا مگر بعض لوگون مین یہ چرچا ہونے لگا کہ اولاد
پیغمبر اور سید صحیح النسب ہے - بہرحال وہ کفار یہود کی نسل سے نہ تھا اور قران مجید
کی آیات ایسی فصاحت سے برموقع تلاوت کرتا تھا کہ گویا یونیورسٹی اظہر کا
ایک عالم تبحر تھا - اور سب سے بڑھکر یہ تھا کہ وہ لوگون کی عرضیان منظور کرنے کا اختیار
رکھتا تھا اور اسکے اس اختیار کا کوئی روکنے والا نہ تھا اور اہل مصر کے نزدیک
یہ اختیار پادشاہت کو لازم بلکہ الزم ہے -

پس اسطرح سے محمد علی کی قباء حکومت اُسکے اخلاف نے وراثتاً پائی اور
اُسکو زیب بدن کرکے اسکی عظمت و بزرگی کو قائم رکھا اور اب جو کچھ پھٹے ٹوٹے
اُسکے باقی رہگئے تھے وہ فوج کے ایک نوخیز کرنیل کی وردی مین ٹانک دیے گئے
جب عربی دربار یا بازار مین آتا تھا تو لوگ جھک کر آداب بجا لاتے تھے مگر خدیو
کو جو برائے نام حاکم تھا ذلیل سمجھتے تھے الان تین کرنیلون کی کونسل ہین جو دو کرنیل
عربی سے رتبہ مین کم تھے عوام الناس انکا اعزاز و احترام بھی کسیقدر کرتے تھے کیونکہ
اُنکے زعم ناقص مین علی فہمی پاشا کے چہرے سے حکمت اور دانشمندی کے آثار عیان
تھے اور عبد العلی سے زیادہ کوئی آدمی مصر مین چین بجبین ہو کر اور مونچھون پر تاؤ دیکر
اور تیور بدلکر نہ دیکھتا تھا - اب ہاں وہ مکار محمد سمیع سو وہ سرداران باغی کا معلم الملکوت
تھا اور چھپا رستم تھا یعنی پوشیدہ طور سے انکو بھڑکایا کرتا تھا - اگرچہ یہ چارون
آدمی فی الواقع حکومت رعایا اور عمدہ انتظام ملک کے خواہان تھے تو انکو توفیق
پاشا اور سفیران انگلستان و فرانس کا شریک ہونا چاہیے تھا جو تدابیر اصلاح امور سلطنت
مین اُنکی شرکت و رفاقت پر ہمہ تن آمادہ تھے مگر بعوض اسکے کہ وہ یہ عاقلانہ روش اختیار

گرستے اور کچھ خفیف سی رعایتین رعایا کے ساتھ کر کے دفع الوقت کر دیتے اُنھون نے بڑی
فعالی کی ڈالی اور اُن امور کے خواستگار ہوے جو ناممکن تھے اور سفیران انگلستان و فرانس سے
بھی اُلجھے اور شریف پاشا کو بھی آزردہ کر کے گوشہ نشینی پر مجبور کر دیا اور خدیو کو
دھمکایا اور رعایا کی حرارت مذہبی کو افروختہ کیا اور اس سب کا نتیجہ یہ ہوا کہ ایک
غیر قوم نے بزور شمشیر مصر کو لے لیا۔

جہان تک ہمنے اس مصر کے مسئلہ مین تحقیق کی ہے وہان تک تو یہی ثابت
ہوتا ہے کہ مصر کے معاملات مین اہل یورپ کی دست اندازی کی وجہ سے حکومت کی
کل ایسی بے کل ہو گئی تھی کہ اُسکے پرزے پرزے ہو جانے کا خوف تھا۔ گورنمنٹ انگلشیہ
اور گورنمنٹ فرانس نے اس امر سے بہیا سے چشم پوشی کی کہ پرانی بوتلون مین نئی شراب
رکھنے سے ہمیشہ یہ اندیشہ رہتا ہے کہ بوتلین ٹوٹ جائینگی اور شراب بہ جائیگی لہذا
جبتک ایسی آزمائش کرنی منظور ہو تو پیشتر سے ایسی تدبیر کر لینی چاہیے کہ بوتلین شکست
نہ ہونے پائین۔ مگر انگلستان اور فرانس نے جو مصر کے معاملات مین دخل دیا اُسکی نسبت
رائے زنی کرنے سے پہلے یہ لازم ہے کہ اس معاملہ کے دوسرے پہلو پر نظر
کر کے اس امر کا تصفیہ کرین کہ اِن دونون سلطنتون کی دست اندازی سے مصر کی
رعایا کو کیا فوائد حاصل ہوے سکیا اِن دونون سلطنتون کی نگرانی سے مصر کے انتظامات
ملکی مین کچھ صلاح ہوئی اور وہ ملک بار قرضہ سے سبکدوش ہوا یا یہ کہ جیسا بعض
اشخاص کا قول ہے کہ یہ ایک نیا آلۂ ظلم کا اسلیے اختراع کیا گیا اور قائم رکھا گیا
کہ مصریون کو لوٹکر اپنا گھر بھرین۔

اسمین کچھ شک نہین ہے کہ مصر کے قرضخواہون کے حفظ حقوق اور اُنکی
نفع رسانی پر نظر کر کے انگلستان اور فرانس نے مصر کے معاملات مین دخل دیا تھا جب
۱۸۷۶ء مین اسمٰعیل پاشا نے دیکھا کہ میری بے پروائی اور فضول خرچی سے جو اُمور

مالی مین طوفان آگیا ہے ہمین مین خود ہی غریق رحمت ہوا چاہتا ہون تو اُسنے گورنمنٹ
انگلشیہ سے یہ استدعا کی کہ چند لائق آدمی بھیجدے جو امور مالی مین مجھے مشورہ دیا کرین
اور یہ درخواست اُسنے اس امید سے کی تھی کہ گورنمنٹ انگلشیہ کسی نہ کسی تدبیر سے اُس مخمصہ سے
اُسکو ضرور نجات دیگی۔ مگر لارڈ ڈربی جو اس زمانہ مین وزیر صیغۂ دول خارجیہ تھے اس
بات سے بہت بیزار تھے کہ مصر کے امور مال مین کچھ دست اندازی کیجاے۔ جب خدیو
اس بات کی کوشش کرتے کرتے تھک گیا کہ کسی طرح سے اس مخمصہ سے میری جان بچے
تو بمجبوری اپنے قرضخواہون سے اُسنے خود معاملہ کرلیا اور اس انتظام کو قبول کرلیا
جو مسٹر گوشین اور مسٹر جوبرٹ نے بحیثیت قائم مقامان اُسکے قرضخواہون کے تجویز
کیا تھا۔ اس انتظام مین ایک امر ضروری یہ قرار پایا تھا کہ پانچ سال کی مدت تک
ایک انگریز اور ایک فرانسیسی ناظر مقرر کیا جاے اور ایک ناظر خراج ملک کی تحصیل کی
نگرانی کرے۔ یہ دونون ناظر اگرچہ خدیو کے ملازم تھے اور اُسکے خزانہ سے تنخواہ
پاتے تھے مگر فی الواقع اُسکے قرضخواہون کے وکیل تھے اور انکا فرض منصبی یہ تھا
کہ اس ملک کی بہبود و سرسبزی کی فکر کرین یا گورنمنٹ کی ظالمانہ زیادہ ستانی کا
انسداد کرین اور اگر انھون نے مصر کی سرسبزی مین کوشش کی تو صرف اسقدر جسقدر
اُنکے موکلون کا قرضہ ادا کرنے کے لیے کافی ہو اور ٹیکس دینے والے ٹیکس کی علت مین
بالکل تباہ و برباد نہو جائین۔ یہ تحقیق کرنا بالکل بیکار ہے کہ آیا وہ اپنے کام کو نازک
سمجھتے تھے یا نہین اور آیا وہ یہ جانتے تھے کہ قرضخواہون کا بھلا جبھی ہوگا جب کہ
ملک مین خوش انتظامی ہو اور رعایا آسودہ حال ہو۔ بہرحال انکی راے اس باب مین
جو ہو سو ہو اتنی بات یقینی ہے کہ وہ انتظام موجودہ مین کوئی اصلاح تام کرنے کے
قابل نہ تھے کیونکہ اسمعیل کا جو جی چاہتا تھا وہ کرتا تھا اور اپنی اصلاح حال کی اسکو
کچھ فکر نہ تھی۔ جیسا فضول خرچ آدمیون کا دستور ہے کہ قرضخواہون کے مواجہہ مین

حیلہ حوالہ کرنے لگتے ہین اسی طرح اسمٰعیل نے بھی اپنے قرضہ کے ایک جزو کو پوشیدہ رکھا اور اپنی جایداد کو بہت بڑھا کر بیان کیا جسکا نتیجہ یہ ہوا کہ جو انتظام مسٹر گوشین اور مسٹر جوبرٹ نے قرار دیا تھا از بسکہ وہ ایسے واقعات پر مبنی تھا جنکو اسمٰعیل نے اُسنے عمداً غلط بیان کیا تھا لہذا اُسکا بار اس ملک (مصر) سے نہ اُٹھ سکتا۔ جب کوڑہ بازی اور زد و کوب سے اتنا روپیہ رعایا سے نہ وصول ہو سکا جو قرضہ ادا کرنے کے لیے کافی ہوتا تو اسمٰعیل نے چاہا کہ سود کی شرح مین کمی ہو جاے اور اس غرض سے اُسنے مظلوم و ستم رسیدہ فلاحین کی حمایت بڑے زور و شور سے کی اور یہان تک بیحیائی اُسنے اختیار کی کہ لوگون سے یہ کہنا شروع کیا کہ میرا کیا قصور ہے مین تو غیر ملک والون کے بس مین آگیا ہون جو وہ کہتے ہین مجھکو کرنا پڑتا ہے اور اُنکی طمع کی کچھ انتہا نہین ہے۔ الغرض اسمٰعیل نے وہ کردار اختیار کیا کہ جیسے غریب و مسکین بھیڑ مجبور ہو کر بھیڑیے کا لباس پہن لے۔ مگر اُسکی داد فریاد کو اُسکے قرضخواہون نے کچھ نہ سنا اور اُسکی بات کا یقین نہ کیا اور اُنکا بیرحمی اور سنگدلی اختیار کرنا کسیقدر درست بھی تھا کیونکہ سابق مین اسمٰعیل کی بے ایمانی اور جعلسازی کو دیکھ چکے تھے اور اس امر کا ظن غالب بھی اُنکو تھا کہ شرح سود مین کمی کرنے سے خدیو کی فضول خرچی اور زیادہ ہو جائیگی اور کمبخت ٹیکس دینے والون پر جو ٹیکس کا بار ہے وہ کچھ بھی ہلکا نہوگا اُنکے اس گمان کی تصدیق اس امر سے ہو گئی کہ جب اسمٰعیل سے کہا گیا کہ شرح سود مین کمی اس شرط سے منظور کیجاتی ہے کہ آپ انگلستان اور فرانس کی نظارت کو اور زیادہ قوی کر دین تو اُسنے اس تجویز کو جھنجھلا کر نامنظور کیا اور اسکی تصدیق اس امر سے بھی ہو گئی کہ جس کمی کی سفارش اسمٰعیل نے کی تھی اُسمین وہ خود شریک ہونا چاہتا تھا اور کاشتکارون کی بہت سی زمین جو اُسنے زبردستی لے لی تھی اُسکو واپس کرنے سے انکار کرتا تھا مگر اسمین شک نہین ہے کہ نظارت

بھی ایسی بلا مین مبتلا تھی کہ اُسکو کچھ نہ بن پڑتا تھا اسواسطے کہ خدیو کے گناہون کا عذاب خود اسپر نہین نازل ہوا بلکہ بے گناہ کاشتکارون پر نازل ہوا جو قرض لینے مین شریک نہین ہوے تھے اور جنکو قرضہ کے روپیہ سے کچھ فائدہ نہوا تھا۔ اب اُن بیچارون پر سابق سے بھی زیادہ ظلم و تعدی ہونے لگی اور ایسی ظالمانہ کارروائی کو نظارت نے اہل یورپ کی طرف سے منظور کیا پس اگر اس زمانہ مین کوئی محب وطن زمرۂ فلاحین مین پیدا ہوکر نظارت پر لعنت ملامت کرتا کہ خدیو کی ناانصافی مین یہ شریک ہے تو ایسا محب وطن بیشک نصرت و حمایت کا مستحق ہوتا۔ مگر واضح ہو کہ جو نظارت اسمعیل کے عہد مین مقرر ہوئی تھی اور جسکا خاتمہ اسوقت ہوا جبکہ ۱۸۷۸ء مین نوبر پاشا اور ولسن صاحب کی وزارت قائم ہوئی وہ اس نظارت جدید سے کچھ علاقہ نہین رکھتی ہے جو توفیق کی تخت نشینی کے بعد از روے ڈگری مصدرہ ۱۵۔ نومبر ۱۸۷۹ء عیسوی قائم ہوئی۔ یہ نظارت جدید پر قومی فرقہ نے اعتراض کیا ہے اگرچہ بادی النظر مین تو وہی نظارت قدیم گویا دوبارہ قائم ہوئی تھی مگر نفس الامر مین اسکی حقیقت اور تھی اور اُسکے کام بھی اور قسم کا تھا حقیقت حال یہ ہے کہ نظارت قدیم اور نظارت جدید کے مابین جو مدت منقضی ہوئی اسمین ایسے ایسے اہم واقعات وقوع مین آئے جنسے مصر کی کیفیت بالکل بدل گئی تھی۔ ان اہم واقعات کی مختصر کیفیت ذیل مین بیان کی جاتی ہے۔

جب اسمعیل نے اپنی مظلوم و مقہور رعایا کی طرف سے بہت ہاے واویلا کی اور ظاہر قرضہ کا ادا ہونا غیر ممکن معلوم ہوا تو آخر خدیو کے قرضخواہون و لندن اور پیرس کے وزرا نے اُس انتظام مین جو مسٹر گوشین اور مسٹر جوبرٹ نے قرار دیا تھا ترمیم کرنا منظور کیا مگر یہ شرط کر لی کہ کمی سود اسوقت منظور کی جائیگی جبکہ ان مالی دقتون کے اسباب مین تحقیقات کیجاے۔ اگرچہ اسمعیل کو یہ شرط ناگوار گذری مگر اُسنے ظاہر مین

اُسکو قبول کرلیا اور باوجودیکہ وہ پوشیدہ طور سے اُسکی مخالفت پر آمادہ رہتا تاہم ایک عجیب و غریب تحقیقات اس مقدمہ مین ہوئی لیکن جو کمیشن تحقیقات کرنے کے لیے مقرر ہوئی تھی ہنوز اپنی کارروائی اُسنے ختم نہ کی تھی کہ خدیو نے ایک نیا حیلہ اسلیے گڑھ لیا کہ جن امور کو ہم اپنے بیچ کے معاملات سمجھتے ہین اُنکی کیفیت غیرون کو نہ معلوم ہونے پائے وہ حیلہ یہ تھا کہ بظاہر اُسنے ایک باقاعدہ گورنمنٹ مقرر کرکے وزرا کو من حیث المجموع اُسکے انتظام کا ذمہ دار کردیا اور گورنمنٹ انگلشیہ اور گورنمنٹ فرانس کو اس بات پر راضی کرلیا کہ ایسی گورنمنٹ امتحاناً اس شرط سے قائم کیجاے کہ سفیران انگلستان و فرانس مجلس جدید وزرا کے ممبر مقرر کیے جائین اور وزرا کی کارروائی کو نامنظور کرکے روک دینے کا حق اُنکو بخشا جاے۔ مگر ہنوز اس بیچرنگی وزارت کو قائم ہوے بہت عرصہ نہ گذرا تھا کہ اسمعیل نے چاہا کہ اس نئی قید کو دور کرے جو اُسکی خودرایانہ اختیار پر لگائی گئی تھی۔ چونکہ اُسنے ہتیار کی اسمین اتنی صفت تو ضرور رکھی کہ آدمی تھی اور وہ بھی جب وہ اپنے تئین بھیڑ بناکر بھیڑیے کا لباس پہن چکا جیسا سابق مین بیان کیا گیا تو آپ وہ ایک نیا سوانگ لایا اور اہل یورپ کے بہلانے کے لیے یہ حیلہ کیا کہ اگرچہ مین آپ سے مخالفت نہین کرنا چاہتا مگر چونکہ میری رعایا آپ سے آزردہ ہے لہذا مجھکو بھی آپ سے مخالفت کرنی پڑتی ہے۔ اور ایک فرضی گروہ کو جھوٹ موٹ قومی فریق قرار دیکر یہ کہدیا کہ رعایا کو بڑا صدمہ ہے کہ ایک ارمنی عیسائی یعنی نیوبر پاشا وزیر اعظم کیا جاے اور دو اور غیر آدمی یعنی سفیر انگلستان اور سفیر فرانس مجلس وزرا کے معزز ممبر بنائے جائین۔ اور فریق مذکور کے بعض شرکا نے یہ شکایت کرنی شروع کی کہ ہماری تنخواہ نہین ملی ہے اور وزرا کو علانیہ بہت سرزنش کی پس ایسی حالت مین خدیو کی دانائی اور نیک نیتی کیا کام آتی۔ اسکو وزیر اعظم سے استعفا طلب کرنا پڑا تاکہ ملک مین فساد نہ برپا ہو مگر اسپر بھی وہ فرضی قومی فریق غل مچایا کیا تب اُسنے

یہ رعایت مزید اسکے ساتھ کی گئی کہ ان دو غیر وزیرون (سفیران انگلستان و فرانس) کو موقوف کر دیا - خیر - یہان تک تو خیریت گذری لیکن جب وزرا نے یہ چاہا کہ سرکاری قرضہ ادا کرنے کا بندوبست جو قرضخواہون کے ساتھ کیا گیا ہے اُسمین اپنی راے سے جس طرح چاہین ترمیم کرین تب تو جرمنی کا سفیر فوراً اُٹھ کھڑا ہوا اور بالاعلان کہنے لگا کہ جو کچھ تماشا ہو رہا ہے اس سے وہ قول و قرار ناجائز نہین ہو سکتا جو مصر کے یورپی قرضخواہون کے ساتھ کیا گیا ہے - جرمنی کے سفیر نے جب اُس تجویز مین جو خدیو نے قرار دی تھی یہ رخنہ اندازی کی جسکی توقع خدیو کو نہ تھی تب تو خدیو کو گویا دن کو تارے دکھائی دینے لگے اور انگریزا ور فرانسیسون مین بھی کھلبلی پڑ گئی - اور وزراء انگلستان و فرانس کو یہ گمان ہوا کہ جرمنی کے سفیر کی اس چستی و چالاکی کو دیکھکر کہین اور سلطنتین یورپ کی اس معاملہ مین دست اندازی نہ کر بیٹھین اور اُنکو یہ اندیشہ ہوا کہ ہماری متفق حکومت جسمین کوئی دوسرا شریک و سہیم نہین ہے معرض خطر مین پڑ گئی ہے - پس اُنھون نے چاہا کہ یہ سوانگ کہین جلد ختم ہو جاے اور اُنکے اصرار و تاکید سے سلطان بھی بیچ مین کود پڑے اور اسمعیل کو نکال باہر کیا اور اُسکے بیٹے توفیق کو خدیو مقرر کر کے انگلستان و فرانس کی نظارت دوبارہ قائم کی -

یہ نظارت جدید اگرچہ بادی النظر مین تو وہی نظارت قدیم گویا دوبارہ قائم ہوئی تھی مگر نفس الامر مین یہ اور ہی چیز تھی - نظارت جدید نے جو ترمیمین تجویز کین وہ اُس تغیر عظیم کے موافق تھین جو انگلستان اور فرانس کے وزراء کی حکمت عملی مین واقع ہوا تھا - گورنمنٹ انگلشیہ مدت سے اس امر سے کراہت شدید ظاہر کر رہی تھی کہ مصر کے انتظامات مین براہ راست دخل دے اور اس ذمہ داری کو اپنے اوپر عائد کرے بلکہ اُسنے گورنمنٹ فرانس کو بھی اپنے اوپر پیشقدمی نہ کرنے دی تھی لیکن آخر الامر گورنمنٹ انگلشیہ کو ایسی تدبیر کرنی پڑی جس سے مصر مین انگلستان اور فرانس کی حکومت بطور حراست کے قائم ہو گئی - اس

انتظام مین جوکام نظارت نے کیا اُسکی تعریف بیان کرنا مشکل ہے کیونکہ حراست مشترکہ انگلستان و فرانس مصر مین کبھی باضابطہ طور سے نہین قائم کی گئی تھی اور ہمارے اِس قول کو کوئی رد نہین کرسکتا کہ نظار کی قانونی حیثیت چاہے جو کچھ رہی ہو مگر وہ یورپی قرضخواہون یا مصر کے حاجتون کے وکیل اب نہ باقی رہے تھے۔ چنانچہ یہ امر فوراً اچھیوت عیان ہوگیا جب قرضہ ادا ہونے لگا۔ خدیو نے جو حکم اس مقدمہ مین صادر کیا تھا اُسکا منشا یہ تھا کہ نظار کمیشن ادائے قرضہ اور سرکار کے درمیان متوسط رہین اور اس مشکل کے نازک کام مین نظار نے مصر کو قرضخواہون کی زیادتیون اور بلند پروازیون سے بہت بچایا۔ یہ صحیح ہے کہ نظار کو اس کوشش مین ہمیشہ سرخروئی نہین ہوئی۔ مثلاً انھون نے ایک ناانصافی یہ کی کہ مقابلہ کی موقوفی کی اجازت دیدی بغیر اسکے کہ زمینداروں کو معاوضہ کافی اُسکا دیا ہو اور انھون نے قرضہ کو منتقل کردینے کی غرض سے ایسا انتظام قبول کرلیا جسکا بہت خراب اثر مصر کی سرسبزی پر ہوا ہے جیسا آیندہ بیان کیا جائیگا۔ لیکن اگر انکی کارروائیون پر من حیث المجموع نظر کی جاے اور نظر انصاف سے دیکھا جاے تو مصر کی رفاہ و بہبود انکو ہمیشہ مدنظر رہی۔ ہنوز ادائے قرضہ کا معاملہ طے نہوا تھا کہ انھون نے چند اصلاحات انتظام مال مین شروع کین جسکا نتیجہ یہ ہوا کہ ایک جزء ٹیکس کا موقوف ہوگیا اور مابقی بار اُسکا ٹیکس دینے والون پر برابر تقسیم ہوگیا۔ جو کچھ انکا ارادہ تھا اور جو کچھ انھون نے کر دکھایا اُسکے بیان کا طریقہ اس سے بہتر نہین ہے کہ وہ تدابیر جو گورنمنٹ مصر نے اُنکے مشورہ اور اُنکی امداد سے سنہ ۱۸۸۰ع مین جاری کی تھین تاریخ وار قلمبند کی جائین۔ ۱۷ جنوری کو اُٹھائیس قسم کا ٹیکس جسکے بار سے رعایا ہلاک ہوئی جاتی تھی اور جسکی آمدنی ۳۷۷۰۰۰ پونڈ تھی موقوف کردیا گیا اور ساتھ ہی اُسکے اہل پیشہ سے جو ٹیکس لیا جاتا تھا اُسکے پیمانہ مین بھی اصلاح کی گئی اور چھوٹے چھوٹے گانون پر محصول چنگی معاف

کیا گیا جسکی آمدنی بمقابلہ اُس قرم کثیر کے جو اُسکی تحصیل مین صرف ہوتی تھی بہت کم تھی۔ ٹیکس کے معاف کردینے سے جو گھاٹا پڑا اُسکی یہ تدبیر کی گئی کہ ایک قسم خاص کی اراضی پر جسکا نام عشوری ہے مطالبہ مالگزاری زیادہ کردیا گیا۔ پھر ۵ فروری مین اراضی کی پیمایش کامل کی تدبیر کی گئی کہ بغیر پیمایش اراضی کے مالگزاری منصفانہ طور سے نہین تشخیص ہوسکتی۔ ۲۵ - فروری کو خدیو کا فرمان بدین مضمون صادر ہوا کہ ہر ضلع کے طریقۂ خاص کے موافق مالگزاری تحصیل کی جاے تاکہ چھوٹے چھوٹے کاشتکار مناسب فصول مین قسطین داخل کرسکین اور بہت سود دیکر انکو روپیہ قرض نہ لینا پڑے یا فصل استادہ کو کھوٹے دامون نہ بیچ ڈالنا پڑے۔ کاشتکارون پر جو نیا دتیان ہوتی تھین انکی ایک روک یہ بھی رکھی گئی کہ ہر کاشتکار کو ایک چھپی ہوئی فہرست دیدی گئی جسمین یہ لکھا تھا کہ ہر ٹیکس کی بابت اُسکو کتنا روپیہ دینا پڑیگا اور کس تاریخ کون ٹیکس داخل کرنا پڑیگا۔ ۲۵ مارچ کو مالگزاری غلہ لینے کا پرانا دھرا طریقہ جو مصر شمالی مین جاری تھا موقوف کردیا گیا اور قرقی و فروخت ملکیت اراضی بعلت بقایاے مالگزاری کا باقاعدہ انتظام جاری کیا گیا۔ ان اصلاحات کی نگرانی کے لیے چند گرداور انسپکٹر مقرر کیے گئے جنکے کانون کا فون پھرنے سے شاید کچھ روک اُن بدعتون پر ہوئی جو حکام دیہی کی رشوت ستانی سے اہل دیہ پر ہوتی تھین۔

ایک اور بدعت شدید مصر مین قدیم الایام سے چلی آتی تھی وہ بدعت بیگار تھی یعنی لوگون سے زبردستی کام لیا جاتا تھا۔ اس بدعت کو دفع کرنے مین گورنمنٹ مصر اور قطارت دونون کو چند خاص دقتین پیش آئین۔ علاقہ جات خالصہ اور دیگر علاقون مین بیگار کو موقوف کردینا محال تھا کیونکہ مصر ایک عجیب قسم کا ملک ہے یعنی دریاے نیل کے سیلاب سے ایک سرسبز و شاداب قطعۂ زمین ایک لق و دق میدان مین بنگیا ہے جسکا نام مصر ہے۔ قدیم مصریون کا یہ فعل عذر پذیر تھا کہ دریاے نیل کو اپنا رازق سمجھکر اُسکی

27720



پرستش کرتے تھے - وہ پیر کہن سال (یعنی رود نیل) اپنے عیال کثیر کے حال پر جملہ اوقات مین شفقت پدری کرتا رہا ہے مگر اپنی پیاری اولاد کو اُسکا یہ بھی حکم رہا ہے کہ زراعت مین جو تمھارے کرنے کا کام ہے اُس سے کبھی نہ چوکو - افریقہ شمالی سے جو پانی کے ریلے دریاے نیل مین آکر گرد و نواح کے ملک کو ہرا بھرا کر دیتے ہین اُنکے لیے یہ بات لازم ہے کہ نہرون مین بھر رکھے جائین اور باندھون سے روک دیے جائین کیونکہ دریاے نیل کی سخاوت مین بعض آدمیون کی فیاضی کی طرح کچھ تلون مزاجی اور بے پروائی بھی شریک ہے لہذا خاص تدارک کرنا پڑتا ہے ورنہ سیلابون سے زراعت بالکل غارت ہو جاے - یہ تو ہر زمانہ مین عموماً ضرور ہے کہ مصر کے اکثر باشندے نہرون اور باندھون کی مرمت کی مشقت شاقہ کو ہر سال گوارا کرین اور جب کسیوقت خاص مین کوئی سیلاب آنے والا ہوتا ہے تو جس ضلع مین اسکا اندیشہ ہوتا ہے اُسکے سب نوجوان مرد فوراً طلب کیے جاتے ہین کہ اس بلا کو روکنے کی تدبیر کرین - پس ایسی حالت مین وزرا مصر اور نظارت بیگار کے دستور کو بالکل کیونکر موقوف کر سکتے تھے جیسا بعض اہل یورپ نے انکو مشورہ دیا تھا لیکن اُنھون نے یہ چاہا کہ اُسکا ایک ضابطہ مقرر کر دیا جاے اور اسکو کسیقدر موقوف کر کے کوئی اور تدبیر اُسکے بدلے جاری کیجاے -

یہ بیان کرنا کیا ضرور ہے کہ جو صلاحین نظارت عمل مین لائی تھی وہ نظارت کی سالانہ رپورٹون مین تو بہت کچھ معلوم ہوتی تھین مگر نفس الامر مین کچھ بھی نہ تھین - کیونکہ جو بدعتین اور رشوت ستانیان صدہا سال سے جاری چلی آتی تھین انکا استیصال دو تین سال کی مدت قلیل مین تو افلاطون جیسے حکیم اور رستم ایسے پہلوان سے بھی نہ ہوسکتا پھر بیچارے انگریز اور فرانسیسی کس قطار شمار مین تھے - اس دعوے کے ثبوت مین بہت سے مضحک قصے سنے گئے ہین اور بہت سی ایسی حکایتین ایجاد بھی ہوسکتی ہین مگر ایسے قصون کا اعتبار کر کے خواہ اصلی ہون خواہ مصنوعی اصل امر سے چشم پوشی نکرنی چاہیے

کہ اموری مالی اور ٹیکس کے معاملات مین بد انتظامی اور مطلق العنانی کی جگہ پر خوش انتظامی اور
پابندی قانون نظر آنے لگی اور یہ بھی یاد رہے کہ اسمعیل پاشا کے آخر عہد مین مصر کا
سرکاری خزانہ ہمیشہ خالی پڑا رہتا تھا اور جب بہت سا ٹیکس باندھنے اور روپیہ
قرض لینے سے بھی کام نہ چلا تو خدیو نے حکم قطعی صادر کیا کہ ایک رقم معین کاشتکارون
سے وصول کیجاوے - اس رقم کو وزیر صیغہ مال نے صوبجات پر اور حکام اضلاع نے
دیہات پر اور شیوخ دیہی نے کاشتکارون پر جسطرح انکا جی چاہا تقسیم کردیا - مگر برخلاف اسکے
ص ۱۲۹ نظارت کے عہد مین خزانہ کبھی خالی نہین ہونے پایا اور نقد روپیہ کے لیے
رعایا پر ظلم نہین کرنا پڑا اور ٹیکس بمقدار معتدل لیا گیا اور اگرچہ شیخ اور مہاجن کی ظالمانہ
زیادہ ستانی سے کاشتکار کو بچنا مشکل تھا تاہم ہر کاشتکار ٹھیک ٹھیک یہ جاننے لگا
کہ قانوناً مجھکو کتنا روپیہ دینا چاہیے - ابتدا مین انتی اصلاح بھی بہت غنیمت تھی اور اسکی
تکمیل کے لیے کچھ مدت درکار تھی اور چند سال تک اسکی آزمایش کرنی بھی ضرور تھی مگر
اسکے کچھ علامات نیک تو فوراً ظاہر ہوے - کاشتکار کے تحفظ کا نتیجہ یہ ہوا کہ اراضی کی
قیمت مین بہت جلد افزونی ہوئی - جو روپیہ پیشتر سرکار کو بہت سے سود پر قرض دیا جاتا تھا
اب وہ صنعت اور تجارت مین صرف ہونے لگا اور سود کی معمولی شرح بہت کم
ہوگئی - مال تجارت پر جو محصول لیا جاتا تھا اور رعایا کے رفاہ و بہبود کا مقیاس ہوتا ہے
اسمین بہت افزونی ہوئی اور مصری سرمایہ مین اسقدر جلد زیادتی ہوئی کہ صاف ثابت
ہوتا تھا کہ اس ملک کی ترقی پر لوگون کو زیادہ بھروسا ہوتا جاتا ہے - تین سال کے اندر
قرضہ متحدہ کی مالیت تین کروڑ پچاس لاکھ پونڈ تک پہونچ گئی اور ایک سال کے
ص ۱۳۰ عرصہ مین قرضہ مجتمع چھ کروڑ پچاس لاکھ پونڈ سے سات کروڑ تیس لاکھ پونڈ تک پہونچ گیا
اور اس کل مدت مین قسطین برابر اور بلا دقت ادا ہوتی رہین اور سنہ ۱۸۸۸ع کے
آخر مین ۳۷۳۶۷۶ پونڈ کی بچت ہوئی -

**البتہ** اس زمانہ مین گورنمنٹ مصر اور **نظارت** دونون ملک کی رفاہ و بہبودی کی کوشش بلیغ کر رہی تھین اور اُس کوشش مین کچھ کامیابی بھی حاصل ہوئی اور اگر چندے اور امن و امان رہتا تو جو اصلاحین ہوئی تھین وہ خوب مستحکم اور وسیع اور حاوی ہو جاتین - مگر ہنوز ان اصلاحات کی تکمیل نہونے پائی تھی کہ سرداران باغی مثل بلائے بے درمان ملک پر نازل ہوے اور بہت شور و غل مچا کر کہا کہ کل انتظامات ملکی اور آیندہ کی اصلاحین ہمارے سپرد اور ہمارے شرکار کے حوالہ کر دی جائین - بعض اہل یورپ جو اس قومی تحریک کے مونس و غمخوار ہین اس امر کا یقین واثق رکھتے ہین کہ اگر سرداران باغی کی یہ استدعا منظور کر لیجاتی تو اصلاحون کا سلسلہ عربی کے عہد مین برابر جاری رہتا اور بعجلت تمام اصلاحات عمل مین آتین - مین اس مقدمہ مین پیشین گوئی کرنے کی جرائت نہین کرتا مگر یہ کہہ سکتا ہون کہ مین کچھ بھروسا اُن مالی اصلاحات کی کامیابی پر نہین رکھتا جنکو تین ایسے افسران فوج باغی عمل مین لاتے جو اپنے ہوا خواہون کے مجمع کثیر مین گھرے ہوے تھے اور وہ سب غل و شور مچا رہے تھے کہ ہمنے جو اس کٹھن وقت مین تمھارا ساتھ دیا ہے اور تمھاری حمایت کی ہے تو اُسکا صلہ ہمکو ضرور ملنا چاہیے -

مین نے جو **نظارت** کی تعریف کی ہے کہ اُسنے مصر کے معاملات مین کیا کیا اور کیا کرنے کا ارادہ رکھتی تھی تو اس سے کوئی صاحب یہ نہ سمجھین کہ میری نظر صرف اُسکے محاسن پر ہے عیوب پر نہین ہے - اگرچہ **نظارت** تھوڑی ہی مدت تک مصر کے معاملات مین دخیل رہی اور اُس مدت قلیل مین جو کچھ کیا بہتر کیا مگر اُسکے اعضاے رئیسہ مین ایک مرض مہلک کا مادہ موجود تھا اور وہ مرض ہو چلے سے اور زیادہ خطرناک ہو گیا تھا کہ اسمین یہ استعداد تھی کہ مرض وبائی کی کیفیت پیدا کر کے تمام یورپ مین پھیل جاے اس مرض کا مادہ جو **نظارت** کی طبیعت مین موجود تھا یہ تھا کہ وہ بیاجہ کا

ہانڈی تھی یعنی انگریز اور فرانسیسی دونون اسمین شریک تھے - چنانچہ لکھا ہے کہ جب اسمعیل پاشا مصر سے رخصت ہونے لگا تو اسوقت اپنے انگریز اور فرانسیسی دوست آشناؤن کیطرف مخاطب ہوکر اُسنے کہا کہ میرے بدنصیب شامت زدہ ملک کو تم لوگ اسیطرح خراب کروگے جسطرح جرمنی کا صوبہ لیسوگ ہولسٹن خراب ہوا - اسکو یہ توقع تھی کہ جسطرح دریاے ایلب کی چھوٹی چھوٹی ریاستون مین آسٹریا اور پرشیا کی مشترک عملداری سے اُن دونون سلطنتون مین باہم نفاق پیدا ہوا اسیطرح مصر مین انگریز اور فرانسیسیون کے بالمشارکت دخیل ہونے سے اُن دونون مین باہم فساد ہوگا اور اس کمبخت ملک کی خرابی ہوگی - اگر یہ پیشین گوئی نہین پوری ہوئی تو اسکو حسن اتفاق سمجھے اور حسن اتفاق ایسی چیز نہین ہے جسپر دور اندیش ارباب سیاست کو اطمینان ہو کہ ہمیشہ یہی رہیگا - یہ حیرت انگیز نتیجہ چند اسباب کے اجتماع سے پیدا ہوا جنکی تفصیل یہ ہے کہ انگلستان اور فرانس کے وزرا مین باہم دلی اتفاق تھا اور گورمنٹ فرانس کو یہ منظور نہ تھا کہ جب تک صوبہ ٹیونس کا جھگڑا طے نہو جاے اسوقت تک کسی نئے قضیہ مین پڑے اور نئی ذمہ داریان مول لے اور یورپ کی سلطنتون کو عموماً یہ منظور نہ تھا کہ اس مشرقی معاملہ مین پھر چھیڑ چھاڑ شروع کیجاے ورنہ اطالیہ نے جو کچھ کیا وہ بین بھی پڑا - مگر اس اتفاق مین ہر وقت رخنہ اندازی کا خوف تھا اور اگر اسمین کوئی فتور پڑتا تو وہین وہ فسادات برپا ہوجاتے جنسے اُس ملک کو کچھ تعلق نہین ہے یعنی جب کچھ جھگڑا ان عہدنامون کی نسبت پیدا ہوتا جو تجارت کے باب مین انگلستان اور فرانس مین ہوے ہین یا جب اس قسم کے اور تنازعات ان دونون سلطنتون مین پیدا ہوتے جنکا تصفیہ لنڈن اور پیرس مین ہونا چاہیے تو وہ تنازعات وہان سے منتقل ہوکر القاہرہ (دارالخلافت مصر) مین آجاتے اور پھر جب مصالحہ کی گفتگو مین ایک سلطنت دوسری کے ساتھ کچھ رعایت کرنا منظور کرتی تو وہ کبھی بیچارے مصر کے ماتھے جاتی حالانکہ مصر کو

سبب اتفاق انگریز و فرانسیسی

اُس مصالحہ سے کچھ سروکار نہین - جب ان دونون سلطنتون مین باہم موافقت تھی تب بھی ان دونون کے ساجھے سے خرابیان برپا ہوئین (بقول شیخ سعدی علیہ الرحمۃ دو پادشاہ در یک اقلیم نگنجند) جن جن انتظامی صیغون مین ان غیر ملک والون نے دخل دیا اُنمین ضرور ہوا کہ ان دونون (انگریزاورفرانسیس) مین جمیع اعتبارات سے مساوات قائم رکھی جاے اور اس ضرورت پر نظر کرکے اکثر ایسا ہوا کہ جو کام ایک عہدہ دار کے کرنے کا تھا اُسپر دو اہلکارون کو یعنی ایک انگریز اور ایک فرانسیسی کو مقرر کرنا پڑا - جب کسی صیغہ کے افسر فرانسیسی نے حب الوطن کے جوش مین آکر اپنے ملک کے وقار و اقتدار کو بڑھانا چاہا تو وہ اپنی مقصد براری کی یہ تدبیر سوچا کہ اپنے ہم وطنون کو اپنے صیغہ مین بے تحاشا بھرتی کرنا شروع کیا اور یہ کالحاظ مطلق نہین کیا کہ جن عہدون پر یہ لوگ مقرر کیے جاتے ہین آیا اُنکی لیاقت و قابلیت بھی رکھتے ہین یا نہین - اور اس حب الوطن کے جوش کی تائید و ترغیب فرانس کے وزیر صیغۂ دول خارجیہ کی جانب سے ہمیشہ ہوا کرتی تھی - مثلاً اس واقعہ کا علم مین رکھتا ہون کہ جب ایک فرانسیسی عہدہ دار کے لیے ایک نہایت اہم عہدہ مصر مین تجویز ہوا تو اُسنے وزیر صیغۂ دول خارجیہ کے روبرو یہ عذر پیش کیا کہ سابق مین جو کارگزاری مجھسے ہوئی تھی اُس سے میری لیاقت یہ عہدہ پانے کی نہین ثابت ہوتی اور جس صیغہ مین آپ مجھکو نوکری دیتے ہین اُسکے جزئیات ایسے پیچیدہ ہین کہ بڑی مشکل سے میری سمجھ مین آئینگی - وزیر موصوف نے یہ جواب دیا کہ اپنی کم لیاقتی کی وجہ سے آپ تامل نکرین کیونکہ مصر مین بڑا کام آپکو یہ کرنا پڑیگا کہ فرانس کی عظمت و شوکت کو اُس ملک مین بڑھائیے اور قائم رکھیے نہ یہ کہ انتظامی امور کو سرانجام دیجیے - میرے بعض فرانسیسی دوستون نے القاہرہ مین میرے سامنے اپنے ہموطنون کی اس عادت کو تسلیم کرلیا اور مجھکو سمجھایا کہ انگریز اہلکاران مصر بھی یہی کرتے ہین کہ اپنے

ملک کی خیر منایا کرتے ہین اور مصر کو بالائے طاق رکھتے ہین - اگر یہ قول صحیح ہے
(اور ہمین یہ ہرگز نہین کہہ سکتا کہ انگریز اہلکارون نے اس مقدمہ مین فرانسیسیون کی
تقلید نہین کی) تو اس سے صرف تصدیق اس امر کی ہوتی ہے جو ہمین بیان کر چکا ہون
کہ انگریز اور فرانسیسیون کی رقابت کے سبب سے مصر کے اہلکاران سلطنت مین
غیر ملکون کے لوگ بکثرت شامل ہو گئے تھے اور انکی لیاقت و کارگزاری واقعی یا فرضی پر
نظر کر کے انکو عہدے نہین دیے جاتے تھے - چنانچہ پیمایش کے صیغہ مین ایسا ہی
ہوا کہ جب لڑائی ختم ہونے کے بعد اس صیغہ کا انتظام عملی ضرورتون کے موافق دوبارہ
کیا گیا تو تقریباً اسی اہلکارون کو بیکار محض سمجھکر موقوف کر دینا پڑا اور اکثر انمین سے
غیر ملک کے آدمی تھے -

مگر اس مشترک نظارت سے صرف یہی ایک مضر اثر نہین پیدا ہوا کہ غیر ملک کے
لوگ بکثرت ملکی عہدون پر مقرر ہوے بلکہ اسکا اثر ہمیشہ یہی ہوا کہ جو صیغہ غیر ملک کے آدمیون
کے زیر نگرانی ہا وہ خراب ہو گیا - انگریز اور فرانسیسیون کے طریقہ انتظام امور سلطنت مین کچھ
عملی اوصاف تو ضرور ہین مگر یہ امر مشکوک ہے کہ آیا دونون کے انتظام کو باہم مخلوط کر دینے سے
کوئی عمدہ نتیجہ پیدا ہوگا اور یہ امر یقینی ہے کہ مصر مین ان دونون کے مشترک انتظام سے سرخروئی
کبھی نہین ہوئی - انگریز چونکہ علم دوست اور عمل پسند ہوتے ہین وہ ہر کام مین گھس پل کر اسکو
جھٹ پٹ کر ڈالتے ہین اور ہر قسم کی ذمہ داری کو قبول کر لیتے ہین اور جو ذریعہ انکو میسر آتا ہے
اسکو فوراً اپنا خیر استعمال مین لاتے ہین لیکن برخلاف اسکے فرانسیسی ذرا بزدل اور پابند قاعدہ
ہوتے ہین لہذا وہ انگریزون کو امور انتظامی مین جانور سمجھتے ہین آدمی نہین سمجھتے اور فرانسیسی
چونکہ ہر بات مین صحت کے پابند ہوتے ہین اور ہمیشہ یہی چاہتے ہین کہ ہمارے قول و فعل مین
عملاً کوئی غلطی یا تناقض نہونے پائے لہذا انگریز انکو کٹھ ملا جانتے ہین - پس جس انتظام مین ایسے
متناقض اسباب جمع ہون یعنی جب منتظمین کے خیالات مین زمین آسمان کا فرق ہو تو انمین

موافقت و موانست کی امید کیونکر ہوسکتی ہے اور وہ باشارکت کام کیونکر کرسکتے ہین - اسکی مثال بھی صیغہ پیمایش سے لیجیے جب اس صیغہ کا انتظام جدید ہوا تو اس سے پیشتر اسکا اہتمام دو اہلکارون سے متعلق تھا اور اُن دونون کی راے اس باب مین بالکل مختلف تھی کہ پیمایش کیونکر ہونی چاہیے - فرانسیسی ڈائرکٹر صیغۂ پیمایش نے تو یہ تجویز کیا کہ اراضیات کے نقشے بہت خوبصورت اور از روے علم ہندسہ بہت صحیح بنائے جائین اسمین چاہے جتنا روپیہ خرچ ہو مگر برخلاف اسکے اُسکے ہم منصب انگریز نے کفایت وقت اور کفایت خرچ پر نظر کرکے یہ تجویز کیا کہ صرف ایسے نقشے بنا لیے جائین جو مقاصد پیمایش کے لیے کافی ہون اور جنکے ذریعہ سے تشخیص مالگزاری اراضی منصفانہ طور سے ہوسکے - چونکہ یہ دونون صاحب تنک مزاج نہ تھے بلکہ صلح پسند اور رضاجو تھے لہذا ان دونون مین موافقت رہی اور ایک نے دوسرے کا کہنا مان لیا مگر جب پیمایش کا کام ہونے لگا تو دو آدمیون کی نگرانی سے اسمین بڑا حرج واقع ہوا اور نتیجہ بالکل لائق اطمینان نہین ہوا -

دو دو آدمیون کے انتظام سے جو دقتین پیدا ہوتی تھین وہ اُن دونون کے اختلاف مزاج کی وجہ سے اور زیادہ ہوگئی تھین - کیونکہ فرانسیسی تند دل اور زود فہم اور مغلوب الغیظ ہوتے ہین اور انگریز خشک مزاج اور دیر فہم اور ضدی ہوتے ہین - پس جو کل ایسے مختلف الحقیقت اجزا سے مرکب ہو وہ کام نہین دے سکتی ہے اسلیے کہ اُسکے اجزا آپسمین ٹکرائین اور لڑ جائین اور جب ایک جزو دوسرے کا ماتحت کردیا گیا تو ستم ہوا اور جب دونون جزو سد راہ بنے رہے اور کوئی تیسرا آدمی اُنپر حاکم نہوا تو اور بھی غضب ہے اور بعض صورتون مین جب انگریز اور فرانسیسی کے ساتھ کوئی مصری بھی اسی پایہ کا شریک کردیا گیا تو قیامت نازل ہوئی پس یہ گویا ایک تصویر خیالی مصر کے اُس انتظام کی ہے جسمین مختلف قومون کے لوگ شریک تھے مگر ہنوز یہ تصویر ناقص ہے اور اسکی تکمیل اسپر موقوف ہے کہ اس مخلوط اور مشترک کونسل پر نظر کی جاے جسمین کچھ شرکت مصریون کی بھی ہے - اور ایک طرف تو

شیرین سخن فرانسیسی اشارہ بازی کر رہا ہے اور چند کلیات جلد جلد بنا کر اور چند اصول ذہنی قائم کرکے اُنسے اپنے نتائج کا استخراج کر رہا ہے جو عمل پذیر نہیں ہیں اور اُسکے آگے اُسکا ہم منصب انگریز پاکٹ مین ہاتھ ڈالے کھڑا ہوا ہے اور اپنی ایک خاص زبان ایجاد کرکے جسمین انگریزی اور فرانسیسی سب الفاظ گڑبڑ ہین اُس زبان مین وہ آسان اور عمل پذیر تدبیر جو اُسنے سوچی ہے اہل کونسل کو سمجھا رہا ہے اور سب کے پیچھے میز کے اُس سرے پر ایک مصری پاشا جو انتظام موجودہ کو ہمیشہ اور ہر حال مین غنیمت سمجھتا ہے اور جسکو امروز و فردا مین کچھ تمیز نہین ہے خاموش بیٹھا ہوا اپنے ہم منصب ممبران کونسل کو نگاہ حیرت سے دیکھ رہا ہے اور اپنے دل مین سوچ رہا ہے کہ یا اللہ تو نے ایسی عجیب [illegible] بے صبر اور موذی قوم کیون اور کس مصلحت سے پیدا کی ہے۔

آخرکار وبہ نظارت کے اِن سب عیوب پر نظر کرکے یہ ضرور تسلیم کرنا پڑیگا کہ یہ سزا اوا اُن شدید الزامات کی ہوگئی جو قومی فریق نے اُسپر لگائے تھے جب اُن لوگون نے باب مین رائے زنی کیجاتی ہے جنکی شرارت اور فتنہ پردازی سے ایسا انقلاب عظیم مصر مین واقع ہوا جسکا انجام یہ ہوا کہ ایک غیر قوم نے اس ملک کو لے لیا تو یہ امر بھی تسلیم کرلینا ضرور ہے کہ اُن لوگون کے اغراض ذاتی چاہے جو کچھ ہون نفس الامر مین اُنپر وہ ظلم و ناانصافی ہوتی تھی جسکے وہ شاکی تھے۔ اول تو بعض سررشتون مین غیر ملک کے رہنے والے اہلکارون کی بہت کثرت ہوگئی تھی اور اُنکی لیاقت اوسط درجہ کی بھی نہ تھی ثانیاً ملک کی رفاہ و بہبود کی نظر سے لوگون کو عہدے نہ دیے جاتے تھے بلکہ ایک قسم کی جھوٹی یا مصنوعی حب الوطن کے جوش سے دیے جاتے تھے اور سچ تو یہ ہے کہ بعض صورتون مین عطاے خدمات کا محرک مصنوعی حب الوطن سے بھی بدتر اور قبیح تر کوئی خواہش یا علاقت ہوتی تھی۔ مجھے یہ لکھتے شرم آتی ہے کہ فرانسیسی اہلکار تو درکنار خود میرے ہموطنون کی

یہ کیفیت تھی کہ لوگون کو صرف اپنا عزیز یا دوست سمجھکر نوکریان دے دیتے تھے خواہ
وہ لائق ہون خواہ نالائق - اگر خود اہل مصر کا انتظام ہوتا تو خیر اسکا کچھ مضائقہ نہ تھا
مگر جب غیر ملک کے لوگ کسی ملک کے منتظم بنین اور اپنی شیخی بگھارتے پھرین کہ ہمکو کوئی
طمع ذاتی دامنگیر نہین ہے بلکہ صرف اُس ملک کی خرابیون کی اصلاح ہمکو منظور ہے
تو انکو ایسا ہرگز نہ کرنا چاہیے تھا - ان غیر ملک والون نے رعایا کے حوصلے اور
اُنکی ضرورتین تو بڑھا دین مگر اُن حوصلون کو یہ خود نہ بر لا سکے نہ اُن ضرورتون کو رفع کر سکے
چونکہ قومی فریق کو یہ منظور تھا کہ غیر ملک والون کی مداخلت کو کالعدم کر دین لہذا
فریق مذکور نے نظارت کیا افراط کا الزام لگایا یعنی یہ کہا کہ نظارت اپنی حد سے
تجاوز کر کے انتظام کے سب شعبون مین ناحق و ناروا دست اندازی کرنے لگی ہے
لیکن بعض نکتہ چینون نے نظارت کو تفریط کا عیب لگایا ہے کہ اسکی نظر صرف امور مال کی
اصلاح پر رہی اور دیگر لوازم رفاہ عام سے اُسنے چشم پوشی کی ہے مین اُن نکتہ چینون سے
اتفاق رائے کرتا ہون جو تفریط کے قائل ہین - کیونکہ سابق مین بیان کیا گیا کہ ابتدا مین
تو یہ نظارت صرف اسلیے مقرر ہوئی تھی کہ مصر کے قرضخواہون کے حقوق کی حفاظت
کرے مگر جب توفیق پاشا کے خدیو ہونے کے بعد نظارت مذکور دوبارہ قائم ہوئی
تو انگریز اور فرانسیس کی حکومت کا آلہ قرار دی گئی لیکن چونکہ انگلستان اور فرانس کی قائم مقام
یا وکیل تھی اور ان دونون سلطنتون نے مکرر و متواتر اقرار کیا تھا کہ ہمکو مصر کی رعایا کے
رفاہ و بہبود کی بڑی فکر ہے لہذا نظارت مذکور کو یہ لازم نہ تھا کہ مصر کی رعایا سے
صرف محاصل لینے کی فکر مین رہتی اور اسکی رفاہ کی کوئی تدبیر نہ کرتی - افسوس ہے کہ
ابتدا مین جو گناہ اُس سے سرزد ہوا تھا اُسکا شائبہ آخر تک باقی رہا - اگر مصر کے انتظامات پر
من حیث المجموع نظر کی جائے تو اِس بات کو جو ہمنے نظارت پر کی ہے ناظرین
خوب سمجھ جائین اور مصر کو جو ضرورتین لاحق ہین وہ بھی اُنکے ذہن مین بخوبی آجائین -

## باب چہارم

### مصر کے انتظام ملکی کے بیان مین

شاید کوئی قوم دنیا مین حاکم وقت کی ایسی مطیع نہین ہے اور نہ کسی قوم پر
حکمرانی کرنا ایسا آسان ہے جیسا اہل مصر پر ۔ ہم کسی ملک کی رعایا پر اہلکاران
سلطنت اس کثرت سے نہین مسلط ہین جیسے مصر کی رعایا پر ہین ۔ ہزارہا غیر تنخواہ یافتہ
شیخ البلاد یا مقدمان دیہ کا ذکر نہین جنمین سے چند شیخ ہر گانوؤن مین موجود ہین اور
جنکا ذکر باب آئندہ مین کیا جائیگا مختلف قسم کے اہلکارون کی تعداد تخمیناً ۲۱۰۰۰ ہے
یعنی ملک کی آبادی مین جتنے جوان مرد ہین انمین فیصدی ایک سے دو تک
اہلکاران سرکاری کے زمرہ سے ہین ۔ مگر مصر کے ٹیکس دینے والون کی خوش نصیبی سے
اہلکاران مذکورین کو جو تنخواہین سرکار سے ملتی ہین وہ قلیل ہوتی ہین ۔ چونکہ سال
تقریباً سوا بارہ لاکھ پونڈ تنخواہون مین صرف ہوتا ہے اور اعلی درجہ کے عہدداران
سرکاری جو مصر کے باشندے یا غیر ملک کے رہنے والے ہین ذرا زیادہ مشاہرے
پاتے ہین لہذا اس سے ثابت ہوتا ہے کہ ادنی درجہ کے اہلکار بہت قلیل تنخواہین
پاتے ہین ۔ گو یہ ایک قیاسی امر ہے مگر یہ اکثر ان واقعات کے مطابق ہے جو خود میرے
مشاہدہ مین گذرے ہین کیونکہ بیرونجات مین مین نے دیکھا ہے کہ سرکاری دفترون مین
اکثر محرر ایک پونڈ سے تین ۳ شلنگ ماہواری تک تنخواہ پاتے ہین اور یہی پر قناعت
کرتے ہین ۔ مگر باوجود اس قلت تنخواہ کے سرکاری نوکری کے امیدوارون کی
کثرت اور نوکریون کی قلت ہے اور جب کوئی عہدہ خالی ہوتا ہے بہت سے امیدوار

ٹوٹ پڑتے ہیں اور ہر امیدوار جن لوگوں کو سرکار میں کچھ رسوخ ہوتا ہے انکی بہت
منت و عاجزی کرتا ہے کہ مجھکو نوکر رکھا دیجیے اور اپنی لیاقت و قابلیت کو کمال
فصاحت بیان کرتا ہے - ہر نوجوان آدمی تھوڑا بہت پڑھ لکھکر سرکاری نوکری کی
تمنا رکھتا ہے اور کسی اعلی درجہ کے عہدہ پر ترقی کرنیکی امید نہیں رکھتا ہے اس
خیال سے کہ ایک مشاہرہ معینہ مجھکو ملیگا اور کچھ ٹکڑے پارچے سرکاری
دسترخوان سے چن لیا کرونگا اور اپنی زندگی چند روزہ کو چین سے بسر کرونگا۔

مصر میں ہزارہا عہدہ داران سرکاری ہیں مگر انمیں سے چند ہی اشخاص منتظمان ملک
کے لقب کے مستحق ہیں بلکہ اکثر انمیں سے محرر ہیں جو دفاتر سرکاری میں محرری یا نقل نویسی اور
اور رجسٹری یا متصدی گری کیا کرتے ہیں یا اور اسی قسم کا معمولی کام کرتے ہیں اور جو
اپنی کل ذہانت و طباعی کو صرف کرکے بخشش لینا خوب جانتے ہیں باقی خیر ہے
ایسی حالت میں انکو اظہار لیاقت کا موقع بہت کم ملتا ہے اور ترقی کی امید بھی بہت
کم ہوتی ہے - محرروں میں بعض آدمی بڑا خوشنویس اور دفاتر سرکاری کی اصطلاحات سے
بخوبی واقف ہوتا ہے اور اپنے افسران اعلی کو راہنے لکھنے کے ہنر میں استاد ہوتا ہے
اور بعض آدمی نہایت سست ہوتا ہے اور کوئی صفت لائق تعریف اسمیں نہیں ہوتی
اور اسکے محاسن یا عیوب سے غالبا سرکاری نوکری میں اسکو کچھ نفع یا نقصان نہیں
پہونچتا - جو شخص اپنے افسران اعلی کی خوشامد درآمد کرنے کی لیاقت رکھتا ہے وہ
مزے میں رہتا ہے اور جلد ترقی پاتا ہے مگر باش کاتب یعنی کسی صیغہ کی محرری سے
آگے بڑھنا اسکو نہیں نصیب ہوتا اور جس شخص میں کوئی عیب ہوتا ہے کبھی کبھی اسکی
چشم نمائی ہوجاتی ہے مگر وہ ملازمت سرکاری سے ہمیشہ کے لیے محروم نہیں کردیا جاتا
الغرض کتّاب یعنی محرروں کی ایک خاص قوم یا فرقہ مصر میں ہے اور اکثر باتیں انمیں
موروثی ہوتی ہیں اور بلحاظ قدامت یا محض حمایت ادنی عہدوں سے ترقی کرکے لوگ

اعلیٰ عہدون پر پہونچ جاتے ہین اور چھوٹے چھوٹے عہدے ان لڑکون کو دیے جاتے ہین جنکے والدین یا اقربا انکو دفتر مین لا کر کام سکھاتے ہین اور جو تا وقت خالی ہونے کسی عہدے کے مفت بلا تنخواہ کام کرتے ہین

اگر مصر کے کاتبون کا شمار بلحاظ انکے مذاہب کے کیا جائے تو مجھے یقین ہے که قبطی اپنے ہمسایہ مسلمانون سے بہت زیادہ پائے جاینگے - جہان کہین حساب کتاب کا کام ہوتا ہے وہان صرف قبطی نوکر رکھے جاتے ہین البتہ جن تحریرون مین عربی انشا پردازی کی زیادہ ضرورت ہوتی ہے وہان مسلمانون کی کثرت ہوتی ہے - اسکی توضیح پہلے باب مین کی گئی جہان مین نے مصر شمالی کے قبطیون کے خصائل کا بیان کیا ہے - اسکول مین قبطی لڑکے کو حساب کتاب مین خوب مشق کرائی جاتی ہے مگر اسکو قرآن شریف نہین پڑھایا جاتا برخلاف اسکے مسلمان لڑکے کا سارا وقت قرآن مجید کو حفظ کرنے اور عربی نحو و صرف کے اصول سیکھنے مین صرف ہوتا ہے - جب [illegible] قبطی لڑکا جوان ہوتا ہے تو حساب کتاب لکھنا تو خوب جانتا ہے مگر عربی [illegible] انشا پردازی خاک نہین جانتا برخلاف اسکے مسلمان لڑکا حساب کتاب نہین جانتا لیکن عربی عبارت صحیح اور فصیح لکھتا ہے - مسلمانون کی طرح مین نے کبھی [illegible] کے فن حساب کے دقائق و نکات سے ہمیشہ [illegible] اور اسکی صفت [illegible] اکثر تنغص اور ملال ہوا ہے - وہ صفت یہ ہے که قبطی محرر حساب [illegible] وقت چند سون کو [illegible] ایسا غلط [illegible] که آدمی کو [illegible] معلوم ہو ذرا اپنے دل مین خیال کیجیے که ایک چھوٹے سے کمرے مین سات آٹھ محرر بآواز بلند گویا حساب [illegible] ہین اور اسی کے برابر دوسرے کمرے مین ایک غیر ملک کا آدمی بیٹھا ہے [illegible] سماعی ہوتی ہین اور [illegible] صحیح سے [illegible]

اسکی عقل ایسے بے ڈھنگے گانے کو سنکر باقی رہجاے وہ دقیق مضامین کے سمجھنے مین مصروف ہو۔ ذرا ناظرین اس بدنصیب کے حال عبرت آل پر غور تو فرمائین خواہ مخواہ خود قائل ہو جاوینگے کہ مین نے جو قبطی مصریون کی مذمت کی ہے اور جو تعریف مسلمان کاتبون کی لکھی ہے وہ بجا نہین ہے مسلمان کاتب جیسے کہ [illegible] سنکر دل ہی دل مین صحبت کا [illegible] ہوش [illegible] بیٹھے ہوئے سنکر دل مین قرآن کی آیات [illegible] بتا بتا کر اپنے ماتحتون کو ہدایت کیا کرتے ہین یا اپنے ہمراہیون کے قصور پر قطعہ اور غفلت کی عذرخواہی کیا کرتے ہین۔ مگر مجھکو امید ہے کہ جو کچھ کہ مین نے [illegible] مجھکو ان لوگون کی جماعت داری اور قرآن خوانی سے جو انکا اسکو یاد کر کے انکی نسبت میری راے مین تعصب اور ناانصافی نہ پاے جاوینگے۔ انصاف پسندی کا تقاضا یہ ہے کہ کہ ہون کہ اگر اخلاقی حیثیت سے دیکھیے تو ادنی درجے کے قبطی اور مسلمان اہلکارون مین چندان فرق نہین ہے اور رشوت ستانی اور خیانت اور [illegible] دستانی مین ان دونون فرقون کے اہلکار نہایت سرگرم رقابت باہم رکھتے ہین مگر مین یہ نہین کہہ سکتا کہ ان دونون مین سے کون فرقہ دوسرے پر ان باتون مین فوقیت رکھتا ہے

بیرونجات کی نسبت القاہرہ مین اس قسم کے حکام جدا ہر بہت کثرت سے ہین اور گو وہ سب ایک ہی تحصیل کے عہدے ہین مگر انکے لباس مین کچھ کچھ فرق ہے بیرونجات مین مصر اوسط درجے کے آدمیون کی پوشاک پہنتے ہین یعنی ایک لمبا سیاہ چغہ اور سفید عمامہ اور سرخ رنگ کی ٹوپی جس وقت پہنتے ہین جب فرانس [illegible] شخص جبکہ انکا [illegible] ہوتا ہے گرد اسکے لحاظ [illegible] اور رنگ کی ٹوپی پہنتے ہین اور ترک اہلکارون کی تقلید [illegible] سیاہ رنگ اس قسم کی پہنتے ہین جیسی پادریون کو اکثر پہنتے دیکھا ہوگا [illegible]

اعتبار سے بھی دار الخلافت کے محروسون مین غیر ملکون کے کچھ آثار و علامات پائے
جاتے ہین۔ اگرچہ وہ لوگ بھی دیگر اہل مصر کی طرح اکثر سوقی عربی بولتے ہین تاہم انمین سے
بعض مسلمان ترکی زبان بول سکتے ہین اور اسی زبان مین لکھ پڑھ بھی سکتے ہین اور فرانسیسی
زبان سے بھی کم و بیش واقف ہین۔ بعض دفترون مین جو غیر ملک والون کے خیالات
کے موافق از سر نو مرتب کیے گئے ہین یا جنمین کسی خاص علم کی ضرورت ہے غیر ملک کے
لوگ بھی کچھ دکھائی دیتے ہین یعنی ان دفترون مین کچھ ملک شام کے رہنے والے
عیسائی بھی ہین جو نیم مصری یا اور نیم [illegible] ہین [illegible] جنہون نے اپنے ملک کے فرانسیسی
اسکولون مین تعلیم پائی ہے [illegible] جہان انکی قسم
کے لوگ بہت سے [illegible] القاہرہ کے باشندون کے اُس
فرقہ مین نوجوان شامی بھی اب کچھ [illegible] داخل کرتے جاتے ہین۔ یہ لوگ (شامی)
ذہین اور ذکی اور چالاک اور مستقل مزاج ہوتے ہین اور اپنے نفس پر بہت بھروسا
رکھتے ہین یعنی انکے مزاج مین استغنا بہت ہے اور سطحی اور نمایشی علم بھی رکھتے ہین
اور چشمہ پردازی کی صفت تو انمین خداداد ہے لہذا وہ ایسا جلد ترقی کر جاتے ہین
کہ انکے بزدل اور کاہل اور غبی رقیبون کو اُنپر بہت رشک آتا ہے اور بہت خار کھاتے
ہین۔ جب یہ اہل شام اپنی چابکدستی سے سرکاری نوکری کی دیوار قلعہ مین ذرا سا
سوراخ کر لیتے ہین تو اسکو بڑھاتے بڑھاتے اتنا بڑا کر دیتے ہین کہ سارا بدن اسکے اندر
چلا جاوے اور جو ہین وہ ذرا اپنے پیر سنبھالکے دیگر اہلکاران سرکاری پر اپنا رعب و دبدبہ
بٹھا لیتے ہین اسی وقت سے اپنے عزیزون اور اپنے ہم قوم دوست آشناؤن کو داخل دفتر
کرنے لگتے ہین۔ پس جو ادنی درجہ کی سرکاری نوکریان سابق مین مصریون کے قبضہ مین
رہتی تھین اب صدہا بیرونی آدمی بیروت اور لبنان اور حلب سے آکر اُنپر قبضہ
کرتے جاتے ہین اور انکے اسطرح سے گھس آنے کو مصر کے مسلمان باشندے قہر الٰہی سمجھکر

راضی برضا بیٹھے ہین جیسا مسلمانون کا قاعدہ ہے کہ انقلابات روزگار کو مقدرات الٰہی پر محمول کر کے عالم کربت مین توکل بر خدا بیٹھے رہتے ہین اُنکے توکل کی کیفیت تمالبا اُسوقت تک باقی رہیگی جب تک اُنکو اپنی صریحی حق تلفی کا اندیشہ نہو مگر اہل شام کی کثرت سے چونکہ قبطیون کے روزگار مین خلل پڑتا ہے بلکہ رفتہ رفتہ اُنکی بیخ کنی ہوتی جاتی ہے لہذا قبطیون کو بڑا ہراس ہے اور وہ کچھ ہمدردی اس قول کے ساتھ رکھتے ہین کہ مصر پر حکمرانی مصریون کے فائدہ کے لیے کیجاتی عربی کی بغاوت کی ابتدا مین اس ہمدردی کا اظہار بہت آزادی کے ساتھ ہوا جبتک قومی تحریک مین حرارت مذہبی اور حمیت اسلام کو نہین دخل دیا اور باغیون کو صرف یہ مقصود رہا کہ مصر کی حکومت مین غیر ملک کے آدمی نہ دخل دینے پائین اور نہ اُسکے انتظام مین شریک کیے جائین اُسوقت تک تو سرکاری دفترون کے بہت سے قبطی محرر بڑی سرگرمی سے اُسکے شریک حال رہے کیونکہ اول تو انگریز و فرانسیس کی نظارت کی بدولت اُنکی رشوت ستانی مین خلل واقع ہوتا تھا دوسرے اہل شام جلد جلد ترقی پا جاتے تھے اور قبطی یونہین منہہ دیکھکر رہجاتے تھے۔

محررون اور مستصدیون کی کثرت سے تو یہ لازم آتا ہے کہ مصر کا ضابطہ انتظامی مغلق اور پیچیدہ ہوتا۔ اور حساب کتاب کا طریقہ بھی ویسا ہی پیچیدہ ہوتا۔ مگر یہ دونون مشکل نعمتین اس ملک کو کب نصیب ہوئی تھین کیونکہ اُسوقت تک تو مصر مین حکمرانی اُن لوگون نے کی ہے جو لکھنا پڑھنا بھی نہین جانتے پس قیاس تو یہ کہتا مقتضی ہے کہ ایسے ناخواندہ لوگ اُس پیچیدہ انتظام کو ناپسند کرتے جسکو وہ نہ سمجھ سکتے تھے اور جسکی نگرانی وہ نہ کر سکتے تھے مگر اسکی وجہ شبیہ موجود ہے وہ یہ ہے کہ مالی انتظام کے باب مین تو عرب اور دیگر فاتحان مصر کا جو عرب کے بعد آئے یہ دستور رہا کہ میزان کل کو خود ملاحظہ کر لیتے تھے اور جزئیات کو قبطی محررون اور مستصدیون کی راے پر چھوڑ دیا تھا ص ۱۴۹

اور آج تک یہ سرکاری کام انھین کے حوالہ رہا ہے۔ مگر قبطیون کا حساب کتاب کا قدیم طریقہ ابتدا ہی سے نہایت پیچیدہ تھا اور جن لوگون پر اسکا علم محدود و منحصر تھا وہ بعض وجوہ سے یہی چاہتے تھے کہ یہ طریقہ اور زیادہ مشکل ہوجائے نہ یہ کہ سہل کر دیا جائے چنانچہ ایک ظریف قبطی نے جو اہل یورپ کی روش اختیار کر چکا تھا دل لگی سے مجھسے بیان کیا کہ ایک دفعہ مین نے مجبوری چند قدیم سرکاری حسابات کو جانچا تو سبحان اللہ سب صحیح پایا کہ اسوقت سے مین اپنے بزرگون کی سیاق دانی پر فخر و مباہات کرتا ہون۔ پھر مجھسے یہ کہا کہ ہمارے آبا و اجداد نے بڑی ذہانت اور چالاکی سے ایک ایسا نیا اور پیچیدہ طریقہ سیاق کا نکالا تھا جسکی برکت سے کوئی غیر آدمی انکے حساب کو نہ سمجھ سکتا تھا اور گو صدہا برس وہ ذلت و خواری کے عالم مین برابر مبتلا رہے اور کبھی کبھی حکام کے تعصب مذہبی نے بھی انکو بہت ستایا مگر انتظام ملک مین انکو ہمیشہ دخل باقی رہا۔ اب چونکہ ایک انگریز مسٹر میر صاحب اور آسٹریا کے ایک شخص ولیم پاشا نامے نے حسابات کو بہت صاف اور آسان کر دیا ہے لہذا قبطی محررون کا روزگار معرض خطر مین پڑ گیا ہے۔ یہ دونون صاحب بہت خلیق اور بڑے باکمال ہین اور قبطیون کو جسقدر خوف انسے ہے اتنی دہشت خونخوار فاتحان عرب اور مملوک اور ترک سے بھی نہ تھی۔ مگر ابتک پرانا انتظام اسقدر باقی ہے کہ بہت سے قبطی محاسبون کی ضرورت رہتی ہے۔ چند روز سے سرکاری خط کتابت اور نقل نویسی اور رجسٹر نویسی اس کثرت سے ہوتی ہے کہ اعلیٰ درجہ کے عہدہ دارون کو کاغذات پر دستخط کرتے کرتے آدھی روگ آجاتا ہے اور انکو پڑھنے کی بھی نوبت نہین آتی۔ یہ دستور محمد علی کے عہد سے جاری ہوا ہے اور یہ ایک نتیجہ ضروری ولایتی اُس طریقہ انتظام کا ہے جسمین فرانس کی تقلید کی گئی ہے اور جو ایسے ملک مین جاری ہوا ہے جہان حکام اعلیٰ تو یہ چاہتے ہین کہ جملہ مقامات پر حاضر اور کل حالات کے ناظر ہین مگر اکثر اہلکار ایسے بزدل اور بےپروا اور بیوقوف ہین کہ اپنا کام اپنی راے سے نہین کر سکتے بلکہ ہمیشہ

اپنے افسران اعلی سے ہدایت کے سائل رہتے ہین اور اپنی ذاتی ذمہ داری سے کوئی کام نہین کرتے۔

سابق مین بیان کیا گیا کہ مصر کے محررون کو عموماً ناموری و قبول نہین نصیب ہوتا جس نوجوان آدمی کو یہ حوصلہ ہو کہ باش کاتب کے عہدہ سے عالی تر کسی عہدہ پر ترقی کر کے پہونچے اُسکو لازم ہے کہ کوئی اور روزگار اختیار کرے۔ اگر وہ حکومت کے صیغہ مین امتیاز حاصل کرنا چاہتا ہے تو اُسکو مسلمان ہو جانا چاہیے کیونکہ کوئی قبطی یا اور فرقہ کا عیسائی نظامت یا چکلہ داری کی مطلق امید نہین رکھ سکتا۔ دوسرا امر یہ ہے کہ اُسکی لیاقت علمی اُس سے زیادہ ہونی چاہیے جتنی عموماً کاتبون مین ہوتی ہے اور اگر استعداد علمی نہ رکھتا ہو تو ایک یا چند معزز اشخاص اُسکی سرپرستی اور سفارش کرین تب اُسکو سرکاری نوکری ملتی ہے مثل مشہور ہے کہ مربی بیار و مرتبے بجو۔ جب وہ آشنا سامان بہم پہونچائے تب معاون کے عہدہ کی درخواست کر سکتا ہے یعنی مدیر یا ناظر قسم کی مددگاری کا عہدہ پا سکتا ہے۔ اپنی لیاقت کی بدولت اور اپنے مربی کی سفارش سے چند روز مین ناظر قسم کا عہدہ پا جائیگا اور آخر کو مدیر کے منصب رفیع پر فائز ہو جائیگا۔ صوبجات کے ناظم مدیر کہلاتے ہین مصر خاص کے چودہ صوبے ہین۔ خدیو کا قائم مقام ہر صوبہ مین ایک مدیر ہوتا ہے اور وہ وزیر صیغۂ داخلیہ کا محکوم و ماتحت ہوتا ہے اور جس صوبہ کا انتظام اُس سے متعلق ہوتا ہے اُسکے حدود کے اندر انتظام کے سب شعبون کی نگرانی کرتا ہے۔ اور ناظر قسم مدیر کا نائب ہوتا ہے۔ ہر صوبہ کی مختلف قسمتون مین ایک ایک ناظر قسم رہتا ہے بھلا مدیرون کا کیا پوچھنا ہے وہ بڑے آدمی ہوتے ہین اور اُنکی حکومت اسوجہ اور بھی زیادہ ہے کہ اُنکے اختیارات کی کوئی حد صاف طور سے نہین مقرر کر دی گئی ہے اور جن صوبون کے وہ ناظم ہوتے ہین اُنکی سرسبزی انھین کی دیانت داری اور جودت اور لیاقت انتظامی پر اکثر موقوف ہوتی ہے سب پرانے پرانے اندر قوم کے ترک

پانیکے کاشتکار ہین کیونکہ محمد علی اور ابراہیم اور عباس پاشا نے فلاح کی قوم کے آدمیون کو
کبھی ان عہدون پر نہین مقرر کیا جنکے لیے کہ شفقت دیرینہ اور وقعت ذاتی درکار ہے ص ۱۴۸
سب سے پہلے سعید اور اسمعیل پاشا نے فلاحین کو رتبہ عالی پر پہونچایا اور اکثر مدیر جو
قوم فلاح سے ہین اسی ناعی مفتش کی بدولت جسکا نام اسمعیل صادق ہے مدیر بنگئے ہین
یہ شخص مابین ۱۸۶۰ع و ۱۸۷۶ع گذرا اور اسنے دیکھا کہ مالدار شیوخ دیہی اور جاہل مالکان
اراضی عزت و وقار کے آرزو مند ہوتے ہین اور سرکاری نوکری پانے کے لیے اور
لوگون سے زیادہ روپیہ خرچ کرتے ہین اور یہ پاسے کاشتکارون سے جو ٹیکس کے مارے
آپ ہی مرے ہوے ہین کوڑی کوڑی نچوڑ لیتے ہین۔ (وہی مثل ہے کہ مرے پر سو درے)
جو لوگ بالفعل مدیر ہین یا یہ امید رکھتے ہین کہ دوبارہ مدیر مقرر ہونگے یا جو اس
عہدہ کا کام کر چکے ہین انکے اخلاق و عادات اور لیاقتین مختلف درجہ کی پائی جاتی ہین مثلاً
قدیم رنگ ڈھنگ کے بہت سے لوگ مدیر ہین جنھون نے حضرت محمد علی پاشا سے [illegible]
کے [illegible] لات اخذ کیے تھے اور جنھون نے اپنے زعم ناقص مین اپنے بادشاہ (محمد علی) کی
نصیحتون پر ایمانداری سے عمل کیا ہے۔ مگر انکا زعم فی الواقع زعم ناقص ہی ہے محمد علی
کے طرز حکومت کے ارکان اولیہ دو تھے۔ ایک تو یہ تھا کہ معاشون کے دل مین خوف
اور ہیبت ڈال دی جاے۔ دوسرا اصول یہ تھا کہ ملک کے قدرتی ذرائع معاش مین
ص ۱۵۰ حتی الامکان نہایت درجہ ترقی و توسیع کیجاے۔ بعض مدیر پاشا ایسے ہین جنکی طبیعت خلاق
واقع ہوئی ہے جیسی محمد علی کی طبیعت تھی اور جو کبھی اس مضمون کو نہین سمجھے کہ ملک کے
قدرتی ذرائع معاش مین کیونکر ترقی اور افزونی ہو سکتی ہے۔ ایسے پاشا خواہ منجملہ دو
اصول مذکورہ بالا کے پہلے اصول پر عمل کرتے ہون اور اس اصول کی تعمیل مین کوڑے بازی
پارسن بندی سے کبھی دریغ نہ کیا ہو۔ اور وہ اس بات پر ناز کرتے ہین کہ بعد [illegible] کو
بہت سرخروئی حاصل ہوتی ہے لیکن وجہ اسکی یہ ہے کہ [illegible] ہم مصر شمالی کے ایک صوبہ کے ص ۱۴۹

مدیر مقرر ہوے تھے جہان ڈاکہ زنی ۔ نقب زنی قتل انسان ۔ اور دیگر جرائم کی اسقدر شدت تھی کہ وہان کے معزز باشندے ہمیشہ عجب عالم خوف مین مبتلا رہتے تھے ۔ پس جب ہم وہان پہونچے تو پہلے ہمنے کیا کیا کہ تین پھانسیان بازار مین گڑوا دین اور چند ہفتہ وار یہ دستور رہا کہ جس روز بازار ہوتا تھا قبل مراجعت ایک بدمعاش پھانسی پر چڑھا دیا جاتا تھا ۔ اور پھانسی دینے کے قبل جو کچھ اٹکل پچو تحقیقات ہوتی تھی تو مجرم اور گواہون پر عقوبت شدید کی جاتی تھی اور انکی تکلیف اور مدیر کی سنگدلی کو دیکھکر بڑے بڑے کارآزمودہ اور سنگدل تماشائیون کو بھی حیرت ہوتی تھی اور جب وہ کمبخت بالحاح کہتے تھے کہ ہم بے گناہ ہین ہمارے حال زار پر رحم کیجیے تو انپر طعنہ زنی کیجاتی تھی اور پھبتیان کہی جاتی تھین ۔ ایک شخص نے بچشم خود یہ تماشا دیکھا تھا اور حالانکہ اُسکو بتیس برس کا عرصہ گذرا تھا مگر اب تک جب اُسکو یہ ماجرا یاد آتا تھا تو بدن پر رونگٹے کھڑے ہو جاتے تھے ۔ یہ شخص خود مدیر رہا تھا اور بہت سخت دل بھی نہ تھا ۔ الغرض ۔ اس وحشیانہ طریقہ سے فوراً سارے ملک مین اُسکی دھاک بیٹھ گئی اور امن و امان دوبارہ قائم ہوئی اور حفاظت جان و مال رعایا کو دوبارہ حاصل ہوئی ۔ بعدازان جب وہ ایک اور صوبہ کا مدیر مقرر ہوا تو اُس زمانہ مین بدمعاشون کو بلا تحقیقات جرم سزاے موت نہ مل سکتی تھی تب اُسنے یہ تدبیر کی کہ چند مجرمون کو جو اپنے جرم کا اقرار نہ کرتے تھے قید خانہ مین اسقدر پٹوایا کہ وہ ہلاک ہوگئے اور بعض کو اندھا کروا ڈالا تا کہ بدمعاشی سے باز آئین ۔ اور جو مجرم جرائم شدیدہ کے مرتکب ہوتے تھے صرف اُنھین پر وہ سختی کرتا تھا ۔ چونکہ وہ خود بڑا دیانت دار آدمی تھا لہذا اپنے ماتحتون سے بھی دیانت داری کا طالب تھا اور جب اُسکو معلوم ہو جاتا تھا کہ ہمارا کوئی ماتحت ظلم ستانی یا رشوت ستانی کرتا ہے تو اُسکو سرسری طور سے سزاے سخت دیتا تھا ۔ چنانچہ ایکمرتبہ اُسنے ایک کاتب کو خوب کوڑے لگوائے مگر اتفاق اُسکا ایک معین و مددگار صدر مین موجود تھا جسکی سالہا سال [illegible] سے آنکھ [illegible]

گلیڈسٹون اور وہ اپنے عہدہ سے برخاست کیے گئے۔ اب وہ مرد پیر بآرام تمام القاہرہ
مین رہتا ہے اور اس زمانہ کے حال پر افسوس کیا کرتا ہے کہ آج کل انتظام ملک کو
جہلا نے بہت کمزور اور ابتر کر دیا ہے اور انکو یہ خیال خام ہے کہ بغیر زد و کوب کے فلاحین
درست ہو سکتے ہین اور کام کر سکتے ہین۔ جو مدیر بالفعل بر سر کار ہین اُنمین سے کسی شخص کے
خیالات ایسے نہین ہین جیسے اس مرد کہن سال کے ہین جسکا ذکر ہو رہا ہے چند مدیر جو
قوم سرکاشین سے ہین وہ اسی قسم کے خیالات رکھتے ہین خوب سمجھے ہوے ہین کہ زمانہ کا
رنگ بدل گیا ہے لہذا اپنی طبیعت کو ذرا قابو مین رکھنا چاہیے اور رعایا کے ساتھ بہت سختی نکرنی چاہیے
ایک اور قسم کے مدیر یا پاشا بھی اکثر نظر آتے ہین۔ نہ وہ خالص فلاحین کی قوم سے ہین
نہ سرکاشین کی قوم سے ہین بلکہ اُنمین دونون قومون کی آمیزش ہے اور وہ بیچارے
نہ تو ویسے ظالم خونخوار ہین اور نہ ویسی بے لوثی اور ایمانداری کے مدعی ہین جیسے اُنکے ہم منصب
مدیر معزول کو دعوی ہے جسکا ذکر سابق مین کیا گیا۔ اگرچہ اپنے اکثر ہم وطنون کی طرح اُنکو (فصل ۵۵)
بھی یقین واثق اس امر کا ہے کہ مصر کے صوبجات کے انتظام مین زد و کوب کی ہمیشہ ضرورت
رہتی ہے مگر اپنے زعم ناقص مین وہ مار پیٹ اعتدال کے ساتھ کرتے ہین برخلاف اُن
مدیرون کے جو رعایا کو دھمکایا کرتے ہین یہ دوسری قسم کے مدیر مقدمات فوجداری کی
تحقیقات پر چندان توجہ نہین رکھتے ہین بلکہ اُنکو قاضیون کی راے پر چھوڑ دیتے ہین الا
اُس ہنگام مین جبکہ تحقیقات کنندہ کو جلب منفعت کی امید ہوتی ہے۔ جملہ کار ہاے
سرکاری مین اُنکی نظر خاص اپنے فائدہ ذاتی پر رہتی ہے اور جو بیچارے شامت کے
مارے اُنکے دام تزویر مین پھنس جاتے ہین انپر وہ زد و کوب نہین کرتے بلکہ پھسلا پھسلا کر
روپیہ لیتے ہین۔ اس طریقہ سے رشوت ستانی کے فوائد ظاہر ہین کہ اُنکے پاس بہت سی
دولت جمع ہو جاتی ہے اور پھر کوئی الزام ازجانب سرکار اُنپر نہین عائد ہوتا اور نہ خلائق
اُنسے بہت ناراض ہوتی ہے۔ بلکہ اکثر اہل دول جو اُس شہر مین رہتے ہین جہان یہ

اس قسم کا مدر حکمرانی کرتا ہے مدر صاحب کے معترف و ثنا خوان رہتے ہین حالانکہ انکو
رشوت دے چکے ہین - انکی ثنا خوانی کی وجہ یہ ہے کہ مدر صاحب نے مال و دولت
جمع کرنے مین انکو بڑی مدد دی ہے اور وہ لوگ خوب جانتے ہین کہ مصر مین متمول
ہوجانے کا سب سے آسان طریقہ یہ ہے کہ کچھ اعانت و حمایت اہلکاران سرکاری سے
پوشیدہ طور سے لی جائے اور وہ ایسے نامعقول نہین ہین کہ یہ خیال کرین کہ اہلکاران سرکاری
بے کچھ لیے دیے انکی حمایت کرینگے - اگر انکو ناظم یا مدر کی کچھ شکایت ہوتی ہے تو یہ ہوتی ہے
کہ وہ عیاش آدمی ہے اور بڑا نخوار ہے اور نوکری سے برخاست کرنے کے بعد گھر پر اُس سے
ہونی مشکل ہے - اور جب مدر صاحب سے انکے دولتخانہ پر کسیکو شرف ملازمت حاصل ہوتا ہے
تو وہ ایسے مدہوش ہوتے ہین کہ کچھ کام نہین کرسکتے یہانتک کہ جو مدر صاحب پکے
مسلمان ہوتے ہین وہ بھی عیوب بشری سے ہمیشہ بری نہین ہوتے اور مصر مین رائے
عوام علی الخصوص بیر و شراب مین حرام و حلال سے کچھ بہت تعرض بھی نہین کرتی ہے
اب تیسری قسم کے مدر کی کیفیت سنیے جو زمرۂ فلاحین سے ہے اور بالفعل بیکار
اور بے روزگار ہے اور اپنے عہدہ پر دوبارہ مقرر ہونے کی فکر مین کر رہا ہے - وہ منجملہ
اُن عہدگان کے ہے یعنی اُن معزز مالکان اراضی کے زمرہ سے ہے جو قوم کے فلاحین
اور جنکو مفتش نے اُن وجوہ سے جنکا ذکر سابق مین کیا گیا فوراً مدر کا عہدہ دیدیا ہے
بے اسکے کہ اُسنے پہلے اس عہدے کے کام کو سیکھا ہو جیسا کہ سرکاری ملازمت کا دستور ہے
جب وہ کسی غیر ملک کے آدمی کو آزاد طبع اور رحمدل سمجھکر اور یہ جانکر کہ یہ ہمارے ملک کے
حالات نا واقف ہے بات چیت کرتا ہے تو کبھی اپنے تئین مظلوم و مقہور بیان کرتا ہے
محافظ بناتا ہے کہ وہ خود ضعیفین کے زمرہ سے ہے مگر اسکے اس قول کی تصدیق اُسکے
صوبہ کا کوئی راست گو زمیندار یا کاشتکار نہین کرتا ہے کیونکہ جب وہ اس صوبہ کا مدر
مقرر ہوا تھا تو تین مہینے کے اندر اُسنے اس تین سو پونڈ کا سود رعایا سے بطائف الحیل

وصول کر لیا تھا جو اُسنے اپنے تقرر کے بابت بطور رشوت دیا تھا اور اُسنے اپنے حاکمانہ اختیار کو عمل مین لاکر چند متمول آدمیون سے جنسے ایک مدت دراز سے خاندانی جھگڑا چلا آتا تھا انتقام لیا تھا جیسے آزاد شدہ غلام اکثر لوگون سے نہایت درشتی کے ساتھ پیش آیا کرتے ہین اُسی طرح سے جو شخص اس طرح کی قوم سے نکلتا ہے اور دیوان کا حاکم مقرر کیا جاتا ہے وہ بہ نسبت ترکی یا سرکاشین حکام کے جنکے خاندان مین حکومت موروثی چلی آتی ہے اور بقول شخصے کہ گھوڑون پر پیدا ہوئے ہین رعایا پر زیادہ ظلم و تعدی کرتا ہے ترک اور سرکاشین گو ظالم اور بیرحم و سنگدل ہوتے ہین تاہم انمین بھی شرافت اور حمیت ہوتی ہے اور ہیئت خفیف اور ظالمانہ حرکات اُنسے نہین سرزد ہوتین جیسی بے شرم و بیحیا غلامون سے وقوع مین آتی ہین یہ کیفیت مجھسے اکثر ان لوگون نے بیان کی ہے جو ان دونون مین سے کسی فرقہ سے نہ تھے اور جنکو انکے حالات کے مشاہدہ کا اکثر موقع ملا تھا اور جنکے بیان سے اس تیسری قسم کے مدر کی وہی کیفیت معلوم ہوئی جو مین نے عرض کی ہے۔

اب چوتھی قسم کے مدر کی کیفیت سنیے کہ وہ کسانون کا بڑا دوست اور قریب کے ایک صوبہ کا ناظم ہے۔ وہ کبھی کسی امر خاص کا مدعی نہین بنتا اور اوسط درجہ کی فہم و فراست سے زیادہ نہین رکھتا ہے اور کم بین و کوتاہ اندیش ہے مگر اپنے فرائض منصبی کو ایمانداری اور نیک نیتی سے بجالانے کی کوشش کرتا ہے۔ اسکی رحمدلی اسسے مانع نہین ہوتی کہ کبھی کبھی سزاے جسمانی دیتا ہے مگر وہ اپنے ہم منصب مدرون کی طرح کبھی عقوبت شدید کسی پر نہین کرتا اور جب تک اور ذریعون سے اسکا مطلب نکل آتا ہے اسوقت تک قرباش یعنی کوڑے سے نہین کام لیتا بلکہ لوگون کو زجر و توبیخ کرکے اور ترغیب و تشویق سے فہمایش کرتا ہے اور خداوند عالم نے اسکو ایسی بانٹ دار اور کرخت آواز عنایت کی ہے کہ وہ گھنٹون برابر چلایا اور چنگھاڑا کرتا ہے یہ مین کیفیت اپنے ذاتی تجربہ سے بیان کرتا ہون کہ ایک دفعہ مین چند ہفتہ تک ایک حجرہ مین فروکش رہا جو اسی قسم کے ایک مدر کے

دفتر کے متصل تھا اور اتنی ہی مدت مین مجھکو اپنی راے سابق اس باب مین بدل دینی پڑی کہ انسان کے اعضا ر صورت کو زیادہ سے زیادہ کتنی قوت مبدء فیض سے عطا ہوئی ہے - یہ افواہ مشہور ہے کہ اسمعیل پاشا کے عہد مین مدیر موصوف نے اُسکے جابرانہ مالی انتظام کو جاری کیا اور رعایا سے بہت ظلم ستانی کی - مجھکو بھی اس افواہ کا یقین آگیا ہے کیونکہ مدیر موصوف کے اعتقادات کچھ ٹھیک نہین ہین اور نہ اُسکے مزاج مین آزادی اور استغنا معلوم ہوتا ہے - مگر مین نے نہایت معتبر اشخاص سے سنا ہے کہ اسمعیل پاشا کی ہدایات پر اُسنے بیجا سرگرمی کے ساتھ نہین عمل کیا بلکہ صرف اتنی کارروائی کی جتنی وہ اسلیے ضروری سمجھا کہ ملازمت سرکاری سے برطرف نہ کر دیا جاے - پس اُسکے حالات پر من حیث المجموع نظر کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ جس صوبہ کا وہ ناظم ہے اُسمین نیکنام مشہور ہے مگر اپنے ہم منصبون کی نظرون مین وہ ایسا عالی وقار نہین ہے بلکہ وہ اُسکو اسوجہ سے حقیر و ذلیل سمجھتے ہین کہ اُسنے اپنی ساری عمر سرکاری نوکری مین گزاری اور پھر مفلس کا مفلس ہی بنا رہا - اور بعض حضرات اُسکی دیانت داری اور نیک نیتی کی تو تعریف کرتے ہین مگر اُسکے فہم و فراست کی مذمت کرتے ہین اور کہتے ہین کہ اُسکو فوراً پنشن دیکر رخصت کرنا چاہیے -

پانچوین قسم کا مدیر وہ شخص ہے جو مصر کے منتظمان ملک مین کم عمر اور ذی شعور اور سلیقہ شعار ہے - چونکہ اُسنے پیرس دارالسلطنت فرانس مین تعلیم پائی ہے اور خدیو کا نجی کا ملازم چند روز رہا ہے لہذا اُسکے مزاج مین وہ لطافت و نفاست ہے اور کسی قدر ویسا ہی تعلیم یافتہ بھی ہے جیسے پیرس مین عالی خاندان لوگ ہوتے ہین اور وہ اپنے اکثر ہم منصبون سے بلحاظ عالی خاندانی اور علم و فضل اور اخلاق و عادات کے اپنے تئین بہتر سمجھتا ہے - وہ مصر کے بیرونجات مین رہنے کو [illegible] صحبت کا مزا نہین ہے نہ اشغال علمی کا کچھ لطف ہے نہ فرنگستان کا سا تماشا [illegible] ہے مگر اپنے ملک کی نفع رسانی کے خیال سے [illegible] مین گوارا کرتا ہے اور اس بات کی امید رکھتا ہے کہ خدیو [illegible] مہمات کا [illegible]

اُسکو یہ وعدہ دیگا کہ مقام صدر مین اُسکو کوئی عہدہ عنایت کریگا تاکہ وہ القاہرہ مین بفراغت ص ۵۵
رہا کرے - اُسکی راے مین مصر کی حکومت صدر اور نیز مقامات مختص المقام مین بہت بڑا
ستم یہ ہے کہ بڑے بڑے عہدون پر قیانوسی خیالات کے بیوقوف آدمی مقرر کیے
جاتے ہین جو بیکار و محض ہوتے ہین اور جس قسم کا آدمی وہ خود ہے اس قسم کے نوجوان
اور ذی علم اور چست و چالاک آدمی ملازمت سرکاری سے محروم رکھے جاتے ہین بعض
اشخاص اُسکے حالات سے اپنی واقفیت ظاہر کرتے ہین یہ فرماتے ہین کہ یہ شخص
اہلکاران سرکاری کی رشوت ستانی کی مذمت تو اس زور وشور سے کیا کرتا ہے مگر یہ
خود پاک طینت اور صاف طبیعت نہین ہے - لیکن مجھکو یہ کہنا فرض ہے کہ ایسے
حاسدانہ بیانات کا کوئی ثبوت مجھکو کبھی نہین ملا اور مجھکو اس بات کا یقین نہین آتا کہ ایسا
مہذب متین اور روشن ضمیر آدمی اہلکاران مصر کی عادات خبیث و کثیف اختیار کرے -

مصر کے نظام یعنی مدیرون کے معاونون اور دیگر ماتحتون کی کیفیت لکھنی کچھ
ضرور نہین ہے اسواسطے کہ یہ بھی مدیرون کے فرقہ سے ہین گو ابھی اُنکا عہدہ چھوٹا ہے
اور ترقی پاکر آخر کو مدیر کے عہدہ تک پہونچ جائینگے - قاعدہ یہ ہے کہ جیسا منیب ویسا نائب
یعنی جیسا مدیر ہوتا ہے ویسی ہی روش اُسکا پیشدست بھی اختیار کرتا ہے - اگر مدیر متدین اور
ذی شعور اور صاحب جودت ہوتا ہے تو اُسکے نائب بھی ایسی ہی عادات اختیار کرتے ہین یا
اقل مراتب اپنی بُری خواہشون کو حد اعتدال سے نہین بڑھنے دیتے - لیکن اگر مدیر اس
قسم کا آدمی ہے جیسی دوسری قسم کے مدیر کی کیفیت سابق بیان ہو چکی تو اُسکے معاون جانتے
ہین کہ اگر ہم بھی وہ طریقہ اختیار کرینگے جو ہمارے افسر اعلی کرتے ہین تو کون باز پرس کریگا بس
اسخیال سے اکثر وہ لوگ اپنے افسر کی اتباع مرضی کو غنیمت سمجھکر خیانت اور ظلم ستانی کرتے ہین

جس فرقہ سے مدیر اور اُنکے معاون مقرر ہوتے ہین اُسی کے مثل ومانند فرقہ سے القاہرہ ق ۵۶
کے بے اور پاشا ہین جنکے زمرہ سے وزرا اور اعلی درجہ کے اہلکاران سلطنت

مقرر کیے جاتے ہین - ہر صوبہ کا ناظم یا اندر کونسل وزراء کا ممبر مقرر ہو کر اس معزز و ممتاز جرگہ مین شامل ہوسکتا ہے مثلاً اسمٰعیل ایوب پاشا جو فی الحال وزیر صیغہ داخلیہ ہے اور عمر لطفی پاشا جو اسکندریہ کے قتل و نہب کے زمانہ مین وہان کا ناظم تھا اور اب وزیر صیغہ جنگ ہے اسی جرگہ کے لوگ ہین - مگر جو لوگ اسی جرگہ مین پیدا ہوے ہین وہ کمتر عہدہ دار یا مدیر مقرر ہوتے ہین کیونکہ اول تو وہ بسبب مقدور متمول ہوتے ہین ثانیاً وہ خدیو کے قریب رہنے کو اور دار الخلافت القاہرہ کی آسائشون کو اسپر ترجیح دیتے ہین کہ کہین بیرونجات مین مدیر بنا کر بھیجدیے جائین جہان لطف زندگی خاک نہین - لہذا وہ مدیر کے عہدہ کی طمع نہین کرتے اور مقام صدر ہی مین روزگار تلاش کرتے ہین - اگرچہ اکثر انمین سے ترک یا سرکاشین کی قوم سے ہین اور زبان عربی کے بدلے ترکی زبان بولنا پسند کرتے ہین مگر وہ سب بچے ڈال کے ٹوٹے مصری ہوگئے ہین اور سلطان روم سے مطلق الفت نہین رکھتے ہین اور انکی ضعیف او مطلق العنان حکومت کا محکوم بننا نہین چاہتے ہین بلکہ اگر سلطان یہ چاہین کہ انکی حکومت مصر مین صرف برائے نام نہ رہے بلکہ حکومت واقعی کے درجہ تک پہونچ جاے تو وہ لوگ سلطان کے مقابلہ پر آمادہ ہو جائین - کیونکہ انکا یہ قول ہے کہ اگر ہماری سلطنت خود سر نہین ہوسکتی تو خیر روشن ضمیر اہل یورپ کی حکومت ہمکو قبول ہے مگر وحشی اور جاہل ترکون کی سلطنت ہمکو نہین منظور -

اس جرگہ مین تین شخص بہت مشہور و معروف ہین یعنی ریاض شریف نوبر ریاض قوم کا یہودی اور شریف ترک اور نوبر ارمنی ہے - ریاض اور شریف کا ذکر تو سابق مین ہوچکا ہے مگر چونکہ انکا نام یورپ کے اخبارات مین اکثر لکھا دیکھا ہے اور شاید تاریخ مصر مین زیادہ کار نمایان انسے وقوع مین آئینگے لہذا مین انکی کچھہ اور کیفیت بھی بیان کرتا ہون - ریاض ایک پستہ قد اور دبلا پتلا آدمی ہے اور کچھہ وجیہ خوشرو شخص نہین ہے غیر آدمی کو انکی صورت دیکھکر ایک تنفر پیدا ہوتا ہے اور جب وہ ذرا چلا کر ناک سے بولتا ہے

تو دیکھنے والے کو اور زیادہ نفرت ہوتی ہے - انکی (ریاض) صورت سے وہ وقعت
وہ وقار نہین پایا جاتا جسکو مشرقی آدمیون مین دیکھنے کے ہم لوگ (اہل یورپ) عادی ہین
وہ بہت فصیح البیان بھی نہین ہے اور جب وہ غیر ملک کے آدمی سے بات چیت
کرتا ہے تو اسکو اسوجہ سے کلام کرنا مشکل ہوجاتا ہے کہ اُسنے فرانسیسی زبان بڑی عمر مین سیکھی
تھی - مگر باوصف ان سب عیوب ظاہری کے ریاض کے محاسن باطنی قابل تعریف ہین
ظاہر مین تو وہ جیسا قبول صورت ہے وہ سب پر عیان ہے مگر باطن مین وہ ایسا جری
اور مضبوط اور مستقل مزاج ہے (گو بہت زیرک اور ہوشیار نہ سہی) کہ اُسنے اپنے بڑے بڑے
لائق و فائق رقیبون کے چھکے چھڑوا دیے ہین - دوسری صفت جو اُسمین لائق تعریف ہے یہ کہ
باوجودیکہ مصر خیانت اور رشوت ستانی کا گھر ہے اور ریاض پاس کچھ مال و دولت موروثی
بھی نہین ہے مگر اُسکی دیانت داری مین کبھی فرق نہین پڑا - فطری قوت انتظامی بھی اُسمین
ہے اور تجربہ بھی رکھتا ہے اور مصر مین کوئی شخص اس ملک کے طرز حکومت کے جزئیات سے
ایسی واقفیت تامہ نہین رکھتا ہے جیسی ریاض رکھتا ہے مگر اُسکے خیالات ایسے وسیع
نہین ہین جو اُسکی طبیعت نظم و نسق امور مملکت و مہمات سیاست سے اصلی مناسبت رکھتی
کہ اہل تدبیر اور ارباب سیاست مین اُسکا شمار کیا جاے - اگرچہ اس زمانہ مین جب کہ مصر کی
نظارت انگریز اور فرانسیس نے اختیار کی تھی جسکو انگریزی اصطلاح مین دوہری نظارت
کہتے ہین گورنمنٹ انگلستان اور گورنمنٹ فرانس نے اُسکو مدت تک اپنا ایک آلہ بنا لیا تھا تاہم
وہ مقتضی حب الوطن غیر ملک والون کی حکومت سے ہمیشہ بیزار رہا اور اُسنے اس کوشش
سے کبھی ہمدردی نہین کی جسکا مآل یہ ہو کہ اسکے وطن (مصر) مین غیر ملکون کے اصول و قوانین
جاری کیے جائین اگر وہ نظارہ انگریز و فرانسیس سے ہمیشہ موافق رہا تو اسوجہ سے رہا
کہ انھون نے صرف امور مالی مین دخل دیا اور اُسکی راے مین امور مالی کا انتظام
غیر ملک والون سے بہتر کوئی نہ کرسکتا تھا اُسنے یورپ کی قومون کی نسبت تھوڑے انکی

نہیں کی مگر اُسکو یہ یقین تھا کہ مشرقی قوموں پر حکومت صرف وہ حاکم مطلق الشان کر سکتا ہے جو عدل کا مضبوط اور مستقیم ہو اور رعایا کے حال پر شفقت پدری رکھتا ہو اور اگر مصر میں بادشاہ وقت نظام وعمّال کی حکومت کو محدود و مقید رکھنے کے لیے وہ تدبیرین کی جائین جو ممالک یورپ مین کی جاتی ہین تو اُسکا نتیجہ سواے بدنظمی اور طوائف الملوکی اور کچھ نہوگا۔ مصر کی حکومت کی نسبت اُسکی راے یہ تھی کہ جملہ اختیارات حکام صدر کو حاصل ہین اور وہ سب آپکے (ریاض پاشا) زیر حکم کام کرین اور خود پر کوئی حاکم نہ بنے لیکن جب اُسکو یہ یقین ہو گیا کہ جو انتظام لارڈ ڈفرن نے تجویز کیا ہے وہ میری راے کے موافق نہین ہے اُسنے عہدہ وزارت صیغہ داخلیہ سے فوراً استعفا دیدیا اور چند روز کے لیے گوشہ نشینی و عزلت گزینی اختیار کی۔

ریاض پاشا کا مدمقابل بلکہ عکس نقیض سعید پاشا ہے جو بالفعل وزیر اعظم ہے اُسکے چہرے کی نرمی اور چمک دمک اور اُسکی چالاکی اور پھرتی کو دیکھکر یہ نہیں یقین آتا کہ یہ شخص ترک ہے اور ایک بڑا حصہ اُسکی زندگی کا مشرقی ملکون مین گذرا ہے۔ بعض اعتبارات سے اُسکو یورپ کا آدمی کہنا بجا ہے ایشیا کا باشندہ کہنا نہین زیبا ہے۔ وہ صاف باطن اور سنجیدہ اور اپنے مالک کا خیرخواہ ہے اور اُسکا طور طریق اور خیالات ایک شریف یعنی بھلے مانس کے سے ہین اور کسیقدر تعلیم یافتہ بھی ہے اور فرانسیسی زبان کو ایسی صحت اور فصاحت کے ساتھ بولتا ہے کہ گویا اُسکی مادری زبان ہے اور اُسنے رعایا کی آزادی اور باقاعدہ حکومت کی جانب اپنا میلان خاطر ہمیشہ ظاہر کیا ہے۔ اُسمین مشرقی عیب یہ ہے کہ صبر و تحمل و استقلال اُسکے مزاج مین نہین ہے اور بہت آرام دوست اور راحت پسند ہے۔ اسمعیل کے عہد مین جو ظلم و تعدی رعایا پر ہوتی تھی اس سے وہ اپنی ناراضگی کا اخفا نہ کرتا تھا مگر وہ اتنی جراءت نہ رکھتا تھا کہ کچھ بھی الفت یا شکوہ و شکایت کرتا اسمعیل کے معزول ہونے کے بعد سعید نے قومی فریق کے ساتھ کچھ ہمدردی ظاہر کی

اور جب ریاض پاشا نے استعفا دیا تو اُسنے کسیقدر پیش وپیش کرکے وزیر اعظم کی عہدہ
قبول کرلیا اور امور سلطنت مین صلاح کرنا بھی منظور کرلیا مگر جب اُسنے دیکھا کہ وزراء پر
وہ لوگ قابض اور محیط ہین جو انقلاب سلطنت کے خواہان ہین اور غیر ملکون سے جھگڑا
مول لینے پر آمادہ ہین تو وہ آزردہ خاطر ہوکر مستعفی ہوا مگر برخلاف اسکے لارڈ ڈفرن
کی تجویزنکی اُسنے ہمیشہ تائید کی ہے اور اب وہ اُس تجویز کو عمل مین لانے کی کوشش
ایمانداری سے کررہا ہے اگرچہ شاید بہت قوت کے ساتھ یہ کوشش نہ کرتا ہو۔

ان اصحاب ثلثہ مین جو تیسرا شخص ہے وہ اور ہی قسم کا آدمی ہے اور اُن دونون
سے کچھ نسبت ہی نہین رکھتا ہے۔ فطری لیاقتون مین تو یہ اُن دونون سے کہین اولی و
افضل ہے خوبی قسمت سے مجھکو اکثر مشرقی ارباب سیاست اور اہل خبرت سے معاشرت کا
اتفاق ہوا ہے مگر انمین سے کسی شخص کو مین نے ایسا نہین پایا جسکا مقابلہ نوبر پاشا کے ساتھ
ہوسکے۔ وہ یورپ کے اول درجہ کے ارباب سیاست و مدبران ملک کے برابر علم وفضل رکھتا ہے
اور اُسکے خیالات بھی ویسے ہی وسیع اور آزادانہ روش مین مگر لطف یہ ہے کہ جودت طبع اور ض ا
باریک بینی اور نازک خیالی اور زمانہ سازی اور حدت ذہن یعنی تیز فہمی اور حسن تدبیر ان
اوصاف کے لحاظ سے وہ ٹھیک اور سچا مشرقی آدمی معلوم ہوتا ہے اسیطرح یہ کہ بڑا خوش مزاج
اور خوش گپ اور خوش تقریر۔ اور وسیع البیان ایسا کہ سبحان اللہ جو اُسکی بات سے وہ بھی
کیواسطے ہے ہنوز کسی قوم یا فریق کا کسی کو وہم وگمان بھی نہ تھا کہ وہ یہ تدبیر سونچ چکا تھا
کہ غیر ملک والون کی اعانت اور صلاح ومشورہ سے مصر مین پابندی قانون کو رواج دیا جاے
اور عمدہ انتظام جاری کیا جاے مگر غیر ملک والون کو امور سلطنت مین دخل نہونے پاے۔
یہ بات مشہور ومعروف ہے کہ جو امر اُسکو مدنظر تھا اُسکو اُسنے کر دکھایا اور اگرچہ پیشتر چند مرتبہ
زک اٹھائی لیکن آخر کو مصر مین چند عدالتین غیر قومون کے فائدہ کے لیے مقرر کرالین اگرچہ
۱۴ جس صورت سے وہ چاہتا تھا اُس صورت سے تو وہ عدالتین نہین قائم ہوئین لیکن خیر

پہلے کی عدالتوں سے تو ہزار درجہ بہتر ہیں۔ جب اسمٰعیل کے عہد حکومت کی تاریخ واقعات کا علم کامل حاصل کرنے کے بعد لکھی جائیگی تو آپ ہی معلوم ہو جائیگا کہ نوبر پاشا ہی تھا جسنے اس ظالم بے ایمان کی مطلق العنانی کو اپنے حسن تدبیر سے زائل کر دیا اور اُسی کی حکمتوں سے اسمٰعیل معزول کیا گیا۔ بعض وجوہ سے جنکا قیاس کر لینا آسان ہے اُسنے مصر کے انتظام جدید میں وہ مرتبہ اب تک نہیں پایا ہے جسکا مستحق وہ اپنے ماقبل کی کارروائیوں کی وجہ سے تھا مگر آج ہی کل میں وہ پھر پیش ہوا چاہتا ہے۔ لیکن افسوس کی بات ہے کہ باوجودیکہ وہ بہی نمایاں لیاقتیں رکھتا ہے اور لارڈ ڈفرن کی تجویز سے موافق ہے لیکن اُسنے انتظام جدید میں اب تک کما حقہ دخل نہیں دیا ہے۔

گروہ اہلکاران مصر میں جو لوگ جونیر یعنی کم رتبہ ہیں اُنمیں بھی بعض اشخاص ہونہار معلوم ہوتے ہیں اور ہمیں شک نہیں ہے کہ آیندہ وہ کونسل وزرا میں شامل ہونگے جیسے مثلاً تگرین پاشا اور یعقوب ارتن بے یہ دونوں قوم کے ارمنی ہیں۔ اور بطرس پاشا اور واصف بے۔ یہ دونوں قبطی ہیں لیکن جب ہم اس گروہ یا جرگہ پر بحیثیت مجموعی نظر کرتے ہیں تو ہمکو مصر میں باقاعدہ حکومت قائم ہونے کی امید قوی نہیں ہوتی ہے کیونکہ جو لوگ سلطنت شخصی مطلق العنان کے ہمیشہ عادی رہے ہیں وہ کارپردازی اور بردباری خوب جانتے ہیں امور سیاست و ملکداری میں چنداں شعور نہیں رکھتے صورت شکل بات چیت۔ طور طریق۔ اور خصائل و عادات کے لحاظ سے القاہرہ کے پاشا اور بے اہل یورپ سے اشبہ ہیں مگر اُنکے مکنونات خاطر اور خیالات باطنی میں قدیم مشرقی روایات کا اثر اب تک بہت کچھ باقی ہے حبشی آدمی اہل یورپ کا رخت اختیار کر سکتا ہے مگر اپنے چمڑے کو نہیں بدل سکتا۔ جب سانپ کینچلی جھاڑتا ہے تو اُسکی نئی کینچلی بھی ہو بہو ویسی ہوتی ہے جیسی وہ پُرانی کینچلی تھی جسکو اُسنے جھاڑ ڈالا ہے۔

پس اس اعتبار سے القاہرہ کے پاشا اور بے مصر کے منتظمان سلطنت

وارکان دولت کی کیفیت مجموعی کے بخوبی منظر ہین - بادی النظر مین تو مصر کا انتظام بالکل
اہل یورپ کا انتظام معلوم ہوتا ہے یعنی مثلاً مصر مین کونسل وزرا وزراے صیغۂ تعلیم
وزراے دول خارجہ منتظمان صیغۂ عدالت منتظمان امور مالی - منتظمان
تعمیرات سرکاری ڈائرکٹران سررشتۂ تعلیم - دفتر حسابات سرکاری - اور عدالتہاے
دیوانی و فوجداری وغیرہ - الغرض جتنے بڑے بڑے سرکاری محکمے اور دفتر یورپ کے
بڑے بڑے شہرون مین ہین وہ سب القاہرہ دار الخلافت مصر مین موجود ہین علی ہذا القیاس
صوبجات مین بھی گورنران یعنی نظام اور سب گورنران یعنی نائبان نظام - کونسلیں و جج
مستقل کمیشن انسپکٹران مدارس وغیرہ - انجینیران ججان عدالت - مدارس - غرضکہ صیغہ
کے کل محکمے اور دفتر موجود ہین جنپر انتظام ملک اور اصلاح امور معیشت اور تہذیب اخلاق
موقوف ہے لیکن اگر مصر کی بھرم رکھنی منظور ہے اور اسکا پردہ فاش کرنا نہین منظور ہے تو
اسکے انتظام کے جزئیات یا اسکے نتائج کو نظر غور سے نہ دیکھیے کیونکہ اگر نظر غور سے دیکھیے گا تو اسکی
ترکیب کو تو یوروپی پائیے گا مگر اسکے عملدرآمد کے طریقہ کو ٹھیٹ مشرقی طریقہ پائیے گا جہان
کے حکام اور منتظمان ملک خدیو سے لیکر شیخ دیہ اور دیہات کے پولیس مین تک اپنے اپنے مقام پر
مطلق العنان اور فرعون بے سامان بنے رہتے ہین اور قانون کی کچھ حقیقت نہین سمجھتے
ہین اور رعایا کے حقوق جب سرکار یا اہلکاران سرکار کے فوائد کے منافی ہوتے ہین تو رعایا کے
حقوق کسی قطار شمار مین نہین سمجھے جاتے بڑے بڑے محکمون مین یہ مطلق العنانی تو عمداً ظاہرداری کے پردہ
مین چھپی ہوئی ہے اور چونکہ ظاہرداری کا لحاظ رکھا جاتا ہے اسوجہ سے پردہ فاش نہین ہونے پاتا
مگر جسقدر ادنے محکمون اور حاکمون پر نظر کرتے جائیے اسیقدر انکی مطلق العنانی کو دیکھکر آدمی
کی روح کو صدمہ ہوتا ہے یہان تک کہ سب سے ادنی اہلکارون کو بلکہ بعض اوقات بڑے بڑے
اہلکارون کو بھی دیکھکر انکا ظلم و شقاوت علانیہ معلوم ہوتا ہے ادنی درجہ کے اہلکار تو شاذونادر
رعایا کے حقوق کی عظمت کرتے ہین الا اسوقت جبکہ انکو یہ یقین ہوتا ہے کہ رعایا کی حق تلفی سے ہم خود ملزم

واقع ہونگے اور چونکہ جاہل اور فرمان بردار فلاحین سے بدسلوکی کرتے ہین انکو حکام کی ناراضگی کا خوف نہین ہوتا لہذا ان بیچارون پر ایسا ظلم و جفا کرتے ہین جسکا تصور ان لوگون کو نہین ہوسکتا جو مشرقی ملکون مین کبھی نہین رہے ہین جب کوئی ایسی مشکل پیش آتی ہے جو ذرا سی عقل کو دخل دینے سے حل ہوسکتی ہے تو فوراً قرباش یعنی کوڑے سے کام لیا جاتا ہے جس سے قدیم تر اور آسان تر کوئی ذریعہ اس مشکل کو حل کرنے کا نہین ہے مثلاً عدل کا قاعدہ ہے کہ انسداد جرائم اور مجرمان کی سراغ رسانی اور گرفتاری کی کچھ تدبیر نہین کرتا بلکہ خاموش بیٹھا رہتا ہے یہان تک کہ کوئی ایسا جرم سنگین وقوع مین آتا ہے جسکا تدارک کرنا بعض خاص وجوہ سے اسکو واجب و لازم ہوجاتا ہے تب وہ بہت سے لوگون کو حق ناحق گرفتار کرکے انکو بڑی بیرحمی سے پٹواتا ہے باین امید کہ انمین سے بعض اشخاص اپنے جرم کا اقرار کرینگے یا ایسی شہادت دینگے جس سے مجرمون کا پتہ لگ جائیگا۔ بھلا اس صورت مین تو بیرحمی بھی ایک مصلحت سے کی جاتی ہے مگر اکثر ایسا بھی ہوتا ہے کہ چھوٹے چھوٹے اہلکار محض عادتاً مارپیٹ کرتے ہین مثلاً جب کوئی پولیس کا سپاہی کسی فلاح کو چاہتا ہے کہ آگے بڑھے تو اسکو زور سے ایک گھونسہ مارتا ہے یا دھکیلتا ہے حالانکہ اگر اُس سے صرف اتنا کہدے کہ آگے بڑھو تو وہ بیچارہ آگے بڑھے اور اگر وہ ستم رسیدہ کچھ شکایت کرتا ہے تو گستاخی اور بےادبی سمجھی جاتی ہے اور اسکو خوب سزا دی جاتی ہے۔

الغرض۔ ایسے ایسے عیوب و نقائص ہے جنکی کیفیت اگر مفصل بیان کی جاوے تو ناظرین کو بار خاطر گذریگا مصر کے انتظام کی حقیقت واقعی معلوم ہوتی ہے کہ ایک مشرقی انتظام ہے اور ترکون سے اخذ کیا گیا ہے۔ اگرچہ وہ یورپ کے لباس سے ملبوس کیا گیا ہے مگر اسکا ماخذ یورپ نہین ہے بلکہ استنبول ہے یہان تک کہ محمد علی بھی جو سلطنت جدیدہ کا بانی تھا اور ترکی بادشاہون کی نسبت زیادہ عاقل اور ہوشیار تھا ترکی چال ڈھال کا حاکم تھا اور اُسکے جانشینون نے اُسکے عیوب تو پائے مگر اُسکے محاسن نہین حاصل کیے۔ اکثر حضرات کا قول ہے کہ ترک بڑے منتظم

ہوتے ہین اور اُنکی خوش انتظامی کی دلیل یہ ہے کہ صدہا برس سے وہ ایسے ملک پر حکومت
کر رہے ہین جسمین مختلف قومین رہتی ہین جو باہم خصومت رکھتی ہین - یہ غلط ہے - ترکون مین
جو صفت فی الواقع ہے اور جسکے بدولت انکا ملکی وقار و اقتدار مشرقی یورپ مغربی ایشیا
مین مدت ہاے مدید سے بحال و برقرار ہے وہ لیاقت انتظامی اس معنی سے نہین ہے جو معنی اس لفظ
کے ہم لوگ (انگریز) سمجھے ہین بلکہ انکی شجاعت مردانگی اور دیگر اوصاف جو فرمانروا قوم کو
لازم ہین انکی بقاء سلطنت کا باعث ہوے ہین اور وہ چالاکی و مکاری بھی انمین باقی ہے
جو قسطنطنیہ مین اُسوقت بھی موجود تھی جبکہ تورانی فوج اسلام نے آبناے باسفورس سے عبور کرکے
ملک روم کو فتح کیا تھا - باوجودیکہ دولت عثمانیہ مین اہل یورپ کو تدریجاً بہت رسوخ حاصل
ہو گیا ہے اور اُنکے خیالات بھی رفتہ رفتہ اس ملک مین شائع ہو گئے ہین تاہم سلاطین روم کی
سلطنت اب تک اُسی قسم کی حکومت ہے جیسی اُس زمانہ مین تھی جبکہ ترکون نے ملک روم کو
فتح کیا تھا یعنی وہ ایک قسم کی فوجی حکومت مطلق العنان ہے جسکو رعایا کی بہبودگی کا مطلق پروا
نہین ہے اور جسکو صرف غنیم کے حملون کو روکنے کی ہمیشہ فکر رہتی ہے یا رعایا کی بغاوت کو
دفع کرنے اور ٹیکس وصول کرنے کی تدبیرین رہتی ہے - مصر مین کار حکومت ہمیشہ آسان رہا ہے
اور جب سے قوم مملوک کا استیصال ہوا ہے اور اُسکے بعد قوم البانیین بھی نکال دی گئی ہے
جسنے قوم مملوک کو غارت و برباد کیا تھا تب سے مصر کے معاملات مین قسطنطنیہ کے ارباب سیاست
کی مداخلت کی کچھ ضرورت نہین باقی رہی ہے پس اگر ترکون کی قوم حکمران کچھ لیاقت انتظامی
رکھتی تھی تو اُس لیاقت کے اظہار کا بہت عمدہ موقع اسکو حاصل تھا - مگر ہم پوچھتے ہین کہ اس
قوم نے فی الواقع کیا کیا ہے - اُسنے صرف اتنا کیا ہے کہ اپنے دست برد سے کچھ حسن
انتظام برائے نام باقی رکھا ہے اور بعض حکام و عمال ترک نے مصر کے ذرائع معیشت کو صرف
اخذ زر کی نیت سے ترقی دی ہے کہ کسی طرح روپیہ ملے تو ہمارے دل کے حوصلے نکلین مگر
انکی آرزوئین رعایا کے اغراض سے کچھ تعلق نہین رکھتی تھین لکن اُنھون نے یہ کوشش

کبھی نہین کی ہے کہ قرباش یعنی کوڑہ بازی موقوف ہوجاتے جو سارے ملک مین علی العموم جاری ہے اور بے تحاشا اور بلا فرق و امتیاز عمل مین لائی جاتی ہے اور اسکی جگہ پر عدل اور انصاف بلا روے رعایت جاری کیا جاے اور رعایا کے لیے خیرخواہی اور وفاداری کا کوئی ایسا محرک قوی پیدا کیا جاے کہ اُسکے دل سے خوف وہراس جاتا رہے - اب رہی پابندی قانون سو وہ مصریون کیونکر ممکن ہے جبکہ وہان کوئی قانون ہی نہین ہے کیونکہ اور لوگون کی طرح اہل مصر بھی اُسی چیز کی عظمت کر سکتے ہین جو موجود ہو یا جسکے موجود ہونے کا وہ یقین رکھتے ہون مگر جہان تک مین واقف ہون کسیکو کبھی یہ خیال خام نہین ہوا کہ مصرمین مصریون کے لیے کوئی قانون بنایا یا جاری کیا گیا ہے -

اِس مقدمہ مین ایک مرتبہ مجھسے اور ایک بڑے عہدہ دار سے جو صیغۂ عدالت کا وزیر ہے عجیب گفتگو ہوئی - میرے نزدیک اُسکو صیغۂ عدالت کہنا بیجا اور صیغۂ ظلم کہنا بجا ہے جیسا حضرت مسیح کے ایک حواری نے فرمایا ہے کہ وہ اُنکے پھلون سے تم اُنکو پہچانو گے بابا القصہ - وہ عہدہ دار بڑا لائق مشہور تھا اور صیغۂ عدالت مین اُسکا علم و فضل اظہر من الشمس تھا جب مین نے اُس سے پوچھا کہ آپ کے یہان کے جج یعنی قاضی مقدمات دیوانی و فوجداری کا فیصلہ کن قوانین کے موافق کرتے ہین تو پہلے تو اُسنے میرے سوال کو ٹال دیا مگر بعد اُسکے کسیقدر تامل کرکے کہا کہ بہت سے سرکلرات وزرانے جاری کیے ہین اُنھین کے موافق فیصلے ہوتے ہین تب مین نے کہا کہ یہ سرکلرات مرتب تو خوب ہونگے اور اُنکی ایک فہرست بھی ضرور ہوگی اور اُن سب کا مجموع بمنزلہ ایک قانون کے ہوگا جس شخص سے مین یہ کلام کر رہا تھا اُسکو یہ اندیشہ ہوا کہ مبادا یہ صاحب مجھسے کہین کہ وہ مجموعہ سرکلرات اور اسکی فہرست ذرا مجھے دکھا دیجیے - پس اُسنے میرے قول کی تصدیق سے عمداً احتراز کیا اور کچھ گول گول تقریر کرنے لگا جس سے مین نے یہ نتیجہ نکالا کہ جج قانون قدرت پر زیادہ عمل کرتے ہین اور قوانین مکتوبہ یا مطبوعہ پر چندان توجہ نہین کرتے ہین نے مانا کہ جس ملک مین ہوشیار اور ایماندار

جج ہون اور وہ اُن قوانین غیر مکتوب سے جنکا دارومدار روایات قدیم پر ہے بخوبی واقف ہون سہمین کتب قوانین کا نہونا کچھ بڑی خرابی کا باعث نہین ہو سکتا مگر مصر مین ایسے لائق اور ایماندار جج کہان نصیب ہین - اگر شاید سلاطین عرب کے عہد دولت مین کچھ سائل قضا اور فصل خصومات سے متعلق جاری بھی تھے تو قاضیون نے اُنکو توڑ مروڑ کر اور رکیک تاویلین کر کر کے عمداً خراب کر دیا اور جو مسائل قضات کی تحریف و تخریب سے محفوظ رہے وہ اُس کوشش کی وجہ سے مشتبہ و مشکوک ہو گئے جو فی الحال اس باب مین کی گئی ہے کہ احکام قرآنی کو رفتہ رفتہ ترک کر کے قوانین فرانسیسی مصر مین جاری کیے جائین - مگر فرض کیجیے کہ اصلاح یافتہ عدالتہاے جدید کے جج اُن قاضیون سے جو سابق مین حکام عدالت ہوتے تھے زیادہ عالم اور متدین اور جفاکش ہین تاہم ایسے ججون کو بھی یہ امر اگر غیر ممکن نہین تو نہایت دشوار ہے کہ کسی مفید نتیجہ عملی کا استخراج چند اوراق پریشان سے کر سکین جنمین کچھ قدیم احکام قرآنی اور چند جدید مسائل جنکو نپولین شہنشاہ فرانس نے اختراع کیا تھا درج ہین اور کچھ تلمیحات غیر تعلیم یافتہ اور خرد ماغ قضات مصر کے بھی شریک ہین مگر یہ جج جنکا ذکر ہو رہا ہے نہ تو کچھ ایسے ذی علم ہین اور نہ بہت متدین ہین - دس بارہ مین سے ایک جج نے بھی اصول قانون کو نہین سیکھا ہے نہ اور کسی قسم کی شائستہ تعلیم پائی ہے - اب رہا انکا تدین سو اُسکی نسبت مجملاً گزارش کیجاتی ہے کہ جب تک مصر مین وہ عدالتین نہین مقرر ہوئین جو صرف غیر ملک کے لوگون کی نالشات کی سماعت کرتی ہین اسوقت تک شاید کوئی یہ بھی نہ جانتا تھا کہ مصر کی سرزمین مین کوئی جج دیانتدار اور رشوت ستانی سے بری ہے شاید کوئی فلاح ایسا نہین ہو کہ طماع اور روشن دماغ گذرا ہو جسنے بعد غور و تامل ایسا کچھ حقیقت انصاف پسندی اور دیانتداری کی اپنے دل مین سمجھ لی ہو مگر جو حقیقت وہ عدل گستری اور ایمانداری کی سمجھا تھا وہ اُس شخص پر نہین صادق آسکتی جسکو وہ اپنے زعم ناقص مین جج سمجھا ہوا ہے کیونکہ جج تو ایک مکار و طماع اور بے ایمان آدمی ہوتا ہے

ص ۱۶۲

جو مقدمات کا فیصلہ اپنے اعزا و احباب کے موافق کرتا ہے اور جو فریق سب سے زیادہ
رشوت دے اسی کے موافق فیصلہ کرتا ہے سچی بات تو یہ ہے کہ مثل دیگر انتظامی شعبون کے
مصر کی عدالتون مین بھی مشرقی عادات زشت کوٹ کوٹ کے بھری ہوئی ہین گو ظاہر مین
بعض عدالتون کا طرز ایل یورپ کا معلوم ہوتا ہے۔ اگر وہ فوراً شکست کر دی جائین
تو مجھکو ہرگز یقین نہین ہے کہ خراب نتائج پیدا ہونگے کیونکہ جس ملک مین حکام کی راے
سب پر غالب ہو اسمین قوانین کو صرف باعث زینت و آرایش گورنمنٹ سمجھنا چاہیے نہ
یہ کہ باعث اسکے قیام و استحکام کا ہون۔ اگر چند روز کے لیے کسی قاعدہ کی ضرورت ہوتی ہے
تو وزرا کے سرکلرات سے یہ مطلب بآسانی حاصل ہو سکتا ہے اور سرکلرات اگر ایک ہی وقت
مین نہین جاری کیے گئے ہین تو انکے مضامین مین باہم موافقت اور مناسبت نہ ہونا بھی کچھ ضرور نہین ہے
جب مین یہ بیان کر چکا کہ مصر کے انتظام کے عیوب اور قبایح سے صاف ثابت ہوتا ہے
کہ وہ انتظام ترکون سے اخذ ہوا ہے تو شاید اس سے یہ خیال کیا جاے کہ میرے نزدیک
فلاحین کی شرکت سے اُس انتظام مین اصلاح ہو سکتی ہے یہ خیال غلط ہے میری راے
یہ نہین ہے اور نہ تجربہ سے اسکی تائید ہوتی ہے۔ مصر کے اعلی درجہ کے حکام مین فلاحین کو
شریک کر دینے سے اُس ملک کی سلطنت اور زیادہ کمزور اور پریشان ہو گئی ہے اور
اسکے عیوب دفع ہونا تو درکنار کم بھی نہین ہوے ہین۔ جو شخص قوم کا فلاح ہو اور کسی عہدہ
جلیلہ پر مقرر کر دیا جاے وہ خواہ مخواہ اُس فرقہ کی عادات و اطوار اختیار کر لیتا ہے جسمین وہ
خدیو کی عنایت یا پاشا کی مروت سے شامل ہو گیا ہے بلکہ وہ کچھ اپنے عیوب باقی کو بھی اپنے
عہدہ مین شریک کر لیتا ہے یعنی مثلاً روپیہ پر جان دیتا ہے اور طمع زر مصری اور عرب مین
ترک سے بھی زیادہ غالب ہوتی ہے۔ مگر بعض حضرات فرماتے ہین کہ اگر ترک اور سرکاشین کی حکومت
سے مصریون کی گلو خلاصی ہو جاتی جیسی قومی فریق کی خواہش تھی تو شاید وہ (مصری) اپنے
ملک کے لیے ایک خالص اور بے لوث اور عمدہ انتظام تجویز کر لیتے میرے نزدیک یہ توقعات بیجا ہے

اس راے کی صحت نہین ثابت ہوتی مجھکو پانچ برس تک مشرقی ملکون مین رہنے کا اتفاق ہوا ہے اور دیگر مقامات پر اُس سے بھی کہین زیادہ تجربہ انسان کی طبیعت کا مجھکو حاصل ہوا ہے۔ اس تجربہ کے روسے مجھکو نہایت شک ان پیشین گوئیون کے باب مین ہے جو مصر کی قومی تحریک کے غمخوارون نے اُسکی کامیابی کی نسبت کی ہین۔ جو لوگ ایسے ملک کے زائیدہ اور پرورش یافتہ ہین جسمین ہمیشہ سلطنت شخصی مطلق العنان رہی ہے وہ اُس اخلاقی زہر کے اثر سے نہین بچ سکتے جو کسیقدر تمین اُنکے آبا و اجداد کے ذریعہ سے سرایت کرگیا ہے اور کسیقدر اُنکے روزانہ طرز معاشرت سے اُنکی رگ و پے مین ساری ہو گیا ہے اہل مشرق یورپ کے آزادنش اور حکیم مشرب ارباب سیاست اور اہل تدبیر کے اقوال کو نہایت آسانی سے اور بہت جلد سیکھ لیتے ہین مگر یورپ کے مدبران ملک اور اہلکاران سلطنت کی فہم و فراست اور پابندی قانون اور روپیہ کے معاملہ مین دیانت داری اور دیگر اوصاف حمیدہ اہل مشرق کو بہت دیر مین حاصل ہوتے ہین اور اُنکے اوصاف ذاتی چاہے کسی قسم کے ہون مگر اُنمین یہ قدرت نہین ہے کہ عوام مین بلکہ بعض خواص مین بھی وہ قوت ماسکہ پیدا کرین جو ایک مضبوط و مستند اور حکیمانہ راے جمہور سے پیدا ہوتی ہے اور جو آزاد اور باقاعدہ حکومت کا جزو لاینفک ہے۔ چونکہ مصر کے فلاحین ایک مدت مدید سے اغیار کا ظلم وستم سہتے چلے آئے ہین لہذا اب اُنمین وہ صفتین بھی نہین باقی رہی ہین جو دولت عثمانیہ کی بعض دیگر رعایا سے اہل اسلام مین ہین مثلاً ایمانداری کا نہایت درجہ خیال سچائی اور اپنی عزت خود کرنا کہ یہ اوصاف ایشیاے کوچک کے ترک کاشتکارون مین عموماً پائے جاتے ہین۔ بلکہ مجھکو تو اسمین بھی ذرا شک ہے کہ آیا مصر کے فلاحین مطلق العنانی کے اصول کے موافق بھی اپنے ملک کا انتظام مناسب کر سکتے ہین یا نہین کیونکہ اہل مصر کے قومی عیوب مین سے ایک عیب ایسا ظاہر و باہر ہے جو حکام مصر مین نہین ہے۔ وہ عیب ص ۱۷۰
یہ ہے کہ وہ لوگ اتنی قابلیت نہین رکھتے ہین کہ ذرا ذرا سے معاملات روزمرہ مین بھی

کسی مقصد خاص کے حصول کے وسائل اپنے ذہن سے اختراع یا اختیار کرین اور یہ عدم قابلیت انکی اس طور سے ظاہر ہوتی ہے کہ جب معمولی کاروبار مین ادنی تغیر بھی فوراً وقوع مین آتا ہے تو وہ مایوس ہوکر اور متحیر دیکھکر رہ جاتے ہین جس شخص کو اہل مصر سے سابقہ رہا ہے اسکو انکی اس قومی خاصیت سے ہر روز بلکہ ہر ساعت فشار رہتا ہوگا اور رفتہ رفتہ یہ خیال اسکے ذہن مین ضرور جمگیا ہوگا کہ ان لوگون مین اختراع اور ترتیب کا مادہ واجبی ہی واجبی ہے۔ مگر ایسی قیاسی باتون پر بحث کرنا جو معرض وقوع مین نہ آئی ہون محض تضییع اوقات اور غیر ضروری ہے لہذا ہم صرف واقعات اور عملیات کے بیان پر اکتفا کرتے ہین۔

اس مقام پر مصر کے انتظام کی کیفیت مجملاً بیان کرنے سے میرا مقصد یہ تھا کہ ناظرین اپنے دل مین انصاف کر سکین کہ انگریز اور فرانسیس کی نظارت نے محافظین کے پورے فرض کو کہان تک ادا کیا ہے۔ غالباً ناظرین نے تقریر مذکورۂ بالا سے یہ نتیجہ نکالا ہوگا کہ نظارت موصوفہ نے چونکہ اپنی کوششون کو اصلاح امور مالی پر محدود و منحصر رکھا لہذا وہ اپنے فرائض منصبی کو بطور قائم مقام دو محافظ سلطنتون کے بخوبی نہین سمجھی مگر ہم پوچھتے ہین کہ کیا نظارت اپنی حکومت کو رفتہ رفتہ پھیلانے اور ہر قسم کی انتظامی اصلاحات کو عمل مین لانے کی فکر نہین کر رہی تھی؟ میرے نزدیک وہ ایسی فکر نہین کر رہی تھی اور مین اپنی اس رای کے ثبوت مین ایک یادگار واقعہ لکھتا ہون۔ ایک روشن ضمیر اور ذی وقار مصری نے ایک وزرا نظار مین سے ایک ناظر سے عرض کیا کہ مصر کے محکمون مین قرار واقعی اصلاح کرنے سے رعایا کے ذرائع معاش اور اخلاق مین ترقی کا امل متصور ہے اور وہ یہ بیان کرنا چاہتا تھا کہ اہلکاران سلطنت کی مطلق العنانی اور صدہا خرابیان جو اس سے پیدا ہوتی ہین صرف اسی ذریعہ سے رفع ہو سکتی ہین کہ جن صاحب کی طرف وہ مخاطب تھا انھون نے اسکا قطع کلام کرکے یہ فرمایا کہ کسانون کو ایسے محکمون کی

کیا ضرورت ہے جب ہم انکی حفاظت کے لیے موجود ہین - اس جواب سے ثابت ہوتا ہے
کہ صاحب اپنے تئین افلاطون زمان و بقراط دوران سمجھتا تھا اور مصر کے کاشتکارون کی
حالت واقعی سے خاک بھی واقف نہ تھا - ظاہر اُسکو یہ معلوم تھا کہ ہم تو دارالخلافت
**القاہرہ** مین اپنے دفتر مین بیٹھے ہوے تخفیف مصارف اور اضافہ مالگزاری اور دیگر
اصلاحات امور مال کی تدبیرین کر رہے ہین اور بیرونجات مین فلاحین کے گلے پر
مہاجنون کی چھری چل رہی ہے اور شیخ البلد اور پولیس کے سپاہی اور ناظر قسم اور مدیر انکو
جدا مارے ڈالتے ہین اور کوئی انکی داد فریاد سُننے والا نہین ہے - اگر وہ قاضیون کے
استغاثہ کرین تو بیکار ہے کیونکہ وہ دولتمند یا ذی اقتدار فریق کی ہمیشہ جنبہ داری
کرتے ہین - اور اگر مدیر یا ناظم کے آگے جا کر فریاد کرین تو بھی بیکار ہے کیونکہ جن مظالم
مین مدیر خود شریک ہو اُنکا انسداد کیا کریگا اور انکی سزا کیا دیگا بلکہ وہ عرضی دینے کی
عادت سے بھی بہت بیزار ہے کہ اس سے حکومت مین ضعف آجاتا ہے - اب رہے **نظار**
انگریز اور فرانسیس جو **القاہرہ** مین بیٹھے ہوے اپنے تئین سارے ملک کے مظلومون کے
دادرس سمجھ رہے ہین وہ بیچارے کسان اُنکے وجود ذی جود سے بھی نہین واقف کہ وہ کون
صاحب ہین اور کہان رہتے ہین اور اگر وہ اُنکے نیک ارادون سے واقف بھی ہون
تو شاید اُنمین کوئی ایسا ہی احمق ہو جو اتنا سفر دور و دراز طے کر کے بامید موہوم
**القاہرہ** مین آئے کہ نظار موصوفین اُسکی دادرسی کرینگے -

**الغرض** - جملہ امور پر نظر کر کے چندان افسوس اس بات کا نہین ہوتا ہے کہ
**نظار** انگریز اور فرانسیس نے اپنے فرائض منصبی کو ادا کرنے مین ذرا بخل کیا اور امور
انتظامی یا امور عدالت مین عموماً اصلاحات کرنے سے گریز اور پرہیز کیا اسواسطے
کہ ایسی اصلاحات کی کوشش کا نتیجہ عمل غالباً کچھ نہوتا بلکہ کیا عجب ہے کہ **وزرا** انگلستان
اور وزراء فرانس مین جو موافقت اور مخالفت تھی اسمین بھی اُسکے باعث سے

بیڈھب رخنہ پڑ جاتا - امور مالی مین تو انگریزا ورفرانسیسی ناظرون کو باتفاق یکدیگر کام کرنا اسوجہ سے مشکل نہ تھا کہ امور مالی کے انتظام مین جہان تک مصر مین ہوا ہے کچھ اختلاف راے کی گنجایش نہین ہے اور نہ قومی تعصبات کے اظہار کا موقع ہے لیکن اگر امور انتظامی یا امور عدالت مین کسی اصلاح عظیم کی کوشش کی جاتی تو انگریزاور فرانسیسیون کے خیالات مین جو زمین آسمان کا فرق ہے وہ فوراً ظاہر ہوجاتا پس اگر مصر مین انتظام بالکل از سر نو جاری کیا جاتا تو بہتر ہوتا تاکہ اس کام کو ایک سلطنت اختیار کرتی یا سلطنت انگلستان یا سلطنت فرانس - ریاض پاشا کے مستعفی ہونے کی وجہ سے انتظام جدید کے کام مین اور زیادہ آسانی ہوگئی ہے کیونکہ جس ناظر کا ذکر سابق مین کیا گیا اسی کی طرح ریاض کے زعم ناقص مین بھی اصلاح یافتہ محکمون کی کچھ حاجت نہ تھی اور وہ یہ سمجھا ہوا تھا کہ موجودہ خرابیون کے انسداد کی سب سے عمدہ تدبیر یہ ہے کہ اہلکاران سلطنت پر خاص میری ہدایت سے تنبیہ اور تہدید ہوتی ہے -

اس سے بھی سخت تر الزام جسکی کیفیت کمتر لوگون کو معلوم ہے فقط انگریز و فرانسیس پر یہ لگایا گیا ہے کہ انھون نے مصر کی حالت دریافت کرنے مین بڑی کوتاہ بینی کی اور یہ نہ سمجھے کہ بیرونجات کی رعایا کو ایک طرف تو مفتنی اہلکار پیسے ڈالتے ہین اور نچوڑے لیتے ہین دوسری طرف قلت اسباب معیشت سے انکی تباہی کا اندیشہ ہے - یہ الزام البتہ نہایت غور طلب ہے لہذا اول تو نظارت کی نسبت جب کوئی قطعی راے قائم کی جاے تو اسکا لحاظ ضرور رکھا جاے - دوسرے یہ کہ جس امر کا اندیشہ ہے اگر وہ فی الواقع موجود ہے تو جب تک انتظام جدید ہوتا ہے وہ امر ہمیشہ مد نظر رکھا جاے لگر کسی ملک کی رعایا کے اسباب معیشت جنپر اسکی رفاہ و فلاح موقوف ہے لائق اطمینان حالت مین نہین ہین تو انتظامی محکمے اور عدالتین اور انتظامی کمیٹیان چاہے کیسی ہی حکمت سے قائم کی جائین ایسی رعایا کی رفاہ و بہبود کا باعث ہرگز نہین ہوگی -

لہذا ہمکو اِس مقدمہ مین تحقیق انیق کرنے کی تیاری کرنی چاہیے اور خود کسانون سے
شناسائی پیدا کرکے اُنکے ذرائع معاش کی کیفیت اُنسے دریافت کرنی چاہیے - اسلیے
میرا التماس ناظرین کی خدمت مین یہ ہے کہ مصر کے کسی گانون کو ملاحظہ کرنے کیلیے
میرے ساتھ تشریف لے چلین۔ اگر وہ مہربانی سے اِس زحمت کو گوارا کرین تو اُنکو صرف
اتنی ہی دیر وہان ٹھہرنا پڑیگا جتنی دیر مین میرا مطلب نکل آئے - کیونکہ جیسی ناظرین کو
عجلت ہے اُسی طرح مجھے خود جلدی ہے کہ قیاسی امور کو بالاے طاق رکھکر نتائج
عملی کے تحقیق مین مصروف ہون کیونکہ مین خود جانتا ہون کہ ہنوز دلی دوُر ابھی ہمکو
بہت سی مسافت طے کرنی ہے جب ہم اُسکو طے کرلینگے تب اُس پہاڑی کی چوٹی پر پہونچینگے
جہان سے مصر کے مسئلہ پر بحیثیت مجموعی نظر کرنا ممکن ہے۔

# باب پنجم

## فلاحین کے خانگی حالات کے بیان مین

جب فلاحین کے گانؤن کو دور سے دیکھئے تو بہت میلے کچیلے کھنڈر نخل خرما مین چھپے ہوئے نظر آتے ہین۔ اور جب اتنا قریب پہونچ جائیے کہ مکانات دکھائی دینے لگین تو گانؤن کی شکل ایک احاطہ کی معلوم ہوگی جسکے بیچ مین ایک چھوٹی گڑھی دکھائی دیتی ہے جسمین ذرا ذرا سے عجب قطع کے مینار بنے ہوئے ہین اور ایک خوش قطع گنبد بھی بنا ہوا ہے جو ظاہراً مذہبی مقاصد کے لیے بنایا گیا تھا جنگی اغراض سے نہین تعمیر ہوا تھا۔ لکن پھر جو ذرا اور قریب سے دیکھیے تو یہ سب دھوکے کی ٹٹی معلوم ہوگی جس چیز کو آپ پہلے ایک سرتاسر دیوار سمجھے تھے وہ گڑھی کی دیوار نہین ہے بلکہ مکانات مسکونہ کی دیوارین ہین جو قریب قریب بنے ہوئے ہین اور جنمین کہین کھڑکی یا دروازہ کا نام بھی نہین اور بیشتر جو آپ کو جو کو برجون مین رندے بنے ہوئے معلوم ہوے تھے وہ چند بڑے بڑے مکانون کی چھتا بان ہین جنکی دیوارون مین ہوادان اور روشندان بنے ہین۔ اور وہ سیاہ سیاہ ڈروفی گڑھی جو آپ کو دور سے دکھائی دی تھی وہ اس گانؤن کے عمدہ یعنی رئیس کا حرم محترم یعنی زنانہ مکان اور مہمانخانہ ہے اُن رئیس صاحب کی صفت یہ ہے کہ بڑے شان مرید اور لڑائی کے نام سے بیزار آتا ہے۔ اور وہ دوسری چھوٹی سی گڑھی جو تھی جسمین عجیب قطع کے مینار بنے ہوئے تھے وہ ایک بڑا کبوترن کا ڈربہ ہے اور وہ گنبد جو دور سے لیاشان دار معلوم ہوتا تھا ایک چھوٹا سا خشت خام کا بنا ہوا مقبرہ ایک ولی کا ہے جنکی کرامات صرف اسی گانؤن مین مشہور ہے آگے خیریت ہے

الغرض یہ سب تو دھوکے کی ٹٹی تھی۔ اب ہمین سے صرف چند درختہاے خرما آسمان سے
باتین کرتے ہوے بڑے بڑے فاصلے پر نظر آئینگے جنہین سایہ کا نام بھی نہین اور کچھ
سیاہ سیاہ مکانات خشت خام کے دکھائی دینگے اور انہین خدا کی عنایت سے ایسی جنکو
بنی اسرائیل نے حضرت موسیٰ کے وقت مین حکم خدا سے بنایا تھا۔ شاید اس زمانہ کی تراش خراش
کہین کہین صرف اتنی دکھائی دے کہ ایک دو اسی سفیدی بھی پھیری ہوئی ہے مگر اس عالمگیر
سیاہی مین اتنی سی سفیدی کی کیا حقیقت اور کیا بساط۔ مکان کے آگے ایک تالاب بنا ہوا
ہے جسکا پانی سڑا ہوا ہے اور جس سے امراض وبائی انسان اور حیوان کو ہلاک کرنے کے لیے
پیدا ہوتے ہین کھیت سیچے ہوے ہین اور انہین مختلف قسم کے غلہ کے بڑے بڑے لمبے
درخت لگے ہوے ہین۔ کسان مرد و زن عجب عجب طرح کی پوشاکین پہنے ہوے ہین
اور بچے برہنہ مادرزاد بھینسین ایسی بدصورت کہ گویا طوفان نوح سے بھی پیشتر پیدا ہوئی
تھین۔ گدھے بڑے اور چھوٹے دونون قسم کے مگر انہین وہ کاہلی اور بیوقوفی نہین جس سے
انکے بھائی بند یورپ مین بدنام ہین۔ اور ایک قطار کی قطار بڑے بڑے جنگی اونٹون
کی جنکے چہرون سے مشقت شاقہ کے آثار نمایان ہین نکیلین کھینچی کیے ہوے خراماں خراماں
چلے جاتے ہین۔ آنکھ اٹھا کر دیکھیے تو ایک دشت سرخ فام کی کچھ چھائین سی نظر آتی ہے
اور اسکی پشت پر جبال عرب کی قطار دکھائی دیتی ہے پھر جنوب کی سمت جو دیکھیے تو مطلع
بالکل صاف اور آسمان ایسا شفاف کہ سبحان اللہ مگر آفتاب کی وہ تمازت کہ العظمت للہ
اب اس تصویر خیالی کا خاتمہ بالخیر ہوا۔ سیاحان مصر پر کیا موقوف ہے ایسے ایسے تماشے
تو ان حضرات نے بھی اکثر دیکھے ہونگے جنکو اس زمانہ کے تصویر خانون کی سیر کرنے کا
اتفاق ہوا ہے۔ مگر جو بات اکثر لوگون کو نہین معلوم ہے اور جسکو بیان کرنا مجھے منظور ہے
وہ یہ ہے کہ ایسے گانوون کے اندرونی انتظام کی کیا کیفیت ہے اور اہل دیہ کا طرز معاشرت
کیسا ہے۔ انکی زندگانی کا طریقہ انسانیت سے بالکل معرا نہین ہے جیسا بعض لوگون کو

گمان ہے۔ فلاحین بھی اور آدمیون کی طرح رنج وراحت۔ امید وبیم۔ اور اقبال وادبار کے ذائقہ سے واقف ہین اور اگر انکے احوال کو عجائب نگار افسانہ نویسون نے بعبارت رنگین نہین رقم کیا ہے تو اسکا سبب یہ ہے کہ انکے حالات انکے مجاورون کے معرض تحقیق مین نہین رہے ہین مین عجائب نگار افسانہ نویسون سے گزارش کرتا ہون کہ اگر انکو کسی مضمون کی تلاش ہے تو اس مضمون مین طبع آزمائی اور خامہ فرسائی کرین۔ اگر وہ اسمین بخوبی غور کرین تو افسانہ نویسی کا مادہ کثیر پائینگے یعنی عمدہ عمدہ تصویرات خیالی کھینچینگے اور انسان کی طبیعت کے بہت سے کرشمے انکو دکھائی دینگے اور اسکی راحت کا سامان دکھائی دیگا مگر اسکے رنج کے اسباب بھی نظر آئینگے کہ دنیا مین رنج وراحت توام ہین اور بے ایک کے دوسرے کا مزا نہین۔ مگر مین واقعات کو سیدھے سادے طرز سے تحریر کرونگا جیسا اُن تماشائیون کا قاعدہ ہے جنکی طبیعت خلاق نہین ہے یا جو فسانہ نویسی سے مطلق بے بہرہ ہین۔

پہلے تو ہم ایک بہت ہی غریب فلاح کے گھر کو جا کر دیکھتے ہین بعد ازان اُسکے سیدھے سادے طرز معاشرت کو دریافت کرتے ہین پس ہم دیکھتے ہین کہ ایک چھوٹے سے مکان کی سادی دیوار آٹھ فٹ کی ہے اور خشت خام کی ہے اور اوپر کہگل کی ہوئی ہے اور اسمین ایک چھوٹا سا دروازہ بھی لگا ہوا ہے جسمین سے پانچ چھ برس سے زیادہ عمر کا لڑکا بے سر جھکائے نہین نکل سکتا چونکہ اُس مکان کے اندر جانے کی صرف یہی ایک راہ ہے لہذا معلوم ہوا کہ صاحب مکان کوئی گھوڑا یا بھینس یا گائے یا کسی قسم کے بڑے بڑے آلات زراعت نہین رکھتا ہے اور اگر اسکو آیندہ کچھ جانور کے خریدنے کی امید ہو تو اس سے زیادہ امید نہین ہے کہ ایک دو بکری یا چند بطخین یا شاید ایک چھوٹی سی گدھی خرید لیگا ذرا اندر کی طرف دیکھیے تو اس قیاس کی صحت ہو جائیگی۔ اس احاطے کے اندر تین چھوٹے چھوٹے صحن ہین (اگر جس جگہ کا طول و عرض بارہ فٹ اور چھ فٹ ہو اُسکو صحن کہسکتا بھی

مشکل ہے ہم اُنکی دیوارون مین اتنے بڑے بڑے سوراخ بنے ہوے ہین جتنا بڑا وہ
دروازہ تھا جسکا ذکر کیا گیا۔ پہلے صحن مین وہ کچا جھوپڑا ہے جسمین دروازہ ندارد
اور اسکی چھت پتا درسے پٹی ہوئی ہے۔ یہی جھوپڑا افلاح اور اُسکے عیال و اطفال کا
باورچیخانہ بھی ہے اور خوابگاہ بھی ہے اور اُسکے عیال کی یہ تفصیل ہے کہ اُسکی مان
اور جورو اور دو بچے۔ ایک بڑا سا چپٹا خشتی آتشدان تقریباً اڑھائی فٹ اونچا ہوا
اندھیرے مکان کی دو ثلث جگہ مین سمایا ہوا ہے دن کو تنور کا اور رات کو چولھے کا
کام دیتا ہے اور جاڑے کی راتون مین سارے گھر کو یعنی مرد و عورت سب کو بستر کا کام
دیتا ہے اور گرمی کی راتون کو سب کے سب ایک چٹائی بچھا کر زمین پر پڑ رہتے ہین۔ پہلے
صحن مین دو مٹھور تقریباً تین تین فٹ کے رکھے ہین اُنمین غلہ وغیرہ رکھا ہے اور ان
مٹھورون کے گرد چھ سات دبلے قاق چنگے اس فکر مین بیٹھے ہوے ہین کہ آنکھ بچا کر ایک آدھ
چونچ مٹھورون کے اندر لگائین۔ سب کے اندر جو صحن ہے اُسمین ایک جھوپڑے کے سوا اور
کچھ نہین ہے اور اُسکے دروازے مین بلی لگی ہوئی ہے۔ یہ دروازہ کی مضبوطی کی عجیب
حکمت رکھی ہے جو مین نے مصر کے سوا اور کسی ملک مین نہین دیکھی اور اگر یہ تدبیر
اہل مصر کی طبع زاد ہے تو اس سے ثابت ہوتا ہے کہ اگلے زمانہ کے مصری اس زمانہ کے مصریون سے
زیادہ کاریگر ہوتے تھے۔ اس چھوٹے سے جھوپڑے کو بغیر دیکھے بھی ایک صحیح فہرست اُن
اشیاء کی جو اُسکے اندر ہین بن سکتی ہے۔ اُسکے اندر ایک رنگین صندوق رکھا ہوگا جسمین
صاحب خانہ کی زوجہ جب اُسکی شادی ہوئی ہوگی تو تھوڑا بہت جہیز لائی ہوگی اور چند
چیزین پوشاک کی قسم سے اور کچھ زیور زائد از استعمال بھی رکھا ہوگا اور کچھ تانبے کے برتن
اور ایک کجلوٹی یا سرمہ دانی رکھی ہوگی جسکا سرمہ آنکھون مین اسلیے لگایا جاتا ہے کہ
موتیابن نہونے پائے یا صرف عورتین بناؤ کے لیے لگاتی ہین۔ مجھکو بجائے خود یہ یقین ہے
کہ کحل آرایش کے لیے لگایا جاتا ہے بطور دوا کے نہین استعمال کیا جاتا اور یہ یقین میرا

محض بے بنیاد نہین ہے - کیونکہ اول تو مین جانتا ہون کہ لڑکون کی مان جسکا نام
فاطمہ ہے جبسے ذرا سن سیدہ ہوئی ہے کبھی کسی دوا کا اعتقاد اُسکو نہین ہوا ہے اور
جب کوئی لڑکا بالا بیمار پڑا ہے تو اُسنے اور کوئی علاج نہین کیا ہے سوا اسکے کہ کاغذ کے
پرزون پر گاؤن کے ملا سے اسم اعظم یا اور کوئی نقش لکھوا کر بیمار کے بازو پر باندھ دیا ہے
یا گلے مین ڈال دیا ہے اور اسی سے اُسکو شفا ہو گئی ہے - اگر بیماری معمولی قسم کی ہے
تو یہ تعویذ صرف گلے مین ڈال دیا جاتا ہے لیکن اگر کوئی مرض صعب اعضاء رئیسہ مین
لاحق ہے اور کسی طرح نہین دفع ہوتا تو ایک تعویذ یا نقش کو گھول کر پلا دیتے ہین پھر اگر
خدا چاہے تو ضرور شفا ہو جائیگی - مگر فاطمہ کے مخزن الادویہ مین گل کوئی چیز نہین ہے
کیونکہ اسمین شفا کی قوت نہین ہے - دوسرے مین یہ بھی جانتا ہون کہ اور عورتون
کیطرح فاطمہ بھی اپنی تعریف پر مرتی ہے - میرا مطلب یہ نہین ہے کہ بعض امور ضروری مین
وہ اپنے شوہر سے بیوفائی کرتی ہے - یا معاذ اللہ عفیفہ نہین ہے - اُسکی بڑھیا ساس
جو اُسکی حرکات و سکنات کو ہر وقت دشمن کی نگاہ سے دیکھتی رہتی ہے اُسکی عصمت اور
پاکدامنی کا سارٹیفکٹ دینے کو موجود ہے - وہ اپنے شوہر کی محبت کی نگاہ کو غیر کی اتفاقی
نظر التفات سے لاکھ درجہ بہتر جانتی ہے مگر وہ یہ سمجھتی ہے کہ عورت کی چشم سیاہ جب کاجل
لگانے سے اور زیادہ سیاہ ہو گئی تو اُسکا شوہر بھی بیشتر التفات کرتا ہے اور غیر کی نظر بھی پڑ
پڑتی ہے (بقول شخصے کہ میرے دونون میٹھے) اُسکا شوہر تو اُسکی زندگی کا سہارا ہے اور
اگر خدانخواستہ یہ سہارا جاتا رہا تو قطع نظر اور امور کے دنیا سے اُسکا چین جاتا رہا - اگر اُسکا
شوہر اُس سے بے اعتنائی کرنے لگے تو باوجود مفلس ہونے کے بھی دوسری زوجہ اُس سے کم سن
کر سکتا ہے اور جو لطف اور اتفاق اُسوقت تک گھر مین رہا ہے وہ نہ باقی رہیگا - اس
بلا کو دفع کرنے کے لیئے اُسنے تدابیر عقلی پر بھروسا نہین کیا ہے بلکہ کچھ روپیہ خرچ کر کے
اپنے مرشد سے حب کا تعویذ لیا ہے جسکو وہ ہمیشہ اپنے گلے مین چاندی کا ملمع کی ہوئی ہیکل کے

پیچھے پڑے رہتی ہے۔ تحمل کا استعمال وہ احتیاطاً کرتی ہے اور از راہ دور اندیشی اپنے پڑوسیون سے درست رہتی ہے اور خدا پر توکل اور اپنے تعویذون کی تاثیر پر بھروسا رکھتی ہے۔

تحمل کے جملۂ معترضہ سے میرا اصل مطلب رہا جاتا ہے آؤ ہم پھر مطلب پر۔ اب اثاث البیت کی فہرست بتاتا ہون جن چیزون کا ذکر میں کرچکا ہون انکو تو گھر کے لوازمات انھین کو سمجھیے مگر یہ کہ انمین کسیقدر جوار کو بھی شامل کیجیے جو انکے متعلق میں کچھ ہے اور تھوڑا سا چھنگنے ہین جنکا تذکرہ سابق مین ہوچکا اور جنکو یہ سکھایا گیا ہے کہ اپنے خود جھک لیا کرین وہ مکان اگرچہ وسیع و وافر نہین ہے مگر بقدر حاجت بہت ہے اور اگر اسیدہ یعنی بکری کا بچہ یا بھیڑین یا ایک دو گدھے بھی لیکر اس اثاث البیت مین شامل کر لیے جائین تو کچھ زائد جگہ کی ضرورت نہوگی کیونکہ جو مہمان آئیگا وہ بھی کہین گھر والون کے قریب پڑ رہیگا مگر حیوان ناطق اور حیوان مطلق کی یکجائی سے یہ اندیشہ نہین ہے کہ ایک دوسرے کے آرام مین مخل ہوگا۔

اس گھر کا رئیس ایک شخص حسن نامے ہے وہ غریب ہے مگر بڑا نیک بخت آدمی ہے اسکا عمل اس نصیحت پر ہے کہ خیر الامور اوسطہا۔ ہر چیز کو بہ مختصر کر دیتا ہے کچھ تھوڑے بہت عیوب بھی اُسمین ہین جیسے بزدلی۔ مکاری۔ بیغیرتی۔ اتنے عیوب کا اُس جیسے غریب آدمی مین ہونا ضرور ہے۔ اور اُسنے جو کوڑے کھاتے ہین تو غالباً ناحق نہین کھائے ہین مگر وہ کبھی کسی جرم عظیم کا مرتکب نہین ہوا ہے اور مصر جیسے ملک مین جہان سزاے جسمانی ہر کس و ناکس خوب دل کھول کر دے لیتا ہے کوڑے کھانا غربا کے لیے کچھ ہتک کی بات نہین ہے اگر کوئی پاشا یا بے جرم رشوت ستانی یا ظلم ستانی یا دیگر جرائم مین یا خود بخود کہ ایسے جرائم صاحبان حکومت سے اکثر سرزد ہوتے ہین اور قضا بکار ایسی کسی اتفاقی وجہ سے جسکا وہم و گمان بھی نہین ہوسکتا اسکے بدن سے قرابش یعنی کوڑا مس بھی کر جاے

معاذ اللہ زمانہ تہ و بالا ہو جاوے اور ایک حشر برپا ہو جاوے انتظام ملک مین فتور عظیم کا
اندیشہ ہو مگر چونکہ فلاحین کی آبرو کا کچھ پاس و لحاظ نہین ہوتا ہے اور انکی نسبت
یہ گمان کیا جاتا ہے کہ انکو فہمایش سے کچھ اثر ہی نہین ہوتا لہذا انکی گوشمالی کے لیے
فہمایش تحقیق کی نسبت زیادہ ضروری اور آسان آلہ ہے ۔ اگر مصر کے نہایت معتبر باشندون کے
قول کا اعتبار کیا جاوے تو بغیر مار پیٹ کے انتظام کو قائم رکھنا اور ٹیکس وصول کرنا اور عدالتی
تحقیقات کرنا یا سرکاری فرائض مین سے کسی فرض کو ادا کرنا محال ہے ۔ المختصر مصر کے
اہلکاران سرکاری بے غربا کے ایسے بے دست و پا ہین جیسے فلاح بے ڈانڈ کے
جس سے وہ کشتی کھیتا ہے ۔ لہذا یہ کچھ تعجب کی بات نہین ہے کہ متواتر کوڑے
کھانے سے حسن کچھ بدنام نہین ہوا ہے کیونکہ کوڑے کھانا تو ایک دستور کی بات ہے
اور کوڑے کھانے سے جو الم جسمانی اسکو ہوا وہ خود اسکے یا اسکے اہل خاندان کی افسردگی
کا باعث نہین ہوا ہے گو اسکو ناحق اور بے جرم کوڑے مارے ہون ۔ جب وہ کوڑے
کھا کر لنگڑاتا ہوا گھر مین آیا تو اسکی نیک بخت بی بی فاطمہ کو اسکے پانون پر ورم دیکھکر
بہت رنج ہوا مگر وہ ایسی بیوقوف عورت نہین ہے کہ اتنی سی بات کی شکایت کرتی
پھرے یا لوگون سے اپنے شوہر کا دکھڑا روتی پھرے ۔ بلکہ وہ دیکھتی ہے کہ جو مصائب
میرے شوہر پر گذرے ہین وہی میرے باپ دادا پر گذرے تھے اور میرے سب واقفکارون پر
گذرے ہین جیسے مشرقی لوگون کا معمول ہے ویسے ہی فاطمہ پر بھی جو مصیبت پڑتی
ہے اسکو سہتی ہے اور جو کچھ رنج و راحت یا شادی و غم ہوتا ہے اسکو اپنے زعم ناقص مین
نوشتہ تقدیر سمجھتی ہے اور جیسا اولاد کے غم مین صبر و تحمل کرتی ہے ویسا کسی مصیبت
مین نہین کرتی جب اسکو دیکھیے کہ نہر سے اس قطع سے واپس آتی ہے کہ سر پر ایک مٹی کا
گھڑا پانی کا رکھا ہے اور اسکے آدھے چہرے پر نیلی نقاب پڑی ہوئی ہے جیسا شرع مین
حکم ہے کہ عورتین اپنا چہرہ نامحرمون کو نہ دکھائین گو مصر مین اس حکم کی پابندی بہت

احتیاط کے ساتھ نہین کی جاتی ہے تو آپ خود یہ قیاس کر لینگے کہ اُسکی نازنین اور لاغر
صورت سے جو نیلگون برقع مین کسیقدر چھپی ہوئی ہے صاف معلوم ہوتا ہے کہ مصائب
آلام مادری کے ذائقہ سے یہ عورت واقف نہین ہوئی ہے مگر فی الواقع اُسکے چھ لڑکے
ہوچکے ہین اور اُنمین سے صرف دو زندہ ہین۔ اگرچہ وہ مادر نامہربان ہرگز نہین ہے
مگر جب اُسکے بچے ایک ایک کرکے مرگئے تو وہ بہت روئی پیٹی نہین۔ وہ اس مسئلہ علمی
سے مطلق آگاہ نہین ہے کہ جو بچہ سب سے زیادہ قوی ہوتا ہے وہ زندہ رہتا ہے مگر اپنے حسن ا
محدود تجربہ اور مشاہدہ سے وہ یہ بات جانتی ہے کہ ضعیف القوی بچے جلد مر جاتے ہین
علی الخصوص اگر وہ اُن اوقات مین پیدا ہون جبکہ انکی ماؤن کو امور خانگی مین مصروف رہنے کی
فرصت نہین ہوتی اور وہ یہ بھی جانتی ہے کہ مرجھنیہ بچہ جو دائم المرض رہتا ہو خود اپنی
جان کا وبال اور اپنے مان باپ کو دوبھر ہو جاتا ہے پس ایسے بچہ کو تعویذ طومار کرکے ملک الموت
کے پنجے سے بچانا فضول ہے۔ مگر ایسے خیالات سے بھی اُسوقت اُسکے دل کو تسکین
نہین ہوئی جب اُسکا بچہ مرگیا اور اُسکو گاؤن کے باہر ایک چھوٹے سے ریگستان مین
دفن کرنے کو لے چلے تب وہ چیخین مار کر زار و قطار رونے لگی مگر جب چندروز کے
بعد اولاد کی فرقت کا زخم اچھا ہوگیا اُسوقت اُسنے خدا کا شکر کیا کہ کمزور اور کھیل
بچون کا مرجانا ہی بہتر ہے۔

حسن ہمیشہ ایسا مفلس نہ تھا جیسا اب ہے تیس برس ہوے کہ جب اُسکے
باپ نے انتقال کیا تھا اُسوقت پینتیس ایکڑ عمدہ زمین اُسکے پاس تھی اور اسکی کاشت
کا سارا سامان بھی موجود تھا اور حسن ایک بڑے مکان مین رہتا تھا جسمین ایک اصطبل
بھی تھا جسمین دو بھینسین اور ایک گدھی رہتی تھی۔ وہ خود اور اسکے دو بھائی جنکی شادی
ہوچکی تھی یکجا رہتے تھے اور بڑا بھائی منتظم خاندان تھا۔ چندمدت تک تو خیریت رہی
علی الخصوص اس زمانہ مین جبکہ امریکا مین جنگ ہو رہی تھی۔ اور روئی کی بڑی قدر تھی

اور اُسکا نرخ نہایت گران تھا۔ اور غلہ کا نرخ بھی کسیقدر گران تھا۔ اور حسن کے اہل خاندان
بھی جنکی ضرورت اراضی موروثی کی کاشت کے لیے نہ تھی ایک روئی کے کارخانہ مین جاکر
جو اُنکے گانؤن کے قریب تھا اور ایک عمدہ یعنی امیر کا کارخانہ تھا مزدوری کرتے
تھے اور معقول مزد حاصل کرتے تھے حسن اس زمانہ مین لڑکا تھا اور روئی کٹنے کی فصل
مین دو تین آنہ روز کما کر اپنے بھائی بندون کے پاس جمع کر دیتا تھا جب اٹھارہ برس
کی عمر مین اُسکی شادی فاطمہ سے ہوئی تو زمانہ خلاف ہونے لگا سب سے زیادہ نفع روئی کی
کاشت مین تھا اب اُسکا نرخ گھٹکر نصف سے بھی کم رہگیا تھا اور سرکار نے دو تین
سال کا ٹیکس پیشگی طلب کیا پس ایسی حالت مین ہم خرما ہم ثواب کی کیفیت حاصل
ہونا محال تھا۔ ایک یونانی دوکاندار نے جو اس گانؤن مین رہتا تھا حسن کے خاندان کو
سرکاری ٹیکس ادا کرنے کے لیے کچھ روپیہ قرض دیا۔ خیر۔ اسوقت تو ضرورت رفع ہو گئی
گو قرضہ کا ایک اور بار ہوا اگر چند مہینہ کے بعد سرکاری تحصیلدار نے اور زیادہ ٹیکس
طلب کیا اور اُس یونانی دوکاندار نے بھی اصرار کیا کہ میرا زر اصل مع سود دیجیے
مگر حسن کے خاندان مین روپیہ کا توڑا تھا لہذا قرباش یعنی کوڑے بازی کی ٹھہری مگر
اس سے کیا ہونا تھا الغرض۔ اُن بیچارون کو بڑی مصیبت کا سامنا ہوا تب اُس یونانی
مہاجن نے کہا کہ فصل استادہ میرے ہاتھ بیچ ڈالو۔ پہلے تو اس مقدمہ مین بڑی بڑی بحث
و تکرار ہوتی رہی آخر کو اس یونانی مہاجن نے فصل استادہ کی قیمت کا تقریباً دو ثلث
دینا منظور کر لیا اور جو روپیہ اسکے فروخت سے ملا اُسمین سے مہاجن کا سود دیکر جو کچھ
بچا وہ ٹیکس مین دیا گیا۔ مگر جب قرضہ پورا نہ ادا ہو سکا اور سرکاری چپراسی پھر ٹیکس
لینے کو آیا تو پھر اسی مصیبت کا سامنا ہوا۔ اور پھر کوڑے بازی ہونے لگی اور اس شدت
سے ہوئی کہ حسن کے بڑے بھائی کے پانؤن کے تلوے زخمی ہو کر اسقدر سوج گئے کہ وہ
بیچارہ چلنے پھرنے سے عاجز ہو گیا۔ مگر اُسپر اور کچھ اثر نہین ہوا بجز اسکے کہ اُسنے سرکو

قسمین کھائین کہ میرے پاس اس سے زیادہ ایک کوڑی بھی دینے کو نہین ہے۔ اِنکی دفعہ
ٹیکس ادا کرنے کی یہ تدبیر ہوئی کہ بھینسین اور گدھے اور کسیقدر گھر کا اسباب بیچا گیا بیشک
کئی ہفتہ تک امن وامان ہی مگر اس تدبیر سے اُن بیچارون پر اور زیادہ مصیبت پڑ گئی
کیونکہ جب اُنکے پاس زراعت کے لیے مواشی ہی نہین رہے تو اب اُنکو ٹیکس ادا کرنا
سابق کے بہ نسبت بھی زیادہ مشکل ہو گیا اور ٹیکس مین جو کچھ کمی رہی اُسکا ذمہ دار شیخ البلد
یعنی گانون کا مقدم قرار دیا گیا اور اُسکو یہ شبہہ ہوا کہ حسن کے مکان کے اندر یا اُسکے
پروس مین کہین روپیہ پوشیدہ رکھا ہے اور اس دفینہ کا پتہ لگانے کے لیے وہی قدیم
چال چلا یعنی کوڑے بازی کرنی شروع کی۔ ایک مدت دراز تک تو کوڑے بازی کا کچھ
اثر نہوا مگر جب سب بھائیون کو خوب زور زور متواتر کوڑے لگائے گئے اور شیخ نے
کنایتہ یہ کہا کہ اب یہ معجز نما چھری تمھاری عورتون کے بدن سے مس کریگی تب ایک
چھوٹی سی تھیلی نکلی جسمین اشرفیان بھری ہوئی تھین اور جو چند سال ہوئے تھے کہ زمین مین
دفن کی گئی تھی۔ مگر چونکہ وہ اشرفیان اتنی نہ تھین کہ بقایا ٹیکس اور اُس یونانی مہاجن کا
قرضہ بھی ادا کیا جاتا اور پھر تحصیلدار کو منہ بھرائی بھی دی جاتی اور چونکہ ٹیکس کی قسطین
چڑھتی جاتی تھین لہذا پھر اُسی معجز نما سونٹے (کوڑے) سے کام لیا گیا باین امید کہ کچھ اور
پوشیدہ خزانہ شاید نکل آئے مگر اب کی دفعہ یہ ساری کوشش بیکار ہوئی کیونکہ ان بیچارون کے
پاس ایک کوڑی بھی نہ تھی اور نان شبینہ کو محتاج تھے۔ القصہ۔ اس مایوسی کے عالم
مین ایک روز بڑے بھائی احمد نے شام کو اپنے بھائیون سے کہا کہ میرا مصمم ارادہ ہے
کہ اس گانون سے چلا جاؤن اور کہین اور جا کر قسمت آزمائی کرون تب حسن نے
کہا کہ اس امر سے بہتر تو یہ ہے کہ یہ چند ایکڑ زمین جو اپنے باپ سے ہمنے پائی ہے اسی کو
بیچ ڈالین۔ اُسوقت رئیس خاندان نے کہا کہ ارے بیوقوف اس زمین کو کون مول
لیگا اگر مفت بھی دوگے تو کوئی نہ لیگا۔ اب ٹیکس کی پوری رقم کا ادا ہونا تو ہم سے

محال ہے پھر ایک ہی آدمی ٹیکس کے لیے کیون محنت کرے اور فاقون کے مارے
مر جاے۔ یہ سوال لاجواب تھا اور ہر چند احمد کی بہت منت و سماجت کی مگر اُسنے
ہرگز نہ مانا اور صبح ہونے کے پہلے بیوی بچون کو لیکر چمپت ہوا اور نہ معلوم کہان اور کدھر
چلا گیا۔ تھوڑی ہی مدت کے بعد منجھلے بھائی نے بھی بڑے بھائی کی تقلید کی جب
چار بھائی اکٹھا ہو کر اس مصیبت کو نہ جھیل سکے تو دو بھائیون سے کیا ہوسکتا جنکے
پاس نہ مواشی تھے نہ روپیہ تھا۔ اس سے بھی زیادہ مصیبت ان پر یہ پڑی کہ وہ تھے دو ہی
مگر سرکاری بہی مین چار لکھے جاتے تھے لہذا ان دو سے چار آدمیون کا کام بیگار یعنی بلا مزدوری
لیا گیا جب انھون نے دیکھا کہ مصیبتون کا ہجوم ہوتا جاتا ہے تو انھون نے خاندانی
جایداد اور اپنا قدیم مکان قرضخواہون کو دے دیا اور حسن نے اپنے بھائیون سے
علیحدہ ہو کر اپنے لیے وہ جھوپڑا بنوالیا جسکی کیفیت سابق مین لکھی گئی۔ وہ کہتا تھا کہ
اب ٹیکس کم ہو گیا ہے اور اگر میرے پاس مین یا دو مواشی ہوتے تو مین اپنی بسر اوقات
بھی کر لیتا اور ٹیکس بھی برابر ادا کرتا۔ مگر میرے پاس روپیہ کہان ہے کہ زمین یا مواشی
خریدون۔ اور اب میرا اتنا اعتبار بھی نہین رہا ہے کہ منتظمان علاقجات خاندانی
سے زمین لگان پر لیکر اسکی کاشت کرون۔ جب مین نے ایک مرتبہ منتظمان مذکورین مین
سے ایک شخص کو درخواست دی تو اُسنے پوچھا کہ لگان ادا کرنے کی کیا ضمانت دوگے
بھلا مین ضمانت کہان سے لاتا لہذا میری درخواست نامنظور ہوئی۔ پس اب میرے
رزق کا صرف ایک ذریعہ باقی رہگیا ہے کہ میرے ہمسایہ مین ایک متمول آدمی رہتا ہے اُسکی
شراکت کرلون کہ وہ بہت سی اراضی خالصہ کو مستاجرانہ لیکر شرکت مین کاشت پر دیتا ہے۔
الغرض حسن کو اسکے متمول ہمسایہ نے اتنی زمین دیدی تھی جسکی کاشت اُس سے ہوسکی
اور جتنے مواشی اور آلات زراعت اور تخم کی ضرورت ہوئی وہ بھی مہیا کردیا۔
اور اسکے معاوضہ مین اُسنے تین ربع پیداوار لی اور باقیماندہ ایک ربع پیداوار حسن کو دیا

اسمین سے بھی اُسنے اُسقدر غلہ جمع کرلیا جو بطور تقاوی کے حسن کو دیا تھا۔

اب غریب فلاح کو تو جانے دیجیے جس سے ذلیل تر کوئی شخص مصر کے بیرونجات
مین نہین ہے اور کچھ متمول عمد یعنی رئیس دیہ کا حال سنیے جس سے زیادہ معزز مصر کے
دیہات مین کوئی نہین ہے۔ اسکا مکان گانؤن کے بیچوں بیچ مین ہے اور ہم جب اُسکے
قریب پہونچے تو اتنا بلند اور چوڑا دروازہ دیکھا جسمین سے ایک باردار اونٹ بلا دقت
نکل جاے جیسے دیہات مین اور عمدہ مکانات کے دروازون پر محرابین وغیرہ
بنی ہوتی ہین ویسی ہی اُس مکان کے دروازہ پر بھی ایک کچی مٹی کی محراب بنی
ہوئی تھی۔ اس محراب کے بیچ مین ایک گول گول خوشرنگ پتھر اس قطع کا جیسی بڑی سی
پلیٹ ہوتی ہے لگا ہوا تھا اور پھاٹک کے اندر ایک بڑی سی لکڑی کی تپائی دیوار سے ص ۱۸۸
لگی رکھی تھی اور اسپر کچھ فرش بچھا ہوا تھا اُسپر تین مسن آدمی دو زانو بیٹھے ہوے ظاہرا
کسی اہم امر مین مشورہ کر رہے تھے۔ اُن تینون کی پوشاک گویا ایک ہی قسم کی
تھی یعنے سفید عمامے اور سیاہ لمبی عبائین ایسے کپڑے کی جو باریک مگر بے چمک ریشم کا
معلوم ہوتا تھا اور ایک باریک پارچہ اونی جسکا نام حزم ہے سر اور گردن اور شانون پر
کچھ عجب قطع سے لپٹا ہوا تھا۔ اُنکے قریب ایک چوتھا شخص بھی نہایت مودب
بیٹھا ہوا تھا اور وہ بھی وہی سفید عمامہ اور سیاہ لمبی عبا پہنے تھا مگر حزم نہین پہنے تھا
اور اُنکے سامنے ایک قطار کی قطار فلاحین کی کھڑی ہوئی تھی اُنکی قطع وہی تھی جیسی
حسن کی قطع سابق مین بیان کی گئی اور اُنکی پوشاک صرف ایک لمبی سی نیلی قمیص
اور ایک اونی ٹوپی تھی۔ جو شخص تجربہ رکھتا ہو وہ اُس تماشے کو فوراً پہچان جائیگا۔
یہ شرکی حضرات گویا مسند حکومت پر بیٹھے ہوے انصاف و داد رسی کر رہے تھے۔ اُنمین
ایک صاحب جو ذرا معمر اور سفید ریش تھے وہی عمدہ تھے اور اُنسے کم سن جو دو صاحب تھے وہ
شیوخ البلد تھے اور چوتھا شخص جو مودب بیٹھا ہوا تھا قبطی صراف تھا جو اُس گانؤن کا خزانچی

اور تحصیلدار تھا - اور وہ فلاحین جو سامنے کھڑے تھے غالباً ٹیکس کے باقیدار تھے یا شاید
بیگار کا کام کرنے کے لیے پکڑ آئے تھے - اور اس گانون کے حکام انکو سمجھا رہے تھے کہ
ٹیکس تمھارے ذمہ باقی ہے اسکو ادا کردو یا انکو ہدایت کر رہے تھے کہ فلان شہر جا کر
کام کرو - صراف جو اپنے ہاتھ مین ایک مٹھا کاغذات کا لیے کھڑا ہوا تھا اس سے تو
پہلے ہی قیاس کی تصدیق ہوتی ہے - بہرکیف جس کام مین وہ لوگ مصروف تھے ہمارے
آتے ہی اسکو موقوف کردیا - اور عمدہ نے سروقد اٹھکر ہماری تعظیم کی اور ہمسے مصافحہ
کرکے بہت گرمجوشی سے کہا صبحکم اللہ بالخیر یعنی صبح بخیر ہمنے اپنے دہنے ہاتھ کو اسکے ہاتھ پر
رکھا اور اسکو اٹھا کر اپنی پیشانی اور لب سے لگایا اور وہی فقرہ کہا صبحکم اللہ بالخیر والعافیۃ
جب ہم یہ معمولی صاحب سلامت اور تین صاحبون سے بھی کر چکے تب لوگ ہمکو اس
پھاٹک مین سے ایک صحن مین لیگئے جو تقریباً پچیس گز مربع ہوگا اسکے گرد دو منزلہ مکانات
بنے ہوے تھے - ان مکانات کے نیچے کے درجہ مین مودی خانہ یا باورچی خانہ رہتا تھا
یا نوکر چاکر رہتے تھے اور اوپر کے درجہ مین جسکے دروازون مین شیشے بھی نہین لگے
تھے چند حجرے تھے جنمین صاحب خانہ اور اسکے چار فرزند مع اپنی ازواج کے رہتے تھے -
اس مکان کی تین سمت مین حرم سرائین اور حجرے تھے جنمین غیر آدمی نہین جانے پاتا تھا
اور تیسری سمت مین ایک کمرہ تھا جسکو ترک مدار السلام علیک کہتے ہین اور جسمین
مہمانون سے ملاقات کی جاتی ہے - ایک پختہ زینہ سے جو ایک گوشہ مین بنا ہوا تھا ہم
اس کمرہ کے اوپر چڑھ گئے اور ہمنے ایک لمبا سا کمرہ دیکھا جسمین آدھی دور فرش بچھا تھا اور
کچھ میز کرسی وغیرہ نہ تھی سوائے ایک لمبے سے دیوان کے جو دور تک بچھا ہوا تھا اور جسپر
کم سے کم بیس آدمی بآرام تمام بیٹھ سکتے تھے - بظاہر اس مکان کا اندرونی انتظام اس
خیال سے کیا گیا تھا کہ مکان کے باہر ہمیشہ شدید گرمی رہتی ہے کیونکہ جب ہم لوگ
اس دیوان پر بیٹھے تو ہماری پشت نوان بے شیشہ دروازون کی طرف رہی

جنکا ذکر کیا گیا اور ہمارے منھ کے سامنے دیوارمین ذرا اوپر ہٹ کے ہوا کے لیے
جھروکے بنے ہوے تھے جنکی وجہ سے بے ہوا کے بیٹھنا غیر ممکن تھا اور اگرچہ مصر مین
کبھی بارش نہین ہوتی تاہم موسم سرما مین جوان جھروکون سے ٹھنڈی ہوا آتی ہے تو ۱۹ نو
اچھا نہین معلوم ہوتا۔ مگر شکر ہے کہ مصر مین گرم کوٹ سب کپڑون کے اوپر پہننا کچھ
عیب نہین ہے بلکہ وہ اونی چغے بھی پہن لیے جاتے ہین جو ریل کے سفر مین پہنے جاتے
ہین اور بات چیت مین طبیعت ایسی مصروف رہتی ہے کہ سردی سے کچھ تکلیف نہین
معلوم ہوتی۔ عمدہ ایک وشن دماغ اور تجربہ کار آدمی تھا اور گاؤن اور اسکے قرب جوار کے
معاملات کی نسبت جو کچھ پوچھیے اسکا جواب باصواب تیا تھا اور اسکے مزاج مین وہ بزدلی اور
وسواس نہین تھا جو اسکے فرقہ کے لوگون کی طبیعت مین ہوتا ہے کہ جب غیر آدمی کچھ سوال
کرتا ہے تو کچھ جواب نہین دیتے یا غلط سلط جواب بے سمجھے بوجھے دے دیتے ہین۔ البتہ ایسا
سوال عمدہ سے نکرنا چاہیے جس سے اسکو یہ شک پیدا ہو کہ ہمارا مقصد اس پوچھ پاچھ سے یہ ہے
کہ کوئی تدبیر ٹیکس کو بڑھا دینے کی کرین کیونکہ اگر اسکو یہ شبہہ ایک مرتبہ بھی ہوجاے تو پھر
وہ جو بات آپ سے بیان کریگا وہ محض لغو ہوگی اور فلاح کی طبیعت مین جتنی مکاری
اور ابلہ فریبی ہوتی ہے اس سب کو صرف کرکے وہ آپ کو ضرور دھوکا دیگا۔ اسوقت تک
تو اسکو یہ شک نہین ہوا کہ ہمارے ذہن مین نہایت خراب مالی تدبیرین ہین کیونکہ وہ
صاف اور سچے جواب دے رہا تھا۔ اگر اسکے جوابات ایسے خشک اور ایسے مختصر تھے کہ
اس سے بات کرنے کو نہین جی چاہتا تھا تو خیر کیا مضائقہ ہے اسکی مکافات ایک
شیخ اور اس صراف کی چرب زبانی سے ہوگئی کہ جو ہین ہمین خانہ اٹھ گیا اور اسکی چشم نمائی کا
خوف اور سرکار رعب اور دبدبہ اثر نہین باقی رہا وہ بک بک کرنے لگے۔ جب ذرا دن چڑھے
ہمنے صراف کو اکیلا پایا اور اسکو ہماری رازداری کا یقین ہوگیا تو اسنے خوب جی کھولکر ۱۹ دس
باتین کین اور کچھ دلچسپ کیفیت عمدہ اور اسکے گھر کی بیان کی جو اسکے خاندان کے

کسی شخص کے سامنے نہین بیان ہوسکتی تھی۔

معلوم ہوا کہ یہ عمدہ ایک قدیم خاندان سے ہے اور اُسکے باپ دادا پردادا وغیرہ بھی یہی منصب رکھتے تھے اور سب سے بڑے زمیندار اُس گانون کے تھے۔ اب اُسکے پاس تقریباً ہزار ایکڑ زمین رہگئی ہے اور تقریباً اسکی دو چند اراضی علاقجات سرکاری کی مستاجری پر لی ہے اور اسکا ایک حصہ شکمی کاشتکارون کو دیا ہے اور باقیماندہ کی کاشت اپنے اہل خاندان سے یا مزدورون سے کراتا ہے۔ اُسکی تین بیبیان ہین ایک بی بی پچاس برس کی ادھیڑ ہے اور ایک اٹھارہ برس کی جوان اور ایک اوسط مین ہے اور چار بیٹے اور اُنکی بیبیان اور لڑکے بالے ہین۔ اور کچھ نوکر چاکر بھی ہین۔ سب ملاکر کوئی پینتالیس آدمی ہین۔ آبائی جایداد تقسیم نہین ہوئی ہے اور کل جایداد منقولہ باستثنا پوشاک اور اسی قسم کی چیزون کے سبکے قبضہ مین بالشارکت ہے۔ ہر ایک مان اپنے چھوٹے چھوٹے بچون کو لیکر ایک علٰحدہ حجرہ مین رہتی ہے مگر سارے گھر کے لیے کھانا اکٹھا پکتا ہے اور ہر حجرہ مین جتنے کھانے والے ہوتے ہین اُتنا کھانا بھیجدیا جاتا ہے سب کا روپیہ ایک ہی جگہ جمع رہتا ہے اور جب کسی کو کوئی چیز خریدنی ہوتی ہے تو رئیس خاندان سے استدعا کرتا ہے کہ خازن وہی ہے اور اُسکو اختیار ہے کہ چاہے روپیہ دے چاہے نہ دے۔ رئیس خاندان کو گھر کا انتظام کرنا اور سب کو باہم متفق رکھنا کچھ آسان نہین ہے علی الخصوص عورتین رشک وحسد کی وجہ سے آپس مین لڑا جھگڑا کرتی ہین تاہم گھر کا انتظام ص ۱۹۲
جو اُس سے بن پڑا ہے تو یہ اُسکی عقلمندی اور استقلال مزاج کی دلیل ہے۔ وہ بڑا تجربہ کار ہے اور سبکے ساتھ برابر انصاف اور سختی کرتا ہے اور جب گھر مین کوئی جھگڑا ہوتا ہے تو صرف اُسکے موجود ہونے سے فوراً رفع ہوجاتا ہے۔ اُسکی طماع اور سرکش بہوؤن نے لاکھ چاہا کہ اپنے شوہرون کو اُنکے باپ سے منحرف کرکے اپنا گھربار علٰحدہ علٰحدہ کرلین مگر اُنکی کچھ بھی نہ چلی اور جب تک وہ زندہ ہے اُنکی کچھ بھی نہ چلیگی۔ مگر غالباً اسکے مرنے کے بعد

ایک گھر کے چار گھر ہو جائینگے اور اُنکی جایداد چارون بیٹون مین برابر تقسیم ہوگی کیونکہ
سب سے بڑے بیٹے مین اتنی ہمت اور قابلیت نہین ہے کہ رئیس خاندان بنکر سب
بھائیون پر اپنا دباؤ رکھے اور سب گھر والون کو باہم متفق رکھے۔

گانون مین سب سے زیادہ متمول اور معزز آدمی تو عمدہ ہے جسکے پاس ہزار ایکڑ
اراضی موروثی ہے اور سب سے زیادہ غریب بیچارہ فلاح ہے جسکے پاس بالشت بھر
زمین بھی نہین اور ان دونون کے وسط مین بہت سے درجے تمول اور افلاس کے ہین
بعض خاندانون کی ذاتی زمین ہے جیسا عمدہ کا خاندان ہے اور ایک جز علاقجات
خالصہ کو مستاجری پر لیے ہوے ہین اور اُنکی کاشت خود کرتے ہین یا اپنے غریب بھائیون
سے شکمی کاشت کراتے ہین بعض خاندان جنکے پاس روپیہ کم ہے صرف اپنی ذاتی اراضی
کی زراعت پر قناعت کرتے ہین۔ مگر تیسرے فرقہ کے لوگ جو سب سے زیادہ ہین اور جنمین سے
حسن تھا زمین اور مواشی اور آلات زراعت اور تخم قرض لیکر کسی متمول آدمی کے ساتھ ص ۱۹۲
ساجھے مین کھیتی کرتے ہین۔ کیا ناظرین طبقۂ اوسط کے فلاح سے ملاقات کرنا پسند کرینگے؟
اگر انکو اُسکی ملاقات منظور ہے تو بسم اللہ ہمارے ساتھ چلکر سلیمان کے گھر کو دیکھین۔

سلیمان کے گھر کا دروازہ ویسا تحفہ تو نہین ہے جیسا وہ پھاٹک تھا جسمین سے
ہوکر ہم عمدہ کے مکان مین گئے تھے ورنہ اُسکا صحن ایسا وسیع ہے مگر دونون اتنے وسیع ہین
کہ دو بھینسین اور ایک گدھا جو سلیمان پاس ہین اُنمین بفراغت رہتے ہین جیسی عمدہ کے
مکان پر ایک لمبی سی تپائی بچھی ہوئی تھی اور اُسپر ملاقاتیون کے لیے فرش بچھا ہوا تھا
ویسی بیچارے سلیمان کو کہان نصیب۔ وہ اپنے مہمانون کو ایک کوٹھری یا نہ خانہ مین
بلاتا ہے جو دروازہ کے بائین جانب ہے اور جسمین فرش اور روشنی دونون ندارد۔ اگر ہم اُسکے
اصرار سے شام تک اُسکے مکان پر ٹھہرے رہین تو وہ بہت مزے کا کھانا کئی تنگ کا پکوا کر
ہمکو کھلوائے۔ مگر ہمنے اسکی دعوت کو اسلیے نہین قبول کیا کہ عمدہ نے ہمسے کہدیا تھا کہ آج

نان خشک ہمارے ساتھ تناول فرمایئے گا پس اگر ہم اُس سے پت مرتبہ آدمی کی دعوت کو عمدہ کی ضیافت پہنچ دیتے تو عمدہ ہمسے خفا ہو جاتا - لہذا ہم سلیمان کے مکان کو صرف ایک نظر دیکھکر وہان سے چلے آئے - اندر کا صحن تقریباً بیدرہ فیٹ کا مربع تھا اور اُسمین بیچ گرد کمرے بنے ہوے تھے جنمین ہم نہین جا سکے اور ایک اصطبل تھا اور ایک کھلا ہوا چھپر تھا اُسمین آلات زراعت اور مختلف قسم کا اسباب خانہ داری رکھا تھا - اُس چھپر مین ہمنے عجیب تماشا دیکھا کہ ایک بڑھیا ایک موگری پر بیٹھی ہوئی بھینس کے دودھ کو جو ایک مشک مین بھرا ہوا ہے چلا رہی ہے اور وہ مشک لیف خرما کی رسی سے ایک کھونٹی مین لٹکی ہوئی ہے اور اُسکے قریب ایک لڑکا اُسکے شانون پر ہاتھ رکھے کھڑا ہے اور وہ لڑکا بالکل برہنہ ہے اور اُسکے کالے بدن پر مکھیون کا ہجوم ہے - وہ بڑھیا ایسی دُبلی قاق تھی اور اُسکی صورت ایسی ڈرونی تھی کہ سچ مچ ڈائن معلوم ہوتی تھی اور جیسی وہ لفافت او زرشت رو تھی ویسا ہی وہ فلاح لڑکا دلتاب تھا اور کبھی تو آنکھین پھاڑ پھاڑ کے دودھ کے اُچھالنے کو دیکھتا تھا اور کبھی نظر تعجب سے ہم لوگون کو دیکھتا تھا کہ یہ کون ہین اور ایک گنے کا ٹکڑا اُسکے ہاتھ مین تھا اُسکو بڑی خوشی سے چوس رہا تھا اور اُسکے گرد بہت سے بکری کے بچے اچک رہے تھے اور خوش فعلیان کر رہے تھے - اُس بچے کو اگر کچھ بھی سوچنے کی قوت تھی تو وہ یہی سوچتا ہوگا کہ یہ گنے کا ٹکڑا دنیا کی ہمہ نعمت ہے - وہ مریل ڈرونی بڑھیا اُس لڑکے کی نانی تھی جیسا ہمکو پہلے گمان ہوا تھا کیونکہ وہ اُسکی نانی تو جب ہوتی کہ جب اُسکی کوئی بیٹی ہوتی مگر نانی کا رتبہ حاصل کرنے کی جو تدبیر سب سے مقدم تھی وہی اُسنے کبھی نہین کی تھی - منجملہ دیگر اسباب کے ایک یہ بھی سبب تھا جس سے اُسکی صورت ایسی ڈرونی اور اُداس تھی کہ سچ مچ ہیضہ کی خالہ معلوم ہوتی تھی کہ وہ عورت بانجھ تھی اور اُسکے بانجھ پن کو حیلہ گردانکر اُسکے شوہر نے ایک اور عورت سے شادی کر لی تھی اور اُسکو بہت چاہتا تھا اور سالہا سال گذر گئے تھے کہ اُس بیچاری بڑھیا کو یونہین ڈال رکھا تھا اور کچھ

توجہ و التفات اُسپر نہ کرتا تھا۔ اُس کمبخت پر دوسری مصیبت یہ پڑی تھی کہ اسکا شوہر جو سلیمان
کا بڑا بھائی تھا اُسنے دنون نہین زندہ رہا کہ رئیس خاندان بنتا اور اُسکو بڑے بھائی اور ص ۱۹
رئیس خاندان کی بی بی سمجھکر سب کنبہ والے اُسکا اعزاز و اکرام اور آؤ بھگت کرتے۔
قطع نظر اسکے اُسکا سارا گھرانہ کسی زمانہ مین بہت مفلس اور نادار تھا اور اور مصیبتین بھی
اُس بڑھیا پر پڑی تھین جنکو بیان کرنا طول امل ہے اور جنکے باعث سے وہ ایسی
افسردہ خاطر ہوگئی تھی کہ جو کچھ ذرا ظہور بشاشت اُسمین پہلے تھی وہ بھی اب بالکل نہ باقی
رہی تھی۔ اُسپر وہ مصیبتین گذرچکی تھین جو فلاحین پر گذرتی ہین اور لبریز جام مصیبت
پی کر خوب سیر ہوچکی تھی۔ مگر اُسکے سب گھر والون کو تعجب تھا کہ اس طفل صغیر سے جو مان کے
پیٹ سے پیدا ہوتے ہی یتیم ہوگیا تھا سو کبھی کبھی شفقت کیون کرتی ہے۔ ہمارا مخبر بڑا
عجیب و غریب آدمی تھا مگر ہمنے جو اسکا باعث اُس سے پوچھا تو وہ بھی نہ بیان کرسکا لیکن
ہمارے خیال مین اسکا ایک سبب آتا ہے۔ قاعدہ ہے کہ جب شمع جل چکتی ہے تو اسکا
ذرا سا ٹکڑا جو شمعدان مین رہجاتا ہے یکایک بھق سے جل اٹھتا ہے اور ابکی جو بجھتا ہے
تو پھر نہین روشن ہوتا۔ شاید اُس یتیم بچے کی دلفریب طفلانہ حرکتون سے اس بڑھیا
کا پتھر دل بھی موم ہوگیا تھا اور اُسکو اپنا بچپن یاد آتا تھا کہ ہم بھی ایک زمانہ مین ایسے ہی
بے فکر تھے جیسا یہ لڑکا ہے اور اگرچہ اُس بڑھیا کا چہرہ بالکل متغیر تھا اُسپر مسکراہٹ کبھی آتی
لیکن اُس مرجھینہ چھوکرے کو عقل حیوانی کے زور سے معلوم ہوگیا تھا کہ اس بڑھیا کے
دل مین میری محبت ہے۔

خیر یہ تو اپنا حسن سمجھ ہے اسکو جانے دیجیے کیونکہ اگر ایک بدصورت بڑھیا کو
بھینس کا دودھ ایک شکیزہ مین چلاتے اور اُسکے پہلو مین ایک میلا کچیلا بچہ دیکھکر
ہمارے دل مین ایسے ایسے تصورات پیدا ہوے تو ہمکو یہ اندیشہ ہے کہ مبادا رحم دلی
و خدا ترسی کے حیلے سے ہمارا پاؤن پھسلے اور وہم و وسواس کے خندق مین قدم سے

گر پڑین۔ بھلا اُس بڑھیا کے بچپن کی راحت یا مصیبت کے بیان کو اس مطلب سے ۱۹
کیا تعلق ہے جس مطلب سے ہم اِس گانوُن مین گئے تھے کیونکہ ہم تو اُسکی مالی اور ملکی حالت کو تحقیق کرنے کے لیے گئے تھے۔ پس اگر ایسی ہی جاہلانہ روش ہم اختیار کرینگے تو نہین معلوم کیا کیا خرافات اس کتاب مین لکھ جائینگے۔ اگر ایک مرتبہ بھی آپکے دل مین یہ خیال آجاے کہ جاہل گندہ ناتراش فلاحین بھی اور آدمیون کی طرح کچھ حس و ادراک رکھتے ہین تو پھر آپ کو اُنکی کیفیت و اُفتی کچھ خاک بھی نہ سمجھائی دیگی اور وہ وحشی آپکے دماغ سے جاتی رہیگی جو ہر قسم کی تحقیق و تفتیش کے لیے لازم بلکہ الزم ہے اور آپ انسانیت اور مروت بیجا کے جذبہ مین آکر یہ کہنے لگین گے کہ خدا کرے مصر مین قرباش (کوڑے بازی) کم ہو جاے اور اگر بالکل موقوف ہو جاے تو سبحان اللہ غریبون کی جان بچ جاے۔ مگر خدا کے واسطے یہ تو فرمائیے کہ پھر مصر کے بجٹ یعنی جمع و خرچ کا کیا دھاڑا ہوگا اور قرضخواہون کا قرضہ کیونکر ادا ہوگا۔ بیکار اور بے قاعدہ رحم دلی اور خدا ترسی کا اظہار جو کچھ ہمسے ہو سکا کر چکے اب آیندہ واقعات کے بیان پر اکتفا کرینگے اور جب یہ بات اپنے دل مین ٹھان چکے تو پھر اب اسمین کیا تامل ہے کہ سلیمان کے روپیہ پیسے کے معاملات کی کیفیت اپنے مخبر سے پوچھنا شروع کردین جو یہان کے حالات سے خوب واقف ہے اور ہماری طرح وہمی آدمی نہین ہے۔

مخبر کی زبانی ہمکو معلوم ہوا کہ سلیمان ان چند فلاحین مین سے ہے جنکی حالت مین ترقی ہو رہی ہے۔ اُسکی کامیابی کے دو سبب معلوم ہوے۔ ایک یہ کہ ایمانداری اُسمین کچھ بھی نہین گئی ہے اور جیسے سو مین ننانوے 99 آدمی جنسے اُسکو سابقہ پڑتا ہے راستی سے کوسون دور ہین ایسا ہی اُسکو بھی سمجھ لیجیے۔ دوسرے یہ کہ وہ سو مین سے اُن ننانوے 99 آدمیون سے کہین زیادہ فہمیدہ اور ہوشیار رہین۔ اُسکو اُسی زمانہ سے ترقی اور عروج ہوا جب سے ہمارے شفیق حسن کے خاندان کو تنزل شروع ہوا۔ اُس زمانہ مین

وہ ایک غریب آدمی تھا اور کوئی حامی و مددگار اسکا نہ تھا اور چند عرصہ تک اسپر وہی ص ۱۹
ظلم و تعدی اہل کاران سرکاری کے ہاتھ سے ہوتی رہی جیسی اسکے ہمجنسون پر ہوتی تھی اور
اب انکے ظلم کی انتہا ہو چکی تھی۔ جب وہی کا نرخ اسکے معمولی نرخ کا چوگنا پانچگنا تھا
اور سب لوگ آسودہ حال تھے اس زمانہ مین سلیمان نے کچھ کمایا اسکو اڑا ڈالا کیونکہ
وہ دنیا کے حالات سے اسقدر واقف نہ تھا کہ یہ سمجھتا کہ زمانہ کسی سے ہمیشہ موافق نہین
رہتا آخر جب دنیا اس سے خلاف ہو گیا تو اسنے دیکھا کہ اب میری تباہی مین کچھ باقی نہین رہی
اور اسکو فوراً اپنی تباہی کا جو خیال آیا تو وہ پہلا نشہ ہرن ہو گیا اور اسکی عقل فہم و فراست
نے عود کیا۔ اسکو خود بخود یہ معلوم ہوا کہ یہ ظلم رسانی جو سرکار کی طرف سے ہو رہی ہے اور
اس سے اور خرابیان برپا ہو رہی ہین اسمین دو فریق شریک ہین یعنی ظالم اور مظلوم
یا نوچنے والے اور وہ لوگ جنکی کھال تک نوچے لیتے ہین۔ الغرض یہ سوچتے سوچتے
اسکے دل مین آیا کہ چلو مظلومون کے فریق سے نکل کر ظالمون کے فریق مین آجاؤ
اور لوگون کو نوچ کھسوٹ کر جو ہاتھ آوے اسمین سے کچھ اپنے لیے بھی رہنے دو۔ اس انقلاب کو
عمل مین لانے کا اور کوئی ذریعہ اسکے پاس نہ تھا سواے اسکی فہم و فراست اور ایک
چھوٹی سی روپیہ کی ہمیانی کے جو اسنے فارغ البالی کے زمانہ مین اس خیال سے
لگا رکھی تھی کہ مصیبت کے وقت کام آئیگی۔ یہ ذریعہ بخوبی کافی ہوا۔ پہلے تو اسنے
یہ تدبیر کی کہ اپنے تئین اس گانون کا شیخ منتخب کرا لیا اور جب وہ شیخ البلد ہوا تو
پھر اسکے لوٹنے کھسوٹنے کے لیے رعایا کی کیا کمی تھی۔ پہلے تو اسنے نوچ کھسوٹ بڑی
ہوشیاری اور دور اندیشی اور اعتدال کے ساتھ کی مگر بعد ازان جب وہ عمدہ کو
اپنے موافق کر چکا اور نائب ناظم کو بھی رام کر چکا تب اسکو نوچ کھسوٹ کا بہت یاوہ
موقع ملا۔ اسنے صراف یعنی گانون کے مہاجن سے محدود ذمہ داری کے اصول پر
ساجھا کر لیا اور چند در چند عاقلانہ تدبیرین کرکے کچھ اراضی نہایت عمدہ حاصل کر لی کہ پہلے

اُسکے زمینداروں کو اپنے فن و فریب سے تباہ و برباد کر لیا - اسکی مفصل کیفیت لکھنی کچھ ضرور نہین ہے کہ اُسنے یہ کارروائی کیونکر کی - کیونکہ اگر خالی کیفیت لکھی جاوے اور اُسپر اپنی طرف سے ایک لمبا چوڑا حاشیہ نہ چڑھایا جائے تو جو لوگ مصر کے کسانون کے طرز معیشت سے واقفیت تامہ نہین رکھتے ہین اُنکی سمجھ مین کچھ بھی نہ آئیگا - القصہ جب سلیمان نے کچھ ملکیت اراضی پیدا کر لی تھی تو مثل دیگر فلاحین کے وہ بھی اتنی بات پر اکتفا کرتا کہ اس زمین کو مفید شرائط کے ساتھ کاشتکارون کو لگان پر دیتا اور اُسکی مقدار کو طرح طرح کی بے ایمانیان اور اور بد ذاتیان کر کے بڑھاتا اور جو غریب فلاح اُسکے اختیار مین تھے اُنکو مار پیٹ کر روپیہ لیتا مگر سلیمان ذرا طباع اور خوش فکر آدمی تھا لہذا وہ ایک نرالی چال چلا - اس سے اور ایک شخص سے ایک قطعہ اراضی کی نسبت جھگڑا ہوا تھا اُسکی پیروی مین اُسے اسکندریہ جانا پڑا اور جب مقدمہ کے فیصلہ مین دیر ہوئی تو ایک روز وہ ٹہلتا ہوا روئی کے بازار مین پہونچا اور چونکہ خود چالاک آدمی تھا لہذا بازار والون کی چستی و چالاکی اور دوڑ دھوپ اُسکو پسند آئی اور آس پاس بازار مین ایسا آنے جانے لگا یہان تک کہ بہت لوگون سے شناسائی پیدا کی اور داد و ستد کے معمولی طریقون کو سیکھ لیا - رفتہ رفتہ جب اُسنے اہل یورپ کو کاروبار تجارت مین مشغول دیکھا تو بہت متعجب ہوا اور یہ سمجھا کہ تجارت سے بہتر اور آسان تر کوئی ذریعہ دولتمندی کا نہین ہے - لیکن اب اُسکو تجربہ سے معلوم ہو گیا ہے کہ تجارت اس نخلستان کی خاصیت رکھتی ہے جسمین خس و خاشاک کے تودے لگے ہون اور گہری گہری خندقین اِدھر اُدھر کھدی ہوئی ہون - الغرض پہلے جو اُسکو خیالات خام ہوے تھے وہ سب فوجکیہ ہو گئے - اگرچہ کبھی کبھی اُسکا نقصان بھی بہت ہوا تاہم اُسکے پاس کچھ دولت جمع ہو گئی تھی اور اگر اسکو یہ اندیشہ نہوتا کہ زیادہ آرایش اور نمایش سے ان ظلم شعار اہلکارون کی آتش حرص افروختہ ہوگی جو خود اُس سے بھی زیادہ زبردست ہین تو یقیناً خاک مین یا خستہ حال نہ رہتا - پس اگرچہ سلیمان ظاہر مین اوسط درجہ کے فلاحین کے فرقہ سے تھا

تاہم ایسا مالدار تھا کہ تقریباً عمدہ کاہم پایہ تھا اور بیچارے حسن کو جسکے پاس ایک فیسوہ بھی
اراضی نہین تھی اُس سے کیا نسبت تھی۔

علاوہ ان مختلف اقسام کاشتکار پیشہ فلاحین کے مصر مین اہل حرفہ بھی ہین مثلاً
چٹائیان بنانے والے اور جلاہے اور رنگریز وغیرہ جنکے پیشے موروثی ہین اہل حرفہ
کاشتکار پیشہ فرقون کی بہ نسبت زیادہ ہوشیار ہین مگر اُنکی تعداد قلیل ہے اور جتنی دولت
بعض فلاح پاس ہوتی ہے اتنی بھی اُنکے پاس نہین ہے کیونکہ جو اہل حرفہ زیادہ کاریگر
اور عالی حوصلہ ہین وہ قصبات مین چلے جاتے ہین۔ لہٰذا دیہات مین صرف غریب اور
اناڑی اہل حرفہ دکھائی دیتے ہین جنکی کچھ قدر و منزلت نہین کیجاتی۔

ان سب قومون اور فرقون مین ایک صفت خاص ایسی ہے۔ جو اصلاح امور معیشت
اور تہذیب اخلاق کے لیے ہرگز مفید نہین ہے وہ صفت یہ ہے کہ لڑکون کی شادیا
بالکل کم سنی مین کر دیتے ہین اور متعدد بیبیان رکھتے ہین۔ مصری اور ترک کسانون مین
یہی بہت بڑا فرق ہے کہ ترک کسان کم سنی مین شادی نہین کرتے اور ازدواج کے باب
مین چاہے اُنکا مذہبی عقیدہ کچھ ہی ہو مگر وہ اکثر ایک ہی زوجہ پر قناعت کرتے ہین یہانتک
کہ بڑے بڑے متمول لوگ اور پاشا بھی جنکو کم یا کبھی اُس تعدد ازدواج سے مانع نہین ہے جسکا
حکم قرآن مجید مین موجود ہے اکثر ایک ہی زوجہ منکوحہ پر اکتفا کرتے ہین الا اس صورت مین
جبکہ بیاہتا بی بی بہت جلد بوڑھی ہو جاتی ہے اور اُسکا خاوند جوان رہتا ہے۔ مگر برخلاف اسکے
مصر مین کسانون کا یہ دستور ہے کہ بچپن ہی مین شادی کر لیتے ہین اور بعد ازان جتنی مقدرت
ہوتی ہے اتنی بیبیان کرتے ہین۔ مگر اس مفلسی کے زمانہ مین بہت کم فلاح چار بیبیان
کرتے ہین جسکا حکم قرآن مجید مین ہے بلکہ تین بھی نہین کرتے اور ایک ہی پر قناعت کرتے ہین
اسکا اصل باعث اُنکی مفلسی ہے کیونکہ جب فلاح پاس چار پیسے ہوے تو پھر وہ دو تین
نکاح کر لیتا ہے۔ اگر وہ پھر مفلس ہو جاے تو اپنی بیبیون سے محنت مزدوری

کرتا ہے یا طلاق دیدیتا ہے اور دیگر بلاد اسلام کی طرح مصر مین بھی طلاق ایسا آسان معاملہ ہے جسمین ایک کوڑی بھی نہین خرچ کرنی پڑتی پس شاید ناظرین یہ سوال کرین کہ جب طلاق کا رواج کثرت سے ہے تو کیا وجہ ہے کہ غربا اتنی بیبیان نہین کرتے ہین جتنی امرا کرتے ہین اسکے دو سبب ہین ایک یہ کہ غربا کو ایسی عورتین کم ملتی ہین جو انکی طبیعت کے موافق ہون اور فقر و فاقہ مین انکے شریک حال رہین - دوسرے یہ کہ کوئی مرد جو اپنے عزیز و اقارب اور دوست آشنا کا ذرا بھی پاس و لحاظ رکھتا ہے اور کوئی عورت جسکو اپنی آبرو کا کچھ بھی خیال ہے ہرگز شادی نہین کرتی تاوقتیکہ اپنے دوست آشناؤن کو ولیمہ نہ دے یعنی انکی دعوت کرکے ناچ رنگ نہ دکھائے

کم سنی مین شادیان کرنا اور ایک سے زیادہ بیبیان کرنا یا اقل مراتب قوت شہوانی جو ان دونون باتون کا باعث ہوتی ہے شاید کچھ تعلق اس امر سے رکھتی ہے جسکو مین نے اور اکثر سیاحون نے مصر مین مشاہدہ کیا ہے - وہ امر یہ ہے کہ فلاح لڑکپن مین اکثر شوخ اور چست و چالاک اور زیرک ہوتا ہے اور جب سن بلوغ کو پہونچتا ہے تو یہ صفتین فوراً زائل ہو جاتی ہین - مگر یہ صرف ایک قیاسی امر ہے - ہمارا بڑا اعتراض کم سنی کی شادیون اور تعدد ازدواج پر یہ ہے کہ انکی وجہ سے بڑے بڑے خاندانون مین تفرقہ پڑجاتا ہے اور یہ نتیجہ اسباب معیشت کے لحاظ سے نہایت مضر ہے اسواسطے کہ جس گھر مین بہت سے مرد اور چند مواشی بھی ہون وہ اس طوفان کو جھیل جائیگا جسمین خالی میان بی بی بے اعانت بیرونی کے خواہ مخواہ غرق ہو جائین - بڑے بڑے گھرون مین بیاہی ہوئی عورتون کے باہمی رشک و حسد اور ان عادتون کی وجہ سے جو عورتون سے مخصوص ہین اکثر تفرقہ پڑجاتا ہے لہذا جتنی بیاہی ہوئی عورتین کسی گھر مین ہوتی ہین اتنا ہی اسمین تفرقہ پڑنے کا خوف ہوتا ہے - آدمی اپنے باپ یا بڑے بھائی کی حکومت کو سہجاتا ہے مگر اسکی بی بی اپنی ساس نند کو کبھی نہین مانتی بلکہ ہمیشہ اس سے لڑا کرتی ہے کیونکہ وہ اسکے اقربائے نسبی نہین ہین

اور بچپن مین اُنکی صورت بھی اُنسے کبھی نہین دیکھی تھی ۔ اگر گھر مین ایک مرد یا کئی مرد ان
کی بیبیان ہوتین تو اُنکی نافرمانی اور سرکشی کا اور زیادہ خوف ہے بعض آدمی کی
بی بی ایسی لڑاکا ہوتی ہے کہ اُسکا شوہر مجبور ہوکر اپنے کنبہ والون سے کہین الگ لیجاکر
اُسکو رکھتا ہے جہان خانگی جھگڑے کا سارا وبال اسی کی گردن پر ہے ۔ اگر کوئی
شخص دوسری بی بی کرنا چاہتا ہے اور رئیس خاندان اُسکی معاش پر نظر کرکے اُسکو منع
کرتا ہے تو وہ شخص یہی چاہتا ہے کہ مین اُنسے علیحدہ ہوکر جو چاہون سو کرون سابق مین
رئیس خاندان کا رعب داب خانگی جھگڑون کا مانع ہوتا تھا مگر اب مصر مین بھی اور ملکون کی طرح قدیم
بزرگون کے دستورات مٹتے جاتے ہین اور آزادی کے خیالات قوت پکڑتے جاتے ہین ۔
اور معلوم ہوتا ہے کہ بڑے بڑے خاندانون مین تفرقہ پڑجائیگا اور ٹکڑے ٹکڑے ہوجائینگے

کسانون کے طرز معاشرت کی نسبت مختلف اور منتشر واقعات کو جمع اور تصدیق
اور مرتب کرنا زیادہ تر مشکل و مشقت طلب کام ہے بہ نسبت اسکے کہ جو احوال کتابون مین
لکھا ہے اسکو پڑھ لیا ۔ ہنوز محقق کا علمی ذوق و شوق کم نہین ہونے پاتا کہ اُسکی آنتین قل ہو اللہ
پڑھنے لگتی ہین اور جون جون دھوپ کم ہوتی جاتی ہے ہمکو یقین ہوتا جاتا ہے کہ آفتاب
افق حسی کے قریب پہونچ چکا ہے ۔ اور لطف یہ ہے کہ محمد بھی اور مسلمانون کی طرح غروب آفتاب کے
وقت کھانا کھانے کا عادی ہے لہذا ہمکو مناسب ہے کہ اُسکے گھر پر جاکر اُس ضیافت مین شریک ہون
جو اُسنے ہمارے لیے تیار کر رکھی ہے ۔ خیر جونہین ہم اُس لمبے چوڑے کمرے مین داخل ہوے
جسکی کیفیت سابق مین لکھی گئی ایک فوج کی فوج خدمتگارون کی نمودار ہوئی اُنکے ہاتھ مین
بہت سی چیزین تھین اور منجملہ انکے ایک بڑی سی پیتل کی کشتی بھی تھی جسکو انھون نے
زمین پر رکھدیا اور ہم لوگ حسب معمول ہاتھ دھوکر اور حلقہ باندھکر زمین پر پانون رکھکر
بیٹھ گئے مین یہ نہین چاہتا کہ اس کھانے کی مفصل کیفیت بیان کرکے ناظرین کو ناحق زحمت
دون کیونکہ ایسی باتین تو مصر کے ہر ایک سفرنامہ مین بآسانی مل سکتی ہین بلکہ میرا ارادہ

صرف یہ ہے کہ جو امور اور سیاحون سے فروگذاشت ہوگئے ہین انکو تحریر کردون جیسا کہ سابق مین گزارش کرچکا ہون مین یہ چاہتا ہون کہ ناظرین کو جنھون نے مہربانی سے یہان تک میرا ساتھ دیا ہے آگاہ کردون کہ کوئی ایسی بات سہواً بھی نہ کر بیٹھین جو مصر کے آداب عقل کے خلاف ہو۔ ابتدا مین تو ناظرین سے یہ اندیشہ نہین ہے کہ کوئی ایسی بات کرینگے جو اہل مصر کے خلاف مزاج ہو کیونکہ ایسے ہنگام مین انکو صرف قانون قدرت کی متابعت کرنی چاہیے۔ اس بڑی ہی برنجی کشتی کے بیچوبیچ مین ایک بڑا سا پیالہ شوربے کا رکھا تھا اور ہر ایک مہمان کے ہاتھ مین ایک ٹوٹی تھی اُس سے جتنا شوربا چاہتا تھا نکال لیتا تھا۔ جو لوگ پائون پر پائون رکھکر بیٹھنے کے عادی نہین تھے جب وہ پیالہ سے شوربا نکالکر مُنھ تک لیجاتے تھے تو وہ ٹپکتا جاتا تھا مگر ایسی بیہودگی خلاف تہذیب نہین سمجھی جاتی۔ البتہ جب منجملہ غذائین دسترخوان پر آتی ہین تب ایسی بدگمانی کا اندیشہ پیدا ہوتا ہے۔ چونکہ وہان چھُریان اور کانٹے نہین ہوتے اور ہر ایک مہمان بلاتکلف اُن آلات سے کام لیتا ہے جو خدا نے کھانے پینے کے لیے پیدا کیے ہین لہٰذا ناتجربہ کار جنبی آدمی یہ قیاس کرلیتا ہے کہ اس حالہ مین بھی اپنی عقل کو ذرا دخل دینا چاہیے مگر اسکو اپنی عقل پر بھروسا نکرنا چاہیے ورنہ زک کھائیگا۔ مثلاً اگر وہ اپنے بائین ہاتھ سے ایک لذیذ بوٹی کا ٹکڑا یا خوش ذائقہ بھُنے ہوے شترمرغ کے گوشت کا ٹکڑا کاٹیگا تو بڑا ہی بدتہذیب سمجھا جائیگا اور مصری مہمان اُسکے ساتھ کھانا کھانا مکروہ سمجھینگے۔ پھر آخر وہ کیا تدبیر کرے کہ کوئی امر خلاف آداب محفل اُس سے نہ سرزد ہو۔ اگر وہ اُس لذیذ بوٹی کو ایک ہی ہاتھ سے توڑے اور دوسرا ہاتھ نہ لگائے تو کیا ساری بوٹی نہ کھنچ آئیگی؟ نہین۔ ایسا ہرگز نہ ہوگا۔ وہ کلمہ کی انگلی اور انگوٹھے سے بوٹی کو پکڑ کر اُسی ہاتھ کی اور انگلیون سے زور کرے اور اُسکو سلیقہ سے توڑے تو ایک بوٹی ٹوٹ آئیگی اور سارا ٹکڑا گوشت کا نہین کھنچ آئیگا مجھے صرف اتنا لکھدینا ضرور ہے۔ باقی قانون طبیعی پر عمل کرنا کافی ہے۔

مصر کے فلاحین کی صحبتون مین بھی امراے انگلستان کی صحبتون کی طرح یہ دستور نہین ہے کہ جب دو غیر آدمی کسی دوست کے مکان پر اتفاقاً جمع ہوجائین تو ایک کی ملاقات دوسرے سے کرائی جاوے یہی وجہ ہے کہ ہم تقریباً گھنٹہ بھر تک اُس گانون کے قاضی صاحب کے پہلو مین بیٹھے رہے اور اُنکے ساتھ کھانا بھی کھایا کیے مگر ہمکو ذرا بھی شبہہ نہین ہوا کہ ایسے متبرک آدمی کے قریب ہم بیٹھے ہوے ہین - اُن قاضی صاحب کا نام احمد افندی تھا اور اُنکے روے مبارک کو دیکھکر عوام کا یہ قول یاد آتا ہے کہ آدمی کے اوصاف باطنی اُسکے بشرہ سے ثابت ہوجاتے ہین - اُنکے چہرہ سے تو یہ معلوم ہوتا تھا کہ یہ ایک فہمیدہ و سنجیدہ اور معزز آدمی ہین اور انکی قوم انکی عزت کرتی ہے لیکن مین نے دن بھر جو انکے حال کی تفحص کیا تو معلوم ہوا کہ یہ ایسا شریر اور پاجی آدمی ہے کہ سارے مصر شمالی مین بحیرہ روم سے آبشار اول تک اسکا مثل نہین ہے اب با صوبہ تھیوبیا اور ملک سوڈان سو اسکی نسبت مین بطیقین کچھ نہین کہہ سکتا کیونکہ مین ان دور دراز صوبون مین کبھی نہین گیا ہون اور مین نہین واقف کہ انہین کیسے کیسے نمونے پاجی پن کے گذر دیتے ہین - سارے ملک مصر مین اول درجہ کا پاجی ہونا بقول ملٹن (ملک الشعرا انگلستان) حش ۲
سخت بدنامی کی بات ہے جسکی آرزو کوئی بھی نہ کریگا لہذا احمد افندی تو بہت طماع آدمی نہین تھا کوئی مقام شکایت نہین کہتا ہے - وہ مدت سے ہمارے دوست [illegible] ایمان کا یار غار اور شریک حال رہا تھا اور اسکو مسائل احکام شرع سے آگاہ کرتا رہا تھا بلکہ وہ اتفاقیہ وہ رعایا کے سب لوٹنے والون کا دوست تھا جنکو کبھی کبھی اس بات کی ضرورت پڑتی ہے کہ وہ ناجائز کار روائیون کو جائز بنا کر دکھا دین اور اُسکے واقعی چال چلن کی کیفیت صحیح اگر معلوم ہو سکتی ہے تو اُن ظلمون سے معلوم ہوتی ہے جو اسکے تحت مین ہوے اور جو اُسکے کسانا [illegible] کو پوشیدہ رکھنے کی کوئی وجہ نہین رکھتے ہین جیسا اور ملکون مین [illegible] بکار [illegible] آتا ہے [illegible] ویسا ہی مصر مین بھی ان قاضی کی کیفیت تھی کہ اپنی خباثت اور بے ایمانی کو

اپنے اعتقادات دینی اور تعصبات مذہبی میں مخل نہیں ہونے دیتا تھا۔ چنانچہ عربی کی بغاوت
آخر زمانہ میں اُسنے اہل اسلام کی بغاوت مذہبی کو بہت برانگیختہ کیا اور اُنکو اِس غرض سے
دِہلایا کہ تھوڑی زمین ایک قطعی کی تھی اسکو یہ منظور تھا کہ اُس زمین کو میں چھپا لوں
مگر جنگ طل الکبیر میں فوج باغی منہزم ہوئی لہذا اُسکا فن و فریب نہ چل سکا اور اب وہ
اپنی حرارت مذہبی اور خوش اعتقادی اور اور طریقون سے ظاہر کرتا تھا۔ جو ہیں وہ بڑی
برنجی کشتی اُٹھوائی گئی اور مہمانون کے ہاتھ دُھلانے شروع ہوئے قاضی مذکور نے بعض
مسائل علم نجوم پر اِس خیال سے اعتراضات کرنے شروع کیے کہ شاید یہ کفار یعنی ہم لوگ
بھی ایسی خرافات کا اعتقاد رکھتے ہوں یہ میں نہیں کہہ سکتا کہ اُسنے علمی مباحثہ کس مصلحت سے
شروع کر دیا شاید اسکو یہ منظور تھا کہ یہ لوگ جو سامنے کھڑے ہوئے ہماری تقریر کو سن رہے
ہیں اور اُتنے ذی عزت نہیں ہیں کہ دعوت میں بلائے جاتے لہذا ضیافت ختم ہونے کے
بعد دور جا کر دروازے کے قریب کھڑے ہوئے ہیں اُنکو یہ معلوم ہو کہ قاضی صاحب ایسے عالم
متبحر ہیں کہ غیر ملک کے ذی علم آدمیون کے ساتھ بھی مباحثہ علمی میں ہارے نہیں ہیں غرض اپنی
خوش اعتقادی اور لیاقت علمی ظاہر کرنے کے لیے اُسنے کہ پریس منجم جرمنی کے قاعدہ
نجوم پر بحث کرنی شروع کی جسکا مفاد یہ ہے کہ زمین ستارون کے گرد حرکت کرتی ہے
نہ یہ کہ آسمان متحرک ہو جیسا مقلدین نجوم بطلیموسی کو گمان ہے چونکہ ہم لوگون کو اُس
دلیل و حجت کرنی نہیں منظور تھی لہذا وہ خود ہی بکا کیا اور جب کسی نے اسکا کچھ جواب نہیں
دیا تو وہ بڑی فصاحت کے ساتھ تقریر کرنے لگا اور کچھ مضمون ایک انجیر کا بیان کرنے لگا جو
کسی پروفسر نے اُس زمانہ میں بیان کیا تھا جبکہ وہ [illegible]
تھا اُسنے ہم لوگون کو کافر سمجھکر نظر ترحم سے ہمکو دیکھا اور [illegible]
ہے کہ زمین ایک بڑے سے گیند یا نارنگی کے مانند ہے اور ہمیشہ [illegible]
گرد بھی گردش کرتی رہتی ہے مگر یہ اعتقاد محض [illegible]

تو بعض آدمیون کے پانوٴن اوپر اور سر نیچے ہوتے اور کوئی نشانہ باز دریا کے اُس طرف
بندوق سے نشانہ نہ اڑا سکتا۔ مگر ہم خوب جانتے ہین کہ لوگ پانوٴن اوپر کی طرف
اور سر نیچے کی طرف کرکے نہین کھڑے ہوتے ہین اور نشانہ باز یا گولی چلا کر دور کے
نشانہ اڑا دیتا ہے۔ پس اس سے یہ لازم آتا ہے کہ زمین کی شکل کروی نہین ہے اور وہ
متحرک نہین ہے وہو المطلوب۔ جہان تک اُس قاضی کی تقریر کا ترجمہ زبان مصری سے
کرکے مجھکو ایک دوست نے سنایا وہان تک تو اسکی استدلال کا خلاصہ مین نے
عرض کیا اور ظاہرا اکثر سامعین کو یہ تقریر سنکر تسکین ہوگئی کیونکہ وہ سب قہقہہ کرکے
ہنسنے لگے جس سے معلوم ہوا کہ قاضی صاحب کی حذاقت کی تعریف کر رہے ہین
اور کسی نے کوئی اعتراض نہین کیا۔

جب قاضی صاحب نے کفار کے قاعدہ نجوم کو جو کوپرنکس منجم جرمنی کیطرف
منسوب ہے ایک ہی وار مین فی النار کردیا تو وار اُچھک گئے اور ایک چھینٹا انکو
اس زور سے آئی کہ معلوم ہوا کہ اُنکو کفار نابہنجار کی تردید اور اہل حق کی تائید و تشدید
کی تازہ قوت منجانب اللہ حاصل ہوئی ہے۔ مگر چونکہ بغیر اُنکی ہدایت کے ہمارے عقول
ایسے ایسے مضامین عالیہ کے فہم و ادراک سے قاصر تھے لہذا ہم سمجھے کہ ایسے گفتگو کرنا
تو محض تضییع اوقات ہے بہتر ہے کہ اور مضامون سے جو بیچارے اتنا علم نہین رکھتے ہین
کچھ امور دنیا کا ذکر کرین۔ ہمکو اُن امور کی نسبت پوچھ پاچھ کرنا تو کچھ ضرور نہ تھا جنکو ہم
سابق مین بیان کر چکے ہین یعنی فلاحین کے خانگی حالات تو مختصر طور سے ہمکو معلوم ہو چکے
ہین پس اگر انکے بیان مین زیادہ طول دیا جاوے تو جو لوگ کوئی تعلق یا غرض خاص اس
معاملہ سے نہین رکھتے ہین انکو ضرور ناگوار گذریگا۔ لہذا ہمارا وقت عمدہ طور سے
اسمین صرف ہوگا کہ مصر کے انتظام ملکی کا صحیح احوال لکھین مگر یہ وقت یہ نہین ہے
کہ چند حالات [illegible]

ںکہ کلام کرنے سے مخاطب کو کچھ پریشانی نہین ہوتی بلکہ اور شگفتگی ہوتی ہے) جو بات جیت
ہوئی ہے اسکو اس کتاب مین نقل کرون بلکہ میرا ارادہ ہے کہ اس کلام کے زیادہ تر
ہم نتائج کو ایک صحیح اور مسلسل پیرایہ مین ہدیۂ ناظرین باتمکین کرون اور اُن نتائج کی
توضیح مین اور ذریعون سے واقعات کو دریافت کرکے بیان کرون - مصر کے انتظام
دیہی کو صاف طور سے سمجھ جانا آیندہ بہت کام آئیگا کیونکہ لارڈ گرانول وزیر مہمات
دول خارجیہ نے جو یہ وعدہ کیا ہے کہ مصر کی عام انجمنون کو دانشمندانہ ترقی دی جائے"
اگر اس وعدہ کے ایفا مین کبھی کوئی قومی انجمن یا اسی قسم کی کوئی اور مجلس مصر مین
قائم ہوئی تو لامحالہ اسی انتظام دیہی کی بنیاد پر اُسکے ممبرون کا انتخاب ہوگا -

# باب ششم

## مصر کے انتظام دیہی کے بیان مین

ص ۲۰۸

مصر کے انتظام دیہی مین عمدہ یعنی رئیس یا مقدم دیہ اپنے ذاتی اعزاز کے لحاظ سے
اور اپنے عہدہ او منصب کے اعتبار سے بھی سب سے زیادہ جلیل القدر ہے کیونکہ گورنمنٹ
کو ٹیکس ادا کرنے اور لوگون کو زبردستی فوج مین بھرتی کرنے اور ان سے بیگار کا کام لینے
اور دیگر جملہ فرائض دیہی کا ذمہ دار سرکار مین سب کے بعد یہی (عمدہ) ہے اور اسی
ذمہ داری کے سبب سے وہ سب اہل دیہ پر ایک غیر محدود اور بزرگانہ حکومت کو عمل مین
لاتا ہے ازروے رسم و رواج قدیم اور کار سرکار مین آسانی کے خیال سے بھی عمدہ کا
عہدہ سب سے بڑے زمیندار کو ملتا ہے اور نہ وہ اس عہدہ کے لیے منتخب کیا جاتا ہے
نہ نامزد کیا جاتا ہے بلکہ گورنمنٹ صرف اسکے تقرر کو منظور اور تسلیم کر لیتی ہے جب کوئی
ایسی بے تمیزی وقوع مین آتی ہے جسکی صدہا شکایتین کسانون کی جانب سے ہون
تو ناظر اسکو برطرف کر سکتا ہے۔ مگر ایسی شاذ و نادر صورتون مین قصوروار عمدہ کا عہدہ
اسکے کسی بھائی یا اور کسی عزیز کو دیا جاتا ہے اور یہ منصب مع اپنی ذمہ داریون اور فوائد کے
اسی کے خاندان مین رہتا ہے۔ جو شخص اس عہدہ پر مقرر ہوتا ہے وہ اپنے انتظامی اشغال
اور مالی ذمہ داریون کے معاوضہ مین براہ راست کچھ تنخواہ یا حق الخدمت نہین پاتا ہے
مگر اس مقام خاص مین اسکو ہمیشہ حکومت اور عزت حاصل رہتی ہے اور وہ عموماً کوئی
تدبیر کر کے اپنے منصب کے زور سے بہت کچھ منفعت پیدا کرتا ہے۔ ایک روز مین نے ایک
فہمیدہ کسان سے پوچھا کہ اسکی کیا وجہ ہے کہ کوئی شخص بھی عمدہ کے عہدہ کو قبول کرکے

ص ۲۰۹

حکام اعلی کی زیادہ ستانی کے عذاب مین پڑتا ہے اور جو صعوبت و کربت وہ اُٹھاتا ہے
اسکا معاوضہ کچھ بھی نہین پاتا۔ اُس کسان نے ذرا مُنہ بناکر جس سے معلوم ہوتا تھا
کہ جتنا بیان کرنا اُسکو منظور ہے اس سے بہت زیادہ کیفیت سے واقف ہے فوراً
بلا تامل جواب دیا کہ وہ کیون آپ مین تعجب کیا ہے سارا گانون کا گانون عمدہ کے اختیار
مین ہوتا ہے اور اُسکا جو جی چاہتا ہے کرتا ہے اور زیادہ ستانیان وہ خود تھوڑی کرتا ہے
بلکہ اُنکو ہمارے سپرد کردیتا ہے اور اگر وہ اُنکو صرف تقسیم کردے اور اُنمین کچھ زیادہ نکرے
تو ہمین خوش نصیبی ہماری ہے"۔

جب کسی ضلع مین جو چند دیہات پر مشتمل ہے ایک ہی بڑا زمیندار ہوتا ہے تو وہ
اُن سب دیہات کا عمدہ ہوتا ہے اور اُنہین اور شیخ البلد مین جو اُس سے زیادہ
متمول اور ذی وقار ہوتا ہے منجملہ اور فرقون کے ایک فرق یہ بھی ہے کہ جہان تک
مین واقف ہون شیخ البلد کی حکومت ایک ہی گانون پر محدود ہوتی ہے مگر عمدہ کی
حکومت متعدد دیہات پر حاوی ہوتی ہے۔ دوسرا فرق یہ ہے کہ بغیر ایک یا چند شیوخ البلد
کے کسی گانون کا انتظام نہین ممکن ہے مگر بعض اضلاع مین عمدہ نہین ہین یا یہ کہئے کہ
عمدہ کا لفظ وہان عموماً نہین مستعمل ہے مثلاً ضلع براری مین مین نے کبھی عمدہ کا لفظ نہین سنا
مگر وہان کے شیوخ البلد جو اپنے اپنے مقام پر گویا بادشاہ ہین عمدگان کے جملہ اوصاف سے
متصف ہین صرف اتنا فرق ہے کہ بعض اوقات ایک ہی گانون مین کئی شیوخ البلد
ہوتے ہین پس جتنا واقعات سے ثابت ہوتا ہے شاید اُس سے کچھ زیادہ ذکر کیے گئے ہین
عمدہ کو مصر کے انتظام دیہی کا جزو اعظم قرار دیا ہے مگر تمام مقاصد عملی پر نظر کرکے ہم ان
دو اُس مختص المقام کے لئے تعرض کرنا کچھ ضرور نہین سمجھتے اور عمدگان و شیوخ البلد
کی موجودہ معمولی حالت تحقیق کرتے ہین۔
عمدہ کے خاندان مین اور گانون کے اور باشندون مین کچھ فرق بین نہین ہے

بلکہ عمدہ میں اور فلاح محض میں اگر فرق ہے تو درجہ کے اعتبار سے ہے قسم یا نوع کے
اعتبار سے نہیں ہے۔ اپنے غریب ہمسایوں کی نسبت عمدہ زیادہ اراضی اور مواشی
رکھتا ہے اور اسکے پاس سامان عیش و عشرت بھی زیادہ ہوتا ہے مگر عمدہ اور فلاح ایک ہی ص ۱۲
قوم سے ہوتے ہیں اور ایک ہی مذہب رکھتے ہیں (باستثنائے چند قبطیوں کے جو عیسائی
ہیں) اور دونوں کی زبان ایک ہے اور دونوں کو غیر تعلیم یافتہ کہنا بیجا نہیں ہے اور
دونوں کے خیالات اور توجہ اپنے افکار معاش کے تنگ دائرہ کے اندر محدود رہتی ہے
جس عمدہ کے مکان پر ہم ابھی ہو آئے ہیں وہ ایک واجبی نمونہ اپنے فرقہ کے لوگوں کا ہے
مگر مجھکو یہ بھی گزارش کرنا لازم ہے کہ اس فرقہ میں چند اشخاص اُس سے بھی زیادہ متمول
اور معزز ہیں۔ و نیز انہیں میں سے ایک شخص کی کیفیت میں ناظرین سے بیان کرنا چاہتا ہوں
علی بے ایک متمول اور معزز آدمی ہے اور اسکی عمر تقریباً پچاس برس کی ہے اور اسکے
چہرہ پر فلاحیت برستی ہے اور دانائی اور ہمدردی عیان ہے۔ اسکا بے کے لقب سے
مشہور ہونا اور سفید عمامہ کے بدلے سرخ ٹوپی پہننا اس بات کی دلیل ہے کہ وہ اہلکاران
سرکاری کے زمرہ سے ہونے کا مدعی ہے مگر اسکا یہ دعوی صرف اس درجہ پر مبنی ہے
جو خدیو نے محض از راہ قدردانی و عزت افزائی اسکو عطا فرمایا ہے ورنہ کوئی خدمت ملکی یا
انتظامی اس سے متعلق نہیں ہے۔ فی الحقیقت اُسکے ذاتی معاملات اس کثرت سے
ہیں اور اُسکے انصرام میں وہ اسقدر منہمک رہتا ہے کہ سوائے اعزازی خطاب کے کسی واقعی عہدہ کا
متحمل نہیں ہوسکتا کیونکہ وہ ایک بڑا زمیندار ہے اور بڑا بھاری روئی کا کارخانہ
رکھتا ہے اور بہت سی پانی کی کلوں سے صرف وہ اپنی ہی اراضی میں آبپاشی نہیں کرتا ہے
بلکہ اپنے غریب ہمسایوں کی زمین کو بھی سیراب کرتا ہے اور وہ اسکندریہ میں اکثر جایا کرتا ہے
اور وہاں کے تجار وغیرہ میں بڑا رسوخ رکھتا ہے۔ اُسکا مکان گانوں کے اندر نہیں ہے ص ۱۲
جیسے اکثر عمدگان کے مکانات ہیں بلکہ گانوں سے کسیقدر فاصلہ پر ہے اور اہل یورپ کے

مکانات کی قطع کا ہے اور اسکی پشت پر ایک باغیچہ ہے۔ مکان کے اندر جو میز کرسی وغیرہ ہے
یا جو سامان نمایش و زیبایش ہے وہ بھی اہل یورپ کے ڈھنگ کا ہے یعنی ہر چیز نہایت
بیش قیمت اور بذوق الیجنٹک ہے مگر باوجودیکہ فرش فروش وغیرہ مین مبلغ خطیر صرف ہوا ہے
تاہم بعض گھر سے ایسے بے سر و سامان پڑے ہوے ہین کہ گویا ٹھیکہ پر سجے گئے ہین اور
جس طرح ٹھیکہ دار نے انکو آراستہ کیا تھا بعینہ اسی طرح اب تک باقی ہین یعنی انکی سجاوٹ
ایسی بے قرینہ اور واہیات ہے کہ یہ معلوم ہوتا ہے کہ گویا گنوار کو نفیس کپڑے پہنا دیے
اور خود صاحب مکان پر بھی ایسا مکان موزون نہین ہے کیونکہ وہ ایک سیدھا سادا
آدمی ہے اہل یورپ کی تمیزداری اور سلیقہ اُسکو کہان نصیب اور دولت اور حکومت کو
خالی خولی نمایش سے زیادہ دوست رکھتا ہے سنا ہے کہ کسیقدر علم بھی وہ رکھتا ہے مگر
علم بھی اُس معنی سے جو معنی اس لفظ سے اہل اسلام سمجھے ہین لیکن غیر زبانون سے بالکل نہین
واقف یہان تک کہ ترکی زبان بھی نہین جانتا اور جب کوئی غیر ملک کا آدمی اُسکی
ملاقات کو آتا ہے جو عربی زبان نہین جانتا تو سکرٹری اور ترجمان کے ذریعہ سے اُس
بات چیت کرتا ہے اور اُسکا سکرٹری ایک نوجوان شامی ہے جسمین اپنی قوم کی فطرت
اور تابعداری کوٹ کوٹ کے بھری ہے۔ شاید ہمکو یہ پوچھنا مناسب تھا کہ علی بے
نے اتنی بڑی دولت کیونکر حاصل کی کیونکہ اگر یہ بات بخوبی تحقیق کی جاتی تو نتیجہ اچھا نہوتا
اور اُس شامی ترجمان سے جو بڑے کر و فر سے علی بے کی مدح و ثنا کی تھی کہ بے مثل آدمی
ہین اور علی الخصوص مظلوم و مقہور فلاحین کے دوست صادق اور بڑے حامی و مددگار
ہین اسکے خلاف ثابت ہوتا۔ علی بے کی نسبت کچھ ایسی بُری افواہ مشہور تھی کہ اگر
اُسکی تصدیق ہوجاتی تو خود مجھکو ملال ہوتا کیونکہ وہ جس سے ملتا ہے بے ریائی اور
صاف باطنی کے ساتھ ملتا ہے اور جسکی تواضع کرتا ہے کشادہ دلی سے کرتا ہے اور
اسطرح سے کرتا ہے کہ مہمان کو ناگوار نہین ہوتا تھا۔ اور اسکے اوصاف حمیدہ جو حوالے ہون

مگر اسمین شک نہین ہے کہ اُسکے مکان کے گرد و پیش کوسون تک ہر مقام پر اُسکی تعظیم و تکریم
ہوتی ہے یہان تک کہ خود صوبہ کا ناظم اس سے بگاڑنا اچھا نہین جانتا نیچ قوم کے لوگ
جو اُسکا احترام کرتے ہین اُسکا ایک سفلی ک منہ۔ ایک روز مین نے خود دیکھا کہ جب مین اُنکا
کھا چکا تو مجھکو یہ خیال آیا کہ مبادا ریل مجھکو چھوڑ جائے پس مین نے اپنے میزبان سے کہا کہ مین
جاتا ہون میری اس عجلت کو معاف فرمایئے۔ اُسنے کہا گھبرایئے نہین ہم نے اپنا
آدمی ریل کے اسٹیشن پر بھیجا ہے کہ ریل والون سے کہدے کہ ایک صاحب آتے ہین
ابھی ریل کو روکے رہو۔ اور ریل آپکے انتظار مین رُکی ہوئی ہے جو اُسنے کہا تھا وہی ہوا
کہ جب مین اُسکے ساتھ ایک بہت عمدہ بگھی پر سوار ہو کر جسمین بہت خوبصورت عربی
گھوڑون کی جوڑی لگی ہوئی تھی ریل کے اسٹیشن پر پہنچا تو مین نے ریل کو اپنا منتظر پایا اور
اسٹیشن ماسٹر کو دیکھا کہ اس امیر کبیر (علی بے) کے انتظار مین نہایت مؤدب کھڑا ہے

**عمدگان مصر** کو تعلقدارون کے لفظ سے تعبیر کرسکتے ہین مگر اُس معنی سے تعلقدار
نہین ہین جیسے اگلے زمانہ مین انگلستان کے تعلقدار فوجی خدمات کے معاوضہ مین
بادشاہ سے جاگیرین اور منصب پائے ہوئے تھے اور تعلقدار کے مرنے کے بعد اُسکے تعلقہ کا
بندوبست اُسکے بعض ورثہ کے ساتھ کیا جاتا تھا اور بعض ورثہ محروم رکھے جاتے تھے بلکہ مصر مین
یہ قاعدہ ہے کہ مالک ارضی یا تعلقدار کے مرنے کے بعد اُسکا تعلقہ اُسکی اولاد پر برابر
تقسیم ہو جاتا ہے۔ اگر لفظ عمدہ کی تعریف مطلوب ہو تو میرے نزدیک اسکی تعریف
ہوسکتی ہے کہ عمدگان مصر ایک فرقہ متمول کسانون یا مستاجرون کا ہے جو عموماً دیہات
مین رہتے ہین اور قرب وجوار مین بھی کچھ اراضی رکھتے ہین۔ مصر مین اُس قسم کے تعلقدار
نہین ہین جنکے حقوق تعلقداری فوجی خدمات کی بجا آوری پر موقوف ہون جیسے
اگلے زمانہ مین انگلستان کے تعلقدار ہوتے تھے محمد علی خدیو مصر نے ایسا فرقہ ایجاد کرنے کا
قصد کیا تھا اور چند تعلقون کا انتظام اس نہج پر کیا تھا کہ تعلقدار کے مرنے کے بعد

اُسکے سبب سے شہر پر تقسیم نہو سکین بلکہ بعض ورثہ کے ساتھ مخصوص رہین۔ مگر اُسکی کوشش کارگر نہین ہوئی اور اُسکے بعد جو خدیو ہوے اُنھون نے اس انتظام کو دوبارہ جاری کرنا مناسب نہین سمجھا۔ اراضیات دیہی کے باہر بہت سے وسیع علاقے ایسے ہین جنکو آباد یہ کہتے ہین اور جنکے مالک وہ اہلکاران سرکاری ہین جو اکثر شہرون مین بودوباش رکھتے ہین ان لوگون مین سے جو ذوات (یعنی معزز عہدہ داران سرکاری) کے لقب سے مشہور ہین امین اور ان عمدگان مصر مین جو زیادہ تر متمول و بڑی عزت ہین ایک قسم کی رقابت رہتی ہے یا یون کہیے کہ کچھ ایسی بے لطفی رہتی ہے جو آیندہ رقابت کی حد تک پہونچ جائیگی۔ اکثر ذوات قوم کے ترکی یا سرکاشین ہین اور کسیقدر تعلیم یافتہ بھی ہین اور حکام کے زمرہ سے ہین۔ چونکہ مجلس شوریٰ مقرر کرنے سے ایک غرض یہ بیان کی گئی تھی کہ حکام صدر کی قوت اور مطلق العنانی کو روکے رہے لہذا مجلس مذکور مین ذوات نہین شامل کیے گئے بلکہ عمدگان اور متمول تجار اُسکے ممبر مقرر کیے گئے۔

اگرچہ عہدہ سے سخت ذمہ داریان متعلق ہوتی ہین اور کسیقدر حکومت بھی اُسکو حاصل رہتی ہے تاہم وہ معمولی روزمرہ کے معاملات مین دخل نہین دیتا۔ جب کوئی اہم معاملہ پیش ہوتا ہے جسمین بحیثیت مقدم دیہہ اسکی شرکت کی ضرورت ہوتی ہے تب وہ اپنے اختیار کو عمل مین لاتا ہے۔ معمولی اوقات مین گانون کا انتظام شیخ البلد سے متعلق ہوتا ہے جسکو اہل دیہہ منتخب کرتے ہین اور جو اپنے افعال کا جوابدہ اور ذمہ دار اپنے منتخب کنندون سے رہتا ہے۔ ان شیوخ کی تعداد مختلف دیہات مین مختلف ہے عموماً تین سے چھہ تک انکی تعداد ہوتی ہے مگر مین نے سنا ہے کہ دوآبہ مصر کے بعض بڑے بڑے گانوؤن مین اٹھارہ اٹھارہ اور بیس بیس شیوخ البلد ہوتے ہین اور کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ ایک ہی بڑے سے خاندان کا ایک علحدہ شیخ ہوتا ہے ہر شیخ کے انتخاب کنندون کی تعداد اُسکے کمالات شخصی اور رسوخ ذاتی پر منحصر ہوتی ہے

کبھی تو صرف پانچ چھ گھرون کی طرف سے ایک شیخ ہوتا ہے اور کبھی کل باشندگان موضع کی طرف سے ایک شیخ ہوتا ہے۔ اگر اُسکے انتخاب کنندے اس سے ناراض ہوں تو حکام ضلع کو عرضی دیکر اُسے برطرف کر سکتے ہین یا اس امر کی اجازت طلب کر سکتے ہین کہ اسی کے ہم منصبون مین سے کسی شیخ کی اطاعت اختیار کرین۔ نائب ناظم جسکو ناظر قسم کہتے ہین ان شکایتون کو بر سر موقع تحقیق کرکے چاہے اُنھین منظور کرے چاہے نامنظور کرے۔ جب کوئی شیخ برطرف ہوتا ہے یا استعفا دیتا ہے یا مرجاتا ہے اور اُسکی جگہ پر دوسرا شخص مقرر کرنا منظور ہوتا ہے تو اُسکا انتخاب اس آسان طریقہ سے کیا جاتا ہے کہ انتخاب کنندے گاؤن کے قریب کسی میدان مین نائب ناظم کے سامنے جمع ہوتے ہین اور اپنی ٹکڑیان علحدہ علحدہ بناکر جس امیدوار کا مقرر ہونا منظور ہے اسکو منتخب کر لیتے ہین۔ اور جس امیدوار کی ٹکڑی مین سب سے زیادہ آدمی ہوتے ہین وہ منتخب شدہ قرار دیا جاتا ہے مگر اس حالت مین جبکہ نائب ناظم کو کچھ اعتراض ہو انتخاب دوبارہ ہوتا ہے۔ عمدگان کیطرح شیوخ تنخواہین نہین پاتے ہین مگر انکا منصب اُنکے حق مین اکسیر اعظم کی خاصیت رکھتا ہے کہ جب چاہتے ہین سونا بنا لیتے ہین اُنکے فرائض منصبی علاوہ انتظام قائم رکھنے کے یہ ہین کہ اپنے انتخاب کنندون سے ٹیکس وصول کرکے سرکار مین داخل کرتے ہین اور تعمیرات سرکاری کے لیے جتنے مزدورون کی ضرورت ہوتی ہے اُنکو بیگار پکڑ لاتے ہین اور فوج مین بھرتی کرنے کے لیے جتنے آدمی درکار ہوتے ہین اُنکو مہیا کر دیتے ہین۔ اور جب کبھی کوئی جھگڑا ہوتا ہے تو وہ پنچون کا کام کرتے ہین اور انکا کام یہ بھی ہے کہ اپنے موکلون یا انتخاب کنندون کو ظلم ستانی اور نا انصافی سے بچائین اور جملہ امور مین اپنے موکلون اور حکام اعلیٰ کے درمیان متوسطی کا کام کرین۔

مصر کے انتظام دیہی مین صراف بھی ایک بڑا عہدہ دار ہے جسکا یہ کام ہے کہ ٹیکس وصول کرتا ہے اور حساب کتاب بناتا ہے۔ اسکو گورنمنٹ نامزد کرتی ہے اور

شرط یہ ہے کہ وہ گانون کا رہنے والا نہو اور کسی گانون مین وہ پانچ برس سے زیادہ نہین رہنے پاتا کہ مبادا اُس گانون کے لوگون کی خوبو کچھ اسمین آجاے۔ عموماً صراف قبطی ہوتا ہے کیونکہ جہان جہان حساب کتاب کی ضرورت ہوتی ہے وہان قبطی ہی مقرر کیے جاتے ہین جیسا سابق مین بیان کیا گیا۔

انتظام دیہی مین سب سے پست مرتبہ غفیر یعنی چوکیدارون کا ہے عموماً انکی کثرت ہوتی ہے مگر بالکل نالائق ہوتے ہین کیونکہ چوکیداری کے کام کی حالت مین سو رہنا اُنکے نزدیک کوئی جرم نہین ہے اور جب کبھی وہ بدمعاشون کی آہٹ پاکر چونک پڑتے ہین تو دلیری کو بالاے طاق رکھکر دوراندیشی کو کام مین لاتے ہین۔

مصر کے انتظام دیہی کی حقیقت دریافت کرنے کا ایک آسان طریقہ یہ ہے کہ انکا مقابلہ اسی قسم کے انتظام کے ساتھ کیا جاے جو اور ملکون مین ہے مثلاً روس کے انتظام دیہی کو ملاحظہ کیجیے کہ بالکل حکومت رعایا کے اصول پر مبنی ہے اور جملہ انتظامات کا اختیار ایک پنچایت کے سپرد ہے جسمین سب گھرون کے رئیس خاندان شریک ہین وہی پنچایت مقدم دیہ اور پٹواری کو منتخب کرلیتی ہے اور حکام کی نگرانی یا منظوری کی کچھ ضرورت نہین ہوتی۔ اور وہی اپنے اختیار خاص سے جسمین حکام کو کچھ دخل نہین ہے اُنکو برطرف کرکے اور لوگون کو اُنکی جگہہ پر مقرر کرسکتی ہے مقدمان دیہ اور پٹواری وغیرہ فی الحقیقت پنچایت کے نوکر ہوتے ہین اور اسی سے تنخواہ پاتے ہین اور اُنکو فی نفسہ امور انتظامی وغیرہ مین کچھ دخل نہین ہوتا ہے۔ یہ امر نہایت واجبی اور معقول ہے اسلیے کہ روس مین محصول ادا کرنے کی ذمہ داری گانون کی پنچایت پر من حیث المجموع عاید ہوتی ہے اُسکے عہدہ دارون پر نہین عاید ہوتی اور باقی داری کی صورتون مین جو کچھ کمی مالگزاری سرکاری وغیرہ مین پڑتی ہے وہ ممبران سے لی جاتی ہے عہدہ دارون سے نہین لی جاتی۔ لیکن برخلاف اسکے مصر کا انتظام دیہی حکومت اُمرا کے اصول پر مبنی ہے

اور ٹیکس ادا کرنے کی ذمہ واری شیوخ اور عمدگان پر عائد ہوتی ہے۔ چونکہ ذمہ داری اور
حکومت باہم لازم و ملزوم ہیں لہذا مصر میں شیوخ اور عمدگان کو وہ حکومت
حاصل ہے جو روس میں گانوؤن کی پنچایت کو حاصل ہے اور اُس حکومت کو وہ لوگ
اُسی نہج سے عمل میں لاتے ہیں۔ دونوں ملکون میں باقیدارون پر دباؤ ڈالنے کا
طریقہ جو حکام کو مطبوع ہے یہ ہے کہ اُنکو سزائے جسمانی دی جاتی ہے۔ مگر مختلف طور
سے سزا دی جاتی ہے مصر میں قرباش یعنی کوڑے پانوؤن کے تلوون پر لگائے دیتا
تا کہ مجرم نے اگر سزائے شدید پائی ہے تو کچھ دنوان چلنے پھرنے سے معذور رہے مگر روس
میں جو مجرم سزائے سخت پاتا ہے اُسکو چند مدت تک بیٹھنے میں بڑی اذیت ہوتی ہے۔
مصر اور روس کے انتظامات دیہی میں ایک اور فرق بھی ایسا ہے جو اسبات
لائق توجہ ہے کہ اُس سے وہ نتائج پیدا ہوئے ہیں اور اب تک پیدا ہو رہے ہیں جنکا
اثر فلاحین کی رفاہ و بہبود پر بہت کچھ ہوا ہے۔ روس میں پنچایت قاعدہ ہے کہ جب
باقیدار کو سزا دینے سے ٹیکس نہیں وصول ہوتا اور گانوؤن کی پنچایت کو کمی پوری کرنے
کی فکر کرنی پڑتی ہے تو مقدار و بیہ کم پڑا ہے وہ باقیدارون کی جائداد وغیرہ کو ضبط اور
فروخت کرکے نہیں ادا ہو سکتا کیونکہ اہل پنچایت اور حکام عدالت کو قرضہ باقی کی
علت میں کاشتکار کے گھر یا اراضی یا مویشی یا آلات کشاورزی کو جہان تک اُن
چیزون پر اُسکا رزق موقوف ہے ضبط کرنا قانوناً ممنوع ہے۔ البتہ جو چیزین دائرہ
میں داخل ہون وہ عدالت کے حکم سے نیلام ہو سکتی ہیں مگر غربا کے گھر میں ایسی چیزین کب
ہوتی ہیں۔ اگر پنچایت کو یہ اختیار ہو بھی کہ باقیدار پاس جتنی چیزین ہیں اُن سب کو نیلام کر دے
تو وہ ایسے اختیار کو ہمیشہ نہیں عمل میں لاتی ہے کیونکہ وہ باقیدار تو خود شریک پنچایت ہے
اور پنچایت اُسکے ٹیکس کی ذمہ دار ہے پس اگر وہ تباہ ہو جاے تو اُسکے ٹیکس کا دائمی بار خود
پنچایت پر پڑیگا۔ لہذا روس میں ایسے کاشتکار کم ہیں جو بھلے چنگے اور کھیتی کرنے کے

قابل ہون اور اراضی دیہی مین کچھ حصہ رکھتے ہون - مگر برخلاف اسکے مصر کے فلاحین کو ایسی حفاظت نہین حاصل ہے - بلکہ انکی اراضی اور مواشی اور آلات کشاورزی و ہر قسم کی جایداد کو حکام یا تعیداری کی علت مین یا مہاجن قرضہ کی علت مین نیلام کرا سکتے ہین

اگر مجھسے کہا جاے کہ مصر کے انتظامات دیہی یا پنچایتون کی نسبت اپنی راے بیان کرو تو پہلے تو مین یہی کہونگا کہ فعلاً یہ انتظامات لائق تحسین و آفرین ہین - سابق مین بیان کیا گیا کہ مصر کے کسان اپنے ہی زمرہ سے کسی شخص کو شیخ یا مقدم دیہ منتخب کر لیتے ہین جو انمین انتظام کو قائم رکھتا ہے اور انکے حقوق کی حفاظت کرتا ہے اور ہر گانون کے جملہ شیوخ عمدہ یا شیخ الشیوخ کی زیر نگرانی رہتے ہین جو گانون مین سب سے بڑا زمیندار ہوتا ہے لہذا اہل دیہ کی رفاہ و بہبود سے سب سے زیادہ اسی کا فائدہ متصور ہے اور جب کوئی شخص اپنے انتخاب کنندون کو راضی رکھنے سے قاصر رہتا ہے تو انکو اختیار ہے کہ وہ کسی ناظم کو عرضی دیکر جب چاہین اسکو برطرف کرا دین اور انکو یہ بھی اختیار ہے کہ نائب ناظم کی منظوری سے گانون کے کسی اور شیخ سے بیعت کر لین یعنی اسکی اطاعت قبول کرین اور جب عمدہ اپنے فرائض مین غفلت یا خیانت کرے تو وہ حکام اعلی سے استغاثہ اور چارہ جوئی کر سکتے ہین - اور جو شکایتین انکو ہین اگر تحقیقات سے انکی اصلیت ثابت ہو جاے تو جو شخص مجرم قرار پایا ہے وہ صرف برطرف ہی نہین ہوتا بلکہ اس گانون سے کہین دور نکال دیا جاتا ہے تاکہ پھر کسی کو ضرر نہ پہونچا سکے - پس معلوم ہو کہ اولاً حق انتخاب سے اور ثانیاً حکام کو عرضی دینے کے حق سے کسانون کا تحفظ کامل حکام دیہی کی شدید بدانتظامی اور ظلم رسانی سے کیا گیا ہے -

لیکن اگر ذہن سے قطع نظر کرکے خارج پر نظر کی جاے اور یہ دیکھا جاے کہ یہ انتظام عملدرامد مین کیسا ہے تو عملدرامد مین تو کچھ اچھا نہین ہے - اس مسئلہ کی صورت ذہنی مین ہمنے تین باتین ضمناً فرض کر لی تھین - اول یہ کہ متمول و ذی وقعت فلاحین مین جنکے

زمرہ سے شیوخ اور عمدگان لیے جاتے ہین اکثر لوگ ایماندار اور ہوشیار ہوتے ہین اور اپنے
گاؤن کی رفاہ و بہبود کے خواہان ہوتے ہین۔ دوم یہ کہ معمولی درجہ کا کسان انتخاب
کے وقت جو کارروائی کرتا ہے اپنے اختیار سے او سمجھ بوجھکر کرتا ہے اور جب کوئی ظلم یا
ناانصافی اُسکے ساتھہ کیجاتی ہے تو فوراً حکام اعلیٰ سے شکایت کرتا ہے۔ سوم یہ کہ حکام اعلیٰ
ہمیشہ اس بات پر آمادہ رہتے ہین کہ انتظام دیہی مین جو خیانت یا بدعت انکی نظر سے
گذرتی ہے اُسکو فوراً روک دیتے ہین اور مجرم کو سزا دیتے ہین۔ افسوس ہے کہ ان تینون
باتون مین سے کوئی بات بھی تجربہ سے نہین ثابت ہوئی ہے بلکہ مشرقی ملکون کیطرح
مصر مین بھی ہر فرقہ کے لوگون کے دل مین یہ خیال سمایا ہوا ہے کہ حکومت سے پہلا اور شاید
فائدہ جلب منفعت ہے یعنی جو شخص برسر حکومت ہو اُسکو پیٹ بھر کے روپیہ ملے اور اور
فوائد حاصل ہون اور اس قاعدہ سے مصر کے منتظمان دیہی مستثنیٰ نہین ہین شاید چند شیوخ
ایسے بھی ہون جو نیت خالص سے کام کرتے ہون اور جو اپنے موکلون یا انتخاب کنندگان
کے فوائد کو اپنے فوائد ذاتی کے برابر سمجھتے ہون۔ لیکن اگر ایسے وہ نفس لوگ موجود ہین تو
مین نے اُنکو کبھی نہین دیکھا یا سُنا ہے سب عمد و شیخ جو مین نے دیکھا ہے اور جسکے مثل ہا
بہت کم شیوخ ہین اُسکی کیفیت یہ ہے کہ اپنے فرائض منصبی کو باقاعدہ طریقہ سے اور قدیم
بزرگانہ خیالات کے موافق بجا لاتا ہے اور اگرچہ اعتدال کے ساتھ اور کم و بیش جائز
ذریعون سے خود روپیہ لیتا ہے مگر اور کسی کو اُن لوگون پر ظلم و تعدی نہین کرنے دیتا
جنکی حفاظت کرنا اُسکو فرض ہے اُن تینون باتون مین سے دوسری بات بھی تجربہ سے
نہین ثابت ہوئی ہے جس چیز کو عقلاً انتخاب کہتے ہین اُس مین فلاحین بھیڑون کیطرح
رہتے ہین اور امیدواران انتخاب کے محاسن اخلاق پر خواہ وہ واقعی ہون خواہ فرضی نظر نہین
کرتے اور جب انتخاب کی منظوری سرکار سے ہو جاتی ہے تو پھر انکو کمتر جرأت اس بات کی ہوتی ہے
کہ اس شخص کی شکایت باقاعدہ طور سے حکام کے حضور مین کرین جو مختلف طرح انکو

اپنا انتقام لیتا ہے۔ اس باب میں جو وہ احتیاط کرتے ہیں بیجا کرتے ہیں کیونکہ تیسری بات جو ہمنے فرض کر لی تھی کہ عہدہ داران سرکاری اُن شیوخ اور عمدگان کو سزا دیتے ہیں جو اپنے اختیار کو ناجائز طور سے عمل میں لاتے ہیں وہ بھی ویسی ہی بے بنیاد ہے جیسی پہلی دو باتیں ہیں۔ کیونکہ جب کسی نائب ناظم سے کوئی فلاح وغیرہ استغاثہ کرتا ہے اور وہ زحمت گوارا کرکے تحقیقات شروع کرتا ہے تو نائب ناظم مذکور مجرم سے تھوڑی سی بخشش لیکر نرم پڑجاتا ہے اور اگر اتفاقاً وہ واقعہ مدیر کے گوش گزار ہوتا ہے تو مدیر اُس سے کچھ تعرض نہیں کرتا گو وہ خود اس جرم میں شریک رہا ہو۔

اس کتاب کے ناظرین انگریز مدیر کے اس کردار کو اُسوقت سمجھ سکتے ہیں کہ جب اُنسے یہ گزارش کیا جاے کہ مصر میں صوبہ دار یا ناظم کا خاص کام یہ نہیں ہے کہ رعایا کی حق تلفی اور ناانصافی نہونے دے اور اُنکی رفاہ وبہبودی میں ترقی کی فکر کرے بلکہ اُسکا کام یہ ہے کہ ٹیکس کو تحصیل کرے اور اپنے افسران اعلی کو بے ضرورت تکلیف نہ دے۔ بحیثیت ملازم سرکار وہ فلاحین مرد اور عورتون کو انسان نہین سمجھتا اور نہ یہ جانتا ہے کہ یہ بھی کچھ حس و ادراک یا کچھ حقوق رکھتے ہیں جنکی حفاظت وحراست کرنی ضرور ہے بلکہ اُنکو بھیڑون کے مانند سمجھتا ہے جنکو اوقات معینہ میں مونڈنا پڑتا ہے اور جنکی داد و فریاد ناظم کے کانون میں ایسی معلوم ہوتی ہے جیسے پشم کترنے کے وقت بھیڑین کس درد سے چلاتی ہیں مگر اُون فروش کا کارندہ جو اُنکی پشم کترواتا ہے اور جو اپنے مالک کو پوری مقدار اُون کی دینے کا ذمہ دار ہوتا ہے جسکا اُسنے ٹھیکہ لیا ہے کچھ بھی خبر نہین ہوتا۔ اگر ناظم صاحب فلسفی خیالات کے آدمی ہیں اور اپنے کردار کو اصول عقلی کے موافق کرلینا چاہتے ہیں بلکہ یہ کہیے کہ اصول عقلی کو اپنے کردار کے موافق کرلینا چاہتے ہیں تو اپنی بیرحمی اور بے پروائی کی دلیل یہ بیان کرتے ہیں کہ مصالح وقت کا مقتضی یہی ہے کہ یہ استغاثہ نہ سُنا جائے۔ مثلاً ناظم یہ کہہ سکتا ہے (اور یہ دلیل خود میں نے اکثر سُنی ہے) کہ صرف شیوخ اور عمدگان ہی کے

ذریعہ سے سرکاری ٹیکس فلاحین سے وصول کر سکتی ہے اور اُنسے سرکاری کام لے سکتی ہے۔ اگر اُنکی شکایتین سُن سُن کر اُنکی حکومت ضعیف و خفیف کردی جاے تو ٹیکس وصول ہونا محال ہوجاے اور کوئی انتظام نہ چلے۔ اسمین شک نہین ہے کہ شیوخ اور عمدگان کو جو اختیار حاصل ہے اُس سے انکو کچھ ذاتی فائدہ حاصل ہوتا ہے مگر یہ بھی تو خیال کیجیے کہ انکو سرکار سے کچھ تنخواہ نہین ملتی ہے اور اُنسے اس بات کی توقع کرنا محض بیجا ہے کہ بغیر کسی قسم کے معاوضہ کے وہ سرکار کا کام کرینگے اور سخت بالی ذمہ داریان اختیار کرینگے،، مصر کے مدبر کا یہ قول مقنن عبرانی (حضرت موسیٰ) کے اس ارشاد کے موافق ہے کہ جو بیل اناج کو روندتا ہو اُسکا مُنھ بند کردینا خلاف انصاف اور خلاف مصلحت ہے پس جس طرح بیل کھلیان مین غلہ کھانے سے نہین چوکتے اسی طرح شیوخ اور عمدگان مصر اُس آزادی اور بے جرمی سے ضرور مستفید ہوتے ہین جو انکو بدرجہ اتم بخشی گئی ہے متمول کسانون یا دردکاندارون اور کاریگرون کو تو وہ سمجھا بجھا کر کچھ بخشش لے لیتے ہین مگر اکثر اور ضمنی طریقون سے بھی اپنا مطلب نکال لیتے ہین کیونکہ معمولی قسم کا فلاح جب سرکاری ٹیکس ادا کر چکتا ہے تو پھر اُسکے پاس کچھ روپیہ نہین رہتا مگر جو لوگ اُسکو کچھ ضرر پہونچا سکتے ہین اُنکی شکرگزاری اور تعظیم و تکریم کا اظہار وہ اسطور سے کر سکتا ہے کہ انکا کام مفت یا رعایتی ٹھیکہ پر کردیتا ہے جسمین محنت بہت اور فائدہ کم ہے۔ عموماً شیخ پاس اُس سے زیادہ زمین ہوتی ہے یا اُس سے بہت زیادہ زمین کی کاشت اورون سے کرواتا ہے جتنی زمین کی کاشت وہ خود اور اُسکے گھر والے کر سکتے ہین لہذا اُسکو اپنی زمین کی کاشت کے لیے زیادہ آدمیون کی ضرورت ہوتی ہے اور یہ ضرورت اُسکے عہدہ کی بدولت رفع ہوجاتی ہے۔ اور جب زمیندارون مین آبپاشی کی نسبت جھگڑا ہوتا ہے اور ایک زمیندار کہتا ہے پہلے ہم اپنے کھیت اس پانی سے سینچینگے دوسرا کہتا ہے نہین پہلے ہمین اپنے کھیت سینچینگے تب بھی شیخ صاحب ہی کے ہاتھ میدان رہتا ہے اور اُنکے سامنے کسی کی نہین چلتی

اور جب روئی کی فصل تیار ہوتی ہے تو انکو اپنے لوگون سے امید ہوتی ہے کہ اپنے لڑکون کو بھیجکر ہماری روئی صاف کرادینگے۔ اور جو کسی احمق بدنصیب نے کسی معاملہ مین شیخ صاحب سے ذرا دون کی لی اور یہ سمجھکر کہ مصر مین غربا بھی کچھ حقوق رکھتے ہین کسی حق کا دعوی کیا تو پھر مار پڑا۔ وہ اس عدول حکمی اور نافرمانی کو یاد کرکے عمر بھر رویگا علی الخصوص اسوقت جبکہ فوج مین بھرتی ہونے یا بیگار کام کرنے کے لیے اُسکے گانون سے لوگ پکڑ پکڑ کر بھیجے جاینگے مگر ایسی نافرمانی بہت کم وقوع مین آتی ہے بلکہ جو شخص ذرا بھی دوراندیش ہوتا ہے وہ اپنے ہی شیخ سے نہین بلکہ گانون کے سب شیوخ سے موافقت رکھتا ہے کیونکہ وہ سب اُسکو صریحًا نہین تو ضمنًا ضرر پہونچا سکتے ہین۔ اسکی دس بیس مثالین ہم دے سکتے ہین انمین سے ایک مثال یہ ہے کہ جب کوئی دوکاندار یا کاریگر اپنے گانون کے شیخ کو آزردہ کردیتا ہے تو اُسکے گاہکون کی تعداد کم ہوجاتی ہے کیونکہ جو کوئی اُس شیخ کی عملداری مین رہتا ہے اسکی یہ مجال نہین ہے کہ جس سے شیخ آزردہ ہوا اُس سے وہ سودا سلف لے جو لوگ مصر جیسے بے آئین ملک کے کسی گانون مین رہے ہین اسکی قدر کچھ وہی خوب جانتے ہین کہ جس گانون کا شیخ ظالم ہوتا ہے اسکا ظلم ذرا ذرا سے روزمرہ کے معاملات مین کیونکر سرایت کرجاتا ہے۔

شیوخ جو ظلم و بدعت کرتے ہین اسکا انسداد عمدہ کو کرنا چاہیے مگر لطف یہ ہے کہ شیخ اور عمدہ مین سگ زرد برادر شغال کی نسبت ہے یعنی عمدہ بھی تو اُسی قسم کا آدمی ہے جیسا کہ شیخ ہے اور وہی خباثت اسمین بھی ہے جو اُسکے ماتحتون مین ہے۔ اگر عمدہ شیوخ کی ظلم ستانی سے غربا کو بچانے کی زحمت گوارا کرتا ہے تو اسلیے گوارا کرتا ہے کہ وہ خود انسے بھی زیادہ ظلم ستانی کرتا ہے ایسی صورتون مین عقلًا تو ممکن ہے کہ حکام اعلی یا عدالتون سے رجوع کیجاے مگر غربا کے حفظ حقوق کی امید ان دونون سے نہین ہے کیونکہ سابق مین لکھا گیا کہ حکام تو فلاحین کی داد فریاد کچھ بھی نہین سنتے اور عدالتون کی بنا کچھ عجب طرح سے قائم ہوئی ہے

که جو فریق زیادہ معزز یا متمول ہوتا ہے اُسی کی پچ کرتی ہین -

مین ایک عجب ماجرا بیان کرتا ہون جو خود مجھپر اُس زمانہ مین گذرا جبکہ مین صوبہ فیوم مین سیاحت کر رہا تھا اور جس سے یہ معلوم ہوجائیگا کہ ایک چالاک اور بے ایمان عمدہ کاشتکارون کو کیونکر لوٹتا اور اُنپر کیا ظلم کرتا ہے - وہ قصہ یہ ہے کہ جب مین ایک گانون مین پہونچا تو مجھے یہ دیکھکر بڑا تعجب ہوا کہ ایک طرف تو فلاحین کی ذرا ذرا سی ٹوٹی پھوٹی جھوپڑیان ہین اور گانون کے بیچوبیچ مین چند بڑے بڑے عالیشان اور پختہ مکانات ہین انھین مکانات عالیشان مین سے ایک مکان کی ڈیوڑھی مین مین اپنی سواری سے اُترپڑا اور ایک ادھیڑ آدمی نے جو اپنے دیس کی پوشاک پہنے ہوے تھا بڑے اخلاق سے مجھے لیجا کر ایک بڑے سے کمرے مین جسمین عمدہ فرش بچھا ہوا تھا بٹھا دیا اور حسب دستور میری تعظیم تواضع کی اور مجھکو قہوہ پلایا بعد اُسکے جو کچھ مین نے وہان کے کسانون کی حالت کی نسبت اُس سے پوچھا اُسکا پورا جواب اُسنے بے تکلف دیا حالانکہ جس فرقہ سے وہ تھا اُس فرقہ کے لوگ غیر آدمی سے ایسے حالات نہین بیان کرتے بعض اوقات تو وہ میرے ذوق شوق کو دیکھکر خود ہی کچھ دلچسپ کیفیت اہل دیہہ کے طرز معشیت کی بیان کر دیتا تھا - مثلاً جو مصیبتین ہر قسم کے زمیندارون پر اسمعیل پاشا کے عہد حکومت مین گذری تھین اُنکو اُسنے کس فصاحت سے بیان کیا کہ گویا تصویر کھینچکر دکھا دی اور کھل کر تو نہین کہا مگر ایسی تقریر کی جس سے یہ بات مترشح تھی کہ یہان کا عمدہ مین ہی ہون اور میری ہی شفقت پدری اور اعانت و حمایت سے اور میرے گھر والون کی عنایت سے جسکے وسیع اور عالیشان مکانات آپنے ملاحظہ کیے ہین بیچارے غریب گانون والے تباہی و بربادی سے محفوظ ہے پھر کہنے لگا کہ ہمارا خاندان تین چار سو برس کے عرصہ سے یہان مقیم ہے لہذا عموماً اس ضلع کے بہبودی کی اور خصوصاً اپنے اس گانون کے رفاہ کی ہمکو دل سے لگی ہے بعض فتنہ پردازون کی شرارت سے جسکی تصریح کرنا کچھ ضرور نہین ہے

مین ایکزمانہ مین اپنے عہدہ سے برطرف ہوکر جلا وطن کیا گیا تھا مگر کسانون نے خدیو کو عرضی دیکر مجھے پھر اِس عہدہ پر بحال کروالیا اور جب سے مین یہان پھر آیا ہون کسانون کی حالت مین ترقی ہوتی جاتی ہے۔ اور اُس مصیبت کے زمانہ مین جن کسانون کے پاس اُنکی زمین باقی رہگئی وہ جلد جلد متمول ہوتے جاتے ہین سو واسطے کہ اس چند سال کے عرصہ مین اراضی کی قیمت سہ چند ہوگئی ہے اور جن کسانون کے قبضہ سے اُنکی زمین نکل گئی تھی اور جو گانون کو چھوڑکر کسی اور سمت رحلت کرنے والے تھے اُنکو مین نے اور میرے عزیزون نے اپنے پاس سے چند ایکڑ زمین دی پس وہ اپنے گانون مین خوشی سے رہنے لگے کیونکہ یہ بات مشہور ہے کہ فلاح اپنے وطن کا عاشق زار ہوتا ہے بعد ازان اسنے مجھسے (مصنف سے) پوچھا کہ آپ نے اُس شخص کو ملاحظہ کیا جو آپ کے لیے قہوہ لایا تھا چند ہی روز ہوے کہ اسکا قصد اس گانون سے چلے جانے کا تھا مگر مین نے خود اسکے اور اُسکے عیال کی بسر اوقات کے لیے تین ایکڑ زمین دی اور وہ بیچارہ خوشی خوشی اپنے گانون مین رہنے سہنے لگا۔

اُس عمدہ نے یہ سارا قصہ اور اسی قسم کی اور باتین مجھسے ایسی پوست کندہ اور بے تکلف بیان کین کہ مجھکو گویا اس امر کا یقین ہوگیا کہ حسن اتفاق سے مجھکو ایسا نیک اطوار رعیت پرور زمیندار مصر کا ملگیا ہے جسکی کیفیت مین نے کسی زمانہ مین کبھی اور وارستہ مزاج سیاحون سے سُنی تھی مگر جسکی صورت سے مین آشنا نہ تھا لیکن جب مین نے دیکھا کہ وہ یہ قصہ دُہراتا جاتا ہے اور کچھ عجب طور سے مُنھ بنا کر مسکراتا بھی جاتا ہے جس سے اسکا یہ کہنا کہ مین نے کسانون سے ہمیشہ فیاضی اور رعایت و مروت کی ہے ڈھکوسلہ معلوم ہوتا تھا تب تو میرے دل مین اُسکی طرف سے شک پڑگیا کہ یہ راست گو اور صاف باطن آدمی نہین معلوم ہوتا ہے اور میرے اِس شبہہ کی تائید و تقویت اُس جملہ سے ہوگئی جو اتفاقاً یا سہواً اُسکے مُنھ سے نکل گیا اور جسکا مضمون یہ تھا کہ فلاحین کو جب تک خوب زد وکوب کیجاے اُس وقت تک

درست نہین ہوتے اور جب یہ کلام قریب اختتام ہوا تو مین نے دیکھا یا مجھے گمان ہوا کہ انکے کلام مین شخص مُشبہ بندرکے ہنستا ہے اور شاید اس خیال سے ہنستا ہے کہ اس سادہ لوح سیاح کو مین نے خوب احمق بنایا پس مین نے یہ تدبیر کی کہ ایک دوسرے شخص کے ذریعہ سے جو اسی ملک کا باشندہ تھا جو کسانون سے انکے حالات دریافت کیے اور انھون نے کچھ اور ہی قصہ بیان کیا جسکی تکمیل مین نے بعد ازان اور ذریعون سے بھی کر لیا

عمدہ کا یہ قول تو بالکل صحیح تھا کہ ہمارا خاندان قدیم الایام سے اس موضع مین سکونت پذیر ہے - بلکہ ایک معتبر شخص نے تو اس سے بھی ترقی کرکے یہ کہا کہ "زمانہ جاہلیت سے" اور زمانہ جاہلیت سے اہل اسلام زمانہ کفر مراد لیتے ہین یعنی جب اسکے آباد اجداد نے اسلام قبول نہ کیا تھا تب ہی وہ اس گانون مین آکر بسے تھے - اس قدیم خاندان کے عمدگان تو غیر ہین مربانہ فیاضی تو کہین چھو بھی نہین گئی تھی البتہ لوٹ مار نوچ کھسوٹ کی عادت شدت سے تھی - اپنے متعلقین کو مختلف قسم کے آلام جسمانی اور صدمات روحانی پہونچا پہونچا کر اور دبا دبا کر انھون نے تقریباً کل اراضی دیہی پر قبضہ کر لیا تھا اور مالکان مخزوج کو غلامی کے درجہ پر پہونچا دیا تھا جس عمدہ نے مجھسے بات چیت کی تھی وہ گویا اپنے وقت کا ہلاکو یا نادرشاہ تھا اور لوٹ مار اور بے تحاشا سزاے جسمانی دینے مین اپنے معزز خاندان کے سب لوگون پر گوے سبقت لیگیا تھا یہان تک کہ اسکی شقاوتون کی کیفیت اقاہرہ مین حکام صدر تک پہونچی - اس زمانہ مین ریاض پاشا وزیر صیغۂ داخلیہ تھا اور اگرچہ انکو اس بات سے چڑھ تھی کہ مدیرون اور انکے نائبون کی شکایتین سن سن کر انکی حکومت کو ضعیف کردے تاہم وہ شیوخ اور عمدگان کا دوست نہ تھا اور جو ستم شعار جفاکار ناظم یا نائب ناظم معتدل درجہ کی ظلم ستانی کی واجبی حد سے تجاوز کرتا تھا اسکو سزا دیتا تھا - لہذا ریاض پاشا نے حکم دیا کہ کوئی معتبر آدمی جاکر بر سر موقع اس مقدمہ مین خوب چھان بین کرین - الغرض تحقیقات سے معلوم ہوا کہ جو

افواہ مشہور تھے اُسمین ذرا بھی مبالغہ نہ تھا اور وہ کاذب مکار محسن فلاحین کا اُن
گانوٗن سے فورًا نکال دیا گیا اور اُس شیطان کے دفع ہونے سے ستم رسیدہ کسانون نے
خداوند عالم کا لاکھ لاکھ شکر ادا کیا کہ اُس ظالم جفاکار کے پنجہ سے ہمکو چھڑایا اور انکو یہ امید
تھی کہ اب اُسکے ظلم وستم کی کیفیت ہم کبھی نہ سنینگے کیونکہ سرکار سے حکم ہو چکا ہے
کہ اس مردود کو کسی گانوٗن مین یا اور کہین کوئی عہدہ نہ دیا جاے مگر ہنوز دو برس بھی
نہ گذرے تھے کہ وہ اپنے عہدہ پر بحال کر دیا گیا اور عجب بات ہے کہ جن کسانون نے
عرضی دیکر اُسکو برطرف کروایا تھا اُنھین نے پھر عرضی دیکر اُسکو بحال کروالیا۔ یہ امر
قابل لحاظ اسوجہ سے ہے کہ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ فلاحین اپنے نفع وضرر کو سوچنے کی
لیاقت مطلق نہین رکھتے اور جب اُنکے فائدہ کی کوئی تدبیر کیجاتی ہے تو اسمین کٹ حجتیان
کرتے جب وہ بے ایمان اور جفاکار عہدہ برطرف ہوگیا تو اُسکے بھائیون اور چچاؤن اور
چچازاد بھائیون نے فلاحین پر دباؤ ڈالنا شروع کیا کہ سرکار مین ایسی عرضی دو کہ وہ
اپنے عہدہ پر بحال ہوکر پھر اُسی گانوٗن مین بھیجدیا جاے اور فلاحین چونکہ بہت کمزور تھے
لہذا اُنکے دباؤ مین آگئے۔ یہ امر مجھکو نہین دریافت ہوا کہ سرکار نے ایک کار خیر کرکے پھر اُس
کام کو ستیاناس کیون کردیا مگر مجھکو یہ گمان ہے کہ ریاض پاشا کے استعفا دینے کے بعد
بعض حکام اعلی کو کچھ بخشش یا رشوت دی گئی یا یہ کہ اُس قومی فریق نے جسکا سرغنا عرابی
تھا اور جسکو مشاہیر اہل دیہ کی تائید منظور تھی اور دہقانون کے رفاہ وبہبود کی چندان
فکر نہ تھی ترک اور سرکاشین وزرا کے فیصلہ کو منسوخ کردیا اور یہ تحقیق نہ دیکھا کہ آیا یہ فیصلہ صحیح
ہے یا محض بے بنیاد ہے۔ آخر الذکر توضیح کو مین صحیح تو نہین کہہ سکتا مگر بہت قرین قیاس
معلوم ہوتی ہے اسواسطے کہ یہ اس روش کے موافق ہے جو قومی فریق نے اس زمانہ مین
اختیار کی تھی جب وہ برسر حکومت تھا۔ عرابی پاشا کے عہد حکومت مین ترکی زمیندارون کے
علاقون مین جو کاشتکار تھے وہ حکام کی عدول حکمی اور نافرمانی اور سزاے جسمانی سے

انکار اُسی طفلانہ غیرت وجہالت سے کر سکتے تھے جو ہمیشہ اُنسے ظہور مین آئی تھی مگر عموماً
کو تین گانؤن مین فلاحین کو حکام دیہی کا ظلم وجفا اور زیادہ ستانی ضرور سہنی پڑتی
تھی۔ اُسکی وجہ یہ تھی کہ افسران باغی ترکون کی جانب سے تو عوام الناس کو افرحتہ
کرتے تھے مگر شیوخ اور عمدگان دیہہ سے اعانت کی ضرورت انکو اسلیے تھی کہ لوگون
کو دباکر وہ چندہ وصول کرین جو چندہ محبان وطن کے لقب سے مشہور تھا۔

جن حضرات نے مصر کے انتظام دیہی پر توجہ کامل فرمائی ہے (افسوس ہے کہ ایسے
لوگ بہت کم ہین) انھون نے مذکورہ بالا خرابیون کو تسلیم کرلیا ہے۔ البتہ اس باب
مین کچھ اختلاف رائے ہے کہ انتظام موجودہ مین اصلاح کا سب سے عمدہ طریقہ کیا ہے
جو لوگ اپنے گھر مین بیٹھے ساری دنیا کے انتظام کی فکر کیا کرتے ہین اور اس مقدمہ مین
اہل فرانس کے ہم مشرب ہین اُنکے نزدیک تو ان خرابیون کے انسداد کی تدبیر یہ ہے کہ اہلکاران
سرکاری کو زیادہ اختیارات دیے جائین اور شیوخ وعمدگان موقوف ہوکر اُنکی جگہ پہ
عہدہ داران گورنمنٹ مقرر کیے جائین۔ مگر میرے نزدیک یہ تدبیر اُن خرابیون سے بھی بدتر ہے
جو فی الحال موجود ہین قدیم دستورات کو جو عامۂ خلائق کے اغراض ضروریہ وحوائج یومیہ کے سا تھ
مثل شیر وشکر آمیختہ ہوگئے ہین بالکل مٹا دینا اور غیر ملک کے اختراعات کو اُنکی جگہ پر جاری کرنا
ہمیشہ ایک خطرناک امر ہے۔ ایسا انقلاب عظیم صرف اسوقت عمل مین لایا جاے جبکہ دستورات
موجودہ تدریجاً اصلاح پذیر نہون اور جبکہ انتظام جدید مین کامیابی کے بہت مضبوط
دلائل اور نہایت قوی قراین موجود ہون۔ مگر اس مقدمہ مین جسکی تحقیق ہم کررہے ہین اُن
دونون باتون مین سے کوئی بات بھی نہین پائی جاتی ہے مصر کے انتظام دیہی مین صدی رواں
مین اصلاح ہوچکی ہے اور اور زیادہ ترقی ہوسکتی ہے مگر یہ نیا انتظام جو تجویز کیا جاتا ہے
انجام کار اسمین ناکامی کے سواے اور کچھ امید نہین ہے اپنے پہلے قول کی تائید مین کچھ مختصر احوال
ان تغیرات کا بیان کرتا ہون جو خدیو حال کے خاندان کے عہد حکومت مین مصر کے

انتظام دیہی مین واقع ہوے ہین -
جب صدی رواں کی ابتدا مین محمد علی پاشا نے مملوکون کی حکومت کو غارت
کر دیا تو اُسنے فلاحین کو ایسی حالت مین پایا جسکو غلامی کی حالت کہہ سکتے ہین - ہر ایک
خاندان کو اراضی دیہی کے ایک جزو کی منفعت ملتی تھی مگر کسی کا حق زمینداری محفوظ نہ تھا
کیونکہ کل اراضی مال سرکار سمجھی جاتی تھی اور جو کسیقدر زمین چند روز کے لیے کسانون کے
خاندان کو دیدی جاتی تھی اسمین کھٹکا رہتا تھا کہ ٹیکس کا ٹھیکہ دار یا اُسکا قائم مقام یعنی شیخ
جب چاہیگا اس اراضی کو کم کر دیگا یا اُسکے بدلے اور اراضی دیدیگا - اس مشکوک و مذبذب حالت
مین کسان بالکل حکام دیہی کے قابو مین رہتے تھے - اُس پیمایش اور رجسٹری اراضی سے جسکی
ابتدا ۱۸۱۳ع مین ہوئی تھی اس خرابی مین بہت بڑی اصلاح ہوئی - پیمایش مذکورے یہ
فائدہ ہوا کہ ہر خاندان کو ایک محدود حصہ اراضی کا ملگیا جو اُسکے قبضہ مین بلا شرکت شیخ یا
عمدہ کے رہا - اور بعد ازان مختلف احکام اس مقدمہ مین صادر ہوے علی الخصوص وہ قانون
جو سعید پاشا نے ۱۸۵۸ع مین جاری کیا تھا اور جسپر مصر کا واقعی انتظام زمینداری مبنی ہے
ان احکام و قوانین کی برکت سے کاشتکار اس اراضی کا عملاً مالک ہو گیا ہے جسکی وہ صرف
منفعت پیشتر پاتا تھا اور جسمین اُسکا استحقاق بالکل مذبذب تھا - اور شیوخ اور عمدگان کی
وہ مطلق العنانی جو سابق مین اُنکو حاصل تھی اب بہت کم ہو گئی ہے اور ظلم ستانی اور خیانت کے
جو موقعے اُنکو ملتے تھے وہ بھی انتظام مال کی اُن اصلاحات کے باعث سے جو انگریز و
فرانسیس کے عہد نظارت مین عمل مین آئے ہین اب بہت کم ہو گئے ہین مگر اب جو سب سے
بڑا آلہ ظلم کا اُنکے ہاتھ مین رہ گیا ہے وہ یہ ہے کہ وہ لوگون کو فوج مین بھرتی ہونے اور
تعمیرات سرکاری مین بیگار کا کام کرنے کے لیے نامزد کر دیتے ہین اور یہ آلہ اُنسے چھین لینے کی
سب سے آسان تدبیر یہ ہے کہ فوج مین لوگون کو زبردستی بھرتی کرنے اور اُنسے بیگار کام
لینے کا جو قاعدہ بالفعل جاری ہے اُسمین بھی اسی قسم کی اصلاحین کیجائین جیسی تحصیل ٹیکس کے

انتظام مین کی گئی ہین - پھر جو خرابیان باقی رہجاتی ہین انکی اصلاح اُن جدید دیسی حکمون کے
ذریعہ سے ہوسکتی ہے جو اب مقرر ہونے والے ہین اور انکی کارروائی کی نگرانی کے لیے انسپکٹر
مقرر ہوسکتے ہین جو ہمیشہ دورہ کیا کرین - مگر یہ امید کرنی بیکار ہے کہ انتظام دیہی اسوقت تک
پاک و پاکیزہ رہیگا جب تک کہ حکام صدر کی وہ کیفیت باقی رہیگی جو سابق مین بیان کی گئی -
میرے نزدیک یہ مختصر تقریر اس امر کے ثبوت کے لیے کافی ہے کہ مصر کے انتظام
دیہی کو محض لغو اور غیر قابل اصلاح نہ سمجھنا چاہیے - اور یہ تجویز تو لائق توجہ بھی نہین ہے کہ انکو
موقوف کرکے انکے مقام پر اہل کاران سرکاری مقرر کیے جائین اسواسطے کہ اس تجویز سے
مصارف ملکی بہت زیادہ ہوجائینگے جنکا تخمینہ یا اندازہ غالباً مجوزین نے نہین فرمایا ہے -
اور اگر بالفرض خرچ کو اسقدر بڑھا دینا ممکن بھی ہو تو بھی مین پوچھتا ہون کہ اتنے دیانت دار
اور معتبر اہل کار کہان سے آئینگے - مصر مین تو ایسے اہل کار بہت کم ملین گے -
سابق مین بیان کیا گیا کہ جو تغیرات انتظام زمینداری مین ہوے ہین انکا اثر نیک ص ۲۳۲
یہ ہوا ہے کہ شیوخ اور عمدگان کے خودسرانہ اختیارات محدود و مقید ہوگئے ہین مگر
انکا اثر یہ ہوا ہے کہ جو کاشتکار بہت غریب ہین انکی زمینداریان جاتی رہی ہین محمد علی
کے عہد حکومت مین ہر کاشتکار کا خاندان ایک حصہ ارضی دیہی مین پاتا تھا جیسا سابق
مین بیان کیا گیا مگر آج کل ہزارہا کسانون کے خاندان ایسے ہین جو کچھ بھی زمین نہین رکھتے
ہین اور بمجبوری محنت مزدوری کرتے ہین یا اپنے جوار کے متمول لوگون سے کم و بیش سخت
شرائط پر ساجھا کر لیتے ہین - مین نہین کہہ سکتا کہ یہ کسان جنکے پاس ایک بیگہہ بھی اپنی ذاتی
زمین نہین ہے دیہات کی آبادی سے عموماً کیا نسبت رکھتے ہین مگر مین یہ جانتا ہون کہ
بعض دیہات مین اکثر اسی قسم کے کسان آباد ہین پس جو ارضی سابق مین سب پر برابر
منقسم تھی اب وہ صرف چند آدمیون کے قبضہ مین آتی جاتی ہے اور لوگون کے اسباب معیشت
اور طرز معاشرت مین سطور سے انقلاب عظیم ہوا ہے مگر کوئی خبر نہین لیتا - اسکی اور

زیادہ کیفیت باب آیندہ مین عرض کی جائیگی۔

اگرچہ فلاح زمیندارون کی مقدار بہت کم ہوگئی ہے تاہم اراضی دیہی اب تک
بہت چھوٹے چھوٹے ٹکڑون مین منقسم ہے۔ عموماً ہر گانون کی زمین مین بڑے بڑے حوض یا تالاب
آب پاشی کے لیے بنے ہوے ہین اور ان تالابون سے پتلی پتلی چٹین بلکہ بہت بڑی دور تک
چلی گئی ہین اور بعض چٹین تو عرض مین چند گز سے زیادہ نہین ہین اور اگرچہ مختلف زمیندارون
کی ہین مگر انکے درمیان کوئی حد فاصل نہین دکھائی دیتی نہ کوئی علامت حد بست نظر آتی ہے
کسان زمیندار عموماً متعدد چٹین اس قسم کی رکھتا ہے اور کبھی ایک زمیندار کے پاس بیس یا تیس ۲
چٹین ہین اور اراضی دیہی کے مختلف حصون مین واقع ہین مثلاً ایک گانون کی جدید
پیمایش کو دیکھکر مین نے یہ حساب لگایا ہے کہ ۴۰۰ ایکڑ اراضی دیہی مین اس قسم کے حصے یا لاٹ
ہین اور یہ ۷۰۰ حصے ہین جنکی مقدار پچاس گز مربع سے ستائیس ایکڑ تک ہے اور جو چھتیس
زمیندارون مین منقسم ہین سب سے چھوٹے زمیندار پاس صرف چند جریب اراضی ہے اور
سب سے بڑے زمیندار پاس تینتیس ۳۳ ایکڑ زمین آٹھ حصون مین منقسم ہے۔ ہر مالک اراضی پاس
اٹھارہ حصون سے کم نہین ہین مگر تعجب یہ ہے کہ ان سب کا مجموعی رقبہ صرف پانچ ایکڑ کا ہے۔

اراضی دیہی کے ذکر سے خواہ مخواہ یہ خیال آتا ہے کہ اسمین کیا کیا چیز پیدا ہوتی ہے
مگر چونکہ ایسے سوالات انتظامات دیہی کے مضمون سے کچھ تعلق نہین رکھتے ہین اور از بسکہ
ایسے سوالات سے غالباً ہمکو کچھ عجیب و غریب اور شاید طولانی خیالات اس حیرت انگیز
ترقی کی نوعیت اور اسباب کے بارہ مین پیدا ہونگے جو مصر کے اسباب معیشت مین
نسل موجودہ اور نسل سابق کی مدت بقا مین واقع ہوئی ہے لہذا میرے نزدیک ایک
نیا باب شروع کردینا موافق عقل سلیم بھی ہے اور آسانی کا باعث بھی ہے۔ اگر ناظرین
با تمکین اجازت دین تو باب آیندہ اس عنوان سے معنون کیا جاے "فلاح بر سرکار" فقط۔

# باب ہفتم

## فلاح پر سرکار

یعنے

جب فلاحین اپنے کام مین مصروف ص ۲۳۴
ہوتے ہین اُسوقت اُنکی کیا کیفیت ہوتی ہے

یہ بات مشہور و معروف ہے کہ کاشتکار بمقتضے اپنی طبیعت اور اپنے پیشہ کے چڑچڑے ہوتے ہین یعنے ہمیشہ شکایت کیا کرتے ہین اور جب شکایت کرتے ہین موسم کی کرتے ہین۔ مگر اور امور کی طرح اس امر مین بھی مصر اس عام قاعدہ سے مستثنےٰ ہے۔ اگر آپ اس لمبی سی زمین کی چٹ سے جو ساحل بحیرہ روم کے قریب دور تک چلی گئی ہے قطع نظر کرکے مصر مین دنون بلکہ مہینون سیاحت کیا کرین تو بھی موسم کی شکایت یا اُسکی جناب مین کوئی سو ادب کا کلمہ کسی سے کبھی نہ سنیئے گا۔ یہ بھی ایک عجیب و غریب امر ہے اور اسکی وجہ یہ ہے کہ مصر مین کوئی ایسی چیز ہی نہین ہے جسکو موسم کہ سکین اور صدہا بلکہ ہزارہا باتون مین سے انسان کو موسم کا ذکر بہت مرغوب ہے علی الخصوص شمالی ملکون مین لوگ موسم کا ذکر اکثر کیا کرتے ہین مگر کمبخت فلاح اس نعمت عظمیٰ سے محروم ہے وادی رود نیل ودوآبہ مصر کے شمالی حصہ مین آسمان پر کبھی ابر نہین دکھائی دیتا اور آلہ مقیاس الموسم ہمیشہ ایک درجہ پر اور ایک حالت مین رہتا ہے اگر نہر سویز جاری کرنے سے اور القاہرہ کے جس محلہ مین اہل یورپ رہتے ہین اُسمین درخت لگانے سے اور ایسے ہی ایسے اور کفر آمیز اختراعات سے جنکو کفار عمل مین لائے

ہین مصر کی غیر متغیر آب وہوا مین چند روز سے کچھ تغیر شروع ہوا ہے تو وہ تغیر اس سے زیادہ نہین ہے کہ موسم سرما مین تین چار چھینٹے پڑجاتے ہین مگر ان چھینٹون کے برسنے یا نہ برسنے کی کاشتکارون کو اور لوگون سے کچھ زیادہ فکر نہین ہوتی ہے کیونکہ انکو مقاصد زراعت کے لیے پانی کی امید ابر سے نہین ہوتی ہے جسکے آنے نہ آنے یا برسنے نہ برسنے کو کچھ اعتبار نہین ہے بلکہ پانی کی امید انکو دریاے نیل سے رہتی ہے جو ہمیشہ انکی حاجت وافی کو موجود رہتا ہے۔ فی الواقع مصر کی سرزمین بھی عجب ولایت ہے جہان زمانہ سلف مین فراعنہ حکمران رہے تھے اور جہان کاشتکارون کو موسم کی شکایت کبھی نہین ہوتی بلکہ عوام الناس کی زبان سے بھی فصل کا شکوہ کبھی نہین سنا۔

مگر یہ نہ سمجھے گا کہ یہ قدیم ولایت جسکے رموز و اسرار کچھ عالم الغیب ہی خوب جانتا ہے کاشتکار کے لیے دنیا مین بہشت ہے جہان اسکو کسی کا کھٹکا بھی نہین ہے بقول شاعر ع بہشت آنجا کہ آزارے نباشد ۔ ہمنے مانا کہ اللہ میان فلاحین کے حال پر بہت مہربان ہین اور انکو مینہون کی بارش اور ہواے سرد اور ژالہ باری اور باد سموم اور اسی قسم کے اور تغیرات موسم کا کچھ خوف نہین ہے جنکے باعث سے شمالی ملکون مین زراعت ایسا پیشہ ہوگیا ہے جسمین جوکھم بہت اور فائدہ کم ہے۔ فی الواقع مصر مین آسمان ہمیشہ صاف اور شفاف رہتا ہے اور رات کو شبنم بھی پڑتی ہے تو فصول معینہ مین پڑتی ہے اور آثار محشر مثل آندھی اور طوفان یا شعلہ ہاے جبال آتش فشان کے کبھی نہین نمایان ہوتے جنھین دیکھکر مخلوقات الٰہی کو اپنے خالق کی حکمت بالغہ مین معاذ اللہ کچھ شک پیدا ہو یا انکے توکل مین بٹہ لگے۔ سال مین ہر مہینہ کا اوسط اعتدال فصل صحت تمام معلوم ہوجاتا ہے اور دریاے نیل جسکو بحر رحمت کہنا چاہیے اس ملک کی زراعت کو بارش کا نفع بخشتا ہے اور اسمین مد و جزر ہر سال ایسے اوقات معینہ پر اور اس خوبصورتی سے ہوا کرتا ہے کہ اہل مصر کو لازم ہے کہ چلنے پھرنے اور بات چیت کرنے مین اسکی تقلید کیا کرین مگر باوجود

ان نعمات متکاثرہ کے فلاح افکار اور صعوبات دنیا سے بری نہین ہے اور جو ظلم وجفا وہ شیوخ ستم شعار اور عمدگان حریص و مکار کے ہاتھ سے سہتا ہے وہ کھاتے مین ہے ہر سال دیون بلکہ حقیقتاً ان وہ ایک عجیب ضغطہ کے عالم رہتا ہے اور کبھی تو ایک ہی رات مین اسکے پاس مال دنیا مین سے کچھ بھی نہین باقی رہتا اور سارے ملک مین قحط شدید اکثر پڑا کرتا ہے۔

ہر سال جو ایسے ایسے افکار فلاحین کو لاحق رہتے ہین اور ایسی ایسی بلائین اُنپر نازل ہوتی ہین تو اسکا سبب یہ ہے کہ اگرچہ دریاے نیل مین مد وجزر یعنی جوار بھاٹا ٹھیک اوقات معینہ پر آتا ہے مگر جو پانی وسط افریقہ کے پہاڑون سے اس دریا مین آتا ہے اسکی کوئی مقدار نہین معین ہے اور انسان کی عقل اسوقت تک حیران ہے کہ کیا تدبیر کیجاے جس سے دریاے نیل کے اس تلون سے کوئی خرابی نہ پیدا ہونے پائے۔ تقریباً نو مہینے تک تو یہ عظیم الشان دریا رفتہ رفتہ گھٹا کرتا ہے اور قریب ۲۶ جون کے بڑھنا شروع ہوتا ہے اور اسکے بڑھاو گھٹاو کو فلاحین ہر روز کس نظر حسرت سے دیکھا کرتے ہین کہ معاذ اللہ۔ اُن واقعات سے تو وہ مطلق آگاہ نہین ہین جو قاہرہ کے قریب آلۂ مقیاس النیل سے دریافت ہوے ہین مگر انکو کچھ ایسے قدیم علامات اور طریقے معلوم ہین جنسے وہ قیاساً دریافت کرلیتے ہین کہ یہ سیلاب آخر کو کہانتک پہونچیگا اور پانی کتنا رہیگا۔ اس ساکت و صامت دریا کے پانی مین کدورت یعنے سیلاپن اور سرخی رفتہ رفتہ آتی جاتی ہے یہانتک کہ اسکا دھارا بڑھتے بڑھتے ایک سیلاب عظیم کی شکل پیدا کرلیتا ہے اور وسط ستمبر کے آخر تک اسکا پانی کنارون کے اوپر چڑھ جاتا ہے اور ان قدرتی کنارون پر جو مصنوعی باندھ بنائے گئے ہین انکے پیندے سے ٹکراتا ہے۔ پس یہ وقت بڑا کٹھن ہوتا ہے۔ کبھی کسی عاشق نے اپنے معشوق کی ہر ایک حرکت اور اُسکے چہرہ کے رنگ بدلنے کو یا ین خیال کہ دیکھین ہماری تقدیر مین کیا لکھا ہے اس نظر اشتیاق سے نہ دیکھا ہوگا جس نگاہ حسرت سے اُسوقت ص ۲۳

مصر کا کسان اس دریاے قہار کو موج زن دیکھکر اپنے دل مین اندازہ کر لیتا ہے کہ اس
سال ہمارے ملک مین ارزانی ہوگی یا قحط پڑیگا۔ اگر پانی تھوڑا سا بڑھکر رک گیا تو کمتر
اراضیات سیراب ہونگے اور جو قطعات ارضی ذرا بلندی پر واقع ہین انمین تو مطلق
زراعت نہوسکیگی پس جو زمیندار زیادہ آسودہ حال ہین انکے یہان بھی غلہ کم پیدا ہوگا اور جو
پریشان حال ہین وہ تو تباہ ہوجائینگے اور فاقہ کشی کی نوبت آجائیگی۔ لہذا اگر پانی گھٹنے
کے بدلے بڑھتا جاے تو غم کی جگہ خوشی ہوتی ہے لیکن اگر سیلاب حد اعتدال سے تجاوز کرنا
شروع کرے تو وہ شادی مبدل بہ غم ہوجاتی ہے اور عجب تہلکہ پڑجاتا ہے۔ معمولی سیلاب
کو مصر کے لوگ نیل سلطانی کہتے ہین اور اسکی حقیقت یہ ہے کہ اکیس درجہ تک پانی بلند ہوتا ہے
اور اگر بائیس درجہ سے بھی تجاوز کر جاے تو باندھون کے ٹوٹ جانیکا خوف رہتا ہے اور اگر
وہ ٹوٹ گئے تو قیامت نازل ہوئی دریا کا پانی جوش مارتا ہوا کل اراضی مزروعہ مین کوسون بلکہ
منزلون تک پھیل جاتا ہے اور اسکی طغیانی سے موت کا بازار گرم ہوجاتا ہے اور ہر سو ہلاکت کا
سامنا رہتا ہے۔ پس اس خیال سے کہ مبادا پانی باندھون کو توڑکر نکل جاے مرد و زن
صغیر و کبیر سب ملکر پانی کو نکالنے پر کمر باندھتے ہین جیسے ناخدایان اور مسافران
جہاز اسوقت جب جہاز مین سوراخ پڑجاتا ہے اور پانی اندر آنے لگتا ہے کلون سے
پانی نکالنے لگتے ہین۔ بڑے بڑے قوی ہیکل جوان ہاتھون مین کلھاڑیان اور ٹوکریان
اور لالٹنین لیے ہوے اپنے شیخ کے حکم سے باندھون پر شب و روز مستعد رہتے ہین
اور شیوخ انجنیران اور حکام ضلع کے حکم سے انکو تاکید کیا کرتے ہین۔ جو ہین کسی باندھ
سے پانی بہ جانے یا اسکے شکست ہوجانے کے آثار معلوم ہوتے ہین وہین صدہا بلکہ
ہزارہا آدمی اس مقام پر جمع ہوکر اسکو مضبوط اور بلند کرنے کی یہ تدبیر کرتے ہین کہ ٹوکریون
مین مٹی بھر بھر کے یا سنٹھے یا گنے کے مٹھے باندھکر اور درختہاے خرما کی شاخین
اور تنے لیکر بے تحاشا اسپر پھینکنا شروع کرتے ہین اور عورتین اور بچے اپنا اسباب

اور مواشی کو اُس آفت رسیدہ گانون سے کسی مقام محفوظ پر لے جاتے ہین یہی خوف
دہر اِس دو تین ہفتون تک برابر رہتا ہے - اکثر تو اس جہاد مین مجاہدین ظفریاب ہوتے ہین
مگر کبھی کبھی وہ مغلوب بھی ہوجاتے ہین اور جب دریا غالب آجاتا ہے تو وہ گانون جو
نشیب مین واقع ہین اور جنکی چار دیواری خشت خام کی ہے پانی مین اس طرح گھل جاتے
ہین جس طرح شکر چاے کی پیالی مین گھل جاتی ہے - ایسی صورتون مین نقصان جان و
مال عموماً بہت زیادہ نہین ہوتا ہے کیونکہ گانون والون کو پیشتر ہی سے معلوم ہوجاتا ہے
کہ یہ آفت آنے والی ہے اور وہ اپنے مال و اسباب کو لیکر چمپت ہوتے ہین اور وہ
کچھ جھونپڑے تھوڑے سے صرف سے پھر بن سکتے ہین مگر ہزارہا مثالین کاغذات سرکاری مین
موجود ہین جنسے معلوم ہوتا ہے کہ سیلاب نے رات کو چور کیطرح آکر ہزارہا آدمیون کو
ہلاک کر ڈالا - مثلاً ایک مرتبہ ایک گانون مین سیلاب آیا اور اُسکے باشندے اپنے تئین
اسوجہ سے محفوظ سمجھے کہ گو اُنکے مکانات نشیب مین ایک خطرناک مقام پر واقع تھے مگر
انکے گرد ایک مضبوط اور بلند باندھ بنا ہوا تھا لیکن اہل دیہ کی شومی طالع سے اس
باندھ مین لومڑیون نے ایک مقام پر سوراخ کر دیا تھا اور یہ بھید کسیکو معلوم نہ تھا -
پس پانی اس سوراخ مین سے بہنے لگا اور بہتے بہتے شب کیوقت ایسا سیلاب عظیم آیا
کہ اُس گانون مین تقریباً ہر شخص ہلاک ہوگیا -

پس معلوم ہوا کہ دریاے نیل اگر دوست صادق ہے تو دشمن جان بھی ہے
ہرسال اس مسئلہ عملی کو حل کرنا پڑتا ہے کہ وہ کیا تدبیر کیجاے جس سے دریا کی طغیانی کم
ہوجاے اور وہ زمین کو سیراب کر دیا کرے کہ یہی اُسکا کام ہے" اب مین یہ بیان
کرتا ہون کہ یہ مقصد کیونکر بر آتا ہے مگر پہلے مین مصر شمالی کی کیفیت عرض کرونگا جہان
سیلاب سے آبپاشی کرنے کا قدیم طریقہ فراعنہ مصر کے وقت سے اب تک برابر جاری
چلا آیا ہے اُسکے بعد مصر جنوبی کی کیفیت عرض کرونگا جہان اُس زمانہ کا پیچیدہ طریقہ

آب پاشی کا جاری ہے۔

قدیم طریقہ آب پاشی کا اگرچہ بعض اعتبارات سے جنکو بیان کرنا کچھ ضرور نہیں ہے پیچیدہ ہے مگر اپنے اوصاف ذاتی کے لحاظ سے آسان ہے اُسکی پہلی شرط یہ ہے کہ دریا میں باندھ باندھ دیے جائیں تاکہ جو مقدار پانی کی زمین کو تر اور سرسبز و شاداب کرنے کے لیے درکار ہے وہ حسب ضرورت معین اور منضبط ہو جاے مگر یہ کچھ ضرور نہیں ہے کہ اسیقدر پانی باندھ کے پیچھے جمع ہے جسقدر درکار ہے اُس سے زیادہ نہ جمع ہونے پائے۔ البتہ یہ ضرور ہے کہ پانی سطح زمین پر برابر تقسیم ہو اور اسوقت تک ٹھہرا رکھا جاے جب تک کہ وہ مٹی جو پانی میں رُکی ہوئی ہے اور جو خشک زمین کو شاداب کر دیتی ہے تہ نشین ہو جاے۔ لیکن چونکہ وادی نیل کی سطح ڈھال ہے یعنے تدریجاً نیچی ہوتی چلی گئی ہے لهذا اگر سیلاب کے پانی کو باندھوں کے پیچھے لاکر یونہیں چھوڑ دیتا تو وہ سارے ملک پر مثل ایک دریاے قہار کے چڑھ آئے اور اُس سے فائدہ ہونا تو بجیر تباہی و بربادی کا اندیشہ ہو۔ اس خرابی کے انسداد کے لیے مٹی کے باندھ اونچے اونچے اور آڑے آڑے بنا دیے جاتے ہیں۔

یہ بڑے بڑے لمبے لمبے باندھ دریا کے کنارہ سے پہاڑیوں کے نیچے تک برابر چلے گئے ہیں اور اُنسے ایک سلسلہ بڑے بڑے حوضوں کا بنگیا ہے اُنمیں جو سب سے بڑے حوض ہیں وہ تقریباً اسی ہزار ایکڑ کے رقبہ کو گھیرے ہوے ہیں جب ماہ جولائی میں دریاے نیل چڑھنا شروع ہوتا ہے تو یہ حوض نہروں اور نالیوں کے ذریعہ سے رفتہ رفتہ بھر جاتے ہیں اور جب تقریباً ستر روز کے بعد دریا گھٹنے لگتا ہے تو نالیوں کو کھولدینے سے یہ حوض خالی ہو جاتے ہیں یا صرف باندھوں کو نیچے سے کاٹ دینے سے خالی ہو جاتے ہیں۔

جب ماہ اکتوبر میں یہ بڑے بڑے حوض خالی ہوتے جاتے ہیں تو کسانوں کی

بن آتی ہے کیونکہ تقریباً دو مہینے تک تو وہ خالی ہاتھ پر ہاتھ رکھے بیٹھے رہتے تھے
اب بقول شخصے کہ اپنی روٹی کا سہارا پانی مین ڈھونڈھنے لگتے ہین یعنے سیلاب کی وجہ سے
جو کیچڑ سی ہو جاتی ہے اُسمین گیہون جو جوار باجرا وغیرہ بوتے ہین۔ ہل چلانے یا زمین کو
کوڑنے کی ضرورت نہین ہوتی بلکہ جوان مرد یا لڑکے جو گویا بالکل برہنہ ہوتے ہین
تخم کو گیلی مٹی مین چھڑک کر بیلچون یا درخت خرما کی شاخون سے اُسکو مٹی مین دبا دیتے ہین
اور جب ان سب چیزون کے بونے سے فراغت ہو جاتی ہے تو اکثر رعایا کو لیکر تعمیرات
سرکاری مین یعنے سڑکون وغیرہ پر کام لیتے ہین اور مارچ کے مہینہ مین وہ سب لوگ
فصل کاٹنے کے لیے واپس آتے ہین۔ اور تقریباً تین مہینہ تک غلہ کو کاٹنے بنانے
اور صاف کرنے مین مصروف رہتے ہین۔ جس ترکیب سے غلہ مصر مین کاٹا بنایا اور
صاف کیا جاتا ہے وہ ان محققین عمارات قدیم کو بخوبی معلوم ہے جنھون نے قدیم مصریون
کے رسوم و عادات کو بادشاہان سلف کی یادگار عمارتون پر مکتوب دیکھا ہے مصر شمالی
مین آج کل فلاح (مثل اپنے بزرگان سلف کے جنکو پانچ ہزار برس کا عرصہ گذرا ہے
اور جو اُس زمانہ سے بھی کہین پیشتر تھے جس زمانہ مین حضرت موسیٰ بنی اسرائیل کو
مصر سے نکالکر ارض کنعان یعنے بیت المقدس مین لے گئے تھے) غلہ کو کھلیان کے
لیے اُنچی زمین مین ڈالکر موگہریون سے کوٹتا ہے یا ایک خاص قسم کے آلہ سے جو گاڑی
کی قطع کا ہوتا ہے اور جسمین بیل جتے ہوتے ہین اُسکو روندکر ایک چوڑے سے بیلچے سے
اُسکو اوپر اچھالتا ہے تاکہ ہوا کے زور سے صاف ہو جاوے۔ جب یہ کام ختم ہو جاتا ہے
تب وہ زمانہ آتا ہے جب سیلاب سے بچنے کا سامان کیا جاتا ہے یعنے وہ نہرین صاف
کی جاتی ہین جنکے ذریعہ سے پانی بڑے بڑے حوضون مین جاتا ہے اور باندھون
کی مرمت کیجاتی ہے اور دریا کے کنارے مضبوط کیے جاتے ہین ان باتون کے
لیے اُس سے بہت زیادہ محنت درکار ہے جتنا عموماً گمان کیا جاتا ہے مثلاً جب

کسی باندھ کو اسلیے کاٹ دیتے ہین کہ اونچے حوض مین سے پانی نیچے حوض مین گرے اور اُسکے کاٹنے سے گڑھا پڑجاتا ہے تو اُس گڑھے کو بھرنے مین ہزار آدمی مہینہ ڈیڑھ مہینہ تک معروف رہتے ہین اور چونکہ حکام کو بعض وجوہ سے جو آگے چلکر بیان کیے جائینگے اسمین اپنا نفع ذاتی متصور ہے کہ بیگار کام کرنے والے قلیون کو اُنکے گانون سے پکڑ پکڑکر کہین دور سڑک وغیرہ بنانے کو بھیجدین لہٰذا وہ ایسا ہی کرتے ہین جس سے بیچارے قلیون کو فضول محنت کرنی پڑتی ہے اور اُنکی اوقات مفت ضائع ہوتی ہے اور جو کچھ اُنکے کھلانے پلانے مین خرچ ہوتا ہے وہ اس سے علاوہ ہے پس کل مصر شمالی مین آبشار اول سے لیکر السیوط تک فلاحین کے سنہ فصلی سے اُنکے کاشتکاری کی یہ کیفیت ہے جو مجملاً بیان کی گئی۔

اس قدیم طریقہ زراعت سے یہ فائدہ ہے کہ جتنی مشقت کرنی پڑتی ہے اور جتنا روپیہ صرف ہوتا ہے اُس سے بہت زیادہ غلہ وغیرہ پیدا ہوتا ہے مگر اس قدر پیداوار بھی مصر کی زمین اور آب ہوا کی پوشیدہ خاصیتون کے مقابلہ مین بہت کم ہے تقریباً نصف سال تک تو زمین بے کاشت اور رعایا بیکار پڑی رہتی ہے کیونکہ موسم گرما مین مٹی خشک ہوکر پتھر کے مانند سخت ہوجاتی ہے اور اسے بالکل نہین ٹوٹ سکتی اور فصل خریف مین کئی فیٹ پانی مین غرق رہتی ہے۔ علاوہ اسکے سیلابی آب پاشی کے طریقہ سے اُن اشیا کا پیدا ہونا محال ہے جنسے نفع کثیر ہوتا ہے جیسے مثلاً جوار۔ روئی اور گنا ہے کیونکہ اِن چیزون کی کاشت مین سیچائی فصل ربیع مین ہونی چاہیے مگر اس فصل مین دریاے نیل اُتار پر ہوتا ہے اور اگر فصل خریف مین جو دریا کے چڑھاو کا زمانہ ہے انکی کاشت کیجائے تو سیلاب اور طغیانی آب سے بالکل تباہ و برباد ہوجائین پس اگر مصر جیسے ملک کی زمین سے زیادہ سے زیادہ پیداوار حاصل کرنی منظور ہو تو یہ ضرور ہے کہ سیلابی طریقہ آبپاشی کو موقوف کرکے ایک دائمی طریقہ آب پاشی کا جو سب فصل کے لیے مناسب موزون ہو

اور جس سے کھیت بالکل تو پانی میں نہ ڈوب جائین مگر سال بھر پانی اُنمین باِفراط موجود
رہے جاری کیا جاے بہت قدیم زمانہ سے مصر کے کاشتکار اِس امر سے خوب واقف
ہین اور جن خوش نصیب کاشتکارون کی زمین دریا سے ملحق یا کسی نہر سے متصل ہے
وہ مدت سے اُسی طریقہ کو عمل مین لا رہے ہین جس سے پیداوار افراط کے ساتھ ہوتی ہے
لیکن دریاے نیل کے بڑھاؤ کے زمانہ مین باندھ وغیرہ باندھکر اپنے کھیتون کو سیلاب
سے بچاتے ہین اور دریاے مذکور کے اُتار کے زمانہ مین شدوف اور سقیہ اور اسی
قسم کی اور آسان تدبیرون سے جنکی کیفیت سے سیاحان وادی نیل خوب واقف
ہین پانی سینچتے ہین۔ محمد علی پاشا کے عہد حکومت تک جو صدی رواں کے نصف
اول مین شروع ہوا تھا یہ نافع طریقہ آبپاشی کا کثرت کے ساتھ مصر مین نہین جاری
ہوا تھا اور اب تک یہ طریقہ وو آبہ کے ملک اور اضلاع متوسطہ پر محدود ہے
بلکہ مصر کے اضلاع متوسطہ مین بھی یہ طریقہ علی العموم مستعمل نہین ہے کیونکہ دشت لیبیا
کے کنارے جو ملک بڑی دور تک چلا گیا ہے اور القاہرہ کے شمال تک پہونچ
گیا ہے اسمین وہی قدیم طریقہ اب تک جاری ہے اور ابتک وہی بڑے بڑے حوض جنمین
سیلاب کا پانی بھر جاتا ہے آبپاشی کے کام مین لائے جاتے ہین یہی وجہ ہے کہ جو
سڑک القاہرہ سے اہرام مصریہ کو گئی ہے اُسکے دونون طرف فصل خریف مین
کھیت بالکل پانی مین ڈوبے رہتے ہین مگر جو کھیت پل سے اسوقت دکھائی دیتے
ہین جب القاہرہ سے جنوب کی جانب نہر ابراہیمیہ کے کنارے کنارے اسیوط
کو جائیے وہ یا تو بالکل خشک ہوتے ہین یا کچھ تھوڑے بہت سینچے ہوے ہوتے ہین
دو آبہ کے اضلاع جنوبی مین بھی جہان دھان بویا جاتا ہے سیلابی طریقہ آبپاشی کا جاری ہے
جہان جہان یہ زیادہ تر نافع طریقہ آبپاشی کا جاری ہے وہان وہان فلاحین کے
زراعتی اشغال زیادہ تر مسلسل اور مختلف ہین۔ باستثناء اس مدت قلیل کے جب دریاے نیل

چڑھاؤ پر رہتا ہے سال بھر فلاحین پانی بھر بھر کے اپنے کھیتون کو سینچا کرتے ہین
اور جب فصل کو بوتے ہین تو اُس مہمل طریقہ سے نہین بوتے ہین جو سابق مین بیان
کیا گیا بلکہ عنوان شایستہ سے بوتے ہین جسمین ایسے ایسے مشقت طلب کام بھی داخل
ہین جیسے ہل جوتنا اور زمین کو توڑنا۔ جن اشیا کی کاشت سے اُنکو زیادہ فائدہ
ہوتا ہے جیسے جوار روئی۔ اور گنّا انکی کاشت وہ اسطور سے کرتے ہین کہ اپنی جوت
کی کل اراضی کو تین قسم کے کھیتون مین تقسیم کر لیتے ہین اور ہر قسم کے کھیتون مین سال مین
تین بار بدل بدل کر چیزین بوتے ہین۔ روئی کی کاشت اس اُلٹ پھیر سے کیجاتی ہے
کہ مانا کہ ہست ہین جب سنہ فصلی شروع ہوتا ہے تو جو کھیت جون اور جولائی مین جوتا گیا تھا
اب اُسکے ایک حصہ مین جوار بوئی جاتی ہے اور چند ہفتون کے بعد اُسی کے دوسرے
حصہ مین ترفیل بوئی جاتی ہے۔ نومبر مین جوار کاٹی جاتی ہے اور جس زمین مین ترفیل
بوئی تھی وہ صاف کیجاتی ہے تب سارا کھیت روئی کی کاشت کے لیے تیار کیا جاتا ہے
اور فروری مین روئی بوئی جاتی ہے ستمبر مین کاٹی جاتی ہے اور اسکو کاٹ کر جوار
گیہون بونے کی تیاری فوراً کر دیتے ہین اور اکتوبر اور نومبر مین انکو بو کر اپریل و مئی
مین کاٹتے ہین تب اُس کھیت کو خریف تک یونہین بے کاشت پڑا رہنے دیتے ہین اور
خریف مین اُس کھیت کے ایک حصہ مین ترفیل اور دوسرے حصہ مین سیم بوتے ہین
تب سیم کو اپریل مین کاٹ لیتے ہین اور ترفیل کو ۱۵ جون تک کاٹ لیتے ہین یا چروا
دیتے ہین۔ ۱۵ جون کو پھر وہی سہ سالہ تبدیل فصول یعنے فصلون کا اُلٹ پھیر شروع
ہو جاتا ہے اور زمین جوار کے لیے تیار کیجاتی ہے۔ اگر اوکھ بونا منظور ہے تو روئی
کے بدلے اُسکو بو دیتے ہین اور اُسکی کاشت سے ہر سہ ماہی کے بعد تبدیل فصل مین
جسکی کیفیت بیان کی گئی کچھ بڑا فرق نہین پڑتا۔
اس طریقہ سے پیداوار تو زیادہ ہوتی ہے مگر زمین کی قوت پیداوار بہت

سلب ہو جاتی ہے اور عموماً پایا جاتا ہے کہ دریاے نیل کی گیلی مٹی زمین کو شاداب رکھنے
کے لیے کافی نہین ہوتی علی الخصوص اس حالت مین جبکہ پانی سیدھا دریا سے نہین
لیا جاتا بلکہ کسی ایسی نہر سے لیا جاتا ہے جسمین وہ گیلی مٹی تہ نشین ہو جاتی ہے ایسی
حالت مین کچھ زائد کھاد کا استعمال کرنا مناسب ہے۔ جو کھاد اکثر مستعمل ہوتی ہے وہ
ایک قسم کی مہین مہین خشک مٹی اُن ٹیلون کی ہوتی ہے جو قدیم شہرون اور دیہات کے
مواقع پر لگے ہین اُس مٹی مین کسیقدر کھاری مادہ شریک ہوتا ہے جسکی ضرورت
زمین کو ہے مگر افسوس ہے کہ اس مادہ نمکین سے بھی زیادہ شورہ اور وہ نمک جسکو
سوڈا کہتے ہین ملا ہوتا ہے اور یہ چیزین بمقدار کافی زمین مین پیشتر ہی سے موجود ہوتی
ہین بعض اوقات جب اس سے بھی قوی تر جزو کیمیائی کی ضرورت ہوتی ہے تو کسان
کبوتر کی بیٹ کو بطور کھاد کے استعمال کرتے ہین اور کبوتر کی بیٹ کو کشتیون مین لاد
لاد کر ہر سال مصر شمالی کے دیہات سے لاتے ہین۔ مگر اس قسم کی کھاد مین چونکہ صرف
بہت پڑتا ہے لہذا اسکا استعمال بہت کثرت کے ساتھ نہین ہوتا ہے۔ بلکہ قدیم شہرون
اور دیہات کے ٹیلون کی خشک مٹی بھی جسکا ذکر سابق مین کیا گیا عموماً بطور کھاد کے
نہین مستعمل ہوتی ہے کیونکہ اگرچہ یہ مٹی مفت ملتی ہے مگر اسکو بورون مین بھر بھر کر اور انکو
خچرون یا اونٹون پر لاد کر بڑی بڑی دور لیجانے مین بہت خرچ پڑ جاتا ہے۔
بہر کیف۔ چاہے کسان ان کھادون کو استعمال مین لائے چاہے نہ لائے
کوئی نہ کوئی کام اُسکو ضرور کرنا پڑتا ہے اور اُسکا وقت بیکار نہین ضائع ہونے پاتا۔
جونہین سیلاب کا پانی اُسکی زمین سے نیچا ہو جاتا ہے اسیوقت سے اُسکو روئی یا گنے
کے کھیتون کے لیے پانی بھرنا پڑتا ہے اور اُنکو دوسرے کھیت مین بونا پڑتا ہے۔
بعد ازان روئی کو کاٹ کر اُس کارخانہ مین بھیجنا پڑتا ہے جہان روئی صاف کیجاتی
ہے اور گنے کو کاٹ کر اُس مقام پر بھیجنا پڑتا ہے جہان شکر وغیرہ بنائی جاتی ہے

روئی یا گنے کو کاٹتے ہی زمین کا تردد روئی یا گنے یا جَو کی فصل جدید کے لیے کرنا پڑتا ہے اور اپریل تک تردد ہوتا رہتا ہے وہی زمانہ سیم اور جَو اور گیہون کی فصل کاٹنے کا ہے۔ تب جون اور جولائی میں ان اشیا کو کوٹ پیٹ کر اور صاف کرکے اور خچرون پر لاد کر بازارون میں بھیجتے ہین اور جوار کے لیے زمین کو تیار کرتے ہین۔ جب سیلاب منتہا کے درجہ کو پہونچ جاتا ہے تو کسان کو یہ دیکھنا پڑتا ہے کہ باندھ وغیرہ خوب مضبوط ہین اور کہین سے ٹوٹے پھوٹے نہین ہین کیونکہ اگر پانی انکو توڑکر چلا آئے تو بیچارے کسان کے مکان کو بہا لیجاے اور اسکے بال بچون کی جان کے لالے پڑجائین اور اسکے مواشی وغیرہ ہلاکت مین پڑین اور اسکی فصل استادہ بھی یقیناً تباہ ہو جائے مگر اسکے ہی عم یعنے مصر شمالی کے کسان اس خطرہ سے محفوظ ہین اور صرف اسوجہ سے محفوظ ہین کہ دریاے نیل کے بڑھاؤ کے زمانہ مین انکے یہان فصل استادہ ہوتی ہی نہین۔ الغرض مصر کے اضلاع جنوبی اور اضلاع متوسطہ کے کسانون کو سال بھر علی الاتصال ایک نہ ایک کام ضرور کرنا پڑتا ہے اور سال مین ۱۲۰ روز جو انکو سرکار کے حکم سے بیگاری کے صیغہ مین مزدوری کرنی پڑتی ہے وہ گھاتے مین ہے۔

اسمین شک نہین ہے کہ سال بھر علی الاتصال آبپاشی کا طریقہ جاری ہونے سے مصر کی پیداوار مین بہت کثرت سے افزونی ہوئی ہے۔ جو اشیا مصر سے غیر ملکون مین بسبیل تجارت بھیجے جاتے ہین انکی آمدنی گذشتہ ساٹھو برس کے عرصہ مین کئی لاکھ پونڈ سے ترقی کرکے ایک کرور پچاس لاکھ پونڈ تک پہونچ گئی ہے اور یہ افزونی اسوجہ سے ہوئی ہے کہ عمدہ تر طریقۂ زراعت اس ملک مین جاری ہوا ہے۔ مگر ساتھ ہی اسکے اس تغیر سے یہ نقصان بھی ہوا ہے کہ اسکی وجہ سے صیغۂ تعمیرات سرکاری پر نہایت شدید فرائض اور بہت سخت ذمہ داریان عائد ہوئی ہین اور افسوس ہے کہ ان فرائض کی تعمیل ایمانداری سے نہین ہوئی ہے۔ اس مطلب کی توضیح کے لیے مجھکو

یہ بیان کرنا لازم ہوا کہ مصر کی زراعت مین آب پاشی سے کیا کام نکلتا ہے۔

فصل ۲

یہ تو ہر شخص جانتا ہے کہ مصر پر کیا موقوف ہے ہر ملک کی زراعت مین آبپاشی کا خاص کام زمین اور فصل کو بقدر ضرورت رطوبت یعنی تری پہونچانا ہے۔ البتہ یہ امر لوگون کو کم معلوم ہے کہ دریاے نیل کے پانی مین چونکہ دریائی مادہ بہت ہوتا ہے لہذا اُس سے زمین کو رطوبت اور کھاد دونون چیزین ملتی ہین پس اگر اس پانی مین یہ شاداب کرنے والا مادہ اس سبب سے نہ باقی رہے کہ وہ مدت تک کسی حوض وغیرہ مین بند رہا ہے یا اس باعث سے ضائع ہو جاے کہ وہ متواتر آب پاشی کے کام مین آچکا ہے تو کاشتکار کو بے شک شکایت کا موقع ہے۔ تیسرا امر جس سے بہت ہی کم لوگ واقف ہین یہ ہے کہ نیل کے پانی کی ضرورت صرف رطوبت اور کھاد ہی کے لیے نہین ہے بلکہ اسلیے بھی اسکی ضرورت ہے کہ زمین کو پاک اور صاف رکھے اور نمکہاے شورہ اور ہر قسم کے مضر نمکون کو سطح زمین پر نہ آنے دے۔ یہ نمک شادابی کے بڑے دشمن ہین اور بالا علی کی طرف مائل بالطبع ہین اور انکو سطح زمین پر نہ آنے دینا نہایت مشکل کام ہے چونکہ زمین کے نیچے کی تہ مین مسامات کثرت سے ہین لہذا رود نیل اور نہرون کا پانی ان مسامات کی راہ سے ہمیشہ زمین کی تہ مین جذب ہوا کرتا ہے اور سیلاب کے زور سے وہ پانی رفتہ رفتہ بلند ہوتا جاتا ہے اور مضر نمکون کو پگھلا پگھلا کر بمقدار کثیر زمین کے اوپر اپنے ساتھ بہا لاتا ہے۔ پس ہر سال نمک آمیز پانی یا آب شور تہ زمین سے نکلکر اوسکے اوپر کی سطح کو تر رکھتا ہے اور اُسکے مضر اثر کو دفع کرنے کا عملی طریقہ صرف یہ ہے کہ زمین کے اوپر کی تہ کو اوپر سے پانی آکر تر رکھے تاکہ وہ رطوبت جسمین نمک شور ملا ہوا ہے اُسکی سطح تک نہ پہونچنے پائے یا اگر وہ اوپر کی سطح پر آگیا ہے تو پانی اُسکو بہا لیجائے۔ بہر تقدیر یہ دیکھنا ضرور ہے کہ پانی بے تکلف بہتا چلا جاتا ہے کیونکہ اگر وہ رکی رہے اور اسمین تبخیر ہونے لگے تو مادہ شور جو اسکے اندر ہے

عا

وہ زمین مین رہیگا اور اگر متواتر ایسا ہی ہوا کرے تو زمین کے اوپر ایک مہین پرت سفید
نمکون کی دھوپ مین چمکتی دمکتی دکھائی دیگی اور ہر قسم کے نباتات کے نمو اور روئیدگی
کی مانع و حارج ہوگی - قدیم سیلابی طریقۂ آب پاشی مین بمقابلہ اس جدید علمی طریقہ کے
جسمین آب پاشی سال بھر علی الاتصال ہوا کرتی ہے عہدہ داران صیغۂ تعمیرات سرکاری کو
ان سب پیچیدہ اور باریک باتون کا لحاظ رکھنا کچھ ضرور نہین ہے - طریقۂ قدیم آب پاشی
کے بموجب انکو صرف اتنا کرنا پڑتا ہے کہ باندھون کی مرمت کرکے انکو مضبوط و مستحکم
رکھتے ہین اور پانی کو حوضون یا نہرون کی راہ سے وقت معین پر نکالدیتے ہین اور جو
کچھ کام باقی رہ جاتا ہے اُسکو سیلاب خود کرلیتا ہے یعنے ہر کاشتکار کو ایک واجبی حصہ
پانی اور شاداب کرنے والے مادہ کا سیلاب سے حاصل ہوتا ہے اور سیلاب مادۂ شور کو
تہ زمین سے اوپر کے سطح پر نہین آنے دیتا - مگر برخلاف اسکے طریقۂ جدید آب پاشی
کے موافق مہتممان تعمیرات سرکاری کو صرف باندھون اور حوضون ہی کی مرمت
نہین کرنی پڑتی ہے بلکہ مفصلۂ ذیل دقتون کو رفع کرنے کی بھی تدبیر کرنی پڑتی ہے
یعنے ہر ایک کاشتکار کے لیے چاہیے اسکی زمین دریا سے کتنی ہی دور ہو بقدر اسکی ضرورت
کے پانی سال بھر مہیا کرنا پڑتا ہے اور یہ فکر کرنی پڑتی ہے کہ پانی کے رُک رہنے کی وجہ
سے یا اور کسی سبب سے شاداب کرنے والا دریائی مادہ اُسمین سے نہ جاتا رہے
اور پانی کو نہرون مین حتی الامکان بہت بلند رکھنا پڑتا ہے تاکہ اُسکو نہرون سے
کھینچکر کھیتون مین ڈالنے مین بہت مشقت نہ کرنی پڑے نہ بہت روپیہ خرچ ہونے
پائے اور یہ سب تدبیرین اس احتیاط سے کرنی پڑتی ہین کہ اراضی ملحق لسموانہ مین مضر مادہ
شور نہ سرایت کرنے پائے - اور بالآخر ایسی تدبیر کرنی پڑتی ہے جس سے ہر ایک
کاشتکار فضول اور زائد پانی کو اپنے کھیتون سے بہادے مگر وہ پانی قرب وجوار کے
کھیتون مین نہ جانے پائے - ان سب دقتون کو یکبارگی رفع کرنا ایک کار دشوار ہے

لہذا اس مطلب کی توضیح مین مین چند کلمات نسبت امر موسوم کے عرض کرتا ہون یعنے یہ امر
کہ پانی نہرون مین حتی الامکان بلندی پر رہے - یہ مقصد مختلف طریقون سے حاصل ہوتا ہے
ایک طریقہ یہ ہے کہ جب دریاے نیل چڑھاو پر ہوتا ہے تو نہر مین باندھ بنا کر اُسکو
حوض کی قطع پر کر لیتے ہین دوسری تدبیر یہ ہے کہ جہان سے نہر مین پانی آتا ہے
اُس مقام کو بند کر کے نلون کے ذریعہ سے نہر مین ہمیشہ پانی بھرا کرتے ہین تیسری
تدبیر یہ ہے کہ دریا مین ایک قسم خاص کا باندھ بنا کر اُسکے پانی کو اونچا کر دیتے ہین
الغرض - ان سب تدبیرون کی آزمایش کی گئی مگر لائق اطمینان نہین ثابت
ہوئین اسکا سبب کچھ تو یہ ہے کہ ان سب تدبیرون مین فی نفسہ کچھ نقص ہے مگر
اسکا باعث قوی یہ ہے کہ باندھ اور حوض وغیرہ ابتدا ہی مین ناقص بنائے گئے تھے
اور اب انکی مرمت نہین ہو سکتی یا اسمین غفلت ہوتی ہے - جب نیل کے چڑھاو کے
وقت نہر کا پانی باندھ سے روک دیا جاتا ہے اور وہ بطور حوض کے استعمال مین لائی
جاتی ہے تو اسمین بقدر کافی پانی نہین رہتا اور شاداب کرنے والے مادہ کے
نکل جانے کی وجہ سے وہ پانی خواہ مخواہ خراب ہو جاتا ہے - یہ عیوب دوسری تدبیر سے
دفع ہو سکتے ہین یعنے یہ تدبیر کہ چھوٹی چھوٹی نہرون مین نیل کا پانی نہ لایا جاے بلکہ
ایک بڑی سی نہر سے لایا جاے جو دریا کے محاذات مین برابر چلی جائے اور اس سے
بلند تر ہو - مگر افسوس ہے کہ اس قسم کی تدبیرین غفلت و سہل انگاری کے سبب سے
ناکام رہی ہین - اس قسم کی نہرین مٹی سے پٹ گئی ہین اور کاشتکارون کو افسوس ہے
کہ یہ آزمایش کیون کی گئی کیونکہ اول تو پانی کی وہی قلت ہے جو پیشتر تھی دوسرے
ص ۲۵ جو پانی نہرون سے آتا ہے وہ اُس پانی سے بھی بدتر ہے جو سابق مین دریاے نیل سے
براہ راست آتا تھا - جن مقامات سے نہرون مین پانی آتا ہے اُن مقامات پر بڑی
بڑی دو دو کلین لگائی گئین مگر اس تدبیر سے بھی مقصد برآری نہین ہوئی - اکثر صورتون

مین تو اس تدبیر سے فائدہ کم ہوا اور خرچ بہت پڑگیا اور عموماً پانی بھی بمقدار کافی نہین میسر آیا۔ ان سب تدبیرون سے زیادہ ناکامی اس تدبیر مین ہوئی جسکا مفاد یہ ہے کہ ایک قسم خاص کا باندھ بنا کر دریا کا پانی اونچا کر دیا جاے۔ تین برس کا عرصہ گذرا ہے کہ جب اس مقام پر جہان دریاے نیل کے دو ٹکڑے ہو کر دوآبہ کی صورت پیدا ہو گئی ہے بڑے بڑے فرانسیسی انجنیرون نے ایک عالیشان باندھ بنایا تھا جس سے حسن عمارت اور ہنر انجنیری دونون باتین کم و بیش نمایان تھین لیکن تھوڑے عرصہ بعد معلوم ہو گیا تھا کہ اس عمارت کی بنیاد ایسی گہری نہین رکھی گئی ہے کہ پانی کے ریلے کی مقاومت کر سکے لہذا اہتمام صیغہ تعمیرات سرکاری نے اُسکے نالون کو بند کرنے کی کبھی جرأت نہین کی ہے۔ بعض مقامات پر جو نہرون کے پانی کو بلند کرنے کا مسئلہ عملاً حل کیا گیا ہے تو اس سے بہت خراب نتائج پیدا ہوے ہین جنکی پیشتر امید نہ تھی مثلاً سابق مین طل الکبیر کے قریب بہت سی اراضی مزروعہ تھی جسکا رقبہ ۲۲۰۰۰ ایکڑ کا تھا مگر لیسپس صاحب کی نہر شیرین کی وجہ سے جو اس ضلع مین بلندی پر واقع ہے رقبہ مذکورہ کم ہو کر اب ۲۰۰۰ ایکڑ کا رہ گیا ہے۔ علی ہذا القیاس نہر ابراہیمیہ نے جس سے بنج اور اسیوط کے درمیان دائرہ سنیہ کے بڑے بڑے گنے کے کھیتون مین آب پاشی ہوتی ہے مادۂ شور خارج ہونے کے باعث سے ہزارہا ایکڑ زمین کو جو پیشتر سرسبز و شاداب تھی تباہ و برباد کر دیا ہے۔ میرا مطلب یہ نہین ہے کہ نہرون کے پانی کو اونچا رکھنے سے قرب و جوار کی اراضیات مین مادۂ شور کا ساری ہو جانا خواہ مخواہ لازم آتا ہے۔ بلکہ میری غرض صرف اتنی ہے کہ اگر اس خرابی کے انسداد کا معقول تدارک نہ کیا جائیگا تو اس خراب نتیجہ کے پیدا ہونے کا ضرور اندیشہ ہے اگر یہ بات سچ ہے (جیسا بعض معزز حکام کا قول ہے) کہ اسکا معقول اور آسان تدارک یہ ہے کہ نہر کے کنارے کنارے ایک خندق کھود دی جائے اور عموماً پانی کو نکالنے

کی تدبیر کیجاتی تو میرے نزدیک حکام موصوفین پر دوہرا الزام عائد ہوتا ہے کہ اپنی جہالت اور غفلت کی وجہ سے اس خرابی کو باقی رکھا جسکا انسداد با آسانی ہو سکتا تھا۔

دوآبہ کے عمدہ ترین اضلاع مین ایسی فاحش غلطیان تو نہین کی گئی ہین جیسے سابق مین بیان کی گئین مگر کل انتظام آب پاشی مین رفتہ رفتہ تنزل ہوتا جاتا ہے آب پاشی کی نہرین مٹی سے پٹ گئی ہین نالے نہریان بھی کہین کہین تو بے پروائی سے بند ہو گئی ہین جیسے ریل کی سڑکون مین ہوا ہے جنہین نالے نہین ہین ہرج رکھین کہین کسانون نے آب پاشی کے لیے پانی حاصل کرنے کے واسطے انکو عمداً بند کر دیا ہے۔ بلکہ بعض مقامات مین تو آب پاشی کی نہرون اور نالون مین مطلق فرق و امتیاز نہین باقی رہا ہے اور کھیتون مین نالون کے پانی سے برابر آب پاشی کیجاتی ہے۔ البتہ اس پانی مین شاداب کرنے والا دریائی مادہ بالکل نہین ہوتا ہے بلکہ اسمین مادہ شورہ ملا ہوتا ہے جو زراعت کے حق مین سم قاتل ہے مگر جو کسان اسکو استعمال کرتے ہین وہ کہتے ہین کہ ہمین اس سے بہتر پانی نہین میسر آتا ہے لہذا بمجبوری اسیکو کام مین لاتے ہین۔ انکا یہ قول ہے کہ خراب پانی سے بعض قسم کی فصل تو پیدا ہو جاتی ہے لہذا اسکا استعمال اس سے تو بہتر ہے کہ کھیت یونہین خشک پڑے رہین اور کچھ بھی نہ پیدا ہو۔

اگرچہ نہرون کے ذریعہ سے آب پاشی کرنے کے طریقہ پر مصر کی سرسبزی اور رونق موقوف ہے اور یہ طریقہ ایسا خراب کر دیا گیا ہے کہ اسکو دیکھکر افسوس ہوتا ہے تاہم یہ خیال کرنا چاہیے کہ کسان اس بیگار کام سے بری ہو گئے ہین جو اس طریقہ کی عملدرآمد کے لیے لازم ہے۔ سال مین دو مرتبہ اقل مراتب دو دو مہینے تک بلکہ اکثر اس سے بھی زیادہ مدت تک کسانون سے بیگار اور مفت کام لیا جاتا ہے پس چاہیے تھا کہ جسقدر مشقت اور تکلیف کسانون کو اس کام مین اٹھانی پڑتی ہے اس سے یہ کام انجام کو پہونچ جاتا۔ مگر افسوس ہے کہ ہر سال انسے مشقت شاقہ لیجاتی ہے اور انکو سخت تکلیف

دیجاتی ہے۔ مگر کوئی مفید نتیجہ نہین نکلتا۔ اُسکا باعث کچھ تو حکام اعلی کی جہالت اور غفلت ہے اور کچھ اسکا سبب یہ بھی ہے کہ سب جون کے اہل کاران سرکاری قلیون کے جمعدارون سے لیکر وزراء صیغۂ تعمیرات تک بدنیتین اور خیانتین کرتے ہین اور سب اہلکار باستثناء نفسے چند کے جو کچھ بھی تعلق صرحی یا ضمنی بیگار کے صیغہ سے رکھتے ہین یہی چاہتے ہین کہ کسی طرح ہمارا پیٹ بھرجاے خواہ ملک کی سرسبزی مین کچھ ترقی ہو خواہ نہو۔ بڑی بڑی بدعتون کی مختصر کیفیت لکھنے کے لیے بھی اس سے زیادہ گنجایش درکار ہے جتنی وسعت اس مختصر کتاب مین ہے اور ایسا طول کلام ناظرین کو بھی سخت ناگوار گذرے گا لیکن مختصر کیفیت ذیل بطور مشتے نمونہ از خروارے بیان کی جاتی ہے۔

سال مین ایک مرتبہ چیف انجینئران اور دیگر عہدہ داران صیغہ تعمیرات سرکاری جو آب پاشی سے کچھ تعلق رکھتے ہین مقامات صدر پر جمع ہوکر اس امر کا تصفیہ کرتے ہین کہ سال آیندہ مین کیا کیا کام ہونگے اور بیگار کام رعایا مین کیونکر تقسیم کیا جائیگا۔ یہ لوگ کام کو اس طور سے نہین تقسیم کرتے کہ ہر ایک کسان کو حتی الامکان اپنے گانون کے قریب کام کرنا پڑے بلکہ وہ دیدہ و دانستہ ایسا انتظام کرتے ہین کہ کسانون کو بڑی بڑی دور جاکر ایسے ایسے کام کرنے پڑتے ہین جنسے وہ کچھ بھی واسطہ نہین رکھتے ہین جب ان بدنصیب کسانون کی روانگی کا وقت آتا ہے تو وہ دو ایک پونڈ دیکر اپنی گلوخلاصی کر لیتے ہین اور ایک مقدار کثیر اس گلوخلاصی کے روپیہ کی انجینیرون اور اُنکے شرکا کو ملتی ہے مگر جو بیچارے اتنا مقدور نہین رکھتے ہین کہ کچھ دے لیکر اپنی گلوخلاصی کر لین اُنکی اوقات یونہی ضایع ہوتی ہے اور اُنکی قوت اسطرح سلب ہوتی ہے کہ کوسون جاکر کام کرتے ہین اور پھر اپنے گھر کو واپس آتے ہین پانی کی تقسیم مین بھی ایسی ہی بدعتین ہوتی ہین چونکہ ہزارہا خواستگارون مین پانی تقسیم کرنے کا اہم کام انجینیرون سے متعلق ہے لہذا وہ اُن لوگون سے رشوت لیتے ہین جنکو وقت معین پر پانی مقدار کافی لینے کی فکر ہوتی ہے

اور جو رشوت دینے کا مقدور بھی رکھتے ہین - بعض اوقات انجنیرون کی باعثون کے اسباب اور بھی ہوتے ہین جو حرام خواری کی عادت سے کچھ کم نہین ہین مثلاً مین اس قصے سے واقف ہون کہ ایک مرتبہ ایک انجنیر نے سارے ضلع کو پانی کے لیے بڑی مدت تک ترسایا اور اس فصل مین ترسایا جبکہ پانی کی ضرورت بہت تھی اور اسوجہ سے ترسایا کہ اس سے اور مدیر سے لڑائی تھی اور مدیر کو ضرر پہونچانا چاہتا تھا اور محمد علی پاشا کی نقل مشہور ہے کہ وہ کہتا تھا کہ مین نے سب قسم کے بدمعاشون کو خوب ہی ٹھیک بنایا مگر انجنیر اور انسپکٹر ایسے ذات شریف ہین جنسے میرا بھی کچھ بس نہین چل سکتا - حرام خواری مین وہ جو نام انھون نے اسوقت پیدا کیا تھا وہی آج تک باقی ہے -

مین گمان کرتا ہون کہ فلاحین کے کام کاج کی کیفیت ناظرین کو اب خوب معلوم ہوگئی ہے مگر شاید ناظرین کو یہ امر دریافت کرنا منظور ہو کہ آیا ان مظلومون کی حالت موجودہ حالت سابقہ سے بہتر ہے یا بدتر اور آیا اس زمانہ مین اور اس انیسوین صدی مین انکی حیثیت مین ترقی ہوئی ہے یا تنزل ہوا ہے - جہان تک میرے امکان مین ہے مین اس دلچسپ سوال کا جواب دونگا اور بڑی خوشی سے اسکا جواب لکھونگا اور بعض ایسے واقعات بیان کرونگا جنسے مصر کے کسانون کی حالت موجودہ جو نہایت ابتر ہے ناظرین کی سمجھ مین بخوبی آجاوے تاکہ شاید نیک نہاد اور نیک طبع آدمیون کو کوئی ایسی تدبیر سوجھ جاوے جس سے انکی حیثیت مین اصلاح ہو سکے میرے نزدیک اس امر کو تحقیق کرنے کا سب سے عمدہ طریقہ یہ ہے کہ بعض مطلب خیز اور نہایت معتبر واقعات جمع اور مرتب کیے جائین اور اس کام مین مجھے کسی شخص سے ایسی اعانت کی امید نہین ہے جیسی قفر سلیمان کے ضعیف اور نابینا فقیر عبد وفا سے ہے - اگرچہ یہ بیچارا ایک غریب آدمی کا لڑکا تھا اور کچھ مایہ و بضاعت نہ رکھتا تھا تاہم اسکے حالات اس قابل ہین کہ ایک علحدہ باب مین بیان کیے جائین فقط

# باب ہشتم

## ایک ضعیف فلاح کے تجربون کے بیانمین

**قفر سلیمان اور اُسکے گرد ونواح مین** ہر مرد وزن بلکہ بچے تک ضعیف اور
نابینا عجوزہ سے واقف ہین پس جب ہم اُسکے گانون مین یا اُسکے قریب پہونچ گئے
تو اُسکے گھر کا پتا ملنا کیا مشکل تھا۔ مگر وہ ناظرین با تمکین جنکو مضامین علمی کے تحقیق کرنے
کے نہایت پسندیدہ اور عالمانہ طریقے بکمال احتیاط سکھائے گئے ہین شاید ایسے سفر
مین جسکو اگر وہ ایک بیہودہ اور بے مصرف جنگلی چڑیون کا شکار سمجھین تو بیجا نہین ہے
میرے ہمراہ جانے مین کچھ اغماض کرین مصر کے فلاحین کے حالات موجودہ اور حالات
ماضیہ کو تحقیق کرنا یا یہ کہیے کہ اُس ملک کے کسانون کے طرز معیشت کو دریافت کرنا کہ
صدہی روان مین اُنکی کیا کیفیت ہے اور کس سے دریافت کرنا کہ ایک ضعیف اور نابینا
عجوز سے ایک وسط درجہ کے فہمیدہ اور تربیت یافتہ آدمی کو ایسا رکیک امر معلوم ہوگا جس
وسے مضمون کی عظمت اور وقعت سے کچھ نسبت ہی نہین رکھتا ہے اور اُسکے ذہن مین خواہ مخواہ
یہ آئیگا کہ کیا اس وقائع نگار کو کوئی دفتر سرکاری نہین ملا جسکو دیکھتا یا اسکو تحقیق حالات
مصر کے تصنیفات نہین میسر آئے جنکو یہ دیکھ لیتا۔ کیا مصر کے وزرا اور نظام و عمال و کتاب
اور دیگر روشن ضمیر صقاتجمیر اہلکاران سرکاری اس بات پر آمادہ نتھے کہ واقعات کے علم کے
لالعل خزانے جو اُنکے پاس موجود تھے بڑے آدمیون کی سفارش سے اس جفاکش محقق کے
حوالہ کردین۔ ہان۔ اے اس کتاب کے ناظر فضیلت مآثر آپکے علم و فضل کا بندہ قائل ہے
اور آپ کا یہ فرمانا بھی درست اور بیجا ہے کہ مصر مین ایسی ایسی چیزین اور ایسے ایسے تعجب

لوگ موجود ہین مگر مجھمین عیوب تو نہین ہین اور کچھ نقائص خود مجھ ہین ہین اسوجہ سے مین انکی تعلیم و تلقین سے مستفید نہین ہو سکتا - ہر درجہ کے سرکاری دفتر مین ہر قسم کے سرکاری کاغذات کے انبار لگے ہوے ہین مگر شاید اس قسم کے کاغذات نہین ہین جنکی ضرورت مجھکو اسوقت ہے - اور بندہ عربی نحو و صرف اور عربی املا نویسی سے اسقدر واقف نہین ہے کہ ان کاغذات کو نظر سرسری سے دیکھکر کچھ فائدہ اُٹھائے اور اگر بندہ علم الالسنہ کا عالم متبحر ہوتا تو بھی تو آخر بشر ہی تھا عمر نوح و خضر کہان سے لاتا کہ اس ضخیم دفتر پریشان کے ایک عشر عشیر کو بھی مرتب کر لیتا - جو کتابین مصر کے حالات مین میرے پیشتر لوگون نے لکھی ہین انکا احترام مجھکو لازم ہے ورنہ میرے بعد جو لوگ ایسی کتابین تالیف کرینگے اُنسے مجھکو اپنے احترام کی کیا امید ہو سکتی ہے - مگر مین یہ نہین کہہ سکتا کہ اس مادہ خاص مین مین نے اکثر واقعات اُنکی کتابون سے اخذ کیے ہین انمین سے اکثر صاحبون نے مصر کے صرف روسائے قدیم کی مصاحبت اختیار کی ہے یعنے فراعنہ اور فاتحان عرب اور بزرگان دین مسیحی اور ایسے ہی اور مشاہیر کے حالات پر اکتفا کی ہے اور جن صاحبون نے بیچارے غریب فلاح کے حال عبرت مآل پر توجہ فرمائی ہے انھون نے اسکی صحبت نہین اُٹھائی ہے اور نہ اُسکے مصائب و صعوبات کو دریافت کرنے کی کوشش کی ہے بلکہ اُسکو زرق برق پوشاک پہنا کر لال بجھکڑ یا ہولی کا سوانگ بنایا ہے - مین نے مصر کے اہل کاران روشنضمیر سے اس مقدمہ مین استصواب کیا ہے اور پاشا سے لیکر دیہاتی محرر تک کسیکو بے پوچھے نہین چھوڑا اور مین خود اقرار کرتا ہون کہ بعض اوقات مجھکو اُن لوگون سے نہایت مفید باتون کا علم حاصل ہوا ہے مگر ان حضرات کی تعلیم و تلقین کو عموماً ایسا سمجھیے کہ خفتہ را خفتہ کے کند بیدار - یا - او خویشتن گم است کرا رہبری کند بلکہ انکی رہنمائی کو ایسا تصور فرمائیے کہ کوئی شریر آدمی کسی نابینا کو عمداً لیجا کر کنوین مین ڈھکیل دے مگر وہ مرد پیر عبدہ اور ہی قسم کا رہنما ہے اگرچہ مین یہ دعوے تو نہین کرتا کہ وہ مکرو

ص ۵

فریب سے بالکل بری ہے کیونکہ آخر وہ بھی تو قوم کا فلاح ہے لیکن چونکہ مین اُسکا ممنون
و مشکور ہون اور اُسکے ساتھ انصاف کرنا چاہتا ہون لہذا چند کلمات اُسکی شان مین
بھی بطور عرض کرتا ہون - اول تو یہ ملاحظہ فرمائیے کہ سب مشرقی ملکون مین درویشی اختیار کرنا
کوئی عیب کی بات نہین ہے اور وہان فقرا و مساکین کی پرورش کے لیے امرا اور اہل زر
سے کوئی خاص چندہ نہین لیا جاتا ہے کہ وہ لوگ درویشی کو گناہ کبیرہ قرار دیکر بیچارے
درویشون پر حق ناحق بھی غصہ کرین بلکہ برخلاف اُسکے اگر کوئی شخص برضا و رغبت خود
درویشی اختیار کرے تو ثواب سمجھا جاتا ہے گناہ نہین سمجھا جاتا - درویشی مسلمانون کے
طرز معاشرت کا رکن اعظم ہے - کیونکہ اگر اسلام مین درویشی کوئی چیز منوتی تو مسلمانان
پاک اعتقاد زکات کسکو دیتے اور زکات سب سے زیادہ اہم و ضروری فرض مذہبی ہے جسکی
ثنا و صفت جابجا قرآن شریف مین لکھی ہے اور جسکا اجر آخرت مین صوم و صلوۃ سے بھی
زیادہ ملیگا یعنے زکات دینے والون سے جابجا انہار و اشجار اور حور و قصور اور دیگر
نعمات بہشت کا وعدہ کیا گیا ہے - علاوہ اسکے عبدو کوئی بھاٹ ننگا فقیر تھا جیسے
عموماً نظر آتے ہین بلکہ درویش مرتاض تھا - اسکے خاص گانون اور گرد و نواح کے دیہات
مین بھی اُسکے ہم قوم فلاحین ایک غریب اور بے شر آدمی سمجھکر اُسکی عزت کرتے ہین اور
اگرچہ اُسکے مصائب مین شدت شاید اُسکے خصائص فرائی کی وجہ سے ہوگئی تھی مگر وہ مصائب
کچھ تو اُسکی نابینائی کے سبب سے پیدا ہوے تھے اور کچھ ان اسباب معیشت سے پیدا ہوے
تھے جو اُس بیچارے غریب آدمی کے حیطۂ قدرت اور حیز امکان سے باہر تھے اور جنکو وہ
صف اپنی زبان سے بیان کرسکتا تھا مگر اُنکی علت سے واقف نہ تھا - سابق مین وہ ایک
اچھا خاصا کسان تھا اور بھلی چنگی زمین اُسکے پاس تھی اور گانون کے کنارے اُسکا جھونپڑا اب تک
موجود ہے اور وہ ایسا جھگڑالو اور پچر تقیر نہین ہے جیسے مشرقی ملکون مین اکثر جاہل یورپ
کی صورت دیکھکر فقیر اکڑنے لگتا ہے اور سوال کرتے کرتے اُنکا ناک مین دم کر دیتا ہے

اُس گانؤن بھر مین عبدو جس جھونپڑے مین جاتا ہے وہان اُسکی خاطر مدارات ہوتی ہے
اور جو کچھ نان خشک اُسوقت موجود ہوتی ہے اُسمین شریک کیا جاتا ہے اور اُسکے بعد وہ منہ
مین وہ معدن روایات قدیم و تجربہاے گوناگون قصص و حکایات کہتا رہتا ہے جنکو جوان
اور اُسکی عاقلانہ باتون اور دلچسپ حکایات کو سامعین اگرچہ بکرات و مرات سن چکے
ہوتے ہین تاہم قند مکرر سمجھکر بگوش ہوش سنتے ہین۔ اور لڑکون کو تو اُس سے عشق تھا
کیونکہ وہ عجب عجب کہانیان اُنسے کہتا ہے بلکہ جب بوڑھون مین بھی کسی ایسے واقعہ
یا حادثہ کی نسبت اختلاف راے ہوتا ہے جسکو پچاس ساٹھ برس گذرے ہین تو اسی
آکر استصواب کرتے ہین۔ پس آپ نے ملاحظہ کیا کہ عبدو کوئی بھک منگا فقیر نہین ہے
بلکہ اگر اُسکو کوئی بڑا بھاری خطاب دینا منظور ہے تو یہ کہیے کہ وہ ایک چلتا پھرتا تواریخی
کتب خانہ تھا جسکا خرچ بیچ چندہ سے ملتا ہے۔

مگر اس سے کسی بڑی بات کی امید نہ کرنی چاہیے نہ اُس سے کوئی ایسی شے
طلب کرنی چاہیے جو اُسکے پاس موجود نہو مین سابق مین عرض کر چکا ہون کہ عبدو
وقائع نگار تو ہے مگر ایک جاہل آدمی ہے اور اُسکو ویسا ہی سمجھکر اُسکی باتون سے مستفید
ہونا چاہیے۔ وہ واقعات کو گویا اسطور سے بیان کرتا ہے جسطرح آلہ مقیاس الحرارت گرمی
اور سردی کی کمی بیشی کو خود بخود لکھتا چلا جاتا ہے یعنے وہ واقعات کو بے سمجھے بوجھے
بیان کرتا چلا جاتا ہے اور جو نتائج عقلی اُنسے مستخرج ہو سکتے ہین اُنکو بالکل نہین سمجھ سکتا۔
وہ بڑا اچھا آدمی ہے کیونکہ مثل مشہور ہے کہ بڑھاپے مین آدمی کو بک لگ جاتی ہے اور
اُسکا حافظہ بھی بڑا ہی قوی ہے اور ذرا ذرا سی بات کو برسون یاد رکھتا ہے اور تھوڑی
بہت قوت بیانیہ بھی رکھتا ہے مگر نہین جانتا کہ جو واقعات اور حالات ہم بیان کر رہے
ہین اُنمین باہم کیا مناسبت ہے اور اُنکو تاریخ وار یا سلسلہ وار بیان کرنے کا سلیقہ نہین
رکھتا ہے فی الواقع اُسکے پاس سواے مادۂ خشک و خام کے اور کچھ نہین تھا پس جب مین اُسکی

باتین سنتا تھا تو مجھکو اُن کتب تواریخ کا خیال آتا تھا جنمین واقعات کو جیسا پایا ہے اسطرح بے تکلف لکھدئے اور یہ سلسلہ لکھدیا ہے اور جسکو یورپ کی بعض گورنمنٹین آثار قدیمہ کے لقب سے چھاپ کر مشتہر کرتی ہین۔ مین فلاحین کے شیخ چلی یا جعفر زٹلی کی کہانیاں سنکر خوب قہقہے لگاتا تھا۔

خیر جو قصے عبدہ نے بیان کیے اُنکو تاریخ وار دیکھنے سے مجھے معلوم ہوا کہ محمد علی پاشا کے عہد حکومت سے اُسکو واقعات خوب یاد ہین مگر اُسکے پیشتر کے حالات سے نہین واقف ہے اور محمد علی کا ذکر وہ ہمیشہ بڑے احترام سے کرتا ہے اور کہتا ہے کہ مین نے اپنے اسی گانون مین محمد علی پاشا کو بارہا دیکھا ہے وہ بڑا ہی جفاکش اور بیدار مغز حاکم تھا اور مصر مین خدیوی حکومت کا بانی وہی ہوا تھا مگر نہ مجھکو اور نہ کسی اور اہل دیہ کو اس امیر کبیر کے متواتر تشریف لانے سے کچھ مسرت ہوئی۔ اُسکا پہلی مرتبہ آنے کا معرکہ تو مجھے عمر بھر نہ بھولیگا ایکدن ایک فلاح علی الصباح گانون مین دوڑتا ہوا اور یہ کہتا ہوا آیا کہ خبردار رہنا وہ مہیب پاشا (محمد علی) آتا ہے۔ اس خبر وحشت اثر کو سنکر گانون کے لوگون کی ارواح سلب ہوگئی اور یہ خبر مثل شعلہ جوالہ ایک چشم زدن مین سارے گانون مین پھیل گئی اور عورتین مین اپنے بچون کو لیکر مارے دہشت کے تہخانون مین جاکر اسطرح چھپین کہ گویا کوئی خونخوار شیر یا بھیڑیا اُنکے گانون مین گھس آیا ہے۔ یہ تو سب جانتے تھے کہ چند روز سے پاشا قرب وجوار مین دورہ کر رہا ہے مگر لوگون کو یہ گمان تھا کہ اس دورہ مین وہ کیون آنے لگا بلکہ جیسا اُسکا قاعدہ ہمیشہ رہا ہے ویسا ہی ابکی بھی وہ بڑی سڑک سے چلا جائیگا جو یہان سے کئی میل کے فاصلہ پر ہے مگر اُسکے آنے کی خبر سچ نکلی اور چند ہی منٹ مین ایک ترپ ہتیاربند سوارون کا سامنے سے نمودار ہوا اور اُنکے آگے آگے ایک مرد بزرگ سفید خچر پر سوار چلا آتا تھا۔ اب تک تو اتنی امید تھی کہ یہ عزرائیل کے پیادے اپنے سیدھے چلے جائینگے اور یہان نہین ٹھہرینگے مگر یہ محض خیال خام تھا کیونکہ وہ سب سوار اپنے اپنے قاترون سے

اُترا اُتر کے ایک بڑے سے درخت کے سایہ میں کھڑے ہو گئے جو عمدہ کے مکان کے
سامنے ایک چھوٹی سی مسجد کے پہلو میں آج تک موجود ہے - چونکہ اس گانوں کا
عمدہ اسوقت موجود نہ تھا لہذا چھ شیوخ اہلبلد نے پاشا کا استقبال کیا اور بکمال
عجز و انکسار آداب بجا لا کر اُس مرد سفید ریش (محمد علی) کے سامنے ترسان و لرزان
کھڑے ہو گئے اور عرض کیا کہ جو کچھ حکم ہو ہم جان نثار اسکو بجا لائیں - ان چھ شیوخ میں
عبدہ کا باپ بھی ایک شیخ تھا اور وہ کسیقدر فاصلہ پر کھڑا ہوا یہ تماشا دیکھ رہا تھا کہ پاشا
نے یکبارگی کہا کہ وہ دو چور یعنے علی اور عثمان جو تمہارے گانوں میں چھپے ہوئے ہیں
اُنکو ہمارے پاس پکڑ لاؤ - وہ شیوخ یہ خوب جانتے تھے کہ پاشا کن لوگوں کو طلب
کر رہا ہے مگر اُنکے شرکا کے انتقام سے ڈرتے تھے لہذا اُن سب نے متفق اللفظ ہو کر
عرض کیا کہ ہمارے گانوں میں کوئی چور اُٹھائی گیرا بدمعاش نہیں ہے اور ہم سب
حضور کی رعایاے وفادار و جان نثار ہیں - پاشا نے اس جواب پر مطلق التفات نہ کی
اور زورا چلا کر کہا کہ اُنکو ہمارے پاس لے آؤ - شیوخ نے پھر یہی عرض کیا کہ ہمارے گانوں
میں کوئی بدمعاش نہیں ہے جسکو ہم حضور میں لا کر حاضر کریں - ہنوز انکا یہ کلام نہ تمام
ہوا تھا کہ پاشا نے اپنی اُنگلی سے اشارہ کیا (اس مقام پر پہونچکر عبدہ نے پاشا کی نقل اُتار کر
کھٹکے سے کی) بس ایک چشم زدن میں وہ چھوں شیخ زمین پر منہ کے بل گر پڑے اور
پاشا کے ہمراہیوں میں سے آٹھ دس قوی ہیکل جوانوں نے اُنکو ادھر اُدھر کوڑے
مارنے شروع کیے - اب وہ ہزاروں قسمیں کھاتے ہیں کہ سرکار ہم ان بدمعاشوں سے ص ۲۶۲
اصلا نہیں واقف مگر کون سنتا ہے - آخر جب بیس بیس کوڑے کھا چکے تو ہم میں سے
ایک شخص نے ذرا چلا کر کہا کہ میں ان دونوں آدمیوں کو لے آتا ہوں جنکو حضور طلب
فرما رہے ہیں بس اسوقت فوراً پاشا نے اشارہ کیا اور مار پیٹ موقوف ہو گئی اور
وہ سراغ رسان ہم میں سے اُٹھکر پچھلے پانوں لنگڑاتا ہوا بھاگا اور چند سرکاری سوار ہمراہ کیے

اُسکے ساتھ ہولیے۔ اور ان مجرمون کو فوراً لاکر حاضر کیا اور جب پاشا کو یہ یقین ہو گیا کہ
انھین ذات شریفون کی تلاش ہمکو تھی تو اُسنے حکم دیا کہ ان دونون کو فوراً لیجا کر اُس
ٹیلے پر جو سامنے دکھائی دیتا ہے پھانسی دیدو تاکہ سب بدمعاشون کو نصیحت ہو جاے
ایک طرف تو اُس حکم قضا شیم کی تعمیل مین وہ سوار مصروف تھے دوسری طرف پاشا لوگون
سے پوچھ رہا تھا کہ یہ گانٗون قرب وجوار کے دیہات کی نسبت اتنا مفلس اور پریشان حال
کیون معلوم ہوتا ہے شیخ نے یہ جواب دیا کہ اللہ تعالی کی مشیت مین کسکو دخل ہے اگلے سال
فصل خراب ہوئی ہے اوجہ سے یہ پریشانی اس گانٗون پر چھائی ہوئی ہے اور اسی قسم کی
اور باتین کہین مگر ایسے پوچ ولچر جوابات سے پاشا کو تسکین نہین ہوئی اور وہ ہر پھر کے
یہی سوال کرتا گیا آخر کو جو سچی بات تھی وہ نکل آئی اور معلوم ہوا کہ اس گانٗون کا عمدہ کسانون
وغیرہ سے اسقدر مشقت شاقہ لیتا ہے کہ اُن بیچارون کو اپنے کھیت بونے جوتنے کی مہلت
نہین ملتی اور نہ اتنی طاقت باقی رہتی ہے کہ اپنی ذاتی کھیتی کی خبر لین اور جب وہ
سد رمق سے کچھ بھی زیادہ غلہ کسی ترکیب سے اُٹھا لیجاتے تھے تو کسی نہ کسی حیلہ سے
وہ بھی اُنسے لے لیا جاتا تھا۔ فلاح کا قاعدہ ہے کہ جب اپنا دکھڑا رونا شروع کرتا ہے
اور یہ سمجھتا ہے کہ سننے والا میری دادرسی کی کچھ نہ کچھ تدبیر ضرور کریگا تو پھر خوب جی کھولکر
سارا اگلا حال بیان کردیتا ہے۔ پس جب پاشا کو اُس ظلم کی کیفیت فوراً معلوم ہو گئی جسکی
شکایت اہل دیہ کو تھی اور جب اس تحقیقات سے فراغت ہوئی تو اُسنے دھیمی آواز
سے چند سطرین اپنے میر منشی سے لکھوائین جو اثناے تحقیقات مین دست بستہ پاشا
کے قریب کھڑا رہا تھا بعد ازان اُسنے گانٗون کے اندر جا کر اراضیات کا معاینہ توجہ
تمام کیا۔ اہل دیہ حیران ہوے کہ پاشا نے یہ کیا کیا ہے لیکن بعد ازان اسکی لم اُنکی
سمجھ مین آگئی کیونکہ وہ عمدہ اُس گانٗون میں پھر کبھی نہین آیا اور اُسکی جگہ پر ایک شیخ
کرنلی عبد اللہ بے نامے اُس گانٗون کا عمدہ مقرر ہوا جسنے روئی اور نیل کی کاشت کرائی

شروع کی اور یہ کاشت علاوہ اُن اشیا کے تھی جنکی کاشت وہاں کے کسان کیا کرتے
تھے۔ یہ کرنیل بڑا چست اور سخت آدمی تھا اور کسانوں سے بھی ویسی ہی سخت محنت لیتا تھا
جیسی محنت خود کرتا تھا اور اپنے پیشتر کے عمدوں کیطرح کو ظلم و بے انصافی و جور بہت نہ کرتا تھا مگر
اُسکے عہد میں اتنا تو تھا کہ کاشتکاروں کے کھانے پینے کو بہت کچھ ملتا تھا سوائے
ایک سال کے کہ اُس سال قحط پڑا تھا۔ الغرض اُسکے عہد میں کوئی مزارع روٹی کا
محتاج نہیں ہوا۔ بلکہ ہر گھرانے اتنی زمین تھی کہ جوار اور لوبیا اور چقندر وغیرہ خود کھانے
پینے کے لیے بو لیتے تھے اور چند درختہائے خرما بھی رکھتے تھے جنسے ... قرضون
کو رفع کرتے تھے۔ جب کسی خاندان کا رئیس مرجاتا تھا تو شیخ ... اسکی
... جملہ اہل دیہ کے تقسیم کرتا تھا اور حقوق وراثت کا لحاظ کرتا تھا اور جب کبھی کوئی
وارث اپنی حق تلفی کی شکایت کرتا تھا تو وہ اُس سے صاف کہدیتا تھا کہ مصر کی
زمین پاشا کا مال ہے تمھارے باپ کا مال نہیں ہے جو کچھ تمکو ملگیا ہے اُسی کو غنیمت
سمجھکر پاشا کو دعا دو۔ اب بیگار کام سابق سے بھی زیادہ لیا جاتا تھا کیونکہ بے نے جو
روئی بوئی تھی اُسکے کھیتوں میں کام کرنا پڑتا تھا اور نیل کیواسطے حوض بنانے پڑتے تھے
اور قرب و نواح میں نئی نئی نہریں کھودنی پڑتی تھیں لیکن اتنی خیریت تھی کہ اب بیگار
کام سب سے برابر لیا جاتا تھا اور سب اس کام کو کرتے تھے مگر کوئی تباہ و برباد نہیں ہونے
پاتا تھا۔ چند سال تک تو روئی اور نیل کی کاشت میں کامیابی نہیں ہوئی اور کسانوں
نے اُس نئے کام کو ناپسند کرکے حتی المقدور بہت کوشش کی کہ بے ان
چیزوں کی کاشت کو موقوف کردے یہانتک کہ بعض نوجوان کسان راتوں کو
روئی کے کھیتوں میں پوشیدہ طور سے جاکر جو تخم صبح کو بویا تھا اسکو زمین سے کھود کر پھینک
دیتے تھے تاکہ بے کو یہ یقین ہو جائے کہ یہاں کی زمین روئی کی کاشت کے لیے مناسب
نہیں ہے مگر آخر کو یہ فریب ثابت ہوگیا اور سخت سزائیں ملیں اور پھر بے عذر کرکے

اسکا انسداد کا عمل کیا گیا۔ نیل کی کاشت مین اس سے بھی زیادہ دقتین پیش آئین ایک سیاہ فام اور بدگفتار ہندوستانی کو پاشا نے بھیجا کہ ان گوارون کو نیل بنانا سکھا دے مگر کسانون نے اس کام کو بڑی مدت مین سیکھا اور جب انسے یہ کام زبردستی کرایا جاتا تھا تو وہ شکایت کرتے تھے کہ یہ اندھیر دیکھیے کہ جو کام ہمارے باپ دادا نے کبھی نہ کیا تھا وہ ہمسے لیا جاتا ہے۔ مگر فوج مین بھرتی ہونے کی مصیبت سب سے زیادہ تھی کیونکہ فلاح کو سپاہگری سے جب بھی ایسی ہی نفرت تھی جیسی اب ہے اور اسکو اپنے وطن مین مشقت شاقہ کرنا اور تکلیفین اٹھانا گوارا تھا مگر اپنے گانؤن سے دور جا کر بارکون مین عیش و عشرت رہنا گوارا نہ تھا۔ عبدو نے کنایۃً بیان کیا کہ مائین اپنے بچون کو عمداً لنگڑا لولا کر دیتی تھین تا کہ اس بلا سے محفوظ رہین مگر یہ تدبیر بھی نہ چلتی تھی کیونکہ تھوڑے عرصہ کے بعد جو لوگ لنگڑے لولے ہوتے تھے انکو بھی اورون کیطرح فوج مین بھرتی ہونے کے لیے پکڑ لیجاتے تھے مگر بے موصوف نے جو کوشش اپنے کسانون کو فوجی خدمات سے بچانے کے لیے کی اسمین بہت کامیابی ہوئی اسکو روئی اور نیل کی کاشت کے لیے تھوڑے آدمیون کی ضرورت تھی اور جب پاشا سال مین ایکبار روئی اور نیل کے کھیتون کو دیکھنے کے لیے آتا تھا تو بے اس سے یہی عرض کرتا تھا کہ سال آیندہ کے لیے یہ گانؤن فوجی خدمت سے بری فرمایا جاے اور یہ عرض اسکی منظور ہوتی تھی۔

وہ بڈھا پاشا اور وہ بے جنے اسکی خدمتگزاری ایسی عمدہ طور سے کی تھی دونون نے قریب ہی قریب انتقال کیا (۱۸۴۹ء) اور ان دونون سانحون سے اہم نتائج اس گانؤن کے حق مین پیدا ہوئے یعنے اسکے باشندے فوجی خدمات سے بری نہین رہے مگر اسکا معاوضہ انسے یہ کیا گیا کہ روئی اور نیل کے کھیتون مین جا کر کام کرنے سے وہ بری کر دیے گئے اور انھون نے وہی اپنی قدیم روش خوشی سے اختیار کر لی یعنے صرف درہ اور لوبیا اور اسی قسم کے ماکولات کی کاشت کرنے لگے۔ جو فصل پیدا ہوتی تھی وہ صرف انکے حوائج یومیہ کے

کے لیے نہین کافی ہوتی تھی بلکہ بہت کچھ اُنہین سے بچ رہتا تھا اور اسی بابت مین ٹیکس
جبھی لیا جاتا تھا نقدی نہین لیا جاتا تھا - یعنے روزمرہ کے صرف سے جو کچھ غلہ وغیرہ
بچ رہتا تھا وہ ٹیکس مین دے دیا جاتا تھا اور رعایا کی مارپیٹ کی نوبت نہ آتی تھی -
ے مذکور کے مرنے کے بعد اُسکا بیٹا اُسکا جانشین ہوا جسنے ایک مکان اُس
زمین پر بنوایا جسکو اُسکے باپ نے درست کیا تھا اور جسمین وہ کھیتی کیا کرتا تھا -
عبدہ نے بیان کیا کہ اُس گانون کی دیگر اراضیات کی بہ نسبت اُس زمین کی بابت کم
ٹیکس لیا جاتا ہے کیونکہ خود اُسکا ایک رشتہ دار جسنے بعد ازان اُس زمین کو خرید لیا
فی ایکڑ قریب نصف اُس مالگزاری کے دیتا ہے جو اُسکے قرب جوار کے کاشتکار دیتے ہین -

عبدہ کو ابراہیم پاشا خلف الرشید محمد علی پاشا کی کیفیت اپنے تجربہ ذاتی سے
بہت کم معلوم تھی حالانکہ ابراہیم نے اپنے والد کی حیات مین بطور متولی یا نائب السلطنت
کے چند روز تک کام کیا تھا اور اُسکے مرنے کے بعد چند ہی روز زندہ رہا تھا - عبدہ نے
ابراہیم کو عمر بھر مین صرف ایک مرتبہ چند منٹ تک دیکھا تھا اور اس سے اسقدر ڈرتا تھا
کہ اُسکی طرف نظر نہ کرسکتا تھا - مگر اسنے ابراہیم کی کیفیت ان فلاحین سے بہت کچھ
سنی تھی جو ملک شام کی لڑائی مین ہمراہ رکاب ظفر انتساب اس سپہ سالار کے رہے
تھے اور عبدہ بہت سی دلچسپ حکایتین اُس لڑائی کی بیان کرسکتا تھا لیکن چونکہ
مصر کے فلاحین کے طرز معاشرت سے اُن حکایات کو کچھ تعلق نہین ہے لہذا اُنکو
اس مقام پر نقل کرنا کچھ ضرور نہین ہے -

عبدہ کو عباس کا حال جو ابراہیم کے بعد خدیو مصر ہوا تھا اس سے بھی کم
معلوم تھا - اُسنے عباس کو کبھی نہین دیکھا اور وہ کہتا تھا کہ سوائے اُسکے خوجون
کے اور کسی نے بھی اسکو کبھی نہین دیکھا - یہ تو مبالغہ ہے مگر البتہ اتنی بات سچی ہے
کہ عباس اپنی محلسرا مین بیٹھا رہتا تھا اور بہت کم لوگون سے ملاقات کرتا تھا اور محمد علی

اسیطرح وہ سلطنت کا انتظام [illegible] کرکے رعایا کی دادرسی وہ کرتا پھرتا تھا۔ مگر جمہور کے قول کے موافق عباس پاشا کا عہد حکومت (۱۸۴۸ء سے ۱۸۵۴ء تک) فلاحین کی آرام و آسایش کا زمانہ تھا بنسبت جو عہد اسکے قبل گذرے تھے اور جو اسکے بعد گذرے انکے [illegible] کی بہ نسبت عباس کی نگرانی کے زمانہ میں فلاحین کو زیادہ [illegible] باہم [illegible] اور [illegible] کے کیفیتوں میں انکو اشتیاق شادی کرنیکی پڑتی تھی اور [illegible] میں [illegible] کم [illegible] نہیں تھیں بلکہ [illegible] اتنا بیگار کام اُنسے لیا جاتا تھا کہ پرانی مزدوروں کو معاف کردیتے تھے اور [illegible] بہت کم ایک بھرتی کیے جاتے تھے کیونکہ عباس کے عہد میں کوئی غیر ملک سے [illegible] لڑائی نہیں ہی جتنے عرصہ تک اسکی عہد کے بعد ملک حجاز [illegible] اور [illegible] سے [illegible] اور اسکے عہد میں بہت کم آدمی اپنے ہی ملک کام کرنے کے لیے فوج میں بھرتی کیے گئے۔ اور اسکے عہد میں [illegible] لیا گیا اور [illegible] کر لیا جاتا تھا پس فلاحین کے نزدیک [illegible] عباس اسکی [illegible] بہت اچھا حاکم تھا جیسا اہل یورپ نے اسکو سمجھ کے بیان کیا ہے کہ اُسنے وہ کبر و نخوت کرتا تھا اور انکو راضی و خوشنود رکھنے کی کوشش نہ کرتا تھا۔

عباس کے بعد سعید پاشا خدیو مصر ہوا یہ وہی سعید پاشا ہے جسکا نام انگریزی [illegible] کے نام کے ساتھ [illegible] کیا جاتا ہے [illegible] جسکا ذکر [illegible] سے کیا گیا [illegible] ذاتی [illegible] رکھتا تھا مگر کچھ کلمات اسکی تعریف کے [illegible] بلکہ بیان کیا کہ سعید ایک بیشہ قد آور فربہ آدمی تھا اور گھڑی گھڑی [illegible] کرتا تھا یعنی لحظہ ہی بھر میں کبھی تو بڑے زور و شور سے ہنسنے لگتا تھا اور کبھی غصہ سے کھوکھیانے لگتا تھا اور پھر اسیطرح قہقہہ مار کے ہنسنے لگتا تھا الغرض کسی بات میں وہ اپنے باپ پر نہیں پڑا تھا۔ سعید پاشا کا گذر قصر سلیمان میں اکثر ہوتا تھا اور جب وہاں آتا تھا کئی ہزار آدمی کی فوج اپنے ہمراہ لاتا تھا اور فلاحین کی عقل حیران تھی کہ

اسقدر فوج کو ہمراہ لیکر یہ گانون گانون کیون گھومتا پھرتا ہے- ایکمرتبہ عبدہ سے اور
اُس سے ملاقات ہوئی تھی- اگر صرف ایک ہی مرتبہ عبدہ کو اس سے بات چیت کرنے کی
نوبت آئی تھی جیسا تجھے گمان ہے تو یہ شاہ و گدا کی ملاقات اسی قسم کی تھی جیسے آئرلینڈ
کے ایک آدمی نے فوج کے جنرل سے ملاقات کا حوصلہ کیا تھا تو جنرل نے اسکو دھتکار دیا تھا
اُس یادگار موقع پر عبدہ ایک شیخ منجملہ شیوخ البلد کے تھا اور فوج کی رسد رسانی
اس خندہ پیشانی سے نکر سکتا تھا جیسا پاشا کو مطلوب تھا- پاشا نے اسکو فوراً طلب
کرکے اس جرم کی بازپرس اس سے کی اور غصہ کے مارے کانپنے لگا اور عربی زبان
مین اسکو خوب گالیان دین جسمین کچھ ترکی الفاظ بھی شریک تھے جنسے عبدہ خوب آگاہ
تھا کیونکہ ترک اور سرکاشین حکام کی گالیان ترکی زبان مین وہ بارہا کھا چکا تھا- جبتک
پاشا گالی گلوچ کر رہا تھا اور قریب تھا کہ مار پیٹ کی نوبت آئے کہ پاشا کے ایک صاحب نے
خدا جانے کیسی مضحکہ انگیز افتاد پڑی کہ پاشا کا غیظ و غضب بالکل فرو ہوگیا اور بے تحاشا
قہقہہ مار کر ہنسنے لگا- بس اُسکا اسطرف مخاطب ہونا تھا کہ مجرم (عبدہ) آنکھ بچا کر چپکے سے کھسک گیا
مگر سعید پاشا جیسے نیک نیت اور متلون المزاج خدیو سے جو عبدہ کینہ دیرینہ رکھتا تھا
تو اسکا سبب اتنا ہی نہ تھا کہ پاشا نے اسکو عالم طیش مین کچھ سخت سست کہا تھا یا چند مختصر
اور درشت الفاظ مین اُسکو تنبیہ و تخویف کی تھی- بلکہ مدت سے اُسکو پاشا سے بڑی بڑی
شکایتین چلی آتی تھین- ایک شکایت تو یہ تھی کہ اُسکے تین بیٹے تھے انمین سے ایک بیٹے
کو پکڑ کر فوج مین بھرتی کر لیا تھا اور وہ ملک سوڈان کی وبا خیز ترائیون مین مر گیا تھا
اور دوسرے بیٹے کو پکڑ کر ریگستان مین ایک عظیم الشان نہر کھودنے کے لیے بھیجدیا تھا
پھر وہان سے اُسکو لوٹنا نہ نصیب ہوا اس منجھلے بیٹے کا ذکر عبدہ نے ایسی غربت اور
توکل اور صبر و رضا کے ساتھ کیا کہ دیکھنے والے کو بڑی عبرت ہوئی یہی لڑکا عبدہ کے
سارے گھر کی جان تھا اور عبدہ اُسکو بہت چاہتا تھا- ایک روز صبح تڑکے وہ چند اور

کسانون کے ساتھ گانؤن سے نکلکر کسی نہر پر بیگار کا کام کرنے کو گیا اور خوشی خوشی یہ کہتا گیا کہ اب مین دو تین مہینے کے بعد یہان واپس آؤنگا مگر وہ دو تین مہینے بھی گذر گئے اور کچھ خیر خبر اسکی نہین آئی۔ آخر الامر جب اُسکے چند رفقا جو اُسکے ہمراہ گئے تھے وہان سے واپس آئے تو انھون نے اُسکے نہ آنے کا یہ قصہ بیان کیا کہ چند روز تک مثل دیگر فلیون کے اُسکا بھی یہی دستور رہا کہ کمر کمر بھر پانی کے اندر اترکر کام کرتا تھا اور شب کو ہوا سے سرد مین سوتا تھا جو اس ریگستان مین اکثر چلا کرتی ہے لیس وہ بھی مثل اور فلیون کے بیمار پڑا اور مر گیا اور اُسکے مردہ کو تھوڑی دور لیجا کر ریگستان مین گاڑ دیا۔ عبدو اگرچہ پیر کہن سال تھا مگر رقیق القلب نہین تھا۔ البتہ جب وہ اس حادثۂ جانکاہ کو بیان کرتا تھا تو اُسکی تیز آواز ذرا نرم ہوجاتی تھی اور اُسکی آنکھون کی کچھ عجب کیفیت ہوجاتی تھی۔

سعید پاشا کے آخر عہد مین اس گانؤن کے کسانون نے روئی کی کاشت کرنی شروع کی۔ سابق مین بیان کیا گیا کہ وہ لوگ اس اجنبی درخت یعنے روئی سے کیسی نفرت دلی رکھتے تھے اور جب اُنکو بیگار کے روئی کے کھیتون مین کام کرنا پڑتا تھا اور اُنکو اُسکی کاشت مین کچھ منافع نہ ملتا تھا تو اُنھون نے چلکر ایسی تدبیر کی تھی کہ روئی کی کاشت بالکل موقوف ہوجائے لیکن جب وہ روئی کی کاشت اپنے ذاتی کھیتون مین کرنے لگے اور اُسکو نرخ گران پر فروخت کرکے اپنا ذاتی فائدہ حاصل کرنے لگے تو وہ تعصبات شدید جو اُنکے دل مین روئی کی نسبت سمائے ہوے تھے کم ہوتے ہوتے آخر کو بالکل رفع ہوگئے شقر سلیمان کے ایک کسان نے اپنے چند دوستون کی ترغیب سے جو اسکندریہ مین رہتے تھے کچھ روئی بوئی اور جب وہ قیمت گران پر فروخت ہوئی تو اُسکے قرب وجوار کے کسانون کو بھی اُسکی تقلید کرنے کی جرأت ہوئی اس آزمائش مین اُنکو ایسی کامیابی ہوئی جسکا کبھی وہم وگمان بھی نہ تھا کیونکہ اب روئی کا نرخ سال گذشتہ سے بھی زیادہ گران ہوگیا تھا اور اب اس گانؤن کے ہر کسان کے دل مین

روئی کی کاشت کا حوصلہ پیدا ہوا اکثر کسانوں کی یہ آرزو تو پیدا وقت برآئی کہ چونکہ
چند برائی ممالک [illegible] متعدد ہوگئے کہ جتنی تعدادی یا بیالیس درکار ہوتی ہے لیکن پیدہ ونے
کبھی نہیں کیا جو اور کسانوں نے کیا تھا اور [illegible]
سمجھنے لگا اپنی معنی کو کہ اس سوا شہروں سے بھی زیادہ [illegible]
شکر سے جو چشمہ میں باندھ کر اپنی خواہش [illegible]
نیلام کرنے کے لیے [illegible]
سب لوگوں سے زیادہ [illegible] کیونکہ [illegible]
رہتا تھا جو اس سے [illegible] مشغول تھا [illegible] کا دل [illegible]
تھی دوسرے ایک [illegible] میں آنے سے کچھ پیشتر جو [illegible] قاہرہ میں [illegible]
تھا [illegible] ایک [illegible] لگائی [illegible] کاشت کے لیے دے دی تھی عثمان ہمیشہ
[illegible] شہوت پرستی کی طرف مائل تھا [illegible]
[illegible] بادشاہوں کی طرح ایک [illegible]
[illegible] قاہرہ سے [illegible]
[illegible] عثمان کے دل میں [illegible]
تھا اب وہ ظہور میں آئی [illegible] ایک دن
شام کے وقت اپنے مکان پر پھر آیا اور دوسرے ہی دن صبح کو سب اہل دیہ کو معلوم
ہو گیا کہ عثمان کے گھر میں ایک خوبصورت گرجن موجود ہے۔ اس خبر نے [illegible] کے
لوگوں کے دل میں ایک جوش پیدا کیا اور سب اس پری پیکر کو دیکھنے کے مشتاق ہوئے
مگر وہ عورت جسکو عثمان نے [illegible] ہزار روپیہ کو مول لیا تھا ایسی نازک دماغ
تھی کہ اسنے اپنا حسن جمال عوام الناس کو دکھانا نہیں منظور کیا۔ خیر۔ وہ بیچاری ابھی تو
چھوٹے جھوڑے میں پڑی کیونکہ عثمان ایسا بے شعور اور بے سلیقہ آدمی تھا کہ ایسی

[illegible] لایا تھا کہ [illegible] رہنے کے لیے کوئی مختصر مکان نہیں لیا تھا - ہمسایہ کی
[illegible] کی حیثیت دار راہگیر چلا جاتا ہے اس راہ سے نکلتا تھا عثمان کے
دروازہ کو [illegible] ایک [illegible] کھلا رہتا تھا نیچی نگاہ سے دیکھتا ہوا گذر جاتا تھا [illegible] کی
[illegible] جھلک کھائی دے مگر اسکے حسن کے شائقوں کی کچھ [illegible]
[illegible] نے اس جھونپڑے کے سامنے جمع ہو کر خوب [illegible]
[illegible] آواز کو سنکر شاید وہ دروازہ پر آ کھڑی ہو گیا [illegible]
فاطمہ [illegible] عورت [illegible] اسلام کی دختر نیک اختر کی [illegible]
چلی آئی اور ان عورتوں کو [illegible] کر اسکی آسایش میں خلل اندازی [illegible]
[illegible] سے دیکھا [illegible] گیا - اسکا [illegible] نظر جوان سپاہیوں کے [illegible]
[illegible] یہ کیفیت رہی کہ [illegible]
[illegible] وہ بیبیاں [illegible] جنھوں نے فاطمہ عورت کو جو چند روز سے ہمارے گاؤں میں
آئی ہے اپنی آنکھ سے دیکھا ہے - ان لوگوں نے صدہا باتیں اُنسے پوچھیں مگر وہ بیچاریاں
اُنکا بات کا بھی جواب نہ دے سکیں - اُنھوں نے جوابات دیے تھے اگر اُنپر اپنی طرف سے
کوئی حاشیہ نہ چڑھایا جاوے اور کوئی بات اپنی طبیعت سے گڑھکر اُنمیں نہ ملائی جاوے تو
اُنکا خلاصہ مضمون یہ تھا کہ فاطمہ ایک بڑی موٹی تازی اور زشت رو عورت ہے اُنمیں سے
ہر عورت نے یہی کہا کہ اول تو اُسمیں کوئی حسن و نزاکت نہیں ہے اور اگر بالفرض کوئی
حسن بھی ہے تو جب وہ اپنے دروازہ پر آکر کھڑی ہوئی تھی اُسوقت اُسکا سارا بدن
ایک سفید غلغول جامہ سے ڈھکا ہوا تھا اور ایک موٹے کپڑے کی ترکی نقاب اُسکے
مُنھ پر پڑی ہوئی تھی وہ اُس قسم کی نیلی اور ڈھیلی نقاب تھی جو فلاح عورتیں اپنے منھ پر
تھوڑا بہت ڈالے رہتی ہیں تب فاطمہ کی ایک چھوٹی سی خواص نے بیان کیا کہ جب
ہماری بی بی دروازہ سے پلٹ کر اپنے مسند تکیہ پر جا کر بیٹھیں تو خوب ہنسیں کہ ہمنے

ان گانون والیون کو کیا اُلو بنایا ہے۔ مگر جب عثمان گھر مین آتا تھا تو وہ عورت (فاطمہ) پھر اُسیطرح چڑچڑی بنکر اور مُنہ تھتھا کر بیٹھی تھی اور جب وہ اُسکی خوشامد درآمد کرتا تھا تو وہ جھنجلا پڑتی تھی اور اُسکے مُنڈے ہوے کیسو سے سر پر اپنے دل کی بھڑاس خوب نکالتی تھی اور ٹوٹی پھوٹی عربی زبان مین جو اُسکو گالیان کوسنے دیتی تھی اُسکی آواز ہمسایون کے کان تک پہونچتی تھی ایکبات تو عثمان اپنی اس بیوقوفی سے بدنام ہو چکا تھا اب اُسکے کوسنے کاٹنے سے اور بھی زیادہ رسوا ہو گیا۔ وہ عورت عثمان سے کہتی تھی کہ ارے مین اپنے ملک کی امیرزادی ہون تو مجھے اس ذلیل جھونپڑے مین رہنے کو لایا ہے مجھے القاہرہ مین لیجا کر کسی عمدہ مکان مین رکھ جہان مین اپنے ہمچشمون اور ہمجولیون کے ساتھ چین سے رہا کرتی تھی۔ الغرض۔ عثمان اپنے فقیر خانہ کی پادشاہزادی کی لاکھ خاطر و مدارات اور دلجوئی کرتا تھا اور اسکے عوض مین ہزار ہا صلواتین سُنتا تھا یہان تک کہ اسی کی خاطر سے اُسنے اپنے فرمان بردار اور محنتی بیٹے کو گھر سے نکالکر اصطبل مین سلایا اور اُسکے لیے بڑے بڑے موتیون کی بالیان اور سونے کے کڑے اور ایک اتنا بڑا اور ایسا مقدس طوطا چڑا یا چمپاکلی بنوا دی کہ ایک چھوٹے سے کتے کے گلے مین باندھ دیجیے تو کبھی اسکو نہ ٹوٹے اور ریشمی فرش فروش نہایت قیمتی اُسکے لیے خرید انتھا اور انواع و اقسام کے عطر بھی خریدے تھے تاکہ فلاح کے جھونپڑے کی بدبو عطر کی خوشبو سے دبی رہے۔ اور جب اُسنے دیکھا کہ یہ عورت ایسی نازک دماغ ہے کہ جب میرے قریب آتی ہے تو اپنے نتھنے سکیڑ لیتی ہے تو اُسنے اپنے بدن سے بدبو دفع کرنے کے لیے ساری شیشی نہایت بیش قیمت عطر کی اپنے اوپر اُنڈیل لی۔ غرض یہ سب کچھ کیا مگر کچھ بھی نہ ہوا۔ جس لذت دنیا اور لطف زندگی کی تمنا اسکو مدت سے تھی اور جسکو وہ اپنے زعم ناقص مین سمجھا تھا کہ اب وہ نعمت غیر مترقبہ مجھے ملگئی ہے جسکی فکر مجھکو عرصہ سے تھی وہ اُسکی بو سے کوسون بھاگتی تھی اور جب وہ جام عشرت کو اپنے مُنہ سے لگاتا تھا تو وہ زمین پر گر کر ٹکڑے ٹکڑے اُڑ جاتا تھا

کاش گھر کی بی بی ہی اسکو نصیحت سیاست کرتی اور اس سے نفرت کرتی تو بھی غنیمت
ہوتا اب تو دوست آشنا بھی اسکو نظر حقارت سے دیکھنے لگے تھے اور کہتے تھے کہ اس لڑاکا
عورت کو گھر مین لاکر اس کمبخت نے ہماری آسایش مین بھی خلل ڈالا اور ہماری زندگی بھی
تلخ کردی کیونکہ اب ہر کسان کے جھوپڑے مین عورتون نے وہ باتین کرنی شروع کی ہین
جو بدنہ شنید اور عورتون کی ناخوشی اور نافرمانی کا طوفان روز بروز بڑھتا ہی جاتا ہے
یہانتک کہ اب یہ خوف ہے کہ شوہر کی اطاعت کی عمارت کہنہ کو بالکل جڑ پیڑ سے اکھاڑ کر
خانہ خرابی کے سمندر مین نہ بہالیجائے - اس طوفان کی ہیبت شوہرون کے دل پر ایسی
چھاگئی کہ انھون نے اپنی بیبیون کو لاکھ سمجھایا بجھایا اور زیور وغیرہ بنواکر اپنے مقدور کے
موافق ہزار طرح انکی خوشامد درآمد بھی کی کہ کسیطرح تو یہ طوفان تھمک جائے مگر وہ نہ رکنا تھا
نہ رکا - انکے سمجھانے بجھانے کو تو انکی بیبیون نے گوش شتر سمجھکر ٹال دیا اور جو تحفہ تحائف
انھون نے لادیا اسکو دیکھکر انکی چوٹی اور آسمان کو جا کر لگی - اور وہ اپنے شوہرون سے
کہنے لگین کہ خدا کی قدرت یہ کہ جن چھوکری تو ایسی باریک ریشمی پوشاکین پہنے اور سر سے
پانون تک بیش قیمت زیور سے لدی رہے اور ایسی معطر رہے کہ دروازہ سے دس گز کے
فاصلہ تک اسکے بدن سے عطر کی مہک آئے اور ہم ایسے گئے گذرے ہوے کہ موٹے جھوٹے
گزی گاڑھے کے کپڑے اور جھوٹا چھلا زیور پہنین - کیا وہ کہین کی شہزادی ہے اور
ہم فقیر بھیک منگے ہین کیا اسکا خاوند فلاح نہین ہے اور ہمارے خاوندون کی ذات
برادری کا نہین ہے - ان نامعقول شکایتون سے انکے شوہرون کو خواہ مخواہ غصہ آیا
اور سب آفت کمبخت عثمان کے سر ہوئی اور وہی مثل ہوگی کہ طویلے کی بلا . . . . کے سر
حیف صد حیف عثمان پر کہ وہ ایک سفید ہتھنی کو زر کثیر خرچ کرکے لایا اور اسنے
اسکو پالا کیا اور دوست آشناؤن نے بھی اسکے حال زار پر کچھ ترس نہ کھایا بلکہ اسکو
نگاہ قہر سے دیکھا اور نکتہ چینی کرنے لگے آخر اپنے کیے کی اسنے سزا پائی گو اسنے اندروے

اُسنے تو اُس نے کوئی گناہ نہیں کیا تھا۔ اور غضب یہ ہوا کہ اُسنے گناہ بھی کیا تو گناہ بے لذت
کیونکہ اُسکو وہ لذت کب نصیب ہوئی جسکو یاد کر کے اوباش آدمی اپنے دل کو کچھ تسکین
دے لیتے ہیں۔ خدا جانے اُسکی عقل پر کیا پتھر پڑے تھے کہ اُس ظالم و جفاکار عورت کو
اُلٹا [illegible] اُسکے گھر [illegible] بردہ فروش سے اُسکو مول
لیا تھا اُسکے ہاتھ کچھ کم قیمت پر [illegible] اُسکے دل [illegible] آتا تھا
مگر اُسکے مزاج میں بڑی ضد تھی جیسی فلاحین کی خاصیت ہے کہ بڑے ضدی ہوتے ہیں
اور اُس چڑچڑی [illegible] ایسی تھی جسے عثمان [illegible] ہوا
ہوا تھا۔ آخر عثمان نے اپنے دل میں یہ بات ٹھان لی کہ اس عورت کو [illegible]
بنائے نہ رہونگا اور تعجب کی بات تو یہ ہے کہ اُسنے اُسکو ٹھیک [illegible] کر لیا
لیے اُسکو اتنا دھیرا تو کر لیا کہ وہ ہر روز کی [illegible] موقوف ہو گئی
اور کچھ مزا تو خانہ داری کا ملا۔ مگر باوجود ان مصائب خانگی کے زیادہ اُس [illegible]
رہا اور اُسکے دنیاوی معاملات میں ترقی ہوئی اور اُسنے اپنے لیے اور اپنی گھر [illegible]
کے واسطے ایک بڑا سا مکان بنوایا۔ جونہی فاطمہ اُس نئے مکان میں گئی اُسکی طبیعت
بدل گئی اور وہ خوشی خوشی اُسمیں رہنے لگی اور اپنے شوہر سے محبت کرنے لگی سچی
بات تو یہ ہے کہ وہ اپنی قسم کی عورتوں میں خراب عورت نہ تھی کیونکہ جس [illegible] کو
اپنے حسن و جمال پر غرہ ہوا اور جب یہ جانتی ہو کہ خانگی جھگڑوں میں [illegible]
[illegible] اور جسکو [illegible] سے یہ امید ہو کہ ایک معمولی پاشا کی [illegible]
اگر اُسکو ایک فلاح کے ٹوٹے پھوٹے جھونپڑے میں یکایک رہنا پڑے اور وہ [illegible]
کج خلقی اختیار کرے تو کچھ بیجا نہیں ہے اور اگرچہ اُسکے شوہر نے اُسکو ایک بردہ فروش
سے طریقہ شرعی کے موافق مول لیا تھا مگر ایسے معاہدۂ بیع کے معنی جو اُس عورت نے
اپنے ذہن میں قرار دیے تھے اُنمیں اور اُسکے شوہر کے خیالات میں جسنے اُسکو خریدا تھا

کچھ نہ کچھ فرق ضرور ہوگا - مگر فاطمہ پر جیسی پڑی ویسی اُسنے سہی اور اُسنے کوئی بیجا حرکت
نہین کی - بلکہ جب اُسکو اچھا سا مکان رہنے کے لیے ملگیا اور اُسنے اپنے شوہر کو
لباس اور عادات مین کچھ تمیز اور سلیقہ سکھا دیا تو پھر وہ چڑچڑا پن اُسکا جاتا رہا اور
کبھی کبھی جو اُسکو بہت غصہ آجاتا تھا وہ بھی جاتا رہا اور اُسنے امور خانہ داری اور معاملات
تجارت کے انتظام مین بڑی لیاقت ظاہر کی جیسی اُسکی قوم کی عورتون کی خاصیت ہے
جو دولت عثمان کو گویا چھپّر پھاڑکر ملگئی تھی اگر وہ اُسکے پاس باقی رہی بلکہ اور
زیادہ ہوگئی تو یہ امر بھی فاطمہ کی صلاح و مشورہ اور اعانت سے ہوا - اور عثمان کے
مرنے کے بعد بھی وہ اُسکے مال و دولت کا انتظام بڑی لیاقت اور دانشمندی کے
ساتھ کر رہی ہے - جب فاطمہ ابتدا مین فقر سلیمان مین آکر رہی تھی تو اُسکی خاطر سے
عثمان نے اپنے بیٹے کو گھر سے نکال دیا تھا اور وہ بیچارہ اصطبل مین پڑا رہتا تھا اب
وہ بھی اپنے باپ کے مکان مین آکر اپنی سوتیلی ماں کے ساتھ رہنے لگا اور ہمیشہ اُسکی
تعریف کیا کرتا ہے - اُسکو کوئی اولاد نہین ہوئی مگر وہ عثمان کے بیٹے کی اولاد کو اپنا
پوتا سمجھکر بہت پیار کرتی ہے - وہ لڑکا غالباً کسی دن ذرا اُسکا نون کا عمدہ ہوجائیگا
بلکہ اس سے بھی کوئی بڑا عہدہ پائیگا کیونکہ اُسکی دادی اُسکو خوب پڑھوا لکھوا رہی ہے
اور اُسکے لیے سرکاری نوکری کی فکر مین ہے -

مگر عورتون کی اُس نافرمانی کا کیا انجام ہوا جو فاطمہ کی بدولت اُسگانون مین
پیدا ہوئی تھی وہ طوفان بے تمیزی چندہی مدت تک باقی رہا بعد اُسکے ایک اور طوفان
ایسا آیا جسنے اُسکو بھی مات کر دیا - اس بڑے طوفان کی کیفیت عبدو سے سنیے
کہ اسمین وہ اور اُسکا خاندان تباہ ہوا تھا -

جب تین چار برس تک دلّی کی کاشت اچھی طرح سے اور قاعدہ کے ساتھ
ہوئی تو عبدو کے دل مین یہ خیال آیا کہ جو روپیہ ہمارے پاس جمع ہے اس سے

قرب وجوار کی زمین کو لگان پر لیکر اسمین روئی کی کاشت کرین اگرچہ اسکو اس
زمین کا لگان بہت دینا پڑا مگر جب روئی کی فصل اچھی ہوئی تو منافع بھی بہت ہوا
جہان تک روئی کی کاشت متعلق تھی وہان تک تو خیریت ہی رہی لیکن پیچھے کپاس کا نرخ
گھٹنے لگا اور جب فروخت کا وقت آیا تو عبدہ کو جتنی امید تھی اسکی آدھی قیمت بھی نہین ملی
اور یہی حال اُسکے سب اہل جوار کا ہوا - یہ بلاے عظیم اسپر ایسی نازل ہوئی کہ پھر وہ کبھی
نہین سنبھلا - دوسرے سال اُسنے پھر کوشش کی باین امید کہ شاید پچھلا نقصان پورا ہوجاے
مگر اُسکو مایوسی ہوئی اور وہ بیچارہ بے زر کیسہ مقروض بھی ہوگیا - اسوقت سے اسکی حق
تباہی کی کیفیت بالکل اس حال کے مشابہ ہے جو شیخ حسن کی زبانی سابق مین
بیان کیا لہذا اُسکو دوبارہ مفصل لکھنا کچھ ضرور نہین ہے - جون جون ٹیکس کا بار بڑھتا گیا
بیچارے عبدہ پر قرضہ کا بار بھی زیادہ ہوتا گیا آخر کو یہ نوبت پہونچی کہ اُسنے اپنی زمین
بھی بیچ ڈالی مگر اُسکی قیمت کا جو روپیہ اُسکو ملا وہ بھی اُسکا قرضہ ادا کرنے کے لیے کافی نہوا
اور اُسی زمانہ مین وہ بیچارا اندھا ہوگیا اور اُسکا بیٹا بھی مرگیا اور وہ فقیر محتاج ہوگیا
جن کسانون نے عبدہ کیطرح کچھ روپیہ اُس زمانہ مین پیدا کرلیا تھا جب روئی کا
نرخ بہت گران تھا انہین سے بہت کم آدمی ارزانی نرخ کے زمانہ مین آسودہ حال
باقی ہے - اسی زمانہ مین وہ یونانی سود خورے مہاجن اُس گانون مین آکر بسے تھے جنہون
نے پہلے تو کسانون کو کچھ سودی روپیہ دیکر اُس بلا کو اُنکے سر منڈھا لیکن بعد اُسکے اُن
بیچارون کی کُلّی کتری کرلی - ایک اور آفت عظیم اس گانون پر یہ نازل ہوئی کہ اُسکی تین ربع
اراضی کو سرکار نے ضبط کرلیا - ضبطی کی وجہ یہ ہوئی کہ چونکہ روئی کا نرخ ارزان تھا اور ٹیکس کی
مقدار سابق سے بہت زیادہ تھی لہذا گانون کے ذمہ بہت سا ٹیکس باقی رہگیا تھا اور ایک
روز ایک اہلکار سرکاری القاہرہ سے وہان آیا اور وہان کے عمدہ اور شیوخ سے مشورہ
کرکے کہا اس مقدمہ مین کیا کیا جاے - اُسنے یہ پوچھا کہ آیا بقایاے ٹیکس یکبار گی ادا ہوسکتا ہے

اور جب اُس سے لوگون نے کہا کہ یکبارگی تو اُٹھ سکتا اور ہونا غیر ممکن ہے تو اُس نے اس امر کا اعلان کیا کہ خدیو اسمٰعیل پاشا اس قرضہ کو مع ایک جزو اراضی کے خود دے لیگا۔ عبدہ اس کاروائی کی حقیقت مطلق نہ سمجھا تھا جسکو اہلکار موصوف نے بیان کیا تھا کہ خدیو نے براہ لطف و کرم یہ کارروائی منظور فرمائی ہے جسکا نتیجہ یہ ہوا کہ اہل دیہ کی تین ربع اراضی کو ایک بعض عاملی کرکے ایک عظیم الشان خدیوی تعلقہ مین شامل کر لیا جو اسکے گاؤن کے قریب قائم ہو رہا تھا۔ اس تعلقہ مین گنے کی کاشت ہوتی تھی اور ایک بڑا سا شکر کا کارخانہ اسمین تھا جو اس گاؤن کے قریب ایک ٹیلہ سے صاف دکھائی دیتا ہے۔ چونکہ کسانون کے پاس اپنی ذاتی زمین بقدر کافی نہ باقی رہی تھی لہذا وہ اُس تعلقہ اور اس کارخانہ مین کام کرنے لگے مگر جو تنخواہ اُنکی مقرر کی گئی تھی وہ بہت کم تھی اور اور بہ الحاظ [illegible] بھی تھی اور ٹیکس اُنکا ویسا ہی سنگین تھا جیسا سابق مین تھا اور اہلکاران سرکاری نے اکثر دیہہ کا بڑا حصہ کہ جو انکی جہائی [illegible] ٹیکس ہی باقی پڑی گئی۔ اسیطرح یہ کہ دیہات کا ہر مفت اور بیگار لیا جاتا تھا کیونکہ ایک بڑی سی نہر کھودی جاتی تھی اور بنج اور اسیطرح کے درمیان ریل بن رہی تھی اور جن خدیوی تعلقون مین گنا بویا جاتا تھا اور جو گنے کے کھیتون کیلئے مہیا ہوتے جاتے تھے انہین بھی چارون طرف ریلین بن رہی تھین۔

**الغرض** ۱۸۶۶ء سے تین ہی چار برس کے اندر تک فلاحین پر ایسا ادبار چھایا رہا کہ اس صدی مین تو ایسا زوال اُنپر کبھی نہ آیا تھا اور جب عبدہ کے منہ سے سنتے کہ اُن کمبختون پر کیسی کیسی جفائین اور کیا کیا ظلم اور کس قیامت کی زیادہ ستانیان ہوئین تو خواہمخواہ آدمی کو تعجب ہوتا ہے کہ ایسی حالت مین وہ زندہ کیونکر رہے اور اُنکی نسل کیونکر بڑھی۔ فلاحین فی الواقع بڑے مضبوط ہوتے ہین اور اُنکی مضبوطی کی دلیل یہی ہے کہ ایسے شدید ظلم و تعدی کے عالم مین بھی وہ زندہ رہے اور اُنکی تعداد مین اگر زیادتی نہین ہوئی تو کمی بھی نہین ہوئی جو قصے عبدہ نے صاف صاف رپورٹ یا بیان کیے ہین وہ تو اسی قابل ہین کہ خونباری

سے انمین تحقیقات کیجائے چونکہ ان سب کا مضمون تقریباً واحد ہے اور وہ سب بہت مکروہ معلوم ہوتے ہین لہذا انکی پوست کندہ کیفیت اس مختصر کتاب مین لکھنا فضول ہے اور ناظرین سے انصافاً یہ توقع نہین ہوسکتی کہ صبر وتحمل اور دیگر اوصاف رکھتے ہین جو حکام فوجداری مین ہونے چاہیین لہذا جو حکایتین اور جن لوگون کی شکایتین میرے نابینا اور معمر دوست عبدہ نے نہایت شرح وبسط کے ساتھ مجھسے بیان کی ہین انکی کچھ کیفیت مین مجملاً عرض کرتا ہون —

ان حکایتون مین سراسر ایسے فلاحین کا ذکر ہے جو محنت کرتے کرتے مرے جاتے ہین تب بھی پیٹ کو روٹی نہین نصیب ہوتی اور جو ایسے غریب ومسکین ہین کہ ایسے ایسے ظلم وجفا اٹھاتے ہین مگر کبھی منھ سے چون نہین کرتے نہ ظالمون سے انتقام لینے کی خواہش رکھتے ہین - یہ تماشا اول سے آخر تک عبرت خیز ہے مگر کوئی دردانگیز یا نشاط انگیز مضمون اسمین کہین نہین دکھائی دیتا ہے - جدھر سنیے چٹاخ چٹاخ کوڑے کی آواز آرہی ہے اور جن مظلومون کو کوڑے پڑرہے ہین کبھی کبھی انکی ہاے ہاے واے واے کی بھی کچھ یونہین سی صدا آتی ہے مگر کوڑے کی چٹخار سنکر رعایا مین سے کسی کے کان پر کبھی جون بھی نہین رینگتی اور نہ کہین کوئی قاتل خنجر بران لیے ہوے ظالم کے قتل پر آمادہ نظر آتا ہے حکما کا قول ہے کہ جب کوئی اتفاقی اور فوری اثر انسان کے دل پر ہوتا ہے اور اتنی مہلت اسکو نہین ملتی کہ ادراک کے درجہ تک پہونچے تو وہ اثر فوری بھی اسکے گوشہ خاطر مین کہین پڑا رہتا ہے اور جب مدت کے بعد کوئی محرک قوی اسکی طبیعت کو افروختہ کرتا ہے تو وہ اثر دوبارا اپنا رنگ دکھاتا ہے - اسیطرح سے شاید فرض کیجیے کہ فلاحین بھی بشر ہین اور اتنی بشریت انمین موجود ہے کہ قانون حکمت کے دائرہ کے اندر آسکتے ہین ، ممکن ہے کہ یہ واقعات جنکا کچھ تماشائیون کے دل پر نہین ہوتا اور جنکی طرف وہ مطلق توجہ و اعتنا نہین کرتے عوام الناس کو یاد آجائین اور انکی افروختگی کا باعث ہون اور سنگدل ظالمون

سے ویسی ہی سنگدلی سے انتقام لینا شروع کرین اور آپ جانین کہ دنیا کا تو عجب کارخانہ ہے کہ آٹے کے ساتھ گھن کبھی پس جاتا ہے اُنکے ساتھ بیچارے بیگناہ ہون کو بھی لے ڈالین مگر بالفعل تو کوئی علامت ایسی نہین دکھائی دیتے ہے جس سے یہ معلوم ہو کہ عنقریب غدر ہونے والا ہے بلکہ خدیو حال اسمعیل کو مصر کی رعایا ابتک ظل اللہ سمجھتی ہے اور اُسکے حکم کو نوشتۂ تقدیر سمجھتی ہے جو کسی کے مٹائے نہین مٹ سکتا نہ کسی کے روکے رُک سکتا ہے اور نہ کوئی اُسکا بھید جان سکتا ہے اور مصر مین بھی اور ملکون کیطرح ایسے جبری آدمی کم نظر آتے ہین جو حاکم وقت سے بگاڑین۔

اس تماشے مین فلاحین کو تو صرف تماشائیون کا غول سمجھیے جو چپکے کھڑے تماشا دیکھ رہے ہین سوانگ بھرنے والے اور ہی لوگ ہین مُدِیر یعنے صوبہ کا ناظم سب سے بڑا آدمی ہے اُسکے چہرہ پر تو وہ شقاوت او شیطنت نہین برستی ہے جسکا خیال اُس آدمی کی نسبت ہو سکتا ہے جو ناحق مردم آزاری اور غریب کُشی کرتا ہے مین یہ بات اپنے تجربۂ ذاتی سے کہتا ہون کیونکہ مین نے مصر کے مُدیر کو اُسکی کچہری کے باہر بھی دیکھا ہے۔ یہ تو سچ ہے کہ اُسکا چہرہ ذرا بدقطع اور بھدا ہے اور اُسکے دہن کا کچھ ایسا انداز ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ خدا ترس آدمی نہین ہے مگر اُسکے چہرہ سے کوئی علامت شقاوت اور خباثت کی نہین پائی جاتی اُس سے سچ کی ملاقات کیجیے تو بہت اچھا ہے معلوم ہوتا ہے اور خانگی تعلقات مین اسکی یہ کیفیت ہے کہ اپنے چھوٹے سے بیٹے پر انتہا کا لطف اور شفقت پدری رکھتا ہے۔ فی الواقع وہ بڑا شریر و بدکار اور جفاکار نہین ہے اور وہ خود تو بانی ظلم بھی نہین ہے بلکہ صرف ایک درمیانی آلہ اُس ظلم کا ہے جو اُسکے کار منصبی سے پیدا ہوتا ہے۔ اگر طرز حکومت اچھا ہو تو وہ بہت عمدہ اہلکار رہے کیونکہ وہ اپنے افسران اعلی کے احکام کی تعمیل ٹھیک ٹھیک کرتا ہے اور اور اہلکارون سے زیادہ رشوت ستان بھی نہین ہے۔ اُسکو تو یہ حکم ملا ہے کہ جسقدر روپیہ اپنے صوبہ کی رعایا سے

وصول کرو ورنہ فوراً برطرف ہوجاؤ گے پس جس بات کو وہ اپنا فرض سمجھتا ہے صرف اسی کی تعمیل
اُن معمولی ذریعون سے جو اسکو میسر ہین کرتا ہے۔ اگر وہ تعمیل حکم سرکار سے انکار کرے
یا وسائل ضروری کو استعمال مین لانے سے اغماض کرے تو فوراً اسکی تنخواہ موقوف
ہوجاتی ہے جسکی ضرورت شدیدہ اسکو اسلیے لاحق ہے کہ اپنی اولاد کی پرورش اور سررشتہ اپنی
رئیسی کے موافق کرے اور اگر وہ براہ عدل و مروت اپنا ذاتی نقصان بھی گوارا کرے
تو بھی اُسکے نقصان سے فلاحین کو کچھ نفع نہوگا کیونکہ کوئی شخص اُس سے بھی زیادہ بے ایمان
اُسکی جگہ پر ناظم مقرر ہوجائیگا۔ الغرض اگر اُسکے مزاج مین کچھ بھی انصاف اور خدا ترسی ہے
اور اگر اسکو اپنے افعال پر کسیوقت بھی شبہہ ہوتا ہے تو اپنی ایسی دلیلین وہ اپنے کردار کی
تائید مین پیش کرتا ہے مگر مجھکو تو یہی شبہ اس امر کا ہے کہ اپنے ہم مذہبون کے خیالات کا اثر
اسپر بہت ہوا ہے اور وہ اپنا ظلم وجفا یاد کرکے کبھی رات کو بھی اُٹھ کر دل مین نہین نادم
ہوتا حالانکہ بات کا وقت وہ وقت ہے جبکہ کیسا ہی شقی کیون نہو اسکو بھی جب
اپنی شقاوتون کا خیال آتا ہے تو سینہ مین چوٹ سی پڑتی ہے۔ ہمین تو شناسائی ہے کہ
دربار عام مین اُس سے کبھی کوئی شائبہ بھی رحم اور مروت کا نہین ظاہر ہوتا بلکہ جب تک
مظلوم سے ذرا بھی روپیہ ملنے کا گمان باقی رہتا ہے اسوقت تک وہ ظالم اسکو قمچے یا
لکڑی سے بے تحاشا پٹوائے جاتا ہے اور اسمین بھی شبہہ نہین ہے کہ جو مطلب اس ظلم کا
بعض اوقات وہ مدت کے بعد بر آتا ہے اور دیکھنے والا اپنے دل مین کہنے لگتا ہے کہ
اس بدبخت کو برابر سزا دیے جانا بلکہ جیتے جی برابر اسکو آزار پہونچائے جانا محض
بیفائدہ ہے اس غرض سے مجھکو لازم ہوا کہ چند کلمات اس باب مین عرض کرون کہ جب
فلاحین پر ایسی عقوبت کیجاتی ہے اسوقت وہ بیچارے کیا روش اختیار کرتے ہین
کیونکہ مجھے امید ہے کہ اس امر کے بیان کرنے سے ایک سخت غلط فہمی رفع ہوجائیگی۔
جن اہل یورپ کو عرصہ تک مصر مین رہنے کا اتفاق ہوا ہے وہ ایسا منہ بنا کر کہتے

ہین کہ گویا انکی ذات اسکا مصداق ہے کہ جس فلاح پر کوڑے پڑ رہے ہون اُسکے حال پر رحم کھانا بیدردی اور رحم دلی کو مفت خاک مین ملا دینا ہے وہ کہتے ہین کہ فلاح کے تلوے ایسے بے حس ہوتے ہین کہ انکو [illegible] درد محسوس ہی نہین ہوتا بلکہ اگر عقدہ کے ساتھ کوڑے لگائے جاتے ہین تو [illegible] ایسا فلاح کو اُس سے راحت ہوتی ہے کیونکہ جب حکام اُنکو [illegible] حسب دلخواہ انعام کے نہ لگا چکین اُسوقت تک وہ ٹکس دینے سے برابر انکار ہی کیے جاتا ہے [illegible] مین تو یقین نہین مانتا کہ فلاح کے تلوے کہانتک بے حس ہوتے ہین بلکہ مین خود اس امر کو تسلیم کرتا ہون کہ پانون ننگے پھرنے کی عادت جو انکو پشتہا پشت سے چلی آتی ہے اُسکی وجہ سے اُنکے پانون کی کھال بہت موٹی اور سخت ہو جاتی ہے مگر ٹکس وصول کرنے کے لیے کوڑے کو اور سب آلات تعذیب پر ترجیح دینا میرے نزدیک اسکی دلیل ہے کہ گو فلاح کے پانون کی کھال کیسی ہی موٹی اور سخت ہو گئی ہو مگر کچھ حس ادراک تو ضرور باقی رہتا ہے لیکن پھر اسکی کیا وجہ ہے کہ فلاح کے پاس روپیہ پیسہ موجود رکھا ہوا ہے مگر جب تک وہ بہت سے کوڑے نہ کھالے اسوقت تک روپیہ نہین دیتا- اسکا جواب آسان ہے اور یہ ہے کہ ہر فلاح جانتا ہے کہ میرے پاس اتنا روپیہ نہین ہے جس سے ٹکس وصول کرنے والا راضی ہو جائے پس بہر کیف مجھپر مار ضرور پڑیگی پھر تھوڑا سا روپیہ جو میرے پاس ہے اُسکو بھی مفت کیون ضائع کرون اور جو تھوڑا سا روپیہ میرے پاس بچا ہوا ہے اگر اُسکو فوراً ادا کر دون تب بھی مجھکو اس امید سے کوڑے مارے جائینگے کہ اور روپیہ پاس سے نکلیگا لیکن اگر مین کوڑے کھاتے جاؤنگا اور کہے جاؤنگا کہ مفلس ہون میرے پاس ایک کوڑی بھی نہین ہے تو شاید میری سخت جانی اور ڈھٹائی کو دیکھکر ظالمون کو یقین آجائے کہ اس بیچارے پاس کچھ نہین ہے بہرکیف مار تو مین ضرور ہی کھاؤنگا پس اگر مین نے مار بھی خوب کھائی اور ذرا ذرا سا روپیہ جو میرے پاس ہے وہ بھی دیدیا تو پھر میرے دل کو کیونکر تشفی ہوگی مجھے (مصنف کو معلوم ہوتا ہے

کہ اس معاملہ مین نازک مزاج ناظرین کے پاسے نازک اور فلاحین کے پاسے سخت و کرخت مین صرف اتنا فرق ہے کہ فلاح کی بہ نسبت ناظرین کی عقل اذیت بدنی کے باعث سے زیادہ خبط ہو جائیگی لہذا ایسے ہنگام مین غالب ہے کہ وہ عقل سلیم کے حکم پر نہ چلینگے اور اپنے فائدہ کا خیال نہ کرینگے۔ فلاح بھی آخر بشر ہی ہے ہمین او اور آدمیون مین کچھ ایسا فرق نہین ہے۔

خیر باز آمدم بر سر مطلب۔ اب اُس مدّبر کی کیفیت پھر سُنیئے کہ مدت مدید کے تجربہ سے اُسکو معلوم ہو گیا تھا کہ کتنی ایذا سے فلاح کے حواس باختہ ہو جاتے ہین بس اتنی ہی ایذا اُسکو دیتا تھا جب اُسکو یقین ہو جاتا تھا کہ فلاح کی قسمین سچی ہین اور واقع مین اُسکے پاس روپیہ نہین ہے تو وہ روپیہ لینے کی دوسری تدبیر کرتا تھا یعنی وہ فلاح کو مار پیٹ کر کہتا تھا کہ اچھا اگر تیرے پاس روپیہ نہین ہے تو کسی سے قرض لے تب فلاح نظر یاس سے دیکھکر کہتا تھا کہ بھلا مجھ غریب کو کون روپیہ قرض دیگا۔ اسکے جواب مین مدبر صاحب فرماتے تھے اچھا اسکا بندوبست ہم کر دینگے۔ اتنے مین ایک یونانی مہاجن جو پشت پر کھڑا ہوا تھا اور جسکا نام دمتری تھا آگے آکر کھڑا ہو گیا۔ دمتری نے یہ حکمت کی تھی کہ یہ امر پیشتر ہی دریافت کر رکھا تھا کہ کون کون اراضی رہن ہے پس اُسکو یہ بات کسانون سے دریافت کرنے کی ضرورت نہ تھی اور اُسنے وہ شرائط فوراً بیان کر دیے جن شرائط سے اُسکو ٹیکس کے لیے روپیہ قرض دینا منظور تھا اُس بیچارے کسان کو اب کیا چارہ کار باقی رہا تھا پس اُسنے اُن شرائط کو قبول کر کے تمسک پر مہر کر دی تب اُسکو جانے کی اجازت ملی۔ یہ مین نہین کہسکتا کہ اُس روپیہ کے منافع مین دمتری نے مدبر صاحب کو کیا حصہ دیا یہ اپنے انکی بیچ کی بات تھی اُسکو وہی خوب جانتے تھے۔

چونکہ مین نے سابق مین یونانی اور شامی مہاجنون کا اکثر ذکر کیا ہے اور یہان آیندہ مین بھی انکا تذکرہ کرونگا لہذا مناسب ہے کہ اُس سودخورے مہاجن کی قوم مین جو جو

نکا آدمی تھا اسکی کیفیت ناظرین سے بیان کرون دمتری جسکو اسکے ہم پیشہ مہاجن دمتر کے نام سے پکارتے تھے جزائر یونان مین سے ایک جزیرہ کا باشندہ تھا اور مذہب مین عیسائی اور علاقہ بادشاہ یونان کا تابع تھا۔ اپنے سب دوست آشناؤن مین محب وطن مشہور تھا مگر محب وطن صرف اس معنی سے نہین تھا جس معنی مین یونانی اس لفظ کو عموماً استعمال کرتے ہین بلکہ محب وطن اس معنی سے تھا جس معنی مین اہل یورپ اس لفظ کو استعمال کرتے ہین پس تعجب نہین ہے کہ جس جزیرہ کا وہ باشندہ تھا اسمین یا شہر اتھنس پایۂ تخت یونان مین وہ کوئی اسکول اپنے نام اور اپنے صرف سے قائم کریگا جسمین آیندہ کی نسلون کے لڑکے تعلیم پاوینگے۔ مگر بالفعل تو اسکے پاس اتنا روپیہ نہ تھا کہ وہ اپنی حب الوطن کو دخل دیکر اپنے ملک کے لڑکون کی تعلیم مین زرکثیر صرف کرتا۔ اُسکے مان باپ غریب آدمی تھے اور اُسنے صرف ایک ابتدائی اسکول مین تعلیم پائی تھی اور پہلے تو اُسنے قسطنطنیہ مین جاکر کسیکی نوکری کرکے کچھ کما کھایا تھا بعد اُسکے جس یونانی سوداگر کا وہ نوکر تھا اُسکے ہمراہ اسکندریہ مین چلا گیا۔ وہان اس سے اور اُسکے چند ہموطنون سے اتفاقاً آشنائی پیدا ہوگئی اور وہ لوگ کچھ چیزون کی خرید و فروخت سے اپنی اوقات بسر کرتے تھے۔ دمتری کی عقل معاش اپنی قوم کی طرح ایسی تیز تھی کہ اُسنے بھی اپنے ہم قوم یونانی سوداگرون کی دیکھا دیکھی پیشہ تجارت اختیار کیا۔ مگر اسکندریہ مین اُسنے اپنے فن کے آدمی بکثرت پائے لہذا اُسنے چاہا کہ دیہات مین جاکر قسمت آزمائی کرے چند روپئے جو اُسنے اپنے خرچ مین بہت کفایت کرکے بچا رکھے تھے اُنکی اُسنے چند ایسی متفرق چیزین خرید لین جنکو وہ جانتا تھا کہ فلاحین ایسی چیزون کے بڑے شائق ہوتے ہین بعد ازان ایک روز صبح کو وہ ایک بقچہ اپنے پشت پر لاد کر چل کھڑا ہوا اور دو تین مہینے گانون گانون خوب گھوما۔ اور اتنی ہی مدت مین اپنا مال بیچ لیا گو بہت نفع اسکو نہین ہوا کیونکہ فلاحین کے مذاق کو جیسا وہ پہلے سمجھا تھا فی الامر مین اُسکے بالکل خلاف پایا مگر چونکہ وہ تیز اور ہوشیار آدمی تھا لہذا جو تجربہ اسکو پہلے پہل حاصل ہوا تھا اُس سے

وہ مستفید ہوا اور اگلی دفعہ جو اُسنے سودا بیچا تو اُسمین اُسکو بہت زیادہ نفع ہوا۔ اسی اثنا مین
[illegible] کے نرخ کے زیادہ گران ہو جانے کی وجہ سے فلاحین متمول ہونے لگے تھے اور
دمتری نے دیکھا تھا کہ وہ لوگ جھوٹا زیور اور ریشمی مال بہت خریدتے ہین۔ پس
دوسری دفعہ اُسنے شہر سکندریہ سے ایسی ہی چیزین خرید کر اُنکو ایسی قیمت گران پر فروخت کیا جسکی امید
[illegible] یہ نتیجہ اسوجہ سے پیدا ہوا تھا کہ وہ ہوشیار آدمی تھا اور اپنا مال ایک ترکیب سے بیچتا تھا
اور جب وہ لوگون کو اپنا اسباب تجارت دکھاتا تھا تو یہ ضرور کہدیتا تھا کہ صاحب میرا مال معمولی
[illegible] نہین ہے جسکی گنتیان ختم ہون (یہان تک تو اُسکا قول بالکل صحیح تھا) بلکہ
[illegible] خاص [illegible] پیش کرکے ایسے طلاے خالص سے بنوایا ہے جو مصر کی
[illegible] کبھی خواب مین نہ دیکھا ہوگا۔ مین اسوقت اسکو نہین بیچنا چاہتا ہون بلکہ
[illegible] پہونچیگا تو جو قیمت یہان کہتا ہون اسکی دہ چند قیمت پر اسی مال کو
[illegible] لیگا۔ مگر [illegible] اُن لوگون کے ساتھ رعایت کرنا چاہتا ہون جنہون نے اسوقت
[illegible] زبان آیا تھا۔ یہ سب اور اسی قسم کی اور باتین [illegible]
[illegible] زبان مین بیان کرتا تھا اور کچھ اپنے کلام کی
[illegible] بیان کرتا تھا جنکو دیکھکر لوگ بے اختیار ہنس پڑتے تھے
[illegible] اسکی [illegible] زبان (یونانی) کو سمجھ سکتے تو اسکی فصاحت
[illegible] عربی [illegible] ہو جاتے لیکن خیر اُسکے کلام کو سنکر لوگ ہنستے بہت
تھے اور کچھ اسکی بات کا یقین بھی آجاتا تھا اور بعض وہ چند آدمی اسکی یاوہ گوئی کا
[illegible] ایک آدھ چیز اُس سے خرید بھی لیتے تھے اور کبھی کبھی تو فروشندہ (دمتری) اُنسے
[illegible] ہوتا تھا کہ فی الواقع یہ لوگ بے انتہا قیمت دیتے ہین مگر براہ دانشمندی اپنی
[illegible] کی [illegible] علامت ظاہر ہونے دیتا تھا بلکہ برخلاف اسکے وہ اپنا منہ ایسا
بنا لیتا تھا کہ گویا اُسنے کسی کا عوض مین اپنا نقصان عظیم گوارا کیا تھا اور خریدارون کو ایسی

اسکا حسرت سے دیکھتا تھا گویا انکی خوش نشستی پر رشک کرتا تھا۔ چنانچہ یہ افواہ مشہور ہے کہ
ایکدن وہ کسی دعوت مین گیا اور کسان کو جو اُسکے ہمنشینون پر فوقیت لیجانا چاہتا تھا پھسلا کر ایک شیشی
آب جس سے کھانا کھانے کے بعد ہاتھ دھوتے ہین بطلائے خالص کا کہکر اُسکے ہاتھ
بیچ ڈالا اور یہ فریب اسکا کئی ہفتون تک کسیکو نہین معلوم ہوا۔ مگر کچھ باوجود اس
صحت مین تامل ہے گو اسکا نقل عجیب ہے باعتبار درست کو آدمی سے۔ البتہ یہ
صحیح ہے کہ دمتری بحیثیت ایک سوداگر کے قصر سلیمان مین بہت نیکنام نہ تھا مگر
پھر بھی سمجھ مین نہین آتا کہ اُسنے ایسا فریب کیا تھا جو آسانی سے ظاہر ہو گیا۔

اس دست فروشی یا بساط گری سے کام مین دمتری کو چند ہی مدت مین کچھ نفع
حاصل ہوا اور تین چار برس کے بعد اُسکے کاروبار کا انتقال ہوا اور مقدمات بہت ہو گئے
یہانتک کہ جو محنت اُسکو اُٹھانی پڑتی تھی اُسکے بدلا مین کچھ بھی نتیجہ نہ تھا اور
سے اداس ہو گیا تھا اور کسانون پاس روپیہ نقد اتنا نہ تھا کہ وہ بے تحاشا خرید سکے
بلکہ وہ اور روپیہ قرض لینے کی فکر مین رہتے تھے۔ دمتری نے زمانہ کا رنگ بدلا ہوا دیکھا اور جیسا
وقت دیکھا جھٹ ویسی ہی روش اختیار کرلی۔ جب تک اُسکے خلاف دوستون کی گرہ مین کچھ تھا
اسوقت تک تو اُسنے انکو خوب ہی نچوڑا اور اب جو انکو روپیہ کی ضرورت ہوئی تو وہ انکو روپیہ
قرض دینے کو مستعد ہو گیا اور اُس نئے قسم کے معاملہ مین اُسکو اور زیادہ منافع کی امید ہوئی
لیکن اب اسکو ضرور ہوا کہ اپنے کام کی ایک مرکزی جگہ بنائے اور گھومنے کھامنے کو ترک کرکے ایک
مقام پر جمکر تجارت کرے۔ آخر اُسنے ایک وسیع گانون کو جسمین تجارت بہت ہوتی تھی
قصر سلیمان کے قریب پسند کیا اور وہان ایک چلتا ہوا کارخانہ کھڑا کیا یعنے مسافرون کے
لیے ایک سرائے لی اور ایک پنساری کی سی دوکان کھولی۔ اور اُسنے اپنا بہت سا
روپیہ لوگون کو بہت سے سود پر تھوڑی ہی مدت کے لیے قرض دیا اور قرضہ وصول کرنے
اُسنے یہ تدبیر کی کہ اپنے قرضہ مین قرضخواہون سے روپیہ نہ لیتا تھا جسکی تعداد معین کرنا

ہے بلکہ پیداوار اراضی لیتا تھا علی الخصوص روئی بہت لیتا تھا یہان تک کہ چند ہی روز مین وہ ایک بڑے روئی کے تاجر کا گماشتہ ہوگیا جو اسکندریہ مین مال بھیجا کرتا تھا۔ یہ تو اُسنے بڑا پالا مارا کیونکہ اُسکی بدولت تو اُسکو یہ بات نصیب ہوئی کہ فیصدی دس سے پندرہ پونڈ سالانہ تک اُسنے بہت سا روپیہ لیکے فیصدی تین یا چار پونڈ ماہواری پر لوگون کو قرض دیا۔ پہلے تو اُسنے قرضہ کی ضمانت مین صرف اسناد یعنے اقرارنامون پر اکتفا کی لیکن جب فلاحین پر قرضہ کا بار زیادہ ہوگیا اور اپنی جایداد سے بہت زیادہ روپیہ اُنھون نے قرض لیا تو دمتری کو ضرور ہوا کہ باضابطہ رہن نامے تحریر کرا لے تا کہ جب فلاحین پر کوئی آفت نازل ہو تو اُسکا دعوے اُنکی اراضیات پر اور سب کے دعوے پر مقدم سمجھا جاے۔

چند سال کے عرصہ سے دمتری قفر سلیمان مین مفقود الخبر ہے لیکن الحمد للہ مجھکو اُسکا احوال اخیر تک ملگیا ہے جب قفر سلیمان کے قریب کے گانؤن سے وہ چلا گیا تو اسکندریہ مین جاکر سوداگر اور مہاجن بنگیا اور جب اسمعیل پاشا کو روپیہ کی بڑی قلت ہوئی اس ہنگام مین دمتری نے اُسکو بہت سا روپیہ تھوڑا تھوڑا کرکے قرض دیا اور ادھر اُدھر گھوم گھام اپنا خاندانی نام پیدا کرلیا اور اب ایم ڈمتریس کے نام سے مشہور ہے۔ اچھا خاصا مالک التجار بنا ہوا ہے مدیر یعنے ناظم اس موٹے یونانی مہاجن کو اور بہت سے خواصون کو ہمراہ لیکر گانؤن مین صرف اُسوقت آتا ہے جبکہ گانؤن والون پر کچھ زیادہ دباؤ ڈالنا منظور ہوتا ہے مگر شیوخ اور عمدہ اور صراف اور چھوٹے چھوٹے مہاجن جو اُسی گانؤن مین رہتے ہین بیچارے کسانون کے سر پر ہمیشہ نازل رہتے ہین اور ہمیشہ اُنکو نوچا اور گودا کرتے ہین جو گورنمنٹ رعایا سے بڑی شد و مد سے خود ظلم ستانی کرتی ہے وہ چھوٹی امت کے لوگون سے جو اس کام مین اُسکو مدد دیتے ہین اور اس اصول پر عمل کرتے ہین کہ مزدور کو اُسکی محنت کے موافق مزدوری دینی چاہیے ظلم ستانی کی باز پرس نہین کر سکتی

چھوٹے ظالم بھی انھین ذریعون سے مردم آزاری کرتے ہین جن ذریعون سے اُنکے افسران اعلی غریب کُشی کرتے ہین۔ ایک آلۂ عقوبت (قرباش) کا ذکر تو مین متواتر کر چکا ہون غالبًا ناظرین کو اب اُسکے نام سے نفرت کُلّی ہو گئی ہو گی۔ لہذا مین ناظرین تمکین سے عفو قصور چاہتا ہون کہ ایسے لفظ مکروہ کو متواتر لکھکر ناحق انکی دماغ خراشی کی مین خوب جانتا ہون کہ ایسے مذموم کلمہ کو متواتر تحریر کرنا سراسر خلاف تہذیب ہے اور داب نکتہ چینی کے بھی سراسر خلاف ہے لیکن مین کیا کرون۔ فلاحین کے حالات گذشتہ اور کوائف موجودہ کو بیان کرنا اور یہ چیز انکی زندگی کا گویا جزو اعظم ہو گئی ہے اسکو بالکل قلم انداز کر دینا ایسا ہے جیسا مجنون کا قصہ تو بیان کیا مگر لیلی کو بالکل بالاے طاق رکھدیا۔

عبدو نے بیان کیا کہ تین چار برس ہوے جب فلاحین کے حال مین کچھ اصلاح شروع ہوئی تھی۔ قریب اُس زمانہ کے اسمعیل پاشا مصر سے چلا گیا اور اُسکی جگہ پر اُسکا بیٹا توفیق پاشا خدیو مصر ہوا شاید خدیو کی تبدیلی سے کچھ ٹیکس کا بار کم ہو گیا ہے اور اب مدیر اور اُسکے حوالی موالی گانون مین اُتنی دفعہ نہین آتے ہین جتنی مرتبہ پیشتر آتے تھے اور ہر ایک کسان کو ایک کاغذ کی فرد دیدی گئی ہے جسمین یہ لکھا ہوا ہے کہ کتنا روپیہ کس فصل مین اُسکو دینا پڑیگا اور جبتک کسان جملہ رقوم کو جو اُس کاغذ مین درج ہین برابر ادا کرتا رہتا ہے ہو وقت تک تو اُسکو مدیر سے کچھ اندیشہ نہین رہتا تاہم شیخ اور صراف اور گانون کے مہاجن اُسپر بہت ظلم کرتے ہین۔ کسانون کو اپنی حالت مین کچھ ترقی نہین محسوس ہوتی ہے بلکہ بعض کسان تو ایسی داد فریاد کرتے ہین کہ جس زمانہ مین اُنپر ظلم شدید ہوتا تھا تب بھی ایسی آواز بلند سے سرکار کی شکایت نہ کرتے تھے انکی ناراضگی کی وجہ یہ ہے کہ ازہر یونیورسٹی کے بعض طالب العلمون نے جو اُس گانون مین کبھی کبھی آتے ہین اُنکو خوب بھڑکایا ہے چنانچہ ایک نوجوان طالب العلم نے کسانون سے علانیہ کہا کہ تم بڑی مدت سے غیر ملک والون کی ظلم و جفا سہرہے ہو لیکن خاطر جمع رکھو تمھارا نجات

دینده بہت جلد خروج کیا چاہتا ہے۔ جب عبدہ نے اسکا یہ ارادہ سنا تو اُسے صاف
کہدیا کہ اس سے تو کچھ بھی نہ ہوگا مگر شاید اور بیشتر گویوں کی طرح تمہارا خشونت
کے ساتھ قلع قمع ہو جائیگا۔ اور عبدہ نے … واقعات پر نظر کرکے اپنی اس
پیشین گوئی میں … لیکن … نہیں ہے کہ اکثر کسانوں
کو … انقلاب کا … جو عظیم ہونے والا ہے
جو ہمارے حق میں مفید ہوگا … ترغیب انھوں نے عرابی پاشا
کو اپنا … الغرض … کے لیے جمع
ہوئے تھے اسکے بعد … واقعات کی خوشی پہونچی … سلیمان … پہونچی اور جب
وہان کے لوگوں کو یہ معلوم ہوا کہ عرابی تو چاہتا ہے کہ … کا … جور رعایا پر ہے
اسکو منسوخ کردے مگر خدیو اس امر میں مانع ہوا ہے تو اُن لوگوں کے دل میں عرابی کے ساتھ
ہمدردی اور خدیو سے مخالفت پیدا ہوئی۔ اور جب … ان کو یہ بھی معلوم ہوا کہ عرابی
کفار سے … اور … جو کفار کا شریک ہو گیا ہے تو ایک سے محبت اور دوسرے
سے عداوت اور زیادہ ہوگئی۔ اگر عرابی اکیلا کفار سے لڑتا تو خلائق کے دل میں اسکی
ہمدردی کا … اور سب اسکو جنت مرتبا کہتے۔ مگر افسوس ہے ایک
… کے … یہ جھگڑا نہیں طے ہوا بلکہ اسکو طے کرنے کے لیے بڑی بڑی
فوجیں … اور تین ہزار آدمیوں کو بھرتی کرنے کی ضرورت ہوئی اور سارے
ملک سے زبردستی روپیہ تحصیل کرنا پڑا۔ ان دو باتوں کے خیال سے رعایا کا جوش
و خروش بہت کم ہوگیا مگر جب سود خورے مہاجن بے اپنا حساب کتاب … ہوئے گانوں
سے بھاگ گئے اور … قتل کیے گئے تو … نے بالاعلان کہدیا کہ مہاجنوں کا قرض
… کیا گیا تو … رعایا کو خواہ مخواہ خوشی ہوئی پھر جب شکست کی خبر آئی اسوقت
… صبح کے وقت کسان آپس میں یہ ذکر کررہے تھے

آرا لیب کر دائن پہونچنے کر اسلام کی فتح ہونیکی خبر مشتہر ہوئی اور غنیم کے شاکرونکی فوج تتر بتر ہو
بھی ہوئی شکست کھا کر ... ہو گئی تھی ... جنرل عرابی کو شکست فاش ہوئی ...
جنگی حالات بیان ہونے لگے ... ایک کسان جو فوج میں ... دشمن کے ... گیا
تھا بیان کرنے لگا کہ گھوڑے سے ... گھٹنا ... آیا
اور کہنے لگا کہ بھاگنا ... جہانتک اسکے قدم چلتے تھے اونٹ یا گھوڑے سے دوڑتا گیا
رات دن سرپٹ بھاگتا چلا آیا تھا اور بالکل تھک گیا تھا کہ جب گھوڑے سے اترا تو اسکو
کھڑے رہنے کی طاقت نہ تھی۔ القصہ جب اسکے ہوش و حواس ذرا درست ہوئے تو اسنے
یہ داستان بیان کی کہ میں جنرل اعرابی کے لشکر میں تھا کہ ایک روز قبل طلوع آفتاب جبکہ ابھی دن
اور توپوں کی ... آواز سے میری اور میرے ساتھی سپاہیوں کی آنکھ کھل گئی ...
ہم فوج مخالف کے حملہ کو روکنے کی تیاری نہ کرنے پائے تھے کہ فوج مذکور کے لوگ
مورچوں کو پھاند کر قلب لشکر میں گھس آئے یقین ہوتا ہے کہ شیطان انکی مدد کر رہا تھا
جب تو وہ کسی کے روکے نہ رکی اور کوئی اسکے مقابلہ نکر سکا یہانتک کہ خود عرابی نے فرار
اختیار کیا۔ پھر اسنے کہا کہ جب میں نے عرابی کو دیکھا کہ وہ اور افسران فوج کے ساتھ گھوڑا
اڑاتا ہوا اسٹیشن کیطرف چلا جاتا ہے تو میں نے اپنے دل میں کہا کہ بھئی اب تم بھی بھاگنے
کھسکو۔ خدا کی قدرت سے اسوقت ایک گھوڑا مجھکو ملگیا اور میں اپنے امیر (عرابی) کے
عقب میں بہت جلد روانہ ہوا مگر اسٹیشن پر ابھی پہنچا بھی نہ تھا کہ ریل تک پہونچنا دشوار تھا اور
ریل چھوٹا ہی چاہتی تھی کہ میں نے آنکھ اٹھا کر جنگگاہ کی سمت جو دیکھا تو ایک رسالہ انگریزی
سواروں کا سرپٹ گھوڑے دوڑاتا ہوا نظر آیا اور مجھکو خیال ہوا کہ تھوڑی دیر میں یہ آ
اس مقام پر آپہونچینگے جہاں میں کھڑا ہوا ہوں پس میں نے ایک لحظہ بھی تامل و توقف نہیں
کیا اور گھوڑے پر سوار ہو اپنے گھر کی راہ لی۔ کئی مرتبہ میں نے انگریزی رسالہ کی کھڑکھڑاہٹ
اپنے عقب میں سنی مگر اللہ نے میرے حال پر رحم کیا اور میری جان بچائی۔ ابا انگریز القاہرہ

مین پہونچ گئے ہون گے کیونکہ وہ چلپ ابن الحلب (کلب ابن الکلاب) بڑے تیز رفتار ہین اور کوئی اُنکو نہین روک سکتا۔ یہ اخیر کا فقرہ اُسنے چپکے سے کہا گویا اُسکو یہ خوف تھا کہ مبادا وہ چلپ ابن الحلب اس کلمہ کو سُن لین۔

چند روز کے عرصہ مین اس گانوُن کے اکثر آدمی جو پیادہ ون کی پلٹنون مین تھے اپنے وطن مین پھر آئے اور اُس سوار نے جو قصہ بیان کیا تھا اُسکی تصدیق کی جب وہ لوگ وہان پہونچے تو اُنکے پاس کوٹ ہتیار اور بوٹ وغیرہ کچھ بھی نہ تھا اور سب سے پیشتر اُنھون نے یہ کیا کہ اپنی فوجی وردی کو اُتار کر معمولی پوشاک پہن لی یعنے وہی نیلی قمیص اور اُسی قطع کی چھوٹی سی ٹوپی جیسی فلاحین اکثر پہنے رہتے ہین۔ مگر لطف یہ ہے کہ گانوُن مین پہونچنے کے پانچ ہی منٹ کے بعد وہ خدا و رسول کی قسم کھانے کو مستعد تھے کہ ہمنے طل الکبیر یا قفر الدوار کا کبھی نام بھی نہین سُنا ہے اور کئی مہینہ سے ہمنے ایک روز بھی اس گانوُن سے باہر قدم نہین نکالا ہے۔ آخر مین مین نے عبدہ سے سوالات ذیل کیے۔

**(سوال)** انتظام موجودہ کی نسبت کسانون کی کیا راے ہے اور وہ اُسکو کیا سمجھتے ہین۔

**(جواب)** کسان کبھی ایسے امور کا خیال نہین کرتے نہ کبھی اُنکا ذکر کرتے ہین سب باتین بدستور ہین۔

**(سوال)** اب عربی کہان ہے۔ تمھاری دانست مین وہ کبھی پھر بھی آئیگا

**(جواب)** بھلا صاحب ضعیف نابینا فلاح ایسی باتین کیا جانے نعوذ باللہ استغفر اللہ فقط

# باب نہم

## حکایات مذکورۂ بالا کی شرح کے بیانمین

یہ تو مین نہین جانتا کہ اور لوگون کو کیا خیال ہو کیونکہ ہم ایک عجب آزاد ملک مین رہتے ہین جہان ہر مرد و زن جب سن تمیز کو پہونچ جاے تو پھر اُسکو اختیار ہے جیسا چاہے خیال کرے مگر جو حکایات اُس دبیر عبدو کی زبانی مین نے نقل کیے ہین میرے نزدیک وہ کچھ تاریخی وقعت رکھتے ہین اور یہی سمجھکر مین نے اُنکو اس شرح و بسط سے نقل کیا ہے۔ مگر جیسا لوگون کا قاعدہ ہے کہ جب کوئی نئی بات دریافت کرتے ہین تو اسکی وقعت اُنکی نظرون مین بہت سما جاتی ہے ویسے ہی مین نے جو تازہ حالات تحقیق کیے ہین شاید اُنکی عظمت میرے دل مین بہت سما گئی ہے۔ لہذا اب مین قلم نہ اُٹھاؤنگا تاوقتیکہ اس شک کو اپنے دل سے نہ دفع کر لونگا اور ان حکایات کی صحت کی پوری ذمہ داری اُس شخص پر ثابت نہ کر لونگا جسکو اُسکا ذمہ دار ہونا لازم ہے اور یہ فعل مین اور بھی زیادہ طیب خاطر سے اسوجہ سے کرتا ہون کہ میرا شفیق معظم و رفیق مکرم جسکے بیانات پر باب سابق کے مضامین کا دار و مدار ہے اب اس قابل نہین رہا ہے کہ اپنی طرف سے خود جوابدہی کرے۔ ابکی ڈاک مین مجھکو یہ خبر وحشت اثر پہونچی ہے کہ اُسنے اس دنیاے فانی سے رحلت کی اور اپنے جھونپڑے سے جو ابھی ویران اور سنسان پڑا ہوا ہے ذرا آگے بڑھکر ایک درخت خرما کے سایہ کے نیچے دفن کیا گیا۔ الحمد للہ وہ تو اس سراے فانی سے اُس عالم جاودانی مین پہونچا جہان حریص شیخ اور ظالم مدر کے ہاتھ سے اُسکو کوئی آزار نہین پہونچ سکتا اور جہان تھکے ماندے فلاح محنت سے چور چور اور کوڑون سے مجروح و مقروح ہوکر استراحت کرتے ہین۔ مگر دنیا مین اُسکا نام تو باقی ہے اور اُسکو باقی رکھنے کی فکر مجھکو ہے

جب اُنھے جو کچھ باتین مجھسے بیان کیے تو اُنکو یہ گمان نہ تھا کہ مین اُنکو کبھی صرف مین لاؤنگا
وہ بیچارہ ایک سیدھا سادہ گنوار تھا اُسکو یہ حوصلہ کب تھا کہ لقمان کو حکمت سکھائے اور
انگلستان کی اعلیٰ درجہ کی تعلیم یافتہ اور روشنضمیر خلقت کو راہ راست پر لائے یا محققین انگلستان
کی مجموعی حکمت عملی پر اپنی دہقانی گوئی کا اثر پہنچائے اگر اُسنے کچھ گناہ کیا ہے تو اُسکا
عذاب میرے سر ہے۔ خدا اُسکو فشار قبر سے بچائے اور غریق رحمت کرے مجھے یہ گمان
نہین ہے کہ اِس دنیاے فانی سے وہ اپنے دل مین بغض و کینہ لیگیا ہے اُسکے سینہ مین کینہ کی
گنجایش کہان تھی۔ وہ سچا مسلمان تھا اور خدا پر توکل کرنا اُسکا عین ایمان تھا۔ وہ اہل یورپ سے
کچھ کینہ یا عداوت نہ رکھتا تھا اور نہ سیاحان یورپ کے ذوق و شوق کی پوچھتا چھ اور چھیڑ چھاڑ
سے بچنے کی فکر اُسکو تھی مگر جو لوگ میرے بعد آئینگے اُنکے حال پر مجھے بڑا افسوس آتا ہے کہ
مصر کے واقعات کے علم کا ایسا ذریعہ اُنکے ہاتھ سے جاتا رہا جس سے وہ بہت کچھ احوال دریافت
کرکے جیسے نتایج کا استخراج مین نے کیا ہے اُنسے بہتر نتایج نکال سکتے۔

ایک شخص کا قول ہے کہ اگر آدمی غلطی کرے اور اُسمین مستقل اور ثابت قدم رہے ص ۲۹۶
تو وہی غلطی اُسکی کامیابی کا باعث ہو جاتی ہے۔ یہ شخص اُس مرد پیر عبدہ کیطرح اس دنیاے
فانی سے عالم جاودانی کو رحلت کر چکا ہے مگر جب زندہ تھا تو بڑا تجربہ کار اور ہوشیار آدمی تھا
اور دنیا کے رنگ ڈھنگ سے خوب واقف تھا۔ اُسکے اِس قول پر مین عمل کرنا چاہتا ہون
اگر مین نے باب سابق لکھنے مین غلطی کی ہے تو اُسی غلطی پر مین قائم رہنا چاہتا ہون ناظرین کو
خوب جتائے دیتا ہون کہ میرا یہ ارادہ ہے کہ اپنی خطا پر اصرار کرون لیکن خیر مین اپنے
طور طریق کو کچھ تو درست کرنے کی کوشش کرونگا۔ اب مین عبدہ کا ذکر عمداً تو کبھی نکرونگا لیکن
اگر اتفاقاً اُسکا ذکر کہین آ جاے تو کچھ مضایقہ نہین البتہ جو حکایتین اُسنے بیان کی تھین
اُنکی شرح ضرور لکھونگا اور جیسے اِس مضمون کی عظمت و جلالت کا مقتضا ہے ویسے ہی کسیقدر مفصل اور
مختصر عبارت مین اُسکو بیان کرونگا تا کہ اس کتاب کے تلخ مزاج نکتہ چینیون کو جو میری یا وہ گوئی اور

پہونچ گیا جو عالی ہمت اور بلند حوصلہ آدمی کی تسکین کے لیے کافی ہے-

مجھکو گمان ہے کہ ان مضامین سنگین اور کلمات شیرین کو تحریر کرنے سے میری مضمون نگاری اور انشا پردازی کے عیوب واقعی یا فرضی کی مکافات ہوگئی اور اگرچہ مجھے بڑی فکر اس بات کی ہے کہ جن خطاؤن سے مین نے توبہ کی ہے کہین پھر بھی خطائے تقصیر میرے قلم سے نہ سرزد ہوون مگر چونکہ مین ایجاز و اختصار کا وعدہ ناظرین سے کرچکا ہون اوراگر وہ اجازت دین تو وہ طرز تحریر اختیار کرون جو بہت ثقیل اور طولانی ہو مین اُس شخص کی تقلید اختیار کی ہے جسکو شاید ادھیڑ آدمیون نے اپنے لڑکپن مین کسی اسکول کی کتاب مین لکھا ہوگا جواب پُرانی اور متروک ہوگئی ہے- اس مثنوی مین اس حکایت کو نظم کیا ہے کہ ایک گنہگار نے اپنے گناہون سے توبہ کرنی چاہی تو پادری صاحب نے اُسکو حکم دیا کہ تمھارے گناہون کی مکافات اسطرح ہوسکتی ہے کہ تم اپنے جوتے مین چنے بھروا اور اُسکو پہنکر روم تک پیدل چلے جاؤ- خیر- اُس بیچارے نے یہی کیا مگر جب اُسکے پانؤن مین چنے چبھے اور تکلیف دینے لگے تو اُسنے انکو جوش کر ڈالا- اسیطرح سے مین بھی ناظرین کے امتثال امر کے ساتھ اپنی آسائش اور سہولت کا ضرور خیال رکھونگا اور گستاخی معاف اپنے چنون کو اُبال لونگا- ص ۲۹

خیر- یہ تو نری ظرافت اور لفاظی تھی- اب سیدھی سادی بات سُنیے کہ محمد علی نے جو کچھ کیا اُسکی مختصر کیفیت یہ ہے کہ جب مملوکون کی حکومت مصر مین تھی تو چھوٹے چھوٹے اہلکاران سلطنت بھی فرعون بے سامان بنے ہوے تھے اور سلطان روم کے تابع تو صرف برائے نام تھے مگر درصل کسی افسر کی اطاعت نکرتے تھے بجز اُس شخص کے جو اُنکا مقوم ہو اور سوقت خاص مین سب سے زیادہ ذی اختیار بھی ہو- الغرض اُنھون نے سارے ملک کو آپسمین تقسیم کرلیا تھا اور ہمیشہ آپسمین لڑا کرتے تھے اور ایک دوسرے کو اپنا رقیب سمجھکر اُس سے اپنا انتقام لینا یا اُسکو مغلوب کرلینا چاہتا تھا- اس بدنظمی اور طوائف الملوکی کو جو مدت سے چلی آتی تھی محمد علی نے دفع کرکے ایک زبردست اور مطلق العنان سلطنت شخصی قائم

کی اور جب اُسنے اپنی حکومت کو باستحکام تمام قائم کرلیا تو مصر کے قدرتی اسباب معیشت کو ترقی دینے مین کوئی دقیقہ فروگذاشت نہین کیا اور یورپ کی تہذیب و شایستگی کو جہانتک کہ مقصد اُس سے برآسکتا تھا اس ملک مین جاری کرنے کی کوشش بلیغ کی پہلا کام جو اُسنے کیا یہ تھا کہ دوآبہ کے ملک مین برابر نہرین بنوادین جسکے سبب سے کسانون کو تو بیگار کا کام بے انتہا کرنا پڑا مگر ساتھہی اسکے ملک کی سرسبزی اور شادابی مین بھی بے انتہا افزونی ہوئی۔ محمد علی کی حکمت عملی مین نقص عظیم یہ تھا کہ اُسکو رعایا کی اصلاح معاشرت اور تہذیب اخلاق ہرگز مد نظر رہی بلکہ وہ اس فکر مین رہا کہ سامان حربی بہم پہونچا کر اپنے ولی نعمت حضرت سلطان المعظم سے مقابلہ کرے اور انکو زک دے۔ لہذا اُسنے اہتمام بلیغ اس باب مین کیا کہ خراج ملک مین جو افزونی ہو اُسکا بڑا حصہ خزانۂ خدیوی مین داخل ہوا کرے اور منجملہ اور تدابیر کے ایک نہایت موثر تدبیر اپنے مقصد برآری کی اُسنے یہ بھی کی کہ بعض اشیا کے خرید و فروخت کا اختیار جو گورنمنٹ کے ساتھہ مخصوص تھا اُسکو بحال و برقرار رکھا بلکہ اُسکو اور زیادہ وسیع کردیا گورنمنٹ کو یہ حق بلا شرکت غیر حاصل تھا کہ جو چیزین زراعت سے پیدا ہوتی ہین اُنکو خود خرید کر بیرونجات مین بھیجتی تھی اور آپ ہی ایک قیمت مقرر کرکے کاشتکارون کو اس شرح کے موافق دیتی تھی جسمین اُسکو اپنا زیادہ سے زیادہ نفع متصور ہوتا تھا۔ سلطان روم نے اپنے حریص صوبہ دار (محمد علی) کی حکومت کو ضعیف کردینے کی یہ حکمت کی کہ یورپ کی سلطنتون سے جو عہدنامے معاملات تجارت کے باب مین تحریر ہو چکے تھے اور جنکے بموجب غیر ملک کے لوگون کو اہل مصر سے تجارت کرنے کا اختیار حاصل تھا اُن عہدنامون کو مصر پر حاوی کردیا۔ مگر محمد علی نے اپنی حسن تدبیر سے اُس وار کو ردکیا جو اُسکے مخصوص اختیارات خرید و فروخت پر سلطان نے لگایا تھا اور وہ مصر کے کاشتکارون اور غیر ملک کے سوداگرون کے درمیان واسطہ رہا اور اس بات پر اصرار کیا کہ خراج جنسی یعنے بذریعہ جنس دیا جاے اور اُسکی مقدار کو ایسا سنگین کردیا کہ بہت کم بچت ہی جو دوسرے طور سے صرف ہوسکتی۔ اُس سے صریحاً یہ نتیجہ پیدا ہوا کہ تعمیرات سرکاری

یعنے نہرون وغیرہ سے رعایا کو بہت کم فائدہ ہوا حالانکہ رعایا ہی کے روپیہ اور محنت سے وہ تیار ہوئی تھین۔

محمد علی کے انتظام ملکی کا ایک جزو اعظم نئی فوج کا تیار ہونا تھا جب رعایا پر ایک ایسا نیا بار پڑ گیا جو اسکو بیگار کام کے بڑھ جانے سے بھی زیادہ شاق گذرا تو اس سے پیشتر کسی پادشاہ مصر نے اور پادشاہون سے عزم جنگ نہ کیا تھا اور خود ملک مصر کے اندر جو لڑائیان ہوتی تھین یا تو مملوک اور انکے موالی لڑتے تھے یا ترکی فوج لڑتی تھی۔ اب یہ سارا انتظام فوراً بدل گیا جب محمد علی مملوکون کو قتل عام کرکے نیست و نابود کر چکا اور اسکو یہ خیال آیا کہ البانیا والون سے بھی پیچھا چھڑانا ضرور ہے کہ یہ لوگ بڑے مفسد ہین حالانکہ انھین کی امداد سے اسنے مملوکون کو نیست و نابود کیا تھا تو اسکو ایک نئی فوج مصریون کی بنانی پڑی اور اسنے فلاحین کو زبردستی فوج مین بھرتی کرنا شروع کیا۔ حالانکہ جب اسکو غیر ملکون سے لڑائیان درپیش ہوئین تب اسنے ترکی فوج باشی بزوق سے کام لیا جسکے وجوہ آیندہ بیان کیے جائینگے تاہم اسکی فوج مین مصر کے کسانون کی بڑی کثرت تھی۔ مگر مصیبت یہ ہے کہ مصر کے کسان ہر قسم کی سپاہگری سے نفرت کلی رکھتے ہین علی الخصوص میدان جنگ مین جاکر غنیم سے لڑنا تو انکے نزدیک سچ مچ حضرت عزرائیل سے سامنا کرنا ہے پس فوج مین زبردستی بھرتی کرنے کا قاعدہ انکو نہایت درجہ شاق ہوا۔

ان جملہ امور کا لحاظ کرکے ہم کسیقدر صحت کے ساتھ قیاس کر سکتے ہین کہ محمد علی کی دانشمندانہ اور جابرانہ حکومت فلاحین کی نظرون مین پادشاہان سابق کی بدنظمی اور طوائف الملوکی سے کچھ بہتر نہین معلوم ہوئی۔ شاید اسکے عہد مین حفاظت جان و مال تو انکو حاصل ہوئی اور اب انکو یہ خوف نہین باقی رہا کہ ایک مملوک تو ہمپر ظلم و ستم کر ہی رہا ہے اور اب جو اسکا رقیب کوئی دوسرا مملوک آئیگا وہ بھی ہمارے

گائون کو لوٹ لیجائے گا - اور اراضی کو درج رجسٹر کرنے کے قاعدہ جدیدہ سے جسکی کیفیت مین باب سابق مین بیان کر چکا ہون فلاحین کو اراضی دیہی کا ایک محدود حصہ پانے کا حق حاصل ہوگیا - لیکن برخلاف اسکے فوج مین زبردستی بھرتی کرنے کا قاعدہ جاری ہونے سے اُنکو اپنی جان کے لالے پڑ گئے تھے - اور زندگی تلخ ہو گئی تھی کیونکہ پادشاہان سابق کے عہد مین وہ اس تکلیف سے ہمیشہ بری رہے تھے اور وہ اپنی اراضی کی کاشت اسوجہ سے نہ کرنے پاتے تھے کہ اُنکو سرکاری کام بیگار کرنا پڑتا تھا اور پاشائون اور بیئون کے علاقون مین بھی مفت کام کرنا پڑتا تھا اور جو کچھ فائدہ اُنکو آبپاشی کی اصلاح سے ہوا تھا وہ بھی ٹیکس کی زیادتی سے جاتا رہا تھا اور ٹیکس کا روپیہ اُن کامون مین صرف کیا جاتا تھا جنسے رعایا کو کچھ سروکار ہی نہ تھا - البتہ اتنی بات تو ضرور تھی کہ انتظام کی کل اگرچہ فی نفسہ بیقاعدہ اور بے قرینہ تھی مگر جس کل کی جگہ پر یہ کل قائم کی گئی تھی اسکی بہ نسبت تو اُسکی ترکیب اور فعل دونون چیزین درست تھین - مگر میرے نزدیک ایک سادہ لوح اور کندہ ناتراش کسان جو اس امر سے مطلق نہین واقف ہے کہ فرانسیسیون کے انتظام کا کیا طریقہ ہے اور جرمنی والون کے انتظام کا کیا ڈھنگ ہے اس پیچیدہ کل کی خوبیون اور باریکیون کو کیا خاک سمجھے گا جو خاص کر اس غرض سے ایجاد کی گئی تھی کہ جو کچھ اُسکی جانکاہی اور عرق ریزی سے زمین سے پیدا ہوا وہ اس سے چھین لیا جائے اور جتنی محنت کرنے کی طاقت اسمین ہو وہ بھی نکال لی جائے -

محمد علی کے بعد ابراہیم پاشا خدیو مصر ہوا - اُسنے اپنی ولیعہدی کے زمانہ مین جزیرہ موریا کو تاخت و تاراج کیا تھا اور ملک شام کو فتح کیا تھا اُسکے عہد قلیل کی کیفیت لکھنی کچھ ضرور نہین ہے اسواسطے کہ اُسکے طرز حکومت اور

اُسکے باپ کے طریقۂ فرمانروائی مین کچھ ایسا فرق نہین تھا - لیکن جب ۱۸۴۸ء مین عباس
پاشا مسندِ حکومت پر بیٹھا تب فلاحین کی حالت مین ترقی نمایان نظر آئی عباس اہلِ یورپ
مین بہت بدنام ہے اور اُسکی بدنامی کے دو سبب ہین - ایک یہ کہ اُسمین چند عیوب ایسے تھے
جسکو اہلِ یورپ مشرقی لوگون سے زیادہ معیوب سمجھتے ہین - دوسرے یہ کہ چند غیر ملک کے
آدمی جو اُسکے دربار مین حاضر ہوتے تھے اُنسے وہ غرور و نخوت کے ساتھ پیش آتا تھا - مگر اپنے
اسلاف کی بہ نسبت اور اپنے اخلاف مین سے بھی دو شخصون کی بہ نسبت عباس فلاحین
کے حال پر زیادہ مہربان تھا اگرچہ شاید اُسکی مہربانی بالارادہ نہ تھی - محمد علی کیطرح اُسکو
طمع ملک گیری دامنگیر نہ تھی اور نہ وہ اس فکر مین رہتا تھا کہ دولت عثمانیہ مین مجھسے زیادہ
صاحبِ اختیار کوئی نہو - اسی وجہ سے اُسکو زیادہ فوج رکھنے کی بھی ضرورت نہین ہوئی اگر عباس
کو کچھ حکومت کی ہوس تھی تو اُسکا ظہور اسطور سے ہوا کہ اُن پاشاؤن اور بیؤن کی قوت کو
اُسنے توڑ دیا جنھون نے اُسکے اسلاف کے عہد مین بہت کچھ ثروت اور حکومت حاصل کر لی تھی
اور جنکی نسبت اُسکے دل مین شبہ پیدا ہوا تھا کہ میری مطلق العنانی کو محدود و مقید کر دینے کا

---

۱ مین خوب واقف ہون کہ اس باب مین لوگون نے شک کیا ہے کہ آیا ابراہیم محمد علی کا فرزند نفس الامر مین تھا یا نہ تھا
اور متن مین جو باپ کا لفظ لکھا ہے اُس سے مجھکو اس بحث کا تصفیہ کرنا نہین منظور ہے - شاید یہ امر مشکوک و مشتبہ
ہو مگر اس سے کوئی نتیجہ عملی نہین نکلتا ہو اسواسطے کہ ابراہیم محمد علی کی زوجۂ منکوحہ کے بطن سے ضرور تھا شاید اُسکے شوہر
اول کا نطفہ ہو اور اُسکے پدر مجازی نے اسکی ولدیت کو بخوبی تسلیم کر لیا تھا - لہٰذا مشرقی خیالات کے موافق ابراہیم
صحیح النسب تھا مشرقی ملکون مین عملاً اور فرانس مین قانوناً صحت نسب باپ کے اقرار پر موقوف ہے - جن مشرقی ملکون سے مین
واقف ہون جسقدر اُنمین یہ اصول جاری ہے اسقدر یورپ کے بلاد مغربی مین نہین ہے - جو لڑکا حرم سرا مین پیدا ہو
خواہ زوجۂ منکوحہ کے بطن سے ہو خواہ جاریہ کے بطن سے وہ صحیح النسب سمجھا جاتا ہے بشرطیکہ رئیس خاندان نے
اُسکو صحیح النسب قرار دیا ہو - مجھکو یاد نہین ہے کہ بلاد اسلام مین مجھسے کسی ایسے شخص سے ملاقات ہوئی ہے جسکے
نام پر حرامزادگی کا دھبہ لگا ہو ۱۲ منہ

۲ مجھسے ایک نہایت معتبر شخص نے جو محمد علی پاشا سے تعارف رکھتا تھا بلکہ اُسکا رازدار تھا کہا ہے کہ اُس طرح
صوبہ دار کو یہ نہین منظور تھا کہ سلطان روم سے نقض بیعت کرے یا دولت عثمانیہ کو پارہ پارہ کر دے جیسا عموماً گمان کیا گیا
ہے بلکہ اُسکو صرف یہ مقصود تھا کہ صوبۂ شام کو مصر سے ملحق کر کے اپنی عملداری مین شامل کر لے اور دولت عثمانیہ مین بادشاہ
حقیقی خود رہے اور سلطان کو صرف برائے نام بادشاہ رہنے دے تاکہ خاندان سلاطین عثمانیہ کی عظمت باقی رہے ۱۲ منہ

ارادہ رکھتے ہین۔ اُسنے رعایا کو بھی محمد علی کی بہ نسبت بہت کم لوٹا کیونکہ ملک کی معمولی آمدنی مصارف انتظامی اور عباس کے لیے عیاشی اور اوباشی کا سامان مہیا کرنے کو کافی تھی۔ ان سب امور کا نتیجہ یہ ہوا کہ فلاحین پر بار کم ہوگیا۔ اور چونکہ اُسکا ارادہ کسی ملک کو فتح کرنے کا نہ تھا اور نہ وہ فوجی کر و فر کے اظہار کا شائق تھا لہذا اُسنے بہت کم لوگ فوج مین زبردستی بھرتی کیے اور ازبسکہ اُسے متمول پاشاؤن اور بیگون کی قوت کو توڑ دینا منظور تھا لہذا اُسنے اس قاعدہ کو موقوف کر دیا جو محمد علی نے جاری کیا تھا اور جسکا مفاد یہ تھا کہ جو کوئی مقرب بارگاہ ہوتا تھا وہ ایک گانون اس شرط سے پاتا تھا کہ ٹیکس وہ ان اور اُسکا بقایا ادا کرے اور اُسکو یہ بھی اختیار دیا جاتا تھا کہ بیچارے گانون والون سے خانہ زاد غلامون کیطرح پیش آوے عباس اسے اپنی کسر شان سمجھتا تھا کہ خدیو پادشاہ وقت ہوکر بنیاپن اختیار کرے لہذا گورنمنٹ کے مخصوص اختیارات خرید و فروخت مین سے جو کچھ باقی رہگیا تھا اُسکو بھی اُسنے موقوف کر دیا حالانکہ غلہ وغیرہ کو بیرونجات مین بھیجنے سے جو منافع ہوتا تھا اُسکا جزو کثیر انھین اختیارات کے بدولت خزانۂ عامرۂ خدیویہ مین داخل ہوتا تھا اُسکے عہد مین بیگار کام مین بھی بہت تخفیف ہوگئی کیونکہ جو قاعدہ نہرین کھودنے کا محمد علی نے جاری کیا تھا اُسکو اُس کثرت اور اس شدت کے ساتھ جاری رکھنا عباس کے نزدیک کچھ ضرور نہ تھا۔ پس اگر ان جملہ امور کا لحاظ کیا جاے تو اس دبیر عبدہ کے اُس بیان کا یقین آنا کچھ دشوار نہین ہے کہ عباس کے عہد حکومت مین ٹیکس وصول کرنے مین قرباش (کوڑے) سے بہت کم کام لیا جاتا تھا تاہم جسوقت اُسنے انتقال کیا تو ایک مبلغ خطیر خزانہ مین نکلا۔

جب ۱۸۵۴ء مین سعید پاشا مسند حکومت پر بیٹھا تو زمانہ کا رنگ بدلنے لگا۔ یہ خدیو غصہ ور بھی تھا اور دل لگی باز بھی تھا چنانچہ ناظرین کو یاد ہوگا کہ ایکمرتبہ اُسنے بیچارے ضعیف عبدو کو اپنے ہاتھ سے طمانچے مارنے کا قصد کیا تھا اگرچہ اس خدیو مین بعض صفتین اچھی بھی تھین اور بڑا ہنسوڑ آدمی تھا اور ذرا ذرا سی بات پر ہنس دینا اُسکے نزدیک

کچھ بات ہی نہ تھی اور جب کوئی اُسکو بہت تنگ کر دیتا تھا تو اُس سے کچھ سلوک کبھی کر گذرتا
تھا تاہم کسانون کے ساتھ تو اُسنے عباس سے بھی زیادہ سخت گیری کی حالانکہ عباس ایسا
خشک اور بیرحم آدمی تھا کہ جن لوگون سے وہ اکثر بیرحمی کیا کرتا تھا آخر ایک روز انھین نے
اُسکو محلسرا مین گلا گھونٹ کر مار ڈالا۔ سعید رعایا سے سخت گیری عمداً نکرتا تھا کیونکہ سخت گیری
تو اُسکی سرشت مین نہ تھی بلکہ جیسا اکثر رحمدل اور بے پروا آدمیون کا قاعدہ ہے ویسا ہی
وہ بھی اپنے افعال کے نتایج پر نظر نکرتا تھا مگر اُسمین دو عیب ایسے تھے جنسے کسانون کے
حق مین خراب نتایج پیدا ہوے۔ پہلا عیب تو اُسمین یہ تھا کہ سپاہگری کا عاشق تھا اور اُسنے
فوج کو گویا ایک کھلونہ بنایا تھا جسمین اُسکا لاکھا روپیہ بیکار صرف ہوتا تھا۔ اسیوجہ سے اُسکے
عہد مین سابق سے بھی زیادہ لوگ زبردستی فوج مین بھرتی کیے گئے۔ دوسرا عیب اُسمین
یہ تھا کہ جب حریص اور مکار غیر ملک والے اُس سے کچھ عرض و معروض اپنی مطلب براری کے لیے
کرتے تھے تو بمقتضے اپنی نیک نہادی کے وہ اُنکی عرض و معروض کو رد نکر سکتا تھا۔

طور طریق۔ بات چیت۔ اور مذاق مین وہ زندہ دل اور ظریف فرانسیسیون سے مشابہ تھا
اہل مشرق کی سنجیدگی اور متانت اُسمین نہ تھی اور اُسکو اس بات کا بڑا حوصلہ تھا کہ یورپ کی
تہذیب و شایستگی سے جو کچھ سامان عیش و عشرت پیدا ہوا ہے اس سب کو فراہم کر کے ایک
فیاض اور روشن ضمیر بادشاہ کیطرح اپنی وضع نباہ دون۔ یورپ کے رنگ برنگی مرکھکون
کی بھیڑ اُسکے دربار مین لگی رہتی تھی جنمین سے بعض آدمی بادشاہان یورپ کے سفیران خاص
و معتمدان با اختصاص تھے اور اسی کی عنایت سے القاہرہ اور اسکندریہ مین آن بفکرون
و دغابازون کا مجمع رہتا تھا جنھون نے خدیو کی گورنمنٹ کو جسپر مالی صعوبتون کے سبب سے
ادبار آتا جاتا تھا ایسا لوٹا کہ آخر اُسکا دوالہ نکل گیا۔ سعید خوب جانتا تھا کہ یہ جیبا خوشامدی
مجھکو لوٹے لیتے ہین مگر وہ اُنسے بگاڑنا نہ چاہتا تھا اسوجہ سے کہ بعض اُنمین سے
مسخرا پن کر کے اُسکو رجھاتے تھے اور بعض کی نسبت یہ گمان تھا کہ ارباب سیاست مین

اُسکا پلہ بھاری ہے۔ کبھی کبھی جب اُسکو غصہ آجاتا تھا تو بہت ڈراتا اور دھمکاتا تھا مگر اُسکا
غصہ دم بھر مین خود بخود فرو ہو جاتا تھا یا جس حرامزادے نے اُسکو غصہ دلایا تھا وہ کوئی
دل لگی کی بات کہکر اُسکو دھیرا کر لیتا تھا اور جب اُسکا مزاج ٹھکانے ہو جاتا تھا تب ملک
کو لوٹنے کی نئی نئی تدبیرین خوب سمجھ بوجھکر کیجاتی تھین اور کامیابی کے ساتھ عمل مین
لائی جاتی تھین مین بہت سی مضحک حکایتین بیان کر سکتا ہون جنسے معلوم ہوگا
کہ کیسی عمدہ عمدہ فرانسیسی میز اور کرسیان وغیرہ اور بڑے بڑے قدآدم جلبی آئینے سعید نے
دُس گنی قیمت دے دے کر منگوائے تھے اور اُسکا باعث صرف یہ ہوا تھا کہ کسی چالاک
ٹھیکہ دار نے خدیو کے دسترخوان پر بیٹھکر کسی ترکیب سے اپنے اوپر اُسکو مہربان کر لیا
تھا یا کسی ملک کے سفیر نے ایسا تقاضاے شدید کیا کہ آخر خدیو کو ایک جنگی جہاز خریدنے
کا حکم دینا پڑا اور پھر اُسی قدوقامت کا دوسرا جنگی جہاز خریدنے کا حکم دوسرے ملک کے
سفیر کے اصرار سے دینا پڑا جسنے خدیو سے دست بستہ عرض کیا کہ حضور نے جو فلان
ملک کی صنعت و دستکاری کو پسند فرمایا تو اس عظیم الشان ملک کی توہین ہوئی جسکا
سفیر یہ خاکسار ہے۔ ایک دفعہ ایسا اتفاق ہوا کہ ایک بدحقیقت مگر ایذا رسان سلطنت کا
سفیر خدیو کے مجرے کو حاضر ہوا تو خدیو اسکو برہنہ سر دیکھکر ظاہرا غصہ یا خوف کے مارے
تھرانے لگا اور اس سے ذرا گھرک کر کہا کہ ٹوپی پہن لو لیکن بعد ازان اپنے دوستون سے
اسکا باعث یہ بیان کیا کہ مجھے یہ خوف ہوا کہ مبادا ننگے سر رہنے سے اس سفیر کو زکام ہو جائے
تو مجھکو سخت جرمانہ یا تاوان دینا پڑے۔ اب مین ایسی ایسی رکیک باتین نہین بیان کرنا
چاہتا اور نہ اصل مطلب کو فوت کرنا چاہتا ہون جیسا سابق مین کئی بار ہو چکا ہے۔
ان مسخرون کی صحبت مین کبھی کبھی ایک ایسا شخص بھی آجاتا تھا جو ظاہرا اور ہی
قسم کا آدمی معلوم ہوتا تھا۔ مین نے اسکو اپنی آنکھ سے کبھی نہین دیکھا ہے لہذا مین اسکا
حلیہ بیان کرونگا۔ مگر مین نے سنا ہے کہ وہ ایک جوان شکیل اور خوش مزاج اور خوش وضع تھا

اور اُسکے چہرہ سے ایسی وقعت اور دانائی ظاہر تھی کہ اُس صحبت کے اور کسی آدمی مین وہ بات نہ پائی جاتی تھی اور اُسکی صورت شکل سے زیادہ اُسکے طرز کلام سے معلوم ہوتا تھا کہ یہ اور قسم کا آدمی ہے - جب موقع ہوتا تھا تو وہ خوب گپ شپ کرتا تھا جیسا امرا کی صحبت مین دستور ہے اور جب کوئی اُسکی تعریف مین فضول اور مبالغہ کلمہ کہتا تھا تو جواب دندان شکن ایسی ملائمت سے دیتا تھا کہ معلوم ہوتا تھا کہ یہ شخص عمر بھر بادشاہون کے دربار مین رہا ہے - مگر جب علم محفل کا لحاظ بقدر ضرورت کر چکتا تھا اور خدیو سے کاروبار سلطنت کی باتین کرنے کا وقت آتا تھا تو اسوقت یہ باتین کرتا تھا کہ پیرس کے فلان مشہور کاریگر سے سرکار جلبی آئینے اور مطلا کرسیان بنوائے یا فلان ملک مین سرکار جنگی جہاز بنوائے بلکہ ایسی باتین کرتا تھا جنسے خدیو کا نام نامی ابد الآباد تک باقی رہے اور وہ بنی آدم کا مربی و محسن کہلائے اور اخلاف و آیندگان کے دل مین بھی اسکی عظمت و شوکت اسدرجہ سما جائے کہ جن بادشاہان سلف نے ایسی عظیم الشان و رفیع البنیان عمارتین[۱] بنوائی تھین جو ہزارہا برس سے آج تک بحیثیت کذائی باقی ہین وہ بھی اُنکی نظرون سے گر جائین - جس تدبیر سے سعید پاشا کا نام قیامت تک باقی رہیگا وہ نہر سویز کا بنانا تھا اور جس شخص نے یہ تدبیر نکالی تھی اُسکا نام ایم فرڈننڈ ڈی لیسپس ہے -

سعید پاشا ایسا بے نفس اور بے طمع آدمی تھا اور عیاشی مین ایسا پڑا ہوا تھا کہ اُس امر کی کوشش بلیغ بھی وہ کبھی نہ کرتا جس سے اُسکا نام قیامت تک باقی رہیگا مگر اسکے مزاج مین ذرا خود پسندی اور خود نمائی تھی پس جب اسکو یہ خیال آیا کہ بنی آدم کا محسن قیامت تک مشہور رہنا ایسا آسان امر ہے تو اُسکے دل مین گدگدی ہونے لگی اور وہ یہ سوچا کہ خیر نا موری تو کوئی ایسی چیز نہین ہے لکن ایم ڈی لیسپس جب تو صرف اتنا ہی کہتے ہین کہ ایک کاغذ پر دستخط کر دیجیے جسکا مضمون یہ ہے کہ ایک

[۱] ان عمارات قدیم کو اہرام مصر یہ کہتے ہین ۱۲ مترجم

کمپنی بنائی جائے اور وہ اپنا روپیہ خرچ کر کے نہر سویز تیار کرلے - اگر اتنی ہی سی بات سے نیکنامی حاصل ہو تو کیا مضائقہ ہے باقی سب کام صاحب موصوف جنھون نے یہ تدبیر اختراع کی ہے خود کرلینگے - یعنے انجینیر اور مزدور اور روپیہ اور دیگر اشیاء ضروری مہیا کرلینگے - صرف خدیو اتنی تکلیف گوارا کرین کہ اس تدبیر کے خود غرض اور ناعاقبت اندیش مخالفین کی بات پر عمل نہ کرین پھر دیکھیے کہ کتنی جلد کیا چیز بنائی ہے کہ دیدہ نہ شنیدہ جسکی وجہ سے بحیرۂ روم بحر قلزم مین ملجائیگا - سب قومون کے عظیم الشان جہاز خدیو کی قلمرو سے ہو کر گذرینگے - ریگستان مصر گلزار جنت بنجائیگا - اور سب بنی آدم یک دل او ہم زبان ہو کر خدیو کی عقل معجز نما کا نعرۂ تعریف بلند کرینگے -

**القصہ** سعید پاشا کو خوب باغ سبز دکھایا گیا یہان تک کہ اُسنے کاغذ مذکور پر دستخط کردیے - مگر اُسکو اسیوقت یہ واقعہ یاد آجاتا تھا کہ دو ملکون کے سفیرون نے ہمسے دو جنگی جہازون کے لیے کہا تھا آخر ہمکو منگوانے پڑے - پس اس مقدمہ کا ذکر اپنے دوست سفیر انگلستان سے بھی کرلین تو بہتر ہے - مگر سفیر انگلستان نے نہر سویز کی تدبیر کو نہین پسند کیا اور خدیو سے کہدیا کہ ذرا اس مکار فرانسیسی کے بھکاون مین نہ آجائے گا - یہ تو مین نے مانا کہ نہر سویز سے بنی آدم کا بھلا ہوگا بلکہ یہ کیسے کہ بنی آدم کے اُس گروہ کا فائدہ ہوگا جو تجارتی جہازون کا بیڑا رکھتا ہے اور جسکی بندرگاہین بحیرۂ روم کے ساحل شمالی پر موجود ہین مگر مصر کے حق مین تو نہر سویز زہر ہوجائیگی اس واسطے کہ اُس سے وہ تجارت بالکل موقوف ہوجائیگی جو خشکی کی راہ سے ہوتی ہے اور جس سے مصر کو نفع کثیر ہوتا ہے مگر برخلاف اسکے اگر اسکندریہ اور القاہرہ کی ریل سویز تک جاری کردی جاے تو اُس تجارت مین بہت ترقی ہوجاے پھر خدیو کو اس امر کا بھی لحاظ رکھنا ضرور تھا کہ لارڈ پامرسٹن صاحب جو اُس زمانہ مین وزیر اعظم انگلستان تھے اور جنکے نام سے کابینی کا کھٹ البتی تھی

اس تدبیر کے مخالف تھے اور اُنکی مخالفت کا سبب خود غرضی نہین تھی بلکہ اُنکو اس بات کا اندیشہ تھا کہ نہر سویز کا بنا مصر مین فرانسیسی عملداری ہو جانے کا مقدمہ ہے اور فرانسیسی عملداری سے بڑا نقصان خدیو ہی کا ہوتا۔ مگر سب سے زیادہ رقت کا مضمون تو یہ تھا کہ نہر سویز کا بنا خدا ہی نے محال کر دیا تھا تو بندہ کی کیا چلتی اور بڑے بڑے کار آزمودہ انگریزی انجنیرون نے جو خدیو کے نزدیک فرانسیسی انجنیرون سے ہزار درجہ زیادہ ہنرمند اور قابل اعتبار تھے متفق اللفظ ہو کر کہدیا تھا کہ اگر نہر سویز بنائی گئی تو ہمیشہ خشک پڑی رہیگی۔

خدیو نے ایم ڈی لیسپس کو طلب کر کے پھر اس مقدمہ مین مشورہ کیا۔ اُسنے عرض کیا کہ اس مقدمہ مین سرکار کچھ رعایت فرانس کے ساتھ نہین کرتی ہے کہ انگلستان کو رشک پیدا ہو اور کسی رعایت کا وہ بھی طالب ہو بلکہ فرانس کو سرکار کچھ معاوضہ اس رعایت کا دیتی ہے جو سرکار نے انگلستان کے ساتھ کی ہے یعنے انگلستان کو سرکار نے وہ ریل بنے دی ہے جو القاہرہ اور اسکندریہ کے درمیان جاری ہے۔ پس اگر سرکار نہر سویز بنانے کی اجازت ہمکو دیگی تو فرانس اور انگلستان دونون ملکون کا پلہ برابر ہو جائیگا اور مصر کو بھی صدہا قسم کے فوائد ضمنی اس نہر سے ہونگے۔ مثلاً ایک فائدہ یہی ہوگا کہ جو آلات خاص اس نہر کو کھودنے کے لیے ایجاد ہو کر مصر مین اور ملکون سے آئینگے اُنکو دیکھکر مصر کے انجنیرون کو آبپاشی کے لیے نہرین کھودنا اور اُنکو صاف رکھنا آجائیگا اور رعایا سے بیگار کام لینے کی ضرورت نہ باقی رہیگی جس سے رعایا ایسی بیزار ہے۔ خیر یہ تو فائدہ ضمنی تھا اب نفع صریحی ملاحظہ ہو کہ اس نہر کی راہ سے جو مال تجارت آئے جائے گا اُسکے محصول کا جزو اعظم مصر کی گورنمنٹ کو ملیگا۔ یہ تو سچ ہے کہ لارڈ پامرسٹن صاحب بہت بڑے سیاست دان اور مدبر الملک ہین مگر وہ حب التعظیم ارباب سیاست کا

حصہ کچھ لندن پر نہین ہے بلکہ پیرس مین بھی موجود ہین- اُنکی آزردگی کا بھی سرکار کو ضرور خیال رکھنا چاہیے- اب رہا یہ امر کہ ایسی نہر کو کھودنا قدرتی موانع کی وجہ سے ناممکن ہے سو اسمین سرکار کو اندیشہ کرنا بیکار ہے کیونکہ جو نقصان اس معاملہ مین ہوگا وہ بالکل اس مہتمم کمپنی پر عائد ہوگا جسنے اس کام کی ذمہ داری کی ہے-

اب ملاحظہ کیجیے کہ سعید پاشا ایک عجب غریب و مسکین آدمی تھا اور یہی چاہتا تھا کہ ہر شخص مجھسے خوش رہے اور مجھکو میرے حال پر چھوڑ دین کہ فوج والون کو کھلونہ بنا کر اُنسے کھیلا کرون یہانتک کہ کسی مضمون خاص پر پانچ منٹ بھی علی الاتصال متوجہ رہنا اُسکے نزدیک ایک نہایت امر دشوار تھا- پس جب ایسے شخص کو ایسے دقیق اور پیچیدہ مسئلہ کے مالہ و ما علیہ پر غور کرنا پڑا ہوگا تو اُسکا کیا حال ہوا ہوگا- ایک دن تو محسن خلائق بننے کی طمع اُسکو دامنگیر ہوتی تھی لیکن پھر جب اُسکو لارڈ پامرسٹن صاحب کا خیال آجاتا تھا تو طمع کو بالاے طاق رکھکر دور اندیشی پر عمل کرتا تھا- پھر اُسکو ناموری کا اشتیاق اُسی زور و شور سے پیدا ہوتا تھا اور وہ اپنے دل مین افسوس کرتا تھا کہ اس دنیاے فانی کا انتظام ایسا خراب ہے کہ وہ چاہے بے انڈون کو توڑے ہوے نہین پک سکتے یعنے "ہم خرما و ہم ثواب" یا "میرے دونون میٹھے" نہین ہوسکتے- آخر وہ ایسا تنگ آیا کہ اُسنے چاہا کہ یہ مضمون ہی میرے ذہن سے نکل جاے- مگر ایم ڈی لیسپس صاحب کو نکال دینا تو آسان نہ تھا- پس مثل اُس شخص جو دریا مین نہانے جاے اور دیر تک کنارے پر کھڑا سردی کے مارے تھرتھرایا کرے اور آخر کو آنکھین بند کرکے غوطہ لگائے اسیطرح سے سعید پاشا نے بھی ع دل افگندیم بسم اللہ مجریہا و مرسہا کہکر دوسرے اقرارنامہ پر بے اُسکے مضمون کو پڑھے ہوے دستخط کر دیے-

اُس دستخط کے مہیب نتائج چند ہی مدت کے بعد فلاحین کو محسوس ہونے لگے- اسمین شک نہین ہے کہ چونکہ ایم ڈی لیسپس ایماندار آدمی تھا اسوجہ سے

کہا تھا وہی اُسکی نیت مین بھی تھا یعنے وہ یہ چاہتا تھا کہ نہرون کو کل سے کھودنا اور
صاف رکھنا بغیر اسکے کہ رعایا سے بیگار کام لیا جاے مصر کے انجنیرون کو عملاً
سکھایا جاے یعنے اُنکے سامنے کل سے نہر کھود کر دکھا دی جاے نہ یہ کہ انکو صرف
اُسکی ترکیب تعلیم کیجاے۔ مگر معاملہ بالعکس ہوا یعنے جب کام شروع ہوگیا اور نہر سویز
کُھدنے لگی تو خدا معلوم روپیہ کی کمی کی وجہ سے یا اور کسی سبب سے جسکا علم مجھکو
نہین ہے صاحب موصوف کو یہی مناسب معلوم ہوا کہ رعایا سے بیگار کام لیکر اور بغیر
کسی کل کے نہرین کُھدوانا اور انکو صاف رکھنا فرانسیسی انجنیرون کو عملاً نہ علماً سکھایا جاے
جو لوگ اُس مقام سے دور تھے اور اس معاملہ سے کچھ تعلق نہ رکھتے تھے انکو اسکی کیا پروا
ہے کہ اصل مین کیا ارادہ تھا اور عملدرآمد کیا ہوا ع ببین تفاوت رہ از کجاست
تا بکجا ۔ مگر یہ تفاوت مصر کے کسانون کے حق مین ایک امر عظیم تھا کیونکہ اسکا نتیجہ یہ ہوا
کہ تقریباً چالیس ہزار کسانون کو اپنا کار و بار ترک کرکے مشقت شاقہ کرنی پڑی اور
صعوبت شدید اُٹھانی پڑی۔ اگر مستند المقول اشخاص کی گواہی کا اعتبار کیا جاے
تو بیس ہزار کسان اس کام مین ہمیشہ مصروف رہتے تھے۔ دس ہزار تو اُس مقام کو
روانہ کیے جاتے تھے جہان اُنکو کام کرنا تھا اور دس ہزار مین سے جو کچھ مشقت شاق
کرنے اور صعوبات شدید اُٹھانے کے بعد زندہ رہ گئے تھے وہ اپنے اپنے وطن کو واپس
کیے جاتے تھے۔ مین یہ نہین کہسکتا کہ فیصدی کتنے آدمیون کو اپنے گھر پھر آنا نہین
نصیب ہوا کیونکہ مجھکو اس باب مین کوئی معتبر نقشہ یا حساب نہین ملا ہے لیکن یہ مین
خوب جانتا ہون کہ ان بیچارون کو ناحق و ناسزا تکلیفین اُٹھانی پڑین اور اُنکے لیے
کوئی مقام مناسب نہین تجویز کیا گیا تاکہ اُس صحراے لق و دق مین جو سرد سرد ہوائین
رات کو چلتی تھین اُنسے وہ محفوظ رہتے۔ خیر۔ بقیۃ السیف جو اُس بلا سے بچ گئے
اور زندہ پھرے اگر انکے جگر خراش قصون کا اعتبار کیا جاے تو اُنسے یہ نتیجہ ضرور نکلتا ہے

کہ اس عہدنامہ میں جو فقرہ بیگار کام کی نسبت لکھا تھا اُسکی بدولت بندگانِ خدا کی جانین اس کثرت سے تلف ہوئین کہ یہ نہر (سوئز) اسکی مستحق ہے کہ فراعنہ مصر کی بعض عمارات عالیشان کے ہم رتبہ اور ہم پلہ قرار دی جاے۔ لارڈ پامرسٹن صاحب کے دل کا حال تو خدا ہی خوب جانتا ہے کہ اُنھون نے فقرۂ مذکورہ کی مخالفت اور تعدیکیون کی مگر اسمین شک نہین ہے کہ اسکو منسوخ کرانے سے اُنھون نے فلاحین پر احسان عظیم کیا۔

پس معلوم ہوا کہ کسانون پر دو بارِ عظیم ایسے تھے جنکو عباس پاشا نے کم کردیا تھا یعنی فوج مین اُنکو زبردستی بھرتی کرنا اور اُنسے بیگار کام لینا اِن دونون عذابون کو سعید پاشا نے اور زیادہ کردیا اور بیہودہ فضول خرچی کرکے مستقل خرچ کو بھی کسیقدر بڑھا دیا۔ گرچہ جدید ٹیکسون یا محصولون کا بار صرف کسانون ہی پر نہین پڑا بلکہ بعض جایدادین جو پیشتر اراضی کے ٹیکس سے بری تھین اُنپر بھی ٹیکس لیا گیا۔ یہ مضمون شرح طلب ہے لہذا اُسکی تشریح چند کلمات سے ذیل مین کیجاتی ہے۔

پیشتر کے ایک باب مین ہمنے ذوات کا ذکر کیا تھا اور ذوات اُن معزز عہدہ داران سرکاری کو کہتے ہین جو مالکان اراضی تو ہین مگر عمدگان بمعنی مصطلح نہین ہین۔ ابتدا مین ان ذوات کے متعلق اِن اراضیات غیر مزروعہ پر مشتمل تھے جو ص ۳۱
اُنکو محمد علی پاشا نے بجلدوے حسن خدمات یا اس غرض سے عطا کی تھین کہ غیر مزروعہ اراضیات بھی مزروعہ ہوجائین یہ اراضیات معمولی رجسٹرہاے اراضی مین درج نہ تھین اور اُنکی اصلاح مین جو روپیہ صرف کرنا پڑتا تھا اور جو مشقت کرنی پڑتی تھی اُسکے معاوضہ مین اُنپر ٹیکس معاف کردیا گیا تھا سعید پاشا یہ سمجھا کہ یہ اراضیات بہت مدت تک ٹیکس سے بری رہ چکی ہین اور اگرچہ اُسنے یہ جرأت تو نہین کی کہ اراضی کا معمولی ٹیکس انسے لیا جاے تاہم اُسنے یہ اصرار کیا کہ آب پاشی اور تعمیرات سرکاری مین جو روپیہ ہر سال صرف ہوتا ہے

اوسمین کچھ ان اراضیات سے بھی ایک شریک کردیا جاے۔ اُسنے اِن اراضیات کی پیداوار کا دسوان حصہ طلب کیا اسلیے اسٹیکس کو عشر کہتے ہین اور اراضیات مذکورہ کو عشوری کہنے لگے بمقابلہ اُن اراضیات کے جو رجسٹرون مین درج ہین اور جنکو خراجی کہتے ہین۔

مجھے اِس بات کا اندیشہ ہے کہ حقیت اراضی کی بحثین اگرچہ نفس الامر مین نہایت دلچسپ اور اہم وضروری ہین لکن بعض ناظرین کے تنفر اور توحش کا باعث ہون سگر مجھکو ناظرین اسے اجازت لیکر چند کلمات اس باب مین عرض کرنے ضروری ہین اسواسطے کہ اول تو جو شخص مصر کے حالات سے واقف ہونا چاہے اسکو لفظ عشوری اور لفظ خراجی کے معنی جاننا ضرور ہے کہ یہ دونون لفظ اکثر معرض تحریر مین آتے ہین۔ دوم یہ کہ مین اخلاف وآیندگان کو ایک ایسی غلطی سے آگاہ کرنا چاہتا ہون جو میرے پیشروون مین سے ایک یا دو صاحبون نے جو سب بڑے عالم تھے سہوا کی ہے مین نے یہ فقرہ (جو سب بڑے عالم تھے) عمدا لکھا ہے اور اسوجہ سے لکھا ہے کہ انکی علمیت ہی نے اُنکو گمراہ کیا ع اے روشنی طبع تو بر من بلا شدی۔

فقہ اسلام کے اصول ولیہ کے موافق یہ ہے کہ جب کوئی ملک فتح ہو کر سلطنت اسلام مین شامل ہوجاتا ہے تو اُسکی زمین دو قسمون پر منقسم کیجاتی ہے۔ جو زمین مفتوحین کی ہوتی ہے علی الخصوص اُن لوگون کی جو برضا ورغبت اسلام کو نہین قبول کرتے وہ مستوجب خراج قرار دیجاتی ہے اور فاتح کو اختیار ہے کہ ہر چیز کو نصف پیداوار اراضی تک خراج مین لے سکتا ہے مگر جو زمین مسلمانون کی ہوتی ہے اُس سے صرف ایک عشر یعنے دسوان حصہ پیداوار کا موافق نص قرانی کے لیا جاتا ہے۔ اور جب کوئی اراضی ایک مرتبہ خراجی قرار دیجاتی ہے تو پھر وہ عشوری نہین ہوسکتی گو وہ کسی مسلمان کے ہاتھ لگی ہو کیونکہ اسمین مالگزاری کے نقصان کا احتمال ہے

لھذا جن بلاد الاسلام مین اصول متذکرہ بالا کی پابندی باحتیاط تمام کیجاتی ہے انمین یہ امر کہ ابتدا مین کتنی زمین فاتحین اسلام نے چھین لی تھی اس طورسے باآسانی دریافت ہو سکتا ہے کہ آج کل کے رجسٹرہاے اراضی مین کتنی زمین عشوری درج ہے۔ اسی قسم کا ایک حساب اس کتاب کے مؤلف نے لگایا تھا مگر افسوس ہے کہ وہ حساب بالکل غلط اور محض بے بنیاد نکلا اسوجہ سے کہ غالبًا دیگر بلاد الاسلام کیطرح مصر مین بھی اصول ضروریہ فقہ اسلام کی پابندی بخوبی نہین کیجاتی ہے معلوم ہوتا ہے کہ سابق مین فاتحان اہل اسلام کا دستور تھا کہ جب کوئی ایسا مقدمہ پیش آتا تھا جسمین خراج اور عُشر کی بحث ہوتی تھی تو اپنے قیاس کے موافق یا بیت المال یعنی خزانۂ عامرہ کی ضرورتون پر نظر کرکے اُسکا فیصلہ کردیتے تھے۔ مثلًا بعض ملکون مین جیسا ملک عرب ہے سب مین عشوری ہے اور بعض ملکون مین کُل زمین خراجی ہے۔ بعض فقہا نے ایسے ایسے اختلافات کو رفع کرنے کے لیے نئے نئے مسئلے بڑی مدت کے بعد گڑھ لیے ہین مگر انکا نتیجہ صرف یہ ہوا ہے کہ بیکار منطقی بحثین پیدا ہو گئی ہین اور واقعات تاریخی مین فتور پڑ گیا ہے ایک فاتح اہل اسلام ساتوین صدی عیسوی مین گذرے تھے اُنکے حکم قضا شیم کے موافق جو اُسوقت تک نافذ رہا جب تک کہ سعید پاشا کا فرمان واجب الاذعان جاری ہوا مصر کی کُل وہ اراضی خراجی سمجھی جاتی تھی جس سے گورنمنٹ بقدر ایک خمس پیداوار کے مالگزاری وصول کرتی تھی۔ سبحان اللہ۔ اہل مصر کی اسلاف پرستی دیکھنی چاہیے کہ بعینہٖ یہی ایک خمس پیداوار جو فی زماننا بطور مالگزاری لیا جاتا ہے حضرت یوسفؑ بھی مصر کے زمیندارون اور کاشتکارون سے اُس زمانہ مین لیتے تھے جب وہ فرعون کے وزیر تھے۔ خلاصہ یہ ہے کہ مصر مین حقیقت اراضی اور مالگزاری اراضی جس حیثیت سے قدیم الایام سے چلی آتی تھی فاتحان عرب نے اُسکو بعینہ

---

[1] دیکھو تورات کتاب پیدایش صفحہ ٢٣-٢٦-١٣-١٧ منہ۔

ویسا ہی رہنے دیا اور جو لوگ انکا دین قبول کر چکے تھے یا جنھون نے اب انکا مذہب اختیار کر لیا انکو اس تکلیف سے نہین بری کیا نہ اس کلیہ سے مستثنے کیا۔ شاید کچھ جزوی تغیرات اسمین ہو گئے ہون ورنہ آج تک یہ قاعدہ بعینہ ویسا ہی باقی ہے۔ ذوات کے علاقے آبادیہ کے لقب خاص سے مشہور تھے اور آبادیہ سے وہ اراضیات مراد تھین جو باقاعدہ طور سے درج رجسٹر نہین ہوئی تھین لہذا حقیت اراضی کے عام قاعدہ سے مستثنے تھین۔ انھین اراضیات خارج از رجسٹر پر سعید پاشا نے جدید ٹیکس باندھا تھا مگر اُسکو عشر کہنے کی مجال نہ رکھتا تھا اسواسطے کہ مسلمانون کے نزدیک عشر ایک لفظ متبرک ہے اور جو مسلمان اپنے مذہب مین پکے ہین وہ کفار سے عشر لینے کو اگر حرام نہ جانینگے تو مکروہ تو ضرور سمجھینگے۔ لیکن چونکہ اکثر اہل مصر بڑے پکے مسلمان نہین ہین لہذا یہ لفظ رفتہ رفتہ علی العموم استعمال مین آنے لگا اور اب سرکاری کاغذات مین برابر لکھا جاتا ہے مگر معنی اصطلاحی کے لحاظ سے یہ لفظ غلط ہے کیونکہ اسکو اُس عشر سے اصلا کچھ تعلق نہین ہے جسکا ذکر بڑی بڑی فقہ کی کتابون مین ہے۔

خیر۔ یہ تو ذرا سا کل جملہ معترضہ تھا۔ اب فلاحین کے احوال کا سلسلہ پھر اُسی مقام سے شروع کیا جاتا ہے جہان سے چھوڑ دیا گیا تھا۔ سعید پاشا کی فضول خرچی کی وجہ سے اور اس سبب سے بھی کہ جب کمپنی نہر سویز کی مہتمم مقرر ہوئی تھی اُسکو بھی بہت سا روپیہ دینا پڑا حالانکہ اُس کمپنی نے کل مصارف اپنے ذمہ کر لیے تھے ٹیکس زیادہ ہو گیا تھا مگر جہانتک کسانون کو اُس سے تعلق تھا وہانتک تو اس زیادتی کی مکافات اسطور سے ہو گئی تھی کہ اراضی کا ٹیکس یعنی مالگزاری ذوات کے علاقون پر بھی حاوی کر دی گئی تھی جو پیشتر اُس سے مستثنے رہے تھے۔ اُس سے بھی زیادہ سبب قومی ٹیکس کے بار کو سبک کر دینے کا یہ ہوا کہ جنگ کریمیا کے

باعث سے غلہ کا نرخ گران ہوگیا تھا اور بیرونجات میں مال بھیجنے کے ذریعے زیادہ ہوگئے تھے۔ یعنی اسکندریہ سے القاہرہ تک ریل پوری لگ گئی تھی اور دریاے نیل میں دخانی جہاز آنے لگے تھے اور اسکندریہ کے بڑے بڑے کارخانہاے تجارت کے گماشتون نے دیہات کے اندر گھس گھسکر اور رقابت کو دخل دیکر غلہ وغیرہ کے نرخ کو گران کردیا تھا۔ جنگ کریمیا کے بعد غلہ کا بھاؤ کم ہونے لگا مگر تھوڑے عرصہ میں امریکا میں لڑائی شروع ہوگئی جسکی وجہ سے روئی کی طلب اس شدت سے ہوئی کہ پیشتر کبھی نہوئی تھی۔ سابق میں بیان کیا گیا کہ روئی کی کاشت محمد علی کے عہد میں شروع ہوئی تھی اور باوجودیکہ کاشتکار اسکی مخالفت پر آمادہ ہے مگر اسمین برابر افزونی ہوتی گئی اور جب کسانون کو یہ معلوم ہوگیا کہ ہم خود روئی کی کاشت کرکے اسکو نہایت گران قیمت پر بیچ سکتے ہیں تب تو وہ بڑی کثرت سے اسکو بونے لگے۔ جب سنہ ۱۸۶۳ء مین سعید پاشا نے انتقال کیا اسوقت امریکا مین لڑائی شروع ہوچکی تھی اور فلاحین کو روئی کی کاشت سے ہر سال بڑی بڑی رقمین ملنے کی امید تھی جو پیشتر انھون نے کبھی خواب مین بھی نہ دیکھی تھین۔

پس جملہ حالات پر نظر کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ سعید پاشا کا عہد (جو سنہ ۱۸۵۴ء مین شروع ہوا اور سنہ ۱۸۶۳ء مین ختم ہوا) فلاحین کی فلاح کا زمانہ تھا اور مصر کی مالی حالت جسکو کاشتکارون کی رفاہ مین لامحالہ بہت دخل تھا لائق اطمینان تھی۔ یہ تو صحیح ہے کہ جو بچت عباس پاشا کے عہد مین ہوئی تھی اسکو سعید نے خرچ کرڈالا تھا اور تین چالیس لاکھ پونڈ قرض لے چکا تھا اور جب آخر عمر مین اسکو یہ خیال آتا تھا کہ مین نے سارا روپیہ تہس نہس کرکے اپنے ملک کو تباہ کردیا ہے اسوقت اسکی روح کو صدمہ ہوتا تھا لیکن اگر اُس عالم یاس مین اسکو یہ معلوم ہوجاتا کہ میرا جانشین اس قرضہ کی تعداد کو بڑھاتے بڑھاتے قریب ایک کروڑ پونڈ تک پہونچا دیگا تو اپنی ناعاقبت اندیشی

اور فضول خرچی کا مقابلہ اسمعیل کے اسراف سے کرکے کچھ تو اسکے دل کو تسکین ہوتی ۔
اسمعیل پاشا کی مسند نشینی سے مصر کے کاشتکارون کی تاریخ مین ایک نیا
قرن شروع ہوگیا ۔ سابق مین بیان کیا گیا کہ پچیس سال کے عرصہ سے اہل یورپ کی
عالی ہمتی اور انکا روپیہ مصر مین رفتہ رفتہ سرایت کرتا جاتا تھا مگر اسمعیل نے گویا طوفان کا
دروازہ کھولدیا اور ایک سیلاب عظیم آیا ۔ جو جو عقلی اور اخلاقی صفتین (بلکہ یہ کہیے کہ
بداخلاقی کی صفتین) ایک بیباک مسرف اور خراج مین ہونی چاہیین وہ سب اسمین
منجانب اللہ موجود تھین یہانتک کہ جب تخت نشین ہوا تھا اور اپنے ذاتی علاقون کا
انتظام کرتا تھا تب ہی اُسنے اپنے زعم ناقص مین بڑی بڑی شاندار تدبیرین اپنے
ملک کے وسائل زراعت کی توسیع اور ترقی کے لیے کی تھین ۔ خدا کو یہی منظور تھا کہ
وہ مسند حکومت پر اس ساعت نیک مین قدم رکھے جو ایسی ایسی تدبیرون کے عملدرآمد
کے لیے نہایت برجستہ اور سعید تھی ۔ امریکا کی لڑائیون سے یورپ کے بازارون مین
روئی کا قحط پڑا ہوا تھا اسوجہ سے اس بیش قیمت مال تجارت کا نرخ تگنا بلکہ چوگنا
ہوگیا تھا اور تجربہ سے ثابت ہوچکا تھا کہ دوابہ مصر کی زمین اور آب و ہوا روئی کے لیے
نہایت مفید اور مناسب ہے ۔ پس یہ امر سوچنے مین نازک خیالی کو چندان دخل نہ تھا کہ
جہانتک روئی کی رسد متعلق ہے وہانتک مصر کی بدولت یورپ امریکا سے مستغنی اور
بے پروا ہوسکتا ہے ۔ مگر کلام اسمین تھا کہ اتنا روپیہ کہان سے آئے ۔ اس مرحلہ
مین بھی تقدیر نے اس مدبر حریص (اسمعیل) سے موافقت کی ۔ اُس زمانہ مین
مغربی یورپ کے متمول لوگ اس بات پر ہمہ تن آمادہ تھے کہ اپنا فاضل روپیہ غیر ملک
کے کامون مین لگائین خواہ اسمین نفع ہو خواہ نقصان مگر شرط یہ ہے کہ سود بہت
ملے اور لندن کے صرافہ مین لوگ اکثر وجوہ سے مصر پر مرے ہوئے تھے اسمعیل
جیسے خدیو کو اس سے زیادہ اور کیا چاہیے تھا ۔ مصر جیسا ملک جسمین روئی کس

افراط سے پیدا ہوتی ہے۔ اسیطرح یہ کہ امریکا کی لڑائی کی وجہ سے روئی کا نرخ اسقدر گران ہوگیا تھا کہ دیہ نشیبات ضلع لنکاشایر کے جولاہے روئی کی طمع مین دیوانے ہورہے تھے اور جتنی روئی ملنی ممکن نہ تھی اتنی کے امیدوار تھے۔ اور اور ملک کے لوگون کا بے انتہا روپیہ موجود اور وہ سب ہاتھ جوڑے ہین کہ ہمارا روپیہ اپنے ملک کے کسی ایسے مفید کام مین لگائیے جسمین ہمارا کچھ بھلا ہو۔ ایم ڈی لیسپس صاحب کی نورانی صورت نہر سویز اور انکی کمپنی کے ممبرون کے بیچ مین ایسی معلوم ہوتی تھی جیسے چاند کے گرد ہالہ۔ حالانکہ سعید پاشا ایک غریب مسکین آدمی تھا اور متلون المزاج بھی تھا مگر اسکے سامنے بھی صاحب موصوف کی دال گلتی تھی اور اب جو انکا مقابلہ اسمعیل سے ہوا تو وہ بیچارے بالکل ہی پھیکے پڑ گئے کیونکہ اسمعیل محمد علی کے خاندان کا گل سرسبد تھا اور گو طماع تھا مگر بڑا وجیہ اور شاندار آدمی تھا اور ایک زبردست اور مطلق العنان مشرقی پادشاہ کی صفتین اسمین موجود تھین اور پھر اسکے ساتھ ہی یورپ کے دلال کی جرأت بھی اسمین پائی جاتی تھی اور اسی آرزو مین مرا جاتا تھا کہ اہل یورپ کے روپیہ اور انکی عالی ہمتی کو جو سحر سامری کا اثر رکھتی ہے اپنے کام مین لاکر مصر کی تقدیر کو جگاؤن جو ہزارہا برس سے یعنے فراعنہ کے وقت سے سو رہی ہے اور مصر کو مشرقی ملکون مین ملک بلجیم کا ہم پلہ کر دکھاؤن۔

خیر۔ چند مدت تک تو یہ قلب ماہیت اور تبدیل ہیئت کا کام جو اسمعیل مصر کے لیے سوچا تھا اصل خیر سے ہوتا رہا۔ اور زر نے بیشمار عیوب و قاضی الحاجات کا کام کر دکھایا یعنی اول درجہ کا روئی کا تخم حاصل کیا گیا اور جو جو زراعت کی کلین چند ہی روز ہوے تھے کہ یورپ مین ایجاد ہوئی تھین وہ بھی منگائی گئین اور وسیع قطعات اراضی مین روئی بوئی گئی اور اسکی فصل اس افراط سے ہوئی جسکی امید نہ تھی۔ اور ریلون تار برقیون۔ نہرون اور بندرگاہون کی توسیع اور ترقی کی

تدبیرین بھی ہونے لگین اور چند روز کے بعد قصبات اور بڑے بڑے دیہات مین
روئی کو صاف کرنے اور اُسکے گٹھے باندھنے کے کارخانے بھی جلد بنگئے۔ خدیو کی
کامیابی کو دیکھکر پاشاؤن اور بڑے بڑے زمیندارون کی بھی رال ٹپک پڑی
اور سبنے اُسکی تقلید شروع کی آخر نوبت باینجا رسید کہ فلاحین یا تو ایسے لکیر کے فقیر
تھے کہ جو انکے باپ دادا نے کیا تھا اسی سے چمٹے ہوے تھے اور یا اب اپنے قدیم
آبائی طریقون کو از خود چھوڑ بیٹھے اور یک قلم ترک کر دیا اور اس نئی قسم کی زراعت پر
جان دینے لگے۔ فلاحین کے طرز معیشت مین یہ پہلا تغیر تھا جو بلاوساطت [illegible]
کے وقوع مین آیا اور نتائج سے اسکے عمدگی بخوبی ثابت ہوگئی کیونکہ اسی کے باعث سے
مصر کے دیہات مین تھوڑے عرصہ تک وہ رونق رہی جو کبھی نہ نظر آئی تھی مصر کی
سرزمین مین لاکھا روپیہ یورپ کے اُن شہرون سے اُمڈا آتا تھا جہان صنعت و
حرفت کے بڑے بڑے کارخانے ہین اور جو بیشمار روپیہ لندن اور پیرس وغیرہ کے
صرّافون یا مہاجنی بازارون سے چلا آتا تھا وہ گھاٹے مین تھا مگر اُسپر بھی
وہان سے ہل من مزید کی صدا چلی آتی تھی اور جتنی خواہش روئی کی تھی اُسکے
پاسنگ بھی روئی نہ ملتی تھی۔ پُرانے پُرانے کسان جنھون نے اپنی ساری عمر اس
فکر مین گنوا دی تھی کہ ہم خرما ہم ثواب کا نقشہ ہے مگر کبھی روٹی پر روٹی رکھکر
کھانا نہ نصیب ہوا تھا اب جو دیکھتے ہین تو واہ واہ خرچ بیچ کر کے بہت کچھ بچ رہتا ہے
تو ہے تو کیا غم ہے۔ لاؤ اب وہ سامان عیش و عشرت بہم پہونچائین جسکو ہم یہ سمجھا
کرتے تھے کہ متمول بنیون اور زبردست **پاشاؤن** کا حصہ ہے۔ الغرض
فلاحین کے حق مین تو یہ زمانہ اکسیر اعظم ہوگیا اور اُنکی فضول خرچی کی ایسی عجیب
و غریب حکایتین مشہور ہین جو اُن قصون سے بہت مشابہ ہین جنھین لکھا ہے
کہ جس زمانہ مین مزدوری کا نرخ بہت گران ہوجاتا ہے اُس زمانہ مین انگلستان کی

معادن مین کام کرنے والے مزدور کیا کیا لغو مین بجاتے هین اور کیسی فضول خرچیان کرتے هین یا جس زمانه مین کیلی فورنیا اور آسٹریلیا مین سونے کی کانین نکلی تھین تو جو لوگ انکو کھودتے کھودتے بہت سا سونا پا جاتے تھے وه کیا گلچھرّے اُڑاتے تھے - جو فلاح روئی کی کاشت کرتا تھا چونکه وه سچّا مسلمان هوتا تھا لهذا مایعات مسکر یعنے شراب وغیره سے پرهیز کرتا تھا مگر اُسکے معاوضه مین اُسکے مذهب نے اسکے لیے اور لذتین مباح کردی تھین جنمین اُسکو میخواری سے زیاده حظ ملتا تھا - بعض خاص خاص مقامات پر ایسی افواهی خبرین مشهور هین جیسے عثمان اور اُسکی معشوقه گرجن کا قصه سابق مین بیان کیا گیا اور وه افواهی خبرین بہت معتبر هین اور انکا مضمون یه هے که فلاحین نے گرجنون اور حبشنون کو گھر مین ڈال لیا اور انکو خوب ریشمین پوشاکین اور زیور پہنائے اور بڑے بڑے حلبی آئینے اور عمده عمده عطر لا دیے تا که وه جھونپڑون مین رهتے رهتے گھبرا نه جائین اسمین شک نهین هے که ان مضحک حکایات مین اکثر مبالغه کیا گیا هے مگر کچھ نه کچھ اصلیت بھی انمین ضرور هے تا نباشد چیزکے مردم نگویند چیزها + اس زمانه مین جتنا روپیه فلاح کماتا تھا اُسکی امید اُسکو کبھی نه هوئی تھی اور وه اپنی کمائی کو اسی بے پروائی سے اُڑا بھی دیتا تھا جیسا اُن لوگون کا قاعده هے جو افلاس سے نجات پاکر یکبارگی متمول هوجاتے هین - اگرچه فلاحین نے گوری گوری لونڈیان خریدین اور گرجنون کو اپنا حرم بنایا تو بہت سے فلاحون نے اپنی بیبیون کی تعداد بڑھائی یا انمین ایسا پھیر بدل کیا که بہت روپیه اُنکو نهین صرف کرنا پڑا اور اُس گاؤن مین یا اُسکے قریب کسی قصبه مین جو سب سے زیاده قیمتی چیزین تھین وه اپنی نئی بیبیون کے لیے خریدین - اس انقلاب کی کچھ خفیف سی کیفیت سرکاری نقشجات سے معلوم هوسکتی هے - تین سال کی مدت قلیل مین جو روئی هرسال بیرونجات مین بھیجی جاتی هے اُسکی مقدار ۲۳۳۰۰۰۰ سے قنطار سے

۲...... قنطار ہوگئی اور اُسکی قیمت سالانہ ساڑھے بیالیس لاکھ پونڈ سے ایک کروڑ تیس لاکھ پونڈ ہوگئی۔

جیسی دنیا کی سب لذتین اور حلاوتین ناپایدار ہین ویسا ہی یہ خوشی و خرمی کا زمانہ بھی چلتا پھرتا نظر آیا۔ اور اُسکے بعد بڑی مصیبت کا زمانہ آیا کیونکہ قاعدہ ہے کہ اقبال کے بعد ادبار آتا ہے۔ مگر مصیبت پڑی تو کس پر کسانون پر۔ کیونکہ اُس محتاج خدیو اسمعیل ہی کے ترکش مین ابتک کچھ تیر باقی تھے جیسا آیندہ بیان کیا جائیگا۔ جو ہین امریکا مین لڑائی موقوف ہوئی امریکا کے اضلاع جنوبی سے روئی یورپ کے بازارون مین پھر برابر آنے لگی اور روئی کا نرخ مصر مین جلد ارزان ہوگیا۔ ساتھی اسکے کسانون کی زمین جسمین دو تین سال تک برابر فصل کیا پیدا ہوئی کہ گویا معجزہ ہوا اُس ابتدائی طریقہ زراعت کی متحمل نہوسکے جو شائع تھا اور اس سے زوال و انحطاط کی علامات ظاہر ہونے لگے۔ عام قاعدہ یہ ہے کہ جب کاشتکارون کا نقصان فصل کے خراب ہونے کی وجہ سے ہوتا ہے تو اُسکی اسیقدر مکافات گرانی نرخ سے ہوجاتی ہے مگر مصر کے کاشتکارون پر یہ غضب نازل ہوا کہ فصل بہت کم پیدا ہوئی اور جو کچھ فصل ہوئی وہ بہت خراب ہوئی اور نرخ اسقدر گھٹ گیا کہ سابق مین اتنا کبھی نہ گھٹا تھا اور یہ سب باتین یکبارگی اور ایک ہی وقت مین ہوئین۔ جب خدیو اور بڑے بڑے زمیندار جنکے پاس بہت سا روپیہ موجود تھا اور جنکو آب پاشی کے لیے پانی بکثرت مل سکتا تھا اور جنکے پاس زبردست آلات زراعت موجود تھے امریکا کے روئی والون سے مقابلہ مین سر نہوسکے تو بیچارے کسان کس قطار شمار مین تھے جنکے پاس کچھ سرمایہ نہ تھا اور آلات زراعت بھی تھے تو وہی قدیم دقیانوسی اور ناظران و مہتمان آب پاشی پر کچھ اختیار نرکھتے تھے۔ وہ کمبخت تو بالکل تباہ ہوگئے اور اُنکو پہلی حالت پر عود کرنا محال ہوگیا اسواسطے کہ ادھر تو زمین کی قوت پیداوار تشریف لیگئی اُدھر اراضی کا ٹیکس زیادہ ہوگیا

اسیطرح یہ کہ غالباً میان کسان صاحب خود بھی بہت مقروض ہوگئے تھے۔ ایسی حالت مین اگر گورنمنٹ عاقل اور دور اندیش ہوتی تو ٹیکس کے اُس بار عظیم کو جسکی متحمل رعایا صرف آسودگی کے زمانہ مین ہوسکتی تھی فوراً کم کردیتی اور اُسی قدر سالانہ مصارف مین بھی تخفیف کرتی مگر اسمٰعیل پاشانے اپنی سلطنت کا کل انتظام اُس امر فرضی کی بنا پر کیا تھا کہ خراج اراضی مین جو اتفاقاً افزونی ہوجائے وہ ابداً و دواماً باقی رہیگی اور اُسکا ارادہ یہ نہ تھا کہ اُسکے پیش روون نے جو معتدل خرچ رکھا تھا اُسکو اختیار کرے۔ اول تو اُسکو خرچ مین تخفیف ہی منظور نہ تھی اور اگر منظور ہوتی بھی تو خرچ کو کم کردینا نہایت کار دشوار تھا اسواسطے کہ اُسنے اپنے ملک مین بھی اور غیر ملکون سے بھی بہت روپیہ قرض لیا تھا اور اپنے خزانہ پر اسقدر بھرے قرضہ کا بار ایسا گران تھا کہ اس سے سبکدوش ہونا آسان نہ تھا۔ لہذا ٹیکس بدستور سنگین رہا اور رعایا پر وہ ظلم و جبر کیا گیا جسکی کیفیت سابق مین بیان کی گئی تا کہ ٹیکس کا ایک پیسا بھی کسی پر نہ باقی رہجائے۔ اس انتظام کا نتیجہ ہوا کہ جو کسان زیادہ مفلس تھے اُنکو بے انتہا سود پر روپیہ قرض لینا پڑا اور پھر اپنی زمین بھی کھوٹے دامون بیچ ڈالنی پڑی۔ اسوجہ سے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے زمین کے بڑے بڑے زمینداروں کے ہاتھ لگے اور انمین سے اکثر متمول زمینداروں نے اپنی زمین کو سود خورے مہاجنون کے پاس رہن رکھ لیا اور آخر اُنکا بھی یہی انجام ہوا جو مفلس کسانون کا ہوا تھا۔ چونکہ ٹیکس مین زیادتی اور زمین کی قوت پیداوار مین کمی یکبارگی ہوئی تھی لہذا بہت سی زمین ایسی تھی جسمین اتنی پیداوار بھی نہین ہوتی کہ مالگزاری ادا کرنے کے لیے کافی ہوتی اور اکثر مالکان اراضی ملکیت اراضی کو نعمت عظمےٰ کے بدلے اپنی جان کا جنجال سمجھنے لگے جیسا سابق مین مصر کے دیہات کی کیفیت کے ضمن مین بیان کیا گیا جن لوگون پاس ذرا بھی سرمایہ باقی رہگیا تھا وہ مساعدت زمانہ کی امید مین تھوڑا بہت اپنا کام چلاتے رہے مگر زمانہ موافق نہوا اور اکثر کسان اپنی زمین کو بلا معاوضہ چھوڑ کر

بیٹھ رہے صرف اسوجہ سے کہ کوئی ایک کوڑی کو بھی اسکا خریدار نہیں ہوا یا اقل مراتب یہ کہ کسی نے اتنی قیمت بھی اسکی نہ لگائی جس سے بقایاے مالگزاری سرکاری تو ادا ہو جاتا۔

حالانکہ اسمعیل پاشا ان سب حالات سے خوب واقف تھا مگر اپنی مجلس اپنی جسکا نام عبدین تھا بیٹھا رہتا تھا اور اسکے آگے ایک بڑی سی میز رکھی ہوئی تھی جسمین ہر قسم کے کاغذات بھرے ہوے تھے سکتر لوگ خطوط اور تاربرقیان لیکر برابر آتے جاتے تھے وزرا اور اہل کاران متعینہ بیرونجات حاضر ہوکر اپنی رپورٹین پیش کرتے تھے اور ہدایات حاصل کرتے تھے۔ غیر ملک کے رہنے والے ٹھیکہ دار حاضر ہوکر عرض و معروض کرتے تھے اور احکام لیتے تھے۔ معزز و ممتاز سیاح حاضر ہوکر کورنش بجالاتے تھے۔ اور چند بیفکرے بھی ادھر اُدھر سے آکر اس خلیق خدیو (اسمعیل) کے گپ شپ اُڑاتے تھے ہر قسم کے ملاقاتیون اور مجرائیون سے اسمعیل بطرز مناسب اور تپاک سے پیش آتا تھا اور جس مضمون پر اُنسے بحث کرتا تھا یہ معلوم ہوتا تھا کہ اسمین عبور رکھتا ہے۔ سکرٹری سے چند ہی کلمات مطلب خیز کہدیتا تھا۔ وزیر سے مشرح اور قطعی گفتگو کرتا تھا۔ اہل کار متعینہ بیرونجات سے استفسار حال کرکے حکم مناسب صادر کرتا تھا غیر ملک کے رہنے والے ٹھیکہ دار سے ذہانت کی باتین کرکے کچھ لے مرتا تھا سیاح سے بخلق و مدارا پیش آتا تھا اور بیفکرے لوگ جو اُس سے گپ شپ اُڑانے کو آتے تھے اُنسے دل لگی کی باتین بے تکلف کرتا تھا۔ جب یہ سب رخصت ہو جاتے تھے اور صرف اُسکے رازدار ملازم رہجاتے تھے تو اُنکے سامنے متشوش اور ملول رہتا تھا اور کبھی کبھی اُس سے غیظ و غضب کے آثار نمایان ہوتے تھے۔ وہ بوجہ بدمزاج اور ملول نہ رہتا تھا کیونکہ اُسکو زنگ بیرنگ نظر آتا تھا اور جیسی سرخروئی اور کامیابی کی امید اُسکو تھی اُسکا سامان نہیں دکھائی دیتا تھا مگر وہ عالم یاس اسمین تھا

بلکہ صرف اس شش و پنج مین تھا کہ جو تدبیرین اسکے ذہن وقاد مین آئی تھین اُنمین سے کس تدبیر کو اختیار کرے ۔ روئی کا غلبہ ظاہرا تمام ہو چکا تھا مگر شکر کو کیا ہوا تھا۔ گنّے کی کاشت تو شاہزادہ مصطفےٰ فاضل نے کامیابی کے ساتھ کی تھی مگر اُسکی کاشت مصر شامی مین ہوتی تھی اور کم ہوتی تھی ۔ اور مصر شمالی مین قدیم طریقہ سیلابی آب پاشی کا اب تک جاری تھا جس سے گنّے کی کاشت نہین ہوسکتی تھی ۔ مگر مصر مین آب پاشی کے لیے نہرین کیون نہ کھدوا دی جائین ۔ بیگار کام مین ایک کوڑی بھی نہین خرچ کرنی پڑتی ۔ بس ایک نہر السیوط سے بنج تک کیون نہ بنادی جاے ۔ اور جب نہر بنادی جاے تو اُسکے کنارے کنارے ریل بھی جاری کردی جاے اور وہان سے اُس ریل کو القاہرہ تک لے آئین ۔ الغرض وہ عظیم الشان نہر جسکا نام نہر ابراہیمیہ ہے اور جسکا طول ۲۰۰ میل کا ہے فلاحین سے بیگار کھدوائی گئی اور مصر شمالی کی ریل بھی القاہرہ سے السیوط تک فلاحین سے مفت بنوائی گئی ۔ اور ساتھ اسکے یہ بھی ہوا کہ نہر مذکور کے کنارے کنارے جو زمین تھی وہ خدیو کے قبضہ مین آگئی اور اسمین بڑے بڑے کھیت گنّے کے بنائے گئے اور ہر ایک کھیت مین ایک کارخانہ شکر کا بھی بنایا گیا ۔ اسمعیل پاشا چونکہ صاحب جودت تھا اور اپنے ذہن رسا اور طبع خلاق اور انتظامی لیاقتون پر اعتماد کلی رکھتا تھا لہذا وہ اپنے زعم ناقص مین یہ سمجھا کہ مین نے ان محصولون سے اپنی گلو خلاصی کی ایسی معقول تدبیر کر لی ہے کہ جو اسراف و فضول خرچی مین کر رہا ہون اسمین کمی کی ضرورت نہین باقی رہی ہے ۔

اب اراضی کی قیمت جلد جلد کم ہو جاتی تھی اور کمبخت فلاحین کی خمیدہ پشت پر قرضہ کا بار روز بروز سنگین ہوتا جاتا تھا اور یہ دونون باتین ایسی تھین جنکو دیکھکر ہر ایک بر عاقل جو منصب حکومت پر ہو گھبرا جاتا تھا مگر اسمعیل ایسا بلا کا آدمی تھا کہ ایسی باتون کا اُسنے کچھ خیال بھی نہین کیا بلکہ اُنکو اپنی عظیم الشان تدبیر کے اُس جزو کی تعمیل کا ذریعہ گردانا جسکی کیفیت سوا اسکے اور کوئی نہ جانتا تھا ۔ سچی بات پوچھیے تو اسمعیل کو رعایا کی رفاہ و بہبود کی چندان

فکر نہ تھی بلکہ اپنا گھر بھر لینے کی فکر مین رہتا تھا لہذا منجملہ دیگر امور کے ایک امر یہ بھی اسکو ہمیشہ مدنظر رہتا تھا کہ جہان تک ممکن ہو ملکیت اراضی حاصل کرتا چلا جاے اور یہ مقصد اُسنے ایسی مشقت و جانکاہی سے حاصل کیا کہ آخرالامر مصر کی کُل اراضی قابل الزراعت کے تقریباً ایک خمس کا مالک بنگیا اور اگر وہ صرف مالی دقتون سے محفوظ رہ سکتا تو مجھکو کوئی وجہ نہین معلوم ہوتی کہ انجام کار وہ باقی ماندہ چار خمس اراضی کا مالک بھی کیون نہو جاتا۔ یہ امر تو یقینی ہے کہ ایماندارانہ کے خیالات تو اُسکو اس فعل سے مانع نہوتے۔ اگر یہ امر ناظرین کے پیش نظر رہے تو وہ باسانی سمجھ جائینگے کہ اراضی کی قیمت گھٹ جانے اور کاشتکارون کا قرضہ بڑھ جانے سے اسمعیل پر کچھ خوف و ہراس کیون نہین طاری ہوا بلکہ ان باتون سے وہ اور زیادہ خوش اور مسرور ہوا حالانکہ یہ امور ایسے تھے جنکو دیکھکر عالمان علم دولت و واقفان امور سیاست کے اوسان خطا ہو جاتے مگر انکی وجہ سے اسمعیل کی ناتسکین پذیر طمع اراضی اور زیادہ ہوگئی۔ اب اراضی کی قدر و قیمت بازار مین تو کچھ رہی نہ تھی پس اسکو خرید لینا کیا بات تھی اور جس اراضی پر مالگزاری باقی تھی اُسکو لے لینا بھی کچھ بات نہ تھی۔ جو اراضی بعلت بقایاے مالگزاری ضبط کر لیگئی تھی اہل یورپ کے خیالات کے موافق اُسکو چاہیے تھا کہ خدیو کی نہ ہوتی بلکہ مال سرکار ہو جاتی مگر اسمعیل کے خیالات اُن تعلقات کی نسبت جو خزانہ عامہ اور جیب خاص مین ہین ساری دنیا سے نرالے تھے۔ جہان تک مین واقف ہون مین کہہ سکتا ہون کہ اگر وہ ان دونون چیزون مین بکمال احتیاط فرق کرتا تھا تو صرف اُس حالت مین کرتا تھا کہ جب غیر ملک کے لوگ اپنے قرضہ کا تقاضا کرتے تھے ایسی حالت مین وہ بڑی لیاقت اور جودت کے ساتھ لوگون کو سمجھاتا تھا کہ قانون عام کے اصول مسلمہ کے موافق مین اور میرا خاندان اس قرضہ کا ذمہ دار نہین ہین اسلئے نہین تصور ہو سکتا جو گورنمنٹ کے مصارف کے واسطے لیا گیا ہے۔

جو لوگ اسمعیل سے خوب واقف ہین اور جنہون نے اُسکی کیفیت اُسکی ثروت کے

زمانہ میں اکثر اوقات باسعان نظر ملاحظہ کی تھی انھون نے مجھ سے فرمایا ہے کہ جہانتک
اُسکا دسترس تھا وہ کسی قسم کی زمین کو بے لیے نہ چھوڑتا تھا اور اُسکی قیمت میں بھی ایسا ہی فتور
پڑگیا تھا جیسا اہاب کی نیت خراب ہوگئی تھی جسنے اپنے ہمسایہ کے باغ انگور کو غصب
کرلیا تھا مگر وہ کمبخت (اسمعیل) اوج حکومت سے گر کر حضیض نکبت میں آرہا ہے کیسے
کہ جسکی بنی بگڑ گئی ہے اُسکے حال پر مجھے ترس آتا ہے لہذا میں اُسکے اس فعل سے اور
وجوہ بیان کرتا ہون اگر ناظرین کے مزاج میں آئے تو انکو قبول کرلین ۔ شاید اسمعیل نے
اس مقدمہ میں اپنے نفس سے یہ حجت کی ہو (خدا کرے اُسنے ایسا ہی کیا ہو تا کہ خدیو کے
نام پر قیامت تک دھبہ نہ لگا رہے) کہ فلاحین چھوٹے چھوٹے زمیندار ہین اب وہ غیر ملک
والون سے ظاہراً مقابلہ نہیں کرسکتے اور نہ انہین اتنی لیاقت ہے کہ اپنے طریقۂ زراعت
میں ایسی اصلاحیں کرین جنکے باعث سے وہ غیر ملک والون کا مقابلہ کرسکین لیکن اگر چھوٹی
چھوٹی جوتون کو توڑ کر بڑے بڑے تعلقے بنالیے جائین اور زمین عمدہ طور سے انتظام
کیا جاے اور فن زراعت جو نئی نئی کلین ایجاد ہوئی ہین وہ سب اُنکے لیے منگوائی جائین
تو اب بھی مصر کا کچھ نہیں گیا ہے اور وہ دنیا کے بڑے بڑے بازارون میں اپنے رقیبون
سے سربر ہو سکتا ہے ۔ مگر مجھکو یہ عرض کرنا ضرور ہے کہ یہ مضمون ایجاد بندہ ہے اور مین نے
اپنے ادراک باطنی سے اسکا استخراج کیا ہے اور جو لوگ اسمعیل کے حالات سے میرے نسبت
زیادہ واقف ہین وہ میرے اس بیان کو ہیچ سمجھتے ہین ۔ گرچہ بندہ خدیو معزول کی مدح نگاری
کو حاضر ہے ع گر قبول افتد زہے عز و شرف ۔

آخرکار شکر اور روئی کا کھیل بگڑ گیا ۔ ترکی وکرو لعنت بھرو ۔ اگرچہ اسمعیل
قیامت کا بازیگر اور غضب کا کھلاڑی تھا اور ذرا ذرا سی باتون کو ایسا یاد رکھتا تھا کہ گویا
معجزہ معلوم ہوتا تھا اور تدبیرین گڑھنے میں بھی بڑا ہی استاد تھا مگر بڑے بڑے صنعت وحرفت
کے کارخانون میں اور اہم معاملات تجارت میں دخل دینے کی لیاقت نہ رکھتا تھا اور اگرچہ بد کچھ

لیاقت رکھتا تھا تو صنائع جدید کے اُس شعبہ مین جسکو وہ "ترقی دینا" کہتے ہین - ترقی زراعت
کی جو تدبیرین اُسنے کی تھین اُنسے صاف ظاہر ہوا کہ ان تدابیر کا بانی کون طامع نالائق
اور اناڑی متاجر ہے جسنے اپنا کل مایہ و بساط ایک ہی چیز کی آزمایش مین لگا دیا ہے مگر
اسمعیل مین اور اناڑی متاجر مین یہ فرق بین تھا کہ اناڑی متاجر کا اناڑی پن تو صرف خود
اُسکے اور اُسکے متعلقین کی تباہی کا باعث ہوتا ہے مگر اسمعیل کے اناڑی پن نے تو ایک
ملک تباہ کر دیا جسمین ساٹھ لاکھ آدمی کی آبادی ہے - الغرض جس تدبیر کو اُسنے اپنے زعم ناقص
مین عظیم الشان سمجھکر کیا تھا اسمین وہ بالکل ناکام رہا اور اُسکی ناکامی کا باعث کچھ تو یہ ہوا کہ اُس
تدبیرین فی نفسہ نقصانات اور قباحتین رکھتی تھین اور کچھ یہ بھی سبب ہوا کہ اُسکی عملدرآمد مین غلطیان
اور بدانتظامی ہوئی - جب روئی کا نرخ دفعتہ گھٹنے لگا تو اسمعیل نے وہ کردار اختیار کیا جیسے
کسی جہاز کا کپتان جب تھوڑی دور آگے بڑھکر پتھر کی چٹانین پانی کے نیچے دیکھتا ہے تو
بعوض اسکے کہ کلون کو اُلٹ دے تا کہ جہاز کو ان چٹانون سے صدمہ شدید نہ پہونچے ان
کلون کو زور زور چلاتا ہے تا کہ جہاز ان چٹانون سے ٹکرا کر سمندر کے کنارے سے لگ جائے
اگر اس تدبیر مین کامیابی ہوتی تو اُس کپتان کے ہوش حواس اور جرأت اور چالاکی کی
تعریف کیجاتی ہے لکن اگر اُسمین ناکامی ہوئی تو کپتان کے اناڑی پن اور دلیری کی مذمت
ہوتی ہے پس اگر اس نظر سے دیکھا جاے تو اسمعیل سخت مذمت کے لائق ہے -
کیونکہ وہ اپنے ملک کے جہاز کو اتنی دور چڑھا لیگیا کہ افلاس کی چٹان سے ٹکرا گیا
اور اُسکا دوالہ نکل گیا اور وہ نقصانات اُسکو پہونچے جنکی تلافی نہین معلوم کتنے برسون
مین ہو - آیندہ بیان کیا جائیگا کہ وہ عظیم الشان خدیوی تعلقے جنمین نہرین اور ریلین
جاری تھین اور شکر اور روئی کے کارخانے بنے تھے اور دخانی ہلون سے کھیتی کیجاتی
تھی اور اسی قسم کے اور آلات زراعت سے کام لیا جاتا تھا کیا ہوے اور کہان
گئے - اس مقام پر صرف اتنی بات مجملاً عرض کیجاتی ہے کہ ان سب چیزون کے

مجموع کا نام دائرہ سفنیہ اور علاعجات خانہ داقی مشہور ہے - ان دونون لفظون سے یورپ کے دلالون کے کان خوب آشنا ہین -

جبتک مصر نرا کھرا مشرقی ملک رہا اور سمین اہل یورپ کا دخل نہین ہوا اسوقت تک تو خدیوان مصر کی مطلق العنانی یا تلون مزاجی نے جو کچھ اُنکو سمجھایا اُسکو وہ بے تکلف کر گذرے کوئی اُنسے بازپرس کرنے والا نہ تھا کیونکہ نہ تو کوئی اُنسے رتبہ مین عالی تھا جو اُنکی بدعمالی کا مواخذہ کرتا اور نہ کوئی رتبہ مین اُنکے برابر تھا جسکے حقوق کی نگہداشت انکو واجب ہوتی البتہ سلطان روم براے نام مصر کے بادشاہ تھے مگر وہ نذرون کے صلہ پر استنبول مین رہتے تھے اور اور ملکون کے بادشاہ انکو ہمیشہ بہلا لیتے تھے یا بہت سی بخشش دیکر راضی کر لیتے تھے - اب رہی مصر کی رعایا سو اُس بیچاری کو کون پوچھتا تھا - خدیو کی حماقت یا اور کسی حرکت ناشایستہ سے جو قحط پڑتا تھا یا اور کوئی آفت نازل ہوتی تھی اُسکا خمیازہ رعایا کو اُٹھانا پڑتا تھا اور اگر ہزارہا فلاحین بھوکون کے مارے مرجاتے تھے تو بھلا کسکی مجال تھی کہ حاکم وقت سے بازپرس کرتا - مصر مین سلطان روم کو تو کوئی خاک نہ مانتا تھا - البتہ یورپ کی مغربی سلطنتون کا رعب اُس ملک پر رفتہ رفتہ اور آہستہ آہستہ چھاتا جاتا تھا اور خدیو کی مطلق العنانی مین گھن لگتا جاتا تھا - وہ پیر کہن سال و دوراندیش محمد علی پاشا اس آفت کو سمجھ گیا تھا اور اُسنے اپنے دل مین ٹھان لیا تھا کہ اقل مراتب اپنے عہد دولت مین تو غیر ملک والون کو انتظام قدیم مین دخل نہ دینے دونگا - لہذا جو غیر ملک کے لوگ اُسکی نوکری کرتے تھے انکو بڑی اطاعت و خاکساری اختیار کرنی پڑتی تھی اور جو غیر ملک والے اُسکی قلمرو مین آتے تھے انکو بھی حکام وقت کی اطاعت اور قوانین معینہ کی پابندی کرنی پڑتی تھی - اس معاملہ مین ابراہیم پاشا اور عباس پاشا نے اُس مرد دیرینہ (محمد علی) کی تقلید قدم بقدم کی مگر سعید پاشا چونکہ نیک نہاد اور عیش پسند تھا لہذا ویسی بیدار مغزی اور استقلال مزاج اُسکے عہد مین ہنین ظاہر ہوا جیسا اُسکے اسلاف کے عہد مین ہوا تھا اور اہل یورپ کا رعب

ودابِ جو سیلاب کیطرح بڑھتا جاتا تھا اُس دیوار مین سرایت کرنے لگا جو اُسکو روکنے کے لیے بنائی گئی تھی۔ اسمٰعیل نے تو اِس طوفان کا دروازہ ہی کھول دیا جیسا سابق مین بیان کیا گیا اور جب اُسنے دیکھا کہ یہ طوفان بڑھتا ہی آتا ہے اور خود مجھکو غریقِ رحمت کیا چاہتا ہے تو اُسکا عجب حال ہوگیا اور مشرقی مکاری اور حیلہ بازی کی چالین چلنے لگا مگر ہر بار مُنھکی کھائی۔ ہر دفعہ ایک نیا حیلہ کرتا تھا مگر جب سر پر ہوتا تھا تو اُس سے باز آتا تھا آخرکار اُسنے اپنے دل مین ٹھان لیا کہ اب بے لڑے نہ رہونگا اور کینیوٹ بادشاہ انگلستان کیطرح سمندر کی موجون کو للکار کر کہنے لگا کہ وہ یہان تک تو بڑھ آئی ہو لیکن خبردار آگے قدم نہ بڑھانا۔ اس للکارنے کا نتیجہ یہ ہوا کہ موجین جھلا کر اور زیادہ فراٹے سے چڑھ آئین اور خدیو کو مسندِ حکومت سے بہالے گئین۔

سعید پاشا کے عہد مین جب تک نہر سویز کھودنے کی منظوری نہین حاصل ہوئی تھی اسوقت تک تو غیر ملک کے لوگون مین سے صرف وہ سفیران یورپ مصر کے معاملات مین دست اندازی کرتے تھے جنکو اپنی عظمت و سطوت کا اظہار منظور ہوتا تھا یا جنکو اپنے ہموطنون کی کامیابی سے جلب منفعت کی امید تھی۔ مگر سفیران مذکورین کو تھوڑے سے عجز و انکسار سے یا کچھ روپیہ دیکر راضی کر لینا کچھ بات نہ تھی لیکن اسمٰعیل پاشا کے عہد مین اہل یورپ کی مداخلت بہت زیادہ ہوگئی۔ اسکا سبب یہ ہوا کہ اسمٰعیل کو بوجوہ چند در چند مبالغ خطیر کی ضرورت ہمیشہ رہتی تھی۔ اول تو جو تدبیرین ترقی زراعت کی اُسنے کی تھین اُنکی عملدرآمد کے لیے کیا کچھ روپیہ درکار تھا۔ دوسرے خود اُسمین فضول خرچی کی عادتین کیا کم تھین۔ تیسرے ترکون اور اور ملک کے لوگون کی دست اندازی کا انسداد بے صرف کثیر کے ممکن نہ تھا۔ چوتھے سود خورے مہاجنون کا قرضہ بے انتہا چڑھا ہوا تھا اسکو ادا کرنا منظور تھا۔ پانچوین یہ منظور تھا کہ جہان تک ممکن ہو وہ بازپرس کو ٹالتے رہیے جسکا آنا یوم الحساب کیطرح برحق تھا مگر بے روپیہ کے وہ کیونکر ٹل سکتا

الغرض۔ ایسے ایسے مقاصد کے لیے اُسکو غیر ملک والون سے بہت سا روپیہ قرض لینا پڑا اور جب اُسکا دیوالہ نکلنا روز بروز عیان ہوتا گیا تو مغربی یورپ کے کارخانہ دارون اور کوٹھی وال مہاجنون نے غل مچانا شروع کیا کہ ہمارا روپیہ ہمین دے دیجیے اور اپنی اپنی گورنمنٹون کو دق کرنے لگے کہ ہمارا روپیہ خدیو سے دلوا دیجیے اور اس معاملہ مین ناظر عدالت کا کام کیجیے۔

اب قرضخواہون کی فوج آگے بڑھتی آتی تھی اور زیرک و متفنن اسمعیل اُسکو ایسی پھرتی اور چالاکی سے روک رہا تھا جیسا کوئی بڑا کامل کرکٹ یا ہاکی کا کھلاڑی ہو گو اسمین وہ لیاقت خداداد نہ تھی جو مدبر سپہ سالار مین ہوتی ہے آخر ان دونون مین مٹھ بھیڑ ہو گئی اور ایسی لشت ہوئی جو اس زمانہ کے واقعات تاریخی مین ایک نہایت مضحک واقعہ ہے۔ اسمعیل بھی اپنی جان پر کھیل گیا اور نہر سوئز کو کھولنے کی تقریب مین اپنے قرضخواہون کی آنکھون مین خاک ڈالی اور انکو اُلو بنانا چاہا اور باوجود چند در چند دقتون کے قدرے قلیل کامیابی بھی اُسکو حاصل ہوئی اُسنے بڑی دھوم دھام سے ضیافتین کین اور اپنی رائے نسبت معاملات ملکی اور امور معیشت کے بڑی شد و مد سے بیان کی اور فضول خرچی تو اس شدت سے کی کہ شاید کسی مشرقی بادشاہ نے روپیہ یون نہ اُڑایا ہوگا۔ خیر۔ ان سب باتون کو دیکھکر بعض سادہ لوح آدمیون کو یقین واثق ہو گیا کہ ایسا مالدار اور روشن ضمیر بادشاہ اسلام تو روے زمین پر کوئی نہین ہے بلکہ شاید اکثر عالی دماغ اور انتظام کرنے والے عیسائی بادشاہون مین بھی اسکا عدیل و نظیر نہین ہے۔ اس سے اتنا تو ہوا کہ اسمعیل کے اعتبار مین جو فرق پڑ گیا تھا وہ کچھ جاتا رہا اور اسکی ساکھ پھر کچھ قائم ہو گئی مگر کمرون کو رنگنے اور سجنے اور آراستہ کرنے سے وہ مکان کب ٹھہر سکتا تھا جسکی بنیاد مین لغزش پڑ گئی تھی۔ اب اُسکے انہدام کا وقت قریب آتا جاتا تھا۔ خدیو نے اہل یورپ سے حلفاً ایک معاہدہ کیا اور اُس معاہدہ کی تجدید بھی اکثر کی اور اہل یورپ نے شرائط معاہدہ کی تکمیل ایمانداری سے کی اور خدیو کی

خاطر رنگین اور نہرین جاری کردین اور تماشا گھر اور ناچ گھر اور روئی اور شکر کے کارخانے اور مجلس آئین اور باغات اور بندرگاہین اور آہنی جہاز۔ خلاصہ یہ ہے کہ جو جو چیز ایک مشرقی آدمی (اسمعیل) کی طبع خلاق اختراع کر سکتی تھی اُسکو وہ لوگ مہیا کرتے گئے۔ لیکن جب دار و گیر کا وقت آیا یعنے وہ وقت آیا جبکہ عہدنامے کے سب سے آخری فقرہ کی تعمیل کرنی پڑی تو اُس ناشکر گزار مکار نے کوشش بلیغ کر کے چاہا کہ دشمن کے پنجہ منت سے اپنے تئین کھینچ کھانچکر نکال لے۔ چونکہ وہ اپنی حیلہ آمیز فسون سازی اور ڈھٹ بندی سے اپنی قوم کے بیوقوفون کو جو حیوانات مطلق سے کم نہ تھے اکثر فریب دے چکا تھا اور بیوقوف بنا چکا تھا لہذا اُسکو یہ امید تھی کہ قوانین قدرت کو بھی ٹال دیگا اور شیاطین کو بھی دھوکا دیگا۔ مگر جب آخر الامر اُسکو بہت دھکی دی گئی تو اُسنے گورنمنٹ انگلشیہ اور گورنمنٹ فرانس اور گورنمنٹ اطالیہ سے مدد طلب کی۔ اور پہلے مسٹر کیو۔ بعد اُسکے مسٹر ریالو جا اُسکے بعد مسٹر گوشین اور مسٹر جوبرٹ اُسکی کمک کے لیے آئے۔ مگر یہ سب صاحب صرف جھوٹ موٹ کے دلاسا دینے والے اور زبانی جمع خرچ کرنے والے تھے اور ایسے سادہ لوح تھے کہ یہ سمجھے ہوئے تھے کہ جب دو کو دو کے ساتھ جمع کیجیے تو خواہ مخواہ چار ہو جائینگے یعنی عام قسم کے تجارت پیشہ آدمی تھے جنکے ذہن مین یہ دقیانوسی خیال سمایا ہوا تھا کہ قرضدار کی جان قرضخواہون سے کبھی بچ سکتی ہے کہ جب انکا قرضہ ادا کردے اور جاہل محض تھے اور فن فسون سازی کے اُن پوشیدہ اصول سے واقف نہ تھے جنکے ذریعہ سے قرضخواہون کو فریب دیکر تمسک کو بیکار کر دینا ممکن تھا

الغرض۔ یہ باتین سوچ کر اسمعیل کو اپنی ہی تدبیرون پر پھر بھروسا کرنا پڑا اور وہ یہ سوچنے لگا کہ شاید کوئی زبردست منتر ہاتھ آجائے۔ آخر ایک پر تاثیر منتر اُسکو مل ہی گیا اُسکے آقاے نامدار سلطان روم نے تو اپنا دوالہ نکالکر اپنی ذمہ داریون اور قرضہ کے جھگڑون سے اپنی گلوخلاصی کی تھی پس جب آقا نے ایسا فعل کیا تو غلام کو اُس سے

کیا غارتھی اور اُس سے کون باز پرس کرسکتا تھا۔ یہ تدبیر جو اُسکے ذہن مین آئی تھی فی نفسہ تو اچھی تھی مگر اُسکو عمل مین لانے کی جرأت اسمین نہ تھی کیونکہ وہ تین سفیران یورپ نے قطعی طور سے اُس سے کہدیا تھا کہ قرضہ آپ کو ضرور ادا کرنا پڑیگا اور شاید اسی نکروہ لفظ ضرور مین مداخلت بزور شمشیر کا بھی مادہ موجود تھا۔ تب اسمعیل اپنے دل مین سوچنے لگا کہ اس سے بہتر اور صائب تر کوئی تدبیر نکالنی چاہیے۔ خیر۔ اُسنے پھر غور کیا اور آخر ایک تدبیر صائب نکال ہی لی یعنی ایک جھوٹ موٹ کی باقاعدہ سلطنت بناکر جسمین پارلیمنٹ بھی ہو اور وزرا بھی ایسے ہون جو سب نیک و بد کے ذمہ دار اور جوابدہ ہون اور باقاعدہ سلطنت شخصی کے دیگر لوازم بھی موجود ہون فیاض اہل یورپ کو راضی کرلینا کیا بات تھی۔ شاید اسکا نتیجہ یہ ہو کہ وہ کمبخت قرضخواہ جو تقاضے کے مارے خدیو کی جان کھائے جاتے تھے اور جو باقاعدہ حکومت کے مسائل سے خوب واقف تھے اور یہ مسئلہ بھی خوب سمجھے ہوے تھے کہ والی ملک کوئی ظلم اور نا انصافی نہین کرسکتا فیاض اہل یورپ کے ملاحظہ اور رعایت سے اسقدر ترمیم تمسک مین منظور کرلین جسکا اثر یہ ہو کہ خدیو کی جان شیرین اور روح پاک تو اس تہلکہ سے محفوظ رہے اور اُسکے بدلے وزرا کی ارواح طیب و طاہر اس عذاب مین پڑین۔

مگر اس فریب کا چلنا اسپر موقوف تھا کہ کوئی ایسا شخص ملجاے جو اہل یورپ کا معتمد علیہ ہو۔ اہا ہا ایسا شخص موجود ہے۔ اب اسمین کچھ تامل اور دریغ نہ کرنا چاہیے۔ نیوبر پاشا کو شہر پیرس مین فوراً اس مضمون کا تار دیا جاے کہ ہم (اسمعیل) چاہتے ہین کہ ایک باقاعدہ گورنمنٹ ہمارے ملک مین قائم کیجاے اور ایک مجلس نائبان سلطنت کی مقرر کیجاے اور وزرا نظم و نسق امور مملکت کے ذمہ دار قرار دیے جائین۔ اور یہ بھی اُنکو لکھا جاے کہ جوڈیشل یعنی عدالتون کے انتظام مین بھی ہم اصلاحین کرنا چاہتے ہین کیونکہ نیوبر پاشا کو یہی اصلاحون کا ہمیشہ خبط رہا ہے۔ خیر نیوبر پاشا خدا خدا

کرکے داخل ہوے اور خدیو کے نیک ارادون کی تائید کرنے کو مستعد ہو گئے - مگر ہے ہے ستم یہ ہوا کہ صرف کاغذ پر لکھی ہوئی سلطنت باقاعدہ کو انھون نے نہین منظور کیا بلکہ اصلی اور واقعی اصلاحات کے خواہان ہوے اور اصلاحات بھی ایسے جو بادی النظر مین تو معتدل مگر خدیو کی مطلق العنانی کے قاتل - اس سے بدتر یہ تھا کہ نیوبر پاشا نے اصرار کرنا شروع کیا کہ جو اراضیات ضبطی کے ذریعہ سے یا اور کسی طور سے خدیو اور اُسکے اہل خاندان کے قبضہ مین آگئی ہین اور جنکی مقدار تقریباً دس لاکھ ایکڑ ہے وہ مالکان سابق کو واپس کیجائین پہلے تو یہ امر اسمعیل کو بہت شاق معلوم ہوا کہ میری مطلق العنانی مقید و محدود ہو جائیگی اور میرے محبوب تعلقے بھی مجھسے چھین جائینگے اور میری اولاد سے ترکہ پدری چھین لیا جائیگا - واللہ یہ کبھی نہ ہوگا - مین اپنی جان اپنے بچون پر فدا کرونگا اور اُن معصومون کو تباہ و برباد نہ ہونے دونگا اور اگر کوئی بیرحم میرے بچون کو لوٹنا چاہے گا تو مین اُن دستاویزون کو استنبول مین بھیجکر شیخ الاسلام کے سپرد کر دونگا - جب یہ خبر وحشت اثر نیوبر پاشا کو پہونچی تو اسنے کانون پر ہاتھ رکھ لیے اور مخبر سے کہنے لگا کہ للہ اب ایسی باتین مجھسے نہ بیان کیجیے انکو سنکر میری روح کو صدمہ ہوتا ہے - اس صدمہ قلبی کی وجہ سنیے کہ اسمعیل نے جن اراضیات کو رعایا سے چھین چھین کر اپنے قبضہ مین کر لیا تھا اُنکا تحفظ قانونی کرنے کی غرض سے ایک ایسا فرمان جاری کیا تھا جسکے بموجب باضابطہ رجسٹری شدہ دست آویزون کے جواز مین کچھ قیل و قال کا مقام نہ باقی رہا تھا - اس فرمان کو شیخ الاسلام خلاف شرع شریف کہکر باطل کر دیتے - اسمعیل نے کچھ غصہ ہوکر اور کچھ خوف زدہ ہوکر نیوبر پاشا سے پوچھا کہ کیا تمھاری مراد یہ ہے کہ حضرت سلطان المعظم شیخ الاسلام سے فتوے لیکر مجھکو ملحد و مرتد بنا دینگے - نیوبر نے عرض کیا "یہ تو حضور نے خود فرمایا ہے" وہ یہ کہکر وہ تو سامنے سے ہٹ گیا مگر خدیو کو گویا دن کو تارے

دکھائی دینے لگے اور تنخواہون کی ڈرونی صورتین دور سے نظر آنے لگین آخر ایسا مجبور وناچار ہوگیا کہ جن تعلقون کو مال دنیا مین سب چیزون سے زیادہ عزیز رکھتا تھا بلکہ توشۂ آخرت مین بھی شاید انکو شریک جانتا تھا اُنسے فوراً دست بردار ہوگیا اور اپنے بچون کے تباہ وبرباد ہوجانے پر بھی راضی ہوگیا - اب بحث طلب صرف یہ امر باقی رہا کہ خود اُسکو اور اُسکے معصوم بچون کو اُسکا معاوضہ کیا ملیگا - غرض - بڑی ٹھائین ٹھائین کے بعد حکام سول سروس کی تنخواہ تین لاکھ ساٹھ ہزار پونڈ قرار پائی اور نیوبر پاشا اور مسٹر روس ولسن اور ایم ڈی بلینیرس نے چندمدت تک مصر پر حکمرانی کی اور خدیو نے باقاعدہ سلطنت کے بادشاہ کا کردار اختیار کرنا چاہا جسکا وہ عادی نہ تھا -

پہلے تو اسمعیل پاشا بہت خوش ہوا کہ ہر وقت جو عزرائیل کا سامنا رہتا تھا خیر اُس سے تو پیچھا چھوٹا لیکن چند مدت مین وہ ملک الموت کے وجود ہی کو فراموش کرگیا اور یہ امر اسکو کمال ناگوار گذرا کہ یہ تین وزیر میری خودسری اور مطلق العنانی مین ہمیشہ کیون حارج رہتے ہین - پس اس بار سے سبکدوش ہونے کی تدبیر اُسنے یہ کی کہ فوج سے دھمکی دلوائی - چونکہ وزرا انگلستان اور وزرا فرانس نے مسٹر روس ولسن اور ایم ڈی بلینیرس کی برطرفی کی شکایت اُسوقت نہین کی لہذا معلوم ہوتا تھا کہ گویا غیر ملک والون کی دست اندازی کا طوفان جو طغیانی پر تھا اور بڑھتا ہی چلا آتا تھا اب رُک گیا ہے اور اسمعیل نے یہ سامان کیا کہ غیر ملک والون کا قرضہ کچھ تو ادا ہوجاے تاکہ اس طوفان سے جان بچے - اس غرض سے اُسنے قرضہ ادا کرنے کی ایک نئی تدبیر کو بالا علان بیان کیا اور اپنے اہل خاندان سے کہا کہ اس تدبیر مین میری اعانت کرو جس سے تمھارے ملک کا فائدہ مقصود ہے اور اپنے جواہرات کو اپنی قوم کی آزادی اور خودسری پر نثار کرو - مگر افسوس ہے کہ جب اُسکی فتحیابی کی ساعت آئی اُسیوقت اُسنے اپنی شکست کی فکر آپ ہی کرلی اُسنے جرمنی کے سفیر کو سہواً کچھ بُرا بھلا کہا اور یہ خبر

وزراء جرمنی کو برلن مین پہونچی۔ مگر انھون نے اس فعل سے کچھ تعرض نہین کیا جسکی
خبر انکو غیر سرکاری طور سے پہونچی تھی البتہ یہ انکے خیال مین جمگیا کہ خدیو کی کچھ
گوشمالی ضمناً کرنی ضرور ہے لہذا انھون نے خدیو کو بالاعلان اطلاع دی کہ آپ نے
جو ایک نئی تدبیر قرضہ ادا کرنے کی نکال کر اسکے اجرا کا حکم صادر کیا ہے اس حکم کو
شہنشاہ جرمنی کی گورنمنٹ نہین تسلیم کرتی۔ جرمنی کی یہ دست اندازی گورنمنٹ انگلستان
اور گورنمنٹ فرانس کے اشتعال طبع کا باعث ہوئی اور سلطان روم کو یہ اجازت ملگئی
کہ اپنے مطیع صوبہ دار (اسمعیل) کو معزول کر دین۔ خیر۔ اسمعیل تو مظلومون کی صورت
بنا کر اور وہی بیش قیمت جواہرات جو اُسنے اپنی قوم کی آزادی اور خودسری پر نثار
کرنے کے لیے تجویز کیے تھے بقچے مین باندھکر نکل گیا اور اب **توفیق** پاشا ریاض
پاشا اور **نظار** انگریز و فرانسیس کو ہمراہ لیکر داخل ہوا۔

اب ہم اسمعیل کے عہد حکومت پر من حیث المجموع نظر کر کے یہ بیان کرتے ہین
کہ اُسکو فلاحین کی حالت ماضیہ اور حالت موجودہ سے کیا تعلق رہا۔

اگر اُن سرکاری نقشجات پر حصر کیا جاے جنمین پیداوار اراضی کی کیفیت لکھی
ہوتی ہے اور جنکو اکثر لوگ یہ سمجھتے ہین کہ انمین وہ سب مادہ موجود ہے جو کسی ملک
کی سرسبزی اور آبادی کو صحت کے ساتھ دریافت کرنے کے لیے درکار ہے تو ہمارے نزدیک
اسمعیل کی حکومت اچھی تھی۔ کیونکہ ان نقشجات سے تو یہی ثابت ہوتا ہے کہ اُسکے عہد مین
پیداوار اراضی مین بہت کچھ اور برابر افزونی ہوئی۔ سعید پاشا کے عہد کے آخر سال مین
یعنی سنہ ۱۸۶۲ء مین جو اشیا بیرونجات مین بھیجی گئی تخمین اُنکی قیمت یا مالیت ساڑھے بیالیس لاکھ
پونڈ سے بھی کم تھی مگر سنہ ۱۸۷۹ء مین اُنکی مالیت ایک کرور اڑتالیس لاکھ پونڈ تک پہونچ گئی۔
سنہ ۱۸۷۹ء کے بعد اسمین کچھ کمی ہوئی اور اب تک کمی ہوتی جاتی ہے گرچہ حساب سرکاری
نقشون مین لکھا ہے اُس سے تو کچھ خدشہ کا مقام نہین معلوم ہوتا ہے۔ اگر دفتر

محصول کے نقشجات کی نسبت یہ گمان ہوسکتا کہ انمین وہ جملہ امور ضروری درج ہین جو اس مصر کے مسئلہ مین تحقیق طلب ہین تو ہمکو یہ امر ضرور تسلیم کرنا پڑتا کہ اسمٰعیل نے جو عظیم الشان تدبیرین اصلاح ملک کے لیے کی تھین انمین اسکو نمایان کامیابی حاصل ہوئی۔ مگر افسوس کی بات ہے کہ ان نقشجات مین بعض امور ضروری کا ذکر اصلا نہین ہے اوّلاً تو یہ ملاحظہ کیجیے کہ چند سال تک کچھ مذبذب ترقی تو ہوئی مگر سرکاری قرضہ کا کیسا بار عظیم ہوگیا۔ اور جب یہ قرضہ بڑھ گیا تو ٹیکس کو بھی خواہ مخواہ بڑھانا پڑا اور ٹیکس وصول کرنے کا طریقہ ایسا بیقاعدہ اور خودرایانہ تھا جس سے ٹیکس کا بار اور زیادہ سنگین ہوگیا تھا۔ ثانیاً ہزارہا کسانون کی زمینین چھین چھین کر خدیو نے انمین روئی اور گنے کی کاشت کرائی اور ان بیچارون سے ایسی مشقت شاقہ لی کہ وہ تباہ و برباد ہوگئے۔ ثالثاً اسمٰعیل کو اپنے فوائد ذاتی اور خاندانی کا خیال زیادہ تھا اور رعایا کے فائدہ کا کچھ بھی خیال نہ تھا اور اسکے عہد مین جو نہرین اور ریلین اور دیگر کارہاے رفاہ عام جاری ہوے تو اس غرض سے جاری ہوے کہ خدیو کے خاندان کا بھلا ہو اور اسکے ذاتی علاقہ جات مین ترقی ہو مگر زمیندارون کو جن امور کی ضرورت تھی انپر مطلق توجہ و اعتنا نہین کی گئی۔ اس حماقت آمیز حکمت عملی کے نتائج عملی باب آیندہ مین بیان کیے جائینگے۔ رابعاً پیداوار مین جو افزونی ہوئی تو جائز طریقہ سے نہین ہوئی یعنی رقبہ کاشت مین توسیع اور انتظام زراعت مین ترقی جائز طور سے نہین کی گئی بلکہ اسمین ناجائز طور سے افزونی کی گئی یعنی چند سنگین فصلون کے خاطر اراضی کی قوت پیداوار کو غارت کر دیا مصر مین سب سے زیادہ نفع روئی کی کاشت مین ہے مگر ساتھی اسکے یہ بھی ہے کہ روئی کی فصل زمین کی قوت کو بہت زائل کر دیتی ہے اور علاوہ جب روپیہ کی تاکید شدید ہوئی تو انھون نے آنکھین بند کرکے ہزارہا من روئی بو کر کاٹ لی اور اس امر کا مطلق خیال نہ کیا کہ بے انتہا روئی بونے سے زمین کی قوت پیداوار چند ہی سال کی مدت مین بالکل تشریف لیجائیگی۔ خاصکر جب بے انتہا روئی بونے سے بھی کسانون کو

اتنا روپیہ نہ ملا جتنا اُنکو ٹیکس ادا کرنے اور دیگر مقاصد کے لیے درکار تھا اور جب اہل یورپ کے آنے اور یورپ کا آئین جاری کرنے کی وجہ سے اراضی کی ضمانت پر اور دستاویزات کی ضمانتون پر روپیہ بآسانی تمام قرض ملنے لگا تو کسان رفتہ رفتہ ایسے مقروض ہوگئے کہ اب اُنکو خدا ہی اس آفت سے نکالے تو نکلین ورنہ اکثر کسانون کا قرضہ ادا ہونے کی امید نہین ہے۔ سا اسمعیل کی بے قاعدہ ظلم ستانی سے رعایا کو شدید ضرر جسمانی پہونچتا تھا خصوصاً فلاحین کے پانون کے تلوے ایسے زخمی ہوجاتے تھے جسکی حد پایان شمار کرنے سے نہین معلوم ہوسکتی۔ مگر مین اس مقدمہ مین زیادہ طول نہ دونگا باین خیال کہ مبادا وہ اہل حکمت جو اپنی فلسفیت کے زیادہ پابند ہین اس الم جسمانی کے بیان کو خارج از بحث سمجھکر محض وہمیات کے دائرہ مین داخل کرین۔

پس معلوم ہوا کہ اسمعیل نے جو شان دار آزمایشین کین اگرچہ وہ اس اعتبار سے تو اچھی معلوم ہوتی ہین کہ اُنھین کی بدولت بیرونجات مین غلہ وغیرہ ہرسال بکثرت بھیجا گیا تاہم اُنسے نہایت مضر نتائج کاشتکارون کے حق مین پیدا ہوے اور مصر کی سرسبزی آیندہ کے لیئے سم قاتل ہوگئین۔ جسوقت اسمعیل مصر سے چلا گیا اُسوقت اُس ملک کی یہ کیفیت تھی کہ اُسکا بال بال غیر ملک کے لوگون کا مقروض تھا حالانکہ فی الحقیقت وہ ایک زراعتی ملک ہے یعنے وہان کے لوگون کا دار و مدار زراعت پر ہے تاہم ہزارہا کسانون سے اُنکی زمین چھین لیگئی اور وہ تباہ و برباد ہوگئے اور جو باقی رہگئے وہ بھی روز بروز زیادہ مقروض ہوتے گئے اور زمین کی قوت پیداوار کے زائل ہونے کے آثار نمودار ہوے۔ بھلا مصر کی اس بُری حالت کو دیکھکر اُن لوگون کے دل کو خاک تسکین ہوگی جو اس ملک کی خیر منایا کرتے ہین۔ ص ۳۳

خدیو سابق توفیق پاشا کے عہد مین جو حالت کسانون کی ہے اُسکو تو مین سابق شذرۂ پیوستہ مین بیان کرچکا ہون پس اُسمین زیادہ طول دینا بیکار ہے۔ جب توفیق پاشا

مسند حکومت پر بیٹھا اُسکے تھوڑے ہی عرصہ کے بعد کمیشن اول سے قرضہ مقرر کی گئی
اور اُسنے مصر کے خزانہ کی حالت کو خوب جانچا اور اسکو دوالیہ کی جایداد سمجھکر اپنے گمان
مین بہت منصفانہ فیصلہ کیا کہ سرکاری قرضہ کے سود کی شرح کو کم کر دیا۔ جب اس انتظام سے
مصر کی گورنمنٹ کو بالی دقتون سے نجات ملگئی اور اسمعیل پاشا جو بڑا مسرف اور خراج تھا
معزول کیا گیا اور اُسکی جگہ پر ایک کفایت شعار آدمی مسند حکومت پر بٹھایا گیا اور اُسکے
مالی انتظامات کی نگرانی کی عمدہ تدبیر کی گئی تو پیشتر جو یہ قاعدہ تھا کہ بیچارے فلاحین سے
ایک ایک کوڑی نچوڑ لیتے تھے اب وہ قاعدہ جاتا رہا ہے اور اب یہ دیکھا جاتا ہے کہ
ہر کسان کی کتنی زمین اور کتنے درختہائے خرما اور کتنی بھیڑین ہین یا کتنا غلہ اُسکے
کھیتون مین پیدا ہوتا ہے یا وہ کیا پیشہ کرتا ہے اور اُسکی جایداد اور حیثیت کے موافق
ٹیکس کی تعداد ٹھیک ٹھیک اور با احتیاط تمام مقرر کیجاتی ہے اور جو کسان محض مزدور
ہوتا ہے اور کچھ اپنی ذاتی زمین نہین رکھتا ہے وہ ٹیکس سے بالکل بری کر دیا جاتا ہے۔
اب تحصیل مالگذاری کا طریقہ ایسا عمدہ ہے کہ ہر کسان جانتا ہے کہ اُسکو کیا کس تاریخ
دینا پڑیگا اور اقساط بھی جانچکر مقرر کی گئی ہین کہ اسی فصل مین قسط واجب الادا ہوتی ہے
جس فصل مین کسان کو لازم ہے کہ جو کچھ اُسکے کھیتون مین پیدا ہوا ہے اُسکو بیچکر کچھ نقد روپیہ
اپنے پاس مستعد رکھے۔ اس انتظام سے جو عمدہ نتائج پیدا ہوے ہین اُنکا ثبوت یہ ہے کہ اب
یہ نہین سننے مین آتا کہ کسان اراضی کو چھوڑ دیتے ہین اور کچھ معاوضہ نہین طلب کرتے
اور عمدہ اقسام اراضی کی قیمت بہت زیادہ ہو گئی ہے۔ چنانچہ بعض دیہات مین جو مین گیا
تو لوگون نے مجھسے کہا کہ اکثر اراضی کی قیمت سہ چند بلکہ چہار چند ہو گئی ہے اور میرے
نزدیک کچھ انہین دیہات کی تخصیص نہین ہے اور دیہات مین بھی ایسا ہی ہوا ہوگا۔
پس مصر کے کسانون کی حالت مین من حیث المجموع بہت ترقی ہوئی ہے اور اب
حکام صدر اور ٹیکس وصول کرنے والے اہل کار اُنسے ظالمانہ زیادہ ستانی نہین کر سکتے اور اب

خدیو کے علاقون مین انکو باندھا اور نہرین اور ریلین مفت اور بلا اجرت نہین بنا ئی
پڑتین ۔ میرا یہ غرض نہین ہے کہ قدیم خرابیان بالکل رفع ہو گئی ہین بلکہ مین چاہتا ہون
کہ ابھی وہ باقی ہین مگر انکی مقدار مین بہت کمی ہو گئی ہے اور اب وہ علی العموم نہین
پائی جاتین بلکہ کہین کہین شاذ و نادر پائی جاتی ہین لیکن اب تک کسانون کو بہت کسی
واقعی شکایتین باقی ہین جنکا ذکر انتظام نہری اور بیگار کام کے ضمن مین سابق مین
ہو چکا ہے اور بہت سارا کسان جنکی ملکیتین ٹیکس کی شدت یا اسمٰعیل پاشا کے ظلم و جبر سے
چھن گئی تھین انکی حق تلفی کی مکافات اب تک کچھ نہین ہوئی ہے اور نہ انکی حالت
مین کچھ ترقی ہوئی ہے۔

ان کمبخت کسانون کی ابھی بہت کثرت ہے اور یہ زمیندارون اور درمیانی
آدمیون کے بس مین ہین جنکی تعداد مین اسوجہ سے زیادتی ہوتی جاتی ہے کہ جن
کسانون نے مہاجنون سے روپیہ قرض لے کر اپنی جایدادون کو بچایا تھا وہ بھی
اب انہین شریک ہوتے جاتے ہین اور جن کسانون پاس اب تک کچھ زمین باقی ہے
وہ بہت مقروض ہین اور بہتون سے قرضہ ادا ہونے کی امید نہین ہے ۔ اب سودخوار
مہاجن وہ کام کرتا ہے جو خدیو سابق کے عہد مین ٹیکس وصول کرنے والا کرتا تھا
یعنی رعایا کو پیسے ڈالتا ہے۔

لیکن وہ عالیشان خدیوی علاقے کیا ہوئے جنکی مالگذاری اور انتظام غیر ملک
کے رہنے والے قرضخواہون کو تفویض کرنا تجویز ہوا تھا ۔ کیا مصر کی زمین کا وہ حصہ جو
باقیماندہ چار خمس قربان کیے گئے فی الواقع اسقدر سرسبز ہو گیا ہے کہ جو نقصانات اسکی
وجہ سے ہوئے وہ بیجا نہین ہوئے ۔ سابق مین مین نے وعدہ کیا تھا کہ کچھ کیفیت اسکی
بیان کرونگا لہذا اب مین اپنے وعدہ کو وفا کرنا چاہتا ہون فقط۔

# باب دہم
## خدیو کی وسیع زمینداری
### یعنے
## دائرہ سنیہ اور علاقجات خاندانی کے بیان

جس کتاب مین مصر کے انتظام رہی کی کیفیت لکھنی منظور ہو وہ ناتمام رہیگی تا وقتیکہ کچھ حال اُن وسیع علاقجات کا نہ بیان کیا جاے جنمین ایک خمس اراضی قابل الزراعت شامل ہے جیسا سابق مین عرض کیا گیا ۔ قطع نظر اور امور کے صرف ایک یہی امر اس باب کے ضروری ہونے کو کافی ہے لیکن ایک اور وجہ بھی ہے جس سے مینے دائرہ سنیہ اور علاقجات خاندانی کے انتظامات کے بیان مین ذرا طول دیا ہے ہمنے مصر کے انتظامات کو درست کرنے کا کام جو فی الواقع ایک کار عظیم ہے اپنے ذمہ لے لیا ہے اور درحقیقت ہمارا منشا یہ ہے کہ اہلکاران سلطنت حتی الامکان باشندگان مصر کے زمرہ سے مقرر کیے جائین اور غیر ملک کے لوگ صرف اُن عہدون پر مقرر کیے جائین جنکا کام ہدایت اور نگرانی کرنا ہے اور جنکے لیے لایق آدمی اس ملک کے باشندون مین اب تک نہین میسر آئے ہین میری دانست مین یہ امر ہم لوگون کے فائدہ سے خالی نہین ہے کہ ہم مصر کے اُن وسیع اعظم انتظامون کو نظر توجہ سے دیکھین جو چند سال کے عرصہ سے اہل یورپ کے زیر نگرانی عمل مین رہے ہین کیونکہ شاید اُنکو نظر غور دیکھنے سے کچھ ایسے نتائج عملی نکل آئین جنکا کاربند ہونا ہمکو آیندہ لازم ہو ۔

ابواب سابقہ مین مین نے اس خود غرضانہ حکمت عملی اور اُن حالات مخصوصہ کا ذکر اکثر مقامات پر کیا ہے جنکے باعث سے ایک مقدار کثیر اراضی کی خدیو معزول اور اُسکے خاندان کے

ملک مین داخل ہوگئی جب اسمعیل پاشا کے باپ ابراہیم پاشا نے وفات کی اسوقت
اسمعیل کے پاس صرف پندرہ ہزار ایکڑ زمین تھی اس زمانہ مین منجملہ اور امرا کے ایک اس
امر کی اسکو آرزو تھی کہ جہانتک اور جسقدر اراضی ممکن ہو لے لیجیے جبتک وہ خدیو کے خاندان
کا صرف ایک شہزادہ رہا اور مسند خدیوی پر بیٹھنے کی امید اسکو نہین ہوئی اسوقت تک تو زمین
اسکو کم میسر آئی کیونکہ اسکے پاس روپیہ کہان تھا کہ زمین خریدتا اور اسوقت تک اسکو اتنا اقتدار
ملکی نہ حاصل ہوا تھا کہ بے روپیہ کے زمین حاصل کر لیتا لیکن جب ۱۸۶۳ء مین وہ دفعۃً خدیو
ہوگیا تو اسکو بہت سے موقعے زمین کی ہوس بجھانے کے ملے جو اسکو ہمیشہ دامنگیر رہی تھی
اور جس سے اسکی کسیطرح سیری نہوئی تھی مرحوم عباس پاشا اور سعید پاشا کے جنہون نے
اپنی ذاتی اغراض اور ملک کی اغراض مین [illegible] اسمعیل پاشا کی نیت مین یہ آیا کہ
مہمات زراعت اور معاملات تجارت مین دخل کیا جاوے صاف صاف یون کہیے کہ کمپنی
اور بنیا بن کے ایک عظیم الشان جائداد ذاتی پیدا کرے اور اس مقصد کے حاصل کرنے مین
اسنے اپنے ملک کے روپیہ اور اپنے اقتدار ملکی کو بے احتیاطی سے صرف کیا۔ ایک صاحب نے
جنہین اسمعیل کی طبیعت کو بنظر غور دیکھنے کے اکثر مواقع حاصل ہوے تھے لکھے بیان کیا
ہے کہ اسکو ہمیشہ یہی خیال رہتا تھا کہ کسیطرح قارون کے برابر مالدار ہو جاؤن اور رہون
ملک گیری و فواید ذاتی اسکو چندان نہ تھی خیر اسکی نیت جو کچھ ہو سو ہو مگر یہ امر یقینی ہے
کہ پندرہ برس کی مدت مین تقریباً نو لاکھ پچاس ہزار ایکڑ اول درجہ کی زمین اسنے کم قیمت
یا مفت زمین سے حاصل کر لی اس عظیم الشان ملکیت اراضی مین اکثر علاقے شامل تھے جنمین سے
بعض کی وسعت ہزار ایکڑ سے کم اور بعض کی گنجایش لاکھ ایکڑ سے زیادہ تھی اور جو سارے ملک مین
جابجا پھیلے ہوے تھے بغیر باستثنا حصہ جنوبی وادی نیل کے ان علاقون کا سلسلہ برابر اسنا
سے اسیوط تک برابر چلا گیا تھا اور ان دونون شہرون کے مابین ان سے ایک ہیئت
مجموعی حاصل کر لی تھی جسکا رقبہ ایک وسیع صوبہ کے برابر تھا۔ جب کوئی اجنبی آدمی القاہرہ

مین وارد ہو اور یہ دریافت کرنا چاہے کہ جو اراضیات کاشتکارون سے چھین لی گئی ہین انکی کیا وسعت ہے اور انمین کتنا روپیہ صرف ہوا ہے تو وہ نقشہ جات سرکاری پر بھروسا نکرے بلکہ دس پندرہ گھنٹہ کے سفر کی زحمت گوارا کرے اور مصر شمالی کی ریل پر سوار ہو کر علاقہ جات خدیوی کو بچشم خود دیکھ آئے کیونکہ یہ ریل انکے اندر ہو کر گذرتی ہے اور در اصل انھین کے فائدہ کے لیے جاری کی گئی تھی۔ اسکی منتہا تک بیٹھے دو سو میل کے فاصلہ تک تو مسافر ایک ایکڑ زمین بھی کسیکی ملکیت ذاتی نہ دیکھیگا بلکہ نہایت وسیع خدیوی علاقے دیکھیگا جنمین گنّے کی کاشت ہوتی ہے اور جنمین نہایت درجہ کے اسراف اور فضول خرچی کے آثار نمایان ہین۔ اس ریل کے گیارہ بڑے اسٹیشن ہین انمین سے ہر اسٹیشن پر مسافر ایک عالیشان شکر کا کارخانہ دیکھیگا جنکی تعمیر مین ڈیڑھ لاکھ سے دو لاکھ پونڈ تک خرچ ہوا ہے۔ چونکہ ان کارخانون کے نقشے بناتے وقت یہ امر خوب غور سے نہین تشخیص کیا گیا تھا کہ اس ضلع مین کس قدر گنّا پیدا ہونے کی امید واجبی ہو سکتی ہے لہذا جتنے کارخانے اس قسم کے درکار تھے انسے زیادہ بنگئے اور کلون مین خالی پڑے پڑے زنگ لگ گیا اور خراب ہو گئی ہین ایسے ہر ایک مکان کے متصل ایک زراعتی ریل کا اسٹیشن ہے اور یہ ریل سانپ کی طرح لہراتی ہوئی سارے علاقہ مین چلی گئی ہے اور اسکے ذخیرہ مین پانچ چھ انجن اور دو تین سو گاڑیان ہین۔ کل وسعت اس زراعتی ریل کی جو گیارہ علاقون مین جاری ہے تقریباً تین سو میل ہے اور اسکے لیے جو سامان غیر ملکون سے منگوایا گیا تھا اُسکا خرچہ دس لاکھ پونڈ بیان کیا گیا ہے۔ ان کارخانون اور ریلون اور آلات زراعت کو بالمجموع دیکھیے تو بتیس لاکھ پونڈ سے بہت زیادہ انمین صرف ہوا ہوگا۔ بعض معتبر اشخاص نے اسکا دو چند بیان کیا ہے مگر اس رقم کثیر کو بھی یہ ہرگز نہ سمجھیے گا کہ بس اتنا ہی صرف ہوا ہوگا کیونکہ ہزارہا کسانون کو جو ان کارخانونمین بیگار کام کرنا پڑا تھا وہ اسمین داخل نہین ہے حالانکہ اسکو بھی ایک امر عظیم سمجھنا چاہیے۔ اسکی عظمت کے ثبوت مین مین یہ واقعہ بیان کرتا ہون کہ چونکہ یہ منظور تھا کہ گنّے کی کھیت

سیلاب سے محفوظ رہین اور اُنکو پانی بھی برابر پہونچتا رہے لہذا منجملہ اور چیزون کے ایک بلند باندھ بنوانا پڑا تھا جو طولاً سو میل سے زیادہ ہے اور ایک بڑی عمیق نہر بھی کھُدوائی گئی تھی جو اُس باندھ سے بھی زیادہ طویل و عریض ہے - اب ملاحظہ کیجیے کہ یہ سب علاقے من حیث المجموع تقریباً صرف ایک ربع اُس اراضی کا ہے جو پیشتر اسمعیل پاشا کے قبضہ مین تھی لیکن البتہ یہ ضرور ہے کہ جتنا روپیہ اِن علاقون مین صرف ہوا تھا اُسکے ایک ربع سے بہت زیادہ کی جایداد اب تک موجود ہے کیونکہ منجملہ اٹھارہ شکر کے کارخانون کے جو اسمعیل نے بنوائے تھے گیارہ کارخانے اِن علاقون مین ہین اور اُنمین سے چند ہی علاقون مین غیر سرکاری ریلین ہین - دوآبہ مین جو علاقے ہین اُنمین سے دس بارہ علاقون مین روئی کو صاف کرنے اور اُسکے گٹھے باندھنے کے کارخانے ہین مگر شکر کے کارخانون کی بہ نسبت اُنمین بہت کم صرف پڑتا ہے -

یہ کہنا تو درست نہین ہے کہ کسی وقت خاص مین یہ کُل اراضی اسمعیل کے قبضہ مین ہمیشہ تھی کیونکہ اُسکا قاعدہ تھا کہ اراضی خریدتا یا چھینتا جاتا تھا اور اپنے اہل خاندان پر اُسکو تقسیم کرتا جاتا تھا علی الخصوص جو علاقے دوآبہ مین تھے انکو اُسنے اپنے خویش و اقربا پر بالکل تقسیم کر دیا تھا - اِن علاقجات خدیوی کا نام دائرہ سنیہ ہے اور اُنکے گرد و پیش چھوٹے چھوٹے دائرے پیدا ہوتے جاتے تھے جنکی تعداد پہلے تو خدیو کی ازواج اور اولاد کی تعداد کے برابر تھی اور جنمین سے ایک دوسرے کا محتاج نہ تھا مگر بعد ازان ان سب کو یکجا کرکے اُنکا نام علاقجات خاندانی رکھ لیا گیا - ان دونون قسم کے علاقون کا احوال تو کسیقدر مختلف ہے مگر انکا انجام ایک ہی ہوا - چونکہ اراضیات مشمولہ دائرہ سنیہ خدیو کی ذاتی جایداد مین داخل تھین لہذا خدیو نے انکو پیشتر ہی رہن رکھکر روپیہ قرض لیا تھا اور انکا انتظام بھی رفتہ رفتہ اُن مالی دقتون مین بگڑ گیا تھا جو خدیو نے اپنی خرابی اور اپنی گورمنٹ کی بربادی کے لیے پیدا کی تھین ایک وقت مین تو دائرہ سنیہ کا قرضہ جسکی تعداد ۹۸۱ لاکھ

وا ہزار پونڈ تھے سرکاری قرضہ مین شامل کرلیا گیا تھا لیکن بموجب اس انتظام کے جو گوشین صاحب اور جوبرٹ صاحب نے قرار دیا تھا دائرہ سنیہ کا قرضہ سرکاری قرضہ سے علیحدہ ہو کر ایک خاص مد مین قرار دیا گیا اور ایک شرط خاص سے دو غیر آدمی ناظر مقرر کیے گئے یعنے ایک انگریز اور ایک فرانسیسی - ان نظار کا یہ کام تھا کہ حسابات کو جانچا کرتے تھے اور یہ دیکھتے رہتے تھے کہ دائرہ کی آمدنی مرتہنون یا قرضخواہون کو برابر دے دیجاتی ہے - مگر برخلاف دائرہ سنیہ کے علاقجات خاندانی چونکہ خدیو نے اپنے خویش واقارب پر تقسیم کردیے تھے اور خزانہ عامرہ سے کچھ تعلق نہ رکھتے تھے لہذا گورنمنٹ کی مالی دقتون کا اثر انپر مدت تک نہین پہونچا مگر جب ۱۸۷۸ء مین مصر کی مالی اور ملکی حالت از حد ابتر ہوگئی اور اسکی تحقیقات کے لیے ایک کمیشن مقرر ہوئی تو اس کمیشن نے یہ سفارش کی کہ جتنی جایدادین خدیو کے خاندان کی ہین وہ سب سرکار کو دے دی جائین - اس سفارش سے اسمعیل بہت ناراض ہوا - اور اس بات پر آمادہ تھا بلکہ یہ تجویز بھی پیش کرچکا تھا کہ دائرہ سنیہ کی اراضیات مرہونہ اور نیز ایک جزو علاقجات خاندانی کا (۶۲۷،۲۴۴ - ایکڑ) سرکار کو دیدیا جائے لیکن کمیشن کورٹ نے جو قسم کی تجویز قرار دی تھی اسپر اسنے یہ اعتراض کیا کہ اس سے حقوق ملکیت مین مداخلت بیجا لازم آتی ہے اور اسنے حکمنامہ پر مدت تک ہرگز ہرگز دستخط نہ کیے لیکن جب اسکو یہ خوف ہوا کہ اگر اس مقدمہ مین زیادہ ضد اور کد کرونگا تو معزول کردیا جاؤنگا تب اسنے جبراً و قہراً اسکو منظور کرلیا آخرالامر کل اراضیات جو علاقجات خاندانی مین شامل تھین اور جو وسعت مین تقریباً دائرہ سنیہ کے برابر تھین ایک نئے قرضہ کے معاوضہ مین رہن رکھی گئین اور انکا انتظام ایک مشترک کمیشن کے سپرد کیا گیا جسمین ایک مصری - ایک انگریز اور ایک فرانسیسی ممبر تھا -

پس اسطور سے کل وہ اراضیات جنکو اسمعیل نے وراثتاً پایا یا خود خریدا تھا

یا چھین لیا تھا قانوناً مال سرکار ہوگیا مگر حقیقتہً وہ اراضیات اجنبی قرضخواہون کی دو جماعتون کے ہاتھ لگین - ایک وہ جماعت جو دائرہ سنیہ کے ذخیرہ پر اور ایک وہ گروہ جو علاقجات خاندانی کے ذخیرہ پر قابض تھا ان دونون کے انتظام مین ایک انگریز اور ایک فرانسیسی منجانب قرضخواہان شریک تھا مگر ان غیر ملک والون کی نگرانی کی صورت پہلے کسیقدر مختلف رہی - یعنے اراضیات شمولہ دائرہ کا انتظام تو مصری اہل کار بدستور کرتے رہے اور وہ دونون غیر ملک والے جو قرضخواہون کی جانب سے ناظر مقرر ہوے تھے صرف انکی نگرانی کرتے تھے اور حساب کتاب جانچ لیتے تھے مگر کوئی عاملانہ اختیار نہ رکھتے تھے لیکن علاقجات خاندانی کے انتظام مین ان دونون ناظرون نے ایک مصری کو اپنا شریک کرکے ایک اعلی درجہ کی انتظامی کمیٹی قائم کرلی تھی جو عاملانہ اختیار رکھتی تھی - یہ تفاوت جو دائرہ سنیہ و علاقجات خاندانی کے انتظام مین تھا ۱۸۸۰ء مین جب قرضہ ادا کیا گیا اسوقت جاتا رہا - اور دائرہ کا انتظام حقیقتہً (گو صورت کے اعتبار سے نہ سہی) علاقجات خاندانی کے انتظام کے مانند کرلیا گیا اور اسوقت سے دائرہ کے نظار اغیار اسکا انتظامی کام بھی کرنے لگے - شاید یہ طول کلام ناظرین کو ناگوار گذرے اور بیفائدہ معلوم ہو مگر اسکی ضرورت ابھی ابھی معلوم ہوئی جاتی ہے -

مین نے دوبارا جو اپنے دل مین غور کیا تو ابھی ابھی کا لفظ معنی حقیقی مین استعمال کرنا مجھکو مناسب معلوم ہوا ورنہ شاید ناظرین مین کوئی صاحب ایسے شکی ہون اور اہل تصنیف کی دغل فصل سے ایسے نالان ہون کہ میری نسبت بھی یہ گمان کرین کہ مین جھوٹ موٹ کے وعدے کرکے انکو دھوکا دینا چاہتا ہون اور مین نے مفید واقعات کے علم کی معجون تو انکو بہت سی کھلادی ہے مگر اس معجون کی وہ تاثیر نہین ہے جسکو مین نے کچھ گول گول سا بیان کردیا ہے - لہذا اپنی نسبت اس بدگمانی کو دفع

کرنے کے لیے اور شکی آدمیون کو قائل کرنے کے واسطے مین اپنی معجون کی تاثیر بتائے
دیتا ہون **دائرہ سنیہ در علاقجات خاندانی** کے انتظام کی جو کیفیت بیان کی گئی اگرچہ
وہ خشک اور بے حلاوت ہے تاہم مفید ہے کیونکہ اُس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ مصر کے
معاملات مین اہل یورپ کی دست اندازی روز بروز زیادہ ہوتی جاتی تھی - جب
دائرہ سنیہ کے انتظام کی نگرانی کے لیے چند اہل یورپ پہلے پہل مقرر ہوے اُسوقت بعض
حضرات نے یہ دعوی بے دلیل کیا تھا کہ ایک بیدار مغز یورپین ناظر کی جہت نگرانی ویسا ہی
موثر ذریعہ ضعیف ونحیف اور خستہ حال مشرقی ریاستون مین خوش انتظامی کا ہے جیسا
ہندوستانی ریاستون مین **ریزیڈنٹ** کا دست زبردست بدانتظامی کو روکے رہتا ہے
تحت الخط فقرہ **لارڈ ڈفرن** نے اپنے ایک مشہور مراسلہ مین تحریر فرمایا تھا لیکن تجربہ قلیل سے
ثابت ہوگیا کہ یہ دعوی بے دلیل مغالطہ عظیم پر شامل ہے - ناظر تو ایک گمنام اور مجہول الحقیقۃ
گروہ فیضخواہان کی جانب سے صرف اسلیے مقرر ہوتا ہے کہ صلاح نیک دیا کرے مگر ریزیڈنٹ
کی پشتی پر ایک عظیم الشان سلطنت کی پوری قوت موجود ہوتی ہے اور جو صلاح ومشورہ
وہ دوستانہ طور سے دیتا ہے وہ بھی حکم قطعی کا حکم رکھتا ہے پس ان دونون مین زمین آسمان
کا فرق ہوا جسکو اہل مشرق بھی باوجودیکہ غبی ہوتے ہین خوب سمجھے ہوے ہین اور جسکے
عظمت کا اندازہ وہ اپنے ذہن مین خوب کیے ہوے ہین بلکہ باوصف اس سستی اور
کُند ذہنی کے مشرقی آدمی جسکے افعال کا محرک اکثر خوف ہوتا ہے ایک مخصوص مناسبت
طبیعی سے فرق مذکورہ بالا کا ادراک کرتا ہے اور ایک خاص طور سے اسکا کاربند ہوتا ہے
اسکی نظیر کامل دائرہ سنیہ کے انتظام مین موجود ہے کہ جب تک وہ اپنی ہیئت اصلی پر
باقی رہا اُسوقت تک تو یہ کیفیت رہی کہ جو اہل یورپ اسکی نگرانی کے لیے مقرر ہوے تھے
وہ صرف اسکے حسابات کو جانچ لیا کرتے تھے اور کچھ صلاح ومشورہ دے دیا کرتے تھے یا
اگر بہت کرتے تھے تو کچھ شکوہ و شکایت غربت اور انسانیت کے ساتھ کرتے تھے

اور وہ اہل کاران مصری جو عاملانہ اختیار رکھتے تھے اگر کبھی اپنے اوپر زحمت گوارا کرکے نظار انگریزی و فرانسیسی کی رپورٹ کو پڑھ لیتے تھے (حالانکہ یہ امر میرے نزدیک مشکوک ہے) تو جو صلاح و مشورہ اور شکوہ و شکایت اسمین لکھا ہوتا تھا اُسپر ہرگز عمل نکرتے تھے اور اپنے خانگی یا سرکاری کاروبار مین اُسکو دخل نہ دیتے تھے مگر الحمدللہ یہ تجربہ بیکار ضائع نہین ہونے پایا۔ بلکہ جب یہ ضرور ہوا کہ **علاقجات خاندانی** کے انتظام مین بھی غیر ملک کے آدمیون کو دخل دیا جائے تو یہ قرار دیا گیا کہ جو اہل یورپ اسمین دخیل ہون اُنکو صرف صلاح و مشورہ ہی دینے کا اختیار نہ رہے اور فقط تھوڑی سی نکتہ چینی ہی پر اکتفا نہ کیا کرین بلکہ انکو عاملانہ اختیار اسقدر دیا جائے کہ اُنکے احکام مصری اہلکارون کی موٹی کھال کے اندر نفوذ کرکے تیر بہدف ہو جایئن کیونکہ اُنپر خالی خولی عالمانہ نکتہ چینی کا کچھ بھی اثر نہوتا تھا اور ادائے قرضہ کے وقت جو اہم تغیرات عمل مین لائے گئے تھے انہین حالات گذشتہ کے تجربے سے پھر کام لیا گیا اور اس تجربہ پر عمل کرنا سابق کی نسبت اب اسوجہ سے آسان ہو گیا تھا کہ اہل یورپ کو اُس خدیو سے سابقہ نہین رہا تھا جو اپنا ہی کہا کرتا تھا اور ذرا ذرا سی بات مین جھوٹ موٹ آزردہ ہو جاتا تھا اسیوجہ سے **دائرہ سنیہ** کا انتظام **علاقجات خاندانی** کے انتظام کے شامل کر دیا گیا اور **دائرہ سنیہ** کے نظار انگریزی و فرانسیسی کو عاملانہ اختیار دیا گیا ان سب باتون سے اُن لوگون کو نصیحت پکڑنی چاہیے جو بالفعل مصر کے انتظام کو درست کرنے مین مصروف ہین —

مگر ہم پوچھتے ہین کہ نظار انگریزی و فرانسیسی کو جو عاملانہ اختیار دیا گیا اُسکو وہ کہانتک کامیابی کے ساتھ عمل مین لائے ہین اکثر وہ لوگ جو **دائرہ سنیہ و علاقجات خاندانی** کے ذخیرہ پر قابض تھے اور جو کیفیت اصلی ان ضمانتون کی جانتے تھے جو انکو دی گئی تھین پہلے اپنے دل مین بڑی بڑی امیدین رکھتے تھے اور اُنکے دلائل بادی النظر مین صحیح معلوم ہوتے تھے۔ وہ یہ دلیل کرتے تھے کہ جب یہ علاقے رشوت ستان مصریون کے زیر انتظام

تھے البتہ اس زمانہ مین تو اُنسے اتنی آمدنی نہ ہاتی تھی جتنا روپیہ اُنمین خرچ ہوتا تھا اور جتنی مشقت و جانکاہی کرنی پڑتی تھی مگر جب اُنمین اہل یورپ کا عاقلانہ اور مدبرانہ انتظام ہوگا تو اوہی نتیجہ پیدا ہوگا یعنے تب تو چاہیے کہ اتنا منافع حاصل ہو کہ معمولی خرچ اور قرضہ کا سود بھی ادا ہو جاے اور چند ہی مدت مین اصل قرضہ بھی ادا ہو جاے - اسکا حساب لگانا آسان ہے کُل مقدار اُن ارضیات کی جو گورنمنٹ کو دے دی گئین تقریباً نو لاکھ پچاس ہزار ایکڑ تھی اور مقدار مذکور دائرہ اور علاقجات مین برابر حصہ مساوی منقسم تھی اور دونون قرضون پر کُل سود کی تعداد آٹھ لاکھ چھیاسٹھ ہزار پونڈ تھی - پس اگر ان ارضیات سے بحساب اوسط ۲۵ شلنگ فی ایکڑ کی نکاسی بھی اقل مراتب ہو تو قرضہ کا سود برابر ادا ہوتا رہیگا اور پھر ایک مبلغ خطیر ہر سال اصل زر قرضہ ادا کرنے کے لیے بچ رہیگا - مگر ۲۵ شلنگ فی ایکڑ کا اوسط بہت کم اور بالکل خلاف عقل ہے کیونکہ مصر مین اوسط درجہ کی زمین سے ۵۰ شلنگ فی ایکڑ کی نکاسی ہوتی ہے اور اول درجہ کی زمین سے تو تقریباً اسکے دوچند نکاسی ہوتی ہے مگر ایک جزو اعظم ارضیات مشمولہ دائرۂ سنیہ و علاقجات خاندانی کا (مخالفین جو چاہین اسکے خلاف کہین) اوسط درجہ کی زمین سے یقیناً بہتر و برتر ہے اور اُنمین سے بعض ارضیات تو بہت ہی عمدہ ہین اور جو مالگزاری اُنپر لیجاتی ہے وہ اوسط سے بہت کم ہے - اگر اُسکے خلاف ہوتا تو تعجب کا مقام تھا کیونکہ اسمعیل پاشا گویا اپنے وقت کا لقمان تھا اور ایمانداری اور دیگر اوصاف حمیدہ کا خیال اُسکو وجہی تھی وجہی تھا لہذا وہ عمدہ زمین چن لیتا تھا اور اسکی مالگزاری بھی بہت معتدل مقرر کرتا تھا بلکہ اُسنے یہانتک کیا تھا کہ اپنی بعض ارضیات کو خراجی سے عشوری کرکے اُنکے مصارف سیکے بار کو بہت کم کر دیا گو اُس سے خزانہ عامرہ کا نقصان ہوا - یہ سچ ہے کہ منتظمان حال بعض وقت یہ شکایت کرنے لگتے ہین کہ ہم پر غیر واجب بار ڈالا گیا ہے مگر یہ امر قطعی طور سے ثابت کرنا بہت آسان ہے کہ اقل مراتب خدیو کی اکثر رعایا کے مقابل ہین تو وہ کوئی وجہ [illegible]

شکایت کرنے کی نہیں رکھتے ہیں۔ کیونکہ آپ ملاحظہ کریں کہ مصر کا کل خراج اراضی باون لاکھ چھتیس ہزار پونڈ ہے اور اراضی مزروعہ کا رقبہ تینتالیس لاکھ اٹھاون ہزار فدان ہے (فدان کو ایکڑ کا مرادف سمجھیے) پس مالگذاری بحساب اوسط ایک پونڈ فی ایکڑ سے بہت زیادہ ہوئی لیکن اراضیات شمولہ دائرہ سنیہ و علاقجات خاندانی اگرچہ اوسط درجہ کی زمین سے کہیں بہتر ہیں تاہم نو لاکھ تیس ہزار فدان پر صرف چار لاکھ چھیاسٹھ ہزار پونڈ مالگذاری لیجاتی ہے یعنے فی فدان تقریباً دس شلنگ پس ہم ہیں تفاوت رہ از کجاست تا بہ کجا واضح ہو کہ اس کچے تخمینہ میں ہم نے اٹھارہ عالیشان ریشکر کے کارخانون اور پندرہ روئی صاف کرنے کی کوٹھیون اور ریلون اور دخانی کلون اور پانی کھینچنے کی کلون ور دو وکش ہلون اور دیگر اسباب و آلات کو جنمین نہیں معلوم کے لاکھ پونڈ خرچ ہوا ہوگا نہیں شامل کیا ہے جو لوگ اصل زر قرضہ کے جلد ادا ہو جانے کی امید رکھتے تھے وہ اس امید کی ایک دلیل یہ بھی بیان کر سکتے تھے۔

مگر تجربہ سے اس امید مین بھی لغزش پڑ گئی ہے۔ علاقجات خاندانی کا انتظام ص ۳۵
نیم یورپین اور نیم مصری ہے۔ (آدھا تیتر آدھا بٹیر) جب یہ انتظام جاری ہوا تو صرف چودہ مہینہ تک (یکم اکتوبر ۱۸۷۸ء سے ۳۱ دسمبر ۱۸۷۹ء تک) تو منتظم صاحبان نے اپنے ویتیض کو ادا کیا۔ مگر اسکے بعد سے انکو برابر گھاٹا پڑ رہا ہے جسکو انھون نے اپنے کلام فصیح و بلیغ مین غیر کافی آمدنی کے لفظ سے تعبیر فرمایا ہے۔ جن رقوم سالانہ کو ادا کرنے کی امید ہے انکی تفصیل یہ ہے کہ (۲۵۰۰۰۰ پونڈ) بابت مالگذاری اراضی۔ (۳۲۵۰۰۰ پونڈ) بابت سود قرضہ اور سرمایہ مستقل کے لیے ایک رقم معین (۴۲۵۰۰ پونڈ) میزان (۶۱۷۵۰۰ پونڈ) مگر اوسط مالگذاری بابت تین سالہائے گذشتہ کے صرف ۴۸۰۰۰۰ پونڈ ہے پس غیر کافی آمدنی سالانہ بحساب اوسط تقریباً ۲۲۷۰۰۰ پونڈ ہوئی ہے مگر دائرہ سنیہ کے انتظام سے علاقجات خاندانی کے انتظام کی نسبت کچھ زیادہ فائدہ معلوم ہوتا ہے۔ دائرہ کے منتظمون کو ابتدا

مین ایک ایسی رقم کثیر مل گئی تھی جسکی مدد سے وہ اب تک اپنے فرائض کو برابر ادا کر رہے
ہین - مگر امسال انکو بھی بڑا گھاٹا پڑیگا اور اس امر کا سخت اندیشہ ہے کہ سالہاے آیندہ
مین اگر قرار واقعی تغیرات دائرہ کے انتظام مین نہ کیے جاینگے تو اکثر گھاٹا پڑیگا -
یہی باعث ہے کہ بیجا امیدین ان زود فریب و زود دماغ صاحبون کو ہوئی
تھین جنکا ذکر سابق ہو چکا وہ صریحی مغالطون اور محض فرضی و خیالی باتون پر مبنی تھین
انمین سے ایک مغالطہ کی کیفیت مین تمثیلاً بیان کرتا ہون - اُن صاحبون کا یہ قول تھا کہ
اہل یورپ کی خوش انتظامی سے ان علاقون کی آمدنی اُس سے بہت زیادہ ہو جائیگی جتنی
مصریون کی بد انتظامی کے زمانہ مین ہوتی تھی - نفس الامر مین ایسے قیاسات بالکل غلط تھے - ۳۵
اسمعیل پاشا کے عہد مین جو بدعت و ضلالت تھی اگر اُسکو ازروے قانون اخلاق دیکھیے تو
بیشک لائق افسوس ہے لیکن اگر اغراض زر کے لحاظ سے دیکھیے تو ان علاقون کے حق مین
بہت مفید تھی کیونکہ اسمعیل نے سارے ملک کے کاشتکارون کے فوائد کو اپنے سے تصدق
کر دیا تھا یعنے اگر اسکو کوئی نہر کھدوانی منظور ہوتی تھی تو وہ رعایا سے بیگار کام لیتا تھا
اگر قحط آب ہوتا تھا تو سب سے پیشتر خدیوی علاقون کے لیے پانی مہیا کیا جاتا تھا - اگر
مزدورون کی ضرورت ہوتی تھی تو جتنے قلی درکار ہوتے تھے اُنکو قرب و نواح کے
دیہات کے شیوخ فوراً مہیا کر دیتے تھے - اگر کلین یا بیلین یا کشتیان گھس گھسکر ناقص ہو جاتی
تھین تو انکو گورنمنٹ نئی سمجھکر خرید لیتی تھی - اگر کسی شخص کو خدیوی علاقے کے
کسی منتظم پر کوئی دعوے ہوتا تھا تو وہ بیچارہ برسون ایڑیان رگڑا کرتا تھا -
اور کوئی قاضی مفتی نہ ملتا تھا جو اُسکی فریاد کو سنتا - خیر - خدیو کی مطلق العنانی کے
زمانہ مین تو مصر کی یہ کیفیت تھی - لیکن اب دیکھیے کہ اہل یورپ کے عاقلانہ انتظام
سے کیا کیفیت اس ملک کی ہو گئی ہے - اب اگر کوئی نہر کھدوانی پڑتی ہے
تو قلیون سے مزدوری دے کر کھدوائی جاتی ہے - اگر پانی کی قلت ہوتی ہے

تو دائرہ سفنیہ اور علاقجات خاندانی کو ایک مقدار وجہی سے زیادہ پانی نہین ملتا
بلکہ اگر مہتمم صیغۂ تعمیرات سرکاری یا اس صیغہ کے اور کسی عہدہ دار اہل کار کے اغراض
علاقجات مذکورہ کے اغراض سے خلاف ہوتے ہین تو ان علاقون کو غالباً مقدار وجہی سے
بھی کم پانی نصیب ہوتا ہے۔ اگر ہرواہون کی ضرورت ہوتی ہے تو انکو شرح بازار کے
موافق مزدوری دینی پڑتی ہے۔ اگر کلین یا پلین یا کشتیان بے مرمت یا از کار رفتہ سطر ۳۵
ہوجاتی ہین تو انکی مرمت گورنمنٹ کے خرچہ سے کرا دی جاتی ہے یا انکے بدلے
اور کلین وغیرہ گورنمنٹ کے خرچ سے لے لی جاتی ہین۔ اگر کسی مصری کو دائرہ سفنیہ
یا علاقجات خاندانی کے کسی منتظم پر کچھ دعوے ہوتا ہے تو اسکے مقابل مین بھی
مصری کو عدالت سے چارہ جوئی کا ویسا ہی موقع حاصل ہے جیسا اور مالکان اراضی پر عموماً
نالش کرسکتا ہے بلکہ بعض اوقات تو منتظمان دائرہ وعلاقجات کو اور زمینداروں سے
بھی زیادہ مشکل پڑتی ہے مثلاً منتظمان مذکورین یہ خوب جانتے ہین کہ تھوڑی سی بخشش
دینے سے بہت سا پانی مل سکتا ہے یا ایک کٹر قرضخواہ کے تقاضے سے ہاری جان
بچ سکتی ہے اور ونش ہین سے تو زمینداروں کو جب ایسی دقتین پیش آتی ہین تو ایسی ہی
تدبیر کرکے وہ اپنی جان بچاتے ہین۔ مگر منتظمان دائرہ وعلاقجات چونکہ اہل یورپ
ہین اور روشن ضمیر کہلاتے ہین اور انکو آنہ آنہ اور پائی پائی کا حساب بالاعلان دینا
پڑتا ہے لہذا انکو یہ امر گوارا نہین ہے کہ اپنی آمدنی مین سے اہل کاران سرکاری کو یا فیضیون
کو رشوت دیکر اپنے مطلب کے موافق فیصلہ کرا لیا کرین۔ یہ بات تو مین خود تسلیم کرتا ہون کہ
اگر مصر کا سارا انتظام اور کل دائرہ اخلاق بے ایمانی و رشوت ستانی کے خس و خاشاک سے
پاک اور صاف کر دیا جائے تو ان علاقون کا انتظام اس خوش اسلوبی سے ہوسکتا ہے
کہ انکی آمدنی اُس سے بہت زیادہ ہوجائے جسقدر اسمعیل پاشا کے عہد مین ظلم ستانی اور
ناانصافی سے حاصل ہوتی تھی مین صرف یہ حجت کرتا ہون کہ مصر جیسے ملک مین ایک

مطلق العنان اور بے ایمان اور حریص حاکم جسکی خیر سقید مرضی قانون کی قوت رکھتی ہے ان ملاقون سے اس سے زیادہ روپیہ گھسیٹ سکتا ہے جتنا کہ وزرا اور ایماندار یورپین منتظم تحصیل کر سکتے ہین - آمین کیا شک ہے کہ جس ملک کا انتظام ٹھیک ہوا اور جہان ایماندار آدمی کی مدد کو قانون اور ایک فوج کی فوج فہمیدہ اور سنجیدہ اہل کاران سرکاری کی موجود ہو وہان ایمانداری سے بہتر کوئی حکمت عملی نہین ہے - مگر جس ملک مین بدانتظامی کی شدت اور رشوت ستانی کا زور ہو وہان سچا ایماندار آدمی ایسا ہے جیسے سرد ملک کا جانور گرم ملک مین یا کوئی نازک درخت ناموافق آب وہوا مین - یہ ایک امر واقعی ہے (جو کسی کے مٹائے مٹ نہین سکتا) کہ جب کوئی شخص چورون اور بدمعاشون مین رہتا ہو اور اسکی جان مال بچانے کو پولیس بھی نہو تو ایمانداری کے مزہ سے شاید اسکا دل ہی کچھ خوب واقف ہو مگر ایمانداری سے اسکو روپیہ تو نہین ملتا -

خیر - اتنی کیفیت تو ان صریح مغالطون کی بیان کی گئی - اب کچھ حقیقت اُن قیاسی اور فرضی باتون کی عرض کیجاتی ہے - یہ فرض کر لیا گیا تھا (اور بجا فرض کیا گیا تھا) کہ جو لوگ روشنضمیر اہل یورپ کیطرف سے مصر مین منتظم یا ناظر مقرر ہوئے ہین اور دو دو تین تین ہزار پونڈ سالانہ تنخواہین پاتے ہین وہ خود بھی روشنضمیر ہونگے یعنے جن لوگون سے یہ امید تھی کہ جاہل مصریون کو ان علوم عقلیہ اور ان صنائع وبدائع کے فوائد علمی سکھاوینگے جنکی بدولت انگلستان اور فرانسیس کی صنعت وحرفت اور تجارت کو یہ عظمت حاصل ہوئی ہے وہ لوگ خود بھی علوم عقلیہ اور صنائع وبدائع مین استعداد رکھتے ہونگے - مگر افسوس ہے کہ اس فرضی بات کی تصدیق از روے تجربہ بہت کم ہوتی ہے جو لوگ انگلستان اور فرانس کیطرف سے مصر مین منتظم مقرر ہو گئے ہین وہ سب ایماندار تھے اور اپنے مشکل فرائض منصبی کو ایمانداری سے بجالانا چاہتے تھے مگر سوائے ایک شخص کے اور کسی مین اتنی استعداد علمی تھی نہ صنعت وحرفت مین اتنی لیاقت رکھتا تھا کہ ایسے سخت وصعب حلون کو طے کر کے سرخروئی حاصل کرتا

اور جہان تک مین واقف ہون انہین سے کوئی شخص بھی اُس درجہ کی انتظامی لیاقت
نہ رکھتا تھا جسکے باعث سے بعض اوقات صنعت وحرفت سے لاعلمی کی مکافات
ہوجاتی ہے مین یہ بھی خوب جانتا ہون کہ انگلستان مین ایسے لوگ بھی ہین جو استعداد حصہ ۳۵
علمی رکھنا یا صنعت وحرفت سے واقف ہونا ایسے عہدہ کے لیے غیر ضروری بلکہ مضر
سمجھتے ہین اور جو محکمہ فوج بری او محکمہ فوج بحری کو اپنی اس راے کی دلیل قطعی گردانتے
ہین۔ مگر مین انکی اس راے سے اتفاق نہین کرتا کیونکہ مین نے مانا کہ جو انگریز
فن سپاہگری مین الف کے نام سے بھی نہ جانتا ہو محکمہ فوج بری کے سکریٹری کا کام
اس جنرل سے بہتر انجام دے سکتا ہے جو بڑی بڑی لڑائیان سر کرچکا ہو اور اس انگریز
کا چچا یا چچازاد بھائی جسنے اپنی جہاز کی کبھی صورت بھی نہ دیکھی ہو محکمہ فوج بحری کا انتظام
اس لیاقت سے کرسکتا ہے کہ اچھا خاصا تعلیم یافتہ امیر البحر بھی ایسا انتظام اس محکمہ کا
نہ کرسکے گا۔ خیر۔ یہ سب تو مین نے تسلیم کیا مگر مین پوچھتا ہون کہ اس سے مصر کے
دائرہ سنیلہ و علاقجات خاندانی کے انتظام کی نسبت کیا نتائج عملی نکل سکتے ہین
اول تو انگلستان کا محکمہ فوج بری اور محکمہ فوج بحری صنعت وحرفت یا تجارت
کے بڑے بھاری کارخانے نہین ہین حالانکہ دائرہ سنیلہ و علاقجات
خاندانی ایسے ہی عالیشان کارخانے ہین اور مین نے معتبر اشخاص کو یہ کہتے
سنا ہے کہ اگر کوئی کارخانہ تجارت اس طور سے چلایا جاے جس طور سے محکمہ فوج
بری اور محکمہ فوج بحری مین کام ہوتا ہے تو لوگ اُسمین اپنا روپیہ نہ لگائین ممکن ہے
کہ لارڈ نارتھ برک صاحب اور لارڈ ہارٹنگٹن صاحب جو ان دونون محکمون کے وزیر یا
مدار المہام ہین بہت سی فاحش غلطیان کرجائین اور انکو "غیر کافی آمدنی" کیوجہ سے (یہی
الفاظ منتظمان دائرہ و علاقجات نے اپنی رپورٹ مین تحریر کیے ہین) مواخذہ کا اندیشہ نہو حصہ ۳۶
وزراے انگلستان کی کونسل کا جو ممبر دائرہ یا علاقجات کے منتظم سے مشابہت تامہ

رکھتا ہے وہ وزیر خزانہ عامرہ ہے اور یہ عموماً تسلیم کر لیا گیا ہے کہ جو صاحب اس عہدہ پر ہون اگر وہ تھوڑا بہت علم حساب جانتے ہون اور ذرا فہور فن سیاق سے بھی واقف ہون تو انکی حساب دانی اور سیاق نمائی سے اُنکے ملک کو کچھ ضرر نہ پہونچیگا۔ سُنا ہے کہ ایک زمانہ میں انگلستان کی خوش نصیبی سے ایک ایسے صاحب وزیر خزانہ عامرہ یا دیوان اعظم مقرر ہوے تھے جو ایک تقسیم کا حساب بھی نہ لگا نا جانتے تھے مگر وہ دن گئے جب خلیل خان فاختہ اُڑاتے تھے۔ اب وہ زمانہ کبھی عود نہ کریگا۔ اور اگر یہ تسلیم بھی کر لیا جاے کہ اُس زمانہ کے حال پر افسوس کرنا چاہیے تو بھی اُس سے یہ نہین لازم آتا کہ منتظمان دائرہ صغیرہ و علاقجات خاندانی کو صنعت و حرفت کے علم سے محروم رہنا واجب ہے کیونکہ انگلستان کے محکمے مصر کے محکمون سے کچھ مناسبت نہین رکھتے ہین۔ انگلستان مین جو شخص کونسل وزرا کا ممبر ہوتا ہے وہ ایک ملکی وقعت رکھتا ہے اور جس صیغہ کا وہ مہتمم ہے اُسکے اور پارلیمنٹ کے درمیان واسطہ ہوتا ہے اور جس صیغہ کا وہ افسر ہے اُسکی صرف عام نگرانی وہ کرتا ہے اور اگر وہ اس کام کی لیاقت علمی نہین رکھتا ہے تو خیر کیا مضائقہ ہے صنعت و حرفت کے ضبطے تو بری ہوتا ہے اور اُسکی ماتحتی مین جو اہل کار کام کرتے ہین وہ سب عمدہ تعلیم یافتہ لوگ ہوتے ہین جنکی لیاقت اور دیانت داری پر وہ اعتماد کلی کر سکتا ہے لیکن جو انگریز یا فرانسیسی دائرہ صغیرہ یا علاقجات خاندانی کا منتظم ہو اُس بیچارے کی اور ہی کیفیت ہے۔ اگر وہ کسی کا اعتبار کرے تو غالباً دھوکا کھائیگا اور ندامت اُٹھائیگا لیکن اگر وہ خود وہ علم نہ رکھتا ہو جسکی ضرورت ہے تو اسکو خواہ مخواہ اوروں پر بھروسا کرنا پڑیگا اور اپنے ماتحتون کی نگرانی کیا خاک کریگا اور انکی لیکہ وہ یہ جانتے ہین کہ ہم اپنے افسر کے سامنے لوگون کی کُھلی کُھلی کتھری کر لین اور غلطیان کرین اور اسکو مطلق محسوس نہ ہو کہ یہ کیا کرتے ہین۔ مین چند فہمیدہ و سنجیدہ اور نیایت نیک صاحبون کے نام لکھ سکتا ہون جو انگلستان مین محکمہ فوج بحری کے سکرٹری

کا کام اچھی طرح سے انجام دے سکتے ہین مگر جب انکو مصر مین جا کر کام کرنا پڑا تو صرف
اسوجہ سے کہ وہ صنعت و حرفت سے واقف نہ تھے اُنکے ماتحت انپر ٹھٹھا مارا کرتے تھے
مصر کے انتظام کو درست کرنے مین ایک اور نصیحت بھی یاد رکھنی چاہیے مگر مجھکو یہ
اندیشہ ہے کہ گورنمنٹ انگلشیہ نے ابتک اُس نصیحت کو نہین یاد کیا ہے کیونکہ چند ہی
مہینہ کا عرصہ گذرا ہے کہ جب دائرہ سنیہ کے ایک منتظم کا عہدہ خالی ہوا تو اُسی پرانے
قاعدہ کے موافق اُسپر ایک شخص کو مقرر کر دیا گیا - جو وزیر انگلستان منتظمان دائرہ سنیہ کو
منتخب کرنے کا ذمہ دار تھا اُسکی دانست مین منتظم کے عہدہ کے امیدوارین مین یہ لیاقتین
ہونی چاہیین کہ اول تو وہ ایک شریف بھلا مانس ہو - دوم یہ کہ وہ چند یورپ کی
زبانین جانتا ہو مگر عربی زبان سے ناواقف ہو - سوم یہ کہ اگرچہ وہ صنعت و حرفت کا
علم نہ رکھتا ہو مگر اُس علم کو حاصل کرنے پر آمادہ ہو - مجھے متعجب ہے کہ اگر وزیر موصوف بڑے
بڑے عالیشان نیشکر کے کشت زارون اور صدہا شکر کے کارخانون کا خود مالک ہوتا تو
کیا وہ اُنکا منتظم ایسے شخص کو مقرر کرتا جسمین اُس سے عمدہ تر لیاقتین نہوتین - اگر وہ ایسا کرتا
اور اگر میرا بھی کچھ روپیہ اس معاملہ مین شریک ہوتا تو مین اپنا روپیہ بہت جلد واپس لیتا
تاکہ وہ منتظم جدید جو ایک مدت مدید تک صنعت و حرفت سیکھیگا اور اس عرصہ مین بیکار رہیگا
اور غلطیان کریگا اُس بیکاری اور اُن غلطیون کے معاوضہ مین مجھکو کچھ اُسکے دینا پڑے
شاید اسکا یہ جواب دیا جاے کہ وہ منتظم جدید اکیلا نہین ہے بلکہ اُسکے ساتھ ایک فرانسیسی
بھی شریک ہے جو شکر بنانے کی کیفیت سے خوب واقف ہے - یہ توضیح ہے مگر فرض کیجیے
کہ وہ فرانسیسی اپنے عہدہ سے چلا جاوے اور گورنمنٹ فرانس بھی ہماری گورنمنٹ (انگلستان)
کی تقلید کرکے ایسے شخص کو ڈائرکٹر یعنے منتظم مقرر کرے جو صنعت و حرفت کا علم نہ رکھتا ہو
ایسی حالت مین ہمکو تو شکوہ و شکایت کا موقع ہرگز نہوگا چونکہ ہندوستان مین تعلیم یافتہ
عہدہ داران کو مقرر کرنے کے فوائد ہمکو معلوم ہو چکے ہین لہذا مصر مین بھی ہم یہی چین نکرین

تاکہ وہان کے لوگ ہمارا (انگریزون کا) مقابلہ فرانسیسیون کے ساتھہ کرکے ہمکو برا اور انکو اچھا نہ کہین۔

اب انتظام موجودہ کے نتائج عملی کی مختصر کیفیت سُنیے کہ اگرچہ یہ جملہ وہ تغیر کافی آمدنی جسکا ذکر سابق مین کیا گیا فی نفسہ مضمون خیز ہے تاہم چند ایسے واقعات بیان کرنا مناسب ہے جنسے اس خراب حالت کے وجوہ معلوم ہوجائین۔ نیک نیت اور محنتی دائرکٹر اپنے دفتر مین بیٹھے ہوے دن بھر چٹھیان اور تار برقی اور رپورٹ پڑھا کرتے ہین اور ڈسپیچ روانہ کیا کرتے ہین اور احکام صادر کیا کرتے ہین اور نقشجات کو جانچا کرتے ہین اور اور قسم کے کام کیا کرتے ہین جیسا سلطان اعلی یا حکام صدر کا قاعدہ ہے۔ اسمین شک نہین ہے کہ انکو بہت کام کرنا پڑتا ہے کیونکہ چاہیے کوئی علاقہ کتنے ہی فاصلہ پر ہو اسمین کبھی کوئی بات بغیر انکی باضابطہ منظوری کے عقلاً نہین ہو سکتی مگر عملاً یہ کیفیت ہے کہ جو علاقے بڑی دور نہین ہین انمین بھی بہت سا کام کیا جاتا ہے اور بہت سا کام یونہین پڑا رہتا ہے اور ان بیچارے نیک نیت اور محنتی دائرکٹرون کو کچھ خبر بھی نہین ہوتی۔ چنانچہ ہمنے ان علاقون مین خود جاکر مفتشون یعنے سربراہ کارون سے اسکا سبب دریافت کیا گیا کہ انکی آمدنی مین کمی کیون پڑتی ہے۔ یہ بات آسان نہ تھی کیونکہ مفتش وہ لوگ ہین جنکو اس راز کے پوشیدہ رکھنے سے اپنا بڑا فائدہ مقصود ہے اور جو اپنے پیشہ کے غوامض و اسرار کو غیر آدمی سے ہرگز نہ بیان کرینگے کہ مبادا وہ دائرکٹرون کا دوست ہو اور اسنے ہمارا راز کہدے مگر علمی تحقیقات مین جو دقتین پیش آتی ہین وہ عقل و دانش و استقلال سے رفع ہوسکتی ہین اور جب بہت سے آدمیون کی کمیٹی ہو تو انمین سے کوئی نہ کوئی کسی ذات شریف کے فقرہ مین آکر وہ بات بیان کردیتا ہے جسکو وہ پوشیدہ ہی رکھنا پسند کرتا۔ اسکے ثبوت مین مین ایک دیانتدار مفتش کا قول نقل کرتا ہون جو اُسنے مجھسے بڑی بے تکلفی کے عالم مین بیان کیا تھا۔ اسنے کہا کہ میرے سپرد ایک بڑا سا علاقہ ہے مگر

مجھکو یہ اختیار نہین ہے کہ اسکا انتظام اس طور سے کرون جو میرے نزدیک نہایت نافع
ہے کیونکہ القاہرہ مین ہر بات کا فیصلہ وہ لوگ کرتے ہین جو اس علاقہ کے اوصاف مخصوصہ
سے واقف نہین ہین اور انکے حماقت آمیز فیصلون کی شکایت یا تردید کرنا بیکار ہے بلکہ
جان جوکھم کی بات ہے مثلاً فرض کیجیے کہ مجھے سرکاری حکم پہونچا یا انسپکٹر جنرل کے طور پر مجھے
کہلا بھیجا کہ امسال ۴۰۰۰ ایکڑ روئی یا گنے کی کاشت کرو - مگر مین جانتا ہون کہ زمین اور
آب پاشی اور جتنے کام کرنے والے آدمی میرے پاس ہین ان سب کی حالت موجودہ
کا مقتضی یہ ہے کہ مقدار مذکورہ کی نصف کاشت امسال کیجائے تو بہت منافع ہو -
اگر میرا اختیار رہتا تو مین یہی کرتا مگر مجھکو تعمیل حکم کرنا فرض ہے اور اگر کچھ نقصان ہوا تو میرا
نقصان تھوڑی ہوگا - علاوہ اسکے علاقے بہت بڑے بڑے ہین - جو شخص زراعت کی
کیفیت سے واقف ہو وہ یہ گمان کبھی نہ کریگا کہ مین ایک آدمی تیس چالیس بلکہ بیس ہزار
ایکڑ کی کاشت کی بھی نگرانی کرسکونگا - اگر مین چوبیس گھنٹون مین سے بارہ گھنٹے بھی گھوڑے
پر سوار دھوپ مین چلتا ہوا کھیتون مین دورہ کیا کرون تو بھی مجھسے نگرانی نہوگی پس جو بات
ممکن نہو اسکی کوشش مین مین اپنے تئین کیون ہلکان کرون اور اپنی تندرستی مین کیون
فرق ڈالون اور گو مین کتنی ہی خاک اڑاؤن مگر مجھے ایک کوڑی بھی زیادہ نہ ملیگی نہ میرا اور
کوئی مطلب نکلیگا - لہذا مین چین سے رہتا ہون اور خوب جانتا ہون کہ اس علاقہ مین
اتنا پیدا ہوجاے جتنا سال گذشتہ مین پیدا ہوا تھا پس اور زیادہ کی کیا ضرورت ہے لیکن
یہ اقرار جہانتک ہے کافی ہے مگر اس سے مطمئن ہوجانا بیکار ہے کیونکہ ایماندار
منتظم تعداد مین بہت کم ہین البتہ بے ایمانون کی کثرت ہے - کاش انھین مین سے
ایک منتظم بھی سارا حال کھل کر بیان کردے تو بھی غنیمت ہے - گو یہ بات آسان نہین
ہے جیسا مجھے تجربہ سے معلوم ہوگیا ہے لیکن جو صاحب مشرقی لوگون سے خوب واقف
ہین انکے نزدیک یہ امر ناممکن نہین ہے کہ مشرقی لوگون سے جنکو سابقہ رہا ہے

اس سے مجھکو خوب معلوم ہوگیا ہے کہ جس مکاری پر انکو ناز ہے وہ بالکل سطحی ہے اور اسکی کیفیت صاف معلوم ہوجاتی ہے - ہرچند مین نے صدہا مشرقی آدمیون کو دیکھا ہے کہ جھوٹ بولتے ہین اور ذرا بھی نہین شرماتے مگر انمین مین نے کوئی ایسا شخص شاذ ہی دیکھا جو چند منٹ بھی جھوٹ بولے اور اُسکے جھوٹ کے کھل جانے کا اندیشہ نہو - دروغ گو را حافظہ نباشد - اگر یہ مثال صادق آتی ہے تو مشرقی آدمیون پر صادق آتی ہے - جو صفتین کہ دروغ گو مین ہونی چاہیین وہ انمین بہت کم ہوتی ہین یعنے حافظہ قوی - شیرین کلامی اور رنگین بیانی - اور سب سے زیادہ کلام کا تناقض عقلی سے بری ہونا - اگر اہل یورپ ذرا بھی سمجھدار اور ہوشیار آدمی ہو تو چند ہی روز کے تجربہ سے سچی اور جھوٹی بات مین اسطرح تمیز کر لیگا جسطرح مصور جب کسی خاکہ کو دیکھتا ہے تو فوراً پہچان جاتا ہے کہ یہ اصلی ہے یا خیالی - اہل یورپ اکثر اس سبب سے دھوکا کھا جاتے ہین کہ غلط طریقہ اختیار کرتے ہین اور اپنے زعم ناقص مین سمجھتے ہین کہ متکلم کی چتون اور رخ کو دیکھکر ہم اُسکی دروغ گوئی کو پہچان جاتے ہین - یہ گمان غلط ہے - مشرقی آدمی کی نگاہ اور رخ سے اُسکے جھوٹ سچ کو دریافت کرنا ایسی بیوقوفی ہے جیسے جب آلہ مقیاس الموسم مین پارہ نہو - اُس سے موسم کا انداز کرنا حماقت ہے - انسان کی نگاہ اور رخ سے جو چیز ثابت ہوتی ہے وہ کانشنس یعنے وہ قوت مدرکہ ہے جو حق و باطل مین تمیز کر لیتی ہے اور دروغگوئی کے مقدمہ مین مشرقی آدمی کانشنس رکھتا ہی نہین ہے - فقرہ باز مشرقی آدمی مین ایک خاص صفت یہ بھی ہوتی ہے کہ آپ کو فقرہ دینے مین وہ ہمہ تن مصروف ہو جاتا ہے اور آپ کو محض بیوقوف سمجھتا ہے (اہل مشرق کے نزدیک بیوقوف وہ ہے جو مکار نہو) - پس اس سے زیادہ آسان کوئی بات نہین ہے کہ جب وہ آپکو فقرہ دینے مین مصروف ہو تو اُسی کے جال مین اُسکو پھانس لیجیے یا اپنی طبیعت سے کوئی نیا جال ایسا بنا کے اُسکو پھانس لیجیے - آخر الذکر تدبیر اس سبب سے ترجیح رکھتی ہے کہ اسمین کوشش کم کرنی پڑتی ہے

اور اگر یہ تدبیر چل گئی تو آپکی وقعت اُنکی نظرون مین بہت سما جائیگی کیونکہ اپنے جال مین آپکے
پھنس جانے کو وہ اپنے اناڑی پن پر محمول کریگا آپکی دانائی اور چالاکی پر نہین محمول کریگا
چنانچہ مین نے ایک بے ایمان مفتش سے اُسکے فن کے اسرار دریافت کرنے
مین اُس تجربہ سے کام لیا جو مجھکو مشرقی لوگون کے طبائع کا حاصل ہے اور ایسا چھوٹا سا
نفیس اور لطیف جال اُسکے پھانسنے کے لیے بچھایا کہ اُسکو مطلق نہ محسوس ہوا اور غالبًا اب تک
اُسکو وہم و گمان بھی نہین ہے کہ ایسے جال مین مین پھنس گیا تھا ع دام ہمرنگ زمین بود گرفتار
شدم ۔ چونکہ مین اور لوگون کے اختراعات مین دست اندازی بیجا کرنا نہین چاہتا ہون
لہذا مین بے تکلف اقرار کرتا ہون کہ اس جال کا مضمون میرا طبع زاد نہ تھا بلکہ یہ مین نے
اُن فسانہ نویسون سے سیکھا تھا جو اپنے خیالات اور مشاہدات کو مصنوعی اور فرضی اشخاص
کے کلام اور افعال کے پیرایہ مین بیان کرتے ہین البتہ اُس بے ایمان مفتش کو جسکا ذکر
ہو رہا ہے مین افسانہ نویسی پر تو آمادہ نکرسکا لیکن جب اُسکو خوب باور ہوگیا کہ جو کچھ مین نے
اُسکی بے لوثی اور بے لغزش ایمانداری کی تعریف مین کہا ہے اُسکا یقین بھی مجھکو ہے
تو اُسنے بلا تامل چند مضحک حکایتین مجھسے اُن لوگون کے مکر و فریب کی بیان کین جو اُسکے ہم منصب
تھے مگر اُتنے معزز نہ تھے ۔ مین ان حکایتون کو مفصل نہ بیان کرونگا کہ مبادا ناظرین کو بار خاطر
ہو ۔ ان سب کا خلاصہ مضمون یہ تھا کہ ایماندار مفتشون کا قاعدہ ہے کہ غریبون کو لوٹ لوٹ کر
اپنا گھر بھرتے ہین اور جو اُنکے دام مین پھنس جاتا ہے اُسکو بے کچھ لیے نہین چھوڑتے اور
مواشی کو فاقون مارتے ہین اور اُنکا دانہ بھوسا بیچ بیچ کھاتے ہین اور جب بہت سے مواشی
مرجاتے ہین تو وہ خوب بغلین بجاتے ہین کہ اُنکے بدلے جو نئے مواشی خریدے جائینگے
اُسمین ہمکو کیا کچھ فائدہ ہوگا اور جتنی اراضی نقشون مین لکھ دیتے ہین اُس سے زیادہ کاشت
کرتے ہین اور جو فصل حاصل ہوتی ہے اُسکو چھلکے سے بیچ کھوچ کر مزے اُڑاتے ہین اور
جب اراضی نیلام مین اسامیون کو دیتے ہین تو سب سے عمدہ قطعات اراضی

ہے ایسے انتظام سے نفع کم اور ضرر زیادہ ہوتا ہے۔ اور بدعتین تو موقوف نہین ہوتین
مگر جن اہلکارون پر اُسکی کامیابی موقوف ہے اُنکی سرگرمی جاتی رہتی ہے اور اُنکو اپنی
ذمہ داری کا خیال نہین باقی رہتا۔ اگر اس انتظام مین اصلاحین کرنی منظور ہین تو مین امور ذیل
کی صلاح دیتا ہون۔ کارپردازون مین بہت تخفیف کیجاے۔ مصارف بہت کم کر دیے
جائین۔ سربراہ کارون کی بے پروائی اور بدلیاقتی اور بے ایمانی سے جو ضرر پیدا ہوتا ہے
وہ بہت کم کر دیا جاے۔ اور ان علاقون کی نکاسی خام مین قرار واقعی افزونی ہو جاے بشرطیکہ
منتظم لوگ ان علاقون مین خود کاشت کرانا موقوف کرین اور اُنکے بڑے بڑے یا چھوٹے
چھوٹے ٹکڑے کر کے قرب وجوار کے زمیندارون یا اسامیون کو یا کسی شخص کو جو ضروری
ضمانت دیدے کاشت کے لیے دین۔ چنانچہ علاقجات خانذاتی کے منتظمون نے
اس قسم کی آزمایش کی ہے اور جو اراضی پٹہ یا ٹھیکہ پر دی گئی ہے اُسکے رقبہ کو ۱۲۷۸۲
ایکڑ سے بڑھا کر ۲۰۹۷۶ ایکڑ کر دیا ہے۔ اور اس انتظام کا نتیجہ لائق اطمینان ہوا ہے
یعنے اسکی وجہ سے بعض علاقون کی آمدنی مین فی صدی تین پونڈ کی افزونی ہوئی ہے
اور ایک علاقہ ایسا ہے جسکی آمدنی مین پرانے قاعدے کے موافق کمی پڑتی تھی مگر اب وہ
فی ایکڑ تیس شلنگ کے حساب سے پٹہ پر دیا گیا ہے۔ جن علاقون کو پٹہ پر دینا مناسب نہین ہے
اونکے واسطے اور شکر بنانے اور روئی صاف کرنے کے کارخانون کے لیے بھی ایک نیا
قاعدہ جاری کیا جاے جسمین بڑی صفت یہ ہو کہ بڑے بڑے اہلکار باحتیاط تمام
منتخب کیے جائین اور اُنسے یہ وعدہ کیا جاے کہ اگر تمھاری خوش انتظامی سے تمھارے
زیر انتظام علاقہ یا کارخانہ کے منافع مین کچھ ترقی ہوگی تو اُسمین تمکو بھی حصہ ملیگا تاکہ اُنکو
کوشش بلیغ کرنے کی ترغیب ہو۔ دائرہ سنیہ کے ایک علاقہ ارمنت نامے مین جو مصر شمالی
مین ہے یہی اصول اختیار کیا گیا ہے اور مین اپنے تجربہ ذاتی سے بیان کرتا ہون کہ اس
اصول کا اثر بہت عمدہ ہوا ہے یعنے اسکے سبب سے اُس علاقہ کے سربراہ کار مین

سرگرمی اور دور اندیشی پیدا ہوئی ہے اور اسکی قوت موجدہ زیادہ ہوگئی ہے - فی الواقع ایک فقط اسی علاقہ کے سربراہ کار کو مین نے دیکھا ہے کہ ایمانداری اور احتیاط سے کام کرتا ہے اور اپنی تمام عقل و جودت کو اُسنے اس مسئلہ کے حل کرنے مین صرف کر دیا ہے کہ آمدنی کیونکر بڑھائی جاے اور خرچ کیونکر گھٹایا جاے گویا کہ وہ اپنے کسی اہم ذاتی کام کا انتظام کر رہا ہے سربراہ کار موصوف ایک فرانسیسی اہلکار ہے اور اسکا نام ایم بلن ہے اور اسکا پیشہ انجنیری ہے اور اسکا خاص کام یہ ہے کہ شکر کے کارخانہ کا انتظام کرتا ہے اور دود کش کلون کی نگرانی کرتا ہے اور چونکہ وہ خوب جانتا ہے کہ کارخانۂ مذکور کی آمدنی کا دار و مدار گنّے کی کثرت اور عمدگی پر ہے لہذا وہ ہمیشہ اُس شخص کو مدد دیا کرتا ہے جو گنّے کی کاشت کی نگرانی کرتا ہے - مین ان واقعات کو اسلیے بیان کرتا ہون کہ مصر مین ایسا اہل کار عنقا ہے جو اپنے کام پر صرف توجہ تام ہی نہین رکھتا ہے بلکہ اپنے ان ہم منصبون کو بھی مدد دیتا ہے جنکا کام خود اسکے کام سے تعلق رکھتا ہے -

چونکہ دائرہ سنیہ اور علاقجات خاندانی کے قرضہ کا سود بلا ناغہ ادا کرنے کی ذمہ دار مصر کی گورنمنٹ ہے لہذا ان دونون کی آمدنی مین جو کچھ کمی پڑتی ہے وہ بھی اسکو دینی پڑتی ہے اور چونکہ بالفعل گورنمنٹ کو رکو آمدنی اور خرچ مین عموماً مساوات قائم رکھنا کسیقدر دشوار معلوم ہوتا ہے لہذا القاہرہ کے اہلکاران سرکاری مین جابجا اس بات کا چرچا رہتا ہے کہ خزانہ کو اس بار عظیم سے سبکدوش کرنے کی کیا تدبیر کیجاے بعض حکام کی راے یہ ہے کہ اُس قسم کی اصلاحین جیسی مین نے سابق مین بیان کین تدریجاً عمل مین لائی جائین اور بعض کی راے یہ ہے کہ ان اراضیات کو فروخت کر کے فوراً سارا قرضہ ادا کر دیا جاے چنانچہ ایک تجویز اسلیے پیش ہو چکی ہے کہ علاقجات خاندانی کا قرضہ اسی طریقہ سے ادا کیا جائے جن افسران مال کو اس کام مین شریک ہونے کی توقع ہے انکو تو یہ تجویز خواہ مخواہ اچھی ہی معلوم ہوگی لیکن قطع نظر اسکے اس تجویز سے فی نفسہ بھی

بعض فوائد عظیمہ متصور ہین - اگر اس تجویز کی عملدرآمد مین کامیابی ہو یعنے اگر اراضیات مذکورہ اتنی قیمت پر فروخت ہوسکین جو پورا قرضہ ادا کرنے کے لیے کافی ہو تو گورنمنٹ آیندہ کی ذمہ داریون سے بری ہوجائیگی اور اراضیات سرکاری کا ایک بہت بڑا رقبہ جب اور لوگون کا مال ہوجائیگا تو اُسکی پیداوار مین یقیناً بہت افزونی ہوگی لیکن بہت سے موانع رفع کرنے پڑینگے تب یہ تجویز موثر ہوگی - فی الحال مصر مین ایسے لوگ بہت نہین ہین جو اراضی کی قیمت واجبی دیکر خریدنا چاہتے ہون اور جو کچھ لوگ اراضی کے ایسے شائق ہین بھی تو انکے پاس اتنا روپیہ نہین ہے کہ اُسکو خرید سکین - ان دقتون کے رفع کرنے کے لیے ایک مہاجن نے یہ اقرار کیا ہے کہ ان اراضیات کے لیے مین ایسے خریدار پیدا کرونگا جو سرکاری تخمینہ کے موافق انکی قیمت دیکر خرید لینگے مگر شرط یہ ہے کہ مجھکو فی صدی دو پونڈ بابت حق کمیشن کے ملے خواہ یہ اراضیات میری معرفت فروخت ہون خواہ میرے واسطہ سے نہ فروخت ہون مگر لطف یہ ہے کہ اگر وہ اس اقرار کو پورا نہ کر سکے تو روپیہ کا ذمہ دار نہوگا) اور ایک فرانسیسی بنک نے وعدہ کیا ہے کہ جب سرکار کو منظور ہو زرِ رہن مین سے فیصدی ساٹھ پونڈ اس جایداد کی ضمانت پر ہمسے لے مگر جتنے سود پر سرکار کو اس کام کے لیے یورپ مین روپیہ مل سکتا ہے اُس سے فیصدی ایک پونڈ ہم زیادہ لینگے - اگر یہ کام چل جاے تو اسکا نتیجہ عملی یہ ہوگا کہ علاقجات خاندانی کا قرضہ ادا ہوجائیگا اور گورنمنٹ مزید ذمہداری سے بری ہوجائیگی لیکن اگر ادا ہوگا تو گورنمنٹ کا قرضہ ادا ہوگا - ملکی قرضہ جو غیر ملکون سے لیا گیا ہے وہ تو کم نہوگا کیونکہ اس ملک (مصر) کے لوگون پاس اتنا فاضل روپیہ نہین ہے کہ اراضیات مذکورہ کی بابت ادا کرین لہذا بنک موصوف نے جو پیام بھیجا ہے غالباً وہ قبول کرلیا جائیگا جس سے یہ لازم آتا ہے کہ تقریباً فیصدی ساٹھ پونڈ منجملہ اُس قرضہ کے جو ادا کیا جائیگا غیر ملک کے بازارون مین کسیقدر مختلف پیرایہ مین ظاہر ہوگا یعنے ایک جدید کمپنی مرتہن اراضی بلا شرکت گورنمنٹ بنک موصوف کے زیر سایہ پیدا ہوجائیگی - اس بحث

کا تصفیہ کرنے کی جرأت مجھ مین نہین ہے کہ ارضیات مذکورہ کی قیمت مین جو فی صدی
چالیس پونڈ کی کمی پڑیگی آیا مصر کی رعایا کے روپیہ سے وہ کمی پوری ہوسکیگی یا نہین حالانکہ
اسکام مین کامیاب ہونا خاصکر اسی بحث کے تصفیہ پر موقوف ہے۔ بعض حضرات نے
مجھ سے فرمایا ہے کہ جن کسانون سے اسمٰعیل پاشا نے انکی اراضیات چھین لی تھین انکو
اور سود خورے مہاجنون کو مدد دیجائیگی کہ اپنی ارضیات قدیم پر دوبارہ قبضہ حاصل کرین
یا ارضیات جدید حاصل کرلین۔ مگر جو کیفیت مجھکو مشرقی مدبران مال کی عموماً معلوم ہے اور
وزراے مصر کی حقیقت اور انکی لیاقت و قابلیت کی جسقدر کیفیت مین جانتا ہون اُسکی
رو سے تو ایسے اقرارون کے پورا ہونے مین ذرا مجھکو شک ہے اور مجھکو یہ اندیشہ ہے
کہ اس کام سے جو کچھ فائدہ ہوگا مصر کے منتظمان مال اور انکے شرکا کو ہوگا کاشتکارون
یا خزانہ عامرہ کو خاک بھی فائدہ نہوگا فقط

# باب یازدہم

## جو مسئلہ تحقیق پیش ہے اُسکو حل کرنے کی ترکیب کے بیان مین

مصر کے معاملہ مین تو ہمنے خوب چکر لگائے اور اُسکے ہر ایک کوچہ بلکہ اُسکے کونہ کونہ کو خوب جی بھر کے دیکھ لیا۔ الحمد للہ گھوم گھام کر اب منزل مقصود کے قریب ہم پہونچتے جاتے ہین۔ ناظرین نے ہمارے حال پر بڑی عنایت کر کے اور ہماری خاطر سخت زحمت گوارا کر کے یہان تک تو ہمارا ساتھ خوب دیا اب ہم اُنکو بشارت دیتے ہین کہ اس بلندی پر ہم پہونچ گئے ہین جہان سے ہمنے وعدہ کیا تھا کہ اُنکو مصر کی ساری سیر کھا دینگے۔ اگر ناظرین مزید عنایت ماضی اور حال پر نظر کرین یعنے جو حالات سابق مین بیان ہو چکے ہین اُنکو اور جو احوال آیندہ بیان کیا جاتا ہے اُسکو ملاحظہ کرین تو بندہ اُنکی خاطر سے مخبری کرنے کو بھی موجود ہے یعنے اُنکو وہ چیزین دکھاؤنگا جو فی الواقع دیکھنے کے قابل ہین اور اُنکی کیفیت بھی کچھ عرض کرونگا اور کچھ اپنی راے ناقص بھی اُنکی نسبت بیان کرونگا۔ مگر پیشتر چند کلمات بطور تمہید کے عرض کرتا ہون۔

ناظرین تمکین کی خدمت مین التماس ہے کہ اس بلندی پر ہم اُنکو صرف اسلیے نہین لائے ہین کہ اِدھر اُدھر خوب گھور گھور کر دیکھین یا جو دلچسپ تماشا اُنکو اس بلندی پر سے دکھائی دے اُسکو دیکھکر چپکے ہو رہین۔ بلکہ ہم اُنکو اس ٹیلہ پر اس غرض سے چڑھا لائے ہین کہ (حاکمانہ حیثیت سے غور کرنا تو بیخبری ہے کیونکہ یہ کام پارلیمنٹ اور وزراے انگلستان کا ہے اور ہم نہ کوئی ممبر پارلیمنٹ ہین نہ کونسل وزرا کے ممبر ہین) اپنے تئین غریب رعیت ہی سمجھکر اپنے دل مین غور کرین کہ گورنمنٹ انگلشیہ کو مصر کے باب مین کیا کرنا چاہیے۔ اب

سفر مین مین نے جہان جہان گشت کی ہے یہی امر میرے مدنظر ہمیشہ رہا ہے یعنے غریب فلاحون کے کلبہ احزان مین اور ذی شعور لوگ اور صاحب حکومت پاشا کی صحبت مین بھی یہی خیال مجھکو ہمیشہ دامنگیر رہا ہے۔ اگر مین نے اپنے اس خیال کو اپنے رفیقان ہم سفر سے مکرر و متواتر بیان کر کے اُنکا بار خاطر نہین کیا ہے تو اسکا سبب یہ ہے کہ مجھکو یہ منظور نہ تھا کہ اُنکی رائے مین تعصب آجائے اور جو متفرق واقعات مین اُنسے بیان کرون اُنکو بے سمجھے بوجھے وہ نتیجے نکالنے لگین۔

ہم مصر مین گئے اور وہان سے اور ہمارے وہان رہنے سے یہ قیاس ہوسکتا ہے کہ ہمکو وہان کچھ کام ہوگا۔ خیر اس کام کو تو پیچھے دیکھ لینگے پہلے اپنے راہ داری کے پروانون کو تو دیکھ لین۔ اس تجویز کو شاید انگریز لوگ عموماً نہ پسند کرین کیونکہ اُنکا قاعدہ ہے کہ راہ داری کے پروانون سے بلکہ ہر قسم کی اجازت راہ داری سے چڑھتے ہین اور کہتے ہین کہ انگریزون کی قوم ایک آزاد منش قوم ہے انگریز کا جہان جی چاہے جائے اور جو چاہے کرے۔ اُسکی آمد و رفت پر کوئی قید لگانا بیعقلی ہے اور اُسکے امور مین پولیس کیا دست اندازی کرسکتا ہے۔ علی الخصوص اس زمانہ مین تو ایسے قاعدہ کی پابندی کرنی بعض حضرات کو ایک محض لغو اور مہمل حرکت معلوم ہوگی اور وہ کہین گے کہ یہ لکیر کا فقیر بنا کیا معنے۔ اب بھلا اہل پولیس کی یہ مجال ہے کہ انگریز کو مصر مین روکین یا اُس سے مزاحمت کرین۔ شاہزادہ بسمارک صرف ہمسے موافق ہی نہین ہے (اور ہم خوب جانتے ہین کہ اُسکا موافق ہونا سب سے بڑا قانون ہے) بلکہ وہ ہماری آمد و رفت کو بھی بالطبع پسند کرتا ہے اور وہ ہر آن دنیا پر بالفعل وہی حکومت کر رہا ہے یا اقل مراتب مقدمۃ الجیش بنا ہوا ہے۔ پس اگر کوئی احمق ہم سے پوچھے کہ تم کسکی اجازت سے یہان (مصر مین) آئے ہو تو اتنا کہدینا کیا مشکل ہے کہ تم کون ہمارا جہان جی چاہے جائین اور جہان جی چاہے رہین۔ یہ تو صحیح ہے کہ کسی کی یہ مجال نہین ہے کہ ہمسے راہ داری کا پروانہ طلب کرے یا معاذ اللہ ہمکو کسی حاکم پاس پکڑ لیجائے

کہ یہ شخص ناجائز طور سے ہمارے ملک مین گھس آیا ہے - تاہم اس مثل پر ہمکو گھمنڈ کرنا چاہیے
کہ "جسکی لاٹھی اُسکی بھینس" "جسکی تیغ اُسکی دیغ" انگلستان اسوقت اور ملکون مین
وہ مرتبہ رکھتا ہے جو اگلے زمانہ مین فریسی قوم یہود مین رکھتا تھا اور فریسی
بھی وہ ذلیل و حقیر اور ریاکار فریسی نہین جو اپنے تئین اپنے ہمچشمون سے ناحق و
ناروا بہتر سمجھتا ہے بلکہ سچا اور پاک اعتقاد فریسی جسکو لوگون نے ناحق بدنام کیا ہے
اور جسکو دل سے یہ اعتقاد ہے کہ دور لوگون سے مین کہین زیادہ متقی و پرہیزگار ہون
اور جو خدا کا شکر بجا لاتا ہے کہ مین اور گناہگارون کی طرح معصیت مین آلودہ نہین ہون
مین کہتا ہون کہ جس ملک کو خدا نے یہ رتبہ عطا کیا ہو اسکو یہ لازم نہین ہے کہ جو رواسم
قومون کو ایک دوسری کی نسبت برتنے چاہیین اور جو (مثل قانون قدرت کے)
تغیر پذیر نہین ہین اُنکی بے ادبی اور خلاف ورزی کرکے یورپ کی شریر سلطنتون کو جو
نہ خوف خدا رکھتی ہین نہ پاس خلق ایک خراب نمونہ دکھائے جو لوگ اپنے تجربہ کار ہونے پر
ناز کرتے ہین اور اپنی تجربہ کاری کے غرہ مین نہین معلوم کیا کیا شرارتین کرتے ہین
(اگر اسوقت بدذاتیان کرتے ہین جبکہ پولیس کے سپاہی کی نگاہ اُنپر نہین ہوتی
ہے) اُنسے میری گزارش یہ ہے کہ یہ کلیہ جو آپ نے سنا ہو کہ ایمانداری سے بہتر
کوئی حکمت عملی نہین ہے جسکی تعمیم پر مین سابق مین جرح کر چکا ہون اس مقام پر
خوب صادق آتا ہے - چند ہی سال کا عرصہ گذرا ہے کہ ہمنے ایمان کے گلے پر چھری
پھیر کر اور نہین معلوم کس عوض مین آکر جزیرہ سائپرس (صنوبر) کو لے لیا اور اسکو
دولت عثمانیہ سے جدا کر لینے سے اس مفید کاہیہ مین فتور ڈالا جو مدبران ملک مین مشہور ہے
اور جسکا مفاد یہ ہے کہ دولت عثمانیہ کی سلامتی مین خلل نہ ڈالنا اور اسکو پارہ پارہ کر دینا
بالکل خلاف عقل اور خلاف مصلحت ہے - آخر ہمنے اس گناہ کی سزا پائی اور غالباً کسی قدر ہم
اسکی سزا پاتے رہینگے کیونکہ فرانسیسی صوبہ ٹیونس کو لے چکے ہین اور ہمارا مطبوع عثمانی بھی

پیدا ہو چکے ہین گو کوتاہ بینون کو اب تک نہین دکھائی دیتے۔

پس سب سے پیشتر ہمکو یہ لازم ہے کہ اپنے راہداری کے پروانہ کو غور سے دیکھ لین اور اگر اُسکو ناقص پائین تو سب سے پہلے مصر مین یہ کام کرین کہ وہان سے بہت جلد نکل جائین۔ خیر۔ اُس پروانہ کو خوب غور سے دیکھ لینا چاہیے کیونکہ یہ ممکن نہین ہے کہ اُسکی وہی صورت ہے جو عموماً اس قسم کے پروانون کی ہوا کرتی ہے ہمنے کچھ ایسے مخصوص حالات مین مصر مین جانا اختیار کیا تھا کہ یورپ کے تمام دفترہاے وزارت مین تلاش کرتے کرتے حیران ہو جائیے مگر کوئی مناسب جملہ ہمارے پروانہ راہداری کے لیے ہرگز نہ ملیگا جب برلن کانفرنس (سفیران یورپ کی کونسل) منعقد ہوئی تھی اسوقت اطالیہ کی گورنمنٹ نے شاہزادہ بسمارک سے یہ استدعا کی تھی کہ ایک قسم خاص کا پروانہ راہداری ہمارے لیے ایجاد کر کے ہمکو عنایت کیجیے مگر اُسنے صاف انکار کیا۔ کیونکہ اسوقت مدار المہام سلطنت جرمنی (بسمارک) اس عذاب مین پڑا ہوا تھا کہ سرخود ڈپٹیون اور انتخاب کنندون کو لاکھ ٹھیک بناتا تھا مگر وہ کسی طرح ٹھیک ہی نہ بنتے تھے۔ اور اُسکو اس کام سے اتنی مہلت نہ تھی کہ نئے نئے مدبرانہ جملے ایجاد کرتا یا غیر ملک کے لوگون کو راہداری کے پروانے بنا دیتا کہ وہ دنیا بھر مین گھومتے پھرتے۔ اس فعل کے نتائج کے ادراک سے چشم حقیقت بین بھی عاجز تھی۔ جو منصب ہماری قوم (انگریز) مصر مین رکھتی ہے اسکا قیاس ان سنگین حملون سے نہین ہو سکتا جو دفترہاے وزارت مین تراشے گئے ہون، بلکہ قومون کے باہمی منصفانہ تنازع کے وسیع اصول اور عقل سلیم کے موافق اُسکو قیاس کرنا چاہیے پس اس منصب کے تحقیق کرنے کے لیے ہمکو وہ حالات مخصوصہ یاد کرنے چاہیین جو مصر مین ہمارے جانے کے باعث ہوے

ہمکو یہ تحقیق کرنا کچھ ضرور نہین ہے کہ آیا سفیران ممالک غیر کی تحریک سے مصر مین بغاوت ہوئی تھی فی الواقع یہ مضمون عجیب غریب اور دلچسپ ہے اُسکو مین آیندہ شاید شرح و بسط سے بیان کرونگا مگر اس مقام پر وہ خارج از بحث ہے۔ بغاوت چاہے کسی سبب سے

ہوئی ہو مدت قلیل مین خطرناک حدتک پہونچ گئی اور اہل یورپ کو اُس سے ایسا خوف پیدا ہوا
کہ سواے سلطان روم کے سب پادشاہان یورپ نے بالاتفاق تجویز کیا کہ اِس فساد کو
بزور شمشیر رفع کرنا واجب ہے۔ یہ سچ ہے کہ حضرت سلطان المعظم نے بارہا یہ اعلان فرمایا
کہ القاہرہ اور اسکندریہ مین امن و امان ہے اور بدولت کے ظل عاطفت اور
کنف حمایت مین سارا انتظام خودبخود درست ہو جائیگا بلکہ جب اسکندریہ مین قتل عام ہو چکا
اور رغیب پاشا کی وزارت چند روزہ قائم ہوئی تب تک سلطان اپنی گایا کیے
اور حق ناحق بھی مصر کی خیر منایا کیے۔ مگر انکی نغمہ سرائی کو سفیران یورپ نے کانفرنس مین
جمع ہو کر کچھ بھی نہ سنا۔ یہان تک کہ ویانا اور برلن کے وزرا نے بھی اب اس راے سے
اتفاق ظاہر کیا کہ اِس فساد کو بزور شمشیر مٹانا چاہیے حالانکہ انھین کے سفیران متعینہ
اسکندریہ کی اعانت سے رغیب پاشا کی وزارت قائم ہوئی تھی۔ اب صرف یہ امر طے ہونا
باقی تھا کہ لڑائی کی ابتدا کسکی طرف سے ہو۔ الغرض بعد قیل و قال بسیار یہ قرار پایا کہ چونکہ
والی ملک سلطان روم ہین لہذا اُنسے التماس کیا جاے کہ ابتدا آپ ہی کی طرف سے
ہونی چاہیے مگر سلطان روم نے اس امر کو ہرگز نہین منظور کیا اور اسکے وجوہ سابق مین
بیان کیے گئے۔ سلطان ہنوز اسی پیش و پنج مین تھے کہ اسکندریہ پر بم کا گولہ برسنے لگا اور
گورنمنٹ انگلشیہ نے صاف صاف کہدیا کہ اِس غدر کو دفع کرنے مین ہم سابق سے بھی یاد
کرینگے جب یہ امر لارڈ ڈفرن نے کانفرنس مین بیان کیا تو اُنکے ہم منصبون مین سے
کسی نے چون بھی نہین کیا گو تھوڑی دیر کے بعد سفیر روس نے مقابلہ پر کچھ آمادگی ظاہر کی
مگر اسکی غرض یہ تھی کہ ایک قسم کی نظارت پادشاہان یورپ کی قائم کیجاے جو مصر مین
غیر قوم کی عملداری نہونے دے یہ مطلب اُسکا ہرگز نہ تھا کہ انگلستان کو مصر مین امن و امان
دوبارہ قائم کرنے سے مانع ہو یورپ کی سب سلطنتون کو خوب معلوم تھا کہ سلطان روم
باغیون سے ملے ہوے ہین اور اب تک حیلہ حوالہ کر رہے ہین پس اگر اس فساد کو رفع کرنا

اُسپر موقوف رکھا جاے تو ہمکو مدت تک انتظار کرنا پڑیگا اور جب ہم مصر مین دوبارہ انتظام کرنا اور ترکون کی فوج کو وہان سے نکالنا چاہینگے تو غالبًا ہمکو نئی نئی اور بڑی بڑی دقتین پیش آئینگی - اگرچہ یورپ کی سلطنتون نے انگلستان کی کارروائی کو ضمنًا منظور کرلیا مگر انگلستان کی شرکت پر کوئی سلطنت ذرا بھی نہین مائل ہوئی - یہ مین نہین کہہ سکتا کہ مخالف فریقون کے باہمی جھگڑون سے یا جرمنی کی حملہ آوری کے خوف سے فرانس گھبرا گیا تھا یا اُسنے اس خیال سے اس معاملہ مین نہین دخل دیا کہ جب یہ فساد آگے بڑھے اور اُسوقت ہم اسمین دخل دین تو ہمکو زیادہ فائدہ ہوگا - مگر مین یہ جانتا ہون کہ فرانس نے انکار قطعی کیا کہ ہم اس معاملہ مین کسیطرح دخل نہ دینگے اور اطالیہ نے بھی اُسکی تقلید کی - اور کسی سلطنت کی کوئی ایسی غرض مصر سے متعلق نہ تھی کہ خواہ مخواہ اس معاملہ مین دخل دیتی - الغرض - یورپ کی سب سلطنتین خاموش ہوکر تماشا دیکھنے لگین اور تن تنہا انگلستان کو مصر مین دوبارہ انتظام قائم کرنا پڑا اور یہ فعل اُسنے سب سلطنتون کی ضمنی رضامندی سے کیا لہٰذا کوئی سلطنت مصر مین ہمارے (انگریزون کے) ہونے کی شکایت نہین کرسکتی ہے نہ کسیکو وہان سے ہمارا اخراج منظور ہے -

لیکن یہ امر مورد نزاع ہے کہ ہمارا قیام اُس ملک مین کتنی مدت تک ہوگا - سب غیر ملک کے لوگون کو ایک وقت معین محدود تک وہان قیام کرنے کی اجازت ملی ہے پھر جو پروانہ قیام ہم لوگون کو ملا ہے کیا اُسمین کوئی فقرہ اس مضمون کا نہین ہے؟ - جہان تک مین خیال کرتا ہون ایسا کوئی فقرہ ہمارے پروانہ قیام مین نہین ہے - جب مین نے اس پروانہ کو پڑھا تو اس قسم کی کوئی قید اسمین مندرج نہین دیکھی بلکہ یہ معلوم ہوتا تھا کہ انگلستان کے دفتر دول خارجیہ سے یہ پروانہ صادر ہوا ہے -

لیکن اب ہم پوچھتے ہین کہ جو وعدے مسٹر گلیڈسٹن اور دیگر وزراے انگلستان وقتاً فوقتاً کرتے رہے ہین آخر انکا کیا انجام ہوگا؟ یہ سوال مجھکو ذرا مشکل معلوم ہوتا ہے کیونکہ جہان تک

مین واقف ہون یہ وعدے کبھی کسی کتاب مین نہین تحریر کیے گئے پس ممکن ہے کہ انمین سے بعض وعدے ایسے ہون جنکو مین نہ جانتا ہون جن وعدون سے مین واقف ہون وہ تین ہین اول یہ کہ انگریزی فوج مصر مین چند روز کے لیے ہے اور عرصہ تک بلا ضرورت نہ رہیگی۔ دوم یہ کہ مصر کا انتظام ایسا درست کیا جائیگا کہ آیندہ ہمیشہ امن وامان رہے۔ سوم یہ کہ رعایا کے اختیارات ملکی دوراندیشی کے ساتھ وسیع کیے جائینگے۔

ان وعدون کو مین نے تاریخ وار یا ترتیب منطقی سے نہین درج کیا ہے بلکہ جسطور سے انکو منقول پایا اُسیطور سے مین نے بھی لکھدیا۔ چونکہ ان وعدون کا ذکر وہ لوگ اکثر کیا کرتے ہین جنکو اس امر کے تصور سے گویا تپ چڑھتی ہے کہ مصر مین غیر ضروری ذمہ داریان اختیار کرنے کا دیکھیے کیا انجام ہو یا جو کسی اور وجہ سے یہی چاہتے ہین کہ انگریزی فوج اس ملک سے حتی الامکان بہت جلد برخاست کیجاے لہذا جو وعدہ ہمکو اکثر یاد دلایا جاتا ہے وہ یہ ہے کہ فوج انگریزی کا قیام مصر مین چند ہی روز رہیگا۔ مگر میری دانست مین اہم وضروری ہونے کے اعتبار سے یہ وعدہ سب سے مؤخر ہونا چاہیے مثلاً فرض کیجیے کہ کوئی بڑا معزز ڈاکٹر جسکو اپنی نیکنامی کا خیال ہو کسی مریض سے یہ وعدہ کرلے کہ جب تک اس بیماری سے نکس کرنے کا خوف بالکل نہ جاتا رہیگا اُسوقت تک مین تمھارے ساتھ رہونگا اور وہ بیک پسندیدہ طریقہ سے اُس بیماری کا علاج کرے اور یہ بھی فرض کیجیے کہ وہ بقراط زمان و جالینوس دوران جب اپنے گھر سے چلنے لگا تھا اسوقت اُسنے یہ وعدہ کیا تھا اور جب اسکو اپنے گھر مین کوئی خط بھیجنے کی ضرورت ہوتی تھی تو اُس خط مین اپنی میم صاحبہ سے جو ذرا نازک مزاج اور بکی اور خفقانی آدمی تھین یہی وعدہ کرتا تھا کہ مین بہت جلد واپس آکر تم سے ملونگا خاطر جمع رکھو۔ پس سنجیدہ اور منصف مزاج آدمیون سے مین پوچھتا ہون کہ آپکے نزدیک ان دونون مین سے کونسا وعدہ زیادہ اہم ہے آیا وہ وعدہ جو اس ڈاکٹر نے مریض اور اسکے احباب سے کیا تھا یا وہ وعدہ جو اُسنے اپنی بکی اور خفقانی بی بی سے کیا تھا اور

علاج کے زمانہ مین اسکو کسی عمدہ کا زیادہ خیال رکھنا چاہیے تھا۔ اگر اس ڈاکٹر نے مریض کی فصد لیکر اسکو کمزور کر دیا ہوا ور اسکی معمولی غذا بھی ترک کرا دی ہوا ور ہنوز اسکو دوا دینی شروع بھی نہ کی ہو کہ ضد اپر اور اتارہی ڈاکٹرون پر اسکو چھوڑ کر سیدھا اپنے گھر کو دوڑا جاے تاکہ اسکی بکی اور خفقانی بیبی کے خفقان مین سکون ہو حالانکہ اسکے خفقان سے اور کوئی اندیشہ نہو بجز اسکے کہ جو لوگ اسکے ساتھ رہتے ہین وہ اسکی خفقانیت سے تنگ آجاتے ہون تو ایسے ڈاکٹر کو کیا کہیے گا؟ میری دانست مین ایسے ڈاکٹر کو سخت سست کہنا جائز ہے۔ علی ہذا القیاس اگر گورنمنٹ انگلشیہ بعض بکی اور خفقانی آدمیون کے شور وغل سے تنگ آکر مصر کے انتظام کو ادھورا چھوڑ کر چلی آئے یا ان وسائل کو استعمال مین نہ لائے جنپر کامیابی موقوف ہے تو اسکو بھی ایسے ہی درشت کلمات کہنا روا ہے۔ اگر ہمکو مصر کا انتظام ہمیشہ کے لیے درست کر دینا منظور نہ تھا تو ہم وہان گئے کیون؟ — اگر ہمکو وہان ویسی حکومت قائم کرنی نہین منظور تھی جو فی الواقع عمدہ و مفید خلائق ہو تو پھر ہمنے قومی فریق کو کیون فنا کر دیا حالانکہ جب خدیو کو ہمنے دوبارہ مسند حکومت پر بٹھایا اسکی بہ نسبت تو قومی فریق ہی سے زیادہ امید اس بات کی تھی کہ کسی قسم کا انتظام تو اس ملک مین قائم رکھیگا۔ اگر ہماری نیت مین یہ تھا کہ مصریون کو کھاری کنوئین مین ڈالکر اور انکی تقدیر پر چھوڑ کر چلے آئین تو پھر ہمنے اس کارروائی مین کیون دخل دیا اور بارود مین کیون چنگی ڈال دی۔ اگر ہمکو مصر مین کوئی کار نمایان کرنا منظور نہ تھا تو پھر ہمنے دورویہ نظارت کو موقوف کرکے فرانس کو کیون ناحق آزردہ کیا؟ سال گذشتہ مین جب ہمنے عرابی کی حکومت کو خاک مین ملا دیا اور جب اسکندریہ پر تاخت و تاراج کیا گیا اس سے پیشتر ہی ہمکو یہ سوچ لینا چاہیے تھا کہ آیا ہمکو مصر کا انتظام درست کرنے کا کام اپنے ذمہ لینا چاہیے یا نہین؟ اگر اب ہمکو اپنے اس فعل سے ندامت ہوئی تو بیکار ہوئی

ع اب پچھتائے کیا ہو جب چڑیان چگ گئین کھیت۔ اب ہمکو یہ خیال کرنا محض حماقت

کہ اپنے فرائض اور ذمہ داریون کو تو بالائے طاق رکھین اور پھر ہماری بے لوثی اور
فیاضی بھی ساری دنیا مین مشہور ہو جاے۔ جو شخص کسی عالیشان عمارت کو منہدم کرکے
اپنے دل مین نادم و پشیمان ہونے لگے اور اُسکو دوبارہ بنانے مین جو دقتین اور خطرے
لامحالہ پیش آتین اُنسے اپنی جان چُراتے وہ نیکنام نہین مشہور ہو سکتا بلکہ اگر وہ بُرا بزدل
اور نامرد مشہور کیا جاے تو بیجا ہے۔ مصر کو تو ہمنے خواب ہی تباہ و برباد کیا۔ مین اسکندریہ
کی عمارات عالیشان کا ذکر نہین کرتا جو ہماری گولہ باری سے خاک سیاہ ہو گئی ہین
حالانکہ جب تک ہمارے جنگی جہازون نے وہان جاکر اپنی عظمت و جبروت کا اظہار
نہین کیا اُسوقت تک اسکندریہ بھی ایک نہایت عمدہ اور آباد شہر ساحل بحیرۂ روم پر تھا
بلکہ میری مراد یہ ہے کہ ہمنے مصر کے قدیم طرز حکمرانی کو بالکل نیست و نابود کر دیا اور کل انتظام کو
تہ و بالا کر دیا۔ شاید کوئی صاحب یہ فرمائین کہ عربی اور اُسکے رفقا نے مصر کو تباہ و برباد
کر دیا ہے نہ ہمنے کیا۔ مین اس قول سے انکار قطعی کرتا ہون۔ یہ سچ ہے کہ عربی اور اُسکے
رفقا نے چند مدت تک نہایت خطرناک غدر برپا رکھا مگر اُنھون نے ہماری طرح مصر کی
بیخ کنی نہین کی۔ اگر ہم اُنکو اُنھین کے حال پر چھوڑ دیتے تو وہ کسی قسم کی سلطنت مطلق العنان
ضرور قائم کر لیتے خواہ اُسمین باقاعدہ حکومت کے لوازم ظاہری پائے جاتے خواہ نہ پائے
جاتے۔ اور شاید چند مدت کے بعد رعایا کو بھی اس قسم کی آزادی حاصل ہو جاتی جسکو مشرقی
لوگ یا اہل مصر آزادی سمجھتے ہین محمد علی کے زمانہ سے بلکہ شاید اُس سے پیشتر بھی کوئی شخص
مصر مین ایسا نہین گذرا تھا جو خلائق کے قلوب پر ایسا محیط ہو جیسا عربی تھا کیونکہ صرف
فوج اور پولیس ہی اُسکے قابو مین نہ تھا کہ وہ جتنا چاہتا تھا دھمکا لیتا تھا بلکہ مصری
رعایا کا تقریباً ہر فرقہ اُسکا غمخوار و غمگسار تھا جیسا سابق مین بیان کیا گیا۔ مجھکو گمان ہے کہ
بعض سفیران یورپ نے یہ بات مشتہر کر دی ہے کہ عربی صرف ایک طامع افسر فوج تھا اور مصری
رعایا اسکی طرفدار ہرگز نہ تھی اور مصر کے مسئلہ کو حل کرنے کی صرف یہی تدبیر تھی کہ عربی اور اُسکے

شرکا رکو گولی ماردی جاتی یا پھانسی دیدی جاتی - اب یہ قول لائق تسلیم نہین باقی رہا ہے
البتہ عربی اس معنی سے تو بیاکل مطاع تھا جس معنی سے محمد علی پاشا تھا جو اُس سے
کہین بیشتر گذرا تھا اور اگر جیسے ہی اُس سے بغاوت کے آثار ظاہر ہوے تھے ویسے ہی وہ
جلاوطن کردیا جاتا یا قتل کیا جاتا تو یہ ملکی جھگڑا مدت مدید تک نہونے پاتا - مگر یہ کسنے منع کیا تھا
کہ وہ سیدھے سادے مشرقی طور سے نہ اُڑا دیا جاوے - سفیر انگلستان نے منع کیا تھا اور
بیشک اپنی گورنمنٹ کی ہدایت کے موافق منع کیا تھا - ابتدا مین تو ہمنے خدیو کو عربی سے اپنا
پیچھا نہ چھڑانے دیا - پھر جب قومی فریق ظفریاب ہوا تو ہمنے عربی کو خدیو سے اپنا پیچھا
نہ چھڑانے دیا - اور آخر کو جب خدیو دوبارہ مسند حکومت پر بٹھایا گیا تو ہمنے اُسکو وہ سختی نکرنے دی
جو سب منصف مزاج مصریون کے نزدیک اسلیے ضرور تھی کہ اُسکا رعب و دبدبہ لوگون پر ہوجاے
اسکی تفصیل آئندہ بیان کی جائیگی - جب سے ہمارا دخل مصر مین ہوا ہے ہمنے خدیو کو مجبور کرکے
ایک فیاض بادشاہ کا کام اُس سے اس معنی سے لیا ہے جو لفظ "فیاض" کے معنے ہمارے
نزدیک ہین اور ہمنے وزیر صیغۂ داخلیہ سے ایک فرمان مشعر موقوفی سزاے قرباش
(کوڑا) زبردستی جاری کرایا ہے - خلاصہ یہ ہے کہ ہمنے قدیم بنا حکومت کو کسی قدر تو منہدم
بھی کردیا ہے مگر بالکل ضعیف اور مضمحل کردیا ہے لیکن اسکے بدلے کیا انتظام جاری کیا ہے
صرف اتنا انتظام کیا ہے کہ چند عہدہ داران و اہلکاران انگریزی کو مقرر کردیا ہے جنکو ہمیشہ
یہ شکایت رہتی ہے کہ ہمکو کوئی کارروائی کرنے کا اختیار نہین دیا گیا ہے اور چند غیر ملک کے
آدمیون کا پولیس القاہرہ اور اسکندریہ مین مقرر کردیا ہے اور ایک باقاعدہ حکومت کی
ترکیب صرف کاغذ پر اس طور سے لکھ دی ہے کہ مصر کے تعلیم یافتہ لوگ بھی اُسکو نہین سمجھتے
کہ یہ کیا چیز ہے - اگر ہمین اپنی شفقت و جانکاہی کو اسی حد تک پہونچ کر چھوڑ دینا منظور ہے
اور مہذب و شایستہ قومون کو اپنے اوپر ہنسوانا یا اپنے سے ناراض کرنا مقصود ہے تو
اس سے تو ہزار درجہ یہی بہتر تھا کہ ہم مصریون کو اُنکے حال پر چھوڑ دیتے اور بار دوین

چنگی نہ ڈالتے اگر ہمکو غیر ملک کے لوگون کی مدح و ثنا کی طمع مین اپنی بے لوثی اور فیاضی کا اظہار منظور تھا (یا جیسا بعض حضرات کا قول ہے) کہ اپنے فیض و سخا کو عیان کر دینا ہمین ضروری و لابدی تھا تو اُسکی آسان تدبیر یہ تھی کہ جسقدر جائداد اسکندریہ مین ہماری اعانت و حمایت سے ضائع و برباد ہوگئی تھی اُسکا تاوان دینے مین ہم بھی شریک ہوتے یا ہمارے قیام کے مصارف جو بالکل مصر کے خزانہ سے لیے جاتے ہین ہمین اپنے پاس سے دیا کرتے یا کچھ روپیہ قرض دیکر بیچارے فلاحین کو سود خورے مہاجنون کے دام تزویر سے چھڑا دیتے یا اور چند تدبیرین بھی مین عرض کر سکتا ہون - اس قسم کی بے غرضی اور فیاضی کو تو مصر کے ادنی ادنی بے عقل آدمی بھی سمجھ سکتے ہین اور تعریف کر سکتے ہین لیکن ایسا فاضل متبحر کہان سے آئے جو اُس بے لوثی اور فیاضی کی قدر و منزلت اور ثنا و صفت کرے جسکا مفاد و مآل یہ ہو کہ کسی غریب آدمی کے مٹی کے برتنون کو توڑ تاڑ کر بھاگ جائیے اور اُسکو ایک کوڑی بھی نہ دیجیے اور یہ دلیل پیش کیجیے کہ اگر ہم تمہارے گھر مین زیادہ توقف کرینگے تو خود تمکو ناگوار ہوگا یا تمہارے ہمسایہ والے ہمکو برا کہینگے -

جو بزدل اور سادہ لوح آدمی سیاست دانی کے مدعی ہوکر خواہ مخواہ شور و غل مچا رہے ہین کہ ہمکو مصر مین اپنے کام کو ادھورا ہی چھوڑ کر چلے آنا چاہیے انکی تعداد شاید بہت نہین ہے مگر ستم یہ ہے کہ انکی نصرت و حمایت کو ایک گروہ معزز اشخاص کا موجود ہے جو اسی امر کے ضمناً طلبگار رہتے ہین (گو خود انکو نہین معلوم ہے کہ ہم کیا کر رہے ہین) یعنی بعض ایسی تدابیر پر مصر ہین جنکا نتیجہ یہ ہوگا کہ وہ کام کامیابی کے ساتھ انجام نہ پائیگا - ان حضرات کی خدمت مین میرا یہ التماس ہے کہ اُس قدیم فرانسیسی مثل کو پڑھکر دیر تک اپنے دل مین سوچیے جسکا مضمون یہ ہے کہ جو شخص کسی کام کو انجام دینے کی آرزو رکھتا ہو اُسکے ذریعہ کی بھی تمنا رکھے - اگر یہ لوگ فی الواقع یہ آرزو رکھتے ہین (جیسا وہ خود فرماتے ہین) کہ یہ کام چلا جاے اور ختم کر دیا جاے تو انکو لازم ہے کہ ہمیشہ کے غل و شور مچانے سے باز آئین اور گورنمنٹ کو

بتنگ نہ کیا کرین کہ خدا کے واسطے مصر سے اپنی فوج کو برخاست کر لیجیے کیونکہ اگر وقت مناسب سے پیشتر وہان سے فوج انگریزی برخاست کیجائیگی تو ایک تہ کامیابی کا احتمال اب بھی قوی نہین ہے اور جب فوج برخاست کر لی گئی تو وہ احتمال بالکل ضعیف ہو جائیگا اور صرف ایک امید موہوم رہجائیگی۔

میری راے مین فوج انگریزی کا مصر مین چند مدت تک رہنا چند وجوہ سے ضرور ہے اول تو فوج مذکور کی موجودگی امن امان کا باعث ہے مجھکو مصر کی رعایا کے خود بخود فرخستہ ہو جانے کا خوف نہین ہے کیونکہ مصر کی رعایا سے زیادہ مطیع و فرمان بردار شاید کسی ملک کی رعایا نہوگی۔ البتہ مجھکو یہ اندیشہ ہے کہ کہین مصر کی فوج پھر نہ باغی ہو جاے۔ اس فوج کے سپاہی تو اپنے افسرون سے خود بخود باغی نہو جائینگے کیونکہ وہ صرف مطیع و فرمان بردار فلاحین ہین جنکو فوجی وردی پہنا دی ہے لیکن اگر افسران فوج باغی ہو جائین تو اُنکے رسالون اور پلٹنون کے سوار اور پیادے ضرور اُنکا ساتھ دینگے جیسا عرابی کی بغاوت مین ہوا۔ یہ امر بھی فراموش نکرنا چاہیے کہ مصر کی فوج قدیم کو موقوف کر کے ہمنے اکثر افسران فوج کو بیکار اور بے روزگار کر دیا اور جو لوگ اُنمین سے تنخواہ پاتے ہین وہ پنشن پاتے ہین اُنکی تو غالبًا فاقہ کشی کی نوبت پہونچی ہے ایسے لوگ چونکہ مدتون سے بیزار ہین لہذا اُن افسران فوج کو جو برطرف نہین ہوے ہین حتی الامکان بہت بھڑکا ئینگے اور بغاوت پر آمادہ کرینگے اور اگر بغاوت کے آثار عیان ہوے اور باغیون کے دھمکانے یا زیر کرنے کو فوج انگریزی نہوئی تو میرے نزدیک کوئی وجہ اُسکی نہین ہے کہ جو افسران فوج فوج مین موجود ہین اور موقوف نہین ہوے ہین وہ اپنے اقربا اور احباب کے کہنے سُننے مین کیون نہ آجائینگے اور اُنکی منت و سماجت کو کیون نہ قبول کر لینگے علی الخصوص جب وہ یہ جانتے ہین کہ جو اہل فوج چند روز ہوے کہ باغی ہو گئے تھے اُنکو کچھ بھی سزا نہین ملی مین نے فرض کیا کہ جو افسران فوج برطرف ہو گئے ہین وہ مفسدہ پردازتر کون یا کسی

غیر سلطنت کے گویندون کے بھڑکانے مین نہ آجائینگے اور کسی غیر سلطنت سے نفرت و
حمایت کی امید نہین کرسکتے - مگر یہ نرا فرض ہی فرض ہے جسکی کوئی دلیل نہین ہے کیونکہ
یہ امر تحقیقی ہے کہ یلدز کیوسک سے زیادہ مادہ فساد دنیا مین کہین نہین جمع رہتا ہے
پس وہان کے مفسد لوگ مصر مین انگریزون کے تسلط کو چپکے سے منظور نہ کرلینگے
اور یہ بھی مجھکو یقین نہین ہے کہ فرانس انتظام موجودہ پر مدت تک شاکر و قانع بیٹھا رہیگا-
مین یہ خبر سن چکا ہون کہ قسطنطنیہ مین سازشین اور فتنہ پردازیان ہو رہی ہین اور
یہ بھی مین نے دیکھا ہے کہ سفیر فرانس جو القاہرہ مین تھا اور جسنے اپنی گورمنٹ کو یہ
صلاح دی تھی کہ ابھی خاموش بیٹھے رہیئے دیکھیے خدا کیا کرتا ہے وہ معزول کیا گیا ہے
اگر دولت عثمانیہ یا سلطنت فرانس مصر مین نیا فساد برپا کرنا چاہے تو کار آزمودہ مفسدون
کی کیا کمی ہے برطرف شدہ اور بے روزگار افسران فوج بڑی خوشی سے غدر کردینگے اور
اگر یہ لوگ ان افسرون کو جو بالفعل فوج مین موجود ہین بغاوت پر آمادہ کردین تو سپاہی اپنا
اپنا افسر سمجھکر ضرور انکا ساتھ دینگے اور ہزارہا ملازمین ملکی جنکی عادات رشوت اور حرام خوری
مین ان اصلاحون کی وجہ سے خلل پڑجائیگا جنکو ہمنے (انگریزون نے) تجویز کیا ہے جس
قسم کی بغاوت ہوگی اسمین غمخواری کرینگے اور جب انکو اپنی جان و مال کا کچھ خوف
نہ باقی رہیگا تو فوراً اسمین شریک ہوجائینگے - ایسی بحثون مین چند امور ضروری کا ہمیشہ
لحاظ رکھنا چاہیے جنکو مین سابق مین بیان کرچکا ہون اور جنکو مکرر بیان کرنا مناسب
جانتا ہون - اول تو خدیو سے رعایا یقیناً نفرت رکھتی ہے اور اسکا سبب کچھ تو یہ ہے
کہ خدیو کے اوصاف ذاتی کا یہی مقتضے ہے اور کچھ یہ بھی باعث ہے کہ عرابی کی بغاوت
مین خدیو ایک غیر سلطنت کا شریک رہا تھا - دوم یہ کہ خدیو حال توفیق پاشا مین وہ
جودت و دور اندیشی نہین ہے جو والی ملک مین ہونی چاہیے اور ہم اسکو وہ ذریعے نہین
استعمال مین لانے دیتے جنکو مشرقی پادشاہ اپنی سلطنت کو قائم رکھنے کے لیے عموماً

عمل مین لاتے ہین۔ سوم یہ کہ جب ترقی حقیقی اور اصلاح کامل کی کوئی ایسی تدبیر کیجائیگی جو اکثر اعلیٰ اور ادنیٰ اہلکاران سلطنت کے اغراض ذاتی کے منافی ہوگی تو جو لوگ اس تدبیر کو عمل مین لائینگے اور جو عوام الناس کو برخلاف کردینے کی قابلیت تامہ رکھتے ہین وہ اُسکی مخالفت اور مزاحمت علانیہ یا پوشیدہ طور سے کرینگے۔

اب یہ سوال ہے کہ اگر جزیرہ سائپرس مین کچھ سپاہ انگریزی رکھی جاوے اور عند الضرورت چند ہی روز مین وہان سے مصر مین بھیجدی جاے تو کیا فوج مصر کے تمرد اور رعایاے مصر کی بغاوت کی مانع نہوگی؟ میرے نزدیک مانع نہوگی کیونکہ مصری کیا جانینگے اور کیون تحقیق کرینگے کہ سائپرس مین کتنی انگریزی فوج ہے یا انکو کیا اور کیونکر معلوم ہوگا کہ گورنمنٹ انگلشیہ مصر پر دوبارہ فوج کشی کرنے کا عزم بالجزم رکھتی ہے یا نہین رکھتی ہے۔ جب وہ انگریزی فوج کے سب سے آخری جزن کو اسکندریہ مین جہاز پر روانہ ہوتے دیکھین گے تو خدا کا شکر کرینگے کہ اب غیر ملک والون سے ہمارا پیچھا چھوٹا اور فوج مذکور کے چلے جانے کی یہ وجہ سمجھین گے کہ حضرت سلطان المعظم کے حکم قطعی سے یہ ہوا ہے یا اور سلطنتون کے سفیرون کی تاکید اور دباؤ سے ایسا ہوا ہے یا اور کوئی ایسی ہی وجہ اپنے ذہن مین قرار دے لینگے اور فوراً یہ خیال کرنے لگینگے کہ اب پھر جو ہمارے جی مین آوے کرین اب کسی غیر سلطنت کی مزاحمت کا اندیشہ ہمکو نہین ہے میری دانست مین انکا یہ خیال بالکل غلط بھی نہوگا کیونکہ غالباً گورنمنٹ انگلشیہ متواتر سوچ بچار لیگی تب مصر پر دوبارہ فوج کشی کرنے کا قصد کریگی اور جب وہ ایسے فعل کو اصولاً مناسب قرار دے لیگی تب بھی شاید اُسکو چند در چند دقتین اسکے عملدرآمد مین پیش آئینگی یعنی سلطان روم اپنے حقوق شاہی مین دست اندازی بیجا کی شکایت کرنے لگینگے اور اس مقدمہ مین غور کرنے کے لیے سفیران یورپ کی کانفرس (کمیٹی) تجویز کرینگے اور فرانس یہ عذر پیش کریگا کہ ہماری رعایا کے اغراض معرض خوف خطر مین ہین لہذا

ہمکو مصر مین امن و امان قائم کرنے کی کوشش مین ضرور شریک ہونا چاہیے اور فرانس کی یہ دلیل بھی بادی النظر مین قومی معلوم ہوگی کہ جب انگریز مصر مین امن و امان قائم رکھنے سے عاجز آگئے تو اب ہماری باری ہے ہم اُس ملک کے انتظام کو درست کرینگے۔ اور اس اثنا مین جو بغاوت مصر مین ہوگی اور جسکو لارڈ ڈفرن فوج کے ایک گارڈ کے ذریعہ سے ابتدا ہی مین رفع کر دیتے اب وہ خواہ مخواہ ایسی قوت پکڑ لیگی کہ اُسکے دفع کرنے کو فوج کثیر درکار ہوگی۔ بڑے تعجب کا مقام ہے کہ پارلیمینٹ کے عاقل اور معزز ممبرون کو تو یہ باتین نہ سوجھین جنکے وقوع کا ظن غالب ہے اور اپنے ناظرین کی سے اور مجھ جیسے اناڑی ناتجربہ کار کو ایسی ایسی باتین انھین سجھانی اور سمجھانی پڑین۔

مگر انگریزی فوج کا مصر مین اور چند مدت رہنا صرف اسی لیے ضرور نہین ہے کہ فوج یا رعایا بغاوت نکرنے پائے۔ بلکہ فوج انگریزی کا قیام اُس ملک مین اسوجہ سے بھی ضرور ہے کہ جو اصلاحین تجویز ہوئی ہین وہ جاری بھی ہوجائین۔ بعض حضرات کو یہ وجہ بادی النظر مین عجیب و غریب معلوم ہوگی مگر جو لوگ عموماً مشرقی ملکون کی کیفیت سے اور خصوصاً مصر کے حالات سے واقف ہین وہ میرا مطلب فوراً سمجھ جائینگے۔ اگر ہم اپنی فوج مصر سے برخاست کر لینگے تو کوئی مشرقی آدمی یہ باور نکریگا کہ ہمکو اس ملک مین اصلاحین کرنے کی دل سے لگی ہے اور ہمکو مصر کی گورنمنٹ اور مصر کے حکام پر دباؤ ڈالکر اُنکی بے پروائی اور ضد اور کد اور مزاحمت کو دفع کرنا بہت مشکل ہوجائیگا کیونکہ وہ دونون باطناً ہمسے خلاف ہین اور کسی قسم کی اصلاح پر مطلق توجہ و اعتنا نہین کرتے جیسا اُس وقت سے خوب عیان رہا ہے جب سے لارڈ ڈفرن مصر سے چلے آئے ہین۔ اس باب خاص مین ہمکو وہ واقعہ نصیحتاً یاد رکھنا چاہیے جو سلطنت روم مین ڈلین کانفرنس کے بعد وقوع مین آیا تھا۔ ایک مشترک قومی کمیشن نے چند اصلاحین مشرقی رومیلیا کے لیے تجویز کین اور بعد اسکے چند اور اصلاحین دولت عثمانیہ کے باقی اضلاع کے لیے تجویز کین۔ جو اصلاحین

مشرقی رومیلیا کے لیے تجویز ہوئی تھین وہ تو بخوبی عمل مین آئین کیونکہ اُس صوبہ مین روسی فوج موجود تھی مگر جو صلاحین باقی اضلاع دولت عثمانیہ کے لیے تجویز ہوئی تھین اُنکا نقشہ "جرات عاشقان برشاخ آہو" کا ہوا اور اب تک معطل پڑی ہوئی ہین —

فوج انگریزی کے مصر مین قیام کرنے کی تیسری وجہ (جو شاید ایسی قوی نہین ہے جیسی پہلی دو وجہین ہین تاہم غور طلب ہے) یہ ہے کہ غیر قومین جو اُس ملک مین بستی ہین اپنی جان و مال کی حفاظت اسی پر موقوف سمجھتی ہین مین نے مانا کہ مصر مین جو غیر قومین رہتی ہین وہ بڑی بزدل ہین کیونکہ نہین اکثر لوانٹ یعنی ملک شام کے حصہ غربی کے باشندے ہین جو اکثر بودے ہوتے ہین اور یہ دھمکی جو اکثر اوقات اُنھون نے دی ہے کہ اگر فوج انگریزی مصر سے چلی جائیگی تو ہم بھی اس ملک سے فوراً نکل جائینگے شاید جسکو وہ لفظاً باللفظ عمل مین نہ لاسکین - مگر اسمین شک نہین ہے کہ اہل یورپ کا روپیہ جو لوانٹ والون سے بھی زیادہ بزدل ہے ایسے ملک مین کبھی قدم نہ رکھیگا جنکی نسبت اہل یورپ کو یہ گمان ہے کہ ہماری جان و مال معرض خوف مین ہے خواہ یہ گمان صحیح ہو خواہ غلط -

مین پوچھتا ہون کہ آخر ہمکو مصر سے اپنی فوج برخاست کر لینے کی ایسی جلدی کیا ہے ؟ چونکہ مجھکو یہ امید تھی کہ اس واقعہ کی کچھ کیفیت مستند القول اشخاص سے معلوم ہو جائیگی لہذا مین نے یہ سوال اپنے بعض احباب سے کیا اور تخلیہ کی صحبت مین اور جلسہ عام مین بھی انھون نے اپنی بڑی تمنا ظاہر کی کہ خدا کرے ہماری فوج مصر سے جلد چلی آئے مگر انکے جوابات سے مجھکو تسکین نہین ہوئی - ایک صاحب نے تو یہ جواب دیا کہ اس معاملہ مین خرچہ بہت پڑتا ہے اور انگلستان کے ٹیکس دینے والے اور مصر کے فلاح و بہبود کے فوائد کو مدنظر رکھنا واجب ہے یہ جواب تو واہیات ہے کیونکہ فوج انگریزی کا خرچ مصر کے خزانہ سے لیا جاتا ہے انگلستان کے خزانہ سے کیا مطلب ایک اور دوست نے جنکی رائے کو

انگلستان کے اکثر لوگ بہت باوقعت سمجھتے ہین میرے حال پر عنایت کرکے بڑی شرح و
بسط سے یہ مضمون بیان کیا کہ ہماری فوج القاہرہ اور اسکندریہ کے بدلے سایپرس
مین ہوتی جب بھی ہمارا رسوخ مصر مین باقی رہتا مگر کوئی ذمہ داری ہم پر نہ عائد ہوتی۔ یہ جواب
سنکر تو میرے تن بدن مین لرزہ پڑگیا۔ اول تو یہی بات غلط ہے کہ ہماری فوج سایپرس
مین بیٹھے بیٹھے اپنا رسوخ مصر مین جتائے اور اسکی تردید مین سابق مین کرچکا ہون قطع نظر
اسکے مجھکو یہ گمان ہرگز نہ تھا کہ ایک جلیل الشان مدبر الملک کے منہ سے (اور وہ بھی کون
کا انگریز) یہ نرالا اور عجیب مسئلہ سنون گا کہ حکومت اور ذمہ داری مین باہم جدائی ممکن ہے
اور ہماری قوم کو ایسی تدبیر کرنی چاہیے کہ ہم حکمرانی کرین اور ذمہ داری سے بچے رہین
سچی بات تو یہ ہے کہ جب مین نے یہ کلام سنا تو اپنے تئین انگریز سمجھکر ذرا اپنے دل مین
ذلیل ہوا جیسا سب انگریزون کا قاعدہ ہے ویسا مین نے بھی اپنے ہم وطنون کی جہالت
اور حماقت اور ضد اور اور عیوب کو یاد کرکے اکثر کف افسوس ملا ہے اور انکو ملامت کی ہے
علی الخصوص جو لوگ سلطنت انگلشیہ کے مدار المہام ہین انکی حماقت پر مجھکو اکثر تاسف ہوا ہے
اور انکو مین نے اکثر فضیحت کی ہے مگر جب مین نے زبان سے انکی مذمت کی تو دل سے
انکی ہمت و مردانگی کی تعریف بھی کی کہ اپنے افعال کے نتائج کو کیسی صاف باطنی اور
کشادہ پیشانی سے قبول کرلیتے ہین کہ سبحان اللہ۔ لکن جب مین نے بعض آئندہ مقننین
انگلستان کو سنا کہ اس مسئلہ کی تائید و تشدید فرماتے ہین کہ ہمکو حکومت حاصل کرنے کی
فکر کرنی چاہیے مگر اسکی ذمہ داری کو ٹال دینا چاہیے تو اس سے مجھکو یہ معلوم ہوا کہ ہماری
قوم سے وہ چند عمدہ اور مردانہ صفتین رفتہ رفتہ زائل ہوتی جاتی ہین جو ہم مین موجود تھین
اور جنکی ضرورت شدیدہ ہمکو لاحق ہے اور جنکے باعث سے کسیقدر مکافات ہمارے
صدہا قومی عیوب کی ہوگئی ہے۔ مگر میری تقدیر مین تو اس سے بھی عجیب باتین سننا تھا
جب مین اپنے خیالات مصر کے مسئلہ کی نسبت بیان کرچکا اور آخر مین اپنی یہ رائے

ظاہر کرچکا کہ ہماری فوج کا مصر سے برخاست ہونا ابھی مدت تک غیر ممکن ہے تو میرے شفیق نے مجھکو باین کلمات جواب دیا "غیر ممکن ہے کا لفظ تو نہ فرمایئے کیونکہ ہم سے ایسے ایسے بہت سے کار نمایان ہوچکے ہین - ذرا افغانستان اور جنوبی افریقہ کو یاد تو کیجیے کہ اکثر لوگ ہمسے کہا کرتے تھے کہ ان ملکون سے ہماری فوج کا برخاست ہونا غیر ممکن ہے لیکن آخر ہمنے اپنی فوج کو وہان سے برخاست کر ہی لیا" اور جب یہ کلمات اُنکی زبان پر جاری ہوے تو اُنکے لب و لہجہ سے ایسی نخوت او مسرت ٹپکتی تھی جو مجھکو سخت ناگوار گذری کیونکہ جنگ افغانستان اور جنوبی افریقہ کی لڑائی کے نتائج سے مجھکو تو کوئی ایسی بات نہین معلوم ہوتی جسپر ہماری قوم کو فخر و مباہات کرنا زیبا ہو۔ اگر کسی صاحب کی یہ خوشی ہو کہ مصر مین بھی وہی کیفیت ہو جائے جو افغانستان اور جنوبی افریقہ مین ہے تو مین اُنسے اتفاق رائے نہین کرتا اور میرے اور اُنکے خیالات مین ایسا زمین و آسمان کا فرق ہے کہ اُنسے اس مقدمہ مین بحث کرنا بیکار ہے پس اس مضمون کو قلم انداز کرکے مین اور مضمون بیان کرتا ہون - جب مین اُس عدہ کا ذکر کرونگا جو مصر کی رعایا کے اختیارات کی توسیع کے بارہ مین کیا گیا ہے تب مین فوج انگریزی کے طول قیام کی ضرورت کو پھر بیان کرونگا -

پس فرض کیجیے کہ فی الحقیقت ہماری نیت مین یہ ہے کہ جس غریب آدمی کے مٹی کے برتن ہمنے توڑ ڈالے ہین اُسکو تاوان دیا جائے اور ہمکو یہ بھی منظور ہے کہ مصر مین ایسا انتظام جاری کیا جائے جس سے امید وجہی آیندہ کے فسادات کے انسداد کی ہو سکے اور جس سے اُس ملک کو دائمی فائدہ ہو تو اب یہ دیکھنا چاہیے کہ ان لائق تعریف مقاصد کو حاصل کرنے کے لیے کیا ذریعے اختیار کرنے چاہیین - جو مسئلہ ہمکو حل کرنا منظور ہے جب ہم اُسکو اچھی طرح سے بیان کرلینگے تب ہم یہ سوچین گے کہ اُسکو حل کرنے کی کتنی فکر ہم کرچکے ہین اور کتنی فکر کرنی ابھی باقی ہے -

**سابق** مین بیان کیا گیا کہ عربی کی بغاوت کی ابتدا فوج کے تمرد و سرکشی سے ہوئی چند افسران فوج نے فوجی عظمت کا اظہار کر کے وزرا کو خوف زدہ کر دیا اور عنان حکومت کو اپنے ہاتھ مین لے لیا اور خدیو کو معزولی کی دھمکی دی آخر غیر ملک کے لوگون کو فوج کے ذریعہ سے دست اندازی کرنی پڑی - لہذا ہمکو پہلے مصر کی فوج ہی کی خبر لینی چاہیے - پرانی فوج چونکہ برطرف ہو گئی ہے لہذا بالفعل تو اس سے فساد کا اندیشہ نہین ہے مگر جب نئی فوج بھرتی کیجاے تو اس بات کا تقدم بالحفظ کر لینا ضرور ہے کہ نئی فوج کہین کہین پرانی فوج کی تقلید نہ اختیار کر لے - ہمارا یہ فرض زیادہ تر مؤکد اس وجہ سے ہو گیا ہے کہ باغیون کو سرسری طور سے سزا ہمین نے نہین دینے دی تا کہ اورون کو نصیحت ہو جاتی جیسا آیندہ بیان کیا جائیگا -

**اگر** فوج کے تمرد و سرکشی کو جو بغاوت کا باعث ہوئی امعان نظر سے دیکھیے تو معلوم ہو جائیگا کہ سرکشی سپاہیون نے نہین کی بلکہ انکے افسرون نے کی - سپاہی تو اول سے آخر تک ادب قاعدہ کے بخوبی پابند رہے اور جو انسے کہا گیا وہ کیے گئے اور جو ہین انکے سرغنہ شکست کھا کر مقابلہ سے باز آئے وہ اپنے اپنے گانؤن بے تحاشا بھاگ گئے اور شکر خدا بجا لائے کہ جو فوجی خدمت ہمسے جبراً لیجاتی تھی اس سے ہمکو جلد نجات ملگئی آیندہ کی نسبت بھی یہ قیاس ہو سکتا ہے کہ سپاہیون نے جیسا زمانۂ گذشتہ مین کیا تھا ویسا ہی اپنے افسرون کی طاعت ہمیشہ بلا عذر و منت کرینگے اور انکا کہنا مانینگے کیونکہ فلاحین سے زیادہ مطیع و فرمان بردار کوئی قوم روے زمین پر نہین ہے جیسا سابق مین بیان کیا گیا اور اگر انکو اپنے معمولی صلح آمیز اشغال کی طرف عود کرنے کا موقع ملے تو بیشک وہ ایسا ہی کرین کیونکہ انکو سپاہگری کے جملہ اقسام سے نفرت کلی ہے - پس ظاہر ہے کہ افسران فوج کے انتخاب اور تنبیہ و تادیب پر توجہ خاص کرنا لازم ہے -

**قدیم** افسران فوج کچھ تو فلاحین کی قوم سے تھے اور کچھ ترک اور سرکاشین کے

زمرہ سے نکلے اور انہین دو فرقون کی باہمی عداوت و رقابت سے فساد کی بنا قائم ہوئی ایسی رقابت کے انسداد کی دو تدبیرین بیان کی گئی ہین - ایک تدبیر تو یہ ہے کہ فلاحین کو کبھی ترقی نہ دی جاے اور دوسری تدبیر یہ ہے کہ ترک اور سرکاشیا والے فوج سے نکال ڈالے جائین - میری راے مین ان دونون مین سے کوئی تدبیر اچھی نہین ہے فلاحین کو اعلی عہدون پر ترقی پانے سے محروم کر دینا عقلاً تو نا انصافی ہے اور مصالح ملکی کے لحاظ سے غلطی ہے - جب عموماً سپاہی فلاحین کے زمرہ سے بھرتی کیے جاتے ہین تو مقتضاے انصاف یہی ہے کہ وہ ترقی اور انعام دونون مین شریک کیے جائین کیونکہ اگر وہ ان دونون نعمتون سے محروم رکھے جائینگے تو یہ نا انصافی ایک معقول حیلہ ملکی فساد کا ہو جائیگی - برخلاف اسکے ترک اور سرکاشیا والون کو فوج سے نکال دینا بھی خلاف انصاف اور خلاف مصلحت ہے کیونکہ یہ لوگ بھی تو آخر مصر ہی مین پیدا ہوے ہین اور فلاحین کی طرح انکا بھی وطن آبائی مصر کے سوا کوئی نہین ہے اور حب الوطن کا جوش انکے دل مین بھی ویسا ہی ہے جیسا ان لوگون کے دل مین جو فاتحان عرب کی نسل سے ہین یا جنکے آبا و اجداد پہلے قبطی عیسائی تھے مگر آخر کو مسلمان ہو گئے تھے - خیر اتنی دلیلون سے تو یہ فعل عقلاً خلاف انصاف ہے - اب اسکو مصالح ملکی اور فوجی پیشہ کے فوائد کے لحاظ سے دیکھیے تو ان لوگون کو فوج مین رکھنے کی ضرورت اشد ثابت ہوتی ہے اسمین شک نہین ہے کہ انہین نہایت عمدہ اوصاف پیشہ ور سپاہی کے پائے جاتے ہین جو مصر کی خلقت مین عموماً نہین پائے جاتے - اسیوجہ سے کسی خدیو نے انکو برطرف کرنے کا کبھی نام بھی نہین لیا - لارڈ ڈفرن نے اپنی رپورٹ مین کیا خوب فقرہ لکھا ہے کہ -

"سپاہ فلاحین کمزور ہے اسکی کمر مضبوط کرنے کے لیے ان شجاعان اولوالعزم کی اولاد کو فوج مین بھرتی کرنا چاہیے جو محمد علی پاشا کے علم ظفر شیم کو القاہرہ سے قونیہ تک بفتح و فیروزی لے گئے تھے" - یہ فعل اور وجوہ سے بھی موافق عقل سلیم ہے جنکو لارڈ ڈفرن نے

اپنی رپورٹ مین نہین لکھا ہے مگر جو ایسے باخبر اور دور اندیش مدبر الملک کے ذہن مین ضرور ہونگی - ان شجاعان اور اولوالعزم کی اولاد مین استقلال اور دلیری اور چشم نمائی اور حکمرانی کرنے کی لیاقت اور اُور ایسے ہی اوصاف ہین جو اُس شخص مین ہونے چاہیئین جسکو اہل فوج کی اصطلاح مین "چالاک افسر" کہتے ہین اور علاوہ ان اوصاف کے انکو فوجی عزت اور حکام بالادست سے وفاداری کا خیال بھی خلاف افسران فوج سے بمراتب زیادہ ہے لہذا فلاحین کی بہ نسبت اُنسے اس بات کا اندیشہ کم ہے کہ عربی جیسے جاہل آدمی کی فصیح و بلیغ تقریرون سے یا علی فہمی یا محمد سمیع جیسے مفسد آدمی کے فریب آمیز مشورون اور طمع انگیز وعدون سے گمراہ ہوکر اور بادشاہ وقت سے بغاوت اختیار کرکے سپاہی کا دھرم ناس کردینگے - حالانکہ عربی ایک مرد جاہل تھا اور عدل و انصاف کے ابدی اصول کی تائید بڑی فصاحت کے ساتھ کیا کرتا تھا تاہم اتنی عقل اور تجربہ رکھتا تھا کہ یہ خوب سمجھ گیا تھا کہ جو تدبیرین مین نے کی ہین انمین کامیابی حاصل کرنے کے لیے مناسب ہے کہ سرکاشین افسران فوج کالے پانی بھیجدیے جائین - اگر اُسکو اُنکے ملک بدر کرنے سے کچھ رحم و مروت مانع تھی تو جب اُسنے سُنا کہ یہ لوگ میری جان لینے کی فکر مین ہین تو اتنا رحم بھی اُسکے دل سے جاتا رہا کیونکہ اگرچہ وہ فصیح البیان تھا اور جو اوصاف سرگروہ رعایا مین ہونے چاہیئین وہ بھی اُسمین موجود تھے مگر اپنی جان کی حفاظت سے وہ بالکل بے فکر اور بے پروا نہ تھا -

یہ سچ ہے کہ یہ چالاک افسران فوج حد اعتدال سے تجاوز کرجاتے ہین اور پابند قاعدہ سپاہی اور سنگدل سپاہی مین جو فرق ہے اُسکو بھول جاتے ہین اور اس کلیہ کو ہمیشہ یاد نہین رکھتے کہ ادب قاعدہ کو عدل و انصاف پر مبنی ہونا چاہیے اور چونکہ وہ مصر مین پیدا ہوے ہین اور وہین تربیت پائی ہے لہذا مصری اہلکارون کی طرح فرعون یا ہامان ہین اور قانون کو کچھ مال نہین سمجھتے اور جیسا مصر مین ہر ایسے شخص کا قاعدہ ہے جو کچھ

حکومت یا اختیار رکھتا ہے ویسے ہی وہ بھی غریب مسکین فلاحین کو نظر حقارت سے
دیکھتے ہین اور اُنپر ظلم کرتے ہین۔ البتہ ان خراب عادتون کو ضرور روکنا چاہیے بلکہ
جہان تک ممکن ہو اُنکی بیخ کنی کرنی چاہیے۔ اسکی آسان تدبیر یہ ہے کہ چند افسران انگریز
جنکے خدمات کی ضرورت مصالح ملکی اور اُنکے پیشہ کے لحاظ سے چند مدت تک باقی رہیگی
مصر مین موجود رہین اور اپنا رعب داب بٹھاتے رہین۔

عرابی کی بغاوت نے جو راہ بتادی ہے اُسی ڈھرے پر سیدھے چلے جاتے تو ایک
اور مضمون بھی توجہ طلب پائیگا۔ وہ یہ ہے کہ مصر مین ہوشیار اور کارگزار پولیس اور
افسران پولیس مقرر کیے جائین۔ جب اسکندریہ مین قتل عام ہوا تو وہان کے پولیس والے
باغیون کے شریک ہو گئے اور بہت سے بیگناہون کو قتل کر ڈالا اور جو قتل عام اسکندریہ
کے تاخت و تاراج ہونے کے بعد طنطہ اور دیگر قصبات مین ہوا اُسمین اگر اہل پولیس شریک
نہین ہوے تو چپکے کھڑے ہوے تماشا دیکھا کیے۔ فوج کیطرح پولیس ہین بھی اگر توجہ طلب ہے
تو افسران پولیس کی حالت ہے کیونکہ جن حوادث کا ذکر کیا گیا اگر اُنمین افسران پولیس
پیش قدمی کرتے تو پولیس کے سپاہی بھی ضرور اپنا کام کر جاتے۔ چند غیر ملک والے جو
اپنی جان پر کھیل کر القاہرہ مین رہگئے تھے اُنکے بیان سے معلوم ہوا کہ ایک نیک نیت اور
چالاک افسر پولیس کی کوشش سے تمام زمانہ غدر مین اُس شہر مین بالکل امن و امان رہی۔
اور طنطہ مین ایک میندار احمد بے نامی نے ابتدا ہی مین ایسا بندوبست کر لیا کہ
رعایا افروختہ تو ہوئی مگر اُسکی افروختگی بڑھنے نہین پائی۔ مصر کے انتظام کو درست کرنا
واقع مین بڑا مشکل کام ہے اور اُس کام کے اس جزو سے متعلق جو مسئلہ ہمکو حل کرنا منظور
ہے وہ نہایت دقیق اور نازک ہے کیونکہ ہمکو ایسی فوج مقرر کرنی پڑیگی جسکو اتنا اختیار
ہو کہ امن و امان قائم رکھے مگر ساتھ ہی اسکے ظلم ستانی اور بیرحمی کی قدیم عادتون سے
باز رہے کہ مصر مین جو شخص ذرا سا اختیار بھی رکھتا ہے اسکے نزدیک غربا پر ظلم و تعدی کرنا

کچھ بات نہین ہے۔ آیندہ بیان کیا جائیگا کہ اس مقدمہ مین کیا ہو چکا ہے اور کیا کرنا ابھی باقی ہے۔ مگر جو مسئلہ ہمکو حل کرنا منظور ہے پہلے اُسکی اصل کو بیان کرلین تب اُسکی فروع پر نظر کرینگے۔ پس اب ہم اس انقلاب کی دوسری شکل کو دیکھکر یہ تحقیق کرتے ہین کہ اس سے کن باتون کا تقدم بالحفظ کرنا لازم آتا ہے۔

ناظرین کو یاد ہوگا کہ جب افسران فوج باغی اُن امور کو حاصل کر چکے جو اُنکو مطلوب تھے تو انھون نے اپنی جان و مال کو معرض خوف مین پایا اور اپنی دائمی حفاظت کے لیے چاہا کہ کل اختیارات ملکی ہمکو حاصل ہو جائین۔ اسلیے اُنھون نے اپنی کارروائی کو بڑھانا شروع کیا اور خلائق کی طبیعت مین صلاح امور سلطنت کا جوش پیدا کیا۔ اور صلاح امور سلطنت کے ضمن مین اس باب کو بھی شامل کیا کہ مصر کے اندرونی معاملات مین غیر ملک کے لوگ مطلق دخل نہ دینے پائین۔ یہ جوش اہلکاران سرکاری کے سب فرقون مین بہت جلد پھیل گیا۔ اُسوقت تک تو عربی کا بھروسا صرف فوج پر رہا تھا مگر اب کل کار پردازان سلطنت ص ۳۹
اُسکی اعانت پر آمادہ ہو گئے۔ پس سوال یہ ہے کہ کن تدابیر شایستہ سے اس قسم کے نامطبوع واقعات کا انسداد آیندہ کے لیے ہو سکتا ہے۔

اس سوال نے تو ہماری مٹھ بھیڑ مصر کے نفس مسئلہ سے کرادی ہے اور اب ہم آگے قدم نہین بڑھا سکتے تاوقتیکہ اس امر کا اقرار علانیہ نہ کرلین کہ باوجود اُن اصلاحات کے جو طریقہ انتخاب ممبران پارلیمنٹ مین تجویز ہوے ہین اور باوصف اُن اسپیچون کے جو مسٹر گلاڈسٹن نے متواتر بیان کی ہین جو حکمت عملی ہماری گورنمنٹ نے غیر ملکون کی نسبت اختیار کی ہے اقل مراتب وہ تو خطا و زلل سے بالکل بری نہین ہے۔ اسمین کچھ شک نہین ہے کہ مصر کے انقلاب کی حقیقت واقعی کو ہماری گورنمنٹ بالکل غلط سمجھی کیونکہ مین یہ کبھی نہ مانونگا کہ وہ وزراء انگلستان جنکو اپنی ایمانداری پر ناز تھا اس انقلاب کی حقیقت کو سمجھ تو گئے تھے مگر اسکو عمداً غلط بیان کرتے تھے۔ ہمارے ملک کے ارباب سیاست

صریحًا یا مخفیًا بار بار یہی کہے جاتے تھے کہ عربی صرف ایک طالع افسر فوج ہے اور کچھ بھی نہین ہے۔ اور افسران فوج باغی اپنی ہی طرف سے لڑ رہے ہین اور رعایا کو دھمکا دھمکا کر فقط جھوٹ موٹ اپنا شریک بنا لیا ہے۔ اور اگر فی الواقع کوئی قومی فریق مصریین ہے تو اُسکا پیشوا وہ مرد نیک یعنی شریف پاشا ہے۔ اور وہ فریق عربی اور اُسکے شریکوں کے ساتھ کسی قسم کی ہمدردی نہین رکھتا ہے اور رعایا کے سب فرقون کے دل مین اُس نوجوان اور خلیق خدیو کی محبت اور وفاداری ہے جو مصر کا بادشاہ حقیقی ہے اور افسران فوج باغی کے خوف سے رعایا اپنی محبت اور وفاداری کو علانیہ نہین ظاہر کر سکتی اور باستثناء چند اشخاص کے جو اپنی غرض ذاتی سے عربی کے طرفدار بنے ہین مصریین ہر شخص یہی چاہتا ہے کہ افسران باغی کے ظلم و جور سے کسیطرح نجات ملے اور جوہین افسران مذکورین برخاست کیے جائینگے رعایا بڑی خوشی سے خدیو کی شریک ہو جائیگی اور لیئے اختیارات کو دور اندیشی کے ساتھ وسیع کرنے مین خدیو کو مدد دیگی اور اُسکے ظل عاطفت مین بخیر و عافیت بسر کریگی کیونکہ وہ نوجوان اور خلیق شاہزادہ (توفیق پاشا) رعایا کا محبوب ہے اور رعایا اُسکے نام پر دل و جان سے فدا ہے۔

مجھکو یہ تحقیق کرنا نہین منظور ہے کہ مصر کے انقلاب کی یہ بُری گت کسنے بنائی ہے خیر۔ کوئی شخص ہوگا مجھکو اُسپر سختی کرنی نہین منظور ہے۔ کیونکہ مجھکو تجربہ سے معلوم ہو گیا ہے کہ جب ایک جم غفیر آگے ہی بڑھتا چلا آتا ہو تو اُسکی کیفیت صحیح صحیح بیان کرنا بہت مشکل ہے یا جب کوئی شخص شامت اعمال سے بدمعاشون کے غول مین پھنس جاتا ہے تو شور و غل کے مارے اُسکو یہ نہین معلوم ہو سکتا کہ اس غول کے اندر کیا ہو رہا ہے اور یہ لوگ کیا چاہتے ہین پس جن لوگون نے ہمکو نادانستہ بہکایا تھا اُنکے قصور کو تو ہمنے معاف کیا۔ مگر اُنسے ہمارا یہ التماس ہے کہ خدا کے واسطے عقل اور ایمان کی راہ پر چلیے اور اپنی غلطیون کا صاف صاف اقرار کیجیے قبول جدول اور بیوقوف آدمیون کی

حماقت آمیز تدبیر اختیار کرکے اپنے تئین اور زیادہ خرابی مین نہ ڈالیے اور واقعات کیسے ہی درشت اور ناپسندیدہ ہون مگر اُنسے جی نہ چرائیے عربی نے لوگون کو دھمکا دھمکا کر اپنا رعب نہین بٹھایا تھا کیونکہ ابتدا مین تو وہ کسی کی ضرر رسانی کی قدرت ہی نہ رکھتا تھا اور جب تک وہ برسر حکومت رہا اُسنے کسی کا سر نہین کٹوا ڈالا نہ کسیکو پھانسی دلوائی اور نہ کسیکو گولی سے مروا ڈالا۔ اگر عربی اور توفیق پاشا دونون کے انتخاب پر رعایا کی ووٹ (رائے) لیجاتی اور رشوت ستانی کا بخوبی انسداد کردیا جاتا تو آزادمنش انتخاب کنندون کے غلبہ آرا سے عربی ہی بادشاہ مقرر ہوتا۔ توفیق پاشا کو یہ توفیق کبھی نہین ہوئی کہ رعایا کے دل مین اپنی محبت کا جوش پیدا کرتا اور جب اُسنے عربی سے خلاف ہوکر غیر ملک والون کی شرکت اختیار کی تو رعایا کو اُس سے نفرت کلی ہوگئی۔ اب رہا وہ مرد نیک شریف پاشا سو وہ فقط اپنے خیالات اور شاید چند معزز اور معتدل مزاج اشخاص کی رائے کا مظہر تھا جنکے نام انگلیون پر گن لیجیے مصر مین ہر شخص کو جو اتنا عقل و شعور رکھتا تھا کہ امر متنازع فیہ کو سمجھ سکے افسران فوج باغی کے ظلم وجور سے نجات پانے کی آرزو نہ تھی بلکہ اُن مفید قیود سے خلاص ہونے کی تمنا تھی جو انگریزی و فرانسیسی نظارت نے مقرر کی تھین اور جاہل کسانون کے گروہ کثیر کو سود خورے مہاجنون کے پنجہ سے نکلنے کی آرزو تھی اور غیر ملک والون کی اتنی ہی حقیقت وہ جانتے تھے کہ یہ لوگ سود خورے ہین جب وہ نوجوان شاہزادہ جو اپنی خیر خواہ و وفادار رعایا کا محبوب کہلاتا تھا انگریزی فوج کی مدد سے مسند حکومت پر دوبارہ بٹھایا گیا تو ہزارہا آدمیون نے بڑے بڑے عہدون کی طمع مین یا اس امید سے کہ باغیون کی شرکت کی سزا سے محفوظ رہین گے آکر اُسکو گھیر لیا مگر بہت کم لوگون کے دل مین اسکی محبت خالص اور وفاداری بے ریا تھی اور یہ چند آدمی بھی اُن اصلاحات مین شریک ہونا نہ چاہتے تھے جو گورنمنٹ انگلشیہ نے تجویز کی تھین۔ جو لوگ توفیق پاشا کے دلی خیر خواہ اُس زمانہ مین رہے تھے جب وہ

مصائب و اذکار مین مبتلا تھا اور جو خدا سے چاہتے تھے کہ مصر کا انتظام درست ہو جاے اُنھین سے جس شخص سے مجھکو بے تکلف کلام کرنے کا اتفاق ہوا اُسنے یہی کہا کہ سب سے زیادہ اہم و ضروری اصلاح یہ ہے کہ جو لوگ قومی فریق کے سرگروہ ہین وہ سب سرسری طور سے قتل کیے جاوین اور ایک لائق اعتبار فوج غیر ملک کے آدمیون کی رکھی جاے جب مین القاہرہ مین تھا تو فصل سرما مین مجھسے اور مصر کے اکثر اہلکاران سرکاری سے ملاقات ہوئی لیکن سواے شریف پاشا اور نیوبر پاشا کے مجھکو ایک شخص کا بھی نام یاد نہین ہے جسنے کبھی اپنی دلی ہمدردی اُن اصلاحات کے ساتھ ظاہر کی ہو جنکو ہم لوگ فیاضانہ اصلاحین سمجھتے ہین۔ شاید حکام مصر کے زمرہ مین کہین چند اشخاص ایسے بھی ہون جو اپنے اعتقاد باطنی اور حب الوطن کے جوش سے اُن اصلاحات کو قبول کرلین جو ہمنے تجویز کی ہین اور حتی الامکان اُنکو عمل مین لانے کی کوشش ایمانداری سے کرین۔ مگر یہ خیال کرنا کہ اگر بالفرض ایسے چند اشخاص موجود بھی ہون تو وہ اپنی قوت ذاتی سے اور بغیر بیرونی اعانت کے اُن نیک ارادون کو جو ہم اُنکے ملک کی نسبت رکھتے ہین سمجھ جاوینگے ویسا ہی مہمل ہے جیسا یہ گمان کرنا کہ دو جوان آدمی اور ایک لڑکا سب سے بڑے جہاز کو گھسیٹ کر سمندر مین لیجاوینگے۔

اِن نامطبوع واقعات سے جو نتیجہ عملی نکل سکتا ہے وہ یہ ہے کہ مصر کے انتظام کو درست کرنے مین ہم لوگون کو صرف اسیقدر شرکت نہ کرنی چاہیے کہ موانع اتفاقی کو مثل مطلق الغنان افسران فوج وغیرہ کے دفع کر دین اور اہل مصر کو کچھ گر کی باتین بتادین جو اس مہم مین اُنکے کام آئین بلکہ اگر نتیجہ مطلوبہ حاصل کرنا منظور ہے تو ہمکو اس کام مین بہت زیادہ شرکت کرنی چاہیے اور میرے نزدیک اصول ذیل اختیار کرنے سے کامیابی کا یقین بخوبی ہو سکتا ہے۔ اول یہ کہ اصلاحات مجوزہ ہماری زیر نگرانی عمل مین لائی جاوین اس کام کے اس جزو کی نسبت جہان تک ہمکو واقعات کا علم مصریون کے ذریعہ سے

ص ۲۹۹ حاصل ہوسکے اسمین دریغ نکرنی چاہیے مگر جو اصلاح ومشورہ وہ لوگ ہمکو دین اُسکو خوب جانچ لینا چاہیے اسواسطے کہ اہل مصر عموماً لیاقت انتظامی بہت کم رکھتے ہین اور جو شاید ذرا فہم وعقل سلیم وہ رکھتے بھی ہین تو یقین ہے کہ فوائد ذاتی کے خیالات نے اُنکو خراب کردیا ہوگا۔ دوم یہ کہ ہمکو یہ امر ہمیشہ مدنظر رکھنا چاہیے کہ جہان تک ممکن ہو عایا کو کوئی وجہ معقول شکایت کی نہ باقی رہے تاکہ آیندہ کوئی خطرناک ملکی جوش وخروش جاپانین نہ پیدا ہو مگر ہمکو یہ توقع نہ رکھنی چاہیے کہ ہماری بے لوث کوششون کی تائید کو اہل کاران سرکاری یا رعایا فوراً مستعد ہوجائیگی۔ بلکہ بہت سی اصلاحات ضروری حرام خور اہلکارون کو لامحالہ سخت ناگوار گذرینگی۔ افسوس ہے کہ اکثر تعلیم یافتہ فرقون کے لوگ اسی قسم کے اہل کار ہین۔ اور عوام الناس ایسے جاہل مطلق ہین کہ اتنا نہین سمجھ سکتے کہ ہمارے فائدہ کے لیے یہ کیا ہورہا ہے۔ سوم یہ کہ جو کچھ ملکی کمیٹیان قائم کیجائین اس طور سے قائم کیجائین کہ صرف واقعات کی اطلاع اور مشورہ دیا کرین مگر کوئی ملکی اختیار انکو نہ دیا جاے اور ایسی تدبیرین کی جائین کہ وہ کمیٹیان بغاوت کا ذریعہ نہ بن سکین جیسی سابق مین مجلس صنا وید عربی کی بغاوت کا ذریعہ بنائی گئی تھی۔ چہارم یہ کہ خدیو اور اُسکے وزرا کو بہت سے اختیارات دیے جائین کیونکہ اُنھین پر تو دباؤ ڈالکر ہم اصلاحات مجوزہ کو جاری کراسکتے ہین۔

اس ساری تقریر پر یہ اعتراض ہوسکتا ہے کہ اگر میرا مشورہ مان لیا جائے تو حکومت واقعی تو چند روز تک گورنمنٹ انگلشیہ کو حاصل رہیگی پس اہل مصر اپنے ملک کے انتظام مین دخل دینا کیونکر شروع کرینگے۔ اسکا جواب یہ ہے کہ مین یہی تو چاہتا ہون۔ کیونکہ مصر مین مین نے کوئی ایسا فرقہ نہین دیکھا جو ان اصلاحون کو از خود عمل مین لانے کی خواہش یا لیاقت رکھتا ہو جو میری راے مین اس ملک کی دائمی امن وامان اور عام بہبود کے لیے لازم ہین۔ جب ان اصلاحات ضروری کی تکمیل ہوجائیگی تب مصری اپنے ملک کے انتظام مین ص ۴

دخل دینا شروع کرین تو خیر کچھ مضائقہ نہین ہے۔

مگر وہ اصلاحات کیا ہین جنکا ذکر مبہم طور سے کیا گیا ہے۔ اب مین اُنکو بیان کرتا ہون پیشتر ایک باب مین مین مصر کے انتظام کی کیفیت موجودہ مجملاً بیان کرچکا ہون اور جو بڑے بڑے عیوب اُسمین ہین اُنکو بھی بتا چکا ہون۔ اگرچہ مین نے اپنے بیان کو طول نہین دیا تاہم جو کچھ مین نے بیان کیا اُس سے ناظرین کو یہ یقین ہوگیا ہوگا کہ اگر ہمکو مصر کا انتظام فی الواقع درست کرنا منظور ہے تو حالت موجودہ کو باقی رکھنا ممکن نہین ہے۔ نہین معلوم کتنی آلایش اس ملک مین کب سے جمع ہے پھر اُسکو صاف کرنا کچھ دل لگی نہین ہے اور یہ گمان کرنا محض حماقت ہے کہ اس کام کا انتظام اہل مصر خود کر لینگے اور خود ہی اُسکو انجام دے لینگے۔ جو لوگ صاحب حکومت ہین وہ اس کام کی خواہش اور لیاقت نہین رکھتے ہین اور عوام الناس شاید اپنی اصلاح حال کے خواہان ہون مگر وہ کوئی ایسا ذریعہ نہین رکھتے ہین جس سے حکام کا کہنا سُنین یا اُنکی بات مانین۔ چونکہ اکثر اہل کاران مصر عادتاً حرام خور اور فرعون بے سامان ہین لہذا ایسی اصلاحات کے خواہان نہین ہین جنکی وجہ سے اُنکی حرام خوری کم ہو جاے یا اُنکی مطلق العنانی مین فرق پڑے اور اگر اُن مین کچھ لوگ ایسے بھی ہین جنکا چال چلن اچھا اور جنکی نیت خالص ہے تو وہ لوگ اچھی طرح نہین سمجھتے کہ یہ مقصد کیونکر بر آ سکتا ہے۔ اور جب اُنکو سیدھی راہ بتائی جاتی ہے تو وہ شک یا بے پروائی یا بد لیاقتی ظاہر کرتے ہین۔ صرف اتنا ہی کافی نہین ہے کہ مصر کے انتظام مین براے نام کچھ اصلاح کردی جاے اور یہ بھی کافی نہین ہے کہ اُس ملک کا انتظام اُن اصول کے موافق جنکو نوجوانان مصر فرانسیسی اور جرمنی کتابون مین دیکھا کرتے ہین درست کیا جاے بلکہ مصر کے انتظام کی اصل حقیقت کو بالکل بدل دینا چاہیے اور میری دانست مین یہ امر ان دو طریقون مین سے ایک طریقہ سے ہو سکتا ہے یعنی یا تو خود اہل مصر مین ایک ایسی زبردست راے جمہور پیدا ہو جسکا دباؤ سب کو

ماننا پڑے یا باہر سے ایسی شرکت اور اعانت کیجاے اور ایسا دباؤ ڈالا جاے کہ خواہ مخواہ سب کو ماننا پڑے - مین تو خدا سے چاہتا ہون کہ مصر مین جہان تک ممکن ہو راے جمہور سے کام لیا جاے مگر مین نہین سمجھتا کہ ایک واجبی میعاد کے اندر اُس ملک مین ایک مضبوط و مستحکم اور صائب راے عوام کیونکر پیدا ہو سکتی ہے بلکہ مجھکو یقین ہے کہ اُس ملک مین بزور شمشیر دست اندازی کر کے ایسی راے کے پیدا ہونے کو ہمنے ایک پشت تک اور ملتوی کر دیا کیونکہ **قومی تحریک** مین راے عوام کا تخم موجود تھا اور اگرچہ وہ روئیدہ اور بار ور نہ ہوا تھا لکن لڑ بھڑ کر اسمین قوت و توانائی ضرور آجاتی اور آخر ثمرہ نیک ہوتا - پس میری دانست مین مصر کا انتظام اُس قسم کی ترقی اور طہارت کا محتاج ہے جیسی ہندوستان کے انتظام مین ہوئی ہے نہ اس قسم کی ترقی اور طہارت کا جیسی انگلستان کے انتظام مین ہوئی ہے اور چونکہ یہ امید نہین ہے کہ مصر مین نخل مراد خود بخود روئیدہ و بار ور ہوگا لہذا ضرور ہے کہ کسی اور ملک سے وہان لایا جاے اور چند مدت تک اُسکی خدمت اچھی طرح کیجاے - جب وہ ایک بار مضبوط جڑ پکڑ لیگا تب اُسکو اُسکے حال پر چھوڑ دینا کچھ مضائقہ نہین ہے کیونکہ ہمنے اکثر دیکھا ہے کہ جب ایک ملک کا درخت جا کر دوسرے ملک مین بویا گیا ہے جہان کی زمین اور آب و ہوا اور ہی قسم کی تھی تو وہان بھی چند مدت کے بعد خوب پھولا پھلا ہے -

مگر مجھکو صرف وہی انتظامی اصلاحین نہین مد نظر ہین جو نہایت ضروری و لابدی ہین بلکہ بعض اور مسائل بھی حل کرنے کے قابل ہین اور اُسیقدر اہم ہین اور انکا حل ہونا بھی غیر ملک کے لوگون کے دباؤ اور شرکت پر موقوف ہے - پس اُنکی کیفیت مجھکو مجملاً بیان کرنی ضرور ہے -

ہمارے دادا پردادا کے وقت مین حکما اور فلاسفہ کا یہ مقولہ تھا کہ ملکی آزادی جب سلطنت جمہوری کے لوازم کے پیرایہ مین ظاہر ہو تو رعایا کو اُس سے جملہ نعمات دینا

اور برکات آخرت حاصل ہوتی ہین - اس مغالطہ کا باعث کچھ تو یہ ہوا کہ بادشاہان سلف کے
ظلم و جور سے جو فرانس کی رعایا کا حال نہایت سقیم ہو گیا تھا اسکا مقابلہ امریکا کی رعایا کے
ساتھ کیا گیا جو نہایت مرفہ الحال تھی حالانکہ اسکے آسودہ حال ہونے کا سبب یہ تھا کہ
لاکھا بیگھہ اراضی نو توڑ اسکے ہاتھ آئی تھی اور جو لوگ انگلستان وغیرہ سے جا کر امریکا مین
بسے تھے وہ بھی بڑے عالی ہمت اور بلند حوصلہ تھے - لکن امریکا کی رعایا کی آسودگی کا
باعث عموماً یہ سمجھا گیا کہ یہ سلطنت جمہوری کی برکت اور معجز نمائی ہے - مگر اُس زمانہ سے
آج تک جو تجربہ ہوا ہے وہ اس بات پر شاہد ہے کہ جن لوگون کو نہایت وسیع ملکی آزادی
حاصل ہے اُنھون نے بھی فاقہ کشی کی ہے بلکہ کبھی کبھی تو بھوکون کے مارے مر گئے ہین
برخلاف اسکے ایک زبردست اور مطلق العنان اور روشنضمیر سلطنت شخصی کی رعایا اچھی
دال روٹی سے خوب آباد رہی ہے اور چین چان سے بسر کرتی رہی ہے - پس اب یہ
مغالطہ وحی آسمانی نہین سمجھا جاتا جسمین کچھ قیل و قال ہو ہی نہین سکتا اور جو کسیطرح
بدل ہی نہین سکتا بلکہ اب اکثر محققین کی یہ رائے ہے کہ رعایا کی آسودگی کے اسباب
اور ہی ہین - چنانچہ سوشل ازم (وہ مسلک جسکے رو سے دنیا کا سارا مال سب آدمیون
مین برابر تقسیم ہو جانا چاہیے اور امیر و غریب مین تمول کے اعتبار سے کچھ فرق نہ رہنا چاہیے)
کو ملاحظہ کیجیے کہ یورپ اور امریکا مین کیسا جلد جلد فروغ پاتا جاتا ہے اور یہ مسلک اُس
مذہب کے متضاد پیدا ہوا ہے جسمین ملکی آزادی ہر درد کی دوا قرار دی گئی ہے
اور ہر زہر کا تریاق سمجھا گیا ہے - اور سوشل ازم کی جو ایک شاخ اسٹیٹ سوشل ازم
پیدا ہوئی ہے وہ تو ملکی آزادی کی قاتل ہے اُس معنی سے جو معنی اس لفظ کے سابق مین
سمجھے جاتے تھے - سچی بات یہ ہے کہ ملکی آزادی اگرچہ عموماً قوم کی آسودہ حالی اور
فارغ البالی کا باعث ہوتی ہے مگر قوم کی رفاہ و بہبود کے پیچیدہ مسئلہ کے جہان اور
چند اجزا ہین اُنھین سے صرف ایک جزء یہ بھی ہے - چند غیر متغیر قوانین معیشت ہمیشہ

جاری رہتے ہین جن پہ توجہ واعتنا نہ کرنا بڑی بڑی خرابیون کا باعث ہوتا ہے اور مجموع قوم کی زندگی مین ایک وقت ایسا آتا ہے کہ مسائل متعلقۂ معیشت کو حل کرنا واجب ہو جاتا ہے اور زبردست اور روشن ضمیر سلطنت مطلق العنان بلکہ فاتح ملک بھی اُن مسائل کو زیادہ تر کامیابی کے ساتھ حل کر سکتا ہے بہ نسبت کسی قسم کی حکومت کے جسمین رعایا کو دخل ہو - میری دانست مین آج کل مصر کی بعینہٖ یہی حالت ہے یعنی اُسکے اسباب معیشت مین انقلاب عظیم ہونے والا ہے اور میرے نزدیک کسی قسم کی **لوکل سیلف گورنمنٹ** یعنی وہ حکومت جسمین رعایا کو دخل ہو اُس انقلاب کو نہین روک سکتی - یہ امر نہایت غور طلب ہے اسواسطے کہ اگر میری راے اس مقدمہ مین درست ہے تو عربی کی بغاوت صرف ایک خفیف مقدمہ اور ایک ادنی اشمہ اُس انقلاب عظیم کا تھا جسکی جڑین نہین معلوم کہان تک چلی گئی ہین اور ایک دن وہی بغاوت دہ چند شدت وحدت کے ساتھ ضرور عود کریگی اور خواہ مخواہ لینے کے دینے پڑجائینگے مگر یہ پیش از مرگ واویلا کی جاے یعنی قبل از وقوع واقعہ اُسکے انسداد کی کچھ تدبیر کیجاے -

اگر مین اُس فرقہ کے مصنفون مین سے ہوتا جو لوگون مین تہلکہ ڈال دیتے ہین تو مین ایک نیا باب اس کتاب مین شامل کرکے اُسکا عنوان یا سرخی بقلم جلی یہ لکھتا - "وہ مصر کے **اسباب معیشت مین انقلاب ناگزیر**" یا "وہ مصر کی **زمین کی زرخیزی جسکی شیخی بگھاری جاتی تھی بالکل تشریف لیگئی**،، - تب مین گرسنگی کو ایک بلاے مُبرم ومجسّم قرار دیکر اُسکی مہیب وخونخوار صورت کو دہشت انگیز عبارت مین بیان کرتا کہ اس تاک مین کھڑی ہوئی ہے کہ وہ وقت آئے تو کل مملکت مصر مین جتنے مرد وزن اور صغیر وکبیر اور برنا وپیر ہین اُن سب کو ہلاک کرون حضرت موسیٰ کے وقت مین جو عذاب اہل مصر پر نازل ہوا تھا اُسمین تو ملک الموت نے صرف پلوٹھی کے لڑکون کی روحین طرفۃ العین مین قبض کرلی تھین مگر یہ بلا اُس سے بھی عظیم تر

ہو گی کہ مرد و زن صغیر و کبیر کسیکو نہ چھوڑیگی - لاکن میرا یہ ارادہ نہین ہے کہ ناظرین سے ایسا مذاق کہرون اور اُنکے رحیم دل کو بیفائدہ کُڑھاؤن - البتہ مین چاہتا ہون کہ ایسی ترکیب کرون کہ وہ ذرا جھجک پڑین اور اُس خواب راحت سے بیدار ہون جو سابق کے مضامین دلچسپ پڑھنے سے اُنپر طاری ہوا ہے کیونکہ مصر کے مقدمہ مین یہ بحث جو اب بیان کی جاتی ہے فی الواقع نہایت اہم ہے - مین سچ کہتا ہون کہ مصر کے اسباب معیشت مین انقلاب عظیم ہونے والا ہے اور اگر اُسکے انسداد کی معقول تدبیر نہ کیجائیگی تو جو قحط اور مصیبتین اُس ملک پر نازل ہونگی اُنکے ذمہ دار اور جواب دہ کسیقدر تو ہم لوگ بھی ہونگے - رعایا کے اختیارات کو صرف وسیع کر دینے سے یہ بلا نہ ٹلیگی بلکہ اُسکے انسداد کے لیے اُس سے بہتر اور قوی تر تدبیر کرنی چاہیے -

جن حضرات نے زحمت گوارا کر کے اس کتاب کے ابواب سابق کو بنظر توجہ ملاحظہ کیا ہے اُنھون نے یہ نتیجہ ضرور نکالا ہو گا کہ مصر کی حالت مین کچھ خرابی تو ضرور ہے اور جو سیاح کچھ بھی چشم بصیرت رکھتا ہو اور دو آبہ مصر اور صوبہ فیوم اور وادی نیل کے حصہ جنوبی مین دورہ کرے وہ اُن مقامات کی حالت دیکھکر یہی نتیجہ نکالیگا - جب وہ القاہرہ اور اسکندریہ مین پہونچیگا تو جیسا جنگ طل الکبیر کے پیشتر سُنا کرتا تھا ویسی وعظ آمیز تقریرین اب سُنیگا یعنی اب کسی کو یہ کلام کرتے نہ سُنیگا کہ اسلام کو ساری دنیا مین عموماً اور مصر مین خصوصاً عیسائی سلطنتون کی علانیہ حرص اور پوشیدہ کاٹ چھانس سے بچانا ضرور ہے - بلکہ قصبات اور دیہات مین اور دو آبہ کے روئی کے کھیتون اور اضلاع متوسطہ کے شکر کے کارخانون مین - الغرض - جہان جہان اُسکا گذر ہو گا وہان وہان جو آفت نازل ہونے والی ہے اُسکی ایک علامت اظہر من الشمس پائیگا - وہ علامت یہ ہے کہ لوگ صاف صاف اور بلا تصنع یہ شکایت کرتے ہین کہ ہمارے ملک کے کاشتکار مفلس ہو گئے ہین اور زمین کی سرسبزی و شادابی زائل

ہوتی جاتی ہے اور ٹیکسون کا ادا کرنا ہر سال زیادہ مشکل ہوتا جاتا ہے اور فلاحین
روز بروز زیادہ مقروض ہوتے جاتے ہین اور اکثر وہ لوگ جنکے پاس اب تک کچھ
زمینداری ہے اُسکو بہت جلد فروخت کرکے غیر ملک والے سود خورون کا قرضہ ادا
کرینگے جنکے پاس اُنکی زمین رہن ہے اور جو تقاضے کے مارے اُنکی جان کھائے جاتے ہین
اگر سیاح سے اور مرتہن اراضی کمپنیون کے ذی شعور کارندون سے کہین اتفاقی
ملاقات ہوجائیگی تو مذکورہ بالا شکایتون سے جو رنج اُسکو ہوا ہوگا تھوڑے عرصہ تک
بھی باقی نہ رہیگا کیونکہ یہ لوگ اُسکو دم دینے کے لیے یہ تقریر کرینگے کہ فلاحین کے افلاس کو
علم دولت کے اصول کے موافق دیکھیے تو وہ ترقی دولت کی علامت ہے اور
مرتہن اراضی کمپنیان تو مصریون کی جان بچانے کو آسمان سے اُتری ہین۔ مین ان طائران
خوش الحان کی نغمہ سرائی کی کیفیت خوب جانتا ہون ع من خوب می شناسم پیران پارسا را
مگر انکا راگ مالا سیرے کانون کو ہمیشہ دور کے ڈھول سُہانے معلوم ہوا ہے اور انکے
ہیچھے ہین کا بندہ قائل ہے۔ لیکن انکی رائے سے مین نے کبھی نہین اتفاق کیا ہے اور مجھکو
یقین ہے کہ جب سیاح اتنی دیر سوچیگا کہ مرتہنان اراضی کے کلام بلاغت فرجام و فصاحت
انضمام کا نشہ اُسکے سر سے اُتر جائے تو وہ بھی میری رائے سے اتفاق کریگا۔ مجھسے
زیادہ اس اصول کا کون قائل ہے کہ اگر اہل یورپ کا روپیہ مصر کے قدرتی ذرائع معاش کی
ترقی مین لگایا جائے تو مصر کے قالب مردہ مین جان آجائے اور اس کام مین مرتہن اراضی کمپنیان
بالخصوص اسی قسم کے اور کارخانے مسیحائی کرسکتے ہین مگر جس بات پر مین حجت کرتا ہون وہ یہ ہے
کہ اسوقت تک جو اہل یورپ کی دولت مصر مین آئی ہے تو کسی ایسے کام مین نہین لگائی گئی ہے
جس سے اُس ملک کے باشندون کو فائدہ ہوتا البتہ جنھون نے روپیہ قرض دیا ہے اُنکو
نفع ہوا ہے اور اکثر روپیہ قرض دینے والون نے ترقی زراعت کا کبھی خیال نہین کیا
حالانکہ مصر کی سرسبزی خاص کر ترقی زراعت پر موقوف ہے بلکہ اُنھون نے اس کام پر

حصر کر دیا ہے جسکو وہ "روپیہ لٹنا" یا "زمیندارون کا خون تا چوس لینا" کہتے ہین۔ ایک دفعہ بڑی ال لگی ہوئی کہ مجھسے اور اُن صاحبون سے جو مصر کی خیرخواہی کا دم بھرتے ہین اور مرتہن اراضی کمپنیون کو اہل مصر کی اصلاح حال کا ذریعہ گردانتے ہین مصر کے ... مین بحث ہوئی اور جب مین نے روپیہ کو خون کی طرح چوس لینے مین اور روپیہ کو کسی مفید کام مین لگانے مین فرق اُنکو سمجھا دیا تب وہ قائل ہوئے اور بغلین جھانکنے لگے اور کہنے لگے کہ جس کمپنی کی کارندہ گری کا افتخار مجھکو حاصل ہے وہ کبھی اُس فعل کو نہین کرتی جسکی مذمت آپ نے کی ہے بلکہ وہ اپنا کل سرمایہ اور سب لیاقتین اصلاح اور ترقی اراضی کے مفید کام مین اس نظر سے صرف کرتی ہے کہ جب اراضی کی حیثیت درست ہو جائیگی تو اسکو مصر کے زمیندارون کے ہاتھ دوبارا فروخت کر لینگے۔ اگر مجھکو ناواقف آدمی سمجھکر اُنھون نے یہ تقریر کی تو بڑی نادانی کی کیونکہ مین اُنھین کی کمپنی کی سالانہ رپورٹون سے یہ امر ثابت کر سکتا تھا کہ اُس کمپنی کا مقصد واقعی صرف یہ تھا کہ بہت سے سود پر لوگون کو روپیہ قرض دیا کرے اور اُسنے چند مرتبہ جو اراضی کو بطور آزمایش کے درست کیا تھا صرف اسلیے کیا تھا کہ اُسکو اتنے مفلس آدمی ہی نہین ملے جنکو روپیہ قرض دیکر وہ اپنا مطلب نکالتی۔ اگر ایسی ہزیمت کسی اور حجتی آدمی کو ہوتی تو وہ جھیپ کر چپکا ہو رہتا مگر میرا خصم بڑا مرد میدان تھا اُسکے استقلال اور زندہ کاوت کا بندہ قائل ہے کہ وہ اپنے بیرونی مورچون کو چھوڑ کر جھٹ قلعہ کے اندر جا رہا اور کہنے لگا کہ وہ بالفرض اگر غیر ملک کے آدمیون کے روپیہ قرض دینے سے مصر کے زمیندارون کی ملکیتین جلد جلد زائل ہوتی جاتی ہین تو بھی تو زوال ملکیت صرف ایک چند روزہ خرابی ہے بلکہ خرابی ہی نہین ہے۔ یہ تو اقبال اور آسودگی کا مقدمہ ہے۔ جب مصر والے بالکل تباہ و برباد ہو جائینگے تو انکی زمینداریون کو غیر ملک والے خرید لینگے۔ پس جناب خداترسی کو تو جانے دیجیے اور اس مسئلہ کو ایک روشن دماغ

عالم علم و دولت کی نظر سے دیکھیے - اگر فلاحین مالکان اراضی کو ہرادیے بنا کر ان
کھیتون مین کام لیا جاے جو اہل یورپ کے روپیہ سے درست کیے گئے ہین اور جنمین
اہل یورپ کا انتظام ہے تو فرمائیے اس ملک کی پیداوار مین کسقدر افزونی ہوگی
اور اُسکے باشندون کی حالت مین کس درجہ اصلاح ہو جائیگی؟ جب یہ کلام مین نے سُنا
تب مجھکو مرتہن اراضی کمپنیون کی فیاضی اور مردم دوستی کی قدر و عافیت معلوم ہوئی
جب یہ سودخورے مصر کے زمیندارون کی ملاقات کو جاتے ہین تو گویا ملائکہ رحمت اُنپر
نازل ہوتے ہین کیونکہ یہ حضرات جن کمپنیون کے کارندے ہین اُنکو تباہ و برباد کر کے
چاہتے ہین کہ زمیندارون کے حال مین ایسی اصلاح ہو کہ آئندہ اُنکو روٹی برابر ملے جاے
اور اُنکا طرز معیشت جیسا اب ہے اُس سے بہت بہتر ہو جاے - فی الواقع اُنکو یہی تو
منظور ہے - یہ لوگ ہو بہو ویسے ہین جیسے بڑے بڑے شہرون مین سودخورے یہودی
فضول خرچ نوجوانون پر یہ احسان کرتے ہین کہ اُنکو قرضہ کی علت مین جیل خانے
بھجوا دیتے ہین جہان اُنکا طور طریق خوب درست ہو جاتا ہے اور اُنکو فاقہ کشی کا اندیشہ
نہین ہوتا ہے - ہاے یہ کمبخت فلاحین کیسے کوڑ مغز ہوتے ہین کہ اپنے محسنون کو ظاہر
مین کریہ منظر دیکھکر اُنکی عنایت و شفقت باطنی سے چشم پوشی کرتے ہین - مگر تجربہ کار
اور دور اندیش ارباب سیاست کی طرح ہمکو فلاحین کی کوتاہ بینی اور کوڑ مغزی کا خیال
ضرور کرنا چاہیے اور یہ سوچنا چاہیے کہ ہنوز دلّی دور آئندہ جب اُنکو رفاہ و فلاح ہوگی
تب ہوگی تب تک وہ بیچارے کیا کرینگے - اگر ہم ہوشیار نہ رہینگے تو یہ لوگ جو فلاحین کے
محسن بنے ہین صرف اسباب معیشت ہی مین انقلاب عظیم نہ پیدا کرینگے بلکہ ہمکو ایک
انقلاب ملکی مین مبتلا کر دینگے جو ویسا ہی خطرناک ہوگا جیسا وہ انقلاب تھا جو مصر مین
ہو چکا ہے - جاہل فلاحین سے یہ توقع کیونکر ہو سکتی ہے کہ علم دولت کے اصول
عقلی جو فی زماننا یورپ مین قرار دیے گئے ہین اُنکے موافق اپنا کردار رکھین اور

غیر ملک والون کے غلام بنکر رہنا اور انکی خاطر لکڑہارے اور پن بھرے بننا گوارا کرین جو گورنمنٹ ایسے انقلاب کی ترغیب صریحاً دیگی یا ضمناً وقوع مین آنے دیگی اُسکو مصر کے سب کاشتکار ہمیشہ کوسا کرینگے اور مصریون کی بغاوت اور غیر ملک والون کی فتنہ پردازی کا اندیشہ اُسکو ہمیشہ رہیگا۔

جب مین اپنے دل مین سوچتا ہون کہ مصر کا حال زار بیان کرنے کی سب سے عمدہ ترکیب کیا ہے تو ایک دقت عظیم مجھکو پیش آتی ہے۔ وہ دقت یہ ہے کہ مین نہین جانتا کہ اس کتاب کے ناظرین کس قماش کے لوگ ہین۔ اگر وہ نعلی پسند ہین اور کلیات کو پسند اور جزئیات کو ناپسند کرتے ہین تو مین ایک ہی جملہ مین اُنسے اپنا مطلب بیان کرونگا۔ لکن اگر وہ میرے مانند جزرس اور باریک بین ہین اور چھچھوندر کیطرح کونے کھدرے مین گھستے پھرتے ہین عقاب کے مانند بلند پروازی نہین کرتے یعنی واقعات کے ٹیلون کو آہستہ آہستہ کھود کر اور تحقیق وتفتیش کی بھول بھلیان مین گھوم گھام کر عام اصول کی منزل تک پہونچتے ہین تب تو اپنا مطلب مجھکو کئی صفحون مین بیان کرنا چاہیے۔ پس مین کیا کرون؟ شاید میرے حق مین یہی بہتر ہے کہ اُن دانشمند اور بلند ہمت دوکانداروں کا تتبع کرون جو گاہکون کے مختلف طبائع کا لحاظ کر کے اپنے مال واسباب کو اسطور سے آراستہ کرتے ہین کہ خاص وعام کو اپنی طرف راغب کر لیتے ہین۔ پس پہلے تو مین ایک ہی جملہ والا مطلب بیان کرتا ہون بعد اُسکے کچھ تفصیل بھی اُن لوگون کے فائدہ کے لیے بیان کرونگا جو ایسی قلیل وثقیل غذاء عقلی کو ہضم کرنے کی قوت نہین رکھتے۔

ایک جملہ والا مضمون تو یہ ہے کہ چند عرصہ سے مصر پر یورپ کی تجارت یورپ کی دولت۔ یورپ کی طمع۔ یورپ کی حکومت۔ الغرض۔ یورپ کی تہذیب وشائستگی کا طوفان آرہا ہے۔ مگر میرے نزدیک اسکو تہذیب وشائستگی کہنا غلط ہے۔ اہل یورپ کی دست درازیون کو ترقی اسباب معیشت کی ہوس پر محمول کیجیے یا اسمین اور کوئی تاویل کیجیے

جب اِس ہوا و ہوس نے مشرقی طبائع پر اثر کیا جو سکتہ کی حالت مین تھین اور پرانی لکیر کی فقیر بنی ہوئی تھین تو نتیجہ یہ ہوا کہ انتظام قدیم مین فتور عظیم واقع ہوا اور عجب پریشانی اور مفلسی پیدا ہوئی جسمین مادّہ اِس فساد کا موجود ہے جو بیوقوف اور ضدی مصریون مین اور چالاک و عالی حوصلہ اغنیا مین ایک روز ہونا ضرور ہے اور فساد بھی کیسا جسمین دونون کی جانین جائینگی - جو لوگ اُس مطلب کو سمجھکر مطمئن ہو جائین جو اس طویل و عریض جملہ مین کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا ہے اُنکو تو یہی مناسب ہے کہ آیندہ کے چند صفحون کو فقط نظر سرسری سے دیکھ جائین کیونکہ اُنمین اسی متن کی شرح اور اسی اجمال کی تفصیل اُن اخوان الصفا کے لیے بیان کی ہے جو ذرا کُند ذہن اور دیر فہم ہین -

اِس جملہ کا مضمون تمام و کمال بیان کرنا تو دریا کو کوزہ مین بند کرنا ہے کیونکہ مصر کے تاریخی حالات صدہا سال کے آغاز سے دیکھے جائین تب کہین اس جملہ کا پورا مضمون ادا ہو - اس عجیب قصہ مین جو باتین پیش پا افتادہ تھین وہ باب ہشتم اور باب نہم مین بیان کی گئین اور اس مقام پر مجھے یہ بھی گزارش کرنا مناسب ہے کہ اس مربیر عبدہ کی زبانی چند حکایات بیان کر کے جو مین نے اپنی طرف سے اُنپر حاشیہ چڑھایا تھا تو میری غرض اصلی یہی تھی کہ ناظرین کو اُن امور کے سمجھنے پر آمادہ کرون جنکو اب تحقیق کرنا منظور ہے - اب قصر سلیمان کے نابینا فقیر کو ہمراہ لیکر مین اُس ملک مین دوبارہ نہ جاؤنگا جسکی سیر کر چکا ہون بلکہ فلاحین کی حالت موجودہ مین جو دو تین گھر کی باتین ہین صرف اُنکی اصل کو بیان کرونگا -

**پہلا مضمون** جو سب سے زیادہ حیرت انگیز اور تشویش خیز ہے یہ ہے کہ مصر کی زمین کی کمزوری کی علامات اظہر من الشمس ہین - اسکندریہ سے اسیوط تک جہان جہان پانچ قنطار روئی پیدا ہوتی تھی اب وہان وہی تین قنطار پیدا ہوتی ہے اور اضلاع متوسطہ مین بھی جہان گنّے کی کاشت سے بڑا فائدہ ہوتا ہے ایسی ہی شکایتین

سُننے مین آتی ہین ۔ مین یہ نہین کہتا کہ پیداوار اسقدر کم ہوتی ہے جیسا لوگون کا بیان ہے کیونکہ مین خوب جانتا ہون کہ جیسا اور ملکون کے کاشتکارون کا قاعدہ ہے جنکے حالات سے ہم زیادہ تر واقف ہین ویسا ہی مصر کے فلاحین کا بھی دستور ہے کہ اپنی صعوبات کو مبالغہ کے ساتھ بیان کرتے ہین اور یاس مع ہراس اسقدر ظاہر کرتے ہین کہ واقعات سے اسقدر نا امیدی نہین ثابت ہوتی ۔ اور یہ بھی جانتا ہون کہ مصر کی زمین کی قوت پیداوار مین فیصدی پچاس بلکہ پچیس کی بھی کمی نہین ہوئی ہے جیسا بعض فال بد نکالنے والون کا قول ہے کیونکہ جو اشیا مصر سے بیرونجات مین بھیجے جاتے ہین اُنکے نقشون سے ثابت ہوتا ہے کہ روئی اور اشیاے خوردنی مین کچھ یون ہی سی کمی ہوتی ہے اور فی الحال جو رقبۂ مزروعہ وسیع ہوگیا ہے تو اسقدر وسیع نہین ہوا ہے کہ اُس سے زمین کی قوت مین فیصدی پچاس یا پچیس کی کمی کی مکافات ہو جاے ۔ پس اگر چند ہی آدمیون کا یہ قول ہوتا کہ مصر کی زمین کی سرسبزی و شادابی کم ہوتی جاتی ہے تو اسکو غلطی یا خبط کہکر ٹالدیتے لیکن جب ہم دیکھتے ہین کہ اس قول کی تائید وہ سب لوگ بالاتفاق کرتے ہین جو مصر کے حالات سے بخوبی واقف ہین تو ہمکو یہ تسلیم کرلینا لازم ہے کہ اگرچہ کبھی کبھی یہ بات مبالغہ کے ساتھ بیان کیجاتی ہے تاہم محض بے اصل نہین ہے ۔ اور یہ امر تسلیم کرنا اُسوقت چندان مشکل نہ رہیگا جبکہ ہمکو معلوم ہو جائیگا کہ جو شخص علم فلاحت مین دخل رکھتا ہو اور چند عرصہ سے جو کیفیت زراعت کی مصر مین ہے اُس سے بھی واقف ہو اُسکو خواہ مخواہ یہی امید ہوگی کہ اُس ملک کی اراضی کی قوت پیداوار بہت کم ہوگئی ہے ۔

مگر ایسے اقوال اُس ملک کے باب مین کیونکر تسلیم ہو سکتے ہین جو ہزار ہا برس سے نہایت درجہ سرسبز و شاداب مشہور چلا آتا ہے ؟ ۔ کیا دریاے نیل اب نہین جاری ہے یا اُسکا دھارا بدل گیا ہے ؟ کیا آفتاب عالمتاب نے اپنا رخ پرنور فوراً چھپالیا ہے اپنی جانبخش و جانفزا شعاع پہونچانے مین بخل کرنا شروع کیا ہے ؟ کیا ریگستان مصر مین ایسی باد خزان

چلی ہے جسنے ہرے بھرے کھیتون کو زرد رنگ مین آلودہ کر دیا ہے؟ ایسا تو ہرگز نہین
ہوا ہے۔ کوئی طوفان عظیم نہین آیا ہے۔ اچھا پھر اسکا کیا باعث ہے کہ وہ ملک جسمین
باوجودیکہ زراعت کے بالکل ابتدائی طریقے جاری ہین تاہم ہزارہا برس سے زرخیز چلا آتا ہے
اسکی زرخیزی اس زمانہ مین جاتی رہی ہے جبکہ زراعت مین بڑی بڑی ترقیان عمل مین آگئی ہین
اگر ناظرین اس کتاب (انگریزی) کا صفحہ ۲۴۳-۲۵۱ تک ملاحظہ فرمائین تو انکو اس سوال کے
جواب کا مادہ مل جائیگا۔ مصر کی زمین کی قوت پیداوار جو عرصہ دراز تک کم نہین ہوتی
تو اسی وجہ سے نہین کم ہوتی کہ وہان زراعت صرف ابتدائی طریقون سے ہوتی رہی
اور جو طریقہ زراعت فراعنہ مصر کے وقت سے صدی رواں کے آغاز تک برابر جاری رہا
اور جو وادی نیل مین السیوط تک ہمیشہ اب تک جاری ہے اسکے موافق جو فصل پیدا
ہوتی تھی تو مصر کی زمین سے نہین پیدا ہوتی تھی بلکہ اس طرح مٹی سے پیدا ہوتی تھی
جو دریاے نیل کے سیلاب مین ہر سال وسط افریقہ سے بہ آیا کرتی تھی۔ اور اگر ایک
چھوٹا سا ٹکڑا مصر کی زمین کا زراعت کے کام مین لایا جاتا تھا اور اسکی زرخیزی مین کچھ
فرق آتا تھا تو اسکا سبب یہ تھا کہ کاشتکار سیلابی طریقہ زراعت سے روئی اور گنے
وغیرہ کی کاشت نہ کر سکتے تھے جو زمین کی قوت پیداوار کو سلب کر دیتی ہے۔ مگر جب
محمد علی پاشا نے وہ نیا طریقہ جاری کیا جس سے سال بھر برابر آبپاشی ہوا کرتی ہے
اور اسمعیل پاشا نے اسکو اور زیادہ فروغ دیا اسوقت سے مصر کی زراعت کا رنگ بالکل
بدل گیا ہے۔ یعنی اسوقت سے یہ دستور ہو گیا ہے کہ وہ اشیا جو زمین کی قوت پیداوار کو
زائل کر دیتی ہین اور جنکو زمانہ قدیم اور قرون اوسط کے مصری جانتے بھی نہ تھے کہ
روئی یا گنا کس کھیت کی مولی ہے اب وہ خود مصر کی زمین مین بوئی جاتی ہین اور
اس پانی سے سینچی جاتی ہین سرسبز و شاداب کرنے والی مٹی بہت کم ہوتی ہے۔
اسکے وجوہ سابق مین بیان کیے گئے۔ کسان یہ تو جانتے نہین کہ علم کیمیا کو زراعت مین

کیا دخل ہے لہذا اُنکو یہ دیکھکر بڑا تعجب ہوتا ہے کہ چند سال کے بعد پیداوار کی مقدار کم ہوجاتی ہے اور اُسکی عمدگی مین فرق آجاتا ہے پس اُنسے یہ کہا جاتا ہے کہ اس خرابی کا علاج یہ ہے کہ ہمین مٹی اُن ٹیلون کی لیکر جو اُن مقامات پر ہین جہان اگلے زمانہ مین شہر آباد تھے کھیتون مین بکھرا دو - اس اگلے زمانہ کی مٹی مین وہ مادہ شورہ جو روئی اور گنّے کی کاشت کے لیے درکار ہے بہت قلیل ہے مگر امونیا اور وہ اجزا جو صرف مدت قلیل تک زمین کو تقویت بخشتے ہین بمقدار کثیر ہین - لہذا اس مٹی کی تاثیر سے چند روز تک یہ معلوم ہوتا ہے کہ زمین کی قدیم سرسبزی و شادابی نے عود کیا ہے لیکن آخر کو بعینہ وہی نتیجہ ہوتا ہے جو اُس حالت مین پیدا ہوتا ہے جبکہ مریض کو مقویات تو بہت دے دیے جائین مگر غذا مقوی بمقدار کافی نہ دی جاے - یعنی بہت سی قوت دفعتہً پیدا ہوکر چند روز مین خود بخود زائل ہوجاتی ہے اور اُسکے بعد مریض پیشتر سے بھی زیادہ ضعیف و نقیہ ہوجاتا ہے پس معلوم ہوا کہ جو ترقیان مصر کے طریقۂ زراعت مین اسلیے کی گئی ہین کہ وہان کی روئی اور شکر یورپ کے بازارون مین بھیجی جاے وہ منجملہ اُن اسباب کے ہین جنسے اُس ملک کے قدیم انتظام زراعت مین خلل عظیم واقع ہوا ہے - اب اکثر فلاحین کو ہر سال روئی اور گنّا بافراط بونے کی ضرورت ہوتی ہے اور زمین کی سرسبزی و شادابی جس سے روئی اور گنّے کی فصل بافراط پیدا ہوتی تھی زائل ہوتی جاتی ہے خلل اہم

انتظام قدیم مین دوسرا خلل آب پاشی کے انتظام جدید کی وجہ سے واقع ہوا ہے سابق مین تو مصر کا صیغۂ تعمیرات سرکاری قدیم سیلابی طریقۂ زراعت کی جملہ ضرورتون کو رفع کرنے کے لیے کافی تھا مگر اب جو اصلاحین محمد علی پاشا اور اُسکے جانشینون نے زراعت مین کی ہین اُنکی ضرورتون کو رفع کرنے سے قاصر ہے اور اس جدید اور پیچیدہ طریقۂ آب پاشی کو کام مین لانے کی جو کوشش کی گئی ہے اُسمین کامیابی نہین ہوتی ہے بلکہ عنقریب ہے کہ یہ طریقہ بالکل موقوف ہوجاے -

انتظام قدیم مین تغیر اخلال ٹیکس کے سبب سے ہوا ہے ۔ سابق مین یہ قاعدہ تھا کہ کسان کسیقدر فصل بطور ٹیکس کے دے دیتا تھا اور چندروز تک باندھ بناتا تھا اور نہرین کھودتا تھا اور اَور سرکاری کام کرتا تھا جنکے انجام دینے سے جو فرائض گورنمنٹ کے سپرد تھے وہ ادا ہوجاتے تھے ۔ اب اُسکو فصل بیچکر جتنا ملتا ہے اُس سے زیادہ روپیہ ٹیکس مین دینا پڑتا ہے ۔ جب سے اسمٰعیل پاشا معزول ہوا ہے اُسوقت سے غالباً کسان پر ٹیکس کا بار کم ہوگیا ہے مگر یہ خیال کرنا چاہیے کہ اب اس بار کا متحمل ہونا اُسکو آسان ہے اسواسطے کہ اب مالگزاری مین بہت باقی نہین پڑتی ہے کیونکہ جزو اعظم مالگزاری ارضی کا سالانہ فصل سے نہین ادا کیا جاتا بلکہ دیہات کے مہاجنون سے سودی روپیہ لیکر ادا کیا جاتا ہے اور اب وہ مہاجن اپنے روپیہ کے لیے غل مچا رہے ہین ۔

پس کیا وجہ ہے کہ فلاحین اپنے قدیم اور سادہ طرز معیشت کو پھر نہ اختیار کرین اور روئی اور شکر کی کاشت کو ترک نہ کرین اور دریاے نیل کی اُس مٹی مین جو اب بھی سابق کی طرح وسط افریقہ سے بہ بہ کر چلی آتی ہے لوبیا اور اَور سادی چیزین نہ بویا کرین اور ٹیکس کی عوض مین غلہ نہ دیا کرین یا اُسکے بدلے نہرین وغیرہ نہ کھودا کرین اور یورپ اور اُسکی تہذیب اور شائستگی سے جو اُنکی جان کا جنجال ہوگیا ہے قطع تعلق نہ کرلین ؟ افسوس ہے کہ جب کوئی بات کسی قوم سے مدت سے جاتی رہتی ہے تو اُسکا پھر آنا غیر ممکن ہے اور اس قاعدہ سے اہل مصر مستثنیٰ نہین ہین ۔ جب سے وہ تغیرات ہورہے ہین جنکے باعث سے مصر کا انتظام قدیم منقلب ہوگیا ہے اُسوقت سے اِس ملک کے قومی قرضہ کی مقدار بہت ہوگئی ہے مگر اُسپر کیا منحصر ہے یورپ کی مہذب و شایستہ سلطنتون پر بھی قومی قرضہ کا بار بہت ہوگیا ہے ۔ اور باوجودیکہ اب جو نیا طریقہ زراعت مصر مین جاری ہوا ہے اُس سے پیداوار مین افزونی ہوئی ہے تاہم قومی قرضہ کا ششماہی سود ادا کرنا اب بھی مشکل ہوجاتا ہے پس اگر اب اس ملک مین

طریقہ قدیم پھر جاری کیا جاے تو جتنا سود ادا کرنا چاہیے اُسکا عشر عشیر بھی نہ ادا ہو سکیگا قطع نظر اسکے جب سے اُس ملک مین قومی قرضہ لیا گیا ہے اُسوقت سے اہل یورپ کی تجارتی اور ملکی اغراض اُسمین اسقدر شامل ہو گئے ہین کہ اگر شاید کچھ معجزنمائی کرکے وہ قرضہ ادا کیا جاے تو بھی اہل یورپ سے قطع تعلق کر لینا اُسکو (مصر کو) ممکن نہین ہے۔ شاید اُس قومی فریق مین جو مرحوم و مغفور ہو چکا ہے کچھ سودائی لوگ ایسے بھی ہون جو ایسے لغو خیالات رکھتے ہون مگر ایسے خیالات نے تجربہ کار ارباب سیاست کے ذہن مین یقیناً کبھی نہین خطور کیا۔ شاید کوئی صاحب علم کیمیا مین ایسا عبور رکھتے ہون کہ شیر و شکر مین جدائی کی کوئی تدبیر نکالین مگر یقین کرکے مانیے کہ کسی سیاست دان مین یہ قدرت نہین ہے کہ کسی تدبیر سے اہل یورپ کا دخل مصر کے معاملات سے اُٹھا دے۔ چالاک اور بلند ہمت اغیار اور بیوقوف و ضدی مصریون مین اتنی مدت سے لشت ہو رہی ہے کہ اغیار کو سرسری طور سے مصر سے نکال دینا اب محال ہو گیا ہے۔ اب صرف اتنی تدبیر ہو سکتی ہے کہ مصریون کی حق تلفی نہونے پائے اور اُنکی مدد اُن باتون مین کیجاے جنمین وہ مخالفین کے بہ نسبت کمزور ہین اور یہ امر ایسا ہے جسکو گورنمنٹ انگلشیہ مصر کے حکام یا مصریون کی پارلیمنٹ کی بہ نسبت زیادہ آسانی سے انجام دے سکتی ہے۔ یہ صحیح ہے کہ ہمارے امکان مین یہ بات نہین ہے کہ پارلیمنٹ کے ایکٹ کے ذریعہ سے مصر کی زمین کو زیادہ زرخیز کر دین یا مصر کے قومی قرضہ کو کم کر دین یا فلاحین کو سود خوار مہاجنون کے قرضہ سے بری کر دین مگر مصر کے کاشتکارون کی حالت مین ضمناً اصلاح کرنا البتہ ہمارے امکان مین ہے۔ اگر اتنا بھی ہمسے نہو سکے تو پھر مصر مین ہمارا جانا محض بیکار رہیگا اسواسطے کہ ملکی یا انتظامی اصلاحات سے کسی قوم کی رفاہ و بہبود اسوقت تک نہین ہو سکتی جب تک کہ عامہ خلائق کی حالت ایسی ابتر ہے جیسی مصر کی رعایا کی ہے

یہ مقدمہ ایسا ہے جسکی مجھکو دل سے فکر ہے اسوجہ سے شاید میری تحریر مین طول ہوگیا ہو لہذا بالفعل اسکو موقوف رکھتا ہون اور جو چیدہ چیدہ باتین لکھ چکا ہون اُنکا خلاصہ بیان کرتا ہون تاکہ جو مسئلہ حل کرنا منظور ہے اسکی کچھ حقیقت معلوم ہوجاے اگر مین اس مسئلہ کو خوب سمجھا ہون تو میرے نزدیک یہ امور ذیل پر مشتمل ہے -

(۱) مقرر کرنا اُس قسم کی فوج اور پولیس کا جو باعث امن وامان کا ہو -

(۲) امور انتظامی مین اور عدالتون کے انتظام مین وہ اصلاحین عمل مین لانا جنکی نہایت ضرورت ہے -

(۳) کاشتکارون کے حال مین اصلاح کرنا -

(۴) مصر کی رعایا کو بعض ملکی اختیارات عطا کرنا نہ اسوجہ سے کہ اُنکی ضرورت شدیدہ بالفعل لاحق ہے بلکہ اسلیے کہ آیندہ کی ضرورتین رفع ہون اور جو وعدہ ہماری گورنمنٹ نے کیا ہے وہ بھی وفا ہوجاے -

اب ہمکو یہ تحقیق کرنا ہے کہ یہ امور کسقدر حل ہوچکے ہین اور کس قدر حل ہونے باقی ہین فقط -

# باب دوازدہم
## مصر کے مسئلہ کو حل کرنے کی ترکیب کے
### بیان مین

مصر مین جنگ زرگری اور جنگ حقیقی دونون اس پھرتی اور خوبصورتی سے ہوئین کہ جو لوگ اپنے تئین مصر کے معاملات مین نہایت مستند القول سمجھتے تھے اُنکو بھی امید نہ تھی کہ ایسی گتھیان اس آسانی سے سلجھ جائینگی۔ انگلستان کی جنگ زرگری اور جنگ حقیقی کی تاریخ مین بس یہ ایک بات استقلال اور قوت اور خوبی کے ساتھ انجام پائی ہے مگر بڑا امر یہ ہے کہ تقدیر نے بھی یاوری کی یا یہ کہیئے کہ بن پڑی کیونکہ جب دنیا کے معاملات مین استقلال اور جودت کو دخل دیا جاتا ہے تب اکثر بن ہی پڑتی ہے لارڈ ڈفرن اور سر بوچامپ سیمور اور سر گارنٹ وولزلی کا شکریہ کہان تک ادا کیا جاے جنکی حسن سعی سے ہماری عملداری مصر مین آخر ماہ ستمبر تک بخوبی ہوگئی اور ٹرکی فوج یا اور کسی ملک کی فوج کی ضرورت نہین ہوئی نہ یورپ کی کسی سلطنت کی دست اندازی کی حاجت ہوئی۔ الغرض میدان بالکل صاف ہوگیا اور ہمکو انتظام جدید کی لیاقت کے اظہار کا خوب موقع ملا۔

اُسکے بعد تھوڑے عرصہ تک توقف رہا جس سے صاف معلوم ہوتا تھا کہ مصر کی حالت کے باب مین جو خیالات گورنمنٹ انگلستان کے ہین وہ صحیح نہین ہین اور جو انتظام کا خاکہ گورنمنٹ انگلشیہ نے جھٹ پٹ بنا لیا ہے وہ مصر کے حالات کے مناسب نہین ہوتا جس طرح ہمارے دوست عثمان کو ایک معقول تازی اور متلون مزاج گھوڑا گرجن گینز

ہاتھ لگ گئی تھی اُسی طرح ہماری گورنمنٹ کو ایک سفید ہاتھی ملگیا تھا اور ہمارے ملکی دواب خانہ کے داروغہ بہت حیران تھے کہ اسکو کیا کرین اور کہان لیجائین [illegible] اپنے افسران اعلی کے معتمد علیہ تو تھے مگر چونکہ مدت تک افکار مین مبتلا رہے تھے اور وحشت بھی بے حد کی تھی لہذا ضعیف ہو گئے تھے اور لوگون کو اُنکی طرف سے یہ اندیشہ تھا کہ مبادا کوئی منچ ایسی بیٹھ آئے جو اُنکو بہا لیجائے —

بعض ہمارے اہل الرائے آدمیون کے عالمانہ کلام سے مترشح تھا کہ وہ منچ واقع مین ایسی زبردست ہے کہ خود ہماری گورنمنٹ کو بہائے لیے جاتی ہے اور اتبک تو ہماری قدیم جنگ زرگری اور جنگ حقیقی دونون مین کامیاب ہوئی تھی لیکن اب قریب تھا کہ اُدھر ملک مین اُسکی پگڑی بدلیا چاہتی ظاہر ہو پس انگلستان مین ارکان دولت بلکہ جابجا خاص و عام کو یہ ثابت ہوا کہ ایسی حالت مین تلافی مافات کرنا اور اس مہم کو بالکل سر کر لینا اسپر موقوف ہے کہ قاہرہ مین کوئی نیا آدمی بھیجا جائے جو چشم بصیرت اور دست زبردست رکھتا ہو — ساعت کیا ٹھیک تھی جب لارڈ گرانول وزیر دول خارجہ نے مصر کے لیے اُس شخص کو تجویز کیا جو قسطنطنیہ مین انگلستان کا سفیر تھا - لارڈ صاحب موصوف کو اکثر موقع پر لارڈ ڈفرن کی عقل سلیم اور جودت و حذاقت کی کیفیت معلوم ہو چکی تھی اور اُنکا یہ قیاس صحیح تھا کہ جس شخص مین علاوہ کمالات باطنی کے یہ اوصاف ظاہری بھی موجود ہون کا میسر ہوتی ذی خطاب و انگلستان کا سفیر دولت عثمانیہ مین ہو اور متعدد اعلی درجہ کے خطابات حاصل کر چکا ہو اُسکا وقعت و وقار القاہرہ مین ایک معمولی قسم کے سفیر انگلستان کی بہ نسبت بمراتب زیادہ ہوگا لہذا ایک خاص خدمت لارڈ ڈفرن کے سپرد کی گئی جسکا کوئی ٹھیک سرکاری نام نہین ہے اور ۲۲ نومبر ۱۸۸۲ء کو وہ قسطنطنیہ سے جہاز پر سوار ہو کر اسکندریہ کو روانہ ہوے اگرچہ سلطان روم اور اُنکے اہل دربار لارڈ صاحب ممدوح الالقاب سے بہت خوش تھے تاہم سلطان نے اُنکے جانے پر بڑا افسوس ظاہر کیا مگر اس تاسف کی وجہ یہ تھی

سلطان

کہ سلطان لارڈ ڈفرن سے دلی انس و محبت رکھتے تھے بلکہ اسکا باعث یہ تھا کہ سلطان کو
اس بات کا اندیشہ تھا کہ وہ عاقل و مدبر شخص جسنے ہماری کاٹ پھانس کو مصر مین نہین
چلنے دیا جب مصر مین پہونچیگا تو اس سے بھی زیادہ غضب ڈھائیگا اور آفت جوتیگا جتنی
قسطنطنیہ مین ہل چل ڈال دی تھی - وہ دن بھی مجھے ہمیشہ یاد رہیگا جبکہ ۵ دسمبر کو
لارڈ ڈفرن دار الخلافت قسطنطنیہ سے مصر کو روانہ ہوے اسوقت جو شخص اس دودی
جہاز کو جسپر لارڈ صاحب ممدوح سوار تھے ایوان سلطانی یلدز کیوسک سے بکمال غور
دیکھ رہا تھا وہ اپنے دل مین یہ سوچ رہا تھا کہ یہ جہاز صرف لارڈ ڈفرن اور لیڈی ڈفرن
اور انکے چند سکرٹریون ہی کو نہین لیے جاتا ہے بلکہ سلاطین روم کو جو صدہا برس سے
صرف برائے نام حکومت مصر مین حاصل تھی اور جسکو سلطان عبد الحمید چاہتے ہین کہ
حکومت انتظامی واقعی کے درجہ تک پہونچا دین اسکو بھی لیے جاتا ہے اس مرد مبصر کو جو
اسوقت قصر سلطانی کے بام بلند پر کھڑا ہوا لارڈ ڈفرن کی روانگی کی سیر کر رہا تھا
ظن غالب اس بات کا تھا کہ لارڈ صاحب موصوف نے سفیر کے خطاب کو ویسرای
یا نائب السلطنت کے خطاب سے جو پہلے خطاب سے بڑھا ہوا ہے باطناً بدل لیا ہے
اور اب دولت عثمانیہ کے باقی اعضا مین سے ایک اور عضو قطع ہوئے کو ہے

جب لارڈ ڈفرن حضرت سلطان المعظم سے وداع ہونے لگے تھے تو اسوقت کچھ
تشفی کے کلمات فرمائے تھے اور باب العالی سے یہ بھی عرض کیا تھا کہ میرا قصد
قسطنطنیہ مین مراجعت کرنے کا ہے مگر ایک سفیر با تدبیر قسطنطنیہ سے چلتے وقت
چند مبہم اور شفقت آمیز کلمات کہے انکا کیا اعتبار ہو سکتا ہے -

جب لارڈ ڈفرن القاہرہ مین پہونچے تو وہان کے معاملات کو بہت ابتر پایا
اور اگر انکو کچھ ہدایات انگلستان سے پہونچے تھے تو انکو ضرور معلوم ہو گیا ہوگا کہ جو بار
عظیم مجھپر ڈالا گیا ہے وہ ان ہدایات سے ہلکا نہین ہو سکتا اسوقت مصر کی کیفیت

اُس مکان کی سی تھی جسمین کسی بڑی لڑائی کے وقت مورچہ باندھا جاے اور جسپر گولے
اور گراب اس شدت سے پڑی ہو کہ اُسکی بنیاد تک ہل گئی ہو اور جو صرف کھنڈر باقی
رہگیا ہو جسکے پارہ پارہ ہوجانے کا ہر وقت خوف ہو۔ اس مکان کو منہدم کرنے مین
گورنمنٹ انگلشیہ نے جبراً و قہراً قرار واقعی شرکت کی تھی اور اب چاہتی تھی کہ اس
مکان شکستہ کو از سر نو اس خوبی سے تعمیر کرے کہ زمیندارون پر کیا منحصر ہے ساری
دنیا راضی و خوشنود ہو۔ مگر جب اُسنے یہ کام اپنے ذمہ لیا اُسوقت اُسکو یہ معلوم تھا
کہ یہ مکان (مصر) بالکل مسمار ہوگیا ہے اور اُسکو حالت سابقہ پر لے آنے کے لیے لائق آدمی
اور کافی سامان ملنا دشوار ہے لیکن آخر کو ایک نہایت لائق معمار ملگیا جسکو اپنی عزت
اور نیکنامی کی وجہ سے خواہ مخواہ کچھ آزادی فعل حاصل ہوئی مگر وہ ایسے قیود سے مقید کردیا گیا
جو اُس شخص کو بہت ناگوار گذرے ہونگے جسکو خدا نے ایسی عقل سلیم اور ذہن صائب اور
طبع رسا عنایت کی تھی۔ اُسکو یہ منظور نہ تھا کہ اُس مکان کی دیوارہاے کہنہ و شکستہ کو
منہدم کرکے از سر نو تعمیر کرے بلکہ اُسکا منشا یہ تھا کہ جو کچھ تغیرات اس مکان مین کیے جائین
حتی الامکان پرانا مصالح اُسمین لگایا جاے اور دیسی آدمیون سے کام لیا جاے
جو نقشے وہ معمار بناے اُسمین نہ زمیندارون کے اخراج کا نام بھی نہو بلکہ اُنکے حقوق اور خواہشون
کا لحاظ رکھا جاے اور اُن لوگون کے حقوق اور خواہشون کا بھی خیال رکھا جاے جنکو
یہ امید موہوم تھی کہ ایک روز یہ جایداد ہمکو وراثتاً یا دوسرے طور سے ملیگی۔ نیا مکان جو
بنایا جاے تو پرانے مکان سے زیادہ مضبوط اور کشادہ ہو اور فن عمارت ملکی مین جو نئے
اور فرزانہ خیالات اب پیدا ہوے ہین اُنکے زیادہ تر موافق ہو اور چند ہی مہینے کے
عرصہ قلیل مین اُس مکان کی تعمیر ختم ہوجاے اور سج بھی دیا جاے اور اسباب بھی لگا دیا جاے اور
آباد بھی کردیا جاے بلکہ چند مہینے کی مہلت ملنے کا بھی یقین تھا کیونکہ بعض معزز آدمی انگلستان
مین ایسے بھی تھے جو یہ کہتے تھے کہ اس مکان شکستہ کی تعمیر کا ٹھیکہ فوراً توڑ دیا جاے اور کل مکان

کی راے پر چھوڑ دیا جاے کہ اپنے مکان کو جو چاہے کرے جو ہین یہ معلوم ہوا کہ معمار کی آزادی فعل پر ایسی ایسی قیدین لگائی گئی ہین اُسوقت اکثر تماشائیون نے جو اُس ملک (مصر) کے باشندے یا غیر ملک کے رہنے والے تھے بالاتفاق اور بلا تامل کہدیا کہ اس مہم کی تقدیر مین ناکامی لکھی ہے مگر معمار نے اپنے نفس پر بھروسا کیا اور عوام الناس کے شور وغل کی سماعت نہ کی اور اپنے کام مین بڑی مردانگی سے مشغول ہوا اور ایسی خوبی سے اُسکو انجام دیا جسکی امید نہ تھی - اگر اُسنے اُن بدگمان آدمیون اور خود رائے نکتہ چینون کے جو اپنے ذاتی اغراض یا حب الوطن کے جوش سے خدا سے چاہتے تھے کہ اس مہم مین ناکامی ہو بالکل ساکت و صامت نہین کر دیا تو اقل مراتب یہ تو کیا کہ راے عوام کو پلٹ دیا اور اکثر ارباب بصیرت اور اہل خبرت کی زبان سے یہ کلام سننے مین آیا کہ "اگر لارڈ ڈفرن یہان وہی ایک برس قیام فرمائین تو بگڑا ہوا کھیل بنجائے اور اگر اُنکے مقام پر گورنمنٹ انگلشیہ کسی لائق آدمی کو مقرر کرکے بھیجے اور اُسکی تائید بقدر ضرورت کرے تو بھی کچھ اندیشہ کا مقام نہین ہے" فی الواقع لارڈ ڈفرن صرف اپنے ہی نفس پر بھروسا نہین رکھتے تھے بلکہ اُنہین یہی صفت تھی کہ اپنا بھروسا اورون کے دل مین ڈالدیتے تھے اور جو شخص کچھ بھی لیاقت رکھتا تھا اُسکی ملاقات سے اُنھون نے کبھی نہین انکار کیا اور جو شخص اُنسے ہمکلام ہوا اُسکو یہ یقین ہوگیا کہ باوجود اس خُلق و مروت اور اس خوش آیند تبسم کے اُنکی عقل بڑی تیز اور وسیع اور باریک بین معلوم ہوتی ہے اور نہایت مستقل مزاج اور قوی الارادہ آدمی معلوم ہوتے ہین اور جو لوگ اُنکی ماتحتی مین کام کرتے تھے اُنکو تجربہ سے معلوم ہوگیا تھا کہ اس نرم مخمل کے دستانہ مین جو ہاتھ چھپا ہوا ہے وہ بڑا ہی زبردست ہاتھ ہے مصر کی خرابیات کو درست کرنے سے پیشتر اس امر نازک کا تصفیہ کرنا لازم تھا کہ سرداران فوج باغی کے ساتھ کیا سلوک کیا جاے - اس کام کا یہ جز نہایت مشکل ثابت ہوا کیونکہ اُسکو بڑی ہی خرابی اور الجھن مین ڈالرکھا تھا مصر کی گورنمنٹ

یہ چاہتی تھی کہ سرداران باغی بے تکلف قتل کیے جائین مگر یہ مسئلہ ایسا پیچیدہ تھا کہ سرسری طور سے حل نہو سکتا تھا کیونکہ سرداران موصوفین کو حکام مصر نے گرفتار نہین کیا تھا بلکہ انھون نے خود ہماری (انگریزی) فوج کے آگے ہتھیار ڈال دیے تھے اور ہمنے انکو پکڑ کر خدیو کے حوالہ کیا تھا۔ اگرچہ ہمارا یہ دستور ہے کہ جو لوگ ہمسے باغی ہو جاتے ہین انکو ہم اکثر اوقات بے تکلف پھانسی دیدیتے ہین مگر ہمارا یہ قاعدہ نہین ہے کہ جن لوگون کو مصالح ملکی سے گرفتار کر لیا ہو انکو کسی غیر سلطنت کے حوالہ کر دین۔ الا اس صورت مین جبکہ انپر کسی معمولی جرم کا الزام لگایا گیا ہو۔ اور اس صورت مین بھی اس شرط سے کہ ملکی بداعمالیون کی سزا انکو نہ دیجائے۔ پس یہ دلیل ہو سکتی تھی کہ ہم خود تو عربی اور اسکے شرکا کو اسوجہ سے نہین سزا دے سکتے ہین کہ وہ ہمسے باغیون کی نسبت نہ رکھتے تھے بلکہ غنیم کی نسبت رکھتے تھے اور چونکہ ہمنے اپنے دستور قدیم کی خلاف ورزی کر کے انکو خدیو کے حوالہ کر دیا تھا جو انسے آزردہ تھا لہذا ہمکو یہ دیکھنا لازم تھا کہ ہر قسم کا انصاف انکے ساتھ کیا جاے۔ اس قسم کے خیالات نے عوام کی عظمت کے لحاظ سے مسٹر ولفرڈ بلنٹ کی درخواست کے موافق لارڈ گرانول وزیر دول خارجیہ نے مصر کی گورنمنٹ کو اطلاع دی کہ مجرمون کو اجازت دیجاے کہ اپنی طرف سے جوابدہی کرنے کے لیے انگریز بارسٹرون کو مقرر کرین تاکہ مصر کی عدالتون مین انکے ساتھ کچھ ناانصافی ہونے نپاے۔ پہلے تو مصر وزرا نے باین خیال کہ اس فعل سے خواہ مخواہ ایک طول کھنچ جائیگا اور جسکو وہ اپنے زعم ناقص مین عدل و انصاف سمجھے تھے اگر اسمین کچھ خلل پڑیگا تو خدیو کی حکومت اور انکی وقعت معرض خطر مین پڑ جائیگی انکار کیا لیکن آخر کو مجبوری قبول کر لیا۔ الغرض مسٹر براڈلی بڑے بارسٹر اور مسٹر مارک نیپیر چھوٹے بارسٹر مقرر ہوکر عربی کی طرف سے جوابدہی کرنے کو القاہرہ مین پہونچے۔ ان دونون بارسٹرون کو جلد معلوم ہو گیا کہ بغاوت کے زمانہ مین بعض ایسی سخت بے ضابطگیان ہو گئی تھین کہ مدعی کو یہ ثابت کرنا نہایت

دشوار ہے کہ ہمارے موکل یعنی مدعا علیہم جرم بغاوت کے مرتکب ہوے ہین اور قواعد شہادت کے بموجب اس سے بھی زیادہ مشکل یہ امر ثابت کرنا تھا کہ عرابی اور اُسکے رفقا اسکندریہ کے قتل عام اور بربادی مین شریک ہوے تھے۔ علاوہ برین بارسٹران معہ [illegible] نے یہ بھی ایک چالاکی کی کہ مصر کی گورنمنٹ سے باضابطہ اجازت حاصل کرکے اس قسم کی کارروائی کی جس سے اس مقدمہ کو وہ وقعت اور شہرت حاصل ہوگئی جو کسی بڑے سرکاری مقدمہ کو ہوتی ہے اور اُسکی روبکاری مین خود خدیو اور اُسکے وزراء اور سفیران سلطان روم اور اور اشخاص جو نہایت معزز و موقر تھے شریک ہوے اور گواہ قرار دیے گئے اور اظہار لینے کے وقت انپر خوب جرح و قدح کی گئی پس جب لارڈ ڈفرن القاہرہ مین پہونچے تو اس مقدمہ کو الجھن مین پایا اور براہ دانشمندی یہ سمجھے کہ اتنے بڑے مقدمہ سے خواہ مخواہ سارے شہر مین تہلکہ پڑ جائیگا اور ہمکو غلطی بھی ضرور کھا پڑیگا اور یہ دونون باتین اسوجہ سے اور زیادہ نامناسب ہین کہ مدعی نے جو باغیون اور قاتلون کی شرکت کا الزام مدعا علیہم پر لگایا ہے آخرکو وہ قانوناً ثابت نہوسکیگا اور مقدمہ ہر جائیگا مگر یہ بھی لارڈ ڈفرن کو منظور نہ تھا کہ عدالتانہ کارروائی مین حاکمانہ دست اندازی کرین اور یہ تاکید کرین کہ مجرم یا تو فوراً سزا پائین یا بری کردیے جائین۔ اس مقام نازک مین لارڈ ڈفرن نے اپنی دوراندیشی اور لیاقت کو خوب ظاہر کردیا۔ اُنھون نے سرکاری طور سے تو اس کارروائی مین دست اندازی نہین کی مگر اپنے رسوخ ذاتی کو عمل مین لاکر باحسن وجوہ مصالحہ کرلیا اور شرائط مصالحہ یہ قرار پائے کہ مدعی ان الزامات سے دست بردار ہوجاے جو اُسنے مدعا علیہم پر لگائے تھے اور جنکا قانوناً ثابت ہونا غیر ممکن تھا اور مجرم بغاوت کے الزام کو بلا عذر و منت قبول کرلین بشرطیکہ اگرچہ سزاے موت کا حکم صادر کرین تو خدیو اسکو جلاوطنی کے حکم کے ساتھ مبدل کرین۔

اسوقت تک تو حکومت امور نظام کی عمارت شکستہ از سر نو تعمیر ہوئی تھی مگر

جس زمین پر وہ عمارت قائم تھی اسکی جانچ پڑتال ہو رہی تھی اور اسکی ٹوٹی پھوٹی دیواریں جانچی جاتی تھیں اور وہ اصول قرار دیے جاتے تھے جنکے موافق اسکو از سر نو بنانا منظور تھا لیکن اُسکے سرسری معاینہ سے جو عام نتائج مشروط نکالے گئے تھے وہ مصری ارباب سیاست کی راے سے بالکل موافقت رکھتے تھے۔ جو ذوق و شوق اُنھون نے عربی اور اسکے رفقا کے سرسری قتل کے باب مین ظاہر کیا تھا وہ صرف ایک پیرایہ اُنکی عام حکمت عملی کا تھا۔ مصر مین جو گورنمنٹ از سر نو قائم ہوئی تھی اُسنے اور اُسکے طرفدارون نے مشرقی کوتہ اندیشی اور خواہش انتقام کو دخل دیکر یہ چاہا تھا کہ جو صدمے اور ذلتین ہمکو باغیون کے ہاتھ سے پہونچی ہین اُنکا انتقام شدید اُنسے لیا جاے اور زر کا اور سر کا شیا والے بر سر حکومت رکھے جائین تاکہ اُنکے خوف و دہشت سے آیندہ کوئی فتنہ و فساد فلاحین کے نام سے نہ برپا کیا جاے۔ اُنمین سے بعض صاحبون نے مجھسے یہ کیفیت اکثر مفصل و مشرح بیان کی کہ ہماری دانست مین صرف ایک یہی طریقہ ایسا تھا جس سے خدیو کی وقعت اور حکام مصری کی حکومت دوبارہ قائم ہوسکتی تھی۔ یہ حضرات مجھسے فرمایا کرتے تھے کہ آپ کیا جانین کہ عموماً اہل مشرق اور خصوصاً اہل مصر کس قماش کے لوگ ہین مشرقی آدمیون کی (اور چونکہ اہل مصر بھی ایک شعبہ اہل مشرق کا ہے لہذا انکی بھی یہی کیفیت سمجھیے) یہ کیفیت ہے کہ اُنکی ساری عمر قرباش (کوڑے) کے خوف مین بسر ہو جاتی ہے اور جو فرایض گورنمنٹ کے اُنکے ذمہ ہین اُنکو ادا کرنے کا صرف ایک ہی محرک اُنکو ہوتا ہے۔ وہ محرک خوف ہے۔ جب اُنکو معلوم ہوتا ہے کہ جو لوگ برملا بغاوت کرتے ہین اُنکو سرکار کچھ سزا نہین دیتی ہے تو وہ یہ قیاس کر لیتے ہین کہ سرکار کچھ مال ہی نہین ہے اور اُسکی عزت اور اطاعت کرنا بیکار ہے۔ یہ قیاس خود اہل مصر کے تجربۂ ذاتی سے اور اُنکے اسلاف کے تجربہ سے ثابت ہوچکا ہے۔ اُنکو یہ یقین دلانا غیر ممکن ہے کہ دنیا مین کوئی گورنمنٹ نیک نیت اور عالی ظرف بھی ہے اگرچہ وہ لوگ جاہل اور احمق ہین مگر اتنی عقل رکھتے ہین کہ قوت اور ضعف مین امتیاز کر لیین۔ جب یورپ کے مدبران فہمید و فطین

یہ گمان کرتے تھے کہ عرابی مین اتنی قدرت نہین ہے کہ خدیو کی سلطنت کو تہ و بالا کر دے
اسوقت سادہ لوح اور جاہل فلاحین یہ سمجھ گئے تھے کہ عرابی بڑا آدمی ہے اور خدیو سے
زیادہ اقتدار رکھتا ہے۔ پس عرابی کی اطاعت کرنا چاہیے اور خدیو کو صرف برائے نام
بادشاہ سمجھنا چاہیے۔ اسی وجہ سے مشرقی ملکون مین وقتاً اکثر اوقات سخت گیری کا
کام دیتی ہے جیسی سخت گیری عدل و انصاف اور اور بہت سے اوصاف حمیدہ کا
کام دیتی ہے جو اہل یورپ کے زعم ناقص مین ہر قسم کی گورنمنٹ کے لوازم ضروریہ مین داخل
ہین خدیو کی وقعت کو تو عرابی نے خاک مین ملا دیا اب آپ (انگریز) لوگ اس کام کو
پورا کر رہے ہین جسکی ابتدا عرابی سے ہوئی تھی۔ جب گورنمنٹ کی وقعت تشریف لیگئی تو
اسکو سخت گیری سے کام لینا لازم ہے اور جب تک اُسکی وقعت عود نکرے اسوقت تک
سخت گیری کرتی رہے۔ اسمین شک نہین کہ آپ لوگ (انگریز) بڑے نیک نیت ہین
لیکن آپکی لیاقت علمی کا جیسا شہرہ ہے اگر اُسکی نصف لیاقت عملی بھی آپ رکھتے ہین تو آپ
خود سمجھ جائینگے کہ آپ اپنا گلا اپنے ہاتھ سے کاٹ رہے ہین۔ بمقتضے اپنی رحمدلی کے
آپ چاہتے ہین کہ غیر ضروری سخت گیری بالکل موقوف ہو جاے مگر جب آپ خدیو کو اپنی
وقعت دوبارہ نہین حاصل کرنے دیتے تو گویا آپ اُس چیز سے مانع ہوتے ہین جو
سخت گیری کا نعم البدل ہے اُن لوگون سے استصواب کیجیے جنکی رگ و پے مین مشرقی خون
دوڑ رہا ہے اور جو معمر ہین اس ملک کے حالات کو جانتے ہین وہ سب بالاتفاق یہی
کہینگے کہ مصر مین پہلی اصلاح یہ کرنی چاہیے کہ ہر شہر مین چند باغیون کو پھانسی دیجاے جب
اسطرح سے آپ گورنمنٹ کا جوہر ذاتی پیدا کر لینگے تب آپکو اختیار ہے کہ دو ملکی کمیٹیان یا اور قسم کا
سامان نمائش اختراع کرکے جہانتک ممکن ہو خوب اپنا جی بہلائیے اور مزے اڑائیے۔
تقریر مذکورہ بالا گویا عمدہ نمونہ اہل مشرق کی منطق دانی اور سیاست آزمائی کا ہے
جو اصول اس تقریر مین بیان کیے گئے ہین اُنکے بموجب اور جو خواہش انتقام اسمین ظاہر

کی گئی ہے اُسکے موافق گورنمنٹ نے یہ امر قرار دیا کہ بہت سے اشخاص کو جو اس بغاوت مین کم و بیش شریک ہوے تھے سزا دیجاے اور مصری فوج اور پولیس برطرف کیا جاے اور اُسکی جگہ پر البینیا والون کی فوج اور ایسا پولیس رکھا جاے جسمین یورپ کی مختلف قومون کے لوگ بھرتی کیے جائین - دار الخلافت اور بیرونجات کے جیلخانے اُن مجرمون سے بھر گئے تھے جنپر شرکت بغاوت کا الزام لگایا گیا تھا یا فقط مشتبہ ہوا تھا اور ممالک وطن اور آسٹریا اور سوئٹزرلینڈ مین صدہا آدمی پولیس کے لیے نوکر رکھے گئے کیونکہ اُن غیر ملک کے لوگون سے یہ اندیشہ نہ تھا کہ مصریون کی بغاوت مین پوشیدہ طور سے شرکت کرینگے لارڈ ڈفرن نے اس ساری کارروائی کو فوراً موقوف کر دیا اور حقیقت مین اپنی دور اندیشی اور شایستگی کے اس انتظام کو بہت ناپسند کیا اور خود درمیان مین پڑکر خدیو اور اُسکے وزرا سے اُسکو موقوف کرا دیا - لارڈ صاحب موصوف نے اپنے ذہن مین یہ حکمت عملی قرار دی تھی کہ نئی سلطنت کی بنا تعذیر و تخویف پر نہ قائم کیجائے بلکہ عدل و انصاف اور خوش انتظامی پر قائم کیجاے اور غیر ملک کے لوگ جو رکھے جائین تو اسلیے نہ رکھے جائین کہ مصریون کو دبائے رہین بلکہ اُن خدمات مخصوصہ کو انجام دینے کے لیے رکھے جائین جنکی انجام دہی کی لیاقت مصریون مین نہ تھی لہذا جو اشخاص جرم بغاوت مین ماخوذ ہوے تھے وہ فوراً رہا کر دیے گئے اور غیر ملکون مین پولیس کے لیے لوگون کا بھرتی ہونا موقوف کیا گیا اور جو مفسدہ پرداز اہل پولیس غیر ملکون مین بھرتی ہوکر مصر مین آچکے تھے وہ اپنے اپنے وطن کو واپس کیے گئے اور مصریون کی فوج اور مصریون ہی کا پولیس مقرر کرنے کا انتظام سر ایولین وڈ اور بیکر پاشا سے متعلق کیا گیا -

جب لارڈ ڈفرن اس ترکیب سے بغاوت کا خاتمہ بالخیر کر چکے اور جس قدر فوج امن و امان قائم رکھنے کے لیے درکار تھی اُسکو مقرر کرنے کے لیے تدابیر ابتدائی عمل مین لا چکے تب اُنکو اتنی فرصت ملی کہ اُنھون نے مصر کی حالت موجودہ کے مختلف جزئیات پر

غور کرنا شروع کیا اور انتظام جدید کی تیاری کرنے لگے - انتظام جدید مین یہ امر انکو مد نظر تھا کہ مصر کے حالات مخصوصہ کے موافق و مناسب ہو اور گورنمنٹ انگلشیہ و انگلستان کی رائے عوام بھی اسکو پسند کرے - جب انھون نے امور جزئی کو نظر غور سے ملاحظہ کیا تو جو خیال انکو پہلے ہوا تھا اسکی تصدیق ہوگئی یعنی انکو یہ بات ثابت ہوگئی کہ اگر حکیمانہ اور رحیمانہ خیالات سے قطع نظر کیجاے تو بھی عمدہ ترین حکمت عملی اسکی مقتضی نہین ہے کہ ایک ڈانٹنے والی اور دھمکانے والی سلطنت قائم کیجاے اور اسکی پشتی پر غیر ملک کے لوگون کا پولیس و فوج مقرر کیجاے بلکہ بہترین حکمت عملی کا مقتضے یہ ہے کہ ایک فیض بخش و منفعت رسان حکومت خود اہل مصر کی قائم کیجاے اور چند لائق و فائق اغیار اُسکے مدد و معاون مقرر کیے جائین - جو لوگ لارڈ ڈفرن کی بہ نسبت کمتر عقیل اور زیرک تھے وہ بھی خوب سمجھ گئے تھے کہ عربی کی بغاوت کے اسباب ظاہری تو اہل فوج کا تمرد و سرکشی اور افسران فوج کی طمع ملک گیری تھی مگر اُسکے اسباب باطنی حکام کے ظلم و جور کی شکایتین تھین جو چند ہی مدت کے بعد پھر بغاوت کے پیرایہ مین ظاہر ہونگی جنکو پھر رفع کرنا پڑیگا اور اُس بغاوت کا باعث چند دقیق مسائل متعلقہ اسباب معیشت بھی ہوے تھے اور وہ مسائل ایسے تھے کہ اگر اُن سے اغماض و اعراض کیا جاے تو جو بغاوت ہو چکی ہے اُس سے بھی عظیم تر فسادات برپا ہونگے اُن شکایتون کو وقت پر رفع کرنا اور اُن مسائل کو حل کرنا قبل اسکے کہ کوئی فساد عظیم پھر برپا ہو ایسا کام تھا جسکو ایک جاہل اور ظالم سلطنت کے سپرد کرنا بلکہ یہ کہیے کہ کسی قسم کی مصریون کی حکومت پر موقوف رکھنا جسمین اغیار کو کچھ دخل نہو ایک خطرناک امر تھا -

جزئیات مین غور و خوض کرنے کے بعد جن نتائج کا استخراج لارڈ ڈفرن نے کیا انکو ایک رپورٹ مورخہ ۶ - فروری ۱۸۸۳ء مین شرح و بسط کے ساتھ بیان کیا اور جداگانہ رپورٹ یا کتاب کی صورت سے پارلیمنٹ مین پیش ہوا - اس یادگار رپورٹ مین مصر کی حالت موجودہ کی گویا پوری تصویر کھینچ دی ہے اور مفید صلاحین اور تجویزین اس باب مین

لکھی ہین کہ بالفعل جو خرابی مصر مین ہو رہی ہے اُسکا کیا علاج ہے اور کاتب رپورٹ نے
صرف یہی نہین بیان کیا ہے کہ مصر مین گورنمنٹ از سر نو قائم کیجاے بلکہ یہ بھی لکھدیا ہے
کہ جو گورنمنٹ از سر نو قائم کیجایگی اُسکو کن امور کا تصفیہ کرنا پڑیگا۔ الغرض لارڈ ڈفرن
نے ایک فہرست یا نقشہ انتظامات کا تیار کیا جنکو کامل طور سے عمل مین لانے کے لیے کملا
اور حذاق کی مشقت شاقہ سالہا سال تک درکار تھی اور چونکہ خود لارڈ صاحب موصوف
کا قیام مصر مین چند مہینے کی مدت پر محدود و منحصر تھا لہذا اُنھون نے براہ دانشمندی اسی پر
اکتفا کی کہ انتظامات مجوزہ کی عملدرامد کے وسائل ضروری مہیا اور مرتب کر دیے۔ امن و امان
قائم رکھنے کے لیے ایک جنگی فوج اور ایک پولیس کی فوج مقرر کرنے کی تدبیر تو وہ کر ہی چکے
تھے پس اب اُنکی عنان توجہ عدالتون کے انتظام اور رعایا کے ملکی اختیارات کیطرف منعطف
ہوئی وزیر صیغہ عدالت کے دفتر مین ایک تجویز عدالتون کی اصلاح کے باب مین مانگی اور
ایک کمیشن مقرر کی گئی جسنے واقعی ضرورتون کا لحاظ کرکے اس تجویز مین رفتہ رفتہ ترمیم کی
اس کمیشن نے وزیر مذکور کی ماتحتی مین تو صرف برائے نام کام کیا بلکہ فی الواقع نیوبر
پاشا کے زیر نگرانی کارروائی کی۔ نیوبر پاشا وہ شخص تھا جسکی حسن سعی سے مصر مین وہ
عدالتین مقرر ہوئی تھین جنمین غیر قومون کے مقدمات کا فیصلہ ہوتا ہے اور جو مختلف القوم
عدالتین کہلاتی ہین۔ ساتھ ہی اسکے لارڈ ڈفرن نے خود بنفس نفیس رعایا کے ملکی اختیارات کو
وسیع کرنے کی تدبیر کی تاکہ لارڈ گرانول نے جو اہل مصر کے اختیارات ملکی کی توسیع کا
وعدہ کیا تھا وہ وعدہ وفا ہو جاے۔

پس جو تحقیق مینے شروع کی ہے اُسکی دو شقین نکل آئی ہین پہلی شق تو یہ ہے
کہ مصر مین انتظام جدید فی الواقع کس قدر اور کہانتک ہوا ہے اور دوسری شق یہ ہے
کہ انتظامات مجوزہ کی تکمیل کے لیے کیا وسائل اختراع کیے گئے ہین

انتظام جدید مین سب سے پیشتر تو یہ کام ہوا کہ امن و امان قائم رکھنے کے لیے

ایک جنگی فوج اور ایک پولیس کی فوج مقرر کی گئی - اب یہ دیکھنا چاہیے کہ یہ کام کیونکر انجام دیا گیا
جن اصول ضروریہ کے موافق جنگی فوج کا انتظام عمل مین آیا ہے اُنکو لارڈ ڈفرن
نے بعبارت ذیل بیان فرمایا ہے "چونکہ مصر کے تین سمت ریگستان ہے لہذا وہان جنگی
فوج کی کثرت کی کچھ ضرورت نہین ہے - بلکہ اکثر اشخاص نے تو یہ حجت کی ہے کہ مصر مین
جنگی فوج کی مطلق ضرورت نہین ہے لیکن شاید آیندہ ایسے اتفاقات ہون جنکے باعث سے
مناسب معلوم ہوتا ہے کہ مصر مین چند باقاعدہ اور قواعددان پلٹنین ہمیشہ رہا کرین مصر کے
دیہات مین جھوٹے نمازی اور مکار مجاہد بارہا پیدا ہوے ہین جنہون نے عوام کالانعام کو
فریب دیکر اپنے تئین برگزیدہ اور خدارسیدہ بنا لیا ہے - ایسے جھوٹے دعوے فوراً
تسلیم کر لیے جاتے ہین اور بمقدار اشتعال مذہبی کا باعث ہوے ہین گو اکثر وہ مکار جو
مدعی رسالت ہوا ہے جلد نہین گرفتار کر لیا گیا ہے اور اُسکے حوالی موالی جلد منتشر و پریشان
نہین کر دیے گئے ہین تو بارہا فساد عظیم برپا ہوا ہے قطع نظر اُسکے قبائل بدوی بھی کبھی
کبھی فساد کرتے ہین اور اگر اُنکو یہ معلوم ہو کہ مصر کے متمول شہرون مین فوج نہین ہے
تو کیا عجب ہے کہ اُنپر حملہ کر بیٹھین بلکہ خود دارالخلافت پر یورش کرین مگر مصر کی فوج کو
چاہیے کہ ہمیشہ مخفی رہے یعنی اُسکی قوت جنگ کبھی نہ ظاہر ہو اور اگر اُسکو کبھی لڑنا بھڑنا پڑے
تو یہ تصور کیا جاے کہ حکام اُن اتفاقات کا تدارک کامل کرنے سے قاصر رہے ہین جنکو پیشتر ہی
سے سوچکر اُنکے انسداد کی تدبیر کرنی چاہیے تھی - چھ ہزار آدمیون کی فوج اُن مقاصد کے لیے
کافی ہوگی جو بیان کیے گئے - اس فوج مین مصر کے باشندے بھرتی کیے جائین - فی الحال جو
حوادث گذرے ہین جب اُنکا خیال خدیو کو آئیگا تو خواہ مخواہ اُسکا یہی جی چاہیگا کہ کرایہ کی فوج
رکھی جاے جو کھری مزدوری لے اور چوکھا کام کرے - ہر زمانہ مین مشرقی بادشاہون کا یہی قاعدہ
رہا ہے مگر ایسا تقدم بالحفظ کرنا کچھ ضرور نہین ہے بلکہ جو فوج رکھی جاے اُسکو چاہیے کہ حکومت کے
اغراض اور مقاصد جائز کے لیے تو معتبر ہو یعنی اُسپر بھروسا ہو سکے مگر ایک مطلق العنان

پادشاہ کے ہاتھ مین ایک بے حس آلۂ ظلم مجبور نہو جاے اور اُس فوج کی ترکیب ایسی قرار دیجاے کہ جو لوگ برسر حکومت ہون اُنکو یقین ہو جاے کہ یہ فوج اس قابل نہین ہے کہ ظالمانہ مقاصد کی تعمیل اس سے کرائی جاے ''

خیر جب یہ امر صاف صاف قرار پاگیا کہ نئی فوج مین صرف مصر کے باشندے بھرتی کیے جائین تو اب یہ دیکھنا چاہیے کہ فوج کے لیے کس قسم کا مادہ باشندگان مصر سے مل سکتا ہے۔

فلاحین کے قومی خصائل وعادات کے باب مین تو لوگون کی رائین مختلف ہین مگر ایک بات پر جملہ اہل خبرت کا اتفاق ہے۔ وہ بات یہ ہے کہ فلاحین جنگجو تو بالکل نہین ہین بلکہ فوجی خدمت کے جملہ انحا و اقسام سے نفرت کلّی رکھتے ہین۔ جو شخص مصر مین سیاحت اُس زمانہ مین کر رہا ہو جبکہ فلاحین زبردستی پکڑ پکڑ کر فوج مین بھرتی کیے جاتے ہین اُسکو یہ کیفیت دیکھکر ضرور رنج ہوگا کہ وہ کسی گانون مین مقیم ہوا اور اُسکو اُسے جاے عافیت کا گھر سمجھا ہو مگر شب کو لڑائی کا غل و شور سنکر فوراً اُسکی آنکھ کھل جاے اور پہلے تو مردون کی للکار کی صدا اور بعد اسکے عورتون کے چیخنے کی آواز سُنے گویا یہ معلوم ہو کہ کوئی مر گیا ہے اور عورتین اُسکے مردہ پر بھیانک اور دردانگیز آواز سے رو پیٹ رہی ہین۔ پہلے جو اُسکی آنکھ کھلے گی تو غالباً وہ یہ سمجھیگا کہ اس گانون مین ڈاکہ پڑا ہے یا کوئی مار ڈالا گیا ہے اور اس نیک ارادہ سے باہر دوڑا جائیگا کہ جو فریق حق پر ہو اُسکی حمایت کرون مگر جب وہ دیکھیگا کہ ایک شخص کو فوج مین بھرتی کرنے کے لیے گرفتار کر رہے ہین اور کوئی واردات نہین ہوئی ہے جسپر جیسا شور مچا ہوا ہے تو اُسکو اپنے مضطربانہ باہر دوڑے جانے پر بڑی ندامت ہوگی۔ اور اُس گانون کی عورتین غل مچا کر کہینگی کہ اس بیچارے مظلوم کو اس گانون کے شیخ نے بخشش یعنی رشوت لیکر گرفتار کرا دیا ہے۔ اگرچہ اُن عورتون کا یہ قول صحیح ہو لیکن جو لوگ بلیین اُسکے موافق یا مخالف بیان کیا جائیگی انمین واقعات کے لحاظ سے کسیقدر اسیا اختلاف عظیم ہوگا اور ایسے ایسے

پیچیدہ معاملے مین قانونی و اخلاقی پیش آئینگے کہ عہدہ داران سرکاری کی کارروائی مین
مداخلت بیجا کرنا وہ بیتاج جائز سمجھیگا۔ بڑے بڑے شہرون مین جب لوگ فوج مین بھرتی
ہونے کے لیے گرفتار کیے جاتے ہین تو ایسے ایسے صدہا معرکے روز روشن مین ہوتے
ہین اُن لوگون کو پکڑ کر مسلح سپاہیون کے پہرہ مین مدیریہ یعنی مدیر کی کچہری مین
یا کسی کشادہ مقام پر لیجاتے ہین اور وہان ایک ڈاکٹر اور چند افسران فوج انکا معاینہ
کرتے ہین۔ ان لوگون مین بہت سے لنگڑے لولے اور اندھے بھی ہوتے ہین مگر وہ
چھانٹکر علحدہ کر دیے جاتے ہین اور جہان جہان سے آئے تھے وہان وہان واپس
بھیجدیے جاتے ہین اور انکی گلو خلاصی کیوجہ سے انکے عزیز و اقارب اور دوست آشنا خوب مطمئن
ہوجاتے ہین۔ باقی جو لوگ کہ زیر حراست گرفتار رہتے ہین انمین شاید چند آدمی ایسے بھی ہونگے
جنکی خوشی میل بھی نہین پڑتا اور سچے مسلمانون کی طرح اپنی تقدیر پر شاکر رہتے ہین لیکن
اکثر آدمی ہنگامہ برپا کرتے ہین اور قسمین کھاتے ہین اور ایسے دردانگیز اشارات
اور حرکات کرتے ہین جنسے معلوم ہوتا ہے کہ انکا یہ مطلب ہے کہ ہم فوجی خدمت
کے قابل نہین ہین یا ہم اس تکلیف سے بری ہونے کا کوئی حق قانونی یا غیر قانونی رکھتے
ہین اور جب کوئی دلیل نہین بنتی تو وہ بیچارے منت و سماجت یا داد و فریاد یا چلا چلا کر شکایتین
کرتے ہین اور وہ پہرہ والے جنکو اس ملک مین خواص کہتے ہین اپنی لاٹھیان اور چھڑیان
خوب گھماتے ہین کہ کسی طرح یہ کمبخت چپ ہون اور ہلڑ نہ مچائین مگر وہ کب چپ ہوتے ہین
بلکہ انمین جو زیادہ شریر ہوتے ہین وہ اپنے تئین تڑا کر بھاگ بھاگ جاتے ہین مگر انکو دھکے
دے دے کر پھر وہین لے آتے ہین۔ آخر انمین سے چند آدمیون کو سرسری طور سے
چھانٹ لیتے ہین جن لوگون مین کوئی نقص جسمانی نمایان نہین ہوتا یا جو سرکاری ڈاکٹر
یا افسران فوج کو کچھ دے دلا کر راضی نہین کر لیتے ہین انکو وہان سے قیدخانہ مین لیجاتے ہین
اور اُسوقت تک قید رکھتے ہین جب تک ریل یا دودی جہاز پر سوار کر کے انکو قاہرہ

روانہ کرنے کا وقت آئے جب انکی روانگی کا وقت آتا ہے اسوقت عجب تماشا ہوتا ہے
جسکو دیکھ کر کچھ ہنسی آتی ہے اور کچھ رونا آتا ہے۔ قیدیون کو تو کچھ مساوات سی ہو جاتی ہے
اور وہ اپنی تقدیر پر شاکر رہتے ہین اور انکی صورت یہ ہوتی ہے کہ ہر قیدی کے گلے مین
ایک آہنی طوق پڑا ہوتا ہے اور اسمین ایک چھلا ہوتا ہے اس چھلے مین ایک زنجیر پڑی
ہوتی ہے جس سے دس دس بارہ بارہ آدمیون کے گلے باندھکر انکی علیحدہ علیحدہ ٹکریان
بنالیجاتے ہین انکے گرد انکے کنبہ کی عورتین اسقدر روتی پیٹتی ہین کہ معاذ اللہ اور
جون جون جدائی کی گھڑی قریب آتی جاتی ہے انکی گریہ زاری ازالہ و بیقراری بڑھتی
جاتی ہے یہان تک کہ جب ریل چلنے لگتی ہے یا دودی جہاز روانہ ہونے لگتا ہے اسوقت تو
عورتین ایسا کہرام مچاتی ہین کہ نعوذ باللہ ان قیدیون کی مائین بہنین بیبیان بیٹھکر
اپنے سر پر خاک ڈالتی ہین اور چلا چلا کر کوستی ہین اور دیوانون کی سی حرکتین کرتی ہین
یہان تک کہ جو زیادہ چنچل ہوتی ہین اگر وہ زبردستی نہ روکی جائین تو اپنے کپڑے پھاڑ
ڈالین یا اپنے عزیزون کے پیچھے پیچھے دوڑی چلی جائین جو غیر آدمی اس تلاطم اور اس
کہرام کے سبب واقعی سے واقف نہو وہ خواہ مخواہ یہی سمجھیگا کہ یہ لوگ جو پابزنجیر ہین محکوم
بسزائے موت ہوئے ہین اور القاہرہ مین انکو قتل کرنے کیواسطے لیے جاتے ہین

**فوجی خدمت سے** یہ نفرت کوئی نئی بات نہین ہے بلکہ جب ابتدا مین محمد علی پاشا نے
فلاحین کو زبردستی فوج مین بھرتی کرنے کا قاعدہ اسلیے جاری کیا تھا کہ ایک فوج کثیر جمع
ہو جائے اور روپیہ بھی کم خرچ ہو اور ویسی سرکش فوج بھی نہو جیسی **البینیا** والون کی
سپاہ تھی جسکے ذریعہ سے اُسنے **مملوکون** کو تہس نہس کر دیا تھا تو اُسیوقت فلاحین نے
فوج مین بھرتی ہونے سے ایسی بیزاری ظاہر کی تھی کہ محمد علی کی یہ تدبیر کچھ بھی نہ چلنے پائی تھی
مگر کرنیل سیوس کی اعانت سے جسکا نام سلیمان پاشا مشہور ہے اور بہت سے ترکون اور
سرکیشیا والون کی مدد سے محمد علی نے چند رجمنٹ فلاحین کے بنا کر انکو قواعد سکھائی لیکن جب

جب انکو میدان جنگ مین جا کر غنیم سے لڑنے کا اندیشہ ہوا تو بھاگنے لگے اور آمادہ فساد ہوئے چنانچہ جب ایک رجمنٹ کو حکم ہوا کہ ملک عرب مین جا کر وہابیون سے لڑو تو اُسنے علانیہ بغاوت کی اور افسرون کو مار ڈالا آخر اُسکو بر طرف کرنا پڑا اور جو چند سپاہی اُس رجمنٹ کے رہگئے وہ اور پلٹنون مین شامل کر لیے گئے جب یہ فوج حجاز مین پہونچی اور لشکر مخالف سے مقابلہ کی نوبت آئی تو ایک اور پلٹن بگڑ گئی آخر باشی بزوقون کی ترکی فوج نے اُسکی گوشمالی کر کے القاہرہ مین اُسکو واپس کر دیا اس عرصہ مین اکثر نوجوان فلاحین نے باین خوف کہ مبادا فوج مین بھرتی ہونا پڑے اپنی چھنگلیا کاٹ ڈالی یا اپنی داہنی آنکھ پھوڑ ڈالی یہانتک کہ اُنکو معلوم ہوا کہ پاشا اس غضب کا آدمی ہے کہ ایسے ایسے حیلون کو کبھی نہین مانتا اور اُسنے یکچشم آدمیون کی کئی پلٹنین بنائی ہین اور جن لوگون نے اپنی چھنگلیا کاٹ ڈالی ہے اُنسے کہتا ہے کہ جو اُنگلیان باقی رہگئی ہین اُنسے چانپ پا کر بندوقین چھوڑا کرو رفتہ رفتہ فلاحین کو اس مثل پر عمل کرنا پڑا کہ حکم حاکم مرگ مفاجات ۔ اور اُنکی فوج حجاز موریا شام اور ایشیاے کوچک مین ایسی ایسی لڑی کہ معلوم ہوا کہ اگر یہ فوج اچھی طرح سے لڑائی جاے تو خوب لڑتی ہے بلکہ فتح بھی حاصل کرتی ہے مگر یہ یاد رہے کہ جو لڑائیان اُسنے فتح کین اُنمین ترک اور سرکاشیا والے افسرون نے اُسکو لڑایا تھا اور اُس فوج کی پشت پر باشی بزوق موجود تھے اور بہت سے گولنداز بھی مستعد تھے جنکو یہ حکم تھا کہ جو بھاگنا چاہے اُسکو بے تکلف توپ سے اُڑا دو ۔ سب سے پہلے سعید پاشا نے اُن لوگون کو افسران فوج مقرر کیا جو فلاحین کی نسل یا قوم سے تھے کیونکہ اُسنے فوج کو کھلونہ بنایا تھا اور اُسکو یہ گمان تھا کہ ہماری چیدہ فوج کھاتے کھاتے ایسی موٹی ہو گئی ہے اور اپنے روزگار سے ایسی الفت رکھتی ہے کہ حتی الامکان اُسکو ترک نہ کرے گی مگر اُسکا یہ خیال خام بالکل تشریف لیگیا اور ایسا زائل ہوا کہ اُسکے زائل ہونے کا قصہ سنکر ہنسی آتی ہے ۔ وہ نقل یہ ہے کہ ایک روز جب سعید پاشا کا لشکر مریوطس جھیل کے قریب ایک صحرا کے

کنارے پر اہوا تھا تو اُسنے اپنے بعض دوستون سے بیان کیا کہ ہماری فوج بڑی وفادار
اور جان نثار ہے اور جب اُسنے اُنمین سے ایک شخص کے چہرہ پر بے اعتباری کے آثار پائے
اور اُسکو معلوم ہوا کہ اِس شخص کو ہماری بات کا یقین نہین آیا ہے تو اُسنے چاہا کہ اپنے قول کا
ایسا ثبوت پیش کرے جسکا انکار نہو سکے اور اُسنے ایک حکم عام فوراً صادر کیا کہ ہماری فوج کے
جس سپاہی کو روزگار چھوڑ دینا منظور ہو اُسکو ہم اجازت دیتے ہین کہ فوراً اپنے گھر چلا جاوے
خدیو اپنے دوستون کو ہمراہ لیکر اور اپنی آنکھ پر ایک چشمہ لگا کر ایک مقام بلند پر جا کر
کھڑا ہوا جہان سے لشکرگاہ کی سیر کماحقہ پہنچتی تھی اور اِس آزمائش کے نتیجہ کا منتظر رہا
مگر اُسکو بہت انتظار نہین کرنا پڑا کیونکہ جو سپاہی پہرہ پر نہ تھے وہ سب اپنے ہتھیار اور بوٹ
اور کمربند بلکہ ہر چیز جو نقل و حرکت سے مانع تھی فوراً اُتار پھینکے اور خوشی خوشی
اپنے اپنے گانون کی سمت روانہ ہوے پس اگر انکو روکنے اور پھیر لانے کا قرار واقعی
تدارک فوراً نکیا جاتا تو خدیو اُس جنگل بیابان مین تنہا رہ جاتا یا فقط چند افسران فوج
اور چند خواص خدیو اُسکے پاس رہتے بہر حال جو کچھ ہو یہ خیال خام دفع
ہوا اور اِسکا اثر یہ ہوا کہ اُسنے فلاحین کو کپتان کے عہدہ سے بالا ترقی نہین دی
بعد اُسکے جب اسمعیل پاشا خدیو ہوا تو اُسکے عہد مین بعض فلاحین کپتانی سے کرنیل کے
عہدہ تک ترقی دی گئی مگر اُسپر بھی اِس قسم کے لوگون کو فوجی لیاقت کی شہرت نہین
پیدا ہوئی یہ کہنا مشکل ہے کہ آیا اسمعیل کے عہد مین فوج زیادہ کارگذار تھی یا نہین کیونکہ
اُسکے وقت مین کوئی بڑی جنگ نہین ہوئی۔ جب جزیرہ کریٹ مین بغاوت ہوئی تو
وہان کے صوبہ دار کی نمک حرامی کی وجہ سے خدیو کی فوج سخت حیران و پریشان ہوئی
کیونکہ صوبہ دار مذکور نے باغی افسرون سے خط کتابت پوشیدہ طور سے کرنی شروع کی
باین امید کہ یہ جزیرہ مجھی کو ملجاے۔ اور جب وہ ودرس مین شکستہ و ہراسانی ہوئی تو
سلطان روم کو صوبہ دار مصر (خدیو) کی حرص کا خوف اِس قدر غالب تھا کہ اُنھون نے

مصری فوج کو لڑائی مین بہت دخل نہین دینے دیا۔ تاہم یہ قیاس کرنا بیجا نہین ہے کہ اسمٰعیل
پاشا اور توفیق پاشا کے عہد مین فلاحین کو فوج کی نوکری سے وہی نفرت باقی رہی جو سعید پاشا کے عہد مین
تھی اُس مین کچھ تفاوت نہین ہوا کیونکہ علاوہ اس عبرت انگیز تماشے کے جو فلاحین کو فوج مین
بھرتی کرنے وقت ہوتا ہے اور جسکی کیفیت سابق مین لکھی گئی ہم خوب جانتے ہین کہ جب قصر الدوار اور
اور مقدمات پر عرابی نے شکست کھائی تو اُسکی فوج کے لوگ سلاح اور پوشاک جنگ پھینک پھینک کر
اپنے اپنے گھر کی سمت بعینہ اُسی طرح سے بھاگے جیسے سعید پاشا کے اہل فوج اُسوقت بھاگے تھے جب
اُسکا لشکر مُنوفیس جھیل کے قریب ایک صحرا کے کنارے پڑا تھا۔

پس معلوم ہوا کہ جن لوگون مین سے سر ایولین وُڈ نے ایک فوج جرار و کارگزار بھرتی
کرنے کا ارادہ کیا ہے وہ مطلق صلاحیت فوجی خدمت کی نہین رکھتے ہین اور اس کام کو
جیسا وہ سمجھتے ہین اُس لحاظ سے تو بہت مشکل ہے جو ذریعے صاحب موصوف پاس
بالفعل موجود ہین اُنسے وہ یہ کام بآسانی انجام دے سکتے ہین کہ جتنے آدمی فوج مین
بھرتی کرنے منظور ہون اُنکو فراہم کرکے کچھ قواعد سکھانا شروع کرین کیونکہ فلاحین چونکہ فطرتاً
تعلیم پذیر ہوتے ہین لہذا جو کچھ اُنکو زبردستی پکڑ پکڑ کر سکھا دیجیے اُسکو جلد سیکھ لیتے ہین مگر سر ایولین وُڈ
کا ارادہ صرف ایک قواعددان فوج مرتب کرنے کا نہین ہے بلکہ اُنکا منشا یہ ہے کہ کل فوج
مصر کی ترتیب اُس مضمون عالی کے موافق کیجائے جو لارڈ ڈفرن نے مصر مین جاری کرنا چاہا ہے
اسلیے صاحب موصوف نے یہ قرار دیا ہے کہ فوج مین زبردستی بھرتی کرنے کا قدیم قاعدہ موقوف
کیا جائے اور کچھ ایسی ترکیب کیجائے کہ فوج کی نوکری سے فلاحین کی نفرت اگر بالکل
نہ زائل ہو جائے تو بہت کم ہو جائے اور افسران اعلیٰ اور اُنکے ماتحتون کے باہمی تعلقات
مین ادب قاعدہ کے ساتھ عدل و انصاف اور مروت کا بھی ضرور لحاظ کیا جائے اور کارگزاری کا
محرک خوف سزا ہی نہو بلکہ اُسکا محرک امید ترقی ہو اور سپاہیون اور کپتانون اور لفٹیننٹون
اور ماتحتون مین باہم غبطہ پیدا ہو۔

اس تجویز کا عملدرآمد ابتدا اگر تو اسپر موقوف ہے کہ فوج کی نوکری سے لوگون کا تنفر کم کیا جاے - جب فوج مین زبردستی بھرتی ہونے کو لوگ ایسا سمجھین کہ گویا حبس دوام بعبور دریاے شور کا حکم اُنکے باب مین صادر ہوا اور یہ جانین کہ اب ہمکو پا بزنجیر کرکے مجرمون کی طرح دار الخلافت (القاہرہ) مین لیجاینگے تو غالبًا جب اُنکو موقع ملیگا اسوقت وہ فوج کو چھوڑکر چلدینگے - انگریزی فوج کا جنرل فوج سے بھاگ جانے کے انسداد کی اب وہ تدبیر نہین کرسکتا جو اگلے زمانہ مین کیجاتی تھی یعنی جو سپاہی فوج سے بھاگ جاے اُسکے بال بچون کو گنہ سے قیدخانہ مین اب قید نہین کرسکتا اور اگر اس سے کوئی کمتر مکروہ تدبیر وہ اس بات کی کرے کہ سپاہی اپنی پلٹنون سے بھاگنے نہ پائین تو جو لوگ اُنمین بھگوڑے ہونگے غالبًا وہ اچھے سپاہی ہو جائینگے لہذا سب سے پہلے اس مسئلہ مین غور کرنا چاہیے کہ فلاحین کو فوج کی نوکری سے اب تک نفرت کلی کیون ہی ہے اور یہ مسئلہ ایسا ہے جسکا تحقیق کرنا کچھ دشوار نہین ہے - یہ قاعدہ ہے کہ جو قومین جنگجو نہین ہین وہ فوج مین زبردستی بھرتی ہونے کو بہت ہی برا جانتی ہین اور مصر کے کسانون کو جو اس سے نفرت کلی ہے تو اُسکے خاص وجوہ موجود ہین کیونکہ اُنکے ذہن مین یہ بات راسخ ہے کہ فوج مین بھرتی ہونے سے آدمی کا گھر بار ہمیشہ کے لیے چھوٹ جاتا ہے اور دور دراز کے ملکون مین وہ بھیجدیا جاتا ہے جیسے مثلًا ملک سودان ہے جہان کی آب ہوا خراب ہے اور سالہا سال اُسکو زدوکوب اُٹھانی پڑتی ہے - اس خیال کی تصدیق خود اُن کمبختون کی گواہی سے جنپر مصیبتین گذری ہین بارہا ہوچکی ہے کیونکہ جو فلاح اٹھارہ برس کی عمر مین اپنے گانون سے چلا تھا اور جو اسوقت ایک جوان رعنا تھا اور جسکو اُسکے مان باپ ہی نہین بلکہ اپنے سارے گھر کی زندگی کا سہارا سمجھتے تھے اور جس سے لوگ اپنی لڑکیون کی شادی کرنے کی آرزو رکھتے تھے تیس چالیس برس کے بعد جو پلٹ کر اپنے گھر مین آیا ہے تو بالکل ضعیف و ناتوان شخص ہے جھریان پڑی ہوئین - ان تیس چالیس برس کے عرصہ مین وہ بالکل مفقود الخبر رہا اور اُسکے

دوست آشنا جنھین سمجھتے تھے کہ مر گیا ہے اور اگر انکا یہ گمان صحیح نکلتا تو بہتر ہوتا کیونکہ اب اُسکے پاس نہ روپیہ ہے نہ زمین اور نہ کافی پنشن پاتا ہے اور ایسا ضعیف ہو گیا ہے کہ کچھ محنت مزدوری کرکے بھی اپنی بسر اوقات نہین کر سکتا ہے اب وہ اپنے غریب کنبہ والون کی جان کا جنجال ہو جاتا ہے اور اُسکے کنبہ والے بھی شاید اُس سے کچھ ہی کم مفلس ہون اور اسمین اُس بیچارے کا کوئی قصور نہین ہے اسکا وبال حاکم وقت کی گردن پر ہے ع
خون شہدا تمام بر گردن اوست ٭ اُس بیچارے کو تو وہ مسرت بھی نہین نصیب ہے جو پرانے سپاہیون کو اُسوقت حاصل ہوتی ہے جبکہ وہ اپنی لڑائیون کے قصے اپنے دوست آشناؤن سے بیان کرتے ہین اور سامعین کی شاباش و رحمت و مرحبا کہنے سے کچھ مکافات اُن صعوبات کی ہو جاتی ہے جو اُنپر گذرے ہین اب لڑائی کا حوصلہ نہ اُسکے دل مین اور نہ سامعین کے دل مین باقی رہا ہے اور جتنی عمر اُسکی فوج مین بسر ہوتی ہے اگر کچھ سرگذشت اُسکی بیان کرتا ہے تو یہ بیان کرتا ہے کہ مجھپر ہمیشہ بار پیٹ رہتی تھی اور مجھسے محنت بہت لیجاتی تھی مگر کچھ مزدوری مجھکو نہ ملتی تھی جب قدیم فوجی انتظام کا ایک ایسا نمونہ یا چند ایسے نمونے ہر گاؤن مین موجود ہون تو پھر کیا تعجب ہے کہ فلاحین فوج کی نوکری سے بہت بیزار ہین اور جو لوگ اپنی سال بھر کی کمائی کا ایک بڑا حصہ اسلیے دیدیتے ہین کہ نہرون کو صاف کرنے کا بیگار کام ساٹھ دن تک ہمکو نہ کرنا پڑے حالانکہ نہرون کو صاف کرنا ایک کار ضروری ہے اُنسے کیا تعجب ہے کہ اپنے حتے المقدور کوئی دقیقہ فروگذاشت نکرین کہ تیس چالیس برس تک علی الاتصال ہمکو فوج مین نہ رہنا پڑے جس سے ہمارا کوئی فائدہ نہین متصور ہے۔

سر ایولین وُڈ کا ارادہ ہے کہ ایک بالکل جدید انتظام فوج جاری کرین تاکہ یہ کیفیت بالکل نہ باقی رہے پس اب نامحدود میعاد خدمت کے بدلے یہ قاعدہ جاری ہوا ہے کہ چار برس تک سپاہی کو لڑائی بھرائی مین رہنا پڑتا ہے اور تقریباً چار ہی برس اُس فوج مین رہتا ہے جو کہین لڑنے بھڑنے نہین جاتی بلکہ جب اُس سے

کوئی لیاقت خاص یا اپنے کام میں سرگرمی ظاہر ہوتی ہے تو یہ میعاد بھی کم کردی جاتی ہے
یعنی جب وہ اپنا کام اچھی طرح سیکھ لیتا ہے تو اُس فوج میں شامل کر لیا جاتا ہے جو لڑائی میں
نہیں بھیجی جاتی - اس اثنا میں ہر سپاہی کو چودہ روز سے تیس روز تک رخصت مل سکتی ہے
اور اُسکی رخصت میں کمی بیشی اُس فاصلہ کے موافق ہوتی ہے جو اُس گانون میں جہان کا
وہ رہنے والا ہے اور اُس شہر میں ہے جہان اُسکی پلٹن تعینات ہے - اور ریل کی کمپنی
سے ایسا انتظام کر لیا گیا ہے کہ فوج کے لوگون سے کرایہ کم لیا جاتا ہے - اور جب وہ اپنے
وطن میں نہیں ہوتے تو ایسے ذرائع مہیا کر دیے جاتے ہین جنسے وہ اپنے عزیزون سے
خط کتابت کر سکتے ہین - ایک اور اصلاح جو بندہ زر فلاحین کی نظرون میں نہایت
اہم و ضروری ہے یہ ہے کہ جب وہ کہین لڑائی پر بھیجے جاتے ہین تو ہر مہینے کی
آخری تاریخ کو اُنکی تنخواہین زیر نگرانی افسران انگریزی بلا ناغہ دیدی جاتی ہین ادنٰی درجہ
سپاہیون کو فی نفر ایک پیاسٹر یعنی ½ ۲ پنس یومیہ ملتا ہے اور اعلٰے درجہ کے
سپاہیون کو علی قدر حیثیت اس سے زیادہ ملتا ہے - اور نہایت سخت تدارک اس امر کا
کیا گیا ہے کہ جو روپیہ اُنکو ملتا ہے وہ مقدار اور مدت کے لحاظ سے ویسا ہے جیسا
قواعد میں لکھا ہے چونکہ کسان کے لیے دو پیاسٹر روزانہ بلا خوراک اچھی مزدوری
سمجھی جاتی ہے لہذا جو فلاح یا کسان فوج میں نوکری کرتا ہے وہ اُس فلاح کی نسبت
جو گھر میں بیٹھا رہتا ہے زیادہ روپیہ پیدا کرتا ہے اور اس سے اچھا کھانا اور کپڑا
اور مکان پاتا ہے - اور ایک فائدہ اُسکو یہ بھی ہے کہ اپنے گانون کی نسبت بارک مین
اُسکو اپنے افسرون کے ظلم و ستم اور زد و کوب کا کم خوف رہتا ہے کیونکہ حکام دیہی کے
ظلم اور بیرحمی کے انسداد کے لیے بہت زمانہ درکار ہے مگر جب فلاح فوج میں رہتا ہے تو
ایسے ٹھیک اور باقاعدہ انتظام سے رہتا ہے جو انگریزی فوج کے انتظام سے بہت مشابہ ہے
البتہ ان سب فوائد کی قدر ابھی چند روز تک حقہ نہیں کیجائیگی کیونکہ ابھی تو فلاح اپنے

کچے جھوپڑے کو نہایت وسیع بارک پر ترجیح دیتا ہے اور اپنی میلی نیلی قمیص اور وہ پلپلی
ٹوپی کو اُس وردی سے جو نہایت پاکیزہ اور صاف اور خوش قطع ہو بہتر سمجھتا ہے اور
جو آزادی اور آوارگی اُسکو اپنے گاؤن مین حاصل رہتی ہے (گو اکثر وہ اسیر ع
"ای روشنی طبع تو بر من بلا شدی" کا اثر پیدا کرتی ہے) اُسکو وہ فوج کی قواعد اور قیود
سے زیادہ پسند کرتا ہے گو وہ قواعد و قیود یورپ کے خیالات عدل و انصاف کے
ساتھ کیسے ہی مقید و منضبط ہون - لہذا مین سر ایولین وڈ سے ایما کا یہ نہین کہ سکتا کہ
جو آزمایش سعید پاشا نے کی تھی اُسکو وہ بھی کرین مگر میرے نزدیک اُنکو اپنی اصلاحات
سے اس بات کا یقین ہو سکتا ہے کہ فلاحین کی نفرت کلی فوج کی نوکری سے کم
ہو جائیگی حقیقت حال یہ ہے کہ فلاح بھی تو آخر بشر ہے اور کچھ قدرے قلیل لوازم
بشریت تو اُنمین بھی موجود ہین اور یہ امر ایسا ہے جسکو حکام فوج ایک مرتبہ خود تسلیم کر چکے
ہین پس آیندہ جو مورخ مصر کی ترقی کا احوال درج تاریخ کرے اُسکو بھی اس امر کا لحاظ
رکھنا مناسب ہے -

افسران فوج کی حالت مین بھی قرار واقعی اصلاحین کی گئی ہین اور جس اصول کی
تائید مین سابق مین کر چکا ہون اور جسکا مضمون یہ ہے کہ جو لوگ ترک اور اہل سرکاشیا
کی نسل یا فلاحین کی قوم سے ہون اُنکو بڑے بڑے فوجی عہدے دیے جائین وہی
اصول اختیار کیا گیا ہے اگرچہ ترقی کے مسلم قاعدہ مین بہت کچھ ترمیم کی گئی ہے پرانی فوج مین
مروت اور رعایت اور خدیو کے اہل حرم کی سعی و سفارش کو ترقی اور تقررین مین بہت دخل تھا
اور جو سپاہی بڈھے ہو جاتے تھے اور اس قابل نہ رہتے تھے کہ اور کسی ذریعہ سے معاش حاصل
کرین اُنکے لیے فوج جاے پناہ سمجھی جاتی تھی - باوجودیکہ اس مضر مشرقی طریقہ کو جاری
رکھنے کی کوشش بڑے بڑے آدمیون نے کی ہے مگر انگریز سرداران فوج کی سعی تاکید
رہتی ہے کہ ترقی کا معیار صرف فوجی کارگذاری قرار دیا جاے اور جو افسران فوج ترقی کا

استحقاق نہ ثابت کردین انکو نصف تنخواہ دیجاے اور انکی کثرت عیال اور قلت معاش کا کچھ لحاظ نہ کیا جاے۔ اسمین شک نہین ہے کہ ان اصول کو شدت کے ساتھ جاری کرنا مایوس و ناکام افسران فوج اور انکے سرپرستون کو نہایت شاق گذریگا اور انکی ناراضگی کا باعث ہوگا مگر ایک فوج جرار و کارگزار حاصل کرنے کے لیے اتنی سختی کرنا ضرور ہے۔ فوج کے جمع و خرچ مین کچھ گنجایش غیر معمولی مصارف ضروری کی نہین رکھی گئی ہے اور کل خرچ کی میزان سے یہ تفصیل نکلتی ہے کہ ایک ایک پیاسٹر کو نہایت فائدہ اور کفایت کے ساتھ صرف کرنا پڑتا ہے۔

یہ امر بخوبی تسلیم کرلیا گیا ہے کہ انگریز سپہ سالار کو چند مدت تک انگریزی افسران فوج کی اعانت کی ضرورت رہیگی جنکی تعداد ستائیس قرار دیگئی ہے۔ مگر ان غیر آدمیون کا فوج مین ہونا مصریون کی ترقی مین مخل نہونا چاہیے پس اس خیال سے پیادون کی فوج کے دو ٹکڑے کردیے گئے ہین۔ انمین سے ایک ٹکڑے کے سب افسر مصری ہین اور اسکا کمانیر یعنی افسر اعلی بھی مصری ہے۔ دوسرے ٹکڑے مین ہر پلٹن کا درجۂ اول و درجۂ دوم کا افسر انگریز ہے یہی اصول توپخانہ مین بھی جاری کیا گیا ہے جسکا کمانیر ایک انگریز کرنیل ہے اور اول درجہ کے دو توپخانون کے افسر انگریز ہین اور انمین سے ہر توپخانہ مین چھ توپین ہین اور باقی سب توپخانون کے سب افسر مصری ہین اور انمین سے ہر توپخانہ مین چار توپین ہین۔ سوارون کے رسالہ مین پانچسو جوان ہین اور انکا درجۂ اول و درجۂ دوم کا افسر انگریز ہے اور ایک چھوٹا افسر بھی انگریز ہے۔

ہم یہ نہین کہہ سکتے کہ یہ عجیب غریب آزمایش کہانتک کامیاب ہوگی۔ البتہ پرانے نقش کے لوگ جو اپنی پرانی لکیر کے فقیر ہین برابر یہی کہے جاتے ہین کہ اس آزمایش مین کامیابی ہرگز نہوگی کیونکہ انکو یقین ہے کہ فلاحین جو تنے اور کوڑے کے ایسے عادی ہو رہے ہین کہ اس لطیف انتظام کو کچھ خیال مین نہ لائینگے اور چونکہ ماتحتون سے رعونت اور خشونت کے ساتھ

پیش آنا بالکل زدوکوب کرنا سابق مین انتظام فوج کا جزو اعظم سمجھا جاتا تھا لہذا اب جو
اسکے بدلے باضابطہ اور بلا روے رعایت انصاف کا قاعدہ جاری کیا جائیگا تو
خواہ مخواہ یہ نتیجہ ہوگا کہ فوج سے ادب قاعدہ بالکل تشریف لیجائیگا اور تمرد و سرکشی پیدا
ہوگی۔ انکا قول ہے کہ مصری سپاہی اُس افسر کو مطلق خیال مین نہین لاتے جسکا یہ مقدور نہو کہ
انکو جیسی چاہیے ویسی سزا دے بلکہ اگر افسر کسی بھی ضرورت کے وقت کچھ گوشمالی کسی سپاہی
کی اسی قدیم اور بیہودہ طور سے کرے تو خود سزا پاجاے کیونکہ سب ناتربیت یافتہ مشرقی قومون
کی مانند غیر تعلیم یافتہ مصریون کے نزدیک بھی یہ ہے کہ اطاعت بے عزت کے نہین ہوسکتی
اور عزت بے خوف کے نہین ہوسکتی اور خوف بے حکومت مطلقہ یعنی مطلق العنانی کے
نہین ہوسکتا۔ مجھسے جو پوچھیے تو مین اس دلیل کو بے تکلف نہین تسلیم کرسکتا کیونکہ مین جانتا ہون
کہ جو نتیجہ عملی اس سے نکالا جاتا ہے اُسکو وہ افسران انگریز نہین تسلیم کرتے جنکو ہر روز بلکہ ہر ساعت
اُسکی آزمایش کے صدہا موقعے حاصل ہوتے ہین بلکہ برخلاف اسکے انکی راے یہ ہے کہ ہمارے
سپاہی مطیع و فرمانبردار ہین اور اپنا کام شوق سے سیکھتے ہین اور انکو کسی قسم کی سزا دینے
کی بہت کم ضرورت ہوتی ہے۔ سپاہیون مین بھاگ جانے کی عادت تو اب تک ہے مگر
بھگوڑے سپاہیون کی تعداد اُس سے زیادہ نہین ہے جتنی بعض اُن یورپین فوجون مین ہے
جو عموماً بہت ہوشیار اور کارگزار سمجھی جاتی ہین۔ اور اس عادت کے کم ہوجانے کی امید ہے
کیونکہ اس امر کے آثار و علامات موجود ہین کہ فوج کی نوکری سے جو لوگون کو موروثی نفرت
ہے اور وہی انکے بھاگ جانے کا باعث ہوتی ہے اب وہ کم ہونے لگی ہے مثلاً بعض پُرانے
سپاہی جو نئی فوج مین شامل کرلیے گئے ہین اس بات پر راضی ہین کہ اپنی میعاد خدمت سے
زیادہ فوج مین برضا و رغبت رہینگے اور بعض فلاحین تو فی الواقع اسلیے حاضر ہوے ہین
کہ والنٹیر فوج مین بھرتی کرلیے جائین میرے نزدیک مصر کی فوج کے واقعات تاریخی مین
یہ واقعہ بے نظیر ہے اور مین یہ بھی گزارش کرتا ہون کہ اکثر مصری افسران فوج نے جرأت

لیاقت ظاہر کی ہے اور انمین غبطہ پیدا ہوا ہے اور یہ صفت فی الواقع لائق تحسین و آفرین ہے
پس اب فوج مصری کا وہ سر انکڑا جسمین سب افسر مصری ہین پہلے ٹکڑے سے کچھہ کم نہین ہے
جسمین سب افسر انگریز ہین۔ تاہم ان واقعات سے عام نتایج کا استخراج کرنا یا انکو علامات نیک
سے زیادہ سمجھنا ابھی کچھہ ٹھیک نہین ہے سر اولین وڈ تو اسی قاعدہ پر مُصر ہین جو انھون نے
اختیار کر لیا ہے اور انکو یقین کُلّی ہے کہ اگر اسکی آزمایش واجبی طور سے کیجاے تو اسمین
ضرور کامیابی ہوگی خیر خدا آمین کند چند مدت سے قاعدہ جدید کی آزمایش واجبی طور سے
ہو رہی ہے اور خدیو اور وزیر صیغہ فوج دونون شخص اسکی تائید دل سے کر رہے ہین
اور اسکا عملدرآمد خود انگریز سردار بڑی بیدار مغزی سے کر رہا ہے اور اسکے ماتحت جو انگریز
افسران فوج ہین وہ بھی اس کام مین دل و جان سے اسکی اعانت کر رہے ہین۔

اگر سر اولین وڈ کو مصر مین یہ مشکل کام درپیش ہے کہ ایک ہوشیار اور کارگزار فوج
مرتب کرنا ہے تو بیکر پاشا کو اس سے بھی زیادہ مشکل یہ کام کرنا ہے کہ ایک ہوشیار اور کارگزار
اور بیدار مغز پولیس قائم کرنا ہے۔ فلاحین کو فوج کی نوکری کی بہ نسبت پولیس کے روزگار
سے کم نفرت ہے کیونکہ پولیس کی نوکری مین انکو یہ خوف نہین ہے کہ بلاد سودان مین
بھیجدیے جائینگے اور پولیس مین انکو ادب قاعدہ کی پابندی بھی کم کرنی پڑتی ہے اور بخشش
(رشوت) لینے کا موقع بھی اکثر ملتا ہے مگر چونکہ پولیس مین انکو ادب قاعدہ کا لحاظ کم رکھنا پڑتا
ہے اور رشوت لینے کا موقع اکثر ملتا ہے خاص اسیوجہ سے تو پولیس کی فوج کو اس طرح مرتب کرنا
اور اسکی نگرانی اس طور سے کرنا کہ اہل یورپ کے خیالات کے موافق اسکی کارگزاری لائق
اطمینان ہو نہایت کار دشوار ہے۔ سابق مین پولیس کے سپاہی سے بدمعاش تو نہ ڈرتے
تھے مگر خوش معاشون کی جان پر عذاب رہتا تھا اور مال پر آفت رہتی تھی۔ اب پولیس کی
فوج مین کچھہ کیفیت جنگی فوج کی پیدا کرنا اور اسکو ادب قاعدہ کا سخت پابند رکھنا اسلیے ضروری ہے
کہ جو خرابیان سابق مین ہوتی تھین وہ اب نہونے پائین اور بدوی لٹیرون سے رعایا کو

ضرر نہ پہونچ سکے - مگر اب اس بات کا اندیشہ ہے کہ کہین یہ مثل نہو جاے کہ گئے تھے روزہ کو گلے پڑی نماز - یا یک نشد دو شد - یعنی جیسا لارڈ ڈفرن نے فرمایا ہے کہ کہین پولیس کے افسر اور سپاہی دونون اپنے خاص کام کو غلط نہ سمجھنے لگین اور محافظین امن خلایق کو جو عفو و درگذر اختیار کرنا لازم ہے اسکو فراموش کر کے جنگی فوج کے سپاہی کی بے پروائی اور تحکم نہ اختیار کر لین شاید یہ خوف اس خیال سے کچھ دفع ہو سکتا ہے کہ اب پولیس کی فوج کا انتظام وزیر صیغۂ داخلیہ سے متعلق ہے وزیر صیغہ جنگ سے نہین متعلق ہے لیکن جو کردار اہل پولیس کا صلح پسند اور غریب مسکین اہل دیہ کے ساتھ رہتا ہے اسمین اصلاح کی اگر امید ہو سکتی ہے تو اس طرح ہو سکتی ہے کہ انکی نگرانی کا انتظام چست اور درست رہے اور انکی تعلیم کے لیے ایک اسکول القاہرہ مین مقرر کیا جاے - اب پولیس کی فوج کی تعداد پانچ ہزار چھ سو پچاس ہے اور انسپکٹر جنرل اور ڈپٹی انسپکٹر جنرل اور انسپکٹر اور سب انسپکٹر یہ سب غیر ملک کے لوگ ہین بڑے بڑے قصبات مین دیہاتی پولیس کی امداد کے لیے کچھ قصباتی پولیس بھی ہے جسمین اہل یورپ بہت ہین اور شہری پولیس اور سپاہ پولیس دونون کی مجموع تعداد سات ہزار تین سو نوے نفر قرار دی گئی ہے

پولیس کا انتظام اور نگرانی چاہے کیسی ہی احتیاط اور عمدگی سے کیجاے مگر وہ لائق اطمینان طور سے ہرگز کام نہین کر سکیگا تا وقتیکہ عدالتون کا انتظام نہ درست کیا جاے کیونکہ عدالت اور پولیس کا چولی دامن کا ساتھ ہے اور عدالت پولیس کی ماہیت کی متمم ہے پس اب یہ دیکھنا چاہیے کہ اس باب مین کیا کیا گیا ہے -

لارڈ ڈفرن نے اپنی رپورٹ مین تحریر فرمایا ہے کہ بالفعل مصر مین انصاف حقیقی کا نام بھی نہین ہے اور ضرورت شدیدہ اس امر کے لاحق ہے کہ مصر کو ایسی عدالتین عطا کیجائین جو پاک و پاکیزہ اور سادہ اور کارگزار ہون - اس بات مین تو اختلاف راے نہین ہو سکتا مگر یہ امر طے کرنا آسان نہین ہے کہ یہ مقصد بر لانے کی سب سے عمدہ کیا تدبیر ہے

اس مسئلہ میں پہلی دقت تو یہ ہے کہ اس چیز کو تحقیق کرنا لازم ہے جو مقدس اور
کرخت شریعت اسلام کے نام سے مشہور ہے۔ جو لوگ اسلام کا علم سطحی رکھتے ہیں
وہ شریعت اسلام کے کرخت ہونے کا اکثر ذکر کیا کرتے ہیں اور اسکی مخلوقون کی زندگی کی
حالتون کی اصلاح اور تمدنی ترقی کا مانع قوی بیان کرتے ہیں مگر نفس الامر میں یہ مانع ایسا
قوی نہیں ہے جیسی لوگون کو گمان ہے۔ اور مذاہب کی طرح اسلام کا دارومدار بھی مصالح
وقت پر ہے۔ یعنی اگرچہ شریعت اسلام کے اصول اولیہ کا ماخذ قرآن اور حدیث ہے
مگر فقہ اسلام چند شدید و غلیظ احکام کا نام نہیں ہے جو خدا کی جانب سے کالنقش فی الحجر
ہوگئے ہیں بلکہ فقہ اسلام ایک معقول منطقی عمارت ہے جسکو فقہاے اسلام نے بڑا خون جگر
کھا کر تدریجاً تعمیر کیا ہے مگر وہ فقہاء نہ عصمت و طہارت کے مدعی تھے اور نہ وحی والہام کا
دعوی رکھتے تھے اور جن لوگون کے اعتقادات اُنکے عقائد کے خلاف ہوتے تھے اُنسے وہ
تعصب مذہبی مطلق نہ کرتے تھے۔ اسکی ایک بین دلیل یہ ہے کہ ائمۂ اربعہ جو چار مسالک کے
بانی ہوئے تھے ہر چہار مساوی مستند القول و جائز التقلید سمجھے جاتے ہیں۔ اگر نظر غور سے
دیکھا جائے تو شریعت اسلام کی ملائمت صرف اُن فروع ہی سے نہیں ثابت ہوتی ہے
جنمین ائمۂ اربعہ نے اختلاف کیا ہے بلکہ اصول دین اسلام میں بھی تغیرات عظیم ہو چکے ہیں
اور اب تک ہوتے جاتے ہیں۔ باوجودیکہ شریعت اسلام شریعت الٰہی سمجھی جاتی ہے تاہم ممالک
عیسائی کے قوانین کی طرح اُنمین بھی مصالح دنیا کو رفتہ رفتہ دخل ہوتا جاتا ہے صرف اتنا
فرق ہے کہ عیسائی قومون میں دنیاداری بہت زیادہ ہو گئی ہے مگر یہ فرق درجہ کے لحاظ سے
ہے قسم کے لحاظ سے نہیں ہے۔ شاید روشن ضمیر اہل اسلام اب بھی یہ فرمائین کہ علم فقہ علم دین سے
عقلاً نہیں جدا ہو سکتا مگر عملاً وہ ایسا نہیں کرتے ہیں کہ مثلاً عبادات میں احکام وضو کو اور
معاملات میں احکام بیع کو ہم رتبہ قرار دیں حالانکہ از روے شریعت دونون یکسان ہیں۔ لہذا جن بلاد
اسلام میں غیر ممالک کے لوگون کو کم و بیش دخل ہے اُنمین یہ امر ممکن پایا گیا ہے کہ قاضی کا اختیار اُن مقدمات پر نہ

محدود و مختصر کردیا جاے جنمین مذہبی اغراض شریک ہین یا یہ کہیے کہ جو عبادات سے متعلق ہین اور قضا یعنی فصل خصومات کے لیے عدالتہاے دیوانی و فوجداری مقرر کیجائین اور یہ باقاعدہ عدالتین اُن قوانین پر عمل کرتی ہین جو قدیم شریعت کی بہ نسبت جدید خیالات اور آج زمانہ کی ضرورتون کے زیادہ تر مناسب و موافق ہین مثلاً دولت عثمانیہ مین نظامیہ عدالتین موجود ہین جنکے قوانین اور آئین نپولین شہنشاہ فرانس کے قوانین سے مشابہت تامہ رکھتے ہین اور مصر مین بھی اسی قسم کی عدالتین موجود ہین جنکے جج کسیقدر تو قدیم احکام شریعت کی پابندی کرتے ہین مگر یورپ کے جدید اصول فقہ کا زیادہ تر لحاظ رکھتے ہین اور وزیر صیغۂ عدالت کی مطلق العنان مرضی کا بھی اتباع کرتے ہین جسکے مزاج مین دینداری کی بہ نسبت دنیا داری زیادہ ہوتی ہے لہذا جس مذہبی دقت کا گمان کیا جاتا ہے وہ مصر کی عدالتون کی اصلاح کا مانع قوی نہین ہے بلکہ خدیو کو اختیار ہے کہ فرمان عام کے ذریعہ سے مجموعۂ آئین و قوانین فرانسیسی مصر مین جاری کردے اور علمار کی مخالفت و مزاحمت کا مطلق اندیشہ نکرے۔ اور رعایا مین مذہبی جوش و خروش پیدا کرنے کا گمان تو اس سے بھی کم ہے کیونکہ اہل مصر شرعی عدالتون کی عظمت شاید کسی زمانہ مین کرتے ہون مگر ان عدالتون مین صدہا برس سے ایسی ایسی بدعتین اور خرابیان ہورہی ہین کہ اب اہل مصر کو اُنکا اعتبار بالکل نہین باقی رہاہے۔ چنانچہ مصر مین جو قصّے کہانیان پشتہا پشت سے چلی آتی ہین اور جنکو الف لیلہ کے قصون سے تشبیہ دے سکتے ہین اُنمین جب قاضی کا ذکر آتا ہے تو ایسے الفاظ سے آتا ہے کہ متقی شیطان مخرب شریعت۔ اور مرتشی۔ اور دیہات مین فلاحین اور قصبات مین مسلمان سوداگر کوئی مسئلہ قانونی اسلیے گڑھ لیتے ہین کہ مختلف العموم عدالتون مین ہمکو جانا پڑے مگر قاضی کی کچہری مین خدا نہ لیجاے۔

چونکہ مصر کے لوگ غیر ملک کے قوانین اور غیر ملک کے ججون کو اس شرط سے قبول کرنے پر آمادہ ہین کہ وہ صاحب لیاقت اور کارگزار ہون اور رشوت ستانی سے پاک ہون

لہذا اس ملک کی عدالتوں کی اصلاح بڑی آسانی سے ہوسکتی ہے مگر اس بات کا بھی بڑا اندیشہ ہے کہ بعض خراب عادتیں جو ان مصریوں اور غیر ملک والوں میں موجود ہیں جو قاعدہ جدید کو تیار کر رہے ہیں اور زیادہ ہو جاینگی۔ تقریباً ان سب لوگوں نے فرانسیسی علم فقہ حاصل کیا ہے لہذا وہ فرانسیسی آئین و قوانین کو صرف دلائل منطقی سے اور مناسب و تسلسل ہی کے لحاظ سے کامل اور بے عیب نہیں سمجھتے بلکہ انکو جملہ تمدنی حالات سے عملاً متعلق تصور کرتے ہیں اور اس دعوے بے دلیل پر عمل کر کے انھوں نے ان خصوصیات مقامی سے اکثر اعراض و اغماض کیا ہے جنکے موافق مناسب عدالتوں کے انتظام کو ہونا چاہیے اور جو قانونی تعصبات انکی تعلیم کی بدولت انکے دل میں سما گئے ہیں وہ اس خیال سے اور زیادہ شدید ہو گئے ہیں کہ جب ولیسی عدالتوں کے انتظام میں اصلاح اور اسکی تکمیل ہو جائیگی تو وہ مختلف القوم عدالتیں بھی جنمیں فرانسیسی قوانین خفیف سی ترمیم کے بعد استعمال کیے جاتے ہیں انہیں میں شامل کر لیجاینگی۔ ان سب امور کا نتیجہ یہ ہے کہ یہ حضرات چاہتے ہیں کہ مصر میں عدالتوں کا ایسا انتظام جاری کیا جاے جو مختلف القوم عدالتوں سے حتی الامکان اشبہ ہو۔

وہ ناظرین انگریز جو فرانس کے قوانین اور فرانس کی عدالتوں سے واقف ہیں غالباً اس امر میں مجھسے اتفاق راے کرینگے کہ تجویز مذکورہ بالا اگر عمل میں لائی جاے تو مصر کے حق میں بہت مضر ہوگی مگر چونکہ اکثر وہ حضرات جو مصر کے باب میں مسلّم الثبوت اور مستند القول سمجھے جاتے ہیں میرے اس قول کو کفر و زندقہ قرار دیکر اسکی تردید کرینگے لہذا اسکے وجوہ مجملاً بیان کر دینا مناسب ہے۔

اس باب میں عموماً بحث کرنا بالکل غیر ضروری ہے کہ فرانسیسی علم فقہ عقلاً و عملاً دیکھا جاے تو کمال محض و مطلق کے درجہ تک پہونچا ہے یا نہیں اور یہ بھی تحقیق کرنا فضول ہے کہ آیا وہ سخت اور پیچیدہ اور نمایشی ضابطہ جسکو فقہاء فرانس ایسا عزیز رکھتے ہیں اس ملائم اور

سہل العمل ضابطہ سے جسکو انگریز لوگ پسند کرتے ہین ہمہ وجوہ بہتر ہے یا نہین - بلکہ ہمکو یہ تحقیق
کرنا چاہیے کہ دونون مین سے کون ضابطہ مصر کے حال کے زیادہ تر مناسب ہے میرے
نزدیک جو غیر متعصب آدمی اس مقدمہ مین حکم قرار دیا جاے اور جسکو مصر کے لوگون سے
تعارف اور تعلق رہا ہو اُسکو ایک راے قائم کر لینا چندان مشکل نہین ہے اگر یہ امر تسلیم کر لیا جاے
کہ قوانین اور عدالتین عالمان بے عمل کی تفریح طبع کے لیے نہین قائم کرنی چاہیین بلکہ اُن
لوگون کی آسایش کے واسطے جاری کرنی چاہیین جنسے اُنکو متعلق کرنا منظور ہے لہذا عدالتون
کا سب سے عمدہ انتظام وہ ہے جس سے رعایا کے سب فرقون کی قرار واقعی دادرسی بہت جلد
ہو سکے تو اسمین کچھ شک نہین ہے کہ اہل مصر کو انگلستان یا ہندوستان مین نمونہ تلاش کرنا چاہیے
فرانس مین نہ تلاش کرنا چاہیے انگریزی اور فرانسیسی عدالتون کے انتظام مین جو فرق ہے
اُسکی مثال یہ ہے کہ عدالتہاے ادنی کے ججون کی حیثیت اور انکے کام کی کیفیت کو ملاحظہ کیجیے
کہ فرانسیسی ضابطہ کے موافق توجج کو ایک کلدار تصویر یا مورت سمجھیے جسکے گرد اسکا انضباط جملہ
حالات مین پُر تکلف قواعد و پیچیدہ ضوابط سے احتیاط تمام کیا گیا ہے مگر انگریزی قانون مین
جج کو بہت گنجایش دی گئی ہے اور اُس سے یہ توقع کیجاتی ہے کہ اُس معقول آدمی کی روش
اختیار کریگا جسکو خدا نے اوسط درجہ کا ذہن و ذکا عطا کیا ہے - فرانسیسی انتظام عدالت کا
مصر کے مناسب حال نہونا اس تجربہ سے ثابت ہو گیا ہے جو مختلف القوم عدالتون کا
حاصل ہوا ہے یعنی وہ عدالتین جو اُن مقدمات کی سماعت کرتی ہین جنمین غیر ممالک کے
لوگون کے اغراض شامل ہون - اِن عدالتون کے ججون نے فرانس کے ججون کیطرح یہ عادت
اختیار کی ہے کہ اہل مقدمہ جو شہادت از خود پیش کرتے ہین اُسی پر اکتفا کرتے ہین اور اُن
واقعات کو دریافت کرنے کی کوشش نہین کرتے جو قانونی تکلفات کی آڑ مین چھپے رہتے ہین
ججون کا ہمہ تن پابند قانون ہونا اور اپنی راے کو مطلق دخل نہ دینا شاید اُن ملکون مین چل سکتا ہے
جہان اہل مقدمہ تکلفات قانونی سے غالباً واقف ہوتے ہین اور اُنکی ہدایت اور اعانت کو

لائق کونسلی ہمیشہ موجود رہتے ہین مگر مصریین لوگون کو اس سے نقصان عظیم پہونچتا ہے
اور ہمین کچھ شک نہین ہے کہ اس سے بے ایمان غیر ملک والون کو بڑی مدد اسمین ملتی ہے
کہ فلاحین کو سودی روپیہ کیا دیتے ہین کہ ان بیچارون کو بالکل ٹھگ لیتے ہین مصر
جاہل آدمی اپنے مقدمہ کو بکمال احتیاط مرتب کرنا کیا جانے بلکہ اسکو یہ سمجھنا بھی محال ہے
کہ مقدمہ کیونکر مرتب کرتے ہین اور مقدمہ جس صورت سے عدالت مین پیش کیا جائیگا
اسیکے موافق اسکا فیصلہ ہوگا اور اسکی واقعی روداد کا لحاظ کیا جائیگا چونکہ مصر کا آدمی
فرانسیسی عدالت کے اصول وفروع سے ناواقف ہوتا ہے لہذا وہ اپنے زعم ناقص مین یہ
سمجھتا ہے کہ جج کو لازم ہے کہ سوالات کرکے اور ذریعون سے جہانتک ممکن ہو مقدمہ کے
واقعات کو سمجھ لے اور وہ بات کرے جو ہر غیر متعصب آدمی اس مقدمہ کی تحقیقات کریگا-
جسمین اسکی کوئی ذاتی غرض شامل ہو مصر کا آدمی اس امر کو بڑی ناانصافی سمجھتا ہے کہ مدعی
یا مدعا علیہ تو اس قانونی خندق مین جو فریق مخالف نے کھود رکھا ہے اچانک گر پڑے اور جج
خالی بیٹھا ہوا منہہ تکا کرے یا یہ کہ مدعی یا مدعا علیہ صرف اسوجہ سے مقدمہ ہار جاے کہ کوئی ایسا
خفیف امر اسنے فروگذاشت کیا تھا یا کوئی ایسی ذراسی بےضابطگی اس سے ہو گئی تھی جو جج کے
ادنی اشارہ سے دفع ہو سکتی تھی پس اگر مصر کی عدالتین ایسے ضابطہ کو عمل مین لائینگی تو انکا
مقصد اصلی ہرگز نہ حاصل ہوگا بلکہ مصر کے لوگ انکو ایک نیا آلہ حق تلفی اور ناانصافی کا سمجھینگے یا
اقلاً انکو غیر ملک والون کا قابل اعتراض اختراع تصور کرینگے مین سابق مین بیان کرچکا ہون
کہ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ کسان کوئی قانونی حیلہ اسلیے کرتے ہین کہ مختلف الاقوام عدالتون
مین ہمکو استغاثہ کرنا پڑے مگر قاضی کی کچہری مین نالش نہ کرنی پڑے اس بیان سے میرے
اس قول کی تردید نہین ہو سکتی کیونکہ کسانون کو اہل یورپ سے اکثر معاملات تجارت
پیش رہتے ہین لہذا وہ فرانسیسی ضابطہ سے واقف ہو جاتے ہین اور ہر قسم کی متدین
عدالت کو دیسی عدالتون پر ترجیح دیتے ہین جنکی رشوت ستانی زبان زد خلائق ہے

اکثر جاہل کسان جنکو مختلف القوم عدالتون سے کبھی کبھی کچھ سابقہ پڑتا ہے میرے نزدیک اُنکے عدل و انصاف کے مداح و ثناخوان ہرگز نہین ہین۔

اس دعوی کی تائید مین کچھ تقریر لارڈ ڈفرن کی اُنکی رپورٹ سے نقل کیجاتی ہے وہ یہ ہین "مصر کی گورنمنٹ کی یہ آرزو درست و بجا ہے کہ آخرالامر مختلف القوم عدالتین موقوف ہوجائین اور اُنکی جگہ پر مصری عدالتین قائم کیجائین پس اس خیال سے یہ تجویز کیا گیا کہ جملہ قوانین ملکی و تجارتی مصری جو بالفعل سابق الذکر عدالتون کے استعمال مین ہین نظر ثانی کیے جائین مگر افسوس ہے کہ کتب قوانین بہت ناقص ہین اور جو ضوابط اُنمین درج ہین وہ فرانس سے اخذ کیے گئے ہین اور ایسے پر تکلف اور پیچیدہ ہین اور اُنمین اس قدر پیچ خم پڑتا ہے کہ فلاحین کے مناسب حال اور اُنکے استعمال مین آنے کے قابل نہین ہین مشرقی آدمی انصاف محض و خالص کو تو سمجھتا ہے مگر عدل قانونی کو نہین سمجھتا اور نہ یہ سمجھ سکتا ہے کہ ضابطہ کی پابندی اسلیے ضرور ہے کہ انصاف محض و خالص اپنے مرتبہ سے انحطاط کرکے ملون فراجی اور مطلق العنانی کے درجہ تک نہ پہونچنے پائے لہذا ضرور ہے کہ جو ضابطہ مصر مین جاری کیا جاے وہ نہایت آسان ہو تاکہ مصریون کو اس مقدمہ مین سمجھنا اور دوسرے وجوہ سے بھی یہی مناسب ہے "

یہ مقصد حاصل کرنے کے لیے جو ذریعہ اختیار کیا گیا ہے اُسکو لارڈ ڈفرن نے بعبارت
ذیل بیان فرمایا ہے وہو ہذا "مین نے مصر کی گورنمنٹ کو تاکید کی ہے کہ پیشتر جو امر پہلے ص ۵۴
تجویز کیا تھا اُسکو ترک کرے اور جو قوانین مختلف القوم عدالتون مین جاری اور مستعمل ہین انہین ایسی ترمیم کیجاے کہ مصر کی رعایا کے زیادہ تر مناسب حال ہوجائین "

حسب الارشاد لارڈ صاحب موصوف قوانین مذکورہ مین اضافہ و ترمیم کی گئی ہے اور آئندہ تجربہ سے جن اصلاحون کی ضرورت ثابت ہوگی وہ بھی وقتاً فوقتاً عمل مین لائی جاینگی مگر جو ضوابط مختلف القوم عدالتون سے اخذ کرنے منظور تھے اُنکی اور ہی صورت ہے

یعنی اُنکو از اول تا آخر از سرِ نو مرتب کرنا پڑیگا۔ چند مہینے کے عرصہ سے کمیشن ایک کامل ضابطہ مرتب کرنے کی مشقت طلب کام مین مصروف ہے؛؛

یہ تقریر لارڈ ڈفرن نے فروری گذشتہ مین تحریر فرمائی تھی اور اسوقت مقننین مصر کی فرانسیس پرستی مین ایک اور رخنہ یہ پڑا ہے کہ سر ہنبرن میکسول گورنمنٹ مصر کے مشیر قانونی مقرر ہوے ہین۔ صاحب موصوف علم قانون کے عالم تبحر ہین اور ضابطہ عدالت سے بھی خوب واقف ہین مگر ان اوصاف نے اس عقل سلیم اور قوت عملی کو اور اُس بے تعصبی اور بے ریائی کو جو اعلی درجہ کے قانون دانان انگلستان مین پائی جاتی ہے اُنسے زائل نہین کر دیا ہے اور اُنکو مدت تک ایک مشرقی ملک کی رعایا کا تجربہ رہا ہے جو فی الحقیقت مصر کی طرح ابھی ترقی کے پہلے درجہ پر پہونچا ہے مگر چونکہ انتظام مجوزہ اُنکے آنے کے پیشتر ہی ختم ہو چکا تھا۔ لہذا وہ اُس کارروائی کو کلیۃً رد نہین کر سکتے جو مقننین مصر کی کمیشن کر چکی ہے مگر وہ کوشش بلیغ کر کے اُن خرابیون کو کم کر سکتے ہین جو اُنکے ہم مقصبون کی تنگ خیالی بالاخصلت یعنی فرانسیس پرستی سے پیدا ہوتی ہین بشرطیکہ گورنمنٹ انگلشیہ اُنکی حمایت پر مستعد رہے۔ دیکھا چاہیے گورنمنٹ انگلشیہ سے اعانت ضروری اُنکو حاصل ہو یا نہو۔

مصر کی دیسی عدالتون کے لیے ایک آسان ضابطہ کے فوائد ایسے ظاہر و باہر ہین کہ اس مضمون مین زیادہ طول دینا کچھ ضرور نہین ہے مگر اسمین چند خدشے ایسے ہین جنکو رفع کرنے کی فکر کرنی لازم ہے۔ جب ضابطہ آسان ہوا اور اُس سے قیود ظاہری اُٹھا لیے جائین تو جج کو محامد اور ذمائم یعنی اچھی اور بری دونون صفتون کے اظہار کی بڑی گنجایش رہتی ہے لہذا اس باب مین بڑی احتیاط کرنی چاہیے کہ جج وہ لوگ مقرر ہون جو لائق بھی ہون اور مُستدین بھی ہون۔ جب اس صفت کے جتنے جج درکار ہین وہ کسی ملک کے لوگو نمین نہین مل سکتے تو غیر ملک والون کو جج مقرر کرنا پڑتا ہے۔ چنانچہ ملک بلجیم اور ملک ہالینڈ مین چند غیر ملک کے باشندے جج مقرر ہو چکے ہین۔ علی ہذا القیاس مصر کی ہر دیسی عدالت مین اغلب ایک

غیر ملک کا باشندہ جج مقرر کیا جائیگا اور جب وہ زبان عربی سے واقف ہو جائیگا جو اُس ملک
کی مادری زبان ہے تو اُسکے مصری ہم منصبون پر اُسکا رعب و دبدبہ بہت رہیگا۔ مزید بران
کسی قسم کی نگرانی کا سامان عدالتہاے ماتحت کے لیے مہیا کیا جائیگا جیسا ہندوستان مین ہے
یعنی یا تو انکی نگرانی کے لیے ایسے انسپکٹر مقرر کیے جائینگے جو ہمیشہ دورہ کیا کرینگے یا اِس
امر کی تاکید کیجائیگی کہ سب مقدمات کا خلاصہ مع ہر فیصلہ کے مختصر وجوہ کے حکام اعلی کے
ملاحظہ کے لیے ارسال کیا جاے۔

اگر مصر کی عدالتون کے انتظام جدید مین کامیابی حاصل ہوئی تو اسکا نتیجہ ضرور ہوگا ص ۴۵
کہ وہان کے لوگون کے اخلاق درست ہوجائینگے اور وہ حق و باطل مین تمیز کرنے لگینگے
کیونکہ صدہا برس کے ظلم و ناانصافی کے سبب سے حق و باطل کا خیال اُنکے صفحہ خاطر سے محو
ہوگیا ہے اور یہی اسکا اثر ضرور ہوگا کہ اہلکاران گورنمنٹ اور خود گورنمنٹ کے اخلاق درست
ہوجائینگے اور اُنکے دل مین یہ خیال پیدا ہوگا کہ ہمارے ذمہ چند فرائض ہین اور ہمارے
چند حقوق ہین اور رعایا کے بھی کچھ حقوق ہین جنکی نگہداشت کرنی ہمکو واجب ہے اور
جب رعایا کے حقوق مین حکام دست اندازی کرین تو مستوجب سزا ہین۔ جب کیفیت مصر کے
اہلکاران اعلی و ادنی کو معلوم ہوگی تو وہ کمال متحیر اور بہت ناراض ہونگے کیونکہ وہ
مطلق العنانی اور دست درازی کے ہمیشہ عادی رہے ہین اور انکو اپنے افسران اعلے
سے بازپرس کا خوف کبھی نہین رہا ہے کیونکہ وہ بھی تو اپنے ماتحتون کی طرح
مطلق العنانی اور دست درازی کے عادی رہے ہین اور مثل مشہور ہے کہ خفتہ را خفتہ
کے کند بیدار۔ او خویشتن گم ست کرا رہبری کند۔ حکام صدر پر بھی اس حیرت انگیز انتظام
جدید کا اثر نیک ہوگا اور انکو یہ بات معلوم ہو جائیگی کہ قوت بہیمیہ یعنی ظلم و جبر کی نسبت
عقل و شعور سے کام لینا بہتر ہے۔ اگر حکام صدر کو اس نصیحت کی کچھ قدر معلوم ہوگی ہے
تو غیر ملک کے آدمیون کی بدولت معلوم ہوئی ہے جنسے انکو اکثر سابقہ رہتا ہے اور جنکی

جان و مال کی حفاظت ہمیشہ انکی سلطنتون کے سفیر کرتے ہے ہیں اور جنکے حقوق کا تحفظ اب مختلف القوم عدالتون سے متعلق ہے مگر جو مفید نگرانی اس طور سے گورنمنٹ اور اُسکے اہلکارون کے افعال کی ہوئی ہے اُسکے سبب سے درجہ کے اہلکاران سرکاری مصریون پر اور زیادہ ظلم و تعدی کرنے لگے ہین پس ان اہلکارون کی تعلیم کی تکمیل اسپر موقوف ہے کہ جو قانون حفاظت اسوقت تک غیر ملک والون کو حاصل ہے اُسمین اہل مصر بھی شامل کر لیے جائین۔

ص ۵۹۴ اس مطبوع و مرغوب مقصد کو حاصل کرنے کے لیے یہ قرار پایا ہے (باوجودیکہ فرانسیس دوست مقننین نے سخت مخالفت کی ہے) کہ وہ محکمہ مقرر کیا جائے جسکو فرانسیسی قانون کی اصطلاح مین دارالانصاف کہتے ہین۔ اس اجمال کی تفصیل یہ ہے کہ جیسا یورپ کی اُن سلطنتون مین ہوا ہے جنھون نے فرانس کی روش اختیار کی ہے ویسا ہی فرانس مین بھی ہوا ہے کہ گورنمنٹ کو یہ گمان ہے کہ اگر حکام مختص المقام کے منصبی افعال کی بازپرس عام عدالتون کے ذریعہ سے کیجائے تو گورنمنٹ کی عظمت و وقار اور اسکے رعب و سطوت مین فرق آجائے پس ان ملکون مین ایسے مقدمات کے لیے ایک خاص عدالت اختراع کی گئی ہے جسمین حکام انتظامی جج مقرر ہوتے ہین۔ اور جسکو وہان کی اصطلاح مین دارالانصاف کہتے ہین۔ یہ مین نہین کہسکتا کہ فرانس کے دارالانصاف نے خرابیون کا انسداد اور رعایا کے حقوق کا تحفظ کسقدر اور کہانتک کیا ہے۔ البتہ یہ بات مین بلا تامل کہتا ہون کہ اس قسم کی عدالت مصر مین ہرگز کافی نہوگی کیونکہ رشوت ستانی اور بدعملی و بے انصافی مصر مین ہر طبقہ کے حکام انتظامی کے خمیر مین داخل ہوگئی ہے اور وہ ان لوگون کے حقوق کی کچھ حقیقت ہی نہین سمجھتے جو سرکار مین کسی قسم کا رسوخ نہین رکھتے ہین لہذا یہ ضرور ہے کہ جن مقدمات مین کسی حاکم پر ظلم یا ناانصافی یا ظلم ستانی کا الزام لگایا جاتا ہو یا جن مقدمات مین گورنمنٹ کے شخصی یا فرضی اغراض رعایا کے اغراض کے منافی ہون انکا

فیصلہ کرنے کے لیے ایسی عدالتیں مقرر کیجائیں جنمیں بہت سے غیر ملک کے رہنے والے جج شریک ہوں۔

خیر۔ یہاں تک تو عدالتوں کی اصلاح کی تدبیریں بیان کی گئیں۔ اب انتظامی اصلاحوں کا اہم مضمون بیان کیا جاتا ہے اور یہ لکھا جاتا ہے کہ کس ذریعہ سے اور کیونکر اصلاحات ضروری مصر کے انتظام میں ہوسکتی ہیں۔ وزرا یا مختلف صیغوں کے افسران اعلی سے ایسی امید رکھنا فضول ہے جب وزرا کی کونسل کے ارکان وہ لوگ ہوں جو مطلق العنان اور جفا کار وستم شعار ہیں اور جنمیں سے بعض مرتشی بھی ہیں تو ایسے لوگوں سے یہ امید کیونکر ہوسکتی ہے کہ جس نجاست کے تالاب میں خود انکی عمریں بسر ہوگئی ہیں اسکو پاک و صاف کر دینگے لہذا کسی بیرونی طاقت یا ذریعہ بیرونی سے کام لینا ضرور ہے اور میرے نزدیک سوائے اُن عدالتوں کے جنکا ذکر سابق میں کیا گیا اور کوئی ایسا ذریعہ نہیں ہے صحیح اور حاضر و ناظر رائے جمہور تو مصر میں کبھی تھی نہیں اور اگر ایسی رائے پیدا ہوسکتی ہے تو صرف آزادی و نشر اور بے لوث محکموں کے طرح صحائف میں پیدا ہوسکتی ہے جنکا ذکر سابق میں کیا گیا۔ نیو بر پاشا نے بجا فرمایا ہے کہ انہی عدالتوں کو مصر میں چند مدت تک صحیح رائے جمہور اور آزاد اخبارات کا کام کرنا پڑیگا انگریز لوگ اس بات پر بجا فخر کرتے ہیں کہ ہم اپنے حقوق کے اظہار میں قصور نہیں کرتے اور جو شخص ہمارے حقوق میں دست اندازی کرنا چاہتا ہے خواہ حاکم ہو خواہ غیر حاکم اُس سے خم ٹھونک کے لڑنے کو مستعد ہوجاتے ہیں اور جرمنی کے ایک عالم نے ایک رسالہ میں یہ امر ثابت کر دیا ہے کہ ہمارے (انگریزوں) قومی اوصاف میں سے یہ وصف ایسا ہے جسکی بدولت ہماری عمریں اس کیفیت سے بسر ہوتی ہیں کہ آزادی بھی ہے انتظام بھی ہے اور پابندی قانون بھی ہے اگر ہم یہ پوچھتے ہیں کہ یہ قومی وصف ہم لوگوں میں کیونکر پیدا ہوا ہے اور کیونکر اسکو نشو و نما ہوا ہے اسکا جواب یہ ہے کہ یہ وصف عدالتوں کے اس انتظام سے پیدا ہوا ہے جسکے موجب سب سے زیادہ غریب اور حقیر آدمی بھی اپنے حقوق کی حفاظت بے تکلف اور بے کھٹکے کر سکتا ہے پھر ہم

پوچھتے ہین کہ ہمارے ملک کے اہلکارون نے اُن لوگون کے حقوق کا لحاظ رکھنا کیونکر
سیکھا ہے جنکا کوئی وسیلہ گورنمنٹ مین نہین ہے؟ اسکا جواب یہ ہے کہ ہمارے ملک کے
اہلکارون کو یہ بات سکھائی گئی ہے کہ جو لوگ برسرکار ہوتے ہین انکے منصبی اور غیر منصبی ص ۴۵۴
دونون قسم کے افعال کا مواخذہ اور بازپرس وہ عدالتین کرسکتی ہین جو رعایا کے حقوق اور حکام کی
حکومت دونون کی حامی و مددگار بدرجہ مساوی ہین دستور قدیم عادت۔ اور تعلیم و تربیت
کی بدولت اب عدالتون کو اسکی ضرورت کمتر ہوتی ہے کہ اہلکاران سرکاری کی حکم بنین مگر
ہمارے ملک کے حکام اور منتظمین مین جو اوصاف حمیدہ ہین وہ عدالتون ہی کی بدولت حاصل
ہوے ہین اور ہمکو یہ اندیشہ ہے کہ اگر عدالتین نہون تو یہ اوصاف حمیدہ اور وہ قومی وصف
بھی جسکا ذکر سابق مین کیا گیا رفتہ رفتہ زائل ہوجائین مگر مصر مین ہمکو اپنے تجربہ ذاتی پر عمل
کرنا چاہیے مصر کا آدمی اتنی جرات و ہمت اور آزادی کہان سے لائے کہ حاکم کے سامنے کھڑا
ہوکر اپنے حقوق کو جوانمردی سے ظاہر کرے کیونکہ وہ خوب جانتا ہے کہ اگر مین حجت و تکرار یا شکوہ
و شکایت کرونگا تو حاکم دو تین قوی ہیکل خدمون کو بُلا کر کوڑے کھلوادیگا پس وہ بیچارہ
سواے زاری نالی کے اور کیا کرسکتا ہے اور ہمکو تجربہ سے معلوم ہوگیا ہے کہ منت و سماجت کرنا
بے سود بھی ہے اور خطرناک بھی ہے اسواسطے کہ حکام اعلیٰ غریب آدمی کی کچھ نہین سنتے اور
جس حاکم یا اہلکار کی وہ شکایت کرتا ہے وہ اُس سے انتقام لے سکتا ہے اور کچھ اندیشہ بازپرس
نہین رکھتا۔ اسکے وجوہ سابق مین بیان کیے گئے مصر مین بڑی مشکل یہ ہے کہ عدالتون کے
اخلاق کا ایسا استحکام کیا جاے کہ حکام کے دباؤ اور اُنکے داب ناجائز کو ہرگز نہ مانین یہ بات
کچھ تو اس تدبیر سے حاصل ہوسکتی ہے کہ مصری ججون کے ساتھ بہت سے غیر ملک کے
رہنے والے جج شریک کردیے جائین مگر ان ججون کی کوشش کا کارگر ہونا اسپر موقوف ہے
کہ چند عرصہ تک گورنمنٹ انگلشیہ اُنکی اعانت و حمایت پر آمادہ رہے۔ ص ۴۵۶

اسوقت تک تو مصر کے انتظام مین ہمارے حسن سعی سے صرف اتنی اصلاح ہوئی ہے

کہ وزیر صیغۂ داخلیہ سے ہمنے ایک سرکلر اس مضمون کا جاری کرایا ہے کہ قرباش (کوڑہ بازی)
بالکل موقوف کیا ہے اگر ہم ایسے ہی ایسے کام کیے جائین تو بیشک ہمنے یہ کار ثواب کیا
لیکن اگر ہم اتنا ہی کرکے بیٹھ رہین تو ہمنے گویا وہ کام کیا جو فرعون نے کیا تھا کہ بنی اسرائیل کو
حکم دیا کہ بے تیار کے اینٹین بناؤ یعنی جھوٹ موٹ کی فیاضی کرکے ہمنے اور لوگون کا نقصان
کیا۔ فرض کیجیے کہ کسی ملک کا بادشاہ انگلستان کو فتح کرے مگر وہ بادشاہ نہایت عالی دماغ ہو
اور بعض حکما کیطرح اسکا بھی یہ مقولہ ہو کہ جرم بیماری کی خاصیت رکھتا ہے۔ اور یہ بھی فرض کیجیے
کہ یہ مصلح خلائق بادشاہ ہمکو حکم کرے کہ قیدخانون اور توبہ خانون کو فوراً بند کردو اور مجرمون سے
اسپتال کے بیمارون کیطرح پیش آؤ مگر جو نتائج اس سے پیدا ہون انکی ذمہ داری نہ کرے
تو اس صورت مین کیا ہم یہ شکایت نکرینگے کہ یہ بادشاہ ہمپر سختی کرتا ہے اور کیا ہم یہ استدعا
نکرینگے کہ ہمکو اتنی مہلت دیجائے کہ اسپتال مین ان مریضون کے رہنے کا سامان تو کرلین
پس بالفعل مصریون کی بعینہ یہی کیفیت ہے مصر کے انتظام مین قرباش نے آج تک وہ کام
دیا ہے جو ہمارے ملک مین قیدخانے اور توبہ خانے کا کام کررہے ہین اور ہمنے اہل مصر کو حکم دیا ہے
کہ اس قدیم آلۂ تعزیر کو پھینکدو مگر اسکے ترک کردینے سے جو نتائج پیدا ہونگے انکی ذمہ داری ہمنے
نہین کی ہے اور نہ مصریون کو اتنی مہلت دی ہے کہ جو رحیمانہ برتاؤ ہم مجرمون سے کرتے ہین
اسکو اختیار کرنے کا ذریعہ وہ بھی بہم پہونچا لین۔ اسکا نتیجہ یہ ہوا ہے کہ وزیر صیغۂ داخلیہ کا
سرکلر متضمن موقوفی سزاے قرباش طاق نسیان پر رکھا رہا ہے اور ایک دفعہ ایک صوبہ کے
ناظم نے وزیر صیغۂ خارجیہ کے سکرٹری کو وہ جواب لکھا جو مصر کا ہر ایک مدبر یا ناظم لکھ
سکتا ہے وہ جواب یہ ہے "اگر آپ مجھسے سرکاری طور سے پوچھتے ہین کہ آیا سزاے قرباش
موقوف ہوگئی ہے یا نہین تو اسکا جواب مین یہ دیتا ہون کہ عالیجناب وزیر صیغۂ داخلیہ کے
حکم قضا شیم کی تعمیل اس صوبہ مین جو میرے سپرد ہے بخوبی ہورہی ہے لیکن اگر آپ دوستانہ طور سے
مجھسے دریافت کرتے ہین تو مین آپسے عرض کرتا ہون کہ وہی پرانا قاعدہ بخوبی جاری ہے

اور اسوقت تک جاری رکھنا پڑیگا جبتک کہ اُس سے کوئی عمدہ تر ذریعہ دباؤ یا پیر دباؤ ڈالنے کا
اختراع کیا جاوے۔ اگر بین صاحب سکرٹری موصوف کے حکم کی تعمیل لفظاً بلفظ کرتا تو بدنظامی
اور بدعملی ہو جاتی اور ٹیکس وصول نہو سکتا [illegible] ناکافی [illegible]
علاقجات خاندانی کے [illegible] روز وصول ہے [illegible]
بیان کی کہ اگر سزا ہے تو [illegible] وصول کر [illegible]
یہ کہ لگان بیچارے [illegible] کیونکہ انکے اس خیال سے لوگون نے
یہ نتیجہ نکالا کہ یہ سزا ہے [illegible] نہین ہے کہ انکا منشا سزا [illegible]
کی تائید کرنا نہ تھا بلکہ انکا مطلب صرف [illegible] تھا کہ اگر اس پرانے قاعدہ کی [illegible]
کوئی اس سے زیادہ رحیمانہ مگر اتنا ہی مؤثر طریقہ نکالا جائیگا تو سرکاری مالگذاری بہت کم
ہو جائیگی۔ ہر شخص جو مصر کی رعایا کی کیفیت سے آگاہ ہے اس امر کو ضرور تسلیم کر لیگا کہ یہ
تنبیہ بڑی توجہ کے لائق ہے۔

مگر ہم پوچھتے ہین کہ آیا پرانے قاعدہ کی جگہ پر کوئی مؤثر طریقہ جاری کرنا ممکن ہے
یا نہیں ہمین نے یہ سوال اکثر مصر کے حکام سے کیا ہے اور اسکا جواب بصیغہ نفی پایا ہے
یعنی انھون نے یہ بیان کیا ہے کہ فلاح اور کسی قسم کے دباؤ کو ہرگز نہ مانیگا لیکن جب ہمین نے
ان صاحبون سے جرح کے سوالات کیے تو معلوم ہوا کہ اگرچہ انھون نے یہ بات نیک نیتی سے
فرمائی ہے مگر انکو خود اسکا یقین نہیں ہے۔ جب وہ لمحہ بھر کے بعد اُس بات کو بھول جاتے تھے جو
انھون نے پہلے کہی تھی اور یہ نہ سمجھتے تھے کہ یہ سوالات ہمین اُنسے کیون اور کس نیت سے
کر رہا ہون تو وہ اس امر کو تسلیم کر لیتے تھے کہ فلاح بہت سے کوڑے کھانا قبول کر لیگا مگر چند
پیاسٹر دینا نہ گوارا کریگا اور بہت سے پیاسٹر دینا قبول کریگا مگر باہر جاکر بیگار کا کام کرنا نہ منظور کریگا
اور باہر جاکر بیگار کا کام کرنا قبول کریگا مگر فوج مین زبردستی بھرتی ہونا نہ گوارا کریگا پس ان
حکام کے قول سے ثابت ہوا کہ فلاح پر دباؤ ڈالنے کی تین تدبیرین ہین یعنی جرمانہ کرنا

اور بیگار کا کام لینا اور زبردستی فوج مین بھرتی کرنا اور یہ سب تدبیرین اُس تدبیر سے بہت قوی ہین جسکو انھون نے پیش کیا تھا کہ صرف فرمایش کا دباؤ فلاح مانتا ہے اور کچھ نہین مانتا یہ ایک بدیہی مثال اس اصول کی ہے جسکو مین نے مصر کے قیام قلیل کے زمانہ مین مشاہدہ کیا یعنی یہ اصول کہ حکام منتظمان مصر کو جو عقل و دانش خدا نے دی ہے اسکو بہت کم کام مین لاتے ہین

اب مین ان مسائل متعلقہ اسباب معیشت کو مجملاً بیان کرتا ہون جنکو حل کرنا واجب ہے اور جنسے انقلاب عظیم کا خوف ہے۔

سب سے زیادہ مشکل مسئلہ تو یہ ہے کہ فلاحین بہت مقروض ہین۔ ایک تو مصر کی رعایا پر متعدد ٹیکسون کا بار عظیم ہے اسپر طرہ یہ کہ لاکھا روپیہ کی قرضدار ہے اور سود کی شرح زیادہ ہوتی جاتی ہے یعنی فی صدی بیس اور تیس اور چالیس پونڈ سالانہ تک نوبت پہونچ گئی ہے پس اس سے زیادہ اہم اور غور طلب کون امر ہوگا۔ عربی کی بغاوت مین اسکا اثر یہ ظاہر ہوا کہ کاشتکارون کو غیر ملک کے لوگون سے وہ عداوت پیدا ہوئی جسکو سرداران باغی نے اپنے حریصانہ ارادون کو پورا کرنے کا ذریعہ بنا لیا اور اگر یہ خرابی پیشتر ہی دفع کیجائیگی تو آیندہ جب کبھی بغاوت ہوگی تو پھر بھی خطرہ رہیگا مصر کے جنوبی اور درمیانی حصہ مین فلاحین کو جن غیر ملک والون سے سابقہ رہتا ہے وہ یونانی اور شامی سود خورے مہاجن ہین جنمین سے ایک شخص دمتری نامی کا ذکر سابق مین کیا گیا۔ یہ مہاجن دیہات مین رہتے ہین اور غریبون کو تین چار پونڈ فی صدی ماہانہ سود پر تھوڑا بہت قرضہ دیتے ہین اور سود کے معاوضہ مین غلہ یا روئی لے لیتے ہین اور رفتہ رفتہ ترقی کرکے بیوپاری بنجاتے ہین اور غلہ وغیرہ لاد لاد کر اسکندریہ مین بھیجتے ہین اور وہان سے غیر ملکون کے سوداگر اسکو بیرونجات مین بھیجدیتے ہین آخرکو یہ مہاجن اپنے اپنے گانون کے گویا چھوٹے چھوٹے خود سر حاکم بنجاتے ہین۔ اور اگر انکے دل مین کچھ بھی ایمان ہوتا ہے تو خیر اسی پر اکتفا کرتے ہین کہ گانون والون کو تیس چالیس پونڈ سالانہ پر روپیہ قرض دیتے ہین اور جو غلہ اور روئی وہ بیرونجات مین بھیجنے کے لیے خریدتے ہین اُسمین بھی واجبی نفع

لیتے ہین لیکن اکثر مہاجنون پر طمع زر ایسی غالب ہوتی ہے کہ ایمان کو بالاے طاق رکھکر
اور از خود زر کے مباح ذریعون سے تجاوز کرکے جھوٹے وزن اور پیمانے استعمال مین لاتے ہین
اور جھوٹے دعوے گڑھ لیتے ہین اور تمسک وغیرہ مین فریب کرکے رقمین بدل دیتے ہین
اور اور اسی قسم کی بے ایمانی اور بدمعاشی کی حرکتین کرتے ہین بہرکیف خواہ وہ ایماندار
ہون خواہ بے ایمان جن لوگون سے انکو لین دین رہتا ہے وہ انسے بہت بیزار رہتے ہین
اور ڈرا کرتے ہین اور جب کسیکو یہ بشارت دیجاتی ہے کہ خدا نے تمکو مہاجن کے پنجہ سے
چھڑایا تو اسکے گھر عید ہو جاتی ہے اور بڑی خوشیان ہوتی ہین - ایک اور فرقہ سود خورون کے
مہاجنون کا جو رعایا کو اسقدر ضرر رسان نہین گو تا اسکندریہ کے کارخانجات تجارت کے
خاص گماشتون کا فرقہ ہے - یہ لوگ معمولی شکل سے سود نہین لیتے بلکہ فصل دستاویزی ضمانت پر
روپیہ دیتے ہین اور جب غلہ کو بیرونجات مین بھیجنے کا زمانہ آتا ہے تو اپنے روپیہ کے عوض مین
غلہ لے لیتے ہین - علاوہ انکے ایک بنک اور ایک مرتہن اراضی کمپنی ہے یہ دونون باضابطہ رہن
تحریر کرکے واجبی سود پر روپیہ قرض دیتے ہین - کسانون نے ان مختلف قسم کے مہاجنون اور
کمپنیون سے مبلغ خطیر قرض لیا ہے جسکی تعداد پچاس لاکھ پونڈ سے ایک کرور پچاس لاکھ پونڈ تک
تخمیناً ہے - اور جب سال گذشتہ فرقہ باغیہ کے قاصدون نے یہ مشہور کیا کہ مصری قرضدارون
کو عرابی پاشا غیر ملک والون کے قرضہ سے بری کردیگا تو عرابی کے نام پر لوگ جان دینے لگے
اگرچہ اُس بادی قوم (عرابی) کی شان و شوکت کی نسبت جو مہمل و مزخرف باتین مشہور ہوئی تھین
وہ بہت قلیل مین نقش بر آب ہوگئین مگر اکثر کسانون کو اب تک یہ یقین ہے یا اقل مراتب
یہ یقین ظاہر کرتے ہین کہ حالانکہ عرابی چند ہی روز برسر حکومت رہا لیکن اسی مدت قلیل مین
اُسنے ہمکو قرضہ سے پاک کر دیا اور جب خدیو کی حکومت دوبارہ قائم ہوئی تو اُسنے نادانی سے
ایسا کام کیا جس سے اس غلطی کی کسیقدر تصدیق ہوگئی - سال گذشتہ موسم سرما مین سرکلرات
بنام حکام مختص المقام جاری کیے گئے جنکا مضمون یہ تھا کہ اس بغاوت سے جو دقتین پیدا

ہوئی ہین اسکا لحاظ رکھا جاے اور مفلس کسانون کو قرضہ فوراً ادا کرنے کی تاکید کیجاے
اسکا نتیجہ یہ ہوا ہے کہ جو کسان کچھ جائداد رکھتے ہین اُنھون نے بھی قرضہ ادا کرنے سے
انکار کیا ہے اور چھوٹے بڑے سب مہاجنون نے صاف کہدیا ہے کہ اب ہم ذاتی ضمانت
یا رہن پر روپیہ نہ دینگے۔ چونکہ مفلس کاشتکارون کو یقین تھا کہ حسب معمول روپیہ قرض
لے لینگے لہذا بہتون کو بیا بسارہ اور ابتدائی کام کے لیے بھی بدقت روپیہ میسر آیا ہے
اور سُنا ہے کہ بعض نے ایک جزو اپنی اراضی کا بے کاشت چھوڑدیا ہے۔ پس اب
کاشتکارون کا حال روز بروز زار ہوتا جاتا ہے اور گورنمنٹ کو فرض ہے کہ قرضہ ادا
کرنے مین انکو مدد دے کیونکہ اگر مفلس کسانون کو اُنکے قرضخواہون اور عدالتون پر چھوڑ دیگی
تو اُنکی جائدادین بالکل جاتی رہینگی اور جب اُنکی جائدادین بالکل تلف ہوجاینگی تو اُنکے
اسباب معیشت مین خلل عظیم واقع ہوگا جس سے بڑی بڑی خرابیان پیدا ہونگی۔
مگر جن خرابیون کا اندیشہ ہے اُنکے انسداد کی کیا تدبیر ہوسکتی ہے؟۔ اس سوال کا
جواب اس امر پر موقوف ہے کہ اس مرض کی حقیقت اور اُسکے اسباب کی تحقیق کیجاے۔
اسکی تشخیص مین اطبّاے حُذاق اور ڈاکٹران مشاق نے اختلاف شدید کیا ہے ایک فرقہ
ڈاکٹرون کا تو اس مرض کو فلاحین کی فطری ناعاقبت اندیشی پر محمول کرتا ہے جسمین چند
مدت سے اتفاقات زمانہ سے اور زیادہ شدت ہوگئی ہے اور دوسرا فرقہ گورنمنٹ کو بلکہ
اسمٰعیل پاشا کو الزام لگاتا ہے جسنے پہلے تو سنگین ٹکس لیکر فلاحین کو تباہ و برباد کردیا پھر اُسنے
جبرًا کام اس شدت سے لیا کہ العظمۃ للہ۔ بعد اسکے اُنکو ایسا مجبور کردیا کہ سود خوار مہاجنون
سے انکو روپیہ قرض لینا پڑا۔ اب یہ دیکھنا چاہیے کہ سب سے عمدہ کیا علاج ہے جس سے یہ مرض
دفع ہوجاے یا اقل مراتب اسمین خفت تو ہوجاے۔ اور ان دونون فرقون مین سے کس فرقہ کا
قول صحیح ہے اگر کسان اپنی بیہودگی سے مقروض ہوگئے ہین اور اپنی لاعلاج ناعاقبت اندیشی
سے اب تک مقروض ہین تو پہلے تو اُنکے قرضہ کے بارے مین کچھ خفت کیجاے بعد اُسکے بیوہار

یا الیں میں بالکل موقوف کر دیا جاے کہ کسی کو روپیہ قرض نہ مل سکے لیکن اگر انگریزی ٹیکس اور حکام مال کی ظلم شانی کی وجہ سے کسان اسقدر مقروض ہوگئے ہین تو گورنمنٹ حال کو اس نقصان کی تلافی کرنی لازم ہے جو اس سے پیشتر کی گورنمنٹ سے رعایا کو پہونچا تھا اور سودی قرضہ کے قاعدہ کو موقوف کرکے بیوہار کا قاعدہ جاری کرنا چاہیے۔

جن ناظرین نے ابواب سابقہ کو بامعان نظر ملاحظہ فرمایا ہے وہ بجاے خود ایک راے اس باب مین قائم کر سکتے ہین اور مجھکو یقین ہے کہ وہ مجھ سے اتفاق راے کرینگے کہ دوسری وجہ اگرچہ بالکل کامل تو نہین ہے مگر پہلی وجہ کی نسبت اقرب الی الصواب یعنے صائب تر ہے۔ اسکا انکار نہین ہوسکتا کہ جب امریکا مین لڑائی ہوئی اور اسکی وجہ سے مصر مین روئی کی کاشت اور بیوہار مین حد سے زیادہ ترقی پانچ برس تک رہی تو اس زمانہ مین روئی کے کاشتکارون نے ہزارہا روپیہ فضول اور بیکار اڑا دیا اور یہ امر بھی یقینی ہے کہ جب اقبال کے بعد ادبار آیا تو اکثر کاشتکارون کو روپیہ کی اسقدر ضرورت ہوئی کہ محض لغو اور حماقت آمیز تدبیرون سے اُنھون نے روپیہ لیا مگر جو کیفیت واقعی مصر کے کسانون کی معمولی حالات مین رہتی ہے وہ تو ان واقعات سے نہین معلوم ہوتی۔ البتہ اہل یورپ کے مقابلہ مین تو فلاحین بے احتیاط اور ناعاقبت اندیش ہین کیونکہ انہین وہ لیاقت علمی نہین ہے جس سے آدمی اپنے افعال کے نتائج بعیدہ کو پیشتر ہی سے سوچ لیتا ہے مگر یہ خیال بالکل غلط ہے کہ وہ لوگ عموماً بڑے ہی مسرف اور خراچ ہین اور آیندہ کی مطلق فکر نہین رکھتے۔ جو صاحب اُنکی لاعلاج ناعاقبت اندیشی اور فضول خرچی کو بڑی فصاحت سے بیان کرتے ہین اگر وہ مصر کے دیہات مین جا کر کوئی معاملہ اپنے حق مین نہایت مفید سمجھکر کرین تو اُنکو فوراً ثابت ہوجائیگا کہ روپیہ کے معاملات مین سادہ لوح فلاحین ایسے بیوقوف اور بیفکر نہین ہین جیسا اُنکو گمان تھا۔ سچی بات یہ ہے کہ جو شخص اسمعیل پاشا کے عہد کے مالی انتظام سے واقفیت تامہ رکھتا ہو وہ اس امر کو ضرور تسلیم کر لیگا کہ کسانون کو مجبوری

سبب سے مہاجنون کے جال مین پھنسنا پڑتا تھا اور چاہے کیسی ہی انجام بینی اور دور اندیشی کرتے مگر قرض سے انکی جان کسی طرح نہ بچتی۔ باقاعدہ ٹیکس تو سنگین تھے مگر بے قاعدہ زیادہ ستانیان انسے بھی زیادہ سنگین تھین۔ اکثر تو فصل مین اور کبھی کبھی بے فصل بھی مدیر کو القاہرہ سے حکم آتا تھا کہ اپنے صوبہ مین دورہ کرکے کمبخت کاشتکارون کو بالکل نچوڑ لو جیسا شیخ عبدہ کی زبانی سابق مین بیان کیا گیا جن لوگون کے پاس روپیہ بمقدار کافی نہوتا تھا انسے کہا جاتا تھا کہ مہاجن سے روپیہ لیلو اور اکثر ایسا ہوتا تھا کہ جو مہاجن پاشا کا بڑا مقرب ہوتا تھا اسی کو بتا دیتے تھے کہ یہ بڑا نیکبخت آدمی ہے تین یا چار یا پانچ پونڈ سیکڑا ماہواری پر اُس سے جتنا چاہو روپیہ لے لو۔ عقلاً تو کہہ سکتے ہین کہ ایسے شرائط کو قبول کرنا محض حماقت تھی مگر عملاً دیکھیے تو جو شخص دریا مین ڈوب رہا ہو اور کمال مضطر ہو کر گھانس کو پکڑ لے اُسکے اس فعل پر نکتہ چینی کرنا خود حماقت ہے جیسی عربی مثل مشہور ہے

اَلغَرِیقُ یَتَشَبَّثُ بِالحَشِیشِ۔

جن لوگون نے بُرے زمانہ مین اور کم روپیہ سے کھیتی کرنے کا قصد کیا ہے اُنکے دل سے پوچھیے کہ جب کاشتکار ایکبار مقروض ہوجاتا ہے تو کیسی کیسی خرابیون مین پڑجاتا ہے اور اُن خرابیون سے نکلنا کیسا مشکل ہوجاتا ہے۔ مصر کے اضلاع جنوبی اور اضلاع متوسط کے فلاحین سے زیادہ کسی فرقہ کے لوگون کو یہ کیفیت تجربہ سے دریافت کرنے کا موقع نہین ملا ہے۔ اسمعیل پاشا کے عہد مین اُنکا فرقہ باقاعدہ ٹیکس اور بے قاعدہ زیادہ ستانیون کے مارے مرگیا اور اُسوقت سے آج تک اُسکو سنبھلنا نہین نصیب ہوا۔ اگرچہ چند سال کے عرصہ سے اُنپر ٹیکس کا بار کم ہے اور جو کچھ اُنسے لیا جاتا ہے باقاعدہ طور سے لیا جاتا ہے بیقاعدہ طور سے نہین لیا جاتا تاہم قرضہ گذشتہ اور قرضہ حال کے مجموعی بار سے دبے جاتے ہی چلے جاتے ہین اور بیوپار کے دفعۃً موقوف ہوجانے کی وجہ سے جسکا ذکر سابق مین کیا گیا لاکھون فلاحین کا دیوالہ نکلا چاہتا ہے۔

جس گورنمنٹ کی نیت یہ ہو کہ امن خلائق کو ایک مضبوط و مستحکم بنیاد پر قائم رکھے
میرے نزدیک اُسکو لازم ہے کہ اپنی غریب و مصیبت زدہ رعایا کی دستگیری کرے اور سب
پہلے اُسکو صحیح اور معتبر طور سے یہ دریافت کرنا چاہیے کہ رعایا کا قرضہ کتنا اور کس قسم کا ہے
اس غرض سے ہر صوبہ میں ایک کمیشن مقرر کیا جائے جسمین افسر اعلیٰ ایک معتبر غیر ملک کا
آدمی ہو اور اُس کمیشن سے یہ کام لیا جائے کہ علاقہ میں مقروضوں کی ایک فہرست صحیح وار
بنا کر اُنکے قرضہ کی تعداد اور ضمانتوں کی تصریح اور ہر فلاح کی اراضی مقبوضہ کی مقدار
اسمین درج کرے جن لوگوں کا قرضہ کسی طرح ادا ہی نہو سکتا ہو وہ اپنی تقدیر پر چھوڑ دیے
جائیں اور اُنکے قرضخواہ نالش کر کے اپنا قرضہ وصول کر لیں لیکن جن لوگوں سے یہ امید ہو
کہ اگر اُنسے معتدل سود لیا جائے تو یہ سنبھل جائینگے اُنکو سرکار سے مدد ملنی چاہیے۔ اُس
مدد کی شکل یہ ہے کہ قرضخواہوں کے حقوق کو سرکار بہت کم قیمت دیکر خرید لے اور قیمت کے
عوض میں اُنکو خزانہ کی رسیدیں یا اور ایسی چیز کہ لائق فروخت کی تعداد دیدے اور کاشتکاروں کی
زمین رہن لے کے اُنکی اسامیات کو قرضہ میں باعتدال کرے۔ اگر قرضخواہ بظاہر اپنا نقصان
عظیم گوارا کرکے اس انتظام کو بخوشی منظور کر لینگے کیونکہ جتنا روپیہ اُنھون نے قرض دیا تھا اُس سے
بہت زیادہ وہ وصول کر چکا اور عدالت کی کارروائی میں جو وقت اور تذبذب ہوتا ہے اور خرچ
پڑتا ہے اُس سے بھی محفوظ رہینگے اور کاشتکاروں کو دو تین یا چار قسطوں کے حساب سے
بلا معاوضہ سود دینا پڑیگا بلکہ اُسکے بدلے ایک معتدل شرح سے سود تخفیف شدہ زر اصل پر دینا
پڑیگا مثلاً فی صدی سات پونڈ سالانہ۔ چند ہی روز ہوئے کہ ایسی کارروائی کی نظیر بھی مصر
میں گذر چکی ہے۔ جب امریکا کی لڑائی ہو چکی تو ہوشمند بیدار روئی کا نرخ فوراً گھٹ گیا اور اُن
اس قابل نہیں رہے کہ اپنے سالانہ حساب کتاب کو مہاجنوں سے آسانی طے کر لیا کریں تو
اسمعیل پاشا کو یہ اندیشہ ہوا کہ بہت سی اراضی غیر ملک والوں کے قبضہ میں آ جائیگی
جس سے اُنکے عالیشان زراعتی منصوبوں میں خلل عظیم واقع ہو گا۔ پس اس خرابی کے انسداد

کے لیے انہے ایسے طریقے سے جو اس تدبیرت سے مشابہ تھا جو مین نے سابق مین بیان کی تقریباً پندرہ لاکھ پونڈ کا قرضہ کاشتکارون کا ادا کردیا۔ لیکن افسوس ہے کہ بعد ازان اُنہنے ایسی ظلم ستانیان کین کہ جتنا قرضہ اُسنے ادا کیا تھا اس سے بھی زیادہ رعایا پھر مقروض ہوگئی اور اسکا انجام آغاز سے بھی بدتر ہوا۔

کاشتکارون کا بار قرضہ سے سبکدوش ہوجانا فی الواقع بڑی عمدہ بات ہوگی اور انتظام جدید کے قیام و استحکام کا باعث ہوگا مگر اکثر اہل الرائے کا یہ قول ہے کہ اس سے تو صرف نصف مسئلہ حل ہوگا۔ وہ فرماتے ہین کہ کاشتکارون کو قرضہ سے سبکدوش کرنا کافی نہوگا بلکہ تدارک شدید اس امر کا کیا جاے کہ آئندہ وہ قرض نہ لے سکین۔ اس رائے سے مین اتفاق کلی نہین کرتا ہون۔ مین شک نہین ہے کہ اصول کے لحاظ سے یہ بات بہت مناسب ہے کہ ملاحین اب قرض نہ لینے پائین۔ مین یہ بھی تسلیم کرتا ہون کہ شاید چند قیود قواعد کے ساتھ مقرر ہوسکتے ہین مگر یہ بات بھی ظاہر ہے کہ قرضہ کے مقدمہ مین رعایا کے حقوق فطری مین قانونی یا انتظامی دست اندازی کرنا ہمیشہ ایک پُرخطر آزمائش ہے جسمین کامیابی کبھی نہین ہوئی ہے اور بعض اوقات قرض لینا ایسا ہوتا ہے یعنی دو بلاؤن مین سے چھوٹی بلا ہے۔ ملاحین اور تجارت دونون کے لیے سب سے عمدہ انتظام تو یہ ہے کہ وہ اپنے ہی سرمایہ سے کام کرین۔ لیکن اگر اُنکے پاس فراخی سرمایہ کافی نہو تو اُنکے حق مین بہتر یہی ہے کہ معتدل سود پر روپیہ قرض لیکر اپنا کام چلائین نہ یہ کہ بیکار بیٹھے رہین اور زمین کو بے کاشت پڑا رہنے دین۔ مگر افسوس ہے وہ آجکل مصر کے کاشتکارون کے پاس اتنا روپیہ نہین ہے کہ اراضی کو کاشت کرسکین کیونکہ زمین سے اکثر آدمیون نے تو اپنے اسلاف کا طریقہ زراعت ترک کردیا ہے اور اب وہ اس قابل نہین ہین کہ گورنمنٹ کے فرائض کو اس طرح سے ادا کرین کہ ایک حصہ فصل کا سرکاری تحصیلدارون کے حوالہ کرین اور اپنا وقت وقت ان کامون مین صرف کرین جنسے رفاہ عام یا حاکم وقت کی خوشنودی مقصود ہے۔ پس اُنکو

بے قرض لیے چارہ نہین ہے اور اگر انکو سرکار مہاجنون سے قرضہ کی ممانعت کرنے پر لی اور نہ خود قرض دیگی تو نتیجہ یہ ہوگا کہ سود کا نرخ روان زیادہ ہو جائیگا۔ تجربہ سے ثابت ہے کہ سودی قرضہ دینا قانونی دست اندازی سے نہیں موقوف ہو سکتا۔ البتہ اسکا انسداد صرف اس طور سے ہو سکتا ہے کہ اسکے مقابل مین ایک باقاعدہ طریقہ بیوپار کا معتدل شرح پر جاری کیا جاوے۔ مصر کے کاشتکار اتنی عقل رکھتے ہین کہ فیصدی آٹھ سالانہ پر قرض لینے کو فیصدی دو یا تین یا چار ماہواری پر قرض لینے سے بہتر سمجھین بشرطیکہ دونون قسم کا قرضہ برابر آسانی سے مل سکے۔ چونکہ اس شرط ضروری سے غفلت اور اغماض کیا جاتا ہے اسی وجہ سے دو آبہ مصر کے یونانی اور شامی مہاجن یورپی بنکون کے مقابل مین اتنے کامیاب رہے ہین جب کسی مرض وبائی کی وجہ سے کاشتکارون کے بیل مر جاتے ہین یا سقیہ یعنی پانی کھینچنے کی کل ٹوٹ جاتی ہے اور کوئی ایسا ہی حادثہ ہو جاتا ہے تو انکو تھوڑے سے نقدر روپیہ کی فوراً ضرورت ہوتی ہے۔ اگر وہ کسی بڑی بنک سے روپیہ لیتے ہین تو انکو ایسی پیچیدہ کارروائیان کرنی پڑتی ہین جنمین انکا روپیہ اور وقت بہت ضائع ہوتا ہے مگر یونانی مہاجن تو وہین موجود رہتے ہین اور بے تکلف روپیہ دینے کو مستعد رہتے ہین اور کسی کارروائی کے طالب نہین ہوتے بجز اسکے کہ ایک کاغذ کے پرچہ پر مُہر کرا لیتے ہین۔ چار صورتون مین سے تین صورتون مین تو روپیہ فوراً اور بے تکلف ملجانے کا فائدہ بیاد سود دینے کے نقصان پر غالب آجاتا ہے جو چند مدت تک محسوس بھی نہین ہوتا۔

اب جو مین اس امر کی تائید کر رہا ہون کہ مصر مین بیوپار کے ذریعے پیدا کیے ہین تو شاید بعض ناظرین یہ خیال کرین کہ پہلے تو مین نے مرتہن اراضی کمپنیون کی مذمت کی اور اب انکا راگ گا رہا ہون اور انھین کی سی کہہ رہا ہون البتہ یہ دونون اگرچہ باہم کچھ مشابہت تو رکھتے ہین مگر میرے نزدیک ان دونون مین فرق ادنی توجہ سے معلوم ہو سکتا ہے اول تو ان دونون کے اسباب مین بڑا فرق ہے غیر ملک کی کمپنیون کے ایجنٹ خواہ مخواہ یہی چاہتے ہین

کہ زیادہ سے زیادہ منافع ہماری کمپنی کے حصہ داروں کو حاصل ہو یعنی وہ چاہتے ہین کہ
جہانتک ور جتنا روپیہ ہوسکے اس ملک سے کھینچ لین اور وہ سمجھتے ہین کہ فلاحین کی جائداد
جتنی جلد ضائع ہون اتنی ہی ہماری مقصد برآری ہوگی۔ مگر برخلاف اسکے میرا مقصد یہ ہے
کہ اُس ملک سے روپیہ باہر نہ جانے پائے اور چھوٹے چھوٹے مالکان اراضی کی جائداد کا
تلف ہونا اگر دفعتہً نہ موقوف ہوجائے تو خیر تاحد و زمانہ تک تو ملتوی رہے۔ پھر ملاحظہ
کیجیے کہ رہن اراضی کمپنیون کو یہ مقصود ہے کہ سود کی شرح سنگین رہے اگر برخلاف اسکے میرا
مطلب یہ ہے کہ سود کی شرح جس قدر کم ہوسکے اسیقدر بہتر ہے۔ اگر ضمانت کافی ہوجائے
تو مہاجن کو اس سے کیا مطلب کہ جو شخص اُس سے روپیہ لیتا ہے وہ اس روپیہ کو کیا کرتا ہے
مگر میرے نزدیک یہ ضرور ہے کہ وہ روپیہ اس طرح سے صرف کیا جاے کہ قرض لینے والے کو
بہت فائدہ ہو پس ملاحظہ کیجیے کہ اکثر مہاجنون نے ابتک کیا کیا ہے؟ انھون نے عمداً
یا سہواً گورنمنٹ سے سازش کرکے کاشتکارون کو خوب نچوڑا ہے۔ جب انھون نے اتنا روپیہ
قرض دیا تب تو کاشتکار ایسا نہین ٹیکس ادا کرسکے۔ اور انکے اس فعل سے گورنمنٹ نے
کاشتکارون کی اراضیات کی ضمانت پر قومی قرضہ کو بڑھا دیا ہے۔ اسکا الزام اولاً تو گورنمنٹ
پر بیشک عائد ہوتا ہے مگر بیشک مہاجن بھی اسوجہ سے مواخذہ دار ہین کہ انھون نے اس
فعل ناجائز مین گورنمنٹ کو مدد دی اور اس مدد کے معاوضہ مین زر خطیر جبراً وصول کیا۔
الحمد للہ کہ خدیو حال نے اپنے باپ کے مالی گناہون اور غلطیون سے توبہ کی ہے مگر ان
گناہون کے نتائج تو موجود ہین اور کاشتکارون کے لیے کوئی عمدہ بہبودی کا طریقہ پیدا
کرنا غیر ممکن ہے تاوقتیکہ انکے قرضہ کے ادائی کی کوئی ایسی سبیل نہ کیجاے جیسی مین نے بیان کی
تقریر مذکورہ بالا مین مین نے صرف مصر کے اضلاع جنوبی اور اضلاع متوسط
کے کاشتکارون کا ذکر کیا ہے اسواسطے کہ فقط انھین اضلاع مین یہ خرابی ایک خطرناک
حد تک پہونچ گئی ہے مصر شمالی مین قدیم طریقہ زراعت ابتک جاری ہے اور دیہات مین

یونانی اور شامی مہاجنون کی کثرت نہین ہوتی باقی ہے۔ لہذا وہان کے کاشتکارون کو روپیہ قرض لینے کی ضرورت کمتر ہوتی ہے لیکن اب نہین سے بھی اکثر لوگ قرض لینے لگے ہین اور وہان کے قبطی باشندے وہی کام کرتے ہین جو وہاں کے یونانی اور شامی مہاجن کرتے ہین پس جب فلاحین کی قرضداری کا مسئلہ حل کیا جایگا تو اسوقت ایک خاص کمیشن اسلیے مقرر کیا جائے کہ صعید شمالی مصر کے کاشتکارون کی حیثیت مین تحقیقات کرے۔

اس نازک مقدمہ مین گورنمنٹ چاہے جو کچھ کاروائی کرے مگر حقیقت یہ ہے کہ قابضان اراضی کی جائدادین کم و بیش منافع مین ہین کیونکہ اُنہین اکثر لوگون کا تو بالکل دیوالہ نکل گیا ہے۔ مگر یہ گمان غلط ہے کہ انکی زمین فوراً غیر ملک والون کے ہاتھ لگیگی اسواسطے کہ مصر مین جو غیر ملکون کے لوگ روپیہ کا لین دین کرتے ہین وہ اسقدر زیادہ سود کے طالب ہین جتنا انکو زراعت سے مل سکتا ہے۔ پس جو اراضی انکو بیع بات کے ذریعہ سے یا دوسرے طور سے ہاتھ لگیگی حتی الامکان کوشش بلیغ کرکے وہ اسکو دوبارہ بیچ ڈالینگے۔ جو لوگ اراضی کے نیلام مین سب سے بڑھکر بولی بولتے ہین وہ غیر ملک والے نہین ہین نہ ترک اور نہ اشخاص پاشا ہین بلکہ عمدگان اور شیوخ البلد ہین جنکا فرقہ کاشتکارون مین متمول ہے معلوم ہوتا ہے کہ چندہی مدت مین اس فرقہ کے لوگ مصر مین بڑے بڑے مالکان اراضی ہو جاینگے۔

مصر کے اسباب معیشت کے مسئلہ کا دوسرا جزو جو توجہ طلب ہے آبپاشی کا طریقہ ہے نوبر پاشا نے جو منجملہ اُن چند مصریون کے ہین جو ارباب سیاست کے لقب کے مستحق ہین فرمایا ہے کہ مصر کا مسئلہ آبپاشی کا مسئلہ ہے۔ ظاہر مین تو یہ ایک پہیلی یا پہیلیان معلوم ہوتی ہے مگر یہی سچی بات ہے۔ فی الواقع مصر مین کل دارومدار زراعت پر ہے اور اس ملک کی آمدنی کا جزو اعظم خراج یا لگان اراضی ہے۔ اور فصل کی مقدار و عمدگی اس طریقہ پر موقوف ہے جس طریقہ سے آبپاشی کیجائے اور جس طریقہ سے کھیتون کی آبپاشی

ہوتی ہے یہ گورنمنٹ پر موقوف ہے یعنی مصر میں گورنمنٹ وہ کام کرتی ہے جو اکثر ملکون
میں فرد اکرتا ہے جسکے اختیار میں صیغہ آبپاشی ہے۔ اگر گورنمنٹ کی جانب سے وہی نادانی اور
غفلت شعاری اور رشوت ستانی ہوا کریگی جو اب تک صیغہ تعمیرات سرکاری میں جاری ہے تو اسکی
گورنمنٹ کا خدا ہی حافظ ہے۔ اراضی کی قوت پیداوار کم ہو جائیگی۔ مالگزاری میں ہمیشہ
باقی پڑا کریگی۔ کاشتکار روز بروز مقروض ہوتے جائینگے۔ رعایا ایک تو یونہی ناخوش ہے اسکا
اب اور زیادہ ناخوش ہو جائیگی۔ ملک کے جمع و خرچ میں کمی پڑنے سے قرضہ کا بار زیادہ
ہو جائیگا سخت مالی دقتین پیدا ہونگی اور بڑی بڑی ملکی آفتین نازل ہونگی لیکن اگر چند سال تک
اُسکے آبپاشی کے طریقہ میں خوب ترقی کیجائے تو زمین کی پیداوار بافراط ہوگی۔ کاشتکار
اپنے ٹیکسون کو آسانی سے ادا کرینگے۔ اُنکا قرضہ ادا ہو جائیگا۔ ملک کو عموماً سرسبزی و
آسودگی حاصل ہوگی اور رعایا کی ناخوشی کی کوئی وجہ باقی رہیگی۔ نہ غیر ملک والون کو دست اندازی
کا کوئی حیلہ ہاتھ آئیگا۔ پس مصر کا مسئلہ اصل معنی سے آبپاشی کا مسئلہ ہے۔

اس مقدمہ میں گورنمنٹ انگلشیہ نے یہ عاقلانہ کارروائی کی ہے کہ کرنیل اسکاٹ
مانکریف کو صیغہ آبپاشی کا انسپکٹر جنرل مقرر کرایا ہے۔ یہ صاحب بڑے زیرک
اور چالاک ہیں اور ہندوستان اور برہما کے مختلف اضلاع میں ہمراہ اس کام میں خاص
تجربہ حاصل کر چکے ہیں اور ان دونون ملکون کے قدرتی حالات مصر کے خلقی حالات سے
بہت مشابہ ہیں۔ صاحب موصوف نے مصر میں دورہ کر کے جا بجا معاینہ کیا ہے اور
یہ افواہ مشہور ہے کہ بہت سی باتون کو دیکھکر اُنکو تعجب اور غصہ ہوا۔ جو کیفیت میں نے معتبر
اشخاص سے سُنی ہے اُس سے مجھکو بے تکلف یقین آگیا ہے کہ یہ افواہ سچ ہے اس بحث میں
طول دینے سے پیشتر مجھکو لازم ہے کہ اُس جامع و مانع رپورٹ کا انتظار کرین جو کرنیل
مانکریف گورنمنٹ مصر میں عنقریب گذراننا چاہتے ہیں مگر جو کام کرنا منظور ہے اُسکے متعلق چیدہ
چیدہ باتین ہم خود بیان کیے دیتے ہیں۔ اول تو جن اہلکارون کے اختیار میں پانی تقسیم کرنا اور

فلاحین سے بیگار کام لینا ہے انکی بے تکلف اور بے قید رشوت ستانی کے روکنے کی
تدبیر کرنی چاہیے۔ مگر اس اصلاح کو صرف ایک سرسری تدبیر سمجھنا چاہیے جس سے اس خرابی
مین کچھ خفت ہو جائیگی۔ کیونکہ اس خرابی کی جڑ بہت دور ہے یعنی اسکی اصل یہ ہے کہ نہرون
سے آبپاشی کرنے کا موجودہ طریقہ کاشتکارون کی ضرورتون کو رفع کرنے کے لیے کافی نہین
ہے اور پانی ہی کی کمی کی وجہ سے اہلکاران سرکاری اُن لوگون سے بہت رشوت لیتے ہین جو
جسقدر استطاعت رکھتے ہین۔ لہذا ضرور ہے کہ اس مسئلہ پر حیث المجموع نظر کیجاے۔ کوئی ص ۴۷۹
وسیع طریقہ آبپاشی کا نکالا جاے۔ جو طریقہ اختیار کیا گیا ہے اُسکے موافق جدید اور دائمی
وسائل آبپاشی کے مہیا کیے جائین اور معاینہ و نگرانی کا ایسا قاعدہ جاری کیا جاے
جس سے معلوم ہو سکے کہ اس طریقہ کا عملدرآمد ایمانداری سے کیا جاتا ہے معلوم ہوتا ہے کہ
جو مختلف طریقے آبپاشی کے ہمنے سابق مین بیان کیے اُنمین سے کرنیل منکریف نے اُس
طریقہ کو پسند کیا ہے جسکی حقیقت یہ ہے کہ باندھون کے ذریعہ سے پانی کی مقدار برابر رکھی جاے
جیسا ہندوستان مین ہوتا ہے اور انکی راے یہ ہے کہ جس مقام پر دریاے نیل کی دو شاخین ہو کر
دو آبہ بنگیا ہے اُس مقام پر جو پانی کو روکنے کی تدبیرین کی ہین اُنمین ایسی ترمیم اور استحکام
کیا جاے کہ جس غرض سے وہ تدبیرین دراصل کی گئی تھین وہ غرض نکل آوے جب اُسکی
تکمیل ہو جائیگی تو صاحب موصوف مصر کے اضلاع شمالی اور اضلاع متوسطہ پر توجہ
کرینگے اور وہان اُنکو اس عظیم الشان تدبیر پر غور کرنا پڑیگا جو ایم ڈی لاموٹ نے قرار دی ہے
اور جسکا خلاصہ یہ ہے کہ ایک بہت بڑی سد (گویا سد سکندری) جبل سلسلہ پر بنائی جاے
جسکے باعث سے قمبوص کے میدان وسیع مین پانی بھر جاے اور سالانہ سیلاب کا ایسا
آئین بندھ جاے کہ مصر کے ہر حصہ مین سال بھر افراط سے پانی رہا کرے اگر اس تدبیر سے
جو فائدہ سوچا گیا ہے اسکا نصف بھی ظہور مین آوے تو مصر سابق سے بمراتب زیادہ زرخیز
ہو جاے اور مصر کی تاریخ مین ایم ڈی لاموٹ کا نام ایم ڈی لیسپس سے بھی زیادہ ہو جاے

خبر کرنیل مانکریف جس طریقہ کو چاہین سب سے بہتر سمجھکر اختیار کرین اور عمدہ نگرانی کا
ذریعہ جو چاہین تجویز کرین۔ بہرکیف جن لوگون کو انتظام موجودہ سے فائدہ ہوتا ہے اُنسے
صاحب موصوف کو سخت مقابلہ کرنا پڑیگا اور وہ ضرور ناکام ہونگے۔ ہان اگر گورنمنٹ
انگلشیہ اُنکی حمایت زور وشور سے کرے تو شاید اُنسے یہ کام بن پڑے جو لوگ سیاستدانی کا
دم بھرتے ہین شاید اُنکا یہ فرمانا بجا ہے کہ اس مسئلہ کو جدید ملکی کمیٹیون کی راے پر موقوف
رکھنا بہتر ہے کیونکہ رعایا کی کمیٹیان ایسے مسئلہ کو جو کل باشندگان دیہات کی رفاہ وبہبود پر
موثر ہو صحیح طور سے حل کرسکتی ہین مگر اس مسئلہ مین مصالح ملکی یا اور کسی قسم کے مصالح نہین شامل
ہین بلکہ اسمین امیر وغریب اور زمیندار وکاشتکار سبکے اغراض مشترک ہین حقیقت حال مین
یہ ہے کہ ایسے ویسے سیاستدانون کے مشورہ پر عمل کرنا بڑے خوف کی بات ہے مصر
کسی انتخابی کمیٹی کی ابھی سالہا سال یہ مجال نہوگی کہ صیغہ تعمیرات سرکاری کو اس
بات پر مجبور کرے کہ وہ اپنی اصلاح خود کرے یا وہ فعل کرے جس سے اسکے اہلکارون کی
حرامخوری موقوف ہوجاے اور اگر شاید حسن اتفاق سے مصر کی کسی انتخابی کمیٹی کو کوہ کندن
وکاہ برآوردن کی قدرت حاصل بھی ہوئی تو یہ یقین ہرگز نہین ہوسکتا کہ وہ ایسا فعل کرنا
منظور بھی کریگی اسواسطے کہ ایسی کمیٹی مین تو غالبًا زمیندارون ہی کو زیادہ دخل اور رسوخ
ہوگا اور اُنکے اغراض کاشتکارون کے اغراض سے ہرگز متحد نہین ہین۔ یہ بات اس قومی ص ۱۵۴
انجمن کی رفتار سے ثابت ہوگئی جسکی نسبت یہ گمان تھا کہ بڑی محب وطن ہے اور کاشتکارون
کی بہبودگی اسکو دل سے لگی ہے۔ چنانچہ جب انجمن مذکور مین اُس تجویز پر بحث ہوئی جو اسلیے
کی گئی تھی کہ دوآبہ کے ملک مین پانی کی سطح بلند کردیجاے تاکہ سب کاشتکارون کو آبپاشی کیلیے
پانی اُس سے زیادہ مل سکے جتنا اب ملتا ہے تو وہ تجویز بے تکلف نامنظور ہوئی اور نامنظوری
کی وجہ عجیب وغریب بیان کی گئی کہ اس تجویز کے جاری ہونے سے وہ پانی نکالنے کی کلین
جو متمول زمیندارون کے پاس ہین بیکار ہوجائنگی مین اس باب مین اپنی راے نہین بیان کرنا

کہ آیا یہ تجویز عمل پذیر تھی یا نہیں مجھکو تو اس سبب سے مطلب ہے جو انکی نامنظوری کا بیان کیا گیا جو صنادید مصر اُس انجمن مین بحیثیت ممبر اسوقت موجود تھے اُنکی متعلق اسقدر تو ہمکو معلوم ہوتا ہے جیسے انگلستان مین قوانین غلہ کے طرفدارون کی پالیسی تھی یعنی حقوق موجودہ کا لحاظ رکھنا واجب ہے گو بہت سی رعایا کو فاقہ کشی کرنی پڑے۔

اگر مصر کے طریقہ آبپاشی مین بڑی بڑی اصلاحین کیجاتین تو شاید مالگزاری اراضی کی وہ شرح سنگین باقی رہسکے جو بالفعل ہے مگر مالگزاری کو اراضی کی حیثیت اور مقدار کا لحاظ کر کے منصفانہ طور سے دوبارہ تقسیم کرنا چاہیے۔ چند سال کا عرصہ گذرا ہے کہ اسی غرض سے متصل پیمایش شروع ہوئی تھی مگر اب تک بہت پیمایش نہین ہوئی ہے۔ تاہم اسقدر غنیمت ہے کہ اب یہ کام مسٹر گبسن کے سپرد ہوا ہے جو مصر مین ایک بڑے لائق اہلکار ہین اور اسمین شک نہین ہے کہ انکی نگرانی مین پیمایش اُس سے کہین جلد ہوگی جیسی اب تک ہوئی ہے۔ مگر انکو مصری حکام کی اختیار سے اعانت وحمایت کی امید رکھنی چاہیے کیونکہ اگر مالگزاری اراضی منصفانہ طور سے دوبارہ تقسیم کیجائیگی تو متمول زمیندارون ہی کا نقصان ہوگا۔ لہذا ضرور ہے کہ صاحب موصوف کو اسی قسم کی بیرونی مدد دیجاے جسکی ضرورت شدید انکے ہم منصب کرنل اسکاٹ مانکریف کو لاحق ہوگی۔

لیکن زمین کی زرخیزی جو کم ہوگئی ہے اور جسکی کیفیت سابق مین بیان کی گئی اُسکا کیا علاج ہے۔ فی الواقع یہ تشویش کی بات ہے مگر کسیقدر جودت اور استقلال سے اُسکا انسداد ہوسکتا ہے جیسے کہ تشویش انگیز امور جنکے وقوع کا اندیشہ ہو تدارک پذیر ہوتے ہین۔ فی الواقع اگر کمی ہوئی ہے تو مصر کی زمین کی قوت پیداوار مین کمی نہین ہوئی ہے بلکہ صرف زمین کے اوپر کی تہ کمزور ہوگئی ہے اور اس باریک تہ کے نیچے شادابی اور زرخیزی کا مادہ کثیر موجود ہے جسکا استعمال اگر مناسب طور سے کیا جاے تو اکثر اضلاع مین ابھی صدہا برس کام آسکتا ہے۔ اسوقت تک زمین کھرچی گئی ہے ہل سے گوڑی نہین گئی ہے اور

صرف ایک فصل یعنی [illegible] الٹ پھیر نفع فوری کے لحاظ سے کیا گیا ہے فائدہ دائمی کے
خیال سے نہیں کیا گیا [illegible] تخم کا انتخاب دانائی اور احتیاط کے ساتھ نہیں کیا گیا ہے اور
ضروری اور [illegible] کی سینچائی کے لیے پانی بہت کم ملا ہے مثلاً [illegible] کہ زراعت کا عمل
[illegible] اور بے احتیاطی سے کیا گیا ہے اگر مصر کی زمین قدرتاً عمدہ
ایسی زرخیز نہ ہوتی جیسی وہ نفس الامر میں ہے تو اس ملک کے لوگوں کی فاقہ کشی کی نوبت
پہونچ گئی ہوتی مثلاً اگر کوئی امریکا کا کاشتکار دائرہ سفیہ کے کسی علاقہ کو جا کر معاینہ
کرے جسکے انتظام میں مبلغ خطیر صرف ہوا ہے اور جسکو مصر کی زراعت کی ترقی کا اعلیٰ
درجہ کا نمونہ تصور کر سکتے ہیں تو وہ دیکھیگا کہ زمین کا تردد کس بے ضابطگی سے کیا گیا
اور گنے کیسے گنجان بوئے ہیں اور کھیت کبھی تو بالکل خشک پڑے رہتے ہیں اور کبھی پانی میں
ڈوبے رہتے ہیں اور کھیت یا تو بالکل ہی نہیں [illegible] جاتے یا بے احتیاطی سے [illegible]
جاتے ہیں یہ تماشا دیکھکر اسکو تعجب ہوگا کہ جن علاقوں کا ایسا انتظام ہو انسے منافع کی کیا امید
ہوسکتی ہے اور مصر ہمارے ملک (امریکا) سے کیونکر مقابلہ کر سکتا ہے جہاں زراعت کا انتظام اور ہی
قسم کا ہے۔ اگر زراعت کی حالت دائرہ سفیہ میں ایسی ابتر ہے جسکا انتظام زر کثیر صرف
کرکے ایک کونسل سے کرایا جاتا ہے جسمیں کئی قوموں کے ممبر ہیں تو آسانی سے قیاس
ہوسکتا ہے کہ جاہل کسانوں کی زراعت کا کیا حال ہوگا جو اول تو کچھ [illegible]
دوسرے انکا بال بال قرضدار ہے اور مہاجنوں سے [illegible] سمجھتے ہیں مگر نہیں [illegible]
لیکن جس مصری کے دل میں حب الوطن کا جوش ہو اگر وہ اپنے ملک کی حالت کو نظر [illegible]
دیکھے تو کچھ تسکین اور تشفی اسکو ہو جائیگی کیونکہ زمین کی کمزوری کوئی مرض [illegible]
[illegible] کے نہیں ہے بلکہ صرف ایک ضعف جاری ہے جسکا علاج عمدہ کاشت سے
ہوسکتا ہے۔ پہلے یہ تدبیر کرنی چاہیے (جو گورنمنٹ پر موقوف ہے) کہ طریقہ موجودہ آبپاشی
میں ایسی اصلاح کیجائے کہ کاشتکار کو جتنے پانی کی ضرورت ہو ہر وقت اسکو مل سکے [illegible] مصری

(جو خود رعایا پر موقوف ہے) یہ ہے کہ زراعت کے طریقون اور عمل مین اصلاح کیجاے سب سے آسان طریقہ تو یہ ہے کہ بہتر آلات زراعت مہیا کیے جائین اور اُنکے ذریعہ سے کمزور زمین کی باریک تہ مین ایک جزء اُس عمدہ اور زوردار مٹی کا جو اُسکے نیچے ہے رفتہ رفتہ اور احتیاط کے ساتھ شامل کیا جاے - یہ عمل با احتیاط تمام کیا جاے کیونکہ جو مٹی صدہا سال کے عرصہ سے دبی پڑی ہوئی ہے وہ زرخیز جبھی ہو سکتی ہے کہ جب اُسمین ہوا اور پانی خوب پہونچے اور اگر اسمین سے بہت سی مٹی یکبارگی اوپر اُچھال لیجاے تو نتیجہ یہ ہوگا کہ یا تو فصل خراب ہوگی یا بالکل پیدا ہی نہو گی - ساتھ ہی اسکے تبدیل فصول کا جو قاعدہ ہے اُسمین ایسی ترمیم کیجاے کہ جب روئی اور گنّے کی فصل جو زمین کی قوت کو بالکل چوس لیتی ہے کٹ جاے تو زمین کو سنبھلنے کی مہلت کافی ملے اور ایسی تدبیر کیجاے کہ جو اجزاء معدنی روئی اور گنّے نے زمین سے جذب کر لیے ہین اُسیقدر وہ زمین مین عود کرین فی‌المثل روئی کی کاشت مین اجزاء مذکورہ خاص کر تخم مین ہوتے ہین - لہذا مصریون کو مناسب ہے کہ روئی کے تخم کو غیر ملکون کی زمین کو زرخیز کرنے کے لیے بیرونجات مین بھیجین جیسا بالفعل ہوتا ہے بلکہ اُنکو اپنے پاس رکھین اور اُسکی کھاد بنا کر اپنے کھیتون مین ڈالین - اگر اس تدبیر سے وہ سب نتائج نہ ہاتھ آئین جو مطلوب ہین تو جانورون کی ہڈیون کے پُرانے ذخیرے جو مصر مین اِدھر اُدھر سے بافراط مل سکتے ہین وہ مادہ شورہ بنانے کے کام مین لائے جائین جو مصر کی زمین مین بہت کم ہے مین صرف مشورۃً یہ بیان کرتا ہون مصر کے کاشتکارون کو واجب ہے کہ آزمایش کر کر کے اور کمال استقلال اختیار کر کے یہ امر بجاے خود تحقیق کرین کہ زمین کی کمزوری کو دفع کرنے کی کیا تدبیر ہے اور اُنکے اسباب معیشت پر جو بلا آنے والی ہے اُسکو ٹالنے کی کیا ترکیب ہے مجھکو صرف یہ امر ثابت کرنا منظور ہے کہ بالفعل مصریون کو اسباب معیشت سے متعلق ایک نہایت دقیق مسئلہ درپیش ہے مگر عقلاً اور عملاً دونون طور سے وہ مسئلہ ایسا نہین ہے کہ کسی طرح حل نہو سکے -

بادی النظر مین معلوم ہوتا ہے کہ ان پیچیدہ مسائل متعلقہ بہاب معیشت مین گورنمنٹ انگلشیہ
کچھ نہین کرسکتی بعض صاحبان انگریز نے جو القاہرہ مین ہین یہی رائے اختیار کی ہے کیونکہ
سال گذشتہ مین انھون نے اُس عملہ زراعت کا موقوف ہونا منظور کرلیا جو خاصکر اسلیے
مقرر کیا گیا تھا کہ کاشتکارون کو علمی اطلاع اُن امور کی دیا کرے جنکو جاننے کی اُنکو سخت
ضرورت لاحق ہے۔ مگر میرے نزدیک گورنمنٹ انگلشیہ مصر کے لیے بہت کچھ کرسکتی ہے مصر کے
کاشتکار ایسے لاپروا اور بے خبر اور پرانی لکیر کے فقیر نہین ہین جیسا گمان کیا گیا ہے جب
اُنکو مشاہدہ سے ثابت ہوجاتا ہے کہ بعض چیزون کے استعمال سے زمین زیادہ زرخیز
ہوجاتی ہے تو وہ اُنکو فوراً اختیار کرلیتے ہین مثلاً اب وہ عموماً اسکے عادی ہوگئے ہین کہ جو
گئے اُن مقامات پر بنگئے ہین جہان اگلے زمانہ مین بڑے بڑے شہر آباد تھے اُنکی باریک اور
عمدہ خاک کو لیکر کھیتون مین چھڑک دیتے ہین مصریون مین اگر نقص ہے تو یہ ہے کہ وہ لوگ
بردش مین داخل ہین یعنی خود کوئی بات کرنے کی لیاقت نہین رکھتے اور یہ نقص خارجی
اعانت سے کسیقدر رفع ہوسکتا ہے۔ مگر یہ امید نہ رکھنی چاہیے کہ ترقی واقعی ہوسکتی ہے
تاوقتیکہ آبپاشی کے طریقہ مین اصلاح نہ کیجاے اور فلاحین مہاجنون کے قرضہ سے نجات
نہ پائین کیونکہ مصر مین ترقی زراعت دو باتون پر موقوف ہے۔ ایک یہ کہ پانی بافراط بہم پہونچے
دوسرے یہ کہ کسیقدر سرمایہ میسر آئے جس سے کام شروع کردیا جاے۔ میری دانست مین یہ ہے کہ
ہم لوگ مصر کی گورنمنٹ کو آبپاشی کی اصلاح مین اور فلاحین کی قرضداری کے مسئلہ کو حل
کرنے مین بہت مدد دے سکتے ہین اور شاید ہم لوگ ٹیکس کے بار کو بھی ہلکا کرنے مین اعانت کرسکتے ص ۴۵۶
ہین جو مصر کی رعایا کے لیے بالفعل ایک آفت عظیم ہے۔ تقریباً پندرہ سال کی مدت قلیل مین
(۱۸۶۳ء سے ۱۸۷۸ء تک) مصر نے نہایت سخت شرائط پر تقریباً نو کرور پونڈ قرض لیا ہے
اور جیسی سنگین مدارایان اس قرضہ سے پیدا ہوئی ہین اُنکے مقابل مین ملک کو اُس روپیے سے فائدہ
نہین ہوا جو قرض لیا گیا ہے۔ اسمعیل پاشا نے اسطرح روپیہ نہین قرض لیا جیسا کاروباری

آدمی کا قاعدہ ہے کہ جن کامون مین نفع کی امید ہوتی ہے اُنکے لیے رفتہ رفتہ بقدر ضرورت روپیہ قرض لیتا ہے بلکہ اسطرح روپیہ قرض لیا جیسا کوئی نوجوان اوباش آدمی بے تحاشا خرچ کرتا چلا جاے خواہ کسی کام مین نفع مقصود ہو خواہ نہو اور انجام کار مالی دقتون کی دلدل مین پھنس جاے بعض اہل یورپ نے مثل مسٹر گوشین و مسٹر جوبرٹ وغیرہ کے متواتر کوشش کی کہ خدیو کی مشکل آسان کرین اور مصر کے مالی انتظام کو ایک مضبوط بنیاد پر قائم کرین مگر اسمٰعیل کی ہٹ اور تلون مزاجی اور دورخی کارروائی کی عادت سے اُنکی بھی کچھ نہ چلی۔ آخر جب اُسکو معزول کرکے اُسکے بیٹے توفیق پاشا کو مسند حکومت پر بٹھایا تب قومی قرضہ ادا ہونے لگا۔ قانون اداے قرضہ کی برکت سے اب مالی بار بہت کم ہوگیا ہے مگر میرے نزدیک اُسمین اس سے بھی زیادہ کمی ایسے طریقہ سے ہوسکتی ہے جس سے ملک کو اور قرضخواہون کو دونون کو فائدہ ہو۔

فی الحال جو نقشیات سرکاری مشتہر ہوے ہین اُنکے بموجب خراج ملک مندرجہ جمع و خرچ سالانہ نواسی لاکھ نواسی ہزار پونڈ ہے اور قرضہ کا سالانہ سود تقریباً اکاسی لاکھ چھیانوے ہزار پونڈ ہے مگر ناواقف آدمی کو ان رقوم سے مغالطہ ہوگا۔ کیونکہ خراج ملک نفس الامر مین اتنا نہین ہے جتنا بادی النظر مین معلوم ہوتا ہے اسواسطے کہ رقم مذکورہ بالا مین ریلون کی آمدنی اور بندرگاہ اسکندریہ اور خدیوی جہازہاے دودکش کی آمدنی بھی داخل ہے مگر ان چیزون مین جو خرچ پڑتا ہے وہ رقم مذکور مین داخل نہین ہے اور دخانی جہازون کی کمپنی کا خرچ آمدنی سے زیادہ ہے۔ برخلاف اسکے قرضہ کا سالانہ سود جو دیا جاتا ہے اسمین دائرہ سنیہ اور علاقجات خاندانی کے قرضہ کا سود بھی داخل ہے مگر ان دونون کی آمدنی سالانہ جمع خرچ مین نہین شامل ہے حالانکہ انکا قرضہ انھین کی آمدنی سے ادا کرنا چاہیے پس ان امور کا اور مثل اُنکے اور واقعات کا لحاظ کرکے مین کہہ سکتا ہون کہ حساب ذیل سے کیفیت اصلی خوب منکشف ہو جائیگی

خراج ملک مندرجہ جمع و خرچ اکاسی لاکھ پچاس ہزار پونڈ۔

قرضہ کا سود (جسمین عایتی اور متحد قرضہ اور دائرہ سنیہ اور علاقجات جسمین

خاندانی کی آمدنی کی کمی بھی داخل ہے چھتیس لاکھ پونڈ۔

اس سے ثابت ہوتا ہے کہ مصر اپنے قرضخواہون کو اسقدر سود دیتا ہے جو خراج ملک کے نصف سے کچھ کم ہے۔

ان رقوم کو غور سے دیکھیے تو کچھ خدشہ کا مقام نہین ہے۔ جو ملک فوج بحری اور فوج بری کے بار خرچ سے کسیقدر سبکدوش ہو وہ اپنے خراج کا نصف قومی قرضہ کے سود مین آسانی سے دے سکتا ہے بشرطیکہ ٹیکس سنگین نہ لیا جاے۔ مصر پر قومی قرضہ کا بار گران ہو گیا ہے تو اس سبب سے ہو گیا ہے کہ ٹیکس بہت سنگین لیا جاتا ہے اور قرضہ کی ادائی کی جو تدبیر کی گئی وہ بہت ناقص تھی۔ قانون ادائے قرضہ کے بموجب مصر اگر قریب دوالیہ نہین قرار دیا گیا تو اقل مراتب قابل تعذیر باقیدار تو ضرور سمجھا گیا جسکو لازم تھا کہ اپنے قرضخواہون کی مزدوری کیا کرے اور اپنی بسر اوقات کے لیے صرف اسقدر رہنے دے جسقدر اُسکے سد رمق کو کافی ہو خراج کے چار وسیلے بہت بڑے تھے یعنی محصول اُن اشیا کا جو اور ملکون سے آتی تھین۔ بندرگاہ اسکندریہ کی آمدنی۔ ریلون کی آمدنی۔ اور تار برقی کی آمدنی ان چارون کی آمدنی کو اور جو چار اضلاع سب سے زیادہ زرخیز تھے اُنکی آمدنی کو بعد منہا کرنے فی صدی سات پونڈ بابت مصارف انتظامی کے قرضخواہون نے قرضہ کی ضمانت مین لے لیا پس ان آمدنیون کی افزونی سے گورنمنٹ کو کچھ فائدہ نہین متصور ہے کیونکہ مصارف ضروری سے جو کچھ فاضل رہتا ہے وہ سرمایہ ادائے قرضہ مین شامل کیا جاتا ہے اور اس سرمایہ کا فائدہ نہین محسوس ہو سکتا تاوقتیکہ کل قرضہ بیباق نہو جاے یعنی تاوقتیکہ نسل موجودہ نہ گذر جاے اب رہی گورنمنٹ سو مصر کی گورنمنٹ پر کیا منحصر ہے کسی مشرقی گورنمنٹ سے یہ توقع نہین ہو سکتی کہ اخلاف و آیندگان کی رفاہ کے لیے کوشش بلیغ کریگی بغیر اسکے کہ اُسکو نفع ذاتی کی کچھ امید ہو لہذا یہ امید نہ کرنی چاہیے کہ جو آمدنیان اور جو صوبے قرضہ مین مکفول کر دیے گئے ہین اُنمین جب تک انتظام موجودہ باقی رہیگا اسوقت تک وہ ترقی ہوگی جسکی صلاحیت اُنمین موجود

یہ تو بڑی بات ہے مگر اس سے بھی بدتر اب سنیے۔ مابقی آمدنیان اور باقیماندہ اضلاع بھی کسیقدر قرضخواہون کے اختیار مین ہین اور کل رقم فاضل گورنمنٹ کے اختیار مین نہین ہے کیونکہ مہتممان ادائے قرضہ نے اپنی راے سے ایک مقدار مصارف ضروری کی مقرر کرکے باقیماندہ کی نسبت یہ حکم کیا ہے کہ سرمایہ ادائے قرضہ مین شامل کیا جاے۔ یہ سچ ہے کہ آمدنی اور خرچ کا تخمینہ اس طریقہ سے کیا گیا کہ غیر معمولی مصارف ضروری کے لیے ایک فاضل رقم باقی رہی مگر اُن منفعت خیز کامون کے لیے تو کچھ نہین باقی رہا جنکی بدولت ملک کے ذرائع معیشت مین دامی افزونی ہوسکتی ہے۔ اگر کوئی ملک ویسے زمین پر ایسا ہے جسکی گورنمنٹ اُسکے روپیہ کو منفعت خیز طریقہ سے صرف کرسکتی ہے تو وہ ملک مصر ہے کیونکہ وہ آبادی وادی نیل مین خراج کا دار و مدار زراعت پر ہے جیسا سابق مین بیان کیا گیا اور زراعت کا دار و مدار پانی ملنے پر ہے اور پانی برابر ملنا آبپاشی کے ذریعون پر موقوف ہے۔

اسمین شک نہین ہے کہ قرضخواہون اور اُنکے قائم مقامون نے اس امر کو دیدہ و دانستہ تصور کیا کہ جو ملک اپنے فرائض کی تعمیل سے قاصر رہا ہو اُسکو لازم ہے کہ اپنا ایک ایک کوڑی کی بھی بچت سے تو اُسکو بھی زر اصل کے ادا کرنے مین صرف کرے مگر اُنھون نے بڑی کوتہ اندیشی کی اگر انھون نے سونے کی چڑیا کو چھری سے حلال نہین کر ڈالا تو اُسکو آب و دانہ کے لیے تو ضرور ترسایا پس اگر اس بیچارے بے زبان جانور پر غشی کے علامات ظاہر ہوے ہین تو انکو تعجب نکرنا چاہیے۔ جیسے ہر فرد بشر کے افعال کا کوئی محرک ہونا ضرور ہے ویسے ہی ہر گورنمنٹ کے افعال کا بھی کوئی محرک ہونا لازم ہے اور عملاً دیکھا جاے تو ایک بعید الوقوع فائدہ کی امید یعنی ایسے نفع کی توقع جو پچاس برس تک بھی نہ ظاہر ہوگا کوئی محرک نہین ہے۔ اگر سرمایہ ادائے قرضہ کے لیے ایک رقم سالانہ معین کرلی جاتی تو قرضہ عارضی کے دس لاکھ پونڈ ادا ہوجانے سے خرچ سالانہ کم ہوکر پچاس ہزار پونڈ رہجاتا اور قرضہ متحدہ کا دس لاکھ پونڈ اگر ادا کیا جاتا تو اس دس لاکھ پونڈ کے ادا ہونے سے چالیس ہزار پونڈ سالانہ کی

تخفیف ہوتی مگر جو طریقہ تدریجی سرمایہ اداے قرضہ کا اختیار کیا گیا ہے اسکے موافق مین پانچ
ص ۹۹ یا چالیس لاکھ پونڈ ادا ہونے سے بھی فقط قرضہ کی میعاد کم ہو گئی ہے اور کوئی فائدہ نہین ہوا ہے
پس جب تک قانون اداے قرضہ مین کچھ تغیر نہ کیا جائیگا اسوقت تک یہ ممکن
نہین ہے کہ مصر کوشش بلیغ کرکے اپنے قدرتی ذرائع معاش مین معتدبہ ترقی کرے لہذا
قانون مذکور مین تغیر کرنا انسب و اولی ہے مگر ہم یہ سمجھتے ہین کہ آیا قرضخواہ ایسا تغیر کرنا منظور کرینگے
وہ اپنی حالت موجودہ سے بالکل مطمئن ہین اور غالبًا وہ یہ نہین سمجھتے کہ ہم اپنا نقصان کیون
گوارا کرین مگر واقع مین انکی حالت ایسی لائق اطمینان نہین ہے جیسا انکو گمان ہے اور مجھکو
یقین ہے کہ اگر وہ قانون اداے قرضہ مین ایسی ترمیم منظور کرلین جسکے باعث سے
سرمایہ اداے قرضہ مین مختلف رقوم داخل ہونے کے بدلے ایک رقم معین ہر سال شامل
ہوا کرے تو اس سے انکا کچھ نقصان نہوگا بلکہ انکا فائدہ متصور ہے۔ چند سال سے جو رقم
سالانہ فاضل بچتی ہے اور جس سے قرضہ ادا کیا جاتا ہے وہ فی الحقیقت خراج ملک سے نہین حاصل
ہوتی ہے بلکہ سرمایہ سے حاصل ہوتی ہے۔ اگر یہ مضمون مفصل مشرح بیان کیا جاے تو اول تو
اس مختصر مین اتنی گنجایش کہان ہے۔ دوسرے ناظرین کو بار خاطر گذرے لہذا مین یہ
جراٴت نہین کرسکتا مگر ایک امر مثلاً عرض کرتا ہون حساب سے معلوم ہوا کہ تین سال کے
عرصہ مین یعنی ۱۸۸۸ء سے ۱۸۹۱ء تک یعنی دو ترا پر قیون سے ستائیس لاکھ اکاسی ہزار پونڈ
کا منافع ہوا اگرچہ یہ رقم اسوقت حاصل ہوئی جبکہ سڑکون وغیرہ کی مرمت کا خرچ ضروری ملتوی
ص ۱۰۰ رکھا گیا مگر ایسا خرچ زیادہ عرصہ تک ملتوی نہین ہوسکتا بلکہ جتنا اب خرچ ہوگا اُتنا اسوقت
نہوتا جب اسکی ضرورت تھی۔ اور جسقدر ہم نے اسوقت بیان کیا ہے اسی حکمت عملی اختیار کی گئی ہے اور اگر
اب اسمین زیادہ اصرار کیا جاے گا تو انجام یہ ہوگا کہ خراج بہت کم ہو جائیگا مین خوب جانتا ہون
کہ بعض کوتاہ اندیش آدمی اس قسم کی تشویش انگیز باتون کو سنکر ہنستے ہین اور بڑے فخر سے
بیان کرتے ہین کہ ٹکس مین بہت خفیف باقی پڑی ہے مگر مین اس دلیل کی قوت کو نہین تسلیم کرتا

اسواسطے کہ مین جانتا ہون کہ ایک جزو اعظم ٹیکسون کا مالگذاری مین سے نہین ادا کیا گیا ہے بلکہ شاہی مہاجنون اور ان مہاجنون کے ہاتھ جو اُنسے زیادہ معتبر ہین آراضی کو رہن رکھکر ادا کیا ہے اور اب وہ سب مہاجن اپنے روپیہ کا تقاضا کرتے ہین پس ظاہر ہے کہ جو گورنمنٹ اُن ٹیکسون کو تحصیل کرے جو رعایا کو اراضی رہن رکھکر ادا کرنے پڑتے ہین وہ گورنمنٹ کسب حلال نہین کرتی ہے بلکہ جس چیز سے خراج ملتا ہے باطناً اسی کو ضائع کیے دیتی ہے پس معلوم ہوا کہ قرضہ کا جلد جلد ادا ہونا صرف دھوکے کی ٹٹی ہے جسکو دیکھکر آدمی کو یہ نقل یاد آتی ہے کہ ایک آئرلینڈ کے باشندہ نے طرفہ تدبیر اپنے بستر کو بڑھانے کے لیے کی کہ ایک طرف سے ایک ٹکڑا کاٹ کر دوسری طرف ٹانک دیا۔ اس حکمت عملی کی سب سے زیادہ عجیب و غریب مثال جو آسانی سے سمجھ مین آسکتی ہے یہ ہے کہ جن لوگون کے مکانات اسکندریہ کے معرکہ مین منہدم ہوگئے تھے اُنکو تاوان طرفہ تدبیر سے دیا گیا یعنی اس مقصد کے لیے چالیس یا پچاس لاکھ پونڈ کی فکر کرنی پڑی اور کیا عجب تدبیر سوچی گئی کہ چند عرصہ تک قرضہ ادا کرنا موقوف رکھا جاوے۔ جب اس مضمون کی تجویز پیش کی گئی تو فوراً دہائی مچگئی کہ قانون ادائے قرضہ کی خلاف ورزی یا اُسمین ترمیم کا قصہ ہرگز نہ چھیڑیے گا کیونکہ یورپ کی سب سلطنتین اسکو منظور کر چکی ہین۔ پس قانون ادائے قرضہ مین تو کسی نے ہاتھ بھی نہین لگایا اور یہ قرار پایا کہ مبلغ مطلوب یورپ مین قرض لیا جاوے۔ الغرض مصر کی گورنمنٹ ایک ہاتھ سے تو پرانا قرضہ ادا کرتی تھی اور دوسرے ہاتھ سے نیا قرضہ لیتی تھی۔ اور ایسے بیچارے ہی کا کام ہین جو بالائی مصارف سے دبتے ہین وہ گھاٹے مین تھے۔ فی الواقع گورنمنٹ مذکور بعینہ وہی کارروائی کرتی تھی جیسی ایک فوج کی نقل مشہور ہے کہ بیس فی صدی سود پر روپیہ قرض لیتا تھا حالانکہ اسکا بہت سا روپیہ بینک مین دفن تھا اور اُس دفینہ کا سود کچھ بھی نہ ملتا تھا۔

**قانون ادائے قرضہ** جسنے مصر کی گورنمنٹ کے ہاتھ جکڑ دیے دیے اسکو بے اختیار کر دیا) اس ۱۸۸۰ء مین بنایا گیا تھا جبکہ مطلق العنان خدیوان مصر کے اسراف و

مقبول خرچی کا اندازہ کرنا واجب تصور کیا گیا اور قرضخواہون نے کہا کہ چونکہ سود کو کم کر دینا ہمنے منظور کر لیا ہے لہذا اُسکے معاوضہ مین ضمانت زیادہ کر دی جائے مگر اب وہ کیفیت نہین باقی رہی ہے یعنی اب خدیو کی سلطنت کی انتہائی کا خوف نہین ہے لہذا ضرورت حاجت ہوگئی ہے کہ جس شکنجہ مین قرضدار کو اسلیے کھینچ دیا تھا کہ خود اپنے تئین اور اپنے قرضخواہون کو ضرر نہ پہونچا سکے اُسکے سبب سے اب قرضدار اُس کام کو بھی اچھی طرح نہین انجام دے سکتا ہے جو اُسکو کرنا چاہیے جب سالہا سال کے لیے ایک صرف خاص معین کر دیا گیا تو ملک کے قدرتی ذرائع معاش کو ترقی دینے کی گنجایش کہان باقی رہی - فی الواقع قانون اداے قرضہ نے وہ کام کیا جیسا چینی لوگ اپنی لڑکیون کو اپنی جوتے اسلیے پہناتے ہین کہ اُنکے پانون بڑھنے نہ پائین مگر اتنا فرق ہے کہ چینی لوگ اپنے اُس فعل کے نتایج کو پیشتر ہی سوچ لیتے ہین لیکن قانون اداے قرضہ نے اپنے فعل کے نتایج سے چشم پوشی کی ہے -

اس بحث کو سرکاری طور سے بالفعل چھیڑنا شاید خلاف مصلحت ہے اسواسطے کہ قانون اداے قرضہ مین جو ترمیم تجویز کیا ہے اُسکی نسبت فرانس کی منظوری حاصل کرنی ضرور ہے اور بالفعل وزراے فرانس مصر کے انتظام کو درست کرنے مین ہمکو مدد دینا نہین چاہتے ہین مگر شاید اب وہ زمانہ بہت دور نہین ہے جبکہ فرانسیسی قرضخواہان مصر اپنے اغراض واقعی کو کما حقہ سمجھکر اپنی گورنمنٹ پر اس مقدمہ مین دباؤ ڈالینگے اور اُنکے دباؤ سے قانون مذکور مین ترمیم کیجائیگی - ہم خدا سے چاہتے ہین کہ وہ وقت جلد آئے کیونکہ قانون اداے قرضہ بحیثیت کذائی مصر کے اسباب معیشت کی ترقی کا بڑا مانع اور اسکے مالی انتظام کی درستی مین سخت حارج ہے -

مین خود مقر ہون کہ اس باب مین طول ہوگیا ہے مگر اسکو ختم کرنے سے پیشتر مجھکو لازم ہے کہ مختصر کیفیت اُن ملکی کمیٹیون کی بیان کرون جو اس غرض سے قائم ہوئی ہین کہ جو انتظامات لارڈ ڈفرن نے اپنی رپورٹ مین مجملاً بیان کیے ہین اُنکے اجرا اور عملدرآمد مین

شرکت اور اعانت کرین۔ اس باب مین مجھکو طول کلام کرنا کچھ ضرور نہین ہے اسواسطے کہ
ان کمیٹیون کا ڈھانچہ یا خاکہ لارڈ ڈفرن نے اپنی رپورٹ مین خوب بیان کردیا ہے اور
اسوقت تک اس بات کا یقین نہین ہے کہ جب ان خشک ہڈیون مین جان پڑیگی تو انسے
کیسی جاندار چیز پیدا ہوگی۔

جن ناظرین نے میری تقریر کو نظر توجہ سے ملاحظہ فرمایا ہے اُنکو معلوم ہوگیا ہوگا کہ
بالفعل مجھکو یہ امید قوی نہین ہے کہ ان کمیٹیون کی برکت سے مصر کی کثافت دور ہوجائیگی
اور وہ پیچیدہ مسائل حل ہوجائینگے جنکے باعث سے اُس ملک کے اسباب معیشت مین
انقلاب عظیم واقع ہونے کا اندیشہ ہے۔ اگر کونسل واضع قوانین مین کچھ ذی شعور
اور فرزانہ مزاج اور صاحب جودت اور ذی وقار ممبر ہون تو گورنمنٹ (یعنی وزرا) پر مفید
نگرانی عمل مین لاسکتی ہے اسواسطے کہ وزرا اس بات پر مجبور ہین کہ جملہ تجویزات اہم کونسل
مذکور مین پیش کرین اور اگر اُسکی صلاح و مشورہ پر اُنکو عمل کرنا نہ منظور ہو تو اُسپر عمل نہ کرنیکے
وجوہ قلمبند کرکے پیش کرین مگر ہم پوچھتے ہین کہ ذی شعور اور فرزانہ مزاج اور صاحب جودت
اور ذی وقار آدمی مصر مین کہان سے آئینگے یہی تو بڑی دقت ہے مین کچھ کیفیت
اُن سب اشخاص کی جانتا ہون جو غالبًا ممبران کونسل مقرر ہونگے انمین سے صرف ایک
شخص مین کل اوصاف مذکورہ بالا جمع ہین۔ وہ شخص نوبر پاشا ہے البتہ اسمین یہ قدرت
ہے کہ کونسل مذکور کو قوی اور توانا کردے۔ مگر جب کونسل کی نیکی اور بدی ایک شخص واحد پر
موقوف ہو اُسکے باب مین کوئی بے قید پیشین گوئی کرنا نہایت معیوب بات ہے کیونکہ مین نے
مانا کہ مصر ایسا ملک ہے جسمین ایک ہی شخص اگر اقتدار و اختیار کامل رکھتا ہو تو انتظام مین
اصلاح اور رعایا کی رفاہ و بہبود کے لیے بہت کچھ کرسکتا ہے مگر اسکی کیا دلیل ہے کہ شخص
مذکور اقتدار و اختیار مطلوب حاصل کرلیگا اور اُسکو عمل مین لانے پائیگا۔ اب رہا
انتخاب کنندون کی جماعت سو اُسکی نسبت مجھکو یقین نہین ہے کہ ابھی سالہا سال

کچھ فائدہ اُس سے ہو سکتا ہے بجز اسکے کہ شاید وہ گورنمنٹ کو صلاح و مشورہ اور امور ضروری کی اطلاع دیتی ہے۔ اگر گورنمنٹ قوی ہے تو جماعت مذکورہ اطاعت و فرمانبرداری اختیار کرتی ہے لیکن اگر گورنمنٹ ضعیف ہے تو وہ اُس شخص کیطرف ہو جائیگی جو واقعی اختیار رکھتا ہو اور غیر ملک والون کی فتنہ پردازی کا آلہ گردانی جائیگی۔ سابق مین جو انتخاب کنندون کی جماعتین مصر مین گذری ہین اُنکے حالات سے تو یہی نتیجہ حاصل نکلتا ہے جب اسمعیل پاشا نے پارلیمنٹ کا تخم مصر کی زمین مین پہلے پہل بویا تھا اور (کہتے ہین کہ) اس غرض سے بویا تھا کہ قوم یا رعایا کی طرف سے ایک عرضداشت باین استدعا گذرانی جائے کہ خدیو کی جانشینی مین وہ تغیر کیا جائے جو خود خدیو (اسمعیل) کو منظور تھا تو اسوقت اُسنے اپنی پارلیمنٹ کے ممبرون کو یہ سمجھا رکھا تھا کہ جیسا انگلستان کی پارلیمنٹ کے ممبرون کا دستور ہے اسیطرح تم بھی اگر گورنمنٹ یعنی وزراء کی عام حکمت عملی کی تائید کرنا چاہتے ہو تو پریسیڈنٹ یعنی میر مجلس کی دہنی جانب بیٹھا کرو اور اگر اسکی مخالفت کرنا چاہتے ہو تو پریسیڈنٹ کی بائین جانب بیٹھا کرو۔ چونکہ جماعت مذکور مین اکثر عمدگان اور شیوخ البلد شریک تھے اور وہ نائب ناظم کے مطیع و فرمانبردار رہتے ہین۔ اور نائب ناظم مدیر یعنی ناظم کا مطیع ہوتا ہے اور ناظم خدیو کا تابعدار ہوتا ہے لہذا گورنمنٹ کی عام حکمت عملی کی مخالفت کرنا جسکے یہ معنی تھے کہ اسمعیل پاشا کی مطلق العنان مرضی کے خلاف کرنا ایک ایسا فعل اور مزخرف امر تھا کہ سب ممبران حاضرین پریسیڈنٹ کی دہنی جانب بیٹھ گئے اور اسکی بائین جانب کوئی ممبر نہین بیٹھا۔ عرابی کی بغاوت کے زمانہ مین بھی مجلس نواب نے یہی فعل کیا یعنی جب اسکا جلسہ منعقد ہوا تو اُسکے ممبران اس امر کا تصفیہ کر سکے کہ مالک الملک کون ہے۔ خدیو یا عرابی۔ اور پہلے تو انھون نے بہت سی پیش و پس اور حیلہ حوالہ کیا مگر جب عرابی نے اہل فوج اور حکام کو اپنی طرف کر لیا تو ممبران مذکور بالکل مطیع و فرمانبردار عرابی کے ہو گئے عموماً اہل مصر کی طرح پارلیمنٹ مصر کے ممبر بھی اس مثل کی حکمت کے قائل ہین کہ جسکی تیغ اسکی دیگ۔ جن مقدمات مین گورنمنٹ انکو پوری آزادی عقل بخشتی ہے اُنمین وہ غالباً ملک کے

اغراض کی نسبت اپنے اغراض ذاتی کا زیادہ لحاظ کرتے ہین جیسا انھون نے اس مقدمہ مین
کیا جسمین یہ تجویز ہوا تھا کہ وہ آپ کے ملک کی آبپاشی کے طریقہ مین اصلاح کیجاے اسکی
کیفیت سابق مین بیان کی گئی۔ اگر مصری باغیون کے بدلے کوئی غیر سلطنت مصر پر تسلط
حاصل کرنا چاہے اور اسکی کامیابی کا گمان غالب ہو تو ممبران مذکورین اُسی کے مقاصد کی
تائید کو مستعد ہو جاینگے۔

مگر ممکن ہے کہ ان وحشت انگیز خیالات کی تکذیب آیندہ کے واقعات سے ہو جاے
اور اہل مصر سلاطین گورنمنٹ یعنی اپنے اوپر خود حکمرانی کرنے کی وہ لیاقت ظاہر کرین جسکی
توقع اُنسے نہین ہے اس صورت مین اہل مصر کی انتظامی کمیٹیون کو اس لیاقت کے اظہار
کی خوب گنجایش ملیگی اور اگر ایسا نہوا تو بھی اُنکو کیا پروا ہے۔ یہ جو عموماً بیان کیا جاتا ہے کہ
مصر مین کونسل وضع قوانین اور انتخاب کنندون کی جماعت یہ دونون سلطنت
کی گاڑی کا پانچوان پہیہ ہے یعنی محض بیکار زائد ہین۔ یہ قول غلط اور باعث مغالطہ ہے
فی الواقع وہ دونون سلطنت کی گاڑی کا چوتھا پہیہ ہے جسپر اُسکی تکمیل اور تناسب اجزا اور
آسایش موقوف ہے مگر جس کاریگر نے اس گاڑی کو بنایا تھا چونکہ وہ خوب جانتا تھا کہ یہ
چوتھا پہیہ خواہ مخواہ چوب خام و ناآزمودہ کا بنانا پڑیگا لہذا اُسنے اس گاڑی کو اس حکمت سے
بنایا ہے کہ اگر ضرورت ہو تو تھوڑی مدت تک یہ تین ہی پہیون پر چل سکتی ہے بغیر اسکے کہ
اُسکے الٹ جانے کا خوف ہو۔

لارڈ ڈفرن نے ان انتظامی کمیٹیون کے کام کو اور جو کردار گورنمنٹ انگلشیہ کو
انکی نسبت بلکہ عموماً مصر کی نسبت اختیار کرنا لازم ہے اسکو ایسی صحت کے ساتھ بیان کیا ہے
کہ اُنکے پرمغز کلام کو جس سے حذاقت اور سیاست دانی ٹپکتی ہے اور عقل سلیم کا جلوہ نظر آتا ہے
بجنسہ نقل کرنا مناسب ہے وہ یہ ہے کہ اور اکثر انتظامات جو ہم جاری کیا چاہتے ہین خواہ مخواہ
شرطیہ و انتہائی نا جاری ہونگے۔ یہ قول ویسی عدالتون اور جدید انتظامی کمیٹیون پر خاص کر

صادق آتا ہے جنکا کام اکثر نا آزمودہ کار اور بے علم آدمیون کو چلانا پڑیگا۔ اگر مجھکو گورنمنٹ اس کام پر متعین کرتی کہ مصر کے انتظام کو ایک ہندوستانی ریاست کی بنا پر قائم کردون تو اور ہی کیفیت ہوجاتی یعنی رزیڈنٹ کا دست زبردست ہر چیز کو بہت جلد اپنے قابو مین کرلیتا اور پانچ ہی برس کے عرصہ مین اُس ملک کی دولت وحشمت اور رفاہ و بہبود مین بہت افزونی ہوجاتی یعنی رقبہ مزروعہ زیادہ ہوجاتا اور اُسکے زیادہ ہونے سے مالگزاری مین افزونی ہوتی اور بیگار کام لینے کا قاعدہ اور غلام بناڈالنے کا دستور بالکل موقوف ہوجاتا اور عدل و انصاف جاری ہوتا اور اور اصلاحین عمل مین آتین مگر حضرت ملکہ معظمہ کی گورنمنٹ اور انگلستان کی رائے جمہور نے اس شق کو نامنظور کیا ہے لیکن اگرچہ ہمارا ارادہ مصمم ہو کہ سلطنت جدید قائم کرنے سے اس ملک (مصر) کا انتظام علی الدوام کرنے کی تکلیف مالایطاق ہمپر نہ عائد ہونے پائے اور ہمکو اُسکا انتظام صریحاً یا ضمناً ہمیشہ نکرنا پڑے تاہم
ضرور ہے کہ ہم اُس عمارت کو گرنے نہ دین جسکو ہمنے بنایا ہے اور جب ہم اپنا ہاتھ کھینچ لینگے ص ۹۵
تو وہ فوراً منہدم ہوجائیگی۔ اور جب وہ منہدم ہوجائیگی تو اس ملک (مصر) مین پھر غدر مچ جائیگا اور یورپ مین پھر نفاق پیدا ہوگا۔ بالفعل تو ہم ساری دنیا کی خاطر سے یہ زحمت گوارا کر رہے ہین کیونکہ ہر شخص کی یہی آرزو ہے کہ مصر مین امن و امان رہے اور یہ ملک آباد اور رعایا خرم و شاد رہے اپنا قرضہ ادا کرسکے۔ نہر سویز کے رستہ کا انتظام درست رکھے۔ اور اُسکے معاملات مین یہی ابتری نہو کہ بیرونی آدمیون کو دست اندازی کرنے کا حیلہ ہاتھ لگے مگر مصر کے انتظام کے استحکام کے لیے مدت درکار ہے تب تو وہ ملک اُن اسباب داخلی و خارجی کا مقاومت کرسکیگا جو اُسکو توڑ دینے کی فکر مین ہین اور جو لیاقتین اُسکو خدا نے عطا کی ہین اُنکی قدردانی کرکے اُنسے مستفید ہوگا۔ اگر اُس مختلف الصورت اور مساوی الوزن انتظام مین جو ہمنے جاری کیا ہے کامیابی حاصل کرنی منظور ہے تو اُسکو بے تکلف جاری رکھنا چاہیے سب سے مقدم یہ ہے کہ جن لوگون نے اپنی آیندہ بہبود کو اس انتظام کے باقی رہنے پر

موقوف رکھا ہے کسی تدبیر سے اُنکا اطمینان کرنا ضرور ہے کہ یہی انتظام باقی رہیگا۔ جو لوگ ایک مطلق العنان حاکم جابر کی حکومت مین پیدا ہوے ہین اور نشو و نما پایا ہے اُنسے یہ توقع کیونکر ہوسکتی ہے کہ پارلیمنٹ مین ایسے حاکم کے مقابلہ اور مخالفت پر آمادہ ہونگے یا فریق مخالف کا شیوہ اختیار کرینگے (جو باقاعدہ سلطنت کا جزو اعظم ہے) اور حکام وقت کی کارروائی پر جرح و قدح کرینگے یا اسکی مذمت یا تردید کرینگے درانحالیکہ انکو یہ یقین ہے کہ باقاعدہ سلطنت کی کشتی جسپر ہمنے بھروسا کیا ہے ہمارے پاؤن کے نیچے کل ہی پارہ پارہ ہوجائیگی جب قسطنطنیہ مین ایک پارلیمنٹ مقرر کی گئی اسوقت آزادی پسند اور آزاد منش آدمیون نے صدائے تحسین و آفرین بلند کی مگر چند ہی مہینہ مین وہ پارلیمنٹ تشریف لیگئی اور جو شخص اسکا بڑا حامی و مددگار تھا وہ اب ملک طائف کے جیلخانہ مین پڑا ہوا ایڑیان رگڑ رہا ہے مشرقی ملکون کے ارباب سیاست ایسے بزدل ہوتے ہین کہ جو انتظام ہمنے مصر مین جاری کیا ہے اس سے وہ کبھی اتفاق نکرینگے تاوقتیکہ انکو یہ یقین نہوجائے کہ ہمکو اسکی حفاظت کرنا اور اسکو ترقی دینا منظور ہے بلکہ یہ بھی کافی نہوگا۔ ہمکو یہ بھی لازم ہے کہ ایسی تدبیر کرین کہ جو کام ہمنے ان جدید اور ناآزمودہ آلات ملکی سے لینا چاہا ہے وہ انکو بہت گران نہ گذرے اُس ملک کی حالت ایسی ابتر ہے اور جو مسائل اُسکے حکام کو فوراً حل کرنے ہین وہ ایسے اہم و اعظم ہین کہ اب فلسفہ سیاست کی خاطر سے بھی انمین لیت و لعل نہین ہوسکتا چند وجوہ سے فلاحین کی حالت نہایت سقیم ہوگئی ہے اور جن اہل یورپ کے وہ مقروض ہین وہ انسے زبردستی کشیدہ خاطر اور چین بجبین ہوتے جاتے ہین۔ اس ملک کی زراعت مین جلد جلد انحطاط ہوتا جاتا کیونکہ کثرت اور تواتر فصول کے سبب سے اور دیگر اسباب سے بھی زمین کی قوت زائل ہوگئی ہے اور اب بیگار کام کا قاعدہ بھی نہرون کو صاف کرنے کے لیے کافی نہین ہے۔ اور اگر کوئی علاج جلد نہ کیا جائیگا تو اس ملک کا مالی انتظام غارت ہوجائیگا۔ اگرچہ کے ارباب سیاست کو ان جدید ملکی کمیٹیون سے مدد ملے تب بھی وہ ایسی دقتوں کو رفع نکرسکینگے تاوقتیکہ چند مدت تک

ہم لوگ انکی اعانت اور رفاقت نہ کرین پس ایسی حالت مین مین گستاخانہ عرض کرتا ہون
کہ مصر کے انتظام کو درست کرنے کا کام ہنوز ناتمام ہے اور جو دشواریان اتفاقات زمانہ سے
ہم پر عائد ہو گئی ہین وہ کافی طور سے ادا نہین ہوئی ہین اور یہ اسوقت تک نہو گا جب تک
کہ مصر اُن ابتدائی وقتون کو نہ رفع کریگا جنکو مین نے سابق مین بیان کیا۔ جب یہ مقصد
ایک بار حاصل ہو جائیگا تو ہم مصر سے خدا حافظ کہکر رخصت ہونگے اور پھر ہمارے دل مین
کسی بات کی ندامت نہو گی بلکہ ہم یورپ کی تحسین و آفرین کے مستحق ہونگے کہ ہمنے اُس کام کو
انجام دیا جسکے ختم ہونے کی ہر شخص کو آرزو تھی مگر سوائے ہمارے کوئی شخص اُس کام کو اپنے
ذمہ لینا نہ چاہتا تھا لیکن تب بھی جس انتظام کو ہمنے درست کیا ہے اُسکے استحکام کا یقین نہو گا
تا وقتیکہ وہ سب لوگ جو اس معاملہ سے کچھ تعلق رکھتے ہین یہ بات خوب سمجھ لین کہ کسی غیر
کی یہ مجال نہین ہے کہ انگلستان اور اس مصر کے درمیان مین دخل دے جسکو انگلستان نے
فتح کر کے پاک کیا ہے۔ فقط۔

# باب سیزدہم

## اس امر کے بیان مین کہ گورنمنٹ انگلشیہ کے کیا اغراض مصر کے مسئلہ سے متعلق ہین

یہانتک تو مین نے مصر کے مسئلہ کی تحقیق فقط مصریون کے فوائد پر نظر کرکے کی ہے۔ اور مجھکو یہ گمان ہے کہ ناظرین کے دل مین میری نسبت اکثر یہ اعتراض آیا ہوگا کہ اس شخص کی تحریر تو مصر کے آدمی کی تحریر معلوم ہوتی ہے انگریز کی تحریر نہین معلوم ہوتی بعضے ناظرین یہ سوال کر سکتے ہین کہ جب ہمارا ارادہ یہ نہین ہے کہ مصر کو اپنی سلطنت مین شامل کرلین تو پھر ہم اُسکی ترقی معیشت اور تہذیب اخلاق کی خاطر اتنی زحمت کیون گوارا کرین اور یہی ذمہ داریان اپنے اوپر کیون عائد کرین۔ ربع مسکون مین جتنا ہمارا واجبی حصہ ہے اُس سے زیادہ ملک پر تو ہم صریحاً یا ضمناً حکمرانی کر رہے ہین اُسپر بھی ہماری ہوس نہین کم ہوتی۔ سلطنت کی ذمہ داریون کا بوجھ ہماری گردن پر اتنا ہے کہ اُس سے زیادہ ہم برداشت نہ کر سکینگے یہی عین موقع اس بات کا ہے کہ ہم اپنے ملکی اقتدار کو کم کرین نہ یہ کہ اُسکو وسیع کرتے جائین اور اپنی توجہ و التفات تمام تر اُسی ملک پر مبذول رکھین جو ہمارے پاس بالفعل موجود ہے۔

ہمارے ملک کے سر آوردہ ارباب سیاست مین جو لوگ نہایت چیدہ و برگزیدہ ہین اُنکی بھی یہی راے اس حکمت عملی کی نسبت ہے جو ہمکو ممالک نوآباد اور غیر سلطنتون کی نسبت اختیار کرنی چاہیے۔ فی الواقع میرا قصد یہ نہین ہے کہ اس راے کی توہین کرون بلکہ مین خود قائل ہون کہ اس راے سے دانشمندی اور دوراندیشی عیان ہے اگر مین

سنہ ۱۸۸۲ء کے آغاز مین یہ کتاب تالیف کرتا تو مین گورنمنٹ انگلشیہ کو جتا دیتا کہ دیکھو تم نئی ذمہ داریون مین پھنس رہی ہو اور اُسکو یہ صلاح دیتا کہ مصر کے معاملات مین بلا ضرورت دست اندازی نکرو۔ مگر اب گورنمنٹ مذکور کو ایسی تنبیہ کرنا یا ایسا مشورہ دینا ایسا ہے جیسے ہیضہ کے مریض کا جب بُرا حال ہو جائے اُسوقت اُس سے کہا جائے کہ اِس مرض متعدی سے خبردار رہو اور اُسکے انسداد کا تدارک کرو۔ سابق کے باب مین بیان ہو چکا ہے کہ مدت ہوئی کہ وہ وقت جاتا رہا جبکہ اِس بات پر غور ہو سکتا تھا کہ آیا مصر کے معاملات مین ہمکو خوب زور وشور سے دست اندازی کرنی چاہیے یا نہین کرنی چاہیے۔ اب یہ بحث اُن مورخین کی نذر کیجاتی ہے جو خیالی پلاؤ پکانے کا شوق رکھتے ہین اور اُن ارباب سیاست پر موقوف رکھی جاتی ہے جو اغراض ذاتی یا فریقی اغراض کے خیال سے حالات ماضیہ پر نکتہ چینی کرکے گورنمنٹ کو ضعیف کر دینا چاہتے ہین۔ جو لوگ حالات موجودہ یا آیندہ کے امور پر نظر رکھتے ہین اُنکے نزدیک اب یہ بحث کرنا بالکل بیکار ہے اور کوئی نتیجہ بافائدہ عملی اُس سے نہین متصور ہے۔ ہم مصر کے معاملات مین جتنی دست اندازی کرنی تھی کر چکے اور خوب زور وشور سے کر چکے یعنے اولاً۔ اسکندریہ کو غارت کر چکے۔ ثانیاً۔ **قومی فریق** کو (جسکا سرگروہ عرابی تھا) مٹا چکے۔ ثالثاً۔ خدیو کو اپنی حکومت اور وقعت دوبارہ قائم کرنے سے مانع ہو چکے۔ رابعاً۔ **دو رویہ نظارت** کو موقوف کر چکے۔ خامساً۔ مصر کے قدیم اور خود رایانہ انتظام کو بالکل توڑ پھوڑ چکے۔ اور ساتھ اسکے یہ عہد و میثاق بھی کر چکے کہ مصر کے انتظام کو شکست کرکے از سر نو درست کرینگے اور **قومی تحریک** کے باعث سے جو بدنظمی ہو گئی تھی اور تلاطم پڑ گیا تھا اُسکی جگہ پر ایسا مضبوط و مستحکم انتظام کرینگے جسے دیکھکر سب کو اطمینان ہوگا۔ یہ جو ذمہ داریان ہمنے اپنے اوپر اِسطور سے عائد کر لی ہین اگر اُنسے جان چرا کر بھاگ آئینگے تو ہمکو خلقت کیا کہے گی۔ ایسی حرکت سے ہماری قوم بہت بدنام ہو جائیگی اور ہمپر سخت الزامات لگائے جائینگے جنکو بیان کرنا مین اور لوگون پر موقوف

رکھتا ہون اور ہمارے ملک (انگلستان) مین چاہے کیسی ہی قومی گورنمنٹ ہو اُسکو بھی لوگ بدنام کرینگے کہ ہماری قومی عزت کو خاک مین ملا دیا اور قومی اغراض کو مفت فوت کیا۔ لیکن اگر کوئی شخص پوچھے کہ وہ قومی اغراض کیا ہین جنکو آپ قومی عزت کا ہم پلہ اور ہمعنان قرار دیتے ہین تو اُسکا جواب یہ ہے کہ سب سے اہم و اعظم غرض تو ہمکو مصر مین امن وامان قائم رکھنے سے یہ ہے کہ اُسپر ہماری تجارت کی ترقی اور سرسبزی موقوف ہے یہ خیال محض لغو ہے کہ یورپ کے جنوب و مشرق مین جو بالفعل بالکل مصالحہ ہوگیا ہے اُس سے مشرقی مسئلہ دوامًا حل ہوگیا ہے اور یہ توقع کرنا بھی حماقت ہے کہ یہ پیچیدہ مسئلہ بے جنگ عظیم کے حل ہو سکتا ہے۔ ایکدن یہ آفت آنی ضرور ہے مگر البتہ یہ امر ہمارے اختیار مین ہے کہ یہ آفت جلد نازل ہو یا دیر مین آئے اور ہمارا فائدہ اسی مین ہے کہ جہانتک ممکن ہو حالت موجودہ کو باقی رکھین۔ اسی وجہ سے مشرقی مسئلہ مین انگلستان نے مدت سے ایک حکمت قدیم کی پابندی اختیار کی ہے اور اب تک اُسکا پابند ہے اور اگر سلطان روم اپنے حقیقی نفع و ضرر کو سمجھنے کی لیاقت رکھتے ہین اور انگلستان کو اپنا رفیق ہمیشہ کیلئے بنا لینا اور اپنی رعایا کے سب فرقون مین سچی انتظامی اصلاحین عمل مین لاکر انگلستان کی رفاقت کو ممکن الوقوع کردینگے جزیرہ نماے بلقان مین جہان مادہ آتشین اکثر جمع رہتا ہے ہماری قوم کو کچھ بالکل اقتدار نہین حاصل ہے لہذا ہمارے اختیار مین یہ بات نہین ہے کہ اُس مادہ آتشین کو ورا بھڑک سے اُڑا دین یا دیر مین اسکو مشتعل کرین البتہ یہ امر ہمارے اختیار مین ہے کہ دولت عثمانیہ کے دوسرے حصہ (مصر) مین جہان آج کل ہمارا طوطی بول رہا ہے فساد کو روکین یا غدر ہونے دین جب اُس مریض (دولت عثمانیہ) کے کسی عضو کو صدمہ ہوتا ہے تو اُسکا اثر اُسکے سارے جسم پر پہونچتا ہے پس جب اُسکے اقاصی بدن مین کوئی زخم تازہ پیدا کیا جائیگا یا زخم کہنہ کو تازہ کیا جائیگا تو اُسکے امراض باطنی مین خواہ مخواہ شدت ہو جائیگی اور آخر کو اُسکی ہلاکت کا باعث ہوگا۔ بہر تقدیر اگر اُس مریض مین ہنوز اتنی قوت باقی ہے

کہ امراض متعددہ دو فرسنہ پر چند مدت تک غالب آ سکتا ہے تو بھی اس بات کا اندیشہ ہے کہ
غیر ملک کے رہنے والے اطبا جنکا یہ قاعدہ ہے کہ جب کبھی اُن امراض مزمنہ مین شدت
ہو جاتی ہے تو خواہ مخواہ اصرار کرتے ہین کہ ہم اس مریض کو دیکھکر نسخہ ضرور لکھینگے اسکو
داخل جنت نہ کر دین وہ مریض خواہ مخواہ یہی چاہتا ہے کہ یہ غیر ملک کے رہنے والے اطبا میرا
علاج نہ کرنے پائین کیونکہ وہ جانتا ہے کہ انکو میرے وارث ہونے کا دعوے ہے پس
انکی تدبیر اور علاج سے غالبًا مجھکو شفا نہ حاصل ہوگی۔ تجربہ گذشتہ سے اسکو یقین ہو گیا ہے
کہ اگر یہ اطبا باہم اتفاق راے کر سکین تو میرے لیے کوئی ایسا نسخہ لکھدینگے جو مجھکو اور
زیادہ ضعیف و ناتوان کر دیگا اور اپنا پورہ قبضہ مجھپر کر لینگے اور اگر انمین اتفاق راے نہوا تو
آپسمین لڑ مرینگے اور انکی جوتی پیزار مین میری جان مفت ہلاک ہوگی۔ مگر اُس مریض کی کوئی
کوشش کارگر نہین ہوتی اور عمومًا ایسا نتیجہ پیدا ہوتا ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ جس بات کا
اندیشہ تھا آخر وہی بات ہوئی۔ آخر اُن اطبا نے ایک مجلس شورے مین جمع ہو کر متعدد نسخے
اُسکے واسطے لکھے مگر اُن سب کو اُسنے ردی سمجھکر پھینکدیا۔ تب اُنھون نے اُسکی جائداد منقولہ و
غیر منقولہ کی فہرست کو اس نیت سے جانچنا شروع کیا کہ چندروز مین جب یہ مر جائیگا تو اسکے
ترکہ کو باہم تقسیم کر لینگے۔ یہ بندوبست عہدنامہ مین نہین درج کیا گیا بلکہ پوشیدہ رکھا گیا مگر
اسکا پوشیدہ رکھنا بھی قابل اعتراض تھا مثلًا برلین کانگریس (یعنے سفیران یورپ کی کونسل
جو بمقام برلین منعقد ہوئی تھی) نے حکم دیا کہ چند اصلاحین دولت عثمانیہ کے اضلاع واقع
یورپ اور نیز اُن اضلاع واقع ایشیا مین جنمین ارامنہ یعنے ارمنی لوگ رہتے تھے عمل مین
لائی جائین اور علاوہ اسکے جو عہدنامہ بمقام سٹین سٹیفنو مین تحریر ہوا تھا اُسکے بعض
نہایت مکروہ فقرات کو بھی بحال رکھا اور سلطان روم کے دو عظیم الشان صوبون کو سلطنت
آسٹریا کے حوالہ کر دیا اور کانگریس مذکور کے باقاعدہ جلسون کے مابین جو زمانہ گذرا اسمین منجملہ
سفیران یورپ کے دو شخصون نے پوشیدہ اور دوستانہ طور سے باہم ایسا انتظام کر لیا ہے جسکے

نیز جب فرانس نے صوبۂ ٹیونس کو اپنی زیر حراست کر لیا کیونکہ انگریزون نے جزیرہ سائپرس پر قبضہ کر لیا تھا اُسکے معاوضہ مین فرانس کو صوبۂ ٹیونس مین دخل کرنے کی اجازت دی گئی۔ اگر اُس کانفرنس نے جو کہ بعد قسطنطنیہ مین مقرر ہوئی تھی انتظام موجودہ مین کچھ تغیر و تبدل نہین کیا اور کچھ ملکی جھگڑے نہین پیدا کیے تو اسکا سبب یہ ہوا کہ گورنمنٹ انگلشیہ نے مصر مین ایسی چپت کارروائی کی تھی کہ کانفرنس مذکور کی کچھ نہ چلی اور ہنوز وہ کوئی کار نمایان نہ کرنے پائی تھی خود بخود شکست ہو گئی۔

چونکہ ہماری گورنمنٹ (انگلشیہ) نے یورپ کے جنوب مشرق مین انتظام موجودہ کو بدستور قائم رکھنا چاہا ہے لہذا اُسکو لازم ہے کہ اُس مریض (دولت عثمانیہ) کے اقاصی بدن (بلاد مقبوضہ بیرونجات) کو کوئی صدمہ نہ پہونچنے دے اور یہ خیال رکھے کہ غیر ملک والے اطبا کو اُسکے واسطے نسخے لکھنے کا موقع نہ ملے۔ اس مقصد کو برلانے کی سب سے عمدہ تدبیر یہ ہے کہ جو کام ہمنے برضا و رغبت خود مصر مین اختیار کر لیا ہے اُسکو باستقلال اور ایمانداری اور خوبی کے ساتھ انجام دین۔ ابواب سابقہ مین وہ کام اور اُسکو انجام دینے کی سب سے عمدہ تدبیر بیان کی گئی لہذا اُسکا اعادہ کرنا بیکار ہے لیکن ایک امر ایسا ہے جسکی نسبت مجھکو چند کلمات عرض کرنا ضرور ہے۔ وہ امر یہ ہے کہ مصر مین انگریزون کو رہنا مدت مدید تک ضرور ہے سابق مین بیان کیا گیا کہ خود اہل مصر کے فائدہ کی نظر سے دیکھا جاے تو بھی فوج انگریزی کا اور چند مدت وہان رہنا اولیٰ و انسب ہے۔ لیکن کلام اسمین ہے کہ خود ہمارے اغراض کا کیا مقتضی ہے بعض مستند القول اشخاص نے فرمایا ہے کہ مصر مین زیادہ رہنے سے ہم لوگ اپنے تئین ایک مہلکۂ عظیم مین ڈال رہے ہین اسواسطے کہ قرائن سے معلوم ہوتا ہے کہ مشرقی مسئلہ مین سال آئندہ پھر چھیڑ چھاڑ شروع ہو گی اور اگر ایسا ہوا تو مصر کی سرزمین مین ہماری فوج کا موجود ہونا ہماری ملکی کارروائی مین حارج ہوگا جو حضرات یہ دلیل پیش کرتے ہین میرے نزدیک امور سیاست مین اُنکی سمجھ بڑی بھونڈی ہے فرض کیا کہ ہنوز ہماری

فوج مصر سے برخاست نہ ہوئی ہو کہ یورپ کے جنوب و مشرق مین بڑے بڑے جھگڑے پیدا ہون اور مشرقی مسئلہ مین پھر چھیڑ چھاڑ شروع ہوجاے اور یورپ کی سلطنتین جزیرہ نماے بلقان کے حدود آراضی کو جسطرح چاہین درست کرین یا اور جو تغیرات مناسب سمجھین عمل لائین مگر مصر ہمارے قبضہ مین رہے تو پھر ہمکو کیا غم ہے اور کسکی پروا ہے۔ دلیل مذکورۂ بالا سے مجھکو یہ ثابت کرنا نہین منظور ہے کہ ابھی ہماری فوج کو مدت تک مصر سے قبل از وقت برخاست کرلیجاے۔

اگر دولت عثمانیہ مین فی الحقیقت فسادات عظیم برپا ہونیکا اندیشہ ہے تو خدا کرے وہ فسادات اس زمانہ مین برپا ہون جبکہ مصر فوج انگریزی کی حفاظت وحراست ہو۔

مجھکو امید ہے کہ تقریر مذکورۂ بالا مین مین نے یہ امر خوب ثابت کردیا ہے کہ ہمارے اغراض اور ہمارے فرض دونون کا مقتضی یہ ہے کہ جو کار خیر ہمنے مصر مین شروع کیا ہے اسے انجام کو پہونچائین۔ انگلستان اور مصر دونون کا فائدہ اسمین متصور ہے کہ مصر مین ایسا مضبوط ومستحکم انتظام کیا جاے کہ اس ملک کے لوگون کو مدت تک امن وعافیت کی نعمت حاصل رہے۔ لیکن کلام اسمین ہے کہ انتظام جدید کی بناڈالنے کے بعد ہمکو کیا کرنا چاہیے کیا ہمکو یہ لازم ہے کہ اس ملک کو تقدیر پر اور اسکی راے پر چھوڑدین یا یہ کہ جو اقتدار عظیم ہمکو القاہرہ مین اب حاصل ہے اسکو بدستور باقی رکھین۔

اس امر کا فیصلہ فوراً کرنا چاہیئے اسواسطےکہ اسکا فیصلہ صرف ہماری آیندہ ہی کی حکمت عملی پر موثر نہوگا بلکہ ہمارے حال کی کارروائی پر بھی موثر ہوگا۔

جن لوگون نے اس امر کو بدیہیات کے قبیل سے قرار دے لیا ہے کہ گورنمنٹ انگلشیہ کا اقتدار ربع مسکون کے ہر حصہ مین باقی اور قائم رکھنا بلکہ اسکو اور زیادہ کردینا لازم ہے البتہ انکو تو اس سوال کا جواب دینا بہت آسان ہے مگر مین خود اس قول کا قائل نہین

ہوں اور ناظرین کی نسبت بھی یہ قیاس کرنا مقتضی انصاف ہے کہ وہ اس قول باطل کے ہرگز نہیں قائل ہیں۔ لہذا اس نفس مسئلہ کی تحقیق اُسکے نتائج عقلی اور فوائد عملی کے اعتبار سے کیجاتی ہے۔ اگرچہ بادی النظر میں یہ مسئلہ کسیقدر پیچیدہ ہے اور فرض سے متعلق ہے مگر یہ ایک نہایت آسان امر واقعی کے پیرایہ میں بیان ہوسکتا ہے۔ وہ امر واقعی یہ ہے کہ آیا کچھ ملکی اور تجارتی اغراض ہمارے مصر سے متعلق ہیں یا نہیں ہیں۔ اسی آسان پیرایہ میں میں اس مسئلہ پر بحث کرنا پسند کرتا ہوں۔

سب سے پہلے تو میں ایسا دعوے کرتا ہوں جسکا انکار کوئی نہیں کرسکتا۔ وہ یہ ہے کہ وہ آبی ملک اور وادی نیل میں ہمارے کسی قسم کے صریح اغراض ایسے نہیں ہیں جنکی حفاظت ضروری سمجھی جاسکے کہ بڑے بڑے ملکی جھگڑوں کو اسلیے گوارا کریں کہ ہمارا اقتدار اسکا ہمیشہ علی الدوام قائم رہے یعنے ہمارے اغراض ایسے نہیں ہیں جنکا مقتضی یہ تھا کہ ہم اور ویسی تجارت کو موقوف کردیا اور اس وجہ سے فرانس کو ناحق رنجیدہ کردیا اسمیں شک نہیں ہے کہ ایک جزو کثیر مصر کے قومی قرضہ کا انگریزوں کے قبضہ میں ہے اور ایک حصہ عظیم مصر کی تجارت کا انگلستان میں جاتا ہے لیکن اگر ہمارا مقصد یہی ہے کہ جو مال ہمسے ... قرض لیا ہے یا ہمسے تجارت کا سلسلہ جاری رکھے اسمیں ہمارا ملکی اقتدار باقی رکھا جائے تو پھر مصر پر کیا منحصر ہے ساری دنیا میں ہمارا قبضہ سمجھنا چاہیے پس اگر صرف وہ آبی ملک اور وادی نیل ہی مصر میں داخل ہوتا تو ہمکو یہ امر جائز ہوجاتا کہ مصریوں کو اُنکی تقدیر اور اُنکے حال پر چھوڑ دیتے کہ جو چاہیں کریں اور جس طرح انکے جی چاہے ہمکو غرض نہیں مگر مصیبت یہ ہے کہ مصر کے حدود اراضی میں وہ لق ودق ریگستان بھی داخل ہے جسکے ایک حصہ میں نہر سویز جاری ہے اور نہر سویز ہی سے ہماری آمدورفت کا رستہ ہندوستان اور اور مشرقی ملکوں سے ہے اسکا نتیجہ ضروری یہ ہے کہ جس زمانہ میں لڑائی چھڑ جائے نہ کہ ہم تب تو مصر کی گورنمنٹ کو حملہ اور متعلقہ نہر سویز کے نقصان میں مداخلت تامہ پہنچتی ہے

اگر یورپ کو کبھی لڑائی ہوتی ہے تو جس سلطنت کے اختیار مین مصر کی فوج ہوتی ہے وہی
نہر سویز کی حاکم بنجاتی ہے اور نہر سویز سے قریب تر کوئی راستہ ہماری مشرقی عملداری کا
نہین ہے پچیس برس سے زیادہ عرصہ گذرا ہے جبکہ لارڈ پامرسٹن صاحب وزیر اعظم
انگلستان نے پیشین گوئی کی تھی کہ اگر کوئی دریا کا راستہ درمیان خلیج پلوسیم اور بحر احمر کے
نکالا جائے تو انگلستان کو امروز و فردا مصر اپنی عملداری مین مجبوری شامل کر لینا پڑیگا اور
چونکہ لارڈ صاحب موصوف کی رائے مین دنیا کے اس حصہ مین (مصر) انگریزی عملداری کا
ہونا مناسب نہ تھا لہذا انھون نے ایم ڈی لیسپس کی تجویز کی تردید بڑے زور و شور سے
کی۔ مگر انکی تردید مؤثر نہوئی اور نہر سویز بنائی گئی جسکا نتیجہ اب یہ ہوا ہے کہ جس امر کا احتمال
لارڈ صاحب موصوف کو تھا اور جسکی تردید انھون نے کی تھی وہ عنقریب پیش آنے والا ہے
اب تک تو ہمارا مصمم ارادہ یہی ہے کہ حتی الامکان مصر کو اپنی عملداری مین نہ شامل
کرین مگر ہمارا قصد حتمی یہ بھی ہے کہ اور کسی یورپ کے بادشاہ کی عملداری مصر مین ہونے نہ دین
اور القاہرہ مین کسی قوم کا اقتدار اپنی قوم کے اختیار سے زیادہ ہونے دین۔ مین
یہ دعوے نہین کرسکتا کہ ہماری فوج کے برخاست ہونے کے بعد کیا تغیر ہو اس بات کی
ہوسکتی ہے کہ ہمارے اس منشا کو یورپ کی ہر سلطنت بخوشی خاطر کرے جتنا کہ اندیشہ ہے
کہ جیسا عموماً خیال کیا جاتا ہے اس سے زیادہ وقت اس کام مین لگیگی۔ ایک لائق
و فائق روسی مصنف نے اپنی کتاب مین لکھا ہے کہ انگلستان اور مصر مین آیندہ شاید
اسی قسم کے تعلقات ہوجائینگے جیسے تعلقات بالفعل روس اور بلگیریا (ولایت بلغاریہ) مین
ہین۔ خدا کرے ایسا ہی ہو مگر مجھکو ہرگز یقین نہین ہے کہ ایسا ہوگا کیونکہ ان دونون
صورتون مین بظاہر تو مشابہت تامہ ہے مگر نفس الامر مین مغایرت بہت ہے کیونکہ روس
جو اقتدار بلگیریا مین حاصل ہے وہ اتحاد قوم اور اتحاد مذہب پر مبنی ہے اور اس امر پر
موقوف ہے کہ بلگیریا کے لوگ زار روس سے نہایت حسن ظن رکھتے ہین اور یہ سمجھتے ہین

کہ اسی کی بدولت ہمنے ترکون کی ظالمانہ حکومت سے نجات پائی ہے اور اسکو ہماری حفاظت کا ہمیشہ خیال رہتا ہے اور آیندہ اسکی حمایت ہمارے حق مین بہت مفید ہوگی۔ مگر مصر مین گورنمنٹ انگلشیہ کا اقتدار کسی ایسی وسیع اور مستحکم بنیاد پر نہین قائم ہے اور اسمین اخلاقی اور ملکی خیالات کو کچھ دخل نہین ہے۔ کیونکہ مصر کی خلقت ہمکو ہمیشہ کافر سمجھیگی اور یہ خیال کریگی کہ اس قوم (انگریز) سے ہمکو نہ امید نفع ہے نہ خوف ضرر۔ اور عہدہ داران سرکاری یعنے تعلیم یافتہ فرقون کے لوگ ہماری مخالفت اس وجہ سے کرینگے کہ ہماری بدولت وہ اپنے ماتحتون پر ظلم و تعدی نہین کر سکتے اور انکی رشوت ستانی اور حرام خوری بھی ہمارے طفیل سے کم ہو گئی ہے اب ہم یہ تدبیر کر رہے ہین کہ مصریون کو اپنے اوپر آپ حکمرانی کرنیکی لیاقت آگئی تو ایک تازہ قومی فریق سے ہمکو مقابلہ کرنا پڑیگا جو نظارت انگریزی پر حملہ کر کے عوام الناس کو اپنے موافق کر لیگا۔ اور اگر مصریون مین اپنے امور کا خود انتظام کرنے کی لیاقت نہ آئیگی تو غالباً کوئی ایسا ہنگامہ برپا ہو جائیگا کہ غیر ملک والون کو دست اندازی کرنے کا حیلہ ہاتھ لگیگا۔ اور یہ بھی ہمکو ہمیشہ یاد رکھنا چاہیے کہ جب ہماری فوج مصر سے برخاست کر لی جائیگی تو پھر غالباً اس ملک کے معاملات مین ہم اکیلے دست اندازی نہ کرنے پائینگے کیونکہ فرانس غالباً دوبارہ وہ غلطی نکریگا جو سال گذشتہ اسنے کی تھی اور جسپر وہ ابتک کف افسوس مل رہا ہے۔ ۵۱۱

پس ہمکو دو مکروہ باتون مین سے ایک بات کرنی پڑیگی۔ اس صورت مین فرانس ہمیشہ اس تاک مین رہیگا کہ انھین کی تحریک سے دو رویہ نظارت موقوف ہوئی ہے لہذا اب انسے اسکا انتقام لینے کا موقع ہے۔ یا ہمکو یہ بات کرنی پڑیگی کہ جو رتبہ اب ہمکو حاصل ہے وہ فرانس کو حاصل کرنے دین اور ایک غیر سلطنت کو نہر سویز کا مالک و مختار بنا دین جو ہندوستان کی آمد و رفت کے سلسلہ کا جزو اعظم ہے۔

عمل میں بعض انگریز اپنے دل مین سوچ رہے ہین کہ آیندہ ایسا سانحہ ہونے والا ہے بلکہ بعض دور اندیش آدمی تو گورنمنٹ کو حفظ ما تقدم کی صلاح دے رہے ہین ہم ولن کے اعتبار سے تو یہ شورہ نہایت درست او ربجا ہے مگر اس بات کا خیال رکھنا بھی ضرور ہے کہ جس چیز کا تقدم بالحفظ کرنا ہمکو منظور ہے وہ نفس الامر مین ہماری ہے یا نہین ہے۔ افسوس ہے کہ بعض اوقات اسی امر سے چشم پوشی کیجاتی ہے مثلاً چند ہی مدت گذری ہے کہ ایک جلیل القدر صاحب کو ہمنے وہ مسائل علانیہ بیان کرتے سُنا ہے جنکو اگر تیرھوین صدی عیسوی مین چنگیز خان کا سفیر بیان کرتا تو اسکو زیبا تھا مگر جنکی توقع آج کل کے پابند قانون انگریزون سے نہین ہوسکتی ہے۔ صاحب موصوف نے بے تکلف ارشاد کیا کہ ہمنے مصر کو فتح کیا ہے اور فتح سے ہمکو یہ حق حاصل ہو گیا ہے کہ نہر سویز کو جو چاہین کرین کیونکہ وہ نہر مصر ہی کی عملداری مین تو جاری ہے۔ اُنکے اُس ارشاد سے یہ معلوم ہوتا تھا کہ گویا یورپ کی سلطنتون کی اجازت ضمنی سے ہمنے مصر مین اس غرض سے دخل و تصرف کیا ہے کہ خوانین و سلاطین تاتاریہ کے عہد دولت مین جس قانون کے موافق مختلف قومین باہم برتاؤ کرتی تھین اس قانون کے اصول پارینہ اب دوبارہ جاری کیے جائین البتہ گورنمنٹ انگلشیہ نے مصر کے مقدمہ مین اس تحکمانہ اور نادرشاہانہ راے کو تو نہین قبول فرمایا مگر گورنمنٹ مذکورہ نے یہ خیال کیا کہ جو اقتدار جائز ہمکو مصر مین حاصل ہو گیا ہے اگر وہ اعتدال کے ساتھ عمل مین لایا جاے تو نہر سویز کا جھگڑا پاک ہو جاے اور کسی کی حق تلفی اور دلشکنی بھی نہو پس اس غرض سے اُسنے ایم ڈی لیسیپس سے بحیثیت قائم مقام کمپنی مہتمم نہر سویز اس معاملہ مین گفتگو شروع کی۔

جو شرطیہ قول و قرار اس معاملہ مین ایم ڈی لیسیپس سے ہوا اسکی کیفیت سنکر انگلستان کی خلقت ایسی فروختہ خاطر اور چراغ پا ہوئی کہ گورنمنٹ نے براہ دانشمندی اس گفتگو کو قطع کیا اور جب تک خلائق کی آشفتگی کم نہین ہوئی اسوقت تک یہ مقدمہ یونہین پڑا رہا

مجھکو ہرگز یہ یقین نہین ہے کہ انگلستان کی خلقت ابھی اس قابل ہے کہ بغیر نفسانیت اور بلا رو رعایت اس معاملہ مین غور کر سکے لہذا مین اسپر زیادہ بحث نکرونگا۔ مگر مین چند عمل پذیر امور جو میرے نزدیک توجہ طلب ہین بکمال ادب عرض کرتا ہون۔

اولاً تو مین یہ گزارش کرتا ہون کہ جابرانہ کارروائی سے پرہیز کرنا اور جملہ حقوق جائز کا لحاظ کامل رکھنا صرف ہمپر فرض ہی نہین ہے بلکہ ہمارا فائدہ بھی اسی مین ہے برلین کی کانفرنس مین جو یورپ کی سلطنتون نے ہمکو پوری آزادی فعل بخشی تھی تو یہی سمجھکر بخشی تھی کہ ہم جو فعل کرینگے ایسی ایمانداری سے کرینگے جیسا ہماری قوم (انگریز) کا دستور ہے پس ہمکو کسیقدر یقین اس امر کا ہو سکتا ہے کہ اگر ہمارے کردار سے تصدیق اس قیاس کی نہ ہوئی جو یورپ کی سلطنتون نے ہماری نسبت کیا تھا تو انہین سے چند سلطنتین باہم اتفاق کرکے مصر مین ہماری زندگی تلخ کردینگی۔ اگر ہم ٹھیک ٹھیک قانون کی پابندی کرین تو فرانس کی نازک مزاجی اور زود رنجی ہمارا کیا کر سکتی ہے اور اگر ہم کل یورپ کی تجارت کے ترقی خواہ بنین اور فقط انگلستان ہی کے اغراض کی تائید پر حصر نہ کردین تو سفیران یورپ اس جھگڑے کے طے کرنے مین ہماری اعانت و حمایت ضرور کرینگے۔ کیونکہ جب اہل یورپ کو یہ معلوم ہوگا کہ سب تجارت پیشہ قومون کی اغراض معرض خوف و خطر مین ہین تو ایک خاص کمپنی کے مخصوص حقوق کا خیال نہ کیا جائیگا بلکہ مصالح عامہ پر نظر کیجائیگی اور یہ امر بیشک عموماً تسلیم کیا جائیگا کہ جو قوم آمد و رفت کے محصول کا چارخمس ادا کرتی ہے اور سہم نہر مین تقریباً نصف حصون کی مالک ہے اسکی نسبت مقتضاے انصاف یہی ہے کہ اس مسئلہ کو حل کرنے مین اسکی راے غالب سمجھی جاے اس جھگڑے کو طے کرنے مین ہمکو یہ امر مد نظر رکھنا چاہیے کہ جہانتک ممکن ہو آمد و رفت کے نہایت وسیع ذرائع بہت کم خرچ سے پیدا کیے جائین اور کم خرچ و بالانشین کا نقشہ ہو۔ اگر ہم اس مقصد کو حاصل کرنے مین برابر کوشش کیے جائین تو ہماری یہ

کوشش صرف ہمارے نفع ذاتی پر محدود نہو گی بلکہ ساری دنیا کے فوائد پر حاوی ہوگی۔

جن صاحبون نے نہر سویز کی نسبت اُس شرطیہ قول و قرار کی گفتگو ایم ڈی لیسپس سے
کی تھی جسکی تکمیل ہونے باقی تھا غالبًا یہ مقصد اُنکے پیش نظر تھا اور یہ امر ضرور تسلیم کر لینا چاہیے
کہ اس قول و قرار کا ایک جزو اس مقصد کو حاصل کرنے کی بخوبی صلاحیت رکھتا تھا یعنے
یہ امر کہ جس زائد سرمایہ کی ضرورت ہے وہ ایک خفیف شرح سود یعنے سوا تین پونڈ سیکڑا
پر مہیا کیا جائیگا۔ مگر ساتھہی اسکے اُنھون نے تجارت کے فوائد اور عامۂ خلائق کے
اغراض سے نادانستہ چشم پوشی کی (کیونکہ اسباب تجارت کی آمد و رفت کے مصارف
آخر کو انھین لوگون پر عائد ہوتے ہین جو اُس اسباب کو اپنے استعمال مین لاتے ہین)
اسواسطے کہ اول تو اُنھون نے یہ امر منظور کر لیا کہ نہر سویز خاص کمپنی مہتمم کے اختیار مین
بلا شرکت غیر مدت تک رہے دوم اُنھون نے یہ امر قبول کر لیا کہ کمپنی مذکور اپنے
حصہ دارون کے فائدہ کے لیے ممالک یورپ کی اُس تجارت سے جو مشرقی ملکون سے
ہوتی ہے ایک خراج سالانہ لیا کرے جسکی تعداد برابر نصف اُس روپیہ کے ہو جو نہر سویز
کے بنانے مین صرف ہوا تھا۔ سیوم اُنھون نے نہر مذکور کا انتظام اُن یا کار اہل کارون
کے اختیار مین رکھا جو تجارت مین یقینًا خلل اندازی کرتے ہین اور جنکی نسبت
قوی شبہہ اس بات کا ہے کہ فرانس کے تجارتی جہازون کی عمدًا رعایت کرتے ہین
جس سے اور قومون کے جہازون کا نقصان ہوتا ہے۔ چہارم اُنھون نے تدارک
شاید اس امر کا نہین کیا کہ جو روپیہ گورنمنٹ انگلشیہ نے دیا ہے وہ جہانتک ممکن ہو
کفایت کے ساتھ خرچ کیا جاے اور اسطور سے صرف کیا جاے کہ حتی الامکان تجارت کو
فوائد کثیر حاصل ہون۔ اب اگر کوئی جدید قول و قرار اس معاملہ مین کیا جاے تو میری ۱۵
راے مین ان امور ضروریہ کا ضرور لحاظ رکھا جاے اسمین شک نہین ہے کہ اور امور بھی
اسیقدر توجہ طلب ہین لہذا ہماری گورنمنٹ کو مناسب ہے کہ ایم ڈی لیسپس سے دوبارہ

گفتگو شروع کرنے سے پیشتر اس مقدمہ مین استشارہ و استصواب نہ صرف اُن لوگون سے
کرے جو انگلستان کے اہل جہاز اور اصحاب تجارت ہین اہل الرائے سمجھے جاتے ہین
بلکہ اور ملکون کے ذی وقعت تجار سے بھی اس باب مین مشورہ طلب کرے - اس
معاملہ مین ہمارے اغراض اور قومون کے اغراض سے متحد ہین - پس ہمکو ساری دنیا پر
یہ ثابت کر دینا چاہیے کہ ممالک یورپ و مشرقی ملکون کے ذرائع آمد و رفت کی ترقی مین
جو ہم کوشش کر رہے ہین تو اسلیے کر رہے ہین کہ سب کو فائدہ ہو نہ اس غرض سے کہ فقط
ہمین کو نفع ہو - جو قوم (انگریز) تقریباً نصف سرمایہ نہر سویز کی حصہ دار ہے اگر وہ ایسی
تجویز پیش کرے جس سے اُسکے محصول مین جو بالفعل سنگین ہے بہت تخفیف ہو جاے
تو کیا خوب بات ہو اور جو حصہ دار ایسی فیاضانہ کارروائی کرے اُسکو یہ دعوی کرنا بجا ہے
کہ جسقدر دخل ہمکو نہر مذکور کے انتظام مین اب ہے اُس سے زیادہ ہونا چاہیے اور جو
حصہ دار ہمارے مانند مشرقی ملکون کی تجارت سے کوئی غرض صریحی نہین رکھتے ہین اور
جو یہ امر ثابت کر سکتے ہین کہ محصول مین کمی ہونے سے ہمارا بڑا نقصان ہوگا اُنکو ایک
رقم معقول بطور معاوضہ کے دینی چاہیے - چونکہ ہندستان کی خاطر ہم لڑائیون مین مبالغ خطیر
صرف کرنے کو ہمیشہ آمادہ رہتے ہین جیسا افغانستان کی لڑائی مین ہوا لہذا اگر ہم
اُس سے کم روپیہ ایسے مفید کام مین صرف کرین جس پر ہندوستان کی سرسبزی سراسر موقوف
ہے تو کیا بات ہے - اور اگر علاوہ ان سب امور کے ہم فرانس کی نازک مزاجی اور زودرنجی
کا بھی واجبی لحاظ رکھین اور اپنے افعال سے یہ امر ثابت کر دین کہ ہم یہ بات بھول
نہین گئے ہین کہ نہر سویز کے بانی مبانی اہل فرانس ہین اور باوجودیکہ انگریزون نے
بڑی مخالفت کی مگر اُنھون نے نہر مذکور کو بنا ہی لیا تو مجھکو کچھ شک نہین ہے کہ جو کوشش
ہم اسلیے کر رہے ہین کہ دنیا کی تجارت کو عام فائدہ ہو اُسمین ضرور کامیابی حاصل ہوگی
مسٹر ایڈورڈ ڈائسی نے جو مصر کے معاملات مین نہایت مستند القول ہین یہ تجویز پیش کی

پیش کی ہے کہ ہمکو لازم ہے کہ نہر سویز کو خرید لین تاکہ یہ دقتین جاتی رہین اور انھون نے یہ بات ثابت کردی ہے کہ تقریباً تیس کرور پونڈ کسی منفعت خیز طور سے صرف کرکے ہم نہر مذکور کو خرید سکتے ہین شاید انگلستان کے فوائد کے لحاظ سے تو یہ تجویز بہت عمدہ ہے مگر ہمکو یہ بھی تو یاد رکھنا واجب ہے کہ ایک ہماری ہی غرض نہر سویز سے متعلق نہین ہے اور اگر ہم ہمکو اپنے قبض و تصرف مین لانے کی کوشش بلیغ کرینگے تو فرانس پر کیا منحصر ہے یورپ کی سلطنتین مزاحمت شدید کرینگی۔ اسوجہ سے میری راے ہے کہ مسٹر اڈورڈ ڈیسی کی تجویز کو منظور کرنا مناسب نہین ہے بلکہ ہمکو لازم ہے کہ اپنے اغراض کو یورپ کے اغراض سے عموماً متحد کرلین۔

اسی قسم کی اور خیالی تدبیرین بھی بیان کی گئی ہین مثلاً یہ تجویز پیش ہوئی ہے کہ ساحل شام سے وادی دریاے یرون تک اور وہان سے خلیج عقبہ واقع بحر احمر تک ایک نہر جہازون کی آمد و رفت کے لیے کھودی جاے اول تو اس تجویز مین فن انجنیری سے متعلق ایسی ایسی دقتین ہین جنپر غور کامل کبھی نہین کیا گیا ہے علاوہ اسکے باب العالی سے اس تجویز کی مزاحمت شدید ہوگی اسواسطے کہ سلطان روم کو یہ خیال ہے کہ ایسی تجویز کو عمل مین لانے سے صوبۂ شام دولت عثمانیہ سے بہت جلد جدا ہو جائیگا شاید حضرت سلطان المعظم کا یہ اندیشہ بالکل بے اصل نہین ہے یعنے جس بات کا انکو خوف ہے اگر وہ وقوع مین آئے تو غالباً صوبۂ شام کو فرانس اپنی عملداری مین شامل کرلیگا اور ہمکو یہ دیکھکر کمال حسرت و افسوس ہوگا کہ ہمارا اپنا راستہ ہندوستان کو فرانس کی عملداری مین سے ہے ص ١٥

اور تجاویز بھی جنکا مضمون یہ ہے کہ ایک نہر آب شیرین کی جہازون کی آمد و رفت کے لیے اسکندریہ سے نہر سویز تک جاری کیجاے تجویز مذکورۂ بالا سے زیادہ عمل پذیر نہین ہین ایک بڑی لمبی نہر جسکے پانی کو روکنے کی تدبیرین خواہ مخواہ کرنی پڑینگی اور جسکو ایسے دریاے

قنارہین سے لیجایا پڑیگا جسمین ہمیشہ سیلاب آیا کرتا ہے اس مختصر نہر کا کیا مقابلہ کریگی جسمین اس قسم کے موانع وعوائق بالکل نہین ہین - یہ بیان کیا گیا ہے کہ بڑی نہر کو کام مین لانے سے جو تاخیر اور خوف اور خرچ ایاب وذہاب مین ہوگا اُسکا معاوضہ اسطور سے مل سکتا ہے کہ نئی آب شیرین کی نہر سے آبپاشی اور جہازرانی دونون کام لیے جائین اور جو جہاز اس نہر سے گذرینگے اُنکو یہ فائدہ ہوگا کہ اُنکے پیندے آب شیرین کی رگڑ سے صاف ہوجایا کرینگے - میرے نزدیک یہ سب فوائد محض خیالی ہین کیونکہ جو نہر آبپاشی کے لیے بنائی جاے اُسکا مقابلہ اُس نہر سے ہرگز نہین ہوسکتا جو جہازرانی کیواسطے بنائی جاے اور جو لوگ اِن دونون کے ملالینے کی کوشش کرینگے غالبًا اُنکو یہ مثل پیش آئیگی کہ چوبے جی چھبے ہونے کو گئے تھے دوبے رہگئے - اب رہا یہ امر کہ جہازون کے پیندے آب شیرین سے صاف ہوجایا کرینگے جسپر اس تجویز کے حامیون نے بڑا زور دیا ہے سو اسکی نسبت مجھسے معتبر اشخاص نے فرمایا ہے کہ جو دودکش جہاز مشرقی ملکون مین تجارت کی غرض سے بھیجے جاتے ہین اُنکے پیندے ایک ہی سفر مین نہین خراب ہوجاتے ہین اور اگر وہ میلے ہو بھی جائین تو آب شیرین کی نہر سے صاف نہین ہوسکتے -

ابھی مجھکو اُن لوگون کا جواب دینا باقی ہے جو گورنمنٹ انگلشیہ سے یہ عرض کرتے ہین کہ ایم ڈی لیسپس کو جو نہر سویز سے ٹھیکہ کا دعوی ہے قانونًا دیکھا جاے کہ آیا وہ دعوی جائز ہے یا ناجائز - مجھکو اس امر کا فیصلہ کرنے کی ضرورت نہین ہے کہ آیا ایم ڈی لیسپس یا کمپنی یونیورسل نفس الامر مین یہ حق بلاشرکت غیر رکھتی ہے کہ خاکناے سویز مین ایک نہر کھودے - بلکہ جس عملی مسئلہ پر ہمکو غور کرنا لازم ہے وہ یہ ہے کہ آیا کوئی عدالت ذی اختیار یہ امر تجویز کریگی کہ نہر موجودہ کے قریب ہم ایک نئی نہر کھودنے کا حق رکھتے ہین اسمین کچھ شک وشبہہ نہین ہے کہ اس مقدمہ کی تحقیقات مصر کی مختلف القوم عدالتون مین ہوگی جنمین فرانسیسیون کا غلبہ ہے اور جب اُن عدالتون مین فرانسیسیون کی

غلبہ ہوا تو پھر ہمکو اُنسے یہ توقع کیونکر ہوسکتی ہے کہ اُس امر قانونی کا فیصلہ ہمارے موافق
کرینگے جسکا فیصلہ خود ہمارے ملک کی عدالتین ہمارے خلاف کر چکی ہین۔ پس اس مضمون کو
چاہے جس نظر سے دیکھیے بہرکیف مناسب یہی معلوم ہوتا ہے کہ کمپنی موجودہ سے
دوستانہ معاملہ کر لینے کی کوشش کیجاے اور کمپنی مذکور کو بھی اپنے فوائد پر نظر کر کے لازم
ہے کہ ہمسے کچھ دب کر معاملہ کرے کیونکہ اگر وہ ہمکو اپنی مخالفت پر آمادہ کریگی تو اُسکا یہ
نقشہ ہو جائیگا کہ دھوبی کا کتا نہ گھر کا نہ گھاٹ کا۔ اگرچہ جو فرمان شاہی اور قواعد اُسکے پاس
ہین اُنسے متاجری بلاشرکت غیر نکلتی ہے مگر دوسری نہر کھودنے کا حق نہین ثابت ہوتا اور
دوسری نہر کھودنے کی رعایت اُسکے ساتھ بے ہماری منظوری کے نہین ہوسکتی۔ پس کیا
ہمکو بعض اشخاص کے اس مشورہ پر عمل کرنا نہین لازم ہے کہ اس معاملہ مین اسوقت تک
توقف کیا جاے جب تک ایم ڈی لیسپس اپنے عہدہ سے استعفا دیکر چلے جائین۔ میرے
نزدیک یہ مناسب نہین ہے کیونکہ نہر سویز کی نسبت جو تحریرات اور قواعد ہین اگرچہ اُنکے
ظاہر و باطن اور منشا اور عبارت پر نظر کر کے کمپنی مذکور کا پریسیڈنٹ بجاے صاحب
موصوف کے کوئی انگریز مقرر ہوسکتا ہے جو ہمارے مقاصد کی ضرور تائید کریگا تاہم اُسکو
حصہ داروں سے وہ رسوخ نہ حاصل ہوگا جو ایم ڈی لیسپس کو حاصل ہے اور یہ امر تسلیم کر لینا
ضرور ہے کہ صاحب موصوف مین اکثر وہ لیاقتین موجود ہین جو اس معاملہ کو لائق اطمینان
طور سے انجام دینے کے لیے درکار ہین۔ وہ ایک روشن ضمیر اور وسیع النظر آدمی ہین اور مطالب
عالی کو طمع زر پر ہمیشہ مقدم رکھتے ہین اور جہانتک اُنکی طمع ذاتی متعلق ہے وہانتک تو یہی
چاہینگے کہ اخلاف و آیندگان مین حاتم کہلائین نہ قارون مشہور ہون اور ایک دوسری نہر
کھودکر اپنے کار عظیم کی تکمیل کرنا زیادہ تر اُنکی مسرت کا باعث ہوگا بہ نسبت اسکے کہ نہر موجودہ
کی منفعت مین کچھ افزونی ہو۔ لہذا اُنکو مطمئن رہنا چاہیے کہ اپنے حتی المقدور موجودہ حقوق کو
رفع کرنے مین وہ کوئی دقیقہ فرو گذاشت نکرینگے بحیثیت پریسیڈنٹ اُنکو یہ بھی واجب ہے کہ اس

معاملہ مین انگریزون کو بالکل قابض و متصرف ہونے دین - مگر جو سوچ کا مادہ رکھتے
ہین انکو یقین ہے کہ انکے کام مین لاگ انکو اس بات پر آمادہ کرینگے کہ اسکی تنظیم کو پورا کرنے
کے لیے کچھ روپیہ کا نقصان بلکہ کچھ قومی آبرو کا نقصان بھی گوارا کرین - البتہ یہ معاملہ
ایسا نازک ہے جسمین زیادہ اصرار کرنا خلاف عقل ہے مگر مجھے امید ہے کہ مین نے یہ امر بخوبی
ثابت کر دیا ہے کہ جو لوگ اس معاملہ مین گفتگو کر رہے ہین انکے نتیجہ مین بہت اچھی
بازی ہے بشرطیکہ وہ خوب سوچ کر پتے پھینکین -

یہانتک تو ہمنے نہر سویز کا ذکر اپنی حیثیت سے کیا ہے کہ وہ بڑا معبر یعنے شاہراہ
تجارت کی ہے - مگر ناظرین یہ گمان نکرین کہ مین نے اس امر سے چشم پوشی کی ہے فصل ۵
کہ فوج کی آمد و رفت کے اعتبار سے بھی نہر سویز ہمارے حق مین اکسیر اعظم ہے - اگر
مین اس مضمون مین طول دینا نہین چاہتا تو صرف اسوجہ سے کہ مین اہل قلم ہون
اہل سیف نہین ہون کہ فوجی معاملہ مین راے دون اور نیز اسوجہ سے کہ میرے
نزدیک اس مقدمہ مین اس مصرع پر عمل کرنا چاہیے کہ ع گر سو رہا ہو فتنہ جگانا نچاہیے ؎
جب تک سمندر ہمارے قبضہ مین رہیگا اور ہم مصر مین کسی اور سلطنت کی دال نہ گلنے
دینگے اسوقت تک تو لڑائی کے زمانہ مین نہر سویز مین ہمارا ہی ڈنکا بجیگا اور لطف
یہ ہے کہ جو لوگ تجارت صلح مین ہمسے کسی کے شریک ہونگے انکے حقوق و اغراض مین
بھی کچھ دست اندازی نہ لازم آئیگی - جو حضرات اس قانون کی عملیت کا دعوے
رکھتے ہین جو ایک قوم کو دوسری قوم کی نسبت برتنا چاہیے شاید وہ اپنی لیاقت کو
صرف کرکے چند پیچیدہ سوالات بین السلطنتین کی ہدایت کے لیے بنائین جنکی نسبت
گمان ہے کہ نہر سویز مین پیش آئینگے مگر مجھے نہین معلوم ہے کہ ایسے سوالات سے انکو کیا
فائدہ ہوگا بلکہ مجھکو گمان ہے کہ ان سوالات کی بدولت ایسی قیدین لگجائینگی کہ لوگون کا
ناک مین دم ہو جائیگا اور ممکن ہے کہ ایسا ہو کہ جنگ کے وقت مین تو ہم کو فوراً چست کارروائی

کرنی پڑے پس اس احتمال پر نظر کرکے نہایت مناسب ہوگا کہ جو قیود اس قانون کی بدولت
جو قومون کو باہم ترپنا چاہیے ہمیشہ جائز ہون حتی الامکان وہ بہت ملائم ہون

اب میری عرض ناظرین کی خدمت مین یہ ہے کہ یہانتک تو آپنے میرا خوب
ساتھ دیا لیکن اب خدا حافظ۔ بندہ رخصت ہوتا ہے۔ کیونکہ مین اپنے سفر کی انتہا تک
پہونچ چکا اور جب مین مشرقی مسئلہ کی اور شقون کی تحقیق کرونگا تب انشاء اللہ ناظرین
سے پھر ملاقات ہوگی۔ اگر طول مخل اور اطناب ممل میری تحریر مین ہوا ہو یا کوئی گستاخی
مجھسے ہوگئی ہو تو ناظرین اسکو تحمل فرمائین۔ اگر مین نے سہواً کوئی راے لکھی ہے مگر
اسکے وجوہ کافی اور دلائل وافی نہین بیان کیے ہین تو اُس راے کو کالعدم تصور
فرمائیے کیونکہ مین مسلم الثبوت اور مستند القول ہونے کا مدعی نہین ہون۔ مگر جو
دلائل مین نے بیان کیے ہین اُنکو نظر غور سے اور بار بار بہ نہایت ملاحظہ کیجیے گا
مجھکو اس بات کی آرزو ہے کہ مشرقی مسئلہ کی پیچیدہ راہون مین انگشت شہادت
اُٹھا کر صرف اتنا اشارہ کرون کہ دیکھو ہماری قومی عزت اور قومی اغراض کا راستہ
وہ سامنے دکھائی دیتا ہے۔ اگر یہ ذرا ہی سا کام مجھسے بن پڑا ہو تو خیر مین نے
بھر پایا اور میری محنت سوارت ہوئی فقط

# فرہنگ الفاظ و اصطلاحات انگریزی تحفہ مصریہ

**دشت لیبیا**- ایک نہایت وسیع اور ہولناک ریگستان کا نام ہے جو حوالی مصر میں واقع ہے

**لیوانٹ** اُس ملک کا نام ہے جو صوبہ شام کے مغرب میں ساحل بحیرۂ روم پر واقع ہے-

**مَرُیُوتس- ابوقیر- ادکو- بُرلوس- منزلہ**- اُن جھیلون کا نام ہے جو دوآبہ

مصر میں واقع ہیں اور جنکا پانی کھاری ہے-

**اناٹولیا**- ملک شام کے مغرب مین ایک صوبہ کا نام ہے-

**براری** جمع برکی ہے جسکے معنی خشکی ہین- براری دوآبہ مصر کے اُس حصہ کا نام ہے

جسمین ترائیان اور نرکل کا جنگل کثرت سے ہے-

**آسٹریلیا**- چند وسیع جزائر کا نام ہے جو بحرالکاہل مین واقع ہے اور ممالک نو آباد کے

نام سے مشہور ہین اور جنمین انگریزی عملداری ہے منجملہ اُنکے **تسمینیا- نیوزیلینڈ**-

**نیوگینی**- بہت وسیع اور مشہور جزیرے ہین-

**رسوطہ- دمیاط- قنہ- طنطہ- بندر سعید- اسیوط**- یہ سب مشہور و معروف

شہر اور قصبے ملک مصر مین ہین- اور **قفر الدوار قفر سلیمان بدرشین** وغیرہ

مصر کے مشہور دیہات کا نام ہے-

**ممفیس**- یہ ایک نہایت قدیم شہر مصر مین تھا جسکے حیرت انگیز آثار و علامات اب تک باقی ہین

**مردنیہ اور قبطی**- یہ دو نہایت قدیم قومین عیسائیون کی مصر مین اب تک موجود ہین

علی الخصوص قبطی ایک مشہور و معروف قوم ہے جو حضرت موسیٰ کے وقت سے اب تک چلی آتی ہے

**فراعنہ**- فرعون کی جمع ہے اور مصر کے قدیم بادشاہون کا لقب ہے-

**بطلیموس** - مصر کے قدیم پادشاہون کے ایک خاندان کا نام ہے جو بڑے ذی علم اور علم دوست تھے اور جنھون نے ایک نہایت عظیم الشان کتب خانہ اسکندریہ مین قائم کیا تھا جو علوم قدیمہ علی الخصوص علوم یونان کا مخزن تھا - یہ یادگار کتب خانہ خلیفہ ثانی کے عہد مین جلا دیا گیا علم ہیئت اور نجوم قدیم جو نظام بطلیموسی کے لقب سے مشہور ہے اور مسلمانون مین اب تک جاری ہے اُسکا بانی انھین مین سے ایک بادشاہ ہوا تھا -

**سَرکاشین** - صوبہ سرکاشیا کے باشندون کا نام ہے اور سرکاشیا ایک صوبہ دامن کوہ قاف مین ہے -

**مملوک جمع ممالیک** - یہ اُس قوم کا نام ہے جو محمد علی پاشا بانی سلطنت خدیویہ کے عہد کے پیشتر مصر مین حاکم و فرمانروا تھے اور جبکا استیصال پاشائے موصوف کے عہد مین اور اُسکے جد و جہد سے ہوا -

**قومی فریق** نیشنل پارٹی کا ترجمہ ہے - یہ اُس فریق کا لقب ہے جسنے عربی پاشا کا ساتھ دیا اور خدیو سے بغاوت کی -

**دورویہ نظارت** - یہ ڈیوال کنٹرول کا ترجمہ ہے - اس سے وہ کونسل مراد ہے جو حسب تجویز وزرائے انگلستان و فرانس اسلیے مقرر ہوے تھے کہ مصر کے انتظامات اور معاملات کی نگرانی کیا کرے اور جسکے دو ممبر تھے - ایک انگریز اور ایک فرانسیسی - گورنمنٹ انگلشیہ کیطرف سے سَر اکلینڈ کالون صاحب بہادر کونسل مذکور کے ممبر تھے -

**قانون ادائے قرضہ** - یہ لیکوی ڈیشن لا کا ترجمہ ہے - یہ قانون منجانب پادشاہان یورپ مصر کے قومی یعنی سرکاری قرضہ کے ادا کرنے کے باب مین جاری ہوا تھا

**مجلس صنادید** - یہ چیمبر آف ڈپٹیاس کا ترجمہ ہے جسکو مصر کی پارلیمنٹ کہہ سکتے ہین -

**مختلف القوم عدالتین** - یہ انٹرنیشنل ٹریبونلس کا ترجمہ ہے - اور اس سے

مراد وہ عدالتین ہین جنہین جج اہل یورپ ہین اور جو خاص اس غرض سے مصر مین مقرر ہوے ہین کہ یورپ کی قومین جو مصر مین آتی جاتی ہین یا وہان مقیم ہین اُنکی نالشات کی تحقیقات اور فیصلہ کیا کرین۔

**کمپنی مہتمم نہر سویز**۔ یہ کمپنی یونیورسیل کا ترجمہ ہے۔ اسی کمپنی کے اہتمام سے نہر سویز کھودی گئی تھی اور اُسکے پریسیڈنٹ ایم ڈی لیسپس صاحب تھے جو ایک نہایت لائق و فائق اور تجربہ کار اور مشہور و معروف فرانسیسی ہین۔

**مشرقی مسئلہ**۔ یہ ایسٹرن کویسچن کا ترجمہ ہے۔ اس سے مراد وہ جھگڑا ہے جو بادشاہان یورپ مین دولت عثمانیہ یعنی سلطنت روم اور اُسکے مضافات و متعلقات کے نسبت مدتہاے مدید سے ہوتا چلا آیا ہے۔

**دولت عثمانیہ**۔ یہ ٹرکی یا اوٹمان پاور کا ترجمہ ہے۔ اور اس سے مراد ممالک محروسہ حضرت سلطان روم خلد اللہ ملکہ ہین۔

**اہرام مصریہ**۔ یہ پرمڈس کا ترجمہ ہے۔ یہ چند نہایت عالیشان وسیع البنیان بروج قدیم کا نام ہے جو مضافات القاہرہ دار الخلافت مصر مین واقع ہین۔ یہ برج مخروطی شکل کے ہین اور اُنسے بلند تر دنیا مین کوئی عمارت نہین ہے اور محققین یورپ کی تحقیق سے معلوم ہوا ہے کہ یہ فراعنہ مصر کے مقبرے ہین اور تعجب انگیز اور ہوش ربا امر یہ ہے کہ فراعنہ مصر کی لاشین ہزارہا برس کے بعد بالکل صحیح و سالم صندوقون مین بند ان مقبرون سے اب برآمد ہوئی ہین۔ نہین معلوم کس غضب کا مصالح اُنمین ملایا تھا کہ ذرا بھی نہین سڑین گلین اور اب تک ہیئت کذائی باقی ہین گویا کل ہی دفن ہوئی تھین۔ ان برجون پر خط طغراے عجب قسم کا کندہ ہے یعنی جانورون اور درختون وغیرہ کی شکلین کندہ ہین اور تحقیق سے معلوم ہوا کہ مصر قدیم کے حروف تہجی یہی ہین کہ ہر چیز کا نام اُسکی صورت سے پہچانا جاتا ہے۔

**فلاحین**۔ فلاح کی جمع ہے۔ اور فلاح فلاحت سے مشتق ہے جسکے معنی زراعت ہین۔ لہذا فلاحین کے معنی مزارعین یعنی کسان ہوے۔

**انتظامی کمیٹیان**۔ یہ پولٹکل انسٹیٹیوشنس کا ترجمہ ہے۔ یہ لفظ انگریزی ایسا وسیع المعنی ہے کہ اسکا ٹھیک ترجمہ اردو مین نہین ہوسکتا۔ لیکن غیرحسب لفظ سے اسکا ترجمہ کیا گیا ہے اُس سے کچھ مطلب نکل آتا ہے۔ غرض یہ ہے کہ مصر کی رعایا کو اس قسم کی انتخابی کمیٹیون کے ذریعہ سے اپنے ملک کے انتظام مین دخل دیا جاے جس قسم کی انگلستان کی پارلیمنٹ ہے۔

**قرباش** ایک خاص قسم کا آلہ تعزیر مثل کوڑے کے ہے جس سے مجرمون وغیرہ کو مصر مین سزا دی جاتی ہے۔

**باشی بزوق**۔ سپاہ ترک کے ایک نہایت ظالم اور خونخوار فرقہ کا نام ہے

# تاریخ مصر

## فہرست مضامین بہ ترتیب حروف تہجی


| مضمون | صفحہ اردو | صفحہ انگریزی | مضمون | صفحہ اردو | صفحہ انگریزی |
|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | | | السیوط | ۲۳ | ۲۹ |
| اسکندریہ | ۳ | ۴ | ایشیائے کوچک | ۲۶ | ۳۲ |
| القاہرہ | ״ | ״ | ارامنہ | ״ | ״ |
| اہرام مصریہ | ۵ | ۵ | ایرین قوموں کا مذہب | ۳۲ | ۴۰ |
| افریقہ کا صحرائے پُرخطر | ۵ | ۶ | اہل فنشیہ | ۳۴ | ۴۲ |
| امراض وبائی | ۶ | ۷ | ایم ڈی لیسپس (بانی نہر سویز) | ۴۰ | ۵۰ |
| اہل یورپ | ۷ | ۹ | ارمنت | ۴۲ | ۵۱ |
| آسٹریلیا | ۸ | ۱۰ | آبشار اول | ۴۳ | ۵۳ |
| آب شیرین کی نہر | ״ | ״ | ابراہیم پاشا | ۴۸ | ۵۵ |
| العظمۃ للہ | ۹ | ۱۱ | اظہر یونیورسٹی | ۵۴ | ۶۷ |
| استنبول | ۱۴ | ۱۸ | اہل باطن یعنی مشائخ | ۵۵ | ۶۸ |
| آلام و اضرار جسمانی | ۱۵ | ۱۹ | انگریزی اور فرانسیسی فوج بحری | ۶۷ | ۸۳ |
| اثاث البیت | ۱۵ | ۲۰ | اظہار عزیمت جنگ | ۶۷ | ۸۳ |
| ارض مقدس گوشین | ۱۹ | ۲۵ | ایم گیمبیٹا مدار المہام سلطنت | | |
| امراض العین | ۲۳ | ۲۹ | جمہوری فرانس | ۶۸ | ۸۴ |

| مضمون | صفحہ اردو | صفحہ انگریزی | مضمون | صفحہ اردو | صفحہ انگریزی |
|---|---|---|---|---|---|
| ایم ڈی فرلینی | ۶۸ | ۸۴ | اضلاع متوسطہ (مصر کے) | ۲۰۲ | ۲۴۱ |
| ایم نلیڈا ف سفیر روس | ۷۸ | ۹۶ | ارضی ملحق السواقیہ | ۲۰۴ | ۲۴۳ |
| اغنا ثیف سرامد مدبران روس | ؍؍ | ؍؍ | آلہ مقیاس الحرارت | ۲۰۹ | ۱۴۸ |
| ارضی عشوری | ۱۰۴ | ۱۲۶ | آئرلینڈ | ۲۱۸ | ۲۵۹ |
| اسمعیل صادق مفتش | ۱۰۴ | ۱۲۷ | ایک عظیم الشان خدیوی تعلقہ | ۲۲۶ ۲۳۵ | ۲۷۸ |
| اسمعیل ایوب پاشا وزیر صیغہ | | | آلۂ عقوبت (قرباش) | ۲۴۵ | |
| داخلیہ | ۱۲۲ | ۱۴۸ | اراضیات غیر مزروعہ | ۲۶۵ | ۳۱۲ |
| اصحاب ثلثہ | ۱۲۹ | ۱۵۶ | ارضی خراجی | ۲۶۶ | ۳۱۲ |
| ارباب سیاست و اہل خبرت | ۱۳۲ | ۱۵۹ | ایم ڈی بلنیرس | ۲۸۷ | ۳۳۴ |
| انسپکٹران مدارس | ؍؍ | ؍؍ | اسمعیل پاشا کی شاندار آرائشیں | ۲۹۰ | ۲۳۷ |
| اصلاح امور معیشت و تہذیب اخلاق | ۱۳۴ | ۱۶۱ | ارضیات مشمولہ دائرہ سنیہ و | | |
| اختراع اور ترتیب کا مادہ | ۱۳۴ | ۱۶۲ | علاقجات خاندانی | ۳۰۱ | ۳۵۱ |
| افلاطون ان مع بقراط دوران | ۱۴۱ | ۱۷۰ | اطالیہ | ۳۲۱ | ۳۷۳ |
| انتظامی محکمے و انتظامی کمیٹیاں | ۱۴۲ | ۱۷۱ | اسٹیٹ سوشل ازم | ۳۴۷ | ۴۰۳ |
| احمد افندی (قاضی) | ۱۴۳ | ۱۷۳ | اخوان الصفا | ۳۵۴ | ۴۱۰ |
| انتخاب کنندے | ۱۷۰ | ۲۰۴ | اغیار | ؍؍ | ؍؍ |
| امیدواران انتخاب | ۱۸۰ | ۲۱۵ | امونیا | ۳۵۷ | ۴۱۳ |
| اسباب معیشت و طرز معاشرت | ۱۸۴ | ۲۲۰ | انتظام قدیم | ۳۵۸ | ۴۱۴ |
| آلۂ مقیاس النیل | ۱۹۴ | ۲۳۲ | اہل مشرق کی منطق دانی اکر | | |
| ارض کنعان | ۱۹۸ | ۲۳۷ | سیاست آزمائی | ۳۶۹ | ۴۲۸ |

| مضمون | صفحہ اردو | صفحہ انگریزی | مضمون | صفحہ اردو | صفحہ انگریزی |
|---|---|---|---|---|---|
| الغریق تتینیت بالحشیش | ۴۰۵ | ۴۲۰ | بلقیس ملکۂ شیبا | ۴۱ | ۵۰ |
| اہوان الیلیتین | ۴۰۷ | ۴۲۱ | باقاعدہ بیقاعدہ فہران فوج | ۵۰ | ۶۲ |
| ایم ڈی لاموت | ۴۱۲ | ۴۲۹ | باقاعدہ سلطنت اورفلاحین | | |
| انتخاب کنندوں کی جماعت | ۴۲۲ | ۴۳۹ | کی حکومت | ۵۵ | ۶۹ |
| انگشت شہادت | ۴۴۷ | ۵۲۱ | باب العالی (کنایہ از سلطان روم) | ۷۶ | ۹۳ |
| (ب) | | | برلن کانگرس | ۷۶ | ۹۴ |
| بداسلوب | ۲ | ۲ | بحر اسود | ۷۷ | ۹۴ |
| بخارات غلیظ | ۲ | ۳ | باسفورس (آبنائے) | ؍؍ | ۹۵ |
| بحیرۂ روم | ۳ | ۳ | باش کاتب | ۱۱۵ | |
| بندر سعید | ۳ | ۴ | بیروت | ۱۱۸ | |
| براری | ۵ | ۵ | بے | ۱۲۸ | ۱۵۶ |
| بنی اسرائیل | ۶ | ۷ | بطرس پاشا | ۱۳۳ | ۱۶۱ |
| بیت المقدس | ؍؍ | ؍؍ | بنی اسرائیل | ۱۴۶ | ۱۷۵ |
| بلاد مصر واقعۂ ساحل بحیرۂ روم | ۸ | ۹ | بیگار کا صیغہ | ۲۰۷ | ۲۴۶ |
| بحر قلزم | ۸ | ۱۰ | برلن کانگرس | ۳۲۱ | ۳۷۳ |
| بزرگان دیہ کی کونسل | ۱۸ | ۲۴ | بیگ پاشا | ۳۷۰ | ۴۲۹ |
| بدر نشین | ۲۱ | ۲۶ | بلوبک | ۳۷۱ | ۴۳۰ |
| بزرگان قوم قبطی | ۳۶ | ۴۵ | بیوپار کا قاعدہ | ۴۰۴ | ۴۹۶ |
| بطلیموس | ۳۸ | ۴۷ | بے قاعدہ زیادہ ستانیان | ۴۰۵ | ۴۷۰ |
| بحرالموت | ۳۹ | ۴۸ | برنج | ۲۲۱ | ۲۵۰ |

| مضمون | صفحہ اردو | صفحہ انگریزی |
|---|---|---|
| باشی بزوق (ترکی فوج) | ۲۵۴ | ۳۰۰ |
| بلاد الاسلام | ۲۶۷ | ۳۱۳ |
| بیت المال | " | " |
| (پ) | | |
| پادشاہان یورپ کی جنگ گری اور افواج حقیقی | ۲۶ | ۳۳ |
| پراٹسٹنٹ | ۳۴ | ۴۲ |
| پیچرنگی وزارت | ۱۰۱ | ۱۲۳ |
| پلم پاشا | ۱۲۰ | ۱۴۶ |
| پیرس (پایہ تخت فرانس) | ۵۴۱ | ۱۲۳ |
| پاشا | ۲۸۱ | ۱۵۶ |
| پادشاہان سابق کی بدنظمی اور طوائف الملوکی | ۲۵۴ | |
| پیاسٹر (رومی سکہ) | ۴۰۰ | |
| پارلیمنٹ | ۴۲۵ | ۴۹۵ |
| تختۂ سرسبز و شاداب | ۱ | ۱ |
| تیز گام | ۱ | ۱ |
| تمبو | ۱ | ۱ |
| تصویر خیالی | ۲ | ۲ |

| مضمون | صفحہ اردو | صفحہ انگریزی |
|---|---|---|
| تناسب طول و عرض | ۲ | ۳ |
| تعجب انگیز لعبت | ۵ | ۵ |
| تہذیب اور شائستگی جدید | ۷ | ۹ |
| توفیق پاشا | ۵۱ | ۶۳ |
| تحقیقات سرسری بذریعہ کورٹ مارشل | ۶۷ | ۸۳ |
| تگرینی پاشا | ۱۳۳ | ۱۶۱ |
| (چ) | | |
| چندۂ محبان وطن | ۱۹۲ | ۲۲۹ |
| چیف انجینئر و دیگر عہدہ داران صیغۂ تعمیرات سرکاری | ۲۱۳ | ۲۵۳ |
| حلب ابن الحلیب (الکلب ابن الکلب یعنی سگ پسر سگ عربی گالی ہے) | ۲۴۸ | |
| (ج) | | |
| جزو اعظم | ۶ | ۷ |
| جزیہ | ۲۸ | ۳۵ |
| جزیرہ سائپرس یعنی صنوبر | ۶۳ | ۷۸ |
| جرمنی کا صوبہ شلسوگ ہولسٹن | ۱۰۸ | ۱۳۲ |
| حجان عدالت | ۱۳۴ | ۱۶۱ |

| مضمون | صفحہ اردو | صفحہ انگریزی | مضمون | صفحہ اردو | صفحہ انگریزی |
|---|---|---|---|---|---|
| جبال عرب کی قطار | ۱۴۶ | ۱۷۶ | (خ) | | |
| جزائر یونان | ۲۴۱ | ۲۸۵ | خانہ بدوش قومیں | ۶ | ۷ |
| جدید ڈیکسون یا محصولوں کا بار | ۲۶۵ | ۳۱۱ | خصائل وعادات قدیم | ۱۶ | ۲۱ |
| جنگ قریتہ یا کریمیا | ۲۶۸ | ۳۱۵ | خدیو معزول اسمعیل پاشا | ۲۴ | ۳۱ |
| جھوٹ موٹ کی باقاعدہ سلطنت | ۲۸۵ | ۳۳۲ | خلیفۂ ثانی | ۲۷ | ۳۴ |
| جزیرہ کریٹ | ۳۷۸ | ۴۳۸ | خلیج عقبہ | ۳۹ | ۴۸ |
| جبل سلسلہ | ۴۱۲ | ۴۷۹ | خاکنائے سویز | ״ | ״ |
| جزیرہ نمائے بلقن | ۴۳۲ | ۵۰۴ | خلیفۂ مسلمین (سلطان روم | ۸۰ | ۹۸ |
| (ح) | | | خدیوی سلطنت کا بانی محمد علی | | |
| حسب ونسب | ۱۴ | ۱۸ | پاشا ہوا | ۸۸ | ۱۰۸ |
| حب الوطن | ۱۵ | ۱۹ | خزانۂ خدیوی | ۲۵۳ | |
| حشم وخدم | ۳۰ | ۳۸ | خزانۂ عامرہ خدیویہ | ۲۵۷ | ۳۰۳ |
| حکام سول اور مالکان اراضی | ۸۳ | ۱۰۳ | خزانۂ عامرہ اور جیب خاص | ۲۷۸ | ۳۲۵ |
| حکام مختص المقام | ۹۳ | ۱۱۴ | خدیو معزول (اسمعیل پاشا) | ۲۹۳ | ۳۴۲ |
| حلب | ۱۱۸ | | خواص | ۳۷۵ | ۴۳۵ |
| حرارت مذہبی وحمیت اسلام | ۱۱۹ | | خلیج پلوسیم | ۴۳۷ | ۵۰۹ |
| حضرت سلطان المعظم (سلطان روم) | ۲۵۳ | | (د) | | |
| حکام سول سرکش | ۲۸۷ | ۳۳۳ | دشت لیبیا | ۱ | ۱ |
| حکام صدا ور ٹیکس وصول کرنے والے اہلکار | ۲۹۶ | ۳۳۹ | دوآبہ مصر | ۳ | ۴ |
| حکومت اور انتظام کی عمارت شکستہ | ۳۶۷ | ۴۳۶ | دمیاط | ۶ | ۸ |

| مضمون | صفحہ اردو | صفحہ انگریزی |
|---|---|---|
| دریائے نیل | ۶ | ۸ |
| دیوقلیوس قیصر روم | ۱۱ | ۱۴ |
| دولت عثمانیہ | ۲۶ | ۳۲ |
| دار الندوہ یعنی کمیٹی کا مکان | ۵۸ | ۷۲ |
| درویش پاشا کمشنر اول | ۶۹ | ۸۵ |
| دار الخلافت قسطنطنیہ | ۶۹ | ۸۵ |
| ڈارڈنلز (آبنائے) | ۷۷ | ۹۵ |
| دورویہ نظارت | ۱۳۰ | ۱۸۵ |
| ڈائرکٹران سررشتۂ تعلیم | ۱۳۴ | ۱۶۱ |
| دفتر حسابات سرکاری | ۱۳۴ | ۱۶۱ |
| داب محفل | ۱۶۹ | ۲۰۳ |
| دمتری یونانی مہاجن | ۲۴۰ | ۲۰۴ |
| دائرہ سنیہ | ۲۸۱ | ۳۲۷ |
| دفتر دول خارجیہ | ۳۲۳ | ۳۷۵ |
| (ذ) | | |
| ذرائع آمد و رفت | ۱۳ | ۱۷ |
| ذہابیہ | ۳۷ | ۴۶ |
| ذوات | ۱۷۹ | ۲۱۴ |
| (ر) | | |
| ریگستان مصر | ۱ | ۲ |

| مضمون | صفحہ اردو | صفحہ انگریزی |
|---|---|---|
| ریگستانی منطقہ | ۶ | ۷ |
| رسوط | ۶ | ۸ |
| روشنضمیر کمشنران صفائی | ۷ | ۹ |
| رجسٹر ہائے مال | ۱۸ | ۲۳ |
| رسول عربی | ۳۲ | ۴۰ |
| رومن کیتھولک | ۳۴ | ۴۲ |
| ریاض پاشا | ۵۷ | ۷۱ |
| روس کا محکمۂ دول خارجیہ | ۷۷ | ۹۵ |
| رزیڈنٹ کا دوست زبردست | ۲۹۹ | ۳۴۸ |
| روشن دماغ عالم علم دوست | ۳۵۲ | ۴۰۸ |
| (ز) | | |
| زقازق | ۱۹ | ۲۴ |
| زارنکولاس | ۷۷ | ۹۵ |
| زمانۂ جاہلیت (زمانۂ کفر باصطلاح اہل اسلام) | ۱۹۰ | ۲۲۷ |
| (س) | | |
| سلام علیک | ۲ | ۲ |
| سودان | ۳ | ۴ |
| سلطنت رومۃ الکبریٰ | ۲۷ | ۳۴ |
| سام ابن نوح کی اولاد | ۳۲ | ۴۰ |

| مضمون | صفحہ اردو | صفحہ انگریزی | مضمون | صفحہ اردو | صفحہ انگریزی |
|---|---|---|---|---|---|
| سقیفہ | ۳۷ | ۴۶ | سرکاری قرضہ | ۲۹۷ | ۳۴۷ |
| سرکاشئین | ۳۹ | ۴۸ | سرمایہ مستقل | ۳۰۲ | ۳۵۲ |
| سوا قیم | ؍؍ | ؍؍ | سفیران یورپ کی کانفرنس | ۳۳۱ | ۳۸۵ |
| سعید پاشا | ۴۸ | ۵۶ | سلطنت جمہوری کے لوازم | ۳۴۶ | ۴۰۲ |
| سول سروس | ۵۵ | ۶۶ | سوشل ازم | ۳۴۷ | ۴۰۳ |
| سر آکلینڈ کالون صاحب | ۶۰ | ۷۵ | سر ایولن وڈ | ۳۷۰ | ۴۴۹ |
| سر ولیم گریگری | ۶۵ | ۸۱ | سرمایہ اداے قرضہ | ۴۱۹ | ۴۸۸ |
| سر ایڈورڈ مالٹ صاحب | | | (ش) | | |
| سفیر انگریزی | ۶۶ | ۸۲ | شعاع | ۱ | ۲ |
| سلطان عبدالحمید کی مخصوصیا | | | شیخ الشیوخ | ۱۸ | ۲۳ |
| حکمت عملی کا عجب کرشمہ | ۶۹ | ۸۵ | شہر بوباستس | ۱۹ | ۲۴ |
| سرداران گروہ قومی | ۷۰ | ۸۷ | شہر برنیس | ۴۰ | ۵۰ |
| سر ولیم ہیلٹن سیمور سفیر انگریزی | ۷۷ | ۹۵ | شہر تھیبس | ۴۱ | ۵۱ |
| سفیران یورپ کی جنگ زرگری | ۹۴ | ۱۱۵ | شریف پاشا | ۶۰ | ۷۵ |
| سید صحیح النسب | ۹۶ | ۱۱۷ | شریف مکہ | ۶۳ | ۹۰ |
| سوقی عربی | ۱۱۸ | | شاہزادہ مبارک مدار المہام | | |
| سب گورنران یعنی نائبان نظّام | ۱۳۴ | ۱۶۱ | سلطنت جرمنی | ۷۵ | ۹۳ |
| سلطنت شخصی مطلق العنان | ۱۴۰ | ۱۶۹ | شیوخ البلد یعنی مقدمان دیہہ | ۱۰۳ | ۲۱۹ |
| سیلابی طریقہ آبپاشی | ۲۰۳ | ۲۴۳ | شعلہ ہاے جبال آتش فشان | ۱۹۷ | ۲۳۶ |
| سادہ لوح اور کندہ ناتراش کسان | ۲۵۵ | ۳۰۱ | شدوف | ۳۰۴ | ۳۴۳ |

| مضمون | صفحہ اردو | صفحہ انگریزی | مضمون | صفحہ اردو | صفحہ انگریزی |
|---|---|---|---|---|---|
| شاداب کرنے والا مادہ | ۲۱۰ | ۲۴۹ | طل الکبیر | ۱۵ | ۲۰ |
| شعلہ جوالہ | ۲۱۹ | ۲۶۱ | طنطہ | ۱۹ | ۲۵ |
| شاہزادہ مصطفےٰ فاضل | ۲۷۷ | ۳۲۴ | طرز معاشرت اور آداب اخلاق | ۲۰ | ۲۶ |
| شیخ الاسلام | ۲۸۶ | ۳۳۳ | (ع) | | |
| (ص) | | | عرب صحرا نشین | ۱ | ۱ |
| صحرائے بے آب و گیاہ | ۳ | ۳ | عالیشان بندرگاہ | ۷ | ۹ |
| صوبجات خط استوائی | ۳ | ۴ | عثمان صبر | ۱۰ | ۱۳ |
| صوبہ فلینڈرس | ۶ | ۸ | علامہ مقرظی | ۱۱ | ۱۴ |
| صوبہ باری ٹینیا | ۳۰ | ۳۸ | عربی پاشا | ۱۴ | ۱۸ |
| صوبہ ٹیونس | ۶۳ | ۷۸ | عہد فراعنہ مصر کے عجائب | | |
| صوبہ مراقش | ۷۳ | ۹۰ | و غرائب۔ | ۱۹ | ۲۵ |
| صلحنامہ سین اسٹیفینو | ۷۶ | ۹۴ | علاقجات خاندانی | ۲۵ | ۳۱ |
| صیغہ پیمائش | ۱۱ | | عربی الاصل | ۴۷ | ۵۵ |
| صراف | | ۲۱۶ | عباس پاشا | ۴۸ | ۵۶ |
| صیغہ تعمیرات سرکاری | ۲۰۷ | ۲۴۶ | علی فہمی | ۵۳ | ۶۶ |
| صحیح رائے جمہور اور آزاد اخبارات | ۳۹۷ | ۴۶۰ | عثمان رفقی | // | // |
| (ض) | | | علم فقہ و حدیث | ۵۴ | ۶۷ |
| ضلع لنکا شائر | ۲۷۱ | ۳۱۱ | علی نظامی اور علی فواد | | |
| ط | | | کمشنران سلطانی | ۶۴ | ۷۹ |
| طغیانی دریا | ۳ | ۳ | عربی مالک الملک بنگیا | ۹۵ | ۱۱۷ |

| مضمون | صفحہ اردو | صفحہ انگریزی |
|---|---|---|
| عالم تبحر | ۹۶ | ۱۳۳ |
| علاقجات خالصہ | ۱۰۴ | ۱۲۸ |
| عمر لطفی پاشا وزیر صیغۂ جنگ | ۱۲۹ | ۱۵۶ |
| عجائب نگار افسانہ نویس | ۱۴۷ | ۱۷۶ |
| عمدہ (رئیس دیہ) | ۱۶۶ | ۱۹۹ |
| علی بے | ۱۷۶ | ۲۱۱ |
| عمدگان مصر تعلقداروں کے لفظ سے تعبیر ہو سکتے ہیں | ۱۷۶ | ۲۱۱ |
| عامۂ خلائق | ۱۷۸ | ۲۱۳ |
| عبد و نابینا فقیر | ۱۹۲ | ۲۲۹ |
| علم الالسنہ | ۲۱۴ | ۲۵۴ |
| عمر لوح و خضر | ۲۱۶ | ۲۵۶ |
| عزرائیل کے پیادے | ۲۱۹ | ۲۶۱ |
| عثمان (عبد و فقیر کا پروسی) | ۲۲۸ | |
| عظیم الشان مرفیع البیان | | |
| عمارتیں (اہرام مصریہ) | ۲۶۰ | ۳۰۷ |
| علاقجات خاندانی | ۲۸۱ | ۳۲۷ |
| عالیشان خدیوی محلات | ۲۹۲ | ۳۳۰ |
| علم دولت کے اصول | ۳۵۰ | ۴۰۶ |
| عوام کالانعام | ۳۰۳ | ۴۳۲ |

| مضمون | صفحہ اردو | صفحہ انگریزی |
|---|---|---|
| (غ) | | |
| غلبۂ صفراویت | ۷ | ۹ |
| غزوات صلیبی | ۱۱ | ۱۴ |
| غیر متغیر قوانین قدرت | ۲۶ | ۳۳ |
| غرغہ | ۳۸ | ۴۷ |
| غیر ممکن العمل تجویز | ۷۶ | ۹۳ |
| غیر تنخواہ یافتہ شیوخ البلد و مقدمان دیہ | ۱۱۴ | |
| غفیر (چوکیدار) | ۱۸۱ | ۲۱۶ |
| (ف) | | |
| فیوم | ۱ | ۱ |
| فصل برشکال | ۳ | ۳ |
| فلاحین | ۶ | ۷ |
| فوج محافظ قلعہ | ۱۴ | ۱۹ |
| فتاوائے تکفیر | ۷۳ | ۹۰ |
| فصیح البیان حامی رعایا (عربی پاشا) | ۸۳ | ۱۰۳ |
| فوجی حکومت مطلق العنان | ۸۸ | ۱۰۹ |
| فراعنہ مصر | ۲۰۰ | ۲۳۹ |
| فاطمہ (عثمان کی معشوقہ) | ۲۲۹ | |

| مضمون | صفحہ اردو | صفحہ انگریزی | | صفحہ اردو | صفحہ انگریزی |
|---|---|---|---|---|---|
| فتح بری | ۲۴۷ | | قرابت نسبی یا قرابت نسبتی | ۲۶ | ۳۲ |
| فتح مبین زبردستی بھرتی | | | قسطنطنیہ | ۲۶ | ۳۴ |
| کرنے کا قاعدہ۔ | ۲۵۴ | ۳۰۰ | قانون اسلام کے اصول مسلمہ | ۲۸ | ۳۵ |
| فقہ اسلام کے اصول اولیہ | ۲۶۶ | ۳۱۲ | قومی تحریک | ۳۱ | ۳۹ |
| فاتحین اسلام | ۲۶۷ | ۳۱۳ | قنہ | ۳۸ | ۴۷ |
| فن فنون سازی کے | | | قصیر | ۳۹ | ۴۸ |
| پوشیدہ اصول | ۲۸۴ | ۳۳۱ | قدرتی اسباب معیشت | ۳۹ | ۴۸ |
| فریسی (یہود کا ایک فرقہ) | ۳۲۰ | ۳۷۱ | قبائل صحرانشین | ۴۴ | ۵۳ |
| فیض بخش و فیض رسان اے عوام | ۳۶۶ | ۴۲۴ | قومی فریق | ۴۵ | ۵۵ |
| فلاحین کے قومی خصائل و عادات | ۳۷۴ | ۴۳۳ | قصر قارون | ۴۵ | ۵۵ |
| فوجی خدمت | ۳۷۶ | ۴۳۶ | قدیم خاندان ملوک | ۵۵ | ۶۹ |
| فصل استادہ | ۴۰۲ | ۴۶۷ | قصر النیل | ۵۷ | ۷۱ |
| فرقۂ باغیہ | ؍؍ | ؍؍ | قومی مجلس شوریٰ | ۶۱ | ۷۶ |
| فریق مخالف | ۴۲۸ | ۴۹۸ | قانون ادائے قرضہ | ۶۲ | ۷۷ |
| (ق) | | | قرضۂ جبریہ جو مقابلہ کے نام | | |
| قاتر | ۱ | ۱ | سے مشہور ہے۔ | ۶۲ | ۷۷ |
| قفر الدوار | ۸ | ۱۰ | قبائل بدوی | ۸۹ | ۱۰۹ |
| قبطی خانقاہ | ۱۰ | ۱۱ | قرضۂ متحدہ | ۱۰۶ | ۱۳۰ |
| قیامت کبریٰ | ۱۰ | ۱۱ | قرضۂ مجتمع | ۱۰۶ | ۱۳۰ |
| قلیوب | ۲۴ | ۳۰ | قدیم مشرقی روایات | ۱۳۳ | ۱۶۱ |

| مضمون | صفحہ اردو | صفحہ انگریزی | مضمون | صفحہ اردو | صفحہ انگریزی |
|---|---|---|---|---|---|
| قوم السنیتین | ۱۳۶ | ۱۶۴ | کلام محبت الیتام | ۱۵ | ۱۹ |
| قسطنطنیہ کے ارباب سیاست | ۱۳۶ | ۱۶۴ | کتب سماویہ | ۱۹ | ۲۴ |
| قرباش یعنے کوڑا | ۱۳۷ | ۱۶۵ | کلیسائے یونان | ۲۷ | ۳۴ |
| قضاۃ کی تحریف و تخریب | ۱۳۸ | ۱۶۶ | کوک صاحب | ۳۷ | ۴۶ |
| قانون طبعی | ۱۶۹ | ۲۰۳ | کوہ سینا | ۴۴ | ۵۵ |
| قومی انجمن | ۱۷۳ | ۲۰۷ | کانفرنس یعنی مجلس شورے | ۷۱ | ۸۷ |
| قلب ماہیت یا تبدیل ماہیت کا کام | ۲۷۱ | ۳۱۱ | کفر و زندقہ کا الزام | ۸۰ | ۹۴ |
| قومی کمیشن | ۳۳۲ | ۳۸۶ | کمیشن ادائے قرضہ | ۹۲ | ۱۱۳ |
| قدرتی اسباب معیشت | ۳۵۳ | | کونسل وزراء | ۱۲۹ | ۱۵۶ |
| قمبوص کا میدان | ۴۱۲ | ۴۷۹ | کاشتکار پیشہ فلاحین | ۱۶۶ | ۱۹۹ |
| قوانین غلہ | ۴۱۴ | ۴۸۱ | کوپرنکس منجم جرمنی | ۱۷۱ | ۲۰۶ |
| قرضۂ متحدہ | ۴۲۰ | ۴۸۹ | کفر آمیز اختراعات | ۱۹۶ | ۲۳۴ |
| قرضۂ رعایتی | ۴۲۰ | ۴۸۹ | کرنیل عبداللہ بے | ۲۲۱ | ۲۶۴ |
| قفر سلیمان | ۲۱۴ | ۲۵۴ | کینیوٹ پادشاہ انگلستان | ۲۸۳ | ۳۳۹ |
| قدرتی اسباب معیشت | ۲۵۴ | | کمیشن منتظم دائرہ سنیہ و | | |
| (ک) | | | علاقجات خاندانی | ۲۹۷ | ۳۴۶ |
| کالنقش فی الحجر | ۲ | ۳ | کانشنس یعنی وہ قوت مدرکہ | | |
| کشف و کرامات | ۱۰ | ۱۱ | جو حق و باطل میں تمیز کرتی ہے | ۳۱۱ | ۳۶۲ |
| کبیر السن شیخ | ۱۱ | ۱۴ | کرنیل سیوس | ۳۷۶ | ۴۳۶ |
| کرنیل عبدالعلی | ۱۴ | ۱۹ | کرنیل الکریف | ۴۱۳ | ۴۸۰ |

| مضمون | صفحہ اردو | صفحہ انگریزی |
|---|---|---|
| کونسل واضع قوانین | ۴۲۴ | ۴۹۴ |
| کمپنی یونیورسل (کمپنی مہتمم نہر سویز) | ۴۴۴ | ۵۱۸ |
| (گ) | | |
| گورنمنٹ مصر | ۶ | ۷ |
| گھنگھور گھٹا | ۱۰ | ۱۱ |
| گارڈ و انجن ڈرایور اور اسٹیشن ماسٹر | ۲۲ | ۲۸ |
| گورنمنٹ انگلشیہ | ۷۹ | ۹۷ |
| گورنران یعنی نظام و عمال | ۱۳۴ | ۱۶۱ |
| گورنمنٹ کے لوازم ضروریہ | ۳۶۹ | ۴۲۷ |
| (ل) | | |
| لمبی سی پٹی قابل الزراعت زمین کی | ۳ | ۴ |
| لارڈ ڈفرن سفیر انگلستان متعینۂ مصر | ۷۱ | ۸۸ |
| لارڈ گرانول وزیر صیغۂ دول خارجیۂ انگلستان | ۷۳ | ۹۱ |
| لارڈ ڈربی وزیر صیغۂ دول خارجیہ انگلستان | ۹۸ | ۱۲۰ |
| لنڈن اور پیرس کے وزرا | ۱۰۰ | ۱۲۲ |

| مضمون | صفحہ اردو | صفحہ انگریزی |
|---|---|---|
| لبنان (پہاڑ) | ۱۱۸ | |
| لشکر اسلام | ۲۴۷ | |
| لارڈ پامرسٹن صاحب (سابق وزیر اعظم انگلستان) | ۲۶۲ | ۳۰۹ |
| لنڈن کا صرافہ | ۲۷۰ | ۳۱۷ |
| لوکل سلف گورنمنٹ | ۳۴۸ | ۴۰۴ |
| (م) | | |
| معاذ اللہ | ۱ | ۲ |
| مضحک صورت | // | // |
| مضحک کرشمہ قدرت خدا کا | ۲ | ۳ |
| مصر خاص | ۳ | ۴ |
| مجہول الحقیقۃ | // | // |
| مصائب و صعوبات سفر | // | // |
| مصر کے آثار قدیم | ۵ | ۵ |
| مال تجارت ساختۂ مصر و ممالک غیر | ۷ | ۸ |
| مغربی معیار فضیلت | ۱۱ | ۱۴ |
| مقدمان دیہ | ۱۳ | ۱۸ |
| محفوس | ۲۱ | ۲۷ |
| محمد علی پاشا | ۲۱ | ۲۷ |
| مصر کا قومی قرضہ | ۲۴ | ۳۰ |

| مضمون | صفحہ اردو | صفحہ انگریزی | مضمون | صفحہ اردو | صفحہ انگریزی |
|---|---|---|---|---|---|
| مروشیہ فرقہ کے لوگ | ۲۶ | ۳۲ | نقاش | ۹۴ | ۱۱۵ |
| مالکی اور یتدفی مساوات | ۲۶ | ۳۳ | معلم الملکوت | ۹۶ | ۱۱۸ |
| مسلمان محبان وطن | ۳۱ | ۳۹ | مصر کی حکومت کی کل بے کل ہوگئی تھی | ۹۷ | ۱۱۸ |
| معبد قزناق | ۴۱ | ۵۱ | | | |
| مصطفےٰ آغا نائب سفیر انگریزی | ۴۲ | ۵۱ | مسٹر گوشین و مسٹر جوبرٹ | | |
| معبد عذقو | ۴۳ | ۵۲ | قائم مقام تنخواہان مصر | ۹۸ | ۱۱۹ |
| معبد دندرہ | ؍؍ | ؍؍ | مصر مین بیگار کام کی بدعت | ۱۰۴ | ۱۲۷ |
| ملک بلجیم | ۴۴ | ۵۳ | مصری سرمایہ | ۱۰۶ | ۱۲۹ |
| مملوک ایک گروہ باشندگان | | | ٹورنہ | ۱۲۱ | ۱۴۷ |
| صوبہ سرکاشیا کا تھا | ۴۶ | ۵۴ | منتظمان صیغۂ عدالت | ۱۳۴ | ۱۶۱ |
| مملوکون کی بدنظمی کا نعم البدل | ۴۷ | ۵۵ | منتظمان امور مالی | ۱۳۴ | ۱۶۱ |
| مشرقی ارباب سیاست | ۵۱ | ۶۴ | منتظمان تعمیرات سرکاری | ؍؍ | ؍؍ |
| مجلس رائے مجتہدین | ۵۳ | ۶۶ | مستقل کمیشن | ۱۳۴ | ۱۶ |
| محمد سمیع پاشا | ۵۳ | ۶۷ | مصر کا مسئلہ | ۱۴۴ | ۱۷۳ |
| مہتمم اوقاف مذہبی خیرات خانہ وغیرہ | ۵۸ | ۷۲ | ملٹن (ملک الشعرائے انگلستان) | ۱۷۰ | ۲۰۵ |
| مسٹر ولفرڈ بلنٹ | ۶۵ | ۸۱ | مقنن عبرانی (حضرت موسےؑ) | ۱۸۶ | ۲۲۲ |
| مجلس صناوید | ۶۶ | ۸۲ | مالکان مخروج | ۱۹۰ | ۲۲۷ |
| مملکت سنجارا | ۷۳ | ۹۰ | مصر کا انتظام مذہبی | ۱۹۳ | ۲۲۹ |
| مشرقی مضمون پردازون کا ہجوم | | | محققین عمارات قدیم | ۲۰۲ | ۲۴۱ |
| سلطان روم کے دربار مین | ۸۰ | ۹۸ | معدن آیات قدیم تجربہ ہائے گوناگون | ۲۱۸ | ۲۵۹ |

| مضمون | صفحہ اردو | صفحہ انگریزی | مضمون | صفحہ اردو | صفحہ انگریزی |
|---|---|---|---|---|---|
| آثار قدیمہ | ۲۱۹ | ۲۶۰ | ممالک روم و [illegible] سوئزرلینڈ | ۳۷۰ | ۴۲۹ |
| ملک حجاز اور سوریا اور شام | ۲۲۵ | | مختلف القوم عدالتین | ۳۷۲ | ۴۳۱ |
| معاہدہ [illegible] | ۲۳۲ | | مدیریہ (مدیر کی کچہری) | ۳۷۵ | ۴۳۵ |
| مستشار القول اشخاص | ۲۶۴ | ۳۱۰ | مترجم تحصیل | ۳۷۷ | ۴۳۷ |
| مجلس نائبان سلطنت | ۲۸۵ | ۳۳۲ | مسائل متعلقہ اسباب [illegible] | ۴۰۱ | ۴۶۵ |
| مسٹر ریورس ولسن | ۲۸۷ | ۳۳۴ | مسٹر [illegible] اضلاع جنوبی اور اضلاع متوسطہ | ۴۰۹ | ۴۷۶ |
| مستعفیان دائرہ و حلاقجات | ۳۰۴ | ۳۵۴ | مصر شمالی | " | " |
| مشرقی ماہران مال | ۳۱۷ | ۳۶۲ | مسٹر گبسن | ۴۱۴ | ۴۸۱ |
| مقدمہ [illegible] | ۳۱۹ | ۳۷۱ | مستمان ادائے قرضہ | ۴۲۳ | ۴۹۳ |
| مسٹر گلیڈسٹن | ۳۲۳ | ۳۷۵ | ملک طائف | ۴۲۸ | ۴۹۸ |
| مشرقی [illegible] | ۳۳۲ | ۳۸۶ | مشرقی مسئلہ | ۴۳۲ | ۵۰۴ |
| ملکی کمیشن | ۳۴۴ | ۳۹۹ | مسٹر ایڈورڈ ڈایسی | ۴۴۲ | ۵۱۶ |
| مطالبات افغان اور [illegible] کشمیر | | | (ن) | | |
| [illegible] | ۳۴۷ | ۴۰۳ | نغمۂ بے لذت | ۲ | ۲ |
| [illegible] بین | | | نعمت عظمیٰ | ۶ | ۷ |
| انقلاب انگریزی | ۳۴۸ | ۴۰۴ | نہر محمودیہ | ۶ | ۸ |
| مسٹر [illegible] ارضی کمیشنان | ۳۵۰ | ۴۰۶ | نہر سوئز | ۸ | ۱۰ |
| مصری رعایا کو ملکی اختیارات [illegible] | ۳۶۰ | ۴۱۶ | نمک پر ٹیکس | ۱۲ | ۱۵ |
| مسٹر [illegible] | ۳۶۶ | ۴۲۵ | نظام و عمال | ۱۸ | ۲۴ |
| مسٹر بارک [illegible] | " | " | نپولین شہنشاہ فرانس | ۲۱ | ۲۸ |

| مضمون | صفحہ اردو | صفحہ انگریزی | مضمون | صفحہ اردو | صفحہ انگریزی |
|---|---|---|---|---|---|
| نیوبیتہ | ۴۴ | ۵۳ | ویانا (پایۂ تخت آسٹریا) | ۳۲۲ | ۳۷۴ |
| نظارہ انگریزی و فرانسیسی | ۶۰ | ۷۴ | ووٹ (رائے) | ۳۴۲ | ۳۹۷ |
| نقشۂ اصلاحات ملکی | ۶۱ | ۷۶ | وسط افریقہ | ۳۵۲ | ۴۱۳ |
| نظارت انگریزی و فرانسیسی متعینہ مصر | ۱۰۰ | ۱۲۱ | وہ مریض (دولت عثمانیہ) | ۴۳۲ | ۵۰۴ |
| نیوبر پاشا | ,, | ۱۲۲ | وہ قانون جو ایک قوم کو دوسری | | |
| ناظر قسم | ۱۲۱ | ۱۴۷ | قوم کی نسبت برتنا چاہیے | ۴۴۶ | ۵۲۰ |
| نخل خرما | ۱۴۵ | ۱۷۴ | (ہ) | | |
| نجوم بطلیموسی | ۱۷۱ | ۲۰۶ | ہر مہینہ کا اوسط اعتدال فصل | ۱۹۷ | ۲۳۶ |
| نہر سویز کی مہتمم کمپنی | ۲۲۳ | ۳۰۹ | ہادی قوم (عربی پاشا) | ۴۰۲ | ۴۶۷ |
| (و) | | | (ی) | | |
| وادی نیل | ۲۴ | ۳۱ | یورپ کا فلسفۂ سیاست اور | | |
| ویران گریمیر | ۳۷ | ۴۵ | باقاعدہ حکومت | ۶۴ | ۷۵ |
| وادی دریائے برون | ۳۹ | ۴۸ | یورپ کی مشرقی سلطنتیں | ۶۴ | ۸۰ |
| وسط افریقہ کی بردہ فروشی | ۴۱ | ۵۰ | یورپ کی جوڈیشیل کارروائی | ۸۹ | ۱۰۶ |
| وزرا کی کونسل کا پریسیڈنٹ | | | یورپ کی رائے عام | ۹۲ | ۱۱۳ |
| یعنی میر مجلس | ۵۴ | ۶۷ | یورپ کے قواعد عدل و انصاف | ۹۵ | ۱۱۶ |
| وزیر جدید صیغۂ جنگ | ۵۸ | ۷۲ | یعقوب ارتن بے | ۱۳۳ | ۱۶۱ |
| وہ پیر کہن سال (رو دیل) | ۱۰۵ | ۱۲۷ | یکدم زکیو سنک | ۳۳۰ | ۳۸۳ |
| واصف پاشا | ۱۳۳ | ۱۶۱ | یورپ کے مدبران عہد فطین | ۳۶۸ | ۴۲۷ |
| ولیمہ (شادی کی ضیافت) | ۱۶۷ | ۲۰۰ | یورپی بنک | ۴۰۸ | ۴۷۴ |